میں یہ فیصلہ بہت مجبوری میں کر رہا ہوں۔ میرا مزاج ایسا نہیں لیکن ثبوت اور گواہوں کے بعد میرے پاس کسی قسم کی گنجائش نہیں رہی۔ میں سوچ بھی نہیں سکتا کہ ایک عالم، ختم نبوت کا کام کرنے والا اور حضرت مولانا مفتی محمد حسن دامت برکاتہم العالیہ جیسے بزرگ کا مرید ہو کر ایسی حرکتیں کرے گا۔ میں خود بھی ان تمام لوگوں سے شرمندہ ہوں، جن کو محمد عرفان کی وجہ سے نقصان ہوا اور وہ میرے کہنے پر ہی ان کے پاس گئے تھے۔ ساتھ ہی محمد عرفان کے لیے دعا گو ہوں کہ اللہ ﷻ اُس کو ھدایت عطا فرمائیں اور کم از کم اس بات کی لاج رکھنے کی توفیق دیں کہ وہ ایک "**عالم**" ہے۔

خالد مقبول حفظہ اللہ

۳ ربیع الثانی ۱۴۳۸ھ

روحانی درسگاہ سے رابطہ کرنے والوں سے گذارش

روحانی درسگاہ سے تمام فیض پانے والوں اور عملیات سیکھنے والوں سے گذارش ہے کہ انہوں نے جن جن اعمال کی اجازت درسگاہ سے حاصل کی ہے، اگر ان پر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کے دستخط نہیں، اگر کسی عمل کی کاپی حافظ محمد عرفان یا درسگاہ سے لی ہے اور اس کاپی پر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کا نام اور ادارے کا نام نہیں تو وہ لوگ ان اعمال یا کاپیوں کو ادارے کو ارسال فرمائیں اور اصل عمل/کاپی معہ دستخط حاصل کریں۔

سابق ناظم درسگاہ نے اپنے عہدے پر رہتے ہوئے لوگوں سے فیس وصول کر کے اپنے نام کی کاپیاں جاری کیں۔ جو پہلے سے شاگرد تھے، ان سے اصل کاپیاں لے کر اپنی کاپیاں دیں۔ ایسے لوگ خصوصاً فوری طور پر ادارے سے رابطہ فرمائیں تاکہ ان کی شکایات کا ازالہ کیا جا سکے۔

نوٹ: مولانا عرفان کے متعلق مزید تفصیلات مارچ 2017 کے شمارے میں ملاحظہ فرمائیں۔

(انتظامیہ دارالعمل چشتیہ، لاہور) **0343-7772772**

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی،
معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ
جو ہر سال "دعا نمبر" شائع کرتا ہے

ماہنامہ

لاہور

خزینۂ روحانیات

جلد 7 جمادی الاولیٰ ۱۴۳۸ھ..... فروری 2017ء شمارہ 10

مدیر اعلیٰ: خالد مقبول عارف حفظ اللہ

مدیر: مولانا حافظ علی آفاق صاحب

معاون مدیر: مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

مجلس مشاورت

- غلام سرور شباب صاحب (حویلی لکھا)
- ابوانس صاحب (لاہور)
- مولانا قاری ابوبکر صاحب (اسلام آباد)
- محمد علیم صاحب (لاہور)
- محمد صالح صاحب (مظفر آباد)
- مولانا قاری ممتاز صاحب (لاہور)

سرکولیشن، اشتہارات وشکایات: 0322-4773786

خط وکتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔54570

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

بیرون ملک: +92-322-7772772

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Blog: khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
Facebook: facebook.com/khazinaeruhaniyat
Facebook: facebook.com/khazina.ruhaniyaat
Twitter: twitter.com/khazinaruhanyat
Email: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

قیمت 50 روپے

سالانہ ممبرشپ عام ڈاک 650 روپے

سالانہ ممبرشپ رجسٹرڈ ڈاک 1000 روپے

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1 منی آرڈر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

2 شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی: easypaisa Oauth (موبی لنک)۔ ایزی پیسہ (ٹیلی نار)۔ ٹائم پے (زونگ)۔ اومنی (یو بی ایل)۔ موبائل پیسہ (وارد)۔ HBL ایکسپریس کے ذریعہ 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں اور 0307-5525103 پر کوڈ sms کریں۔

3 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔

ٹیلی نار 03437772772..... یو بی ایل اومنی 03437772772

easypaisa Oauth 03028401977..... یو پیسہ 33343082867

4 بینک ڈپازٹ: میزان بینک میں بنام خالد مقبول رقم جمع کروائیں۔ برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0100377637

نوٹ رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد بذریعہ SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ تمام مالی معاملات میں صرف یہ موبائل نمبر استعمال کریں: 0322-4773786

ادائیگی کی تفصیلات کیلئے: darulamal.org/payment

خالد مقبول صاحب پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر ادارہ دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین.....فروری ۲۰۱۷ء.....جمادی الاول ۱۴۳۸ھ

اداریہ (مولانا علی آفاق)	5
شیخ ابوالعباس احمد الرفاعی رحمہ اللہ	6
تصوف کی تعلیم کا خلاصہ اور تصوف کی مشہور اصطلاحات	8
اللہ تعالیٰ کے حکم اور رضا میں کیا فرق ہے؟ (مفتی نورالحق)	11
"یا مالک الملک" کے خواص اور اثرات (حضرت مولانا انظر شاہؒ)	12
سورۂ اعراف کے اعمال (حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہ)	13
حافظ الحدیث والقرآن حضرت مولانا عبداللہ درخواستی نور اللہ مرقدہٗ کے اعمال (مرتب: مولانا علی آفاق صاحب)	15
عام اجازت والے اعمال (مرتب: محمد علیم صاحب)	16
درود شریف (حکیم صوفی عبدالرؤف نظامی، اوکاڑہ)	17
جسمانی بیماریوں کا طبی و روحانی علاج (ڈاکٹر سید مظاہر اشرفؒ)	18
دنیا کی ہر خیر کو حاصل کرنے اور ہر شر سے محفوظ رہنے والی ایک خاص قرآنی دعا (پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی)	19
جادو سے نجات کے اعمال (مولانا علی آفاق)	21
جادو اور جنات سے متاثرہ مریضوں کے لیے اعمال	22
کرامات جفر..... "تسخیر خلائق و تسخیر ہمزاد کے خاص اعمال"	23
عمل احضار روحانی (حضرت سید پیر محبوب علی شاہؒ)	24
عمل سری سندونی (حضرت سید پیر محبوب علی شاہؒ)	24
حاضرات کی دنیا کا ایک باب (قیصر احمد بی۔اے، کراچی)	25
آپ کے روحانی مسائل اور ان کا حل (خالد مقبول حفظہ اللہ)	26
رحمکاریہ جفر چاند گرہن سورج گرہن (سید شعیب الرحمٰن شاہ)	30
نظرِ بد کے دو مجرب علاج (پیرزادہ سید محمد عثمان نوری)	31
اعمال گرہن (مولانا محمد رمضان احمد خان قادری)	32
اپنی روحانیت کو ضائع نہ کریں (مولانا سلیم اللہ ظفر)	33
فروری ۲۰۱۷ء کے خاص اوقات (ادارہ)	35
اللہ ﷻ کی خاص حفاظت میں آنے کا عمل (خالد مقبول)	36
زبان بندی اور دشمنوں میں جدائی کے دو خاص اعمال (خالد مقبول)	37
لوح تکمیل حاجات (مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر)	38
لوح خاص برائے دفع مشکلات (مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر)	39
چاند گرہن اور سورج گرہن کے اعمال (قیصر احمد، کراچی)	41
نظرِ بد دور کرنے کا مسنون وظیفہ (مولانا محمد عمر پالن پوریؒ)	42
مجرب تعویذات و عملیات (حضرت مولانا احمد علی پنجگوریؒ)	43
عمل حب و بغض۔ سورۂ فیل با موکل (عبداللطیف دامانی)	44
چاند و سورج گرہن، زکوٰۃ حروف تہجی (عزیز الرحمن، حیدرآباد)	47
مجربات ڈاکٹر سید محمد مظاہر اشرف الاشرفی الجیلانی رحمہ اللہ	50
محبت اور صلح کرانے کا خاص عمل (محمد عمران اعظم صاحب)	51
روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ (مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر)	52
اعتدال پسند بنیں (انتخاب: مولانا علی آفاق)	52
سیّد گھرانا (انتخاب: شیخ محمد الیاس رحمانی شاذلی)	53
کیا دوسری شادی سے پہلی بیوی کا گھر اجڑتا ہے؟ (عبدالوحاب)	55
روحانی نور اور ہماری زندگی (انتخاب: ساحر بھٹی)	57
بلدی معمولی چیز نہیں اس سے فائدہ اٹھایئے (حکیم سلیم اللہ ظفر)	58
قلت خون کیا ہے؟ اس کے اسباب کون سے ہیں؟ (حکیم محمد اویس)	59
آپ کے سوالات..... مطب العارف کے جوابات	60

روحانی درسگاہ سے رابطہ کیجئے

ناظم: 0346-4661681 (صبح 10 تا 5 علاوہ جمعہ)

فون: 042-35410586 0320-4661681

خط و کتابت: روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ ruhanidarsgah@gmail.com

حمد باری تعالیٰ

حمد و ثناء کے لائق ہے عظیم ذات تیری
تو رحیم بے کراں ہے، ہے کریم ذات تیری
ہے ترا نہ کوئی ساجھی، تو ہے پاک ہمسری سے
وہے ہر صفت میں یکتا، ہے بلند ذات تیری
تو ہی خالقِ جہاں ہے، نہ ترا کوئی معاون
نہ ہی ابتداء ہے تیری، نہ ہی انتہاء ہے تیری
تو کہیں نہیں ہے لیکن تو ہی ہر جگہ ہے حاضر
ہے نہ محتاج عرش و کرسی، ہے قدیم ذات تیری
تری قدرتوں کی وسعت کوئی پا سکے گا کیسے؟
ہے حدود و انتہاء سے مبرأ صفات تیری
تیری ہر صفت انوکھی، تری شان بے نیازی
ہیں عیوب جو بھی ان سے، ہے منزہ ذات تیری
تو ہی خلق کا ہے رازق، مختارِ کُل تو ہی ہے
ہیں ترے ہی سب گداگر، داتا ہے ذات تیری
اپنی رضا سے یارب! کشکول میرا بھر دے
عفو و کرم سے تیرے بنتی ہے بات میری
عارفؔ نے خوب عصیاں کئے ہیں قدم قدم پر
لیکن رہی ہے غالب رحمت خدایا تیری

مفتی محمد عارف ہاشمی

کونین میں یوں جلوہ نما کوئی نہیں ہے

کونین میں یوں جلوہ نما کوئی نہیں ہے
اللہ کے بعد اُنؐ سے بڑا کوئی نہیں ہے
مانگو تو ذرا اُنؐ کے توسط سے کبھی کچھ
مقبول نہ ہو ایسی دُعا کوئی نہیں ہے
کام آئی سرِ حشر، محمد ﷺ کی شفاعت
سب کہتے ہیں جا تیری خطا کوئی نہیں ہے
ہر چند نبی عیسیٰؑ و موسیٰؑ بھی ہیں، لیکن
محبوبِ خدا، اُنؐ کے سوا کوئی نہیں ہے
اللہ نے سو حُسن دیے نوعِ بشر کو
یوں نور کے سانچے میں ڈھلا کوئی نہیں ہے
دل اُنؐ کا ہے، اس دل میں وہیؐ جلوہ فگن ہیں
اب اُنؐ کے علاوہ بخدا کوئی نہیں ہے
اُمت میں ہوں اُنؐ کی جو ہیں رحمتِ عالم
کیوں حشر کا ڈر ہو، میرا کیا کوئی نہیں ہے؟
اس دور پہ اے ختمِ رسلؐ چشمِ کرم ہو
راہزن ہیں بہت، راہنما کوئی نہیں ہے
پڑھتے رہو دن رات نصیرؔ اُنؐ کا وظیفہ
ایسا عملِ ردِّ بلا کوئی نہیں ہے

(سید نصیر الدین نصیرؔ)

انتباہ!

ماہنامہ خزینۂ روحانیات میں شائع ہونے والی ہر تحریر، ہمارے ادارے کے ہر اشتہار کے الفاظ اور ڈیزائن کے حقوقِ طبع و نقل بہ حق ادارہ محفوظ ہیں۔ کسی بھی دیگر فرد یا ادارے کے لیے اس کے کسی بھی حصے کی اشاعت یا کسی بھی طرح استعمال سے پہلے پبلشر کی تحریری اجازت لینا ضروری ہے۔ چونکہ بغیر اجازت یا چوری کر کے مواد چھاپنا، فوٹو کاپی کروانا، انٹرنیٹ پر دینا، واٹس ایپ وغیرہ پر شیئر کرنا یا کسی بھی طرح استعمال کرنا قانونی جرم ہے، لہٰذا ادارہ قانونی چارہ جوئی کا حق رکھتا ہے۔

ادارہ

اداریہ

مولانا علی آفاق
(مدیر خزینۂ روحانیات)

ماہ فروری بہار کا مہینہ شمار ہوتا ہے۔ ہر طرف خوبصورتی، حسن، لہلہاتے پودے، پھل، پھول سے لدے درخت، شاخیں، پھوٹی کونپلیں، پرندوں کا چہچہانا ہر طرف سماء باندھ دیتا ہے۔ ہر طرف خوشی، شادمانی، فرحت ونشاط کا دور دورہ ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے درختوں کی افزائش، بہتری، ترقی اور اضافے کی امید ہوجاتی ہے۔ جشن بہاراں کے نام سے ہر سو میلے، پروگرام اور دیگر مصروفیات اور تقاریب منعقد کی جاتی ہے۔ یہ تو حالات وواقعات کا تذکرہ تھا۔ اب آتے ہیں۔ اپنے روحانی مقاصد کی طرف، روحانی ترقی، اعمال کی ریاضت، چلہ کشی، محنت، راتوں کے جاگنے کے بعد جو مقام، رتبہ اور درجہ حاصل ہوتا ہے۔ روحانی سلاسل میں یہ معراج ہے۔ جتنے بھی عاملین کو مقام ملا ہے۔ ان کو بلا مبالغہ سالوں کی جان توڑ محنت اور بے شمار اور لاتعداد راتوں کو جاگنے، عملیات، روحانی ترقی، عوام الناس کی خدمت کو اوڑھنا بچھونا بنانے سے ملا ہے۔ اس کی بھاری قیمت ان حضرات نے چکائی ہے۔ اس قیمت کی مختلف شکلیں ہیں۔ ایک پرانے بزرگ عامل کے بارے میں باوثوق ذرائع سے یہ بات سنی کہ اپنی بیوی کو کہا کہ 3 سال سمندر کنارے ریاضت کے لئے مجھے کراچی نقل مکانی کرنی ہے۔ اب تمہاری خوشی ہے کہ گھر میں رہو یا پھر طلاق لے کر نکاح کرنا چاہو یا پھر میرے کا انتظار کرو۔ اس طرح ہمارے ایک دادا استاد بابا جی نے جنگلوں میں، ویرانوں میں کئی سال مسلسل ریاضت کی، فقیری کاٹی، ان عملیات کے حصول اور ناموری میں دو بچوں کی قربانی بھی دی۔ تب کہیں جا کر یہ مقام حاصل ہوا کہ "جا پتر تیرا کام نہیں رکدا" (جا بیٹا تیرا کام کوئی نہیں روک سکتا)۔ اسی طرح ایک بزرگ عامل سے کراچی میں ملاقات ہوئی کہ ان صاحب نے، اللہ ان کو غریق رحمت فرمائے۔ 25 سال جنگلات میں چلے کاٹ، الغرض موسم سرما سے موسم گرما کی ابتداء تک انتہائی اہم دورانیہ ہے، ویرانوں، قبرستانوں، جنگلوں، دریاؤں، کے کنارے چلہ کشی کا۔ الحمد للہ ہمارے ادارے سے کئی دوست قبرستانوں، ویرانوں کے نہ صرف چلے کر چکے ہیں، بلکہ اس وقت بھی کر رہے ہیں۔ یہ ساری کہانی بتانے کا مقصد ہے کہ غرض مند دیوانہ ہوتا ہے۔ عملیات کا غرض مند جب سردی، گرمی، دھوپ، بارش، جنات اور چڑیلوں سمیت موکلات کے خوف کی چادر اتار کر پھینک نہ دے، اس وقت تک کمال کا حصول ناممکن ہے۔ اس لئے کامل کی اجازت، راہنمائی اور ہمت، حوصلے کو جمع کر کے استاد کی مدد اور تعاون کے سہارے اس طرح کی چلہ کشی کرنے کا نادر موقع ہے۔ ورنہ کہانیاں تو کتابوں میں پہلے ہی بھری پڑی ہیں۔ ایک کا مزید اضافہ ہو جائے گا۔ لہٰذا جو دوست اب قبرستانوں، ویرانوں وغیرہ کے چلہ کشی کے درجات تک پہنچ چکے ہیں، وہ اس موسم بہار کو اپنے روحانی موسم بہار میں تبدیل کریں اور پھر واقعی وہ پوشیدہ روحانی قوت، راز اور موکلات سے دوستی اور تعلق والی زندگی کا لطف اٹھائیں۔ اور جن دوستوں کے دلوں میں بغیر کوئی عمل کئے یہ خواہش مچل رہی ہے، وہ اعمال کی ریاضت کی بنیادی اور ابتدائی چلہ کشی شروع کریں۔ اس لئے کہ منزل مناسب رفتار اور درست سمت میں چلنے والوں کو حاصل ہوتی ہے۔ ورنہ بغیر اجازت کامل، بغیر راہنمائی، روحانی سپورٹ کے کتاب سے پڑھ کر ویرانوں، قبرستانوں میں بیٹھ جانا، موت کو دعوت دینے کے مترادف ہے۔ جس کا نتیجہ رجعت، پاگل پن، نفسیاتی مریض بننے اور مصائب اور مشکلات کے پہاڑوں اور وادیوں میں گم ہوجانے کے مترادف ہے۔ لہٰذا کوئی بغیر اجازت کتاب سے پڑھ کر ایسی حرکت ہرگز نہ کرے۔

نوٹ

دارالعمل چشتیہ کی مجلس مشاورت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ روحانی درسگاہ میں داخلہ لینے والے ہر شاگرد کا ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا ممبر ہونا لازمی ہے۔ ممبر شپ فیس کے لیے 0322-4773786 پر رابطہ فرمائیں۔ بصورت دیگر روحانی درسگاہ میں داخلہ نہیں ملے گا۔

شیخ ابوالعباس احمد الرفاعیؒ

نام و نسب

السید السند، قطب اوحد، استاذ العلماء، امام الاولیاء، سلطان الرجال، شیخ المسلمین، العالم الکبیر، عارف باللہ، بحر شریعت ابوالعباس احمد الرفاعی۔ ابا حسینی، اُما انصاری، مذہبا شافعی، بلداً واسطی۔

ولادت و تربیت

امام احمد رفاعیؒ بروز جمعرات، ماہِ رجب کے نصف اوّل (15/ رجب) کو 512ھ میں مسترشد باللہ عباسی کے زمانہ خلافت میں مقام اُم عبیدہ کے حسن نامی ایک قصبہ میں پیدا ہوئے۔ اُم عبیدہ علاقہ بطائح میں واسط و بصرہ کے درمیان واقع ہے۔ آپؒ کے والد ابوالحسن سلطان علیؒ (متوفی: 519ھ) بغداد کے سفر پر تھے کہ غیبی بلاوا آپہنچا اور وہیں بغداد میں آپؒ کی تدفین عمل میں آئی۔ ابن مسیب نے آپؒ کی قبر بہت خوبصورت تعمیر کرائی۔ اُس کے بغل میں آپؒ کے نام سے معنون ایک مسجد بھی تعمیر کی۔ بغداد و شارع رشید پر آپؒ کا مزار پُرانوار آج بھی زیارت گاہِ خلائق ہے۔

معمولی سی عمر میں والد کا سایہ سر سے اُٹھ جانے کے باعث آپؒ کے ماموں شیخ منصورؒ کی آغوشِ تربیت میں آپؒ کی نشوونما شروع ہوئی، جہاں آپؒ کو زیورِ ادب اور حلیہ اخلاق سے آراستہ ہونے کا سنہرا موقع میسر آیا۔ پھر آپؒ کی تعلیم و تربیت کے اُمور علامہ مقری شیخ علی ابوالفضل واسطیؒ کے سپرد ہو گئے، جن کی کامل سرپرستی میں آپؒ کو جہانِ فقہ و تصوف کی سیر کی سعادت نصیب ہوئی اور ان کے پاس سے آپؒ کندن بن کر نکلے۔

علم و سند

آپؒ نے قرآن کریم حفظ کرنے کی سعادت مقری شیخ عبدالسمیع الحریونیؒ کی بارگاہ سے حاصل کی۔ پھر جب تربیت و تعلیم کے اُمور ابوالفضل واسطی قدس سرہ العزیز کے حوالے ہو گئے، اس وقت آپؒ نے عقلی و نقلی علوم میں ماہرانہ کمال پیدا کیا اور فضل و کمال کی ہر شاخ پر اپنا آشیانہ بنایا۔ آپؒ کی عمر بیس سال کی تھی کہ اُستاذ و مرشد شیخ الواسطیؒ نے جملہ علوم شریعت و طریقت کی اجازتِ عام عطا فرما دی اور ساتھ ہی خرقہ پوشی کر کے خلعتِ خلافت سے بھی نواز دیا۔ تاہم آپؒ نے تحصیلِ علم کے تسلسل کو برقرار رکھا اور پوری ذمہ داری و مستعدی کے ساتھ شیخ ابوبکر واسطیؒ کے حلقہ دروس سے خود کو وابستہ رکھا اور علم شریعت سے پورے طور سے آسودہ ہو کر وہاں سے اُٹھے۔ نیز فقہ کے غوامض و دقائق کی تحصیل اپنے ماموں شیخ منصور بطائحیؒ کے ہاتھوں مکمل کر کے اُن سے اجازت وصول کی۔ جس وقت آپؒ کے ماموں شیخ منصورؒ کو اپنی زندگی کا چراغ گل ہونے کا اندازہ ہوا تو انھوں نے آپؒ کو بلوا کر شیخ الشیوخ کی امانت اور اپنے خاص وظائف کی ذمہ داری نبھانے کا عہد لیا اور آپؒ کو مسند سجادگی اور منصب ارشاد پر فائز فرما دیا۔ شیخ احمد رفاعیؒ نے اس قدر تحصیل علم کیا کہ آپؒ بیک وقت عالم و فقیہ بھی تھے، قاری و مجود بھی، مفسر و محدث بھی تھے اور دین کی اعلیٰ قدروں کی نشر و اشاعت کرنے والے عظیم مجاہد بھی۔ فقہ میں آپؒ امام شافعیؒ کے مذہب کے مقلد تھے۔

سیرت و کردار

سیرت و کردار میں آپؒ اپنے جدامجد سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کامل نمونہ تھے۔ سنت و شریعت کی اسی پیروی نے آپؒ کو اپنے زمانے ہی میں شہرت و عظمت کی اعلیٰ بلندیوں پر فائز کر دیا تھا۔ مؤرخین نے آپؒ کی شخصیت پر رج رج کے لکھا ہے۔ اور اربابِ فکر و قلم نے آپ کے فضائل و مناقب میں قلم توڑ توڑ دیا ہے۔

(مناقب الاقطاب الاربعہ شیخ یونس بن ابراہیم السامرائی)

آپؒ رمزِ تصوف اور رازِ طریقت آشکار کرتے ہوئے کبھی کبھار فرمایا کرتے تھے: "ما رایت أقرب ولا أسهل طريقاً إلى الله من الذل والافتقار والانكسار بتعظيم أمر الله والشفقة على خلق الله والاقتداء بسنة رسول الله صلى الله عليه و آله وسلم"

یعنی ''میں نے اللہ سبحانہ وتعالیٰ تک پہنچنے کا اِس سے زیادہ سہل اور قریب ترین کوئی راستہ نہیں دیکھا کہ رضائے الٰہی کی خاطر تواضع وانکسار اختیار کی جائے، خلقِ خدا کے ساتھ لطف ونرمی سے پیش آیا جائے اور سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کی پیروی میں زندگی کا سفر طے کیا جائے''۔

خدمتِ خلق کا عنصر آپؒ کی حیاتِ طیبہ میں بہت غالب نظر آتا ہے۔ اگر کسی بیمار کا سن لیتے تو وہ خواہ کتنی ہی دور کیوں نہ سکونت پذیر ہو، اس کی عیادت کے لیے ضرور جاتے تھے۔ اور (بعد مسافت کے باعث) ایک دو دن کے بعد اُدھر سے لوٹتے تھے۔ نیز عالم یہ تھا کہ راستے میں جا کر اندھوں کی آمد کا انتظار کرتے کہ ان کا ہاتھ پکڑ کر انھیں منزل تک پہنچائیں۔ اور جب بھی کوئی بزرگ دیکھتے، انھیں علاقے تک پہنچا آتے اور اہلِ علاقہ کو نصیحت فرماتے کہ لوگو! میرے حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمانِ عظمت نشان ہے: من أكرم ذا شيبة يعني مسلماً سخر الله له من يكرمه عند شيبته۔ یعنی ''جس نے کسی بوڑھے مسلمان کی خدمت وتکریم کی، اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس کے اپنے بڑھاپے میں کسی کو اُس کا سہارا اور خدمتی بنا دے گا''۔

ایک مرتبہ اپنے سلسلے کا نشانِ امتیاز بیان کرتے ہوئے فرمایا: طريقنا طريق نقي وإخلاص فمن أدخل في عمله الرياء والفجور فقد بعد عنا وخرج منا۔ یعنی ''ہمارا طریقہ مبنی بر اخلاص اور بالکل صاف وشفاف ہے، لہٰذا یاد رہے کہ جس کے عمل سے ریا ونمود اور فسق وفجور کی بو آنے لگے، پھر اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں ہے اور اس کا قدم ہمارے دائرہ طریق سے باہر نکل چکا ہے''۔

طريقي دين بلا بدعة، وهمة بلا كسل، وعمل بلا رياء، وقلب بلا شغل، ونفس بلا شهوة۔ یعنی ''میرا طریقہ یہ ہے کہ دین میں بدعت کی آمیزش نہ ہو۔ ہمت سستی پر غالب ہو۔ عمل ریا سے پاک ہو۔ (یادِ محبوب میں محویت کے باعث) قلب دیگر مشغولیات سے آزاد ہو۔ اور نفس شہوت کے بکھیڑوں سے دور ہو''۔

(مناقب الانجاب الامجاد شیخ یونس بن ابراہیم السامرائی)

تصنیفات وتالیفات

سید احمد رفاعیؒ نے توحید وتصوف اور اخلاقِ حمیدہ پر مشتمل بہت سی مفید و گراں قدر کتابیں اپنے پیچھے چھوڑی ہیں۔ حاجی خلیفہ نے اپنی کتاب کشف الظنون میں بعض کا ذکر کیا ہے، جب کہ کچھ کا ذکر سید محمد ابوالہدیٰ الصیادی کی تصنیف میں ملتا ہے۔ ہمارے علم کے مطابق شیخ الرفاعیؒ کی تصانیف حسب ذیل ہیں: البرهان المؤيد، الحكم الرفاعية، الأحزاب الرفاعية، النظام الخاص لأهل الاختصاص، الصراط المستقيم في تفسير معاني بسم الله الرحمن الرحيم، الرؤية، الطريق إلى الله، العقائد الرفاعية، المجالس الأحمدية، تفسير سورة القدر، حالة أهل الحقيقة مع الله، الأربعين، شرح التنبيه، ست مجلدات- رحيق الكوثر، البهجة في الفقه۔ اس میں کچھ تو مطبوعہ ہیں، بعض تاہنوز مخطوطہ ہیں اور بیشتر فتنۂ تاتار کی نذر ہو گئیں۔

وظائفِ عشرت آیات

زندگی کے آخری موڑ پر پہنچ کر حضرت شیخ احمد رفاعیؒ پیٹ کے ایک شدید مرض میں مبتلا ہو گئے، جس نے مہینہ بھر آپؒ کو صاحبِ فراش رکھا اور پھر آگے چل کر یہی مرض، مرضِ مرگ کی شکل اختیار کر گیا۔ چنانچہ 66 سال کی عمر پا کر جمعرات 12- جمادی الاولیٰ 578ھ کو شریعت وطریقت کا یہ آفتاب عالم تاب ہمیشہ کے لیے غروب ہو گیا۔ آپؒ اپنے دادا شیخ یحییٰ بخاریؒ کے گنبد تلے عراق کے مقام اُم عبیدہ میں مدفون ہوئے، جو زیارت گاہِ ہر خاص وعام ہے۔

(مناقب الانجاب الامجاد شیخ یونس بن ابراہیم السامرائی)

(آزاد دائرۃ المعارف ویکیپیڈیا سے ماخوذ)

نوٹ جو احباب حضرت شیخ احمد رفاعی نور اللہ مرقدہٗ سے روحانی فیض حاصل کرنا چاہیں، ان کو چاہیے کہ روزانہ باوضو، پاک وصاف بستر پر سوئیں اور 100 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر حضرتؒ کو ایصالِ ثواب کریں۔

تصوف کی تعلیم کا خلاصہ اور تصوف کی مشہور اصطلاحات

پیر صوفی غلام سرور شباب قادری مدظلہ (سجادہ نشین دربار عالیہ حضرت صوفی بہادر علیؒ جویلی کھا)

اشد ضروری معلومات

پہلے مرید کو یہ معلوم ہونا ضروری ہے کہ تصوف کی تعلیم کا خلاصہ کیا ہے؟ اور تصوف کی مشہور اصطلاحات کا کیا مطلب ہے؟ یاد رکھیں! کہ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کو سمجھنا چاہئے کہ یہ تصوف اور دین اسلام کی بنیاد ہے۔

ذات

ایک ہستی ہے جس کو واجب الوجود کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ وہ بغیر اجزاء کے کُل ہے۔ وہ سب پر محیط ہے۔ لیکن خود احاطہ سے باہر ہے۔ وہ کسی علم میں نہیں سما سکتی۔ وہ قید میں نہیں آسکتی۔ اس کو زوال وتغیر نہیں ہے۔ سب چیزیں اُسی سے موجود ہیں۔ مگر وہ کسی سے موجود نہیں ہے اور زمین وآسمان میں اُس کے سوا اور کچھ بھی اُس کے غیر نہیں پایا جاتا۔ اس واسطے بس وہ ایک ہی ہے۔ اور کوئی اُس کا شریک نہیں۔ نہ وہ کسی سے پیدا ہوئی اور نہ کوئی اُس سے پیدا ہوا۔ مگر اُس کی شناخت بغیر ناموں اور صفات اور اُن کے مظاہر کے محال ہے۔ اس واسطے صفات واسماء کا عرفان مقدم ہے۔

صفات

جب وہ ہستی مطلق مرتبہ ظہور میں کسی خاص تجلی کے ساتھ جلوہ گر ہوتی ہے تو اسی شانِ ظہور کو صفت کہتے ہیں۔ مثلاً جب مخلوق ظاہر ہوئی تو معلوم ہوا کہ ذات کی صفتِ خالقی نے تجلی کا جلوہ دکھایا۔ ذات کی بے شمار صفات ہیں۔ مگر وہ سب ذات سے جُدا اور غیر نہیں ہیں۔ گو ہر صفت دوسری صفت سے اور ذات تمام صفات سے جدا اور الگ معلوم ہونے لگتی ہے۔ حقیقت میں سب ایک ہی ہیں۔ جدا بالکل نہیں۔ مثلاً پھول کی خوشبو اس کی صفت ہے جو چمن کی ہوا کو معطر کرتی ہے۔ مگر وہ پھول کی ذات سے جدا نہیں کہی جاسکتی۔ فارسی کا مقولہ ہے کہ

اُو درمن و من در وے چوں بُو بگلاب اندر

جس طرح ذات قدیم ولازوال ہے۔ اسی طرح اس کی صفات بھی قدیم وازلی بے زوال ہیں۔ نہ ذات کا ادراک حقیقی ممکن نہ صفات کا۔ ذات میں وحدت ہے اور صفات میں گونا گوں کثرت۔ مگر چونکہ صفات ذات سے جدا نہیں۔ اس لیے ان کی کثرت بھی دیدوشنید کی ہے۔ ورنہ وحدت ہی وحدت ہے۔

ہمہ اوست

ہمہ اوست اسی کو کہتے ہیں کہ سب کچھ وہی ایک ذات ہے۔ اس کے سوا اور غیر کچھ بھی نہیں ہے۔ اور یہ جو کچھ نظر آتا ہے۔ ذاتِ یکتا کے غیر نہیں ہے۔ جیسا کہ قرآن مجید فرقان حمید میں ہے۔ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ۔ (اور وہ اللہ ہر چیز پر احاطہ کیے ہوئے ہے) اور دوسری آیت میں ہے کہ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ۔ (اور وہ اللہ تمہارے ساتھ ہے تم کہیں بھی ہو) اور تیسری آیت میں ہے کہ اَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ۔ (تم جس طرف بھی دیکھو اللہ کی ذات ادھر بھی موجود ہے)۔

پیر ومرشد اور مرید کیا ہے؟

جاننا چاہئے کہ اہلِ سلوک مرید کو طالب کہتے ہیں اور طالبِ راہِ حق کو رفیقِ سفر کے بغیر چارہ نہیں اور رفیق شیخ (پیر ومرشد) کو کہتے ہیں۔ جو منازلِ سلوک کا راہِ کار ہوتا ہے۔ علمِ طریقت کا استاد پیر ومرشد ہوتا ہے اور اس کے دائرہ شاگردی میں شامل وداخل ہونے کو بیعت کہتے ہیں۔

سالک

سیر الی اللہ کرنے والے کو سالک کہتے ہیں اور ان کی چند اقسام ہیں۔

محض سالک

یعنی راہِ طریقت پر چلنے والا اور منازل طریقت کو مجاہدہ اور ریاضت سے طے کرنے والا۔

سالک مجذوب

اس کو کہتے ہیں کہ اثنائے سلوک میں بفضل ایزدی یکا یک ایسا جذبہ پیدا ہوجائے جو دفعۃً اس کو واصل بحق کردے۔

مجذوب سالک

اس کو کہتے ہیں جس کی ابتدا جذبہ سے ہو اور اس کے بعد وہ راہِ طریقت مجاہدہ اور ریاضت سے طے کرکے واصل بحق ہوجائے۔

مجذوب محض

وہ ہے کہ جس پر جذبہ الٰہی وارد ہوا اور بہت سے اسرار اس پر منکشف ہو جائیں۔ لیکن وہ بوجہ حالت محویت کے اور جوش عشق کے قواعد سلوک پر نہ چل سکے اور طریقہ اہل ارشاد کے مطابق راہ طریقت کے جملہ مراتب نہ طے کرسکے۔ اور مقام بقاء بعد الفناء تک نہ پہنچے، اس وجہ سے مجذوب محض قابل تقلید نہیں ہوتے۔ سب سے افضل مرتبہ سالک مجذوب کا ہے۔ اس کے بعد مجذوب سالک کا ہے۔ اور بعض صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ سب سے اعلیٰ مرتبہ مجذوب سالک کا ہے۔ پھر سالک مجذوب کا پھر سالک محض کا پھر مجذوب محض کا۔

''آپ سے پوچھتے ہیں کہ وہ خرچ کیا کریں؟ آپ کہہ دیجئے جو مال تم خرچ کرو وہ ماں باپ کیلئے ہے اور رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں کیلئے ہے اور تم جو کچھ بھی بھلائی کروگے اللہ تعالیٰ کو اس کا علم ہے''۔ (البقرہ ۲۱۵)

انتقال پُرملال

○ ..... شیخ العرب والعجم مولانا حسین احمد مدنی رحمہ اللہ کے شاگرد رشید، مولانا شیخ عبدالحق صاحبؒ، شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند کا 30 دسمبر 2016 کو سانحۂ ارتحال ہوا۔

○ ..... رئیس المحدثین، تلمیذِ رشید مولانا حسین احمد مدنی رحمہ اللہ، حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب رحمہ اللہ، صدر وفاق المدارس پاکستان کی 15 جنوری کو وفات ہوئی۔

○ ..... ایک ایسی ہستی جو عرب میں ایشیا کی ترجمان اور سرتاپیر علم و عمل سے آراستہ تھی، حرم مکہ جن کی تقاریر و مواعظ سے گونجتا تھا، 16 جنوری کو پیر طریقت حضرت مولانا عبدالحفیظ مکی رحمہ اللہ خلیفہ شیخ العرب والعجم مولانا زکریا صاحب مہاجر مدنی قدس سرہ کا ساؤتھ افریقہ میں وصال الی الحق ہوگیا۔

○ ..... 17 جنوری کو ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے مدیر جناب مولانا علی آفاق صاحب کی والدہ محترمہ قضائے الٰہی سے وفات پاگئیں۔

قارئین سے درخواست ہے کہ تین بار سورۂ اخلاص پڑھ کر ایصالِ ثواب کریں اور سب مرحومین کے اخروی سفر کی تمام منازل کی آسانی اور عافیت کی دعا فرمائیں۔ اللہ ﷻ ان سب کو جنت کا اعلیٰ سے اعلیٰ مقام عطا فرمائیں۔ آمین

زندگی کی سب سے بڑی حقیقت ''موت'' ہے، جس کا سامنا ہر کسی کو کرنا ہی کرنا ہے۔ ہر نکھرتی ہوئی صبح اور ہر ڈھلتی ہوئی شام کسی نہ کسی شخص کیلئے منتہائے زیست کا پیغام لاتی ہے۔ پھر اس شخص کو دارالفناء سے دارالبقاء کی جانب کوچ کرجانا ہوتا ہے۔

موت سے کس کو رستگاری ہے　　آج وہ کل ہماری باری ہے

ہمارا ادارہ اور تمام اراکین ان سب لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

روحانی ڈائجسٹ کے طالب علموں کیلئے مفت خدمات goo.gl/g5Nbov

جادو کی حقیقت۔ اس کا توڑ، اس کا شافی علاج، اس کے پراسرار حقائق، کالے جادو کا توڑ، مصر کا جادو، جادوگروں کی آپ بیتی اور جادو شکن دعائیں جیسے اہم موضوعات پر انتہائی اہم کتب

5 کتب خریدنے پر خصوصی ڈسکاؤنٹ حاصل کریں

کتب خانے، بک سٹالز، بک شاپس، نیوز ایجنسیز، خصوصی رعایت حاصل کرنے کے لیے رابطہ فرمائیں۔

نام کتاب	مصنف	قیمت
جعلی عاملوں اور جادوگروں کے پرفریب ہتھکنڈے	محمد انور بن اختر حسین	465
جادو کا شافی علاج	شیخ عبدالسلام	200
جادو کا توڑ	محمد حسین آزاد	300
اسم اعظم سے جادو کا توڑ	ڈاکٹر حشمت جاہ	170
سورۃ مزمل سے جادو کا توڑ	ڈاکٹر حشمت جاہ	170
جادو، علم نجوم، پامسٹری اور جنات کی حقیقت	روفیسر عبداللہ شاہین	99
کالا جادو اور مستند روحانی علاج (حصہ اول، دوم)	محمد جاوید قادری	520
جادو، جنات، آسیب، سایا کا قرآنی آیات سے علاج	مولانا محمد طاہر	120
کالا جادو کا توڑ اور مستند روحانی علاج	مولوی محمد صالح نقشبندی	260
اسم اعظم سے جادو کا توڑ	مولوی محمد صالح نقشبندی	160
جادو جنات کے پراسرار حقائق اور آزمودہ روحانی علاج	حکیم طارق محمود چغتائی	180
جادو، جنات اسلام اور جدید سائنس	حکیم طارق محمود چغتائی	400
روحانیات جادو اور ہم	حکیم طارق محمود چغتائی	225
کالی دنیا اور کالا جادو وظائف اولیاء اور سائنسی تحقیقات	حکیم طارق محمود چغتائی	600
اسم اعظم سے جادو کا توڑ	محمد اشفاق	180
شعبدہ بازی، جادو کے کھیل	رحمت مرزا مرحوم	210
جادو کی قدیم کتاب	باوا دیال	390
جادو اور جادوگر	باوا دیال	210
مصر کا جادو	سوامی ہنس راج گوپی	270
جادوگروں کی آپ بیتی المعروف منتروں کے خفیہ	بابا بڈھے شاہ	220
اصل بنگال، سحر بنگال کا جادو	بابا بڈھے شاہ	250
کالے جادو کا توڑ	شوکت علی شاکر	300
جادو سے علاج، علاج خفیہ المعروف منتروں سے علاج	بابا بڈھے شاہ	180
جادو کا آسان اور شرطیہ علاج (حصہ دوم)	سید علی حسین شاہ	1000
فن جادوگری	صفدر شاہین	50
جادو ٹونہ کے فرد اور معاشرے پر خطرناک اثرات	الشیخ صالح بن فوزان	50
کالا جادو (جنات سحر آسیب کا روحانی علاج)	سید شکیل شاہ	250
جادو کا علاج	عبدالسلام بابی صاحب	250
جادو کا توڑ	ڈاکٹر ابوعلی ارسلان	150
جادو اور آسیب کا توڑ	سید ذیشان نظامی	600
جادو حقیقت اور علاج	نجمہ مشتاق	60
پتھروں سے جادو ٹونے کا توڑ	سید ذیشان نظامی	360
کالے جادو کی حقیقت اور توڑ	سید ذیشان نظامی	360
قرآنی سورتوں سے جادو کا توڑ	سید ذیشان نظامی	360
درود شریف سے جادو ٹونے کا توڑ	سید ذیشان نظامی	360
اسماء الحسنیٰ سے جادو ٹونے کا توڑ	سید ذیشان نظامی	360
جادو جنات سے مکمل شرطیہ نجات	حکیم عبدالرؤف	500
500 سوال و جواب برائے جادو و جنات	رضا عبداللہ پاشا	550
تسخیر ہمزاد المعروف پراثر جادو	صوفی سعادت علی مراد آبادی	150
سحر یا جادو کا توڑ	مفتی اقبال احمد تھہیم	220
کالے جادو کا قرآنی علاج	محمد جاوید قادری	200
تسخیر موکلات مع جنات جادو کا توڑ	سید ریاض علی شاہ بخاری	300
جادو کا مستند علاج	ابوالکاشف کشفی قلندری	300
جادو اور مذہب	اکبر محمد صدیق	400
جادو شکن دعائیں	علامہ ذوالفقار حسین جعفری	250
خاص نمبر (سحر، جادو، محبت، عداوت)	خالد اسحاق راٹھور	350
جادو ٹونے کا علاج		35

پتہ: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

فون پر رابطہ کر کے تشریف لائیں۔ بروز جمعۃ المبارک مکتبہ بند رہے گا۔

خط و کتابت: مکتبۃ العارف، دارالعمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119، لاہور 042-35410586, 0332-4487877, 0322-4773786
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif.blogspot.com, maktabatulaarif@gmail.com
goo.gl/xj9AKu طالبِ گرام اور معتقدینِ عظام کیلئے خصوصی رعایت

اللہ تعالیٰ کے حکم اور رضا میں کیا فرق ہے؟

مفتی نورالحق نورانی

اوامر کو بجالانے اور نواہی کو ترک کرنے سے متعلق اللہ تعالیٰ نے جو کچھ صادر کیا ہے، وہ احکام (حکم کی جمع) ہیں۔ جیسے ارشاد ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ (النسآء ۵۹)

''اے ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرو اور اپنے میں سے (اہلِ حق) صاحبانِ امر کی''۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ (البقرۃ ۱۷۲)

''اے ایمان والو! ان پاکیزہ چیزوں میں سے کھاؤ جو ہم نے تمہیں عطا کی ہیں اور اللہ کا شکر ادا کرو، اگر تم صرف اسی کی بندگی بجالاتے ہو''۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰوٓا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً وَّاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ (اٰل عمران ۱۳۰)

''اے ایمان والو! دوگنا اور چوگنا کرکے سود مت کھایا کرو اور اللہ سے ڈرا کرو تاکہ تم فلاح پاؤ''۔

یہ احکامِ الٰہی کی چند ایک مثالیں ہیں۔ قرآنِ مجید میں بے شمار مقامات پر اللہ تعالیٰ نے اپنے احکام بیان فرمائے ہیں۔

سوال کے دوسرے حصے میں اللہ تعالیٰ کی خواہش کی وضاحت پوچھی ہے۔ خواہش کا لفظ اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کرنا درست نہیں، بلکہ اس کی بجائے رضا کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے احکام، صریح اور واضح انداز میں بیان کردیے ہیں اور انسان کو بتادیا ہے کہ اوامر کو بجالانے اور نواہی کو ترک کرنے سے میں راضی ہوتا ہوں، مگر انسان کو ان اوامر و نواہی کے بجالانے پر مجبور نہیں کیا۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ (الکہف ۲۹)

''اور فرما دیجئے کہ (یہ) حق تمہارے رب کی طرف سے ہے، پس جو چاہے ایمان لے آئے اور جو چاہے انکار کردے''۔

اور فرمایا:

وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ (البلد ۱۰)

''اور ہم نے اسے (خیر و شر کے) دو نمایاں راستے (بھی) دکھا دیے''۔

اللہ تعالیٰ نے جن چیزوں پر انسان کو اختیار و ارادہ کی آزادی بخشی ہے، ان پر اسے اجر دینے اور مواخذہ کرنے کا وعدہ بھی فرما رکھا ہے۔ یہ اختیار و ارادہ انسان کا ذاتی نہیں ہے، بلکہ اللہ تعالیٰ ہی کا عطا کردہ ہے اور اس کا استعمال اگر انسان، اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق کرے تو اس سے رضائے الٰہی عطا ہوتی ہے۔ رضا، اللہ تعالیٰ اور بندے، دونوں کی جانب سے ہوتی ہے۔ قرآن کریم نے اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے رضوان کا لفظ مخصوص کیا ہے۔ بندے کے راضی ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ حق تعالیٰ سے راضی ہو، دینِ مبین اسلام سے راضی ہو، اللہ کے اس رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے راضی ہو جنہوں نے یہ دینِ مبین ہم تک پہنچایا اور اللہ تعالیٰ کی تقدیر پر دل سے یقین رکھے اور اپنے اوپر آنے والی آزمائشوں اور مصیبتوں کو سکون اور اطمینان سے قبول کرے۔ پس جو شخص اللہ کی رضا کو حاصل کرنے کی کوشش کرے، اسے اپنا نصب العین بنائے اور اس کی خاطر پیہم کوشش کرے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہے۔

واللہ و رسولہ اعلم بالصواب۔

نئی ممبرشپ

مارچ 2017ء سے اپریل 2018ء

بذریعہ عام ڈاک -/780 روپے

بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک -/1190 روپے

عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

یا مالک الملک کے خواص اور اثرات ... حضرت مولانا نظر شاہ کاشمیریؒ

یا مالک الملک کے خواص اور اثرات

یہ اسم جمالی ہے اور بعض کے نزدیک جلالی ہے اور اس کے اعداد دو سو بارہ (۲۱۲) ہیں۔

نفس پر صاحب قوت و صاحب تصرف ہو

اپنے نفس پر اپنا اثر جمانے کے لیے ہر روز سو (۱۰۰) مرتبہ اس کا وظیفہ پڑھے، اپنے نفس پر اور دوسروں کے نفس پر صاحب قوت و صاحب تصرف ہو جائے۔

حصولِ جاہ و حکومت

اور اگر کوئی حصولِ جاہ و حکومت حاصل کرنے کے لیے روزانہ پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ خالی مکان میں، ترکِ حیوانات کے ساتھ پڑھے اور ایک سال تک پڑھتا رہے، اپنے مقصد میں کامیابی حاصل کرے۔

وسعتِ رزق حاصل ہو

اور اگر کوئی وسعتِ رزق کے لیے پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ مذکورہ طریقہ سے بلاقید مدت پڑھے، اپنے رزق میں اضافہ ہو۔

فقیر مالدار بن جائے

مشائخ کا مقولہ ہے کہ جو شخص اس اسم کو یا ذوالجلال والاکرام کے ساتھ ملا کر وظیفہ پڑھے، اگر فقیر ہو، مالدار ہو جائے۔

یا مالک الملک کا نقش معظم

۷۸۶

م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک

ک	ل	م	ل	ا	ک	ل	ا	م
ل	ک	م	ل	ل	ک	ا	ا	م
ل	ل	ک	ا	م	م	ک	ل	ا
م	م	ل	ا	ل	ا	ک	ک	ل
ا	ل	ا	ک	ر	ل	م	م	ل
ک	ک	ل	م	ل	م	ا	ل	ا
ا	م	ک	ل	م	ا	ل	ک	ل
ل	ا	ا	م	ک	ل	ل	م	ک

درودِ معظم کے فضائل

شیخ محمود علی

روایت ہے کو جو کوئی اس درودِ معظم کو ایک مرتبہ پڑھے، ثواب ایک لاکھ درود کا پائے اور آگ دوزخ کی اس پر حرام ہو اور قیامت کے دن اس درود پڑھنے والے کا چہرہ چودھویں کے چاند کی طرح چمکتا ہوگا اور مجلس میں حضرت محمد ﷺ کے اور حوض کوثر پہ بیٹھے گا۔ اور یوں بھی روایت میں آیا ہے کہ اس درود معظم کو سو مرتبہ بعد نمازِ عشاء کے یا نمازِ مغرب کے پڑھے، دیکھے گا خواب میں رسول اللہ ﷺ کو ان شاء اللہ تعالیٰ۔ اور اس درود کی فضیلت بہت ہی ہے مگر اس جگہ مختصر کر کے لکھی گئی۔ درودِ معظم و مکرم یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللّٰھم صل علی محمد بعدد انفاس المخلوقات و صل علی محمد بعدد اشعار الموجودات و صل علی محمد بعدد سوا کن الارضین والسموات وصل علی محمد بعدد حروف اللوح والدعوات و صل علی محمد بعدد کل المعدودات والمعلومات من اول ازلہ و اوسط حشرہ و اخر بقائہ و آلہ الطیبین الطاھرین برحمتک یا ارحم الرحمین۔

دینی مدارس کے طلبا و طالبات کیلئے مفت خدمات goo.gl/bZ8OM2

سورۃ اعراف کے اعمال

حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہ

ظالم شفقت اور نرمی سے پیش آئے

اس کی خصوصیت یہ ہے کہ اگر کوئی شخص اس سورۃ کی تین مرتبہ تلاوت کر کے کسی ظالم کے دربار میں پہنچ جائے تو وہ اپنی شقاوت قلبی کے باوجود موم کی طرح پگھل جاتا ہے اور شفقت اور نرمی سے پیش آنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ یہ عمل ہزاروں لوگوں کا آزمودہ ہے۔ اس عمل پر شک کرنا بھی کفر ہے۔

غم سے نجات

اگر کوئی شخص کسی غم اور حزن وملال میں مبتلا ہو تو وہ اس سورۃ کی پہلی دو آیات الٓمّٓصٓ ۝۱ كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝۲ کو نماز فجر کے بعد اپنا دایاں ہاتھ اپنے سینے پر رکھ کر ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھے۔

فالج اور لقوے کا علاج

درج بالا آیات کو اگر چینی کی طشتری پر لکھ کر شہد سے دھو کر اس مریض کو چٹائیں جو فالج اور لقوے میں مبتلا ہو تو اللہ کے فضل وکرم سے فوراً آرام ملے اور صحت نصیب ہو۔ اس آیت کا عامل اگر فالج یا لقوہ زدہ شخص کے اوپر یہ آیت تیرہ (۱۳) مرتبہ پڑھ کر دم کر دے تو فوراً آرام ملے اور تیرہ (۱۳) دن روزانہ اسی طرح دم کرنے سے بیماری سے کلی طور پر نجات عطا ہو۔

کچلی دو آیات کا عامل بننا

عامل بننے کا طریقہ یہ ہے کہ ان آیات کو روزانہ تین ہزار سات سو (۳۷۰۰) مرتبہ لگاتار سات (۷) دن تک پڑھیں۔ ان شاء اللہ اس آیت کے عامل بن جائیں گے۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد روزانہ اس آیت کو ایک سو تین (۱۰۳) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائیں تاکہ عمل برقرار رہے۔

کچلی دو آیات کے نقش کے فوائد

اگر عامل ان آیات کا نقش لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے تب بھی مریض کو موذی مرض سے نجات ملے۔ ان آیات کا نقش اس شخص کے لیے بھی مفید ہے جو کسی بھی طرح کے رنج میں مبتلا ہو اور اس شخص کے لیے مفید ہے جو فالج یا لقوے کی بیماری کا شکار ہو۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۳۶۸	۳۷۱	۳۷۴	۳۶۱
۳۷۳	۳۶۲	۳۶۷	۳۷۲
۳۶۳	۳۷۶	۳۶۹	۳۶۶
۳۷۰	۳۶۵	۳۶۴	۳۷۵

اس نقش کو لکھ کر تیرہ (۱۳) مرتبہ مذکورہ آیات کو پڑھ کر اگر نقش پر دم کر دیا جائے تو اس نقش کی قوت بڑھ جاتی ہے اور فوری اثرات بفضل خداوندی سامنے آتے ہیں اور مریض کو فوراً سکون وآرام ملتا ہے۔

دورانِ سفر اجنبی جگہ میں غیبی امداد

انسان دورانِ سفر اکثر پریشان اور تنگی کا شکار ہو جاتا ہے۔ اس طرح کے حالات اگر ایسے علاقے میں پیش آجائیں جہاں کوئی شناسا نہ ہو تو اور بھی دقت اٹھانی پڑتی ہے۔ ایسی صورت حال میں سورۂ اعراف کی یہ آیت

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ (الاعراف ۱۰)

تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ کھڑے ہو کر پڑھنے سے کسی بھی اجنبی کے ذریعہ مدد ملتی ہے یا کسی بھی طرح غیب سے سامانِ سفر مہیا ہو جاتا ہے اور تنگی ختم ہو جاتی ہے۔ اس عمل کو لگاتار تین (۳) دن تک کرنا چاہیے۔ اس دوران غیب سے مدد ہو جائے گی۔ اور مبتلا انسان کو اجنبی جگہ بھی ایسے لوگ مل جائیں گے جو اس کے لیے سب کچھ کرنے کو تیار ہو جائیں گے اور اللہ کے فضل وکرم سے بھرپور مسافر کی مدد کریں گے۔

اس آیت کا نقش دورانِ سفر کی صعوبتوں اور دشواریوں کو دور کرنے میں باذن اللہ مددگار ثابت ہوتا ہے۔ اور راستے کی رکاوٹوں اور موانعات سے ذریعۂ حفاظت بنتا ہے۔ اس نقش کو دھاری دار کپڑے میں پیک کر کے اپنے ساتھ رکھنا چاہیے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۸۴۴	۸۴۷	۸۵۰	۸۳۷
۸۴۹	۸۳۸	۸۴۳	۸۴۸
۸۳۹	۸۵۲	۸۴۵	۸۴۲
۸۴۶	۸۴۱	۸۴۰	۸۵۱

اعمال رزقِ حلال

تالیف: فیصل حمید قیمت: 300 روپے فوٹوسیٹ: امپورٹڈ پیپر

☆عمل رزق مصطفائی ☆نقش بسم اللہ شریف ☆عمل خاص برائے وسعت رزق ☆عمل رزق اوج شمس والا ☆عمل سورج گرہن ترقی رزق ☆عمل برائے ترقی ملازمت ورزق ☆نقش معظم برائے وسعت رزق ☆نقش خاص وسعت رزق ☆عمل وسعت رزق اسماء حسنیٰ والا ☆شرف مشتری کا عظیم عمل برائے رزق ☆عمل ادائیگی قرض ووسعت رزق ☆عمل کشائش ☆عمل جمعۃ الوداع (ترقی رزق اور برکت) ☆کاروبار وترقی رزق ☆عمل تنگی اور ذلت دور کرنے کا ☆عمل "یاباسط" برائے رزق وروزی ☆افزونی رزق ودولت ☆ادائیگی قرض توسیع رزق حل المشکلات ☆برکت دکان وکاروبار کے لیے عمل ☆نقش دوائر برائے حصول دولت ☆عمل رزق چراغ والا ☆لوح نورانی وسعت رزق ☆عمل حصول رزق ☆عمل روزگار وملازمت حاصل کرنا ☆کشائش رزق وبلوئے مرتبت کا عمل ☆عمل رفع افلاس ☆عمل طلب مال ☆عمل فراخی رزق وزیادتی آمدن ☆عمل حصول ملازمت ☆کاروباری بندش قرض کی ادائیگی، معاشی تنگی ☆مقبول ترین دعا برائے وسعت رزق ☆عمل کثرت مال ورزق اور حصول دولت ☆لوح استخارہ مرحل (وسعت رزق کے لیے) ☆طلسم رزق ☆تحویل آفتاب کا مجرب عمل برائے وسعت رزق.....وغیرہ

اسرار قلمی ڈائری (فوٹوسیٹ: امپورٹڈ پیپر)

تصنیف: فقیر اللہ خان قادری قیمت: 800 روپے

☆عمل حاضرات ☆عمل ہمزاد ☆عمل جمیلہ پری ☆حاضری جنات ☆سورۂ اخلاص بامؤکل ☆حاضری مؤکل ☆تسخیر جنات ☆تسخیر مخفی ہمزاد ☆حاضری شہنشاہ جنات ☆قضائے حاجات ☆برائے حاجت ☆وسیع غیب ☆رزق میں ترقی ☆کشائش رزق ☆عہدے میں ترقی کیلئے ☆اسم اعظم اللہ الصمد ☆ملازمت کیلئے ☆منظوری درخواست ☆ترقی دکان ☆فراخی رزق ☆برائے حب ☆رشتے میں کامیابی کیلئے ☆منتر برائے حب ☆حاضری مطلوب ☆برائے اور گمشدہ کیلئے ☆موہنی منتر حب کیلئے ☆تسخیر خلائق کا عمل ☆حب اور تحفظ زیادہ کرنے کیلئے ☆محبوب حاضر آئے ☆تسخیر ہمزاد ☆درشن مہاراج ☆حاضری ہنومان والا بابا ☆حاضری دیوی ☆حاضری برائے پریاں ☆حاضری ہنومان ☆منتر برائے ہر کام بند ☆آپریشن اکہری ہزاروی بندش کیلئے ☆بربادی دشمن ☆دشمن کو تکلیف دینے کیلئے ☆دشمن کا پیشاب بند کرنا ☆منتر برائے جدائی ☆زبان بندی، بواسیر بگسیر کیلئے ☆خواب بندی ☆گاڑی کی حفاظت کیلئے ☆بچے کے رونے کیلئے ☆سانپ کے کاٹے کا دم ☆شادی کے پیغام کیلئے ☆اسلحہ کو بے اثر بنانے کیلئے.....وغیرہ وغیرہ

بیاض رفاعی (فوٹوسیٹ: امپورٹڈ پیپر)

تالیف: غلام قادر الرفاعی قیمت: 600 روپے

☆حروف تہجی ☆جدول ساعات سبعہ سیارہ سعد نحس شب وروز ☆برائے تسخیر مؤکل ☆برائے زبان بندی ☆برائے حصول دولت ☆برائے حب ☆برائے بغض وعداوت ☆برائے یادداشت ☆برائے حب ☆طلسم عصائے موسیٰ علیہ السلام ☆اعمال حاضرات ☆روشن ضمیری کیلئے ☆ہر کام میں فتح کیلئے ہاتھ پر باندھو ☆واسطے روزی فتح ٹوپی میں رکھے ☆واسطے محبت کے مطلوب کے بالوں میں لپیٹ کر جمعہ یا پیر کے روز جلاؤ ☆واسطے دفع درد سر، سر پر باندھے ☆دشمن کو بیمار کرنا ☆دشمن برباد کرنا ☆واسطے رہائی قیدی ☆عداوت وجدائی کرنا ☆واسطے مطلب دریافت ☆برائے حب کاجل ☆ہر مرض کیلئے طشتری پر لکھے ☆اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو ☆سورۃ الحمد شریف تسخیر عمل ☆واسطے خواب بندی ☆برائے حفاظت حمل ☆برائے دفع شیطان ونفس پاک ☆طلسمی انگوٹھی ☆بسم اللہ شریف کے فوائد ☆برائے افسران مہربان ☆برائے حفاظت جان ومال وعزت ☆برائے کسی کے گھر فساد کرنا ☆برائے قیامت تک جدائی ☆واسطے محبت کے ☆برائے حب نایاب عطر ☆ہر مقصد ہر حاجات کیلئے ☆اسرار الٰہی عمل سورۃ یٰسین ☆تسخیر محبوب ☆اگر کوئی سخت مشکل پیش آئے.....وغیرہ

اوراد ووظائف (فوٹوسیٹ: امپورٹڈ پیپر)

قیمت: 280 روپے

حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت قدس سرہ از شاہ عرشی شاہ نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ

☆محبت الٰہی کے وظیفے ☆حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی افزونی محبت اور زیارت کے وظیفے ☆ایمان کی حفاظت اور ترقی کے وظیفے ☆گناہوں کی معافی کے وظیفے ☆عذاب قبر سے بچنے کے وظیفے ☆نفس وشیطان کے مغلوب ہونے کے وظیفے ☆صلوٰۃ التسبیح کی ترکیب ☆تسخیر کے وظیفے اور محبت کے تعویذات ☆استخارہ کی ترکیبیں ☆ہر حاجت کے پورا ہونے کے لئے تعویذات اور وظیفے ☆دشمن کے مغلوب ہونے کے وظیفے اور تعویذ ☆نسیے کی یاوری کے وظیفے اور تعویذ ☆قرض کے ادا ہونے کے وظیفے ☆اولاد پیدا ہونے کے وظیفے ☆بچوں کی حفاظت اور تندرستی کے وظیفے اور تعویذات ☆بچوں کی بیماریوں کے دور کرنے کے وظیفے اور تعویذات ☆مسان کی بیماری کے دور کرنے کے وظیفے اور تعویذات ☆ہر قسم کے درد دور کرنے کیلئے وظیفے اور تعویذات ☆طاعون کی بلا سے محفوظ رہنے کے وظیفے ☆جنات کو تابع کرنے کا وظیفہ ☆نامردی کے دور ہونے کا وظیفہ ☆مفلسی کے دور ہونے کا وظیفہ ☆تنگی رزق دور ہونے کا وظیفہ ☆لڑکا پیدا ہونے کا وظیفہ ☆قید سے آزاد ہونے کا وظیفہ ☆بدنصیبی دور ہونے کا وظیفہ ☆کشائش رزق کا وظیفہ ☆جن بھوت کے دور ہونے کا وظیفہ ☆مصیبتوں سے آزاد ہونے کا وظیفہ ☆دشمن کو برباد کرنے کا وظیفہ.....وغیرہ

مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877 darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org

goo.gl/LPpGHe "ادارے کا اسلامی رسالہ "خزینہ روحانیات

حافظ الحدیث و القرآن حضرت مولانا عبداللہ درخواستی نوراللہ مرقدہٗ کے اعمال

مرتب: مولانا علی آفاق صاحب

بازو کے درد کے لیے

۱۔ سورۂ فاتحہ و آخری چہار قل ..... سات سات مرتبہ پڑھیں۔ اوّل و آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھیں اور ساتھ یہ بھی پڑھیں: ''الٰہی بحرمت خواجہ دوست محمد قندھاری رحمہ اللہ، الٰہی بحرمت شیخ عبدالقادر رحمہ اللہ''۔ پھر نمک پر دم کریں۔ تین دن تک اس کو کاٹنے کی جگہ ملتے رہیں اور چٹاتے رہیں۔

۲۔ روٹی کے چالیس ٹکڑوں پر یہ آیت لکھیں اور ایک ٹکڑا روزانہ کھلائیں۔

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝ (الطارق ۱۵ تا ۱۷)

سفر میں حادثے سے حفاظت کے لیے

آیۃ الکرسی پڑھیں پھر وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ۭ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿سُوْرَةُ الزُّمَرِ: ۶۷﴾ پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حفاظت ہوگی۔

اگر تھکان محسوس ہو

تھکان کے دور کرنے کیلئے ۳۳ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ ۳۳ مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۴ مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَر سوتے وقت پڑھ لیا کریں، تھکان ختم ہو جائے گی۔

علاج دفعیہ سحر

۱۔ (الف) سُبْحَانَ اللّٰہِ الْقَادِرِ الْقَاهِرِ الْكَافِيْ اَعُوْذُ مِنْ شَرِّ عَدُوٍّ هُوَ اَقْوٰى مِنِّيْ بِرَبٍّ هُوَ اَقْوٰى مِنْهُ گیارہ مرتبہ پڑھیں اور معوذتین ایک مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر مریض پر دم کریں۔

(ب) معوذتین کا تعویذ اس کے گلے میں ڈالیں۔

(ت) سات عدد سبز بیری کے پتے لے کر ان کو خوب رگڑ لیں۔ پھر ان کو بالٹی میں ڈالیں۔ پھر اوپر سے بالٹی میں پانی ڈالتے جائیں اور آیۃ الکرسی پڑھتے جائیں، ان پتوں کو پانی میں خوب حل کر لیں۔ پھر مریض کو اس سے تین گھونٹ پلائیں اور باقی سے اس کو نہلائیں۔ یہ عمل تین دن کریں۔

(ث) مٹی کے تین کورے پیالے لیں۔ دیسی سیاہی سے ان میں سورۃ لم یکن پوری لکھیں۔ پھر روزانہ ایک پیالہ میں پانی ڈال کر لکھی ہوئی سورت پی لیں۔ یہ عمل بھی تین دن کا ہے۔

۲۔ (الف) چینی کی پلیٹ میں سورۃ فاتحہ لکھیں اور یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ یَا حَیُّ لکھیں۔ اس میں پانی ڈال کر مریض کو پلائیں۔ یہ عمل چالیس دن کرنا ہے۔

(ب) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ. وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ. فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ. فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ. وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ. قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ. رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ. اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى. پھر معوذتین سورتیں لکھیں اور مریض کے گلے میں ڈالیں۔

(ت) نیز ہر نماز کے بعد مذکورہ آیات و معوذتین کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔

عام اجازت والے اعمال

مرتبہ: محمد علیم صاحب

قرض کی ادائیگی کے لیے

قرض کی ادائیگی کے لیے روزانہ شام کو چالیس مرتبہ، جب دونوں وقت مل رہے ہوں، سورۃ اذا جاء نصر اللہ پڑھیں۔ آگے پیچھے تین تین مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں۔ ان شاء اللہ قرض کی ادائیگی کے راستے بنیں گے۔

جنگل میں ہر بلا سے امن

اگر جنگل میں جاوے تو اس کو پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے اپنے تمام بدن پر پھیر لے۔ تین بار ایسا کرے۔ ہر بلا سے امن میں رہے گا۔

حاکم کے شر سے حفاظت

اگر حاکم کے پاس جاوے تو گیارہ گیارہ مرتبہ معوذتین پڑھ کر حاکم کی طرف بھی دم کرے اور اپنے اوپر بھی پھونکے۔ اس کے رعب دہشت و خطرہ سے محفوظ رہے گا۔

نظرِ بد کے لیے

بچوں کو نظر بد سے محفوظ کرنے کیلئے مندرجہ ذیل کلمات لکھ کر گلے میں ڈالے یا تین مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کردے، ان شاء اللہ تعالیٰ نظر بد سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں: اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَامَّۃٍ وَّعَیْنٍ لَّامَّۃٍ۔

انسان اور جانور سے نظرِ بد کو دور کرنا

مندرجہ ذیل کلمات باوضو ایک سفید کاغذ پر لکھے اور اس کو پانی میں گھول کر مریض یا جانور کو پلائے یا انہی کلمات کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے جانور یا انسان کے گلے میں ڈال دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ نظر بد سے نجات حاصل ہوگی۔

لَابَاْسَ اِذْھَبِ النَّاسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَایَکْشِفُ الضُّرَّ اِلَّا اَنْتَ۔

سوئی ہوئی قسمت کو بیدار کرنے کا روحانی راز

یکسوئی سے ہو کر خلوصِ دل سے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ باوضو علیحدہ بیٹھ کر کم از کم سوا سوا لاکھ تین مرتبہ پورا کریں تاکہ خدا تعالیٰ آپ کی توبہ قبول فرما کر گناہوں سے نجات دے اور آپ کا سویا ہوا بخت بیدار ہو کر فراخی رزق اور دینی و دنیوی ترقی درجات حاصل ہو۔

نقلی پیر کی وجہ سے خاتون کی جان چلی گئی

ایم عرفان علی

ایسا ہی ایک اور واقعہ کچھ یوں ہے کہ ایک خاتون بیمار ہوگئیں۔ ان کے لواحقین مریضہ کو ہسپتال کے بجائے ایک جعلی پیر کے پاس لے گئے۔ پیر نے حسب معمول مریضہ کو دیکھ کر کہا کہ اس کے دشمنوں نے اس پر جادو کر دیا ہے۔ میں جادو تو اتار دوں گا، اس کا توڑ بھی کر دوں گا لیکن اتنے پیسے لوں گا۔ رقم بڑی تھی، پھر بھی لواحقین تیار ہو گئے اور مریضہ کا علاج شروع ہو گیا۔ جادو کا اثر زائل کرنے کے لئے کبھی کالا بکرا، کبھی والیں اور کبھی سندور اور کبھی پانی دم کر کے دیا لیکن خاتون کو افاقہ ہونے کے بجائے مرض بڑھتا رہا۔

چند دنوں میں خاتون مریضہ کی حالت غیر ہونے لگی تو اسے سول ہسپتال لے جایا گیا۔ ڈاکٹروں نے مریضہ کے مختلف ٹیسٹ لئے، ایکسرے کرائے اور مختلف مرحلوں کے بعد بتایا کہ مریضہ کے دونوں پھیپھڑے ناکارہ ہو چکے ہیں، بیماری آخری اسٹیج پر ہے اور مریضہ چند دنوں کی مہمان ہے۔

اگر فوری طور پر مریضہ کا علاج ہو جاتا اور وہ فرضی پیر کے پاس نہ جاتی تو ممکن تھا اس کی جان بچ جاتی۔ نقلی پیر کے چکر میں اس کی جان چلی گئی۔

درود شریف

حکیم صوفی عبدالرؤف نظامی (ماہر شیخ ماہ کاڑہ)

تخلیق کائنات کے شہ لولاک کی شان محبوبی تو دیکھئے کہ آپ ﷺ پر خالق کائنات کے صلوۃ پیہم کی مسلسل نوازشیں ہو رہی ہیں۔ فرشتوں کو بھی اس کا حکم ہے، وہ بھی صلوۃ کے تحفے ارسال فرما رہے ہیں اور اولاد آدم علیہ السلام میں امت محمدیہ ﷺ کو یہ شرف بخشا جا رہا ہے۔

"بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پاک ﷺ پر درود پڑھتے ہیں۔ اے ایمان والوں! تم بھی ان پر درود اور سلام بھیجو"۔ (صدق اللہ مولانا الاحزاب)

سورۃ احزاب کی یہ آیت شعبان کے مہینے میں نازل ہوئی۔ صوفیاء کرامؒ اس آیت کو قرآن کا قران کہتے ہیں۔

گورونانک سکھ مت کے بانی کو ہمارے رسول حضرت محمد ﷺ سے والہانہ عشق تھا وہ کہتے ہیں:

"وید اور پران کا زمانہ گزر گیا۔ اب دنیا کی ہدایت کے لیے قرآن واحد کتاب ہے۔ سادھوؤں، مصلحوں، شہیدوں، پیروں، شیخوں اور قطبوں کو لامعلوم ثواب ملے گا، اگر وہ پاک رسول ﷺ پر درود بھیجیں گے۔ آدمی کے پیہم بے چین ہونے اور داخل جنم ہونے کا تناسب یہ ہے کہ اس کے دل میں پیغمبر اسلام کی قدر نہیں ہے"۔ (صداقی محمد ہمارا شریف ماہ کاڑہ)

میرے شیخ المکرم فرماتے تھے کہ "کثرت سے درود شریف پڑھنے سے صرف فیض حاصل نہیں ہوتا رہے گا بلکہ دو عالم کی ساری مصیبتوں سے نجات کا سب سے آسان ذریعہ ہے"۔

درود شریف سے زیادہ کوئی وظیفہ موثر نہیں تو پھر آئیں کوئی سا بھی درود پاک لاکھوں کروڑوں کی تعداد میں پڑھیں۔ اس سے ہر وقت یادِ الٰہی کا دل میں شوق وذوق ہوگا۔ دنیا سے سلامتی ایمان لے کر آخرت کی طرف جائے گا۔ درود شریف کی برکت سے غیبی امداد ہوگی اور جہاں سے خیال وامید بھی نہ ہو، وہاں سے مدد ہو کر کام سرانجام پائیں گے۔

۱۔ درود شریف چشتیہ عالیہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِائَۃَ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّۃٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

۲۔ درود شریف اویسیہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

۳۔ درود شریف غوثیہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَ الْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

۴۔ درود شریف خضریہ

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلَّمْ

۵۔ درود شریف ابراہیمی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

۶۔ درود شریف شوقیہ

اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ قَلْبِیْ بِنُوْرِ شَوْقِکَ

ان میں سے ایک یا سب درود پاک کو سوا لاکھ، سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں اور تصور شیخ کے ساتھ یکسو ہو کر اور اجازت لے کر پڑھیں۔ لامحدود روحانی برکات حاصل ہوں گی۔

قیمت: 2000 روپے کلو
عجوہ کھجور
مدینہ منورہ کی خاص سوغات
فوائد: (۱) جادو (۱) زہر (۲) دل کے امراض (۳) خون کی رگوں کو کھولنا (۴) شوگر (۵) خون کی کمی کو دور کرنا (۶) جگر کے امراض (۷) کوڑھ کے مرض (۸) مردانہ طاقت کیلئے (۹) معدہ کو تقویت دیتا ہے (۱۰) سر درد کیلئے (۱۱) عورتوں کے رحم کے تمام امراض، لیکوریا اور کینسر جیسے امراض کے لئے بہت مفید ہے۔
darulamal.org/matabalaarif
مطب العارف 042-35410586, 0307-5525103

جسمانی بیماریوں کا طبی و روحانی علاج

ڈاکٹر سید محمد مظاہر اشرف الاشرفی الجیلانی رحمہ اللہ

سارے جسم میں درد سے نجات کا روحانی و طبی علاج

رات کو پلنگ پر لیٹنے کیلئے جائیں تو پلنگ پر پیر پھیلا کر سات (۷) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کریں اور سارے جسم پر ہاتھ پھیرتے ہوئے ٹانگوں اور پاؤں تک لائیں۔ پھر پیر کا انگوٹھا چھو کر سیدھے ہاتھ اوپر اٹھا کر سیدھے چت لیٹ جائیں اور ہاتھ پیچھے چلے جائیں۔ اس طرح آپ تین (۳) منٹ لیٹے رہیں۔ پھر کروٹ لے کر سو جائیں۔

طبی علاج کے طور پر ایک کلو میٹھے سنترہ کا عرق لیں۔ اس میں ذائقہ کے مطابق اصلی شہد ملا کر روزانہ نہار منہ ایک کپ پی لیا جائے۔ ان شاء اللہ، مرض جاتا رہے گا۔

شوگر سے نجات کا فقیری نسخہ

دو (۲) تولہ کالے تلوں کا تیل لے لیں اور چار (۴) عدد رس والے لیموں لیں۔ لیموں کا عرق کالے تل کے تیل میں ملا دیں اور خوب ہلا لیں۔ پھر اس کی آٹھ (۸) خوراک بنا لیں۔ مہینے کی پہلی تاریخ سے صبح نہار منہ یہ خوراک روزانہ پلائیں۔ آٹھ (۸) روز بعد دوا بند کر دیں۔ لیکن دوا کے ساتھ پرہیز میٹھی اور ہر بادی چیز کا ہوگا۔ دوا کے بند ہونے کے بعد یہ پرہیز مزید آٹھ روز جاری رہے یعنی پرہیز سولہ (۱۶) دن کا ہوگا۔ اس کے بعد حسب سابق سب کچھ کھائیں۔ دوا شروع کرنے سے قبل شکر ٹیسٹ کرا لیں۔ پھر سولہ (۱۶) روز بعد ٹیسٹ کرائیں۔ اس طرح تین (۳) ماہ یہ عمل دہرانے سے ان شاء اللہ شکر کا مرض ختم ہو جائے گا۔ یہ فقیری نسخہ ہے جو دعا کی طرح کام کرتا ہے۔

چہرے پر نکلنے والے دانوں کا طبی علاج

سات (۷) روز تک ایک چھٹانک ہلدی، ایک چھٹانک تازہ ادرک، ایک چھٹانک پانی ڈال کر سل پر پیسیں۔ پھر رات کو سوتے وقت چہرہ پر لگا دیں۔ اس سے چہرہ پر جلن ہوگی۔ آگ جیسی لگے گی اور پھر خوب پانی نکلے گا۔ برداشت کریں۔ کچھ دیر بعد پانی نکلنا اور جلنا بند ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ سات (۷) روز میں یہ دانے غائب ہو جائیں گے اور کافی عرصہ سکون رہے گا۔ اگر بعد میں نکلیں تو پھر یہ عمل دہرا لیں۔

مردانہ کمزوری ختم کرنے کا طبی علاج

املی کے بیج یا چنے ایک چھٹانک لیں۔ ان کے لال چھلکے پانی میں بھگو کر اتار دیں۔ پھر ان کو باریک پیس لیں اور شہد ملا کر ان کی گولیاں بنا لیں۔ یہ گولیاں بڑے چنے کے برابر ہوں۔ روزانہ صبح شام دو گولیاں کچے دودھ کے ساتھ لے لیا کریں۔

مشت زنی کے مرض سے نجات کے لیے

عمل یہ ہے کہ صبح بعد نماز فجر ایک سو (۱۰۰) مرتبہ "اعوذ باللہ من شیطان الرجیم" اور پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ مکمل استغفار پڑھا کریں۔ ان شاء اللہ شیطان سے نجات ملے گی۔

ہر وقت سر میں درد رہنے کا طبی علاج

چاروں مغز..... گری بادام، گری پستہ، مصری، دکھنی مرچ (سفید گول مرچ) ہم وزن لے لیں۔ سب کو باریک پیس کر پھنکی بنا لیں۔ روزانہ صبح نہار منہ چھ (۶) ماشہ خوراک، ایک کپ دودھ کے ساتھ پی لیا کریں۔ ان شاء اللہ سر کا درد غائب ہو جائے گا۔

شہوت کی زیادتی کو ختم کرنے کیلئے

سونے کیلئے بستر پر لیٹیں تو چت لیٹ کر شہادت کی انگلی اپنی ناف کے نیچے گاڑ کر ایک سو (۱۰۰) مرتبہ اللہ الصمد پڑھا کریں اور تصور میں یہ رہے کہ آپ صبح تک کیلئے نفسانی خواہشات کو کیل ٹھوک رہے ہیں۔ اسی طرح صبح بعد نماز فجر چہرہ پر کپڑا ڈال کر ایک سو (۱۰۰) مرتبہ "اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم" پڑھا کریں اور اللہ تعالیٰ سے دوران پڑھنے کے دعا کیا کریں "یا اللہ! مجھے دن بھر شیطان رجیم سے محفوظ رکھ"۔ ان شاء اللہ ایک ہفتہ میں آپ اس موذی شیطانی مرض سے نجات پائیں گے۔

darulamal.org/library

دنیا کی ہر خیر کو حاصل کرنے اور ہر شر سے محفوظ رہنے والی ایک خاص قرآنی دعا

پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی

۱: امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کی ہے کہ انہوں نے بیان کیا:

''نبی کریم ﷺ کی سب سے زیادہ کی جانے والی دعا یہ تھی:

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ: ۲۰۱﴾''[1]

ترجمہ: ''اے ہمارے! ہمیں دنیا میں [حَسَنَةً] دیجیے اور آخرت میں (بھی) [حَسَنَةً] اور ہمیں (دوزخ کی) آگ کے عذاب سے بچایئے''۔

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے روایت کردہ حدیث میں، آغازِ دعا میں رَبَّنَآ کی بجائے اَللّٰھُمَّ ہے۔[2]

اس بنا پر اس دعا کے آغاز میں رَبَّنَا یا اَللّٰھُمَّ جو بھی کہا جائے گا، درست اور صحیح ہوگا۔

۲: دنیا میں حَسَنَةً میں ..... بقول حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ..... عافیت، کشادہ گھر، اچھی بیوی، فراخ رزق، علمِ نافع، عملِ صالح، آرام دہ سواری، عمدہ تعریف وغیرہ دنیا کی تمام (شرعی) مرغوب چیزیں داخل ہیں۔

(تفسیر ابن کثیر ۱/ ۲۶۱)

آخرت میں حَسَنَةً میں بلند ترین چیز جنت میں داخل اور ضمنی طور پر بڑی گھبراہٹ سے محفوظ رہنا، حساب میں آسانی اور آخرت کے دیگر اچھے معاملات شامل ہیں؛

دوزخ کی آگ سے نجات میں حرام کردہ چیزوں اور گناہوں سے بچاؤ کے اسباب کا میسر آنا اور شبہات اور ناجائز باتوں اور کاموں کا ترک کرنا بھی شامل ہے۔ (تفسیر ابن کثیر ۱/ ۲۶۱)

اس دعا نے ..... جیسے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ اور بعض دیگر علماء نے بیان کیا ہے ..... اپنے اندر دنیا کی ہر خیر کو سمو دیا اور ہر شر کو پھیر دیا۔

(تفسیر ابن کثیر ۱/ ۲۶۱-۲۶۲)

---

[1] صحیح بخاری، کتاب الدعوات، باب قول النبی ﷺ

[2] صحیح مسلم، کتاب الذکر والدعاء والتوبۃ والاستغفار، باب فضل الدعاء۔

روحانی تشخیص کرنے کا خاص عمل

تشخیص کا ایک خاص عمل، جس کی تکمیل کے بعد عامل ہر طرح کے جنات، آسیب، جادو ٹونہ وغیرہ کی فوری تشخیص باآسانی کرسکتا ہے۔

•• مریض پر اثرات ہیں یا نہیں؟

فیس 1100 روپے

•• مریض کے جسم کا کوئی خاص حصہ اثرات کی زد میں ہے یا بیماری کے؟

•• گھر، دکان، فیکٹری، کوئی خاص جگہ وغیرہ روحانی طور پر متاثر ہیں یا نہیں؟

یہ عمل ہر کوئی کرسکتا ہے۔ کوئی ڈر و خوف نہیں

•• اثرات کو ختم کرنے کا جو روحانی علاج کیا جارہا ہے، اس سے مریض کو فائدہ ہو رہا ہے یا نہیں؟ جگہ روحانی طور پر صاف ہو رہی ہے یا نہیں؟

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور

4. اسی دن حضرت علی علیہ السلام نے دوشِ رسالت مآب حضرت محمد ﷺ پر خانہ خدا (اپنے نزول) کی جگہ سے بتوں کو گرایا۔
5. نوروز کے دن ہی حضرت امام محمد مہدی ہادی علیہ السلام منتقم امام کا ظہور ہوگا۔

اس سال 20 مارچ 2017ء بروز پیر 21 جمادی الثانی 1438ھ بوقت 3 بج کر 28 منٹ 35 سیکنڈ سہ پہر ''پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم'' کے مطابق پاکستان کے مروجہ شمس در برج حمل کے صفر درجہ پر تحویل آفتاب ہو گا۔

بادشاہ.....قمر وزیر.....عطارد

سپہ سالار.....مشتری مشیر.....زحل

نوروز کے حوالہ سے مخصوص دعائیں جعفریہ جنتری 2017ء میں لکھی گئی ہیں۔ ان کو لازماً مخصوص ترتیب سے پڑھیں۔

نوٹ: یہ عمل کرتے وقت 7 رنگ کی مٹھائی، سفید، لال اور سبز رنگ کی چادریں اور ایک گلاس پانی اور ایک گلاس دودھ لے کر 2 ہار گلاب اور 2 موتیا کے لے کر بی بی پاک سلام علیہا کو ہدیہ پیش کر کے مندرجہ ذیل طریقہ سے تقسیم کریں۔ یہ مٹھائی صرف اور صرف معصوم بچیاں اور عورتیں صلوٰۃ کی تلاوت کرتے ہوئے کھائیں۔ سفید رنگ کی چادر کسی بھی بزرگ سید زادی کو دیں۔ لال رنگ کی چادر اور سبز رنگ کی چادر کسی بھی سید زادی کو دے دیں اور انہیں بتائیں کہ یہ بی بی پاک سلام علیہا کے نام کی چادریں ہیں۔ ہمارے حق میں اپنی دادی سلام اللہ علیہا سے نماز کے بعد دعا کریں۔

پانی اور دودھ کا گلاس 2 معصوم بچیوں میں ہی تقسیم کریں جو کہ سادات میں سے بھی ہوں۔ گلاب اور موتیا کے ہار مغربین کے وقت علم پاک باب الحوائج حضرت عباس علمبردار علیہ السلام پر سجا دیں۔ اور دعا کرتے وقت بی بی پاک کا واسطہ دیں کہ یہ ہمارا مسئلہ حل ہو جائے۔ دعا مکمل یکسوئی سے کریں۔

یہ چیزیں صرف نوروز کے دن رکھنی ہیں۔ یہ عمل بھائیوں کے لیے بہنیں اور خاوندوں کے لیے بیویاں بھی کر سکتی ہیں۔ اس عمل کے دوران مرد موجود نہ ہوں اس جگہ پر۔ یہ عمل میرے انتہائی مخلص دوست زوار حکیم محمد ابصار حیدر (حیدری) صاحب کو ایک فقیر سید نے عنایت فرمایا تھا۔ میں نے اس عمل کو آزمایا۔ بہت ہی تیر بہدف ہے۔ میری بہنیں یہ عمل بجالا کر دیکھیں کتنے شاندار نتائج ملیں گے۔ آپ خود حیران ہو جائیں گی۔

سالانہ خریداری کیلئے تفصیل goo.gl/SyPXCb

برائے فتح یابی

فتح یابی ہر مقصد کے لیے اس نقش کو نوروز کے دن مشک وزعفران، عرق گلاب اور خاک شفاء سے لکھ کر پاس رکھیں، سفید کپڑے میں۔

۷۸۶-۹۲-۱۱۰

اللہ جل جلالہٗ	حسن عسکریؑ	علی رضاؑ	محمد باقرؑ
محمد تقیؑ	سجادؑ	محمدؐ	محمد نقیؑ
حسینؑ	جعفر صادقؑ	عباسؑ	علیؑ
محمد مہدیؑ	بی بی پاک سلام اللہ علیہا	حسنؑ	موسیٰ کاظمؑ

یا اللہ بحق چہاردہ معصوم علیہ السلام و بحق حضرت عباس علمبردار علیہ السلام فلاں بن فلاں کا فلاں مسئلہ فوراً حل ہو جائے۔ ضرور عمل میں لائیں۔

خوراک: چم چم سفید، قلاقند، برفی، ربڑی، مرس ملائی، کھیر، دودھ، حلوہ سوجی

صدقہ: چاول، آٹا، سوا دانہ، دودھ، چینی، سفید کپڑا

سائل کا دھیان: یا غنی یا مغنی 500 مرتبہ اول و آخر 11 گیارہ مرتبہ درود شریف

عیدِ نوروز اور بچیوں کی بخت کشائی

یہ نقش مشک وزعفران سے کسی صاحب عمل سے یہ نقش مخصوص چال کے مطابق بنا کر بچیاں پاس بھی رکھیں اور پنجگانہ نماز کی ادائیگی کے بعد پئیں بھی۔

روزانہ 41 مرتبہ نادعلیؑ اور 41 مرتبہ سورۃ الکوثر کا ورد کریں۔ اول و آخر 11 گیارہ مرتبہ درود شریف۔

۷۸۶-۹۲-۱۱۰

ووہ	ووہ	ووہ
ووہ	ووہ	ووہ
ووہ	ووہ	ووہ

نام مع والدہ

نوٹ یہ عمل عید نوروز کے دن سے ہی شروع کریں تو بہت جلد اچھی جگہ بخت کھل جائے گا۔ باقی دنوں کی بھی ممانعت نہیں ہے۔

امراضِ جسمانی اور وبا سے حفاظت

مندرجہ ذیل طلسم مشک وزعفران اور آب زم زم کی سیاہی گھول کر لکھ لیں۔ امراض جسمانی اور وبا سے محفوظ رہنے کے لیے یہ طلسم کارآمد ہے۔

الا=و ا ا ا ہ=ا ا ا محطے

حقوق نہ مل رہے ہوں تو؟

اگر کسی بہن یا بھائی کی جائیداد، پیسے یا کسی بھی صورت میں کسی نے حق تلفی کی ہوئی ہو تو 41 مرتبہ نادعلیؑ پڑھیں۔ 41 مرتبہ دعائے امام زمانہؑ اور 41 تسبیحاں بی بی پاک صدیقہ الکبریٰ سلام علیہا کے نام کی پڑھیں جو کہ ہم ہر نماز کے بعد بجالاتے ہیں۔ بی بی پاک سلام اللہ علیہا کو عید نوروز کے دن سے بھی ہدیہ پیش کر کے اپنے مقصد کی تکمیل کے لیے دعا کریں۔ ان شاء اللہ تیز بہدف عمل آپ کو شاندار نتائج دے گا۔

آخر میں دعا ہے محمدؐ و آل محمدؐ کے صدقے سے تمام مومنین و مومنات سمیت جناب خالد مقبول صاحب اسی طرح خدمتِ خلق صحت والی زندگی کے ساتھ جیتے رہیں اور ہم بھی ان کے شانہ بشانہ اپنے حصے کا کردار ادا کرتے رہیں۔ آمین بحق محمدؐ و آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

بقیہ: اعمال نوروز

شرف زہرہ

30 جنوری 20:00_31 جنوری 04:35 پر اس ٹائم پر نقش نادعلی اور محبت کا کلام لکھیں اور 110 مرتبہ پڑھ کر نقش پر دم کریں۔ ہر انسان آپ کا احترام و محبت کرے گا۔

شرف شمس

7 اپریل 20:27_8 اپریل 20:53 جبکہ اوج 11 جولائی 07:33_12 جولائی 08:44

یہ افسران کی تسخیر، دولت کی تسخیر، ملازمت کیلئے یہ مبارک ٹائم ہوگا۔ کیونکہ ان شرف میں کاسمک شعاؤں کا نزول ہوتا ہے۔ یہ فل پاور ٹائم ہوتا ہے۔ ان ایام میں بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ اور میرے حق میں دعا کریں۔

اعمال نوروز

سید محمد فضل عباس شاہ (قادر پور)

محترم ادارہ خزینہ روحانیت کا مشکور ہوں جنہوں نے مجھے پہلا موقع دیا ہے۔ ویسے تو میرے علم جفر کے قاعدے آئینہ قسمت زنجانی اور بارہ امامیہ زنجانی جنتری میں دیے ہوئے ہیں۔ ہمارا شجرہ خاندان سادات اور دربار عالیہ بابا قادر بخشؒ سے منسلک ہے۔

نوروز عالم افروز 20 مارچ 2017ء بروز پیر 1 بج کر 30 منٹ پر اسلام آباد سٹینڈرڈ ٹائم کو ہوگا۔ اس مبارک وقت پر میں نادعلی کا عمل دے رہا ہوں۔ جو بھی کرے گا، وہ کامیاب ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور ہوگا۔ لیکن اجازت لینا ضروری ہے تاکہ روحانی فیض آپ کو مل جائے۔

نقش نادعلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جبرائیل بحق علیؑ

۱۱۲۸	۱۱۳۲	۱۱۳۵	۱۱۲۱
۱۱۳۴	۱۱۲۲	۱۱۲۷	۱۱۳۳
۱۱۲۳	۱۱۳۷	۱۱۳۰	۱۱۲۶
۱۱۳۱	۱۱۲۵	۱۱۲۴	۱۱۳۶

میکائیل بحق علیؑ۔ بحق محمدؐ و آل محمد نام مع والدہ

اب اس لوح کے نیچے جس مقصد کیلئے تیار کرو گے، وہ لکھنا ہے۔ یہ لوح آپ کو بڑا ہی فائدہ دے گا۔

بیماری کیلئے

یا حی یا قیوم برحمتك استغیث ونزل من القرآن ما هو شفآء ورحمته للمومنین

جادو کیلئے

یا حی حین لا حی فی دیمومة ملکه و بقائه یا حی۔ عسی اللہ

اَنْ یَّجْعَلَ بَیْنَكُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِیْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۔ فَلَمَّاۤ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ۝۸۱ وَیُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝۸۲

جگر، گردوں کی بیماری کیلئے

کان الحجر مدادا الکلمات ربی

دل کی بیماری کیلئے

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىِٕنُّ الْقُلُوْبُ۔ یاحی یا قیوم یا لا الہ الا انت اسئلك ان تحیی قلبی

تعلیم کیلئے

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ ۔ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۔ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۔ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۔ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ

اولاد کیلئے

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو

حی حی حی حی حی حی حی حی حی

قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم

صلی اللہ محمد وآلہ اجمعین

پلاٹ پر مناجائز قبضہ چھڑانے کیلئے

فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰی یَاْذَنَ لِیْۤ اَبِیْۤ اَوْ یَحْكُمَ اللّٰهُ لِیْ وَهُوَ خَیْرُ الْحٰكِمِیْنَ

شادی کیلئے

رَبِّ اِنِّیْ لِمَاۤ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ

dawateislamimagazine.blogspot.com dawateislamimagazine@gmail.com

بھاگے ہوئے کو واپس لانے کیلئے

فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ

محبت کیلئے

یا جامع الناس لیوم لا ریب فیه ان الله لا یخلف المیعاد اجمعا

دولت کیلئے

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا۔

عمل کی ابتدا اور تکمیل

20 مارچ بروز پیر 15 بجکر 30 منٹ سے نور روز شروع ہوگا۔ اس سے پہلے آپ تیاری مکمل کرلیں یعنی 14 رکعات نماز ہدیہ مولائے کائنات حضرت علی علیہ السلام پڑھیں اور ساتھ سات رنگ کی مٹھائی اور ایک گلاس دودھ اور کچھ فروٹ پر مولا کی نیاز دیں۔ اس کے بعد جب قائم شروع ہونے لگے تو یہ نقش نادعلی لکھیں۔ جو بھی کوئی ایک مقصد ہے۔ رزق کیلئے، بیماری کیلئے، تعلیم کیلئے یعنی جو بھی مقصد ہے، وہ صرف ایک لکھنا ہے اور 110 مرتبہ پوری نادعلی پڑھیں۔ اول آخر 11-11 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر اس لوح (یعنی تعویذ) پر دم کریں اور روزانہ نماز عشاء کے بعد 110 مرتبہ نادعلی بمع مقصد پڑھیں۔ یہ 11 یا 41 دن تک کریں ان شاء اللہ آپ کا مقصد جو بھی ہوگا وہ پورا ہوگا۔

شرح نرخ

جنات جادو کیلئے..... نقش نادعلی اور کلام جادو کا توڑ لکھیں۔ ان شاء اللہ جادو کا خاتمہ ہوجائے گا۔ یہ اوج 17 اگست 18:24 _ 19 اگست 07:59 منٹ تک ہوگا۔

(بقیہ ص 38 پر)

لوح شفائے امراض


سید شعیب الرحمن کاکاخیل (ایبٹ آباد)

اس سال تحویل آفتاب میں لوح شفائے امراض لکھنے کی سعادت حاصل کرتا ہوں۔ لوح شفائے امراض ہر بیماری کے لیے پر اثر ہے۔

لاعلاج امراض: امراض معدہ، کالا یرقان، پیلا یرقان، پیٹ کے امراض، ہائی بلڈ پریشر، ہڈیوں میں درد ہونا، سر میں درد ہونا، امراض کینسر، جادو ٹونہ، آسیب، پری، بھوت، چڑیل بلکہ ہر بیماری کے لیے شفا ہے۔

یہ لوح خالص چاندی کی پلیٹ پر یا سفید کاغذ پر عنبر اور زعفران اور مشک سے چالیس عدد لکھیں۔ ایک تعویذ کو گلے میں ڈال کر اور باقی پانی میں گھول کر پئیں۔ اس کی برکت سے اللہ پاک شفا عطا فرمائیں گے۔ یہ شفائے امراض کے لیے پرتاثیر عمل ہے۔

اس لوح کے لیے ضروری ہے کہ اجازت لیں پھر عمل کریں۔ اجازت کے بغیر عمل نہ کریں۔ اللہ پاک سے دعا ہے کہ اللہ پاک انہیں برکتیں عطا کریں۔ آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الدین الرحمن اور خزینہ روحانیات کے بورڈ کے لیے دعا میں خیر فرمائیں۔ اللہ برکت دیں۔



goo.gl/lI3Kbj عاملین کیلئے پرزہ تعویذات کی تفصیل

ویران مسجد میں عجب نمازی

انتخاب: میجر نواز

ایک شخص نے یوں قصہ سنایا کہ میں اور میرے ماموں نے حسب معمول مکہ حرم شریف میں نماز جمعہ ادا کی اور گھر کو واپسی کیلئے روانہ ہوئے۔ شہر سے باہر نکل کر سڑک کے کنارے کچھ فاصلے پر ایک بے آباد و سنسان مسجد آتی ہے۔ مکہ شریف کو آتے جاتے سپر ہائی وے سے بارہا گزرتے ہوئے اس جگہ اور اس مسجد پر ہماری نظر پڑتی رہتی ہے اور ہم ہمیشہ ادھر سے ہی گزر کر جاتے ہیں مگر آج جس چیز نے میری توجہ اپنی طرف کھینچ لی تھی، وہ تھی ایک نیلے رنگ کی فوروڈ کار جو مسجد کی خستہ حال دیوار کے ساتھ کھڑی تھی۔ چند لمحے تو میں سوچتا رہا کہ اس کار کا اس سنسان مسجد کے پاس کیا کام! مگر اگلے لمحے میں نے کچھ جاننے کا فیصلہ کرتے ہوئے اپنی کار کو رفتار کم کرتے ہوئے مسجد کی طرف جاتی کچی سائڈ روڈ پر ڈال دیا۔ میرا ماموں جو عام طور پر واپسی کا سفر غنودگی میں گزارتا ہے، اس نے بھی اپنی آنکھوں کو وا کرتے ہوئے میری طرف حیرت سے دیکھتے ہوئے پوچھا کہ ''کیا بات ہے، ادھر کیوں جا رہے ہو؟'' ہم نے اپنی کار کو مسجد سے دور کچھ فاصلے پر روکا اور پیدل مسجد کی طرف چلے۔ مسجد کے نزدیک جانے پر اندر سے کسی کی پرسوز آواز میں سورۃ الرحمٰن تلاوت کرنے کی آواز آ رہی تھی۔ پہلے تو یہی ارادہ کیا کہ باہر رہ کر ہی اس خوبصورت تلاوت کو سنیں مگر پھر یہ سوچ کر کہ اس بوسیدہ مسجد میں جہاں اب پرندے بھی شاید نہ آتے ہوں، اندر جا کر دیکھنا تو چاہیے کہ کیا ہو رہا ہے؟ ہم نے اندر جا کر دیکھا تو ایک نوجوان مسجد میں جائے نماز بچھائے ہاتھ میں چھوٹا سا قرآن شریف لئے بیٹھا تلاوت میں مصروف ہے اور مسجد میں اس کے سوا اور کوئی نہیں ہے۔ بلکہ ہم نے تو احتیاطاً ادھر ادھر دیکھ کر اچھی طرح تسلی کر لی کہ واقعی کوئی اور موجود تو نہیں ہے۔ میں نے اُسے السلام وعلیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہا۔ اس نے نظر اُٹھا کر ہمیں دیکھا۔ صاف لگ رہا تھا کہ کسی کی غیر متوقع آمد اس کے وہم و گمان میں بھی نہ تھی۔ حیرت اس کے چہرے سے عیاں تھی۔ اُس نے ہمیں جواباً وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہا۔ میں نے اس سے پوچھا ''عصر کی نماز پڑھ لی ہے کیا تم نے؟ نماز کا وقت ہو گیا ہے اور ہم نماز پڑھنا چاہتے ہیں''۔

اُس کے جواب کا انتظار کئے بغیر میں نے اذان دینا شروع کی تو وہ نوجوان قبلہ کی طرف رخ کئے مسکرا رہا تھا۔ کس بات پر یا کس لئے یہ مسکراہٹ؟ مجھے پتہ نہیں تھا۔ عجیب معمہ سا تھا۔ پھر اچانک ہی اس نوجوان نے ایک ایسا جملہ بولا کہ مجھے اپنے اعصاب جواب دیتے نظر آئے۔ نوجوان کسی کو کہہ رہا تھا ''مبارک ہو، آج تو باجماعت نماز ہوگی''۔ میرے ماموں نے بھی مجھے تعجب بھری نظروں سے دیکھا، جسے میں نظر انداز کرتے ہوئے اقامت کہنا شروع کر دی۔ جبکہ میرا دماغ اس نوجوان کے اس فقرے پر اٹکا ہوا تھا کہ مبارک ہو، آج تو باجماعت نماز ہوگی۔ دماغ میں بار بار یہی سوال آ رہا تھا کہ یہ نوجوان آخر کس سے باتیں کرتا ہے؟ مسجد میں ہمارے سوا کوئی بندہ و بشر نہیں ہے۔ مسجد فارغ اور ویران پڑی ہے۔ کیا یہ پاگل تو نہیں ہے؟ میں نے نماز پڑھا کر نوجوان کو دیکھا جو ابھی تک تسبیح میں مشغول تھا۔ میں نے اس سے پوچھا ''بھائی کیا حال ہے تمہارا؟'' جس کا جواب اس نے ''بخیر وللہ الحمد'' کہہ کر دیا۔ میں نے اس سے پھر کہا ''اللہ تیری مغفرت کرے۔ تو نے میری نماز سے توجہ کھینچ لی ہے۔'' ''وہ کیسے؟'' نوجوان نے حیرت سے پوچھا۔ میں نے جواب دیا کہ ''جب میں اقامت کہہ رہا تھا تو نے ایک بات کہی مبارک ہو، آج تو باجماعت نماز ہوگی۔'' نوجوان نے ہنستے ہوئے جواب دیا کہ ''اس میں ایسی حیرت والی کون سی بات ہے؟'' میں نے کہا ''ٹھیک ہے کہ اس میں حیرت والی کوئی بات نہیں ہے مگر تم بات کس سے کر رہے تھے آخر؟'' نوجوان میری بات سن کر مسکرا تو ضرور دیا مگر جواب دینے کی بجائے اس نے اپنی نظریں جھکا کر زمین میں گاڑ لیں، جیسے سوچ رہا ہو کہ میری بات کا جواب دے یا نہ دے۔ میں نے اپنی بات کو جاری رکھتے ہوئے کہا کہ ''مجھے نہیں لگتا کہ تم پاگل ہو، تمہاری شکل بہت مطمئن اور پرسکون ہے اور ماشاء اللہ تم نے ہمارے ساتھ نماز بھی ادا کی ہے''۔ اس بار اُس نے نظریں اٹھا کر مجھے دیکھا اور کہا ''میں مسجد سے بات کر رہا تھا۔'' اس کی بات میرے ذہن پر بم کی طرح لگی۔ اب تو میں سنجیدگی سے سوچنے لگا کہ یہ شخص ضرور پاگل ہے۔ میں نے ایک بار پھر اس سے پوچھا ''کیا کہا ہے تم نے؟ تم اس مسجد سے گفتگو کر رہے تھے؟ تو پھر کیا اس مسجد نے تمہیں کوئی جواب دیا ہے؟'' اس نے پھر مسکراتے ہوئے ہی جواب دیا کہ ''مجھے ڈر ہے تم کہیں مجھے پاگل نہ سمجھنا شروع کر دو''۔ میں نے کہا ''مجھے تو ایسا ہی لگ رہا ہے۔ یہ فقط پتھر ہیں اور پتھر نہیں بولا کرتے۔'' اُس نے مسکراتے ہوئے کہا کہ ''آپ کی بات ٹھیک ہے۔ یہ صرف پتھر ہیں''۔ ''اگر تم یہ جانتے ہو کہ یہ صرف پتھر ہیں جو نہ سنتے ہیں اور نہ بولتے ہیں تو باتیں کس سے کیں؟'' نوجوان نے نظریں پھر زمین کی طرف کر لیں، جیسے سوچ رہا ہو کہ جواب دے یا نہ دے اور اب کی بار اُس نے نظریں اُٹھائے بغیر ہی کہا کہ ''میں مسجدوں سے عشق کرنے والا انسان ہوں۔

مضامین کیلئے خوبصورت ڈیزائن کی تفصیل goo.gl/N5BASz

جب بھی کوئی پرانی، ٹوٹی پھوٹی یا ویران مسجد دیکھتا ہوں تو اس کے بارے میں سوچتا ہوں۔ مجھے اُن ایام کا خیال آجاتا ہے جب لوگ اس مسجد میں نمازیں پڑھا کرتے ہوں گے۔ پھر میں اپنے آپ سے ہی سوال کرتا ہوں کہ اب یہ مسجد کتنا شوق رکھتی ہوگی کہ کوئی تو ہو جو اس میں آ کر نماز پڑھے، کوئی تو ہو جو اس میں بیٹھ کر اللہ کا ذکر کرے۔ میں مسجد کی اس تنہائی کے درد کو محسوس کرتا ہوں کہ کوئی تو ہو جو ادھر آ کر تسبیح و تحلیل کرے، کوئی تو ہو جو آ کر چند آیات پڑھ کر ہی اس کی دیواروں کو ہلا دے۔ میں تصور کرسکتا ہوں کہ یہ مسجد کس قدر اپنے آپ کو باقی مساجد میں تنہا پاتی ہوگی۔ کس قدر تمنا رکھتی ہوگی کہ کوئی آ کر چند رکعتیں اور چند سجدے ہی ادا کر جائے اس میں۔ کوئی بھولا بھٹکا مسافر یا راہ چلتا انسان آ کر ایک اذان ہی بلند کردے۔ پھر میں خود ہی ایسی مسجد کو جواب دیا کرتا ہوں کہ اللہ کی قسم میں ہوں جو تیرا شوق پورا کروں گا۔ اللہ کی قسم میں ہوں جو تیرے آباد ونوں جیسے ماحول کو زندہ کروں گا۔ پھر میں ایسی مسجد میں داخل ہو کر دو رکعت پڑھتا ہوں اور قرآن شریف کے ایک سیپارہ کی تلاوت کرتا ہوں۔ میرے بھائی، تجھے میری باتیں عجیب لگیں گی، مگر اللہ کی قسم میں مسجدوں سے پیار کرتا ہوں، میں مسجدوں کا عاشق ہوں"۔

میری آنکھیں آنسوؤں سے بھر گئیں۔ اس بار میں نے اپنی نظریں زمین میں گاڑ دیں کہ کہیں نوجوان مجھے روتا ہوا نہ دیکھ لے۔ اُس کی باتیں، اُس کا احساس، اُس کا عجیب کام اور اس کا عجیب اسلوب۔ کیا عجیب شخص ہے جس کا دل مسجدوں میں اٹکا رہتا ہے؟ میرے پاس کہنے کیلئے اب کچھ بھی تو نہیں تھا۔ صرف اتنا کہتے ہوئے کہ اللہ تجھے جزائے خیر دے، میں نے اسے سلام کیا۔ "مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھنا" کہتے ہوئے اُٹھ کھڑا ہوا۔ مگر ایک حیرت ابھی باقی تھی۔ نوجوان نے پیچھے سے مجھے آواز دیتے ہوئے کہا تو میں دروازے سے باہر جاتے جاتے رُک گیا۔ نوجوان کی نگاہیں ابھی بھی جھکی تھیں اور وہ مجھے کہہ رہا تھا کہ "جانتے ہو جب میں ایسی ویران مساجد میں نماز پڑھ لیتا ہوں تو کیا دعا مانگا کرتا ہوں؟" میں نے صرف اسے دیکھا تاکہ بات مکمل کرے۔ اس نے اپنی بات کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے کہا "میں دعا مانگا کرتا ہوں کہ اے میرے پروردگار! اے میرے رب! اگر تو سمجھتا ہے کہ میں نے تیرے ذکر، تیرے قرآن کی تلاوت اور تیری بندگی سے اس مسجد کی وحشت و ویرانگی کو دور کیا ہے تو اس کے بدلے میں تو میرے باپ کی قبر کی وحشت و ویرانگی کو دور فرمادے، کیونکہ تو ہی رحم و کرم کرنے والا ہے۔"

مجھے اپنے جسم میں ایک سنسناہٹ سی محسوس ہوئی۔ اپنے آپ پر قابو نہ رکھ سکا اور پھوٹ پھوٹ کر رو دیا۔ پیارے دوست، پیاری بہن، کیا عجیب تھا یہ نوجوان اور کیسی عجیب محبت تھی اسے والدین سے! کس طرح کی تربیت پائی تھی اس نے؟ اور ہم کس طرح کی تربیت دے رہے ہیں اپنی اولاد کو؟ ہم کتنے نافرض شناس ہیں اپنے والدین کے چاہے وہ زندہ ہوں یا فوت شدہ؟ بس اللہ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں نیک اعمال کی توفیق دے اور ہمارا نیکی پر خاتمہ کرے۔ اللّٰھم آمین

ازراہِ کرم! اگر آپ کو یہ موضوع اچھا لگا ہے تو اپنے ان احباب کو بھی پڑھوایئے، جن کے لیے آپ چاہتے ہیں کہ ان کا بھلا اور فائدہ ہوجائے۔

مت بھولئے کہ نیکی کی ترغیب دلانے والے کو نیکی کرنے والے کے جتنا ثواب ملتا ہے۔ کیا کبھی آپ میں سے کسی نے یہ سوچا ہے کہ موت کے بعد کیا ہوگا؟ جی ہاں! موت کے بعد کیا ہوگا؟ تنگ و تاریک گڑھا، گھٹا ٹوپ اندھیرا، وحشت و ویرانگی، سوال و جواب، سزا و جزا، اور پھر جنت یا دوزخ۔ یا اللہ! اس کو پڑھنے والے کے دکھ، درد اور پریشانیاں دور فرمادے اور ہر اس شخص کی بھی جو وعظ و عبرت لیلئے اس کو دوسروں کو پڑھوائے۔ آمین یارب العالمین۔

(عمل ہر لحاظ سے مدتِ عمل ہوتی ہے)

مجلس صیانۃ المسلمین پاکستان لاہور

کا سالانہ

اجتماع

سہ روزہ دینی و اصلاحی

3 جمعہ
4 ہفتہ
5 اتوار

مارچ 2017

جس میں حضرت مولانا مجدد الملت حکیم الامت محمد اشرف علی تھانوی صاحبؒ کے سلسلہ کے مجازین خلفاء کرام اور دیگر اکابر علماء کرام و مشائخ عظام شرکت فرمائیں گے

مورخہ 4 مارچ ہفتہ بعد نماز عشاء جامعہ اشرفیہ کے فضلاء کی دستار بندی ہوگی

بمقام

جامعہ اشرفیہ

فیروزپور روڈ لاہور

0300-8439617
0321-4050123

اِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ کے عامل بنیں

خاد مقبول حفظہ اللہ {سر پرستہ دار العمل چشتیہ}

شدید محبت پیدا کرنے کی آیت کے عامل بننے اور فیض بانٹیں

اس مضمون میں اِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ (عادیات:۸) کا بنیادی زکوٰۃ بتایا گیا ہے اور اس کے ساتھ ملفوظی اور عددی نقوش کے بارے میں بھی آگاہی دی گئی ہے تاکہ بوقت ضرورت استفادہ کیا جا سکے۔ نقوش کو کیسے استعمال کیا جاتا ہے اور ملفوظی کو کس جگہ اور عددی کو کس جگہ استعمال کرنا چاہئے؟ یہ عاملین کو پتہ ہے۔ لہٰذا اس بارے میں نہیں لکھا جائے گا۔

ایک اہم بات ہمیشہ ذہن میں رہے کہ بنیادی درجہ کا عامل/عاملہ صرف اپنے لئے یا اپنے گھر والوں کے لئے عملیات کر سکتا/سکتی ہے۔ عوام کا علاج معالجہ کرنے کے لئے باقاعدہ سیکھنا پڑتا ہے ورنہ نقصان ہونے کا قوی اندیشہ ہوتا ہے۔

عمل کا طریقہ

اِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ کا بنیادی درجہ کا عامل/عاملہ بننے کے لیے نوچندی شب جمعرات یا جمعہ کے بعد کوئی وقت مقرر کر لیں۔ جگہ بھی مقرر ہو۔ اول و آخر گیارہ بار درود ابراہیمی کے ساتھ عمل کو تیرہ سو پانچ (۱۳۰۵) بار ستر ہ (۱۷) یوم بلاناغہ پڑھیں۔ روزانہ عمل مکمل کر کے اللہ ﷻ سے اپنے عمل کی کامیابی کی دعا اس انداز میں مانگیں کہ "یا اللہ! میں نے جو یہ عمل کیا ہے، اس کی کمی کوتاہیوں کو اپنے فضل سے پوری کر کے اس عمل کو میرے عمل میں دے دیں تاکہ میں اس کے روحانی فیض سے خود بھی فیض یاب ہوں اور میرے گھر والے بھی فیض یاب ہوں"۔ آخری روز سوا پاؤ یا سوا کلو سفید شیرینی (برفی، چم چم وغیرہ) نابالغ بچوں میں تقسیم کر دیں اور دو رکعت نفل شکرانے کے پڑھیں۔ پھر روزانہ صبح شام نو (۹) بار، اول و آخر ایک بار درود شریف کو اپنے معمول میں رکھیں۔ اب آپ اِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ کے عامل ہو چکے ہیں۔ کسی بھی کتاب میں اس کا کوئی طریقہ استعمال ملے یعنی عمل ملے تو آپ کرنے کے اہل ہیں۔ کسی سے اجازت کی ضرورت نہیں ہے۔ عمل آپ کے پاس ہے، کتابوں میں طریقہ استعمال دیئے جاتے ہیں۔ صرف یہ احتیاط رکھنی ہے کہ عمل اپنے لیے یا اپنے گھر والوں کے لیے استعمال کرنا ہے۔ اگر کسی اور کو دینا بھی ہو تو ہرگز جادو یا جنات کے مسئلے میں ہاتھ نہیں ڈالنا۔ باقی معاملات کے لئے اپنی سمجھ کے مطابق فیصلہ کر لیں۔

نقوش بھرنے کے طریقے

نقوش بھرنے کا عمل بھی بہت آسان ہے۔ صرف یہ اصول یاد رکھیں کہ سب سے چھوٹا عدد، سب سے پہلے لکھنا ہے، پھر اس سے بڑا اور پھر اس سے بڑا۔ اور اسی طرح نقش پورا کرنا ہے۔

اِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ کے مثلث عددی نقوش

آتشی چال

۷۸۶

۴۳۸	۴۳۱	۴۳۶
۴۳۳	۴۳۵	۴۳۷
۴۳۴	۴۳۹	۴۳۲

بادی چال

۷۸۶

۴۳۲	۴۳۷	۴۳۶
۴۳۹	۴۳۵	۴۳۱
۴۳۴	۴۳۳	۴۳۸

dardamal.com khazinaeruhaniyaat.blogspot.com maganeruhaniyaat.com

آبی چال

۷۸۶

۴۳۲	۴۳۷	۴۳۶
۴۳۹	۴۳۵	۴۳۱
۴۳۴	۴۳۳	۴۳۸

خاکی چال

۷۸۶

۴۳۲	۴۳۹	۴۳۴
۴۳۷	۴۳۵	۴۳۳
۴۳۶	۴۳۱	۴۳۸

اِنَّہٗ لَحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ کے مربع عددی نقوش

درج ذیل میں چاروں چالوں کے مربع نقوش دیے جارہے ہیں

آتشی چال

۷۸۶

۳۲۶	۳۲۹	۳۳۲	۳۱۸
۳۳۱	۳۱۹	۳۲۵	۳۳۰
۳۲۰	۳۳۴	۳۲۷	۳۲۴
۳۲۸	۳۲۳	۳۲۱	۳۳۳

بادی چال

۷۸۶

۳۲۹	۳۲۶	۳۱۸	۳۳۲
۳۱۹	۳۳۱	۳۳۰	۳۲۵
۳۳۴	۳۲۰	۳۲۴	۳۲۷
۳۲۳	۳۲۸	۳۳۳	۳۲۱

آبی چال

۷۸۶

۳۲۹	۳۲۶	۳۱۸	۳۳۲
۳۱۹	۳۳۱	۳۳۰	۳۲۵
۳۳۴	۳۲۰	۳۲۴	۳۲۷
۳۲۳	۳۲۸	۳۳۳	۳۲۱

خاکی چال

۷۸۶

۳۲۶	۳۲۹	۳۳۲	۳۱۸
۳۳۱	۳۱۹	۳۲۵	۳۳۰
۳۲۰	۳۳۴	۳۲۷	۳۲۴
۳۲۸	۳۲۳	۳۲۱	۳۳۳

اِنَّہٗ لَحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ کے مربع لفظی تعویذات

آتشی چال

۷۸۶

انہ	لحب	الخیر	لشدید
لشدید	الخیر	لحب	انہ
لحب	انہ	لشدید	الخیر
الخیر	لشدید	انہ	لحب

بادی چال

۷۸۶

لحب	انہ	لشدید	الخیر
الخیر	لشدید	انہ	لحب
انہ	لحب	الخیر	لشدید
لشدید	الخیر	لحب	انہ

darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
magazine@darulamal.org

آبی چال

۷۸۶

الخیر	لشدید	انہ	لحب
لحب	انہ	لشدید	الخیر
لشدید	الخیر	لحب	انہ
انہ	لحب	الخیر	لشدید

خاکی چال

۷۸۶

لشدید	الخیر	لحب	انہ
انہ	لحب	الخیر	لشدید
الخیر	لشدید	انہ	لحب
لحب	انہ	لشدید	الخیر

عامل بننے کا فائدہ

اس آیت میں اللہ ﷻ نے عجیب فیض رکھا ہے۔ یہ آیت محبت/حب سے تعلق رکھتی ہے اور محبت کے لیے بہت مجرب ہے۔ اس کا اثر بہت تیز ہوتا ہے۔ جس جگہ شدید محبت پیدا کرنی ہو، صرف انہی جگہ اس کا استعمال کیا جائے۔ دیگر تمام حب کے معاملات میں دوسرے اعمال سے کام لیا جائے۔ البتہ یہ خاص خیال رکھا جائے کہ عمل کرنے کی شرعی ممانعت نہ ہو۔

شدید محبت کی ضرورت کم ہی پڑتی ہے مگر جب پڑتی ہے تو عاملین کے پاس تیز عمل نہیں ہوتا۔ وہ عام اعمال سے کام لیتے ہیں اور معاملات تاخیر کا شکار ہوتے ہیں۔ اس آیت کا عامل/عاملہ بننے کے بعد درج ذیل کام لیے جا سکتے ہیں۔ چند ذکر کیے جا رہے ہیں:

- .....شوہر بیوی کا معاملہ طلاق تک پہنچ جائے۔ شوہر کوئی بات سننے کو تیار نہ ہو۔ کسی کے سمجھانے کا کوئی فائدہ نہ ہو رہا ہو۔
- .....بیوی روٹھ کر میکے چلی گئی ہو اور خلع کا مطالبہ کر رہی ہو۔ کسی کی بات سننے کو تیار نہ ہو۔ کسی کے سمجھانے کا کوئی فائدہ نہ ہو رہا ہو۔
- .....اولاد والدین کی بہت زیادہ مخالف ہو گئی ہو۔ بہت زبان درازی کرتی ہو یہاں تک کہ مار پیٹ بھی کرتی ہو۔
- .....والدین میں سے کوئی اولاد سے بہت زیادہ ناراض ہو گیا ہو۔ گھر سے نکال دیا ہو۔ جائیداد سے عاق کرنے لگے ہوں۔
- .....مثالی دوستی دشمنی میں بدل جائے اور دشمن جانی یا مالی نقصان کرنا چاہتا ہو۔
- .....خاندان کا کوئی محرم حد درجہ مخالف ہو گیا ہو اور مسلسل خاندان میں نفرتیں پھیلا رہا ہو۔ لوگوں کو خلاف کر رہا ہو۔
- .....افسر نوکری سے نکال رہا ہو۔ کسی کی بات نہیں مان رہا ہو۔
- .....پولیس/پنچایت/عدالت وغیرہ کو کوئی مقدمہ ہو اور دوسرا فریق کسی طور پر معافی دینے پر راضی نہ ہو رہا ہو۔

اور اس طرح کے بے شمار معاملات ہیں، جو عاملین کے پاس آتے رہتے ہیں۔ یہ عاملین کے صوابدید پر ہے کہ وہ کس طرح معاملے کو حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

عمل کی اجازت لینے کا طریقہ

- .....ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران کے لیے فیس 1100 روپے ہے۔
- .....دیگر احباب اجازت لینا چاہیں تو فیس 2100 روپے ادا کرنا ہوگی۔
- .....سہولت کے لیے ادارے سے اس عمل کے استعمال کی کاپی بھی لی جا سکتی ہے۔ یہ کاپی صرف اس عمل کو مکمل کرنے والوں کو دی جائے گی۔
- .....اس عمل کا چلہ کرنا لازمی ہے۔ بغیر چلہ کیے اس عمل کا عامل نہیں بنا جا سکتا۔ چلہ کرنے کے لیے مکمل طریقہ مع تمام پرہیز و احتیاطات، چلہ کرنے والوں کو بتایا جائے گا۔
- ..... رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے جوابی لفافے کے ساتھ خط ارسال کریں اور اجازت حاصل کریں۔ جو لوگ جواب خط کی بجائے بذریعہ email یا whatsapp حاصل کرنا چاہیں، وہ کوپن کے ساتھ لکھ دیں، جوابی لفافہ ارسال نہ فرمائیں۔
- .....اجازت صرف وہی منگوائیں، جنہوں نے عمل کرنا ہو۔
- .....مزید شرائط کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔

khazinaruhaniyat.blogspot.com
darulamal.org/magazines/khazina
magazine@darulamal.org

عشق کے چالیس نرالے اصول

انتخاب: عارف ندیم (لاہور)

یہ چالیس اصول دراصل شمس تبریزؒ کے اقوال ہیں۔ سارے کے سارے اصول ان دونوں ہستیوں کے باہمی مکالمے پر مشتمل نہیں ہیں۔ ناول نگار نے اقوال کو ناول کے بعض دوسرے کرداروں کے ساتھ بھی شمس تبریزؒ کی ہونے والی گفتگو میں پرویا ہے۔

❶ ..... ہم خدا کے بارے میں جو گمان رکھتے ہیں، وہ دراصل ہماری اپنی شخصیت کے بارے میں ہمارے گمان کا ایک عکس ہوتا ہے۔ اگر خدا کے ذکر سے ذہن میں محض الزام اور خوف ہی ابھرے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ خوف اور الزام تراشی ہمارے اپنے سینے کی گھٹن میں چھپ رہی ہے۔ اور اگر خدا ہمیں محبت اور شفقت سے چھلکتا ہوا دکھائی دے، تو یقیناً ہم بھی محبت اور شفقت سے چھلک رہے ہیں۔

❷ ..... سچائی کا راستہ دراصل دل کا راستہ ہے دماغ کا نہیں۔ اپنے دل کو اپنا اولین مرشد بناؤ، عقل کو نہیں۔ اپنے نفس کا سامنا اور مقابلہ کرنے کیلئے دل کی مدد لو کیونکہ تمہاری روح پر ہی خدا کی معرفت کا نزول ہوتا ہے۔

عقل و دل و نگاہ کا مرشدِ اولیں ہے عشق
عشق نہ ہو تو شرع و دیں، بتکدۂ تصورات

❸ ..... قرآن پڑھنے والا ہر شخص، قرآن کو اپنے فہم و ادراک کی گہرائی کے مطابق ہی سمجھ پاتا ہے۔ قرآن کی فہم کے چار درجات ہیں۔ پہلا درجہ ظاہری معانی ہیں اور زیادہ تر اکثریت اسی پر قناعت کئے ہوئے ہے۔ دوسرا درجہ باطنی معانی کا ہے۔ تیسرا درجہ ان باطنی معنوں کا بطن ہے۔ اور چوتھا درجہ اس قدر عمیق معنوں کا حامل ہے کہ زبان ان کے بیان پر قادر نہیں ہوسکتی۔ چنانچہ یہ ناقابلِ بیان ہیں۔ علماء و فقہاء جو شریعت کے احکامات پر غور و خوض کرتے رہتے ہیں، یہ پہلے درجے پر ہیں۔ دوسرا درجہ صوفیہ کا ہے۔ تیسرا درجہ اولیاء کا ہے۔ چوتھا درجہ صرف انبیاء مرسلین اور ان کے ربانی وارثین کا ہے۔ پس تم کسی انسان کے اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق اور اس تعلق کی نوعیت کو اپنے قیاس سے جاننے کی فکر نہ کیا کرو۔ ہر شخص کا اپنا اپنا راستہ ہے اور اظہارِ بندگی کی ایک اپنی نوعیت ہے۔ خدا بھی ہمارے الفاظ و اعمال کو نہیں بلکہ ہمارے دلوں کو دیکھتا ہے۔ یہ مذہبی رسوم و رواج بذاتِ خود مقصود نہیں ہیں۔ اصل چیز تو دل کی پاکیزگی ہے۔

❹ ..... تم کائنات کی ہر شے اور ہر شخص میں خدا کی نشانیاں دیکھ سکتے ہو کیونکہ خدا صرف کسی مسجد، مندر یا کسی گرجے اور صومعے تک محدود نہیں ہے۔ لیکن اگر پھر بھی تمہاری تسلی نہ ہو تو خدا کو کسی عاشقِ صادق کے دل میں ڈھونڈو۔

❺ ..... عقل اور دل، دو مختلف چیزیں ہیں۔ عقل لوگوں کو کسی نہ کسی بندھن میں جکڑتی ہے اور کسی چیز کو داؤ پر نہیں لگاتی، لیکن دل ہر بندھن سے آزاد ہو کر اپنا آپ داؤ پر لگا دیتا ہے۔ عقل ہمیشہ محتاط اور پھونک پھونک کر قدم رکھتی ہے کہ دیکھو کسی کیفیت کا زیادہ اثر مت لینا۔ لیکن دل کہتا ہے کہ مت گھبراؤ، ہمت کرو اور ڈوب جاؤ کیفیت میں۔ عقل آسانی سے اپنا آپ فراموش نہیں کرتی جبکہ عشق تو بکھر جانے اور فنا ہو جانے کیلئے ہمہ وقت تیار ہے۔ اور خزانے بھی تو ویرانوں میں ملے جلے ملتے ہیں۔ ایک شکستہ دل میں ہی تو خزانہ مدفون ہوتا ہے۔

❻ ..... دنیا کے زیادہ تر مسائل الفاظ اور زبان کی کوتاہیوں اور غلط معانی اخذ کرنے سے جنم لیتے ہیں۔ چنانچہ کبھی بھی الفاظ کی ظاہری سطح تک خود کو محدود مت کرو۔ جب محبت اور عشق کے میدان میں قدم رکھتے ہیں تو الفاظ بیان اور زبان و اظہار اپنی اہمیت کھو بیٹھتے ہیں۔ وہ جو کسی لفظ سے بیان نہ ہو سکے، اس کو صرف خاموشی سے ہی سمجھا جا سکتا ہے۔

❼ ..... تنہائی اور خلوت، دو مختلف چیزیں ہیں۔ جب ہم تنہا اور اکیلے ہوتے ہیں تو اس غلط فہمی میں مبتلا ہونا بہت آسان ہو جاتا ہے کہ ہم سیدھے رستے پر ہیں۔ لیکن خلوت یہی ہے کہ آدمی تنہا ہوتے ہوئے بھی تنہا نہ ہو۔ بہتر ہے کہ ہماری تنہائی کسی ایسے شخص کے دم قدم سے آباد ہو جو ہمارے لئے ایک بہترین آئینے کی حیثیت رکھتا ہو۔ یاد رکھو کہ صرف کسی دوسرے انسان کے دل میں ہی تم اپنا درست عکس دیکھ سکتے ہو اور اور تمہاری شخصیت میں خدا کے جس مخصوص جلوے کا ظہور ہو رہا ہے، وہ صرف کسی دوسرے انسان کے آئینۂ قلب میں تمہیں دکھائی دے گا۔

❽ ..... زندگی میں کچھ بھی ہو جائے، زندگی کتنی ہی دشوار کیوں نہ لگنے لگے، مایوس کبھی مت ہونا۔ یقین رکھو کہ جب ہر دروازہ بند ہو جائے تب بھی خداوندِ کریم اپنے بندے کے لیے کوئی نہ کوئی نئی راہ ضرور کھول دیتا ہے۔ ہر حال میں شکر کرو۔ جب سب کچھ اچھا جا رہا ہو، اس وقت شکر کرنا بہت آسان ہے لیکن ایک صوفی نہ صرف ان باتوں پر شکر گذار ہوتا ہے جن میں اس کے ساتھ عطا اور بخشش کا معاملہ

تعویذ حفظ و ایمان کی تفصیل goo.gl/ckrYvJ

گذرے، بلکہ ان تمام باتوں پر بھی شکر ادا کرتا ہے جن سے اسے محروم رکھا گیا۔ عطا ہو یا منع، ہر حال میں شکر۔

۹ ..... صبر اس بات کا نام نہیں ہے کہ انسان عضوِ معطل ہو کر بے بسی کے ہاتھوں برداشت کے عمل سے گذرتا رہے۔ بلکہ صبر کا مطلب یہ ہے کہ انسان اتنا دور اندیش اور وسیع نگاہ کا حامل ہو کہ معاملات کے انجام پر نظر رکھتے ہوئے رب پر بھروسہ رکھے۔ صبر کیا ہے؟ صبر یہ ہے کہ جب تم کانٹے کو دیکھو تو تمہیں پھول بھی دکھائی دے۔ جب رات کے گھپ اندھیرے پر نظر پڑے تو اس میں صبحِ صادق کا اجالا بھی دکھائی دے۔ بے صبری یہ ہے کہ انسان اتنا کوتاہ بین اور کم نظر ہو کہ معاملے کے انجام پر نظر ڈالنے سے قاصر رہ جائے۔ عاشقانِ الٰہی صبر کا دامن کبھی ہاتھ سے نہیں چھوڑتے، کیونکہ وہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ پہلی کے باریک چاند کو ماہِ کامل میں تبدیل ہونے کیلئے کچھ وقت ضرور گذارنا پڑتا ہے۔

۱۰ ..... مشرق، مغرب، شمال، جنوب ..... ان سب سے کچھ فرق نہیں پڑتا۔ تمہارے سفر کی سمت کوئی بھی ہو، بس یہ دھیان ضرور رہے کہ ہر سفر ذات کا داخلی سفر ضرور بنے۔ اگر تم اپنی ذات کے اندرون میں ایک مقام سے دوسرے مقام تک کا باطنی سفر کرو تو تمہارے ساتھ پوری کائنات اور جو کچھ اس سے ماوراء ہے، وہ بھی شریکِ سفر ہو جاتے ہیں۔

۱۱ ..... جس طرح ایک ماں کو بچے کی پیدائش کیلئے درد و کرب کے مرحلے سے گذرنا پڑتا ہے، اسی طرح ایک نئی شخصیت کو جنم دینے کیلئے تکالیف ضرور اٹھانی پڑتی ہیں۔ جس طرح ایک دن کو اپنی روشنی پوری شدت کے ساتھ بکھیرنے کیلئے، شدید گرمی اور حدت برداشت کرنی پڑتی ہے، اسی طرح محبت بھی دکھ اور درد کے بغیر تکمیل کو نہیں پہنچ سکتی۔

۱۲ ..... محبت کی تلاش ہمیں تبدیل کر کے رکھ دیتی ہے۔ راہِ عشق میں ایسا کوئی مسافر نہیں گذرا جسے اس راہ نے کچھ نہ کچھ پختگی نہ عطا کی ہو۔ جس لمحے تم محبت کی تلاش کا سفر شروع کرتے ہو، تمہارا ظاہر اور باطن تبدیلی کے عمل سے گذرنا شروع ہو جاتا ہے۔

۱۳ ..... آسمان پر شاید اتنے ستارے نہ ہوں جتنے دنیا میں جھوٹے اور ناقص شیوخ پائے جاتے ہیں۔ تم کبھی بھی کسی سچے مرشد کو کسی ایسے مرشد سے مت ملانا جو نفس کا پجاری ہو اور اپنی ذات کا اسیر ہو۔ ایک سچا مرشد کبھی بھی تمہیں اپنی ذات کا اسیر بنانے کی کوشش نہیں کرے گا اور نہ ہی اپنے نفس کیلئے تم سے تابعداری اور تعریف و توصیف کا تقاضا کرے گا۔ بلکہ اس کے برعکس وہ تمہیں تمہاری اصل اور حقیقی شخصیت سے متعارف کروائے گا۔ سچے اور کامل مرشد تو کسی شیشے کی مانند شفاف ہوتے ہیں تاکہ خدا کا نور ان میں سے کامل طور پر چھن کر تم تک پہنچ سکے۔

۱۴ ..... زندگی میں جو بھی تبدیلی تمہارے راستے میں آئے، اس کے استقبال کیلئے تیار رہو، اس کی مزاحمت مت کرو بلکہ زندگی کو اس بات کا موقع دو کہ تم میں سے گذر کر اپنا راستہ بنا سکے۔ اس بات کی فکر مت کرو کہ زندگی میں نشیب و فراز آ رہے ہیں۔ تمہیں کیا پتہ کہ آنے والی تبدیلی تمہارے حق میں بہتر ہے یا موجودہ حالت؟

۱۵ ..... ہر انسان ایک تشنۂ تکمیل فن پارہ ہے۔ جس کی تکمیل کیلئے خدا ہر انسان کے ساتھ داخلی اور خارجی طور پر مصروفِ کار ہے۔ یہ ایک مسلسل عمل ہے۔ خدا ہم میں سے ہر ایک کے ساتھ انفرادی سطح پر معاملہ کرتا ہے کیونکہ انسانیت ایک بے حد لطیف اور نفیس مصوری کا شہکار ہے، جس پر ثبت کیا جانے والا ہر ایک نقطہ پوری تصویر کیلئے یکساں اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔

۱۶ ..... ایک بلند و برتر ذات اور ہر طرح کے نقص سے پاک خدا سے محبت کرنا بظاہر تو آسان سی بات معلوم ہوتی ہے، لیکن اس سے کہیں زیادہ مشکل بات یہ ہے کہ انسان اپنے ابنائے جنس سے محبت کرے، جن میں ہر طرح کی کمزوریاں اور خامیاں پائی جاتی ہیں۔ یاد رکھو کہ انسان اسی کو جان سکتا ہے جس سے وہ محبت کرنے پر قادر ہو۔ محبت کے بغیر کوئی معرفت، معرفت نہیں ہوتی۔ جب تک ہم اللہ کی تخلیق سے محبت کرنا نہیں سیکھتے، تب تک ہم اس قابل نہیں ہو سکتے کہ اللہ سے حقیقی طور پر محبت کر سکیں اور اس کو جان پائیں۔

۱۷ ..... اصل ناپاکی تو اندر کی ناپاکی ہے۔ باقی سب تو آسانی سے دھل جاتا ہے۔ گرد و غبار کی بس ایک ہی قسم ہے جو پاکیزہ پانی سے صاف نہیں ہو پاتی اور وہ ہے نفرت اور تعصب کے دھبے، جو روح کو آلودہ کر دیتے ہیں۔ تم ترکِ دنیا سے اور روزے رکھنے سے اپنے بدن کا تزکیہ تو حاصل کر سکتے ہو لیکن قلب کا تزکیہ صرف محبت سے ہی ہوگا۔

۱۸ ..... پوری کی پوری کائنات ایک انسان کے اندر موجود ہے۔ تم اور تمہارے اردگرد جو کچھ تمہیں دکھائی دیتا ہے، تمام چیزیں خواہ تمہیں پسند ہوں یا ناپسند، تمام لوگ خواہ تم ان کیلئے رغبت محسوس کرتے ہو یا کراہت، یہ سب کے سب تمہارے اپنے اندر کسی نہ کسی درجے میں ملیں گے۔ چنانچہ، شیطان کو باہر مت دیکھو، بلکہ

اپنے اندر تلاش کرو۔ شیطان کوئی ایسی غیر معمولی قوت نہیں جو تم پر باہر سے حملہ آور ہوتی ہے، بلکہ تمہارے اندر سے ابھرنے والی ایک معمولی سی آواز کا نام ہے۔ اگر تم پوری محنت اور دیانت سے کبھی اپنی ذات کے روشن اور تاریک گوشوں کو دیکھنے کے قابل ہو جاؤ تو تم پر ایک عظیم اور برتر شعور کا دریچہ کھلے گا۔ جب کوئی شخص اپنے آپ کو جان لیتا ہے تو وہ اپنے رب کو بھی جان لیتا ہے۔

۱۹ ..... اگر تم چاہتے ہو کہ لوگ تمہارے ساتھ اپنے برتاؤ کو اور رویے کو تبدیل کر دیں، تو اس کے لئے پہلے تمہیں اس رویے کو تبدیل کرنا ہوگا جو تم اپنے آپ کے ساتھ روا رکھے ہوئے ہو۔ جب تک تم اپنے آپ سے پورے خلوص سے اور پوری طرح محبت کرنا نہیں سیکھتے، بہت مشکل ہے کہ تمہیں محبت نصیب ہو۔ اور جب یہ مرتبہ حاصل ہو جائے تو پھر ہر اُس کانٹے کیلئے بھی شکر گذار رہو جو تمہارے راستے میں پھینکا جائے۔ کیونکہ یہ اس بات کی علامت ہے کہ تم پر عنقریب پھول بھی نچھاور ہوں گے۔

۲۰ ..... اس بات پر پریشان مت ہو کہ راستہ کہاں لے کر جائے گا، بلکہ اپنی توجہ اپنے پہلے قدم پر رکھو۔ یہی تمہاری ذمہ داری ہے اور یہی سب سے مشکل کام ہے۔ جب پہلا قدم اٹھا لیا تو پھر اس کے بعد ہر شئے کو اپنے قدرتی انداز میں کام کرنے دو اور تم دیکھو گے کہ راستہ خود بخود کھلتا جائے گا۔ بہاؤ کے ساتھ مت بہو، بلکہ خود ایک لہر بن جاؤ جس کا اپنا ایک بہاؤ ہوتا ہے۔

۲۱ ..... اُس نے ہم سب کو اپنی صورت پر پیدا کیا ہے لیکن اس کے باوجود ہم سب ایک دوسرے سے مختلف اور یکتا و ممتاز ہیں۔ کوئی بھی دو انسان ایک جیسے نہیں۔ کوئی بھی دو دل یکساں طور پر نہیں دھڑکتے۔ اگر وہ چاہتا تو کہ سب لوگ ایک جیسے ہو جائیں، تو وہ ان کو ایک جیسا ہی بناتا۔ چنانچہ اب ان اختلافات کی توہین و تنقیص کرنا اور اپنے افکار کو دوسروں پر مسلط کرنے کی کوشش کرنا دراصل پروردگار عالم کی قضا و قدر اور بلند پایہ حکمت کی توہین کے مترادف ہے۔

۲۲ ..... جب اس کا سچا چاہنے والا کبھی میکدے میں جا پہنچے، تو وہ میکدہ اس کے لئے محراب و مصلے کی صورت اختیار کر لیتا ہے، لیکن اگر کوئی بہکا ہوا مئے خوار مسجد میں بھی چلا جائے تو وہ اس کے لئے میخانہ بن جاتی ہے۔ جو کچھ بھی ہم کرتے ہیں، اس میں اصل کردار تو ہمارے دل کا ہے، ہمارے اندر کا ہے، ظاہر کا نہیں۔ صوفی لوگوں کو ان کے حلیے اور ان کی وضع قطع سے نہیں جانچتے۔ جب ایک صوفی کسی پر اپنی نگاہ جماتا ہے تو وہ دراصل اپنی دونوں آنکھوں کو بند کر چکا ہوتا ہے اور ایک تیسری آنکھ سے (جو اس کے قلب میں ہے)، اس منظر کے اندر کا جائزہ لے رہا ہوتا ہے۔

۲۳ ..... زندگی تو ایک ادھار کی مانند ناپائیدار ہے اور اصل حقیقت کا ایک دھندلا سا خاکہ اور نقل۔ صرف بچے ہی اصل حقیقت کی بجائے کھلونوں سے بہلتے ہیں۔ لیکن اس کے باوجود، لوگ کھلونوں پر فریفتہ ہوتے ہیں یا بے قدری سے انہیں توڑ ڈالتے ہیں۔ اس زندگی میں ہر قسم کی انتہاؤں سے دور رہو کیونکہ انتہا پسندی تمہارے اندرونی توازن کو بگاڑ دیتی ہے۔ صوفی اپنے رویوں میں انتہا پسند نہیں ہوتے بلکہ متوازن اور نرم ہوتے ہیں۔

۲۴ ..... پروردگار کی سلطنت میں انسان کو بہت خاص مقام و مرتبہ حاصل ہے۔ اللہ نے کہا "اور میں نے اس کے اندر اپنی روح میں سے پھونک دیا"۔ ہم میں سے ہر ایک کو اس قابلیت کے ساتھ پیدا کیا گیا ہے کہ وہ اس کا خلیفہ بن سکے۔ اپنے آپ سے پوچھو کہ کیا تمہارے اعمال اس کے خلیفہ جیسے ہیں؟ یاد رکھو کہ ہم پر لازم ہے کہ ہم اس رحمانی روح کو (جو ہم میں پھونکی گئی ہے) اپنے اندر دریافت کریں، پہچانیں اور اس کے ساتھ جئیں۔

۲۵ ..... جنت اور دوزخ کے بارے میں فکرمند رہنا چھوڑ دو کیونکہ جنت اور دوزخ یہیں ہیں، اسی لمحہ موجود میں۔ جب بھی ہم محبت محسوس کرتے ہیں، جنت کا ایک ٹکڑا طے کرتے ہیں اور جب بھی نفرت، حسد اور جھگڑے میں پڑتے ہیں، دوزخ کی لپٹوں کی زد میں ہوتے ہیں۔ کیا اس سے بھی بدتر کوئی دوزخ ہو سکتا ہے، جب کوئی شخص اپنے دل کی گہرائیوں میں یہ احساس پائے کہ اس سے کوئی بے حد غلط اور برا کام سرزد ہو گیا ہے۔ اس شخص سے پوچھ کر دیکھو، وہ تمہیں بتائے گا کہ دوزخ کسے کہتے ہیں۔ اور کیا اس سے بڑی بھی کوئی جنت ہو سکتی ہے، جب کسی شخص پر خاص لمحات میں وہ سکینت نازل ہوتی ہے، جب اس پر کائنات کے دریچے کشادہ ہوتے ہیں اور انسان اپنے رب کے ساتھ قرب کی حالت میں ابدیت کے اسرار سے ہمکنار ہوتا ہے۔ پوچھو اس شخص سے، وہ تمہیں بتائے گا کہ جنت کیا ہوتی ہے؟

۲۶ ..... کائنات ایک وجود واحد ہے۔ یہاں ہر کوئی اپنے اپنے واقعات کے غیر مرئی دھاگوں سے ایک دوسرے کے ساتھ لپٹا ہوا ہے۔ ہم سب جانے انجانے میں ایک خاموش مکالمے کا حصہ ہیں۔ کسی کو دکھ نہ دو، نرمی اور شفقت کا برتاؤ رکھو، کسی کی پیٹھ پیچھے اس کی برائی مت کرو خواہ ایک بے ضرر سا جملہ ہی کیوں نہ ہو۔ الفاظ جو ایک بار ہماری زبانوں سے نکل آتے ہیں، وہ کبھی فنا نہیں ہوتے

بلکہ ایک لامحدود وسعت میں ہمیشہ کیلئے محفوظ ہو جاتے ہیں اور اپنے مقرر وقت میں واپس ہم تک آن پہنچتے ہیں۔ بالآخر، کسی بھی آدمی کی تکلیف، ہم سب کو ایک اجتماعی دکھ میں مبتلا کر جائے گی اور کسی بھی آدمی کی خوشی ہم سب کے ہونٹوں پر مسکان کا باعث بنے گی۔

۲۷ ..... یہ دنیا اس برفانی پہاڑ کی طرح ہے جہاں بلند کی گئی ہر آواز، پہاڑوں سے ٹکرا کر بازگشت کی صورت میں واپس ہم تک پہنچتی ہے۔ جب بھی تم کوئی اچھی یا بری بات کرو گے، تم تک واپس ضرور پلٹ کر آئے گی۔ چنانچہ اب اگر تم کسی ایسے شخص کیلئے برے کلمات منہ سے نکالو، جو ہر وقت تمہارا برا سوچتا رہتا ہے تو یہ اس معاملے کو اور بھی گھمبیر بنا دے گا اور تم منفی قوتوں کے ایک نہ ختم ہونے والے چکر میں گھومتے رہو گے۔ بجائے اس کے کہ تم اس کے لئے کچھ برا کہو، چالیس دن تک اس کے لئے اچھا سوچو اور اچھی بات منہ سے نکالو۔ تم دیکھنا کہ چالیس دن بعد ہر شے مختلف محسوس ہو گی کیونکہ تم پہلے جیسے نہیں رہے اور اندر سے تبدیل ہو گئے۔

۲۸ ..... ماضی ایک تصور ہے، ایک نقطہ نظر ہے، جبکہ مستقبل مایا (Illusion) ہے، ایک سراب ہے۔ دنیا ایک خطِ مستقیم کی شکل میں وقت کے دھارے میں سے نہیں گذرتی جو ماضی سے مستقبل کی طرف جا رہا ہو بلکہ وقت ہمارے اندر سے بتدریج پھیلتے ہوئی لامتناہی قوسوں (Spirals) کی صورت میں گذرتا ہے۔ ابدیت لامحدود وقت کو نہیں بلکہ وقت سے ماورا ہونے کا نام ہے۔ اگر تم ابدی روشنی کے حامل ہونا چاہتے ہو تو ماضی اور مستقبل کو اپنے ذہن سے نکال دو اور فقط لمحۂ موجود میں باقی رہو۔ یہ لمحہ سو جو دی سب کچھ تھا اور سب کچھ ہے اور ہمیشہ رہے گا۔

۲۹ ..... تقدیر کا یہ مطلب نہیں کہ تمہاری زندگی کو مکمل طور پر باندھ کر رکھ دیا گیا ہے۔ ہر بات کو مقدر پر چھوڑ دینا اور کائنات کے ساتھ ہم آہنگ ہونے کی کوئی کوشش نہ کرنا محض جہالت کی علامت ہے۔ کائناتی موسیقی ہر طرف سے پھوٹ رہی ہے اور اس کے چالیس مختلف درجات ہیں۔ تمہارا مقدر وہ درجہ ہے جس پر تم اپنا ساز بجا رہے ہو۔ ہو سکتا ہے کہ تمہارا ساز تبدیل نہ کیا جا سکے، لیکن اس ساز سے جو نغمہ اور جو دھن تم نکالتے ہو، اس کا انحصار صرف اور صرف تم پر ہے۔

۳۰ ..... سچا صوفی ایسا فرد ہے کہ اگر اس پر کوئی ناحق تہمت لگائی جائے اور ہر سمت سے اس پر ملامت کی بوچھاڑ ہو، تب بھی وہ صبر کے ساتھ یہ سب جھیلتا ہے اور تنقید کرنے والوں کے خلاف ایک لفظ منہ سے نہیں نکالتا۔ وہ الزام کے جواب میں الزام نہیں لگاتا۔ اور کوئی اس کا مخالف اور دشمن حتیٰ کہ غیر ہو بھی کیسے سکتا ہے، جب اس کے نزدیک کسی غیر کا کوئی وجود ہی نہیں۔ وہ تو خود اپنے نفس سے معدوم ہے۔ چنانچہ وہ کس طرح کسی کو اپنا دشمن یا مخالف سمجھے، جب وہاں صرف اور صرف ایک ہی واحد ذات کی جلوہ نمائی ہے؟

۳۱ ..... اگر تم اپنا ایمان مضبوط کرنا چاہتے ہو تو اس کے لئے تمہیں اپنے اندر کی سختی دور کرنا ہو گی۔ چٹان کی طرح مضبوط ایمان کیلئے کسی پرندے کے پروں سے بھی زیادہ نرم دل درکار ہے۔ زندگی میں بیماریاں، حادثات، نقصان، تمناؤں کا ٹوٹنا اور اس قسم کے کئی دیگر معاملات ہمارے ساتھ اسی لئے پیش آتے ہیں تاکہ ہمیں رقتِ قلب عطا کریں، ہمیں خود غرضیوں سے نکالیں، نکتہ چینی کے رویے تبدیل کریں اور ہمیں کشادہ دلی سکھائیں۔ کچھ لوگ تو سبق سیکھ کر نرم ہو جاتے ہیں اور کچھ لوگ پہلے سے بھی زیادہ سخت مزاج اور تلخ ہو جاتے ہیں۔ حق تعالیٰ کے قریب ہونے کیلئے ضروری ہے کہ ہمارے قلوب اتنے کشادہ ہوں کہ تمام انسانیت اس میں سما سکے اور اس کے بعد بھی ان میں مزید محبت کی گنجائش باقی رہے۔

۳۲ ..... کوئی امام، کوئی پادری، کوئی ربی اور اخلاقی و مذہبی قائدین میں سے کوئی بھی تمہارے اور تمہارے رب کے بیچ حائل نہیں ہونا چاہیے۔ حتیٰ کہ تمہارا ایمان اور تمہارا روحانی مرشد بھی نہیں۔ اپنے اقدار اور اصولوں پر ضرور یقین رکھو، لیکن ان کو دوسروں پر مسلط مت کرو۔ اگر تم لوگوں کے دلوں کو توڑتے رہتے ہو تو کوئی بھی مذہبی فریضہ انجام دینا تمہارے لئے سودمند نہیں۔ ہر قسم کی بت پرستی سے دور رہو کیونکہ یہ تمہاری روحانی بینائی کو دھندلا دے گی۔ صرف اپنے رب کو اپنا مرشدِ حقیقی سمجھو۔ علم اور معرفت ضرور حاصل کرو، لیکن ان علوم و معارف کو اپنی زندگی کا مقصد مت بناؤ۔

۳۳ ..... اس دنیا میں جہاں ہر کوئی کسی نہ کسی مقام پر پہنچنے اور کچھ نہ کچھ بننے کی جدوجہد کرتا ہے، حالانکہ یہ سب کچھ ایک دن اسے یہیں چھوڑنا پڑ جاتا ہے۔ ایسے میں تم صرف اور صرف نایافت اور نیستی کو اپنا مقصد قرار دو۔ زندگی میں اتنے سبک بن جاؤ جتنا کہ صفر کا ہندسہ ہوتا ہے۔ ہم ایک برتن کی طرح ہیں۔ برتن پر خواہ کتنے ہی نقش و نگار کیوں نہ ہوں، لیکن اس کا کارآمد ہونا صرف اس خلا کی وجہ سے ہے جو اس کے اندر ہے۔ یہ خلا ہی اسے برتن بناتا ہے اور یہی نایافت اور خلا ہمیں بھی درست رکھتے ہیں۔ کسی مقصد کا حصول ہمیں متحرک نہیں رکھتا بلکہ یہی خالی پن کا شعور ہے جو ہمیں رواں دواں رکھتا ہے۔

۳۴ ..... سرِ تسلیم خم کرنے اور راضی برضا رہنے کا یہ مطلب نہیں کہ ہم بے عمل

ہوکر معطل ہوجائیں اور نہ ہی یہ جبریت (Fatalism) یا تعطیل (Capitulation) ہے۔ بلکہ یہ تو اس کے بالکل برعکس ہے۔ اصل قوت تسلیم و رضا میں ہے، ایسی قوت جو ہمارے اندر سے پھوٹتی ہے۔ وہ لوگ جو زندگی کی الوہی (Divine) حقیقت کے سامنے سر تسلیم خم کردیتے ہیں، وہ ایسے دائمی سکون اور سکینت میں رہتے ہیں کہ اگر سارا جہان موج در موج فتنوں میں مبتلا ہوجائے تب بھی اس سکون میں کوئی خلل نہیں پڑتا۔

۳۵ ..... اس دنیا میں جہاں ہم رہ رہے ہیں، یکسانیت اور ہمواریت ہمیں آگے لے کر نہیں جاتی، بلکہ مخالفت اور تضاد آگے لے کر جاتا ہے۔ اور دنیا میں جتنے بھی متضاد امور ہیں، وہ سب ہم میں سے ہر ایک کے اندر بھی پائے جاتے ہیں۔ چنانچہ ایک مومن کیلئے ضروری ہے کہ اپنے اندر کے کافر سے ضرور ملے۔ اور ایک کافر کو بھی اپنے اندر کے خاموش مومن کو دریافت کرنا چاہیے۔ ایمان ایک قدرتی عمل ہے جس کے لئے اس کے مخالف یعنی بے یقینی کا ہونا لازم ہے تاوقتیکہ انسان، انسان کامل کے مقام تک جا پہنچے۔

۳۶ ..... دنیا عمل اور اس کے ردِ عمل کے اصول پر قائم ہے۔ نیکی کا ایک قطرہ یا برائی کا ایک ذرہ بھی اپنا ردِ عمل یا نتیجہ پیدا کئے بغیر نہیں رہتے۔ لوگوں کی سازشوں، دھوکہ دہیوں اور چالبازیوں کا خوف مت کھاؤ۔ اگر کوئی تمہارے لئے جال تیار کررہا ہے تو یاد رکھو کہ اللہ بھی خیر الماکرین ہے اور سب سے اچھا منصوبہ ساز ہے۔ ایک پتہ بھی اس کے علم اور اجازت کے بغیر نہیں ہلتا۔ بس اللہ پر سادگی کے ساتھ اور پوری طرح یقین رکھو۔ وہ جو کچھ بھی کرتا ہے، بہت خوبصورت طریقے سے کرتا ہے۔

۳۷ ..... خدا بہت باریک بین اور بڑا ہی کاریگر گھڑی ساز ہے۔ اتنا درست کہ زمین پر ہر چیز اپنے مقررہ وقت پر وقوع پذیر ہوتی ہے، نہ ایک لمحہ وقت سے پہلے اور نہ ایک لمحہ تاخیر سے۔ اور یہ عظیم گھڑی، بغیر کسی استثناء کے، سبھی کیلئے بالکل ٹھیک اور درست طور پر کام کرتی ہے۔ ہر ایک کیلئے محبت اور موت کا ایک لمحہ مقرر ہے۔

۳۸ ..... کوئی حرج نہیں اگر زندگی کے کسی بھی مرحلے میں ہم اپنے آپ سے یہ سوال پوچھیں کہ ”کیا میں اپنا طرز زندگی اور اپنی روش بدلنے کیلئے تیار ہوں؟ کیا میں اپنا آپ بدلنے کیلئے تیار ہوں؟“ اگر دنیا میں ہماری زندگی کا ایک دن بھی گزرے ہوئے دن کے مساوی گذرے تو بڑی حسرت کا مقام ہے۔ ہر لمحہ، ہر آن اور ہر سانس کے ساتھ ہمیں اپنی تجدید کرتے رہنا چاہیے، نیا جنم لیتے رہنا چاہیے۔ اور نیا جنم لینے کیلئے ایک ہی طریقہ ہے..... موت سے پہلے مرجانا۔

۳۹ ..... جزو تبدیل ہوتا رہتا ہے، لیکن اس کا کل ویسے کا ویسا ہی رہتا ہے۔ دنیا سے جب بھی کوئی چور ڈاکو رخصت ہوتا ہے، اس کی جگہ لینے کیلئے ایک نیا شخص پیدا کردیا جاتا ہے۔ اور ہر صالح اور ولی کے رخصت ہونے پر کوئی دوسرا صالح اور ولی اس کی جگہ سنبھال لیتا ہے۔ اس طریقے سے بیک وقت ہر شئے تبدیل ہوتی جاتی ہے لیکن مجموعی حقیقت میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوتی۔

۴۰ ..... محبت کے بغیر زندگی بے معنی ہے۔ مت سوچو کہ مجھے کس قسم کی محبت کی تلاش ہے؟ روحانی یا جسمانی، ملکوتی یا ناسوتی، مشرقی یا مغربی..... محبت کی یہ تقسیم مزید تقسیم پیدا کرتی ہے۔ محبت کا کوئی عنوان نہیں ہوتا، نہ ہی کوئی مخصوص تعریف (Definition)۔ یہ تو ایک سادہ اور خالص چیز ہے بس۔ محبت آب حیات بھی ہے اور آتش کی روح بھی ہے۔ جب آتش آب سے محبت کرتی ہے تو کائنات ایک مختلف روپ اور نئے انداز میں ظہور پذیر ہوجاتی ہے۔

روحانی تیل (1) برائے دفع جادو/جنات

قیمت: 100 روپے

☆ جادو/جنات کے دورہ والے مریضوں کیلئے پیام شفا ہے۔ ☆ جادو/جنات کے اثرات کو جسم سے چن چن کر ختم کرتا ہے۔ ☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے جسم میں پیدا ہونے والی بے چینی کو ختم کرتا ہے۔ ☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے تھکاوٹ سے چور بدن کو آرام پہنچاتا ہے۔ ☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے جسم پر ہونے والی خارش کو ختم کرتا ہے۔ ☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے سستی اور کاہلی کو جڑ سے مٹاتا ہے۔ ☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے بخار کی سی کیفیت کو ختم کرتا ہے۔ ☆ ہاتھ پاؤں کے ناخنوں پر لگانے سے متاثرہ مریضوں کو بہت فائدہ پہنچتا ہے۔ ☆ عاملین دارالعمل پشتیکا تیار کردہ ایک خاص روحانی تحفہ ہے۔

روحانی تیل (2) برائے سکون

قیمت: 300 روپے

☆ جادو/جنات کے اثرات کو دماغ سے نکالتا ہے۔ ☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے پیدا ہونے والی بے خوابی کو دور کرتا ہے۔ ☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے پیدا ہونے والے ذہنی دباؤ اور ڈپریشن کو ختم کرتا ہے۔ ☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے ہمیشہ سرگرم رہنے کو اعتدال پر لاتا ہے۔ ☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے پیدا ہونے والے غلط خیالات کو ختم کرتا ہے۔ ☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے پیدا ہونے والی ہاتھ پاؤں کی جلن کو ختم کرتا ہے۔

روحانی دکان 042-35410586, 0334-4312272

Web: darulamal.org/ruhanishop

khazinaeruhaniyaat.blogspot.com

آیتِ قطب کے چند خواص

ڈاکٹر سید محمد مظاہر اشرف الاشرفی الجیلانی رحمہ اللہ

الحمد للہ، جو خوبیاں اور فوائد اس آیت کے پڑھنے اور استعمال میں لانے سے حاصل ہوئے، وہ بیان سے باہر ہیں۔ مثلاً جادو ٹونا سحر، سفلی، جنات، بھوت، چڑیل، خبیثہ کے دفع کیلئے اور دیگر امور دنیا میں یہ آیت اکسیر ہے۔ اس کے نیک طریقے سے پڑھنے والے پر قبر اور صاحب قبر کے حالات منکشف ہوتے ہیں۔ اس کے چند فوائد اور طریقے تحریر ہیں۔

جائز حاجت پوری ہو

جو شخص نمازِ فجر سے نمازِ اشراق تک ہر روز چالیس (۴۰) مرتبہ یہ آیت پڑھتا ہے، وہ جو کچھ جائز حاجت کیلئے اللہ سے دعا مانگے گا، ضرور پوری ہو گی۔

سخت مزاج آفیسر کے سامنے اپنی بات منوانے کیلئے

اگر کسی شخص کو کسی سخت گیر حکمراں یا آفیسر سے واسطہ پڑے یا اس سے ملاقات کرنا ہو تو جانے سے قبل دو رکعت نمازِ نفل بجائے قضائے حاجات پڑھ کر مصلی پر ہی سات (۷) بار آیت قطب پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرے اور منہ پر پھیر کر ملاقات کرے۔ ان شاء اللہ، سخت گیر حکمراں اور سخت مزاج آفیسر خندہ پیشانی سے ملے گا اور مقصد پورا کرے گا۔

خاص مہم یا جنگ میں کامیابی کیلئے

کسی کو خاص مہم پر یا جنگ پر جانا ہو وہ تیرہ (۱۳) یا پندرہ (۱۵) بار آیت قطب پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرے اور سارے جسم پر پھیر لے۔ ان شاء اللہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا، کامیابی قدم چومے گی۔

دشمن سے چھٹکارا پانے کیلئے

جو کوئی اپنے بدخواہ یا دشمن سے عاجز آ گیا ہو، چھٹکارا نہ ملتا ہو تو وہ سات روز تک ہر روز چار (۴) مرتبہ آیت قطب بہ نیت خرابیٔ دشمن پڑھ کر دشمن کے گھر پر دم کرے۔ ان شاء اللہ دشمن کو اپنی پڑ جائے گی۔

مخالف کو اپنا تابعدار کرنے کیلئے

جو کوئی کسی مخالف کو مطیع کرنا چاہے تو روز بارہ (۱۲) مرتبہ اس نیت سے پڑھے، ان شاء اللہ وہ مطیع ہو جائے گا۔

تنگدستی دور کرنے کیلئے

جو تنگدستی سے پریشان ہو، وہ سات روز تک ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ صبح یا شام پڑھے، پھر سجدہ میں دعا کرے۔ ان شاء اللہ تونگر ہو جائے گا۔

محفل میں عزت ہو

جو کوئی کسی محفل میں جانے سے قبل سات (۷) مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے منہ پر پھیر کر محفل میں شریک ہو، سب اہلِ محفل کھڑے ہو کر اس کا استقبال کریں گے۔

زہریلے کیڑے کے کاٹے کا روحانی علاج

جس کسی کو زہریلے کیڑے نے کاٹا ہو تو تین (۳) بار آیت قطب پڑھ کر کاٹنے کی جگہ دم کرے، ان شاء اللہ فائدہ ہو گا۔ آرام ہو جائے گا۔

جادو اور آسیب کے اثرات والوں کا علاج

سات (۷) مرتبہ آیت قطب پڑھ کر روزانہ مسحور یا اجنہ، بھوت، پریت سے متاثرہ افراد کو پانی پر دم کر کے پلایا جائے، ان شاء اللہ فائدہ ہو گا۔

آیت قطب یہ ہے:

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۭ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ۭ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ۭ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ۭ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ۭ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

نظرِ بد و نظرِ حسن، دونوں کا اثر حق ہے

مولانا محمد عمر پالن پوری رحمہ اللہ

حدیث میں ہے کہ نظرِ بد ایک انسان کو قبر میں اور ایک اونٹ کو ہنڈیا میں داخل کر دیتی ہے۔ اسی لئے رسول کریم ﷺ نے جن چیزوں سے پناہ مانگی اور امت کو پناہ مانگنے کی تلقین فرمائی ہے، ان میں من کل عین لامۃ بھی مذکور ہے یعنی میں پناہ مانگتا ہوں نظرِ بد سے۔ (قرطبی)

صحابہ کرامؓ میں حضرت سہل بن حنیفؓ کا واقعہ معروف ہے کہ انہوں نے ایک موقع پر غسل کرنے کے لئے کپڑے اتارے تو ان کے سفید رنگ، تندرست بدن پر عامر بن ربیعہ کی نظر پڑ گئی اور ان کی زبان سے نکلا کہ ”میں نے تو آج تک اتنا حسین بدن کسی کا نہیں دیکھا“۔ یہ کہنا تھا کہ فوراً سہل بن حنیفؓ کو سخت بخار چڑھ گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب اس کی اطلاع ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ علاج تجویز کیا کہ عامر بن ربیعہ وضو کرے اور وضو کا پانی کسی برتن میں جمع کیا جائے۔ پھر یہ پانی سہل بن حنیفؓ کے بدن پر ڈالا جائے۔ لہٰذا ایسا ہی کیا گیا تو فوراً سہل بن حنیفؓ کا بخار اتر گیا اور بالکل تندرست ہو کر جس مہم پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جا رہے تھے، اس پر روانہ ہو گئے۔

اس واقعہ میں آپ ﷺ نے عامر بن ربیعہ کو تنبیہ بھی فرمائی کہ کوئی شخص اپنے بھائی کو کیوں قتل کرتا ہے؟ تم نے ایسا کیوں نہ کیا کہ جب ان کا بدن تمہیں خوبصورت نظر آیا تو برکت کی دعا کر لیتے۔ نظر کا اثر ہو جانا حق ہے۔ اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جب کسی شخص کو کسی دوسرے کی جان و مال میں کوئی اچھی بات تعجب انگیز نظر آئے تو اس کو چاہئے کہ اس کے واسطے یہ دعا کرے کہ اللہ تعالیٰ اس میں برکت عطا فرما دے۔ بعض روایات میں ہے کہ ”مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ“ کہے، اس سے نظرِ بد کا اثر جاتا رہتا ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ کسی کی نظرِ بد کسی کو لگ جائے تو نظر لگانے والے کے ہاتھ پاؤں اور چہرہ کا غسالہ (یعنی وہ پانی جس سے نظر لگانے والے کے ہاتھ پاؤں اور چہرہ دھویا گیا ہو) مریض کے بدن پر ڈالنا نظرِ بد کے اثر کو زائل کر دیتا ہے۔ قرطبیؒ نے فرمایا کہ تمام علمائے امت اہل سنت و الجماعت کا اس پر اتفاق ہے کہ نظرِ بد لگ جانا اور اس سے نقصان پہنچ جانا حق ہے۔

نوٹ جب بری نظر کی تاثیر ہے تو اچھی نظر کی تاثیر بھی ہو سکتی ہے۔ اولیاء اللہ خاصان خدا جب نظر ڈالتے ہیں تو ہدایت عام ہو جاتی ہے۔

(معارف القرآن، ج ۸، ص ۹۸)

دارالعمل چشتیہ سے جو چاہیں سیکھیں!

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

عملیات کے شعبہ میں سب سے اہم بنیادی چیز ریاضت یعنی چلہ کشی ہے، چلہ کشی کے ذریعے سے عامل اس کلام کی طاقت اور اس کلام کی روحانی غائبانہ طاقتوں اور موکلات کو اپنا غیبی معاون بنا لیتا ہے۔

اعمال کی بہت ساری اقسام ہیں اور ان کی چلہ کشی کے طریقے بھی مختلف ہیں پھر چلہ کشی میں بہت سارے درجات ہیں چھوٹا درجہ، درمیانہ درجہ اور بڑا درجہ، اسی طریقے سے ریاضتی اعمال میں چھوٹے درجے کے اعمال، درمیانے درجے کے اعمال اور بڑے درجے کے اعمال ہیں۔ ظاہر ہے چھوٹے عمل اور چھوٹی ریاضت میں انسان معمولی درجے کا عامل بنتا ہے، درمیانے قسم کے ریاضت و اعمال میں درمیانے درجے کا عامل اور بڑے اعمال اور بڑی ریاضت یعنی بڑی چلہ کشی میں انسان بڑے درجے کا عامل بنتا ہے۔

وہ عامل صاحب جو خود چھوٹے یا درمیانے درجے کے ہیں، وہ دوسروں کو کیا سکھائیں گے لہٰذا سکھانے کیلئے خود سکھانے والے کے پاس روحانی طاقت اور روحانی علوم کا بہت زیادہ ہونا ضروری ہے ورنہ تو بے چارے سیکھنے والے ہمیشہ کیلئے اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھیں گے اور اس کی ہلاکت یا پاگل پن کے ذمہ دار وہ نام نہاد عامل استاد صاحب ہی ہوں گے۔ الحمد اللہ دارالعمل چشتیہ میں بڑے بڑے روحانی علوم پوری گارنٹی اور اعتماد کے ساتھ سکھائے جاتے ہیں۔ اگر آپ بھی بڑے درجے کے عامل بننا چاہتے ہیں تو دارالعمل چشتیہ تشریف لا کر اپنے شوق کی تکمیل فرمائیں!!

علوم روحانیہ کے متعلق آپ جو چاہیں وہ سیکھ سکتے ہیں!

ruhanidarsgah.blogspot.com

جنت میں داخل کرنے والے اعمال

انتخاب: شیخ محمد الیاس روحانی شاذلی

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ”پچھلی قوموں میں ایک شخص کی روح قبض کرنے کے بعد فرشتوں نے اس سے کہا کہ کوئی نیکی کا کام بھی کیا ہے؟ تو اس نے جواب میں کہا کہ مجھے یاد نہیں ہے۔ فرشتے پھر کہیں گے کہ یاد کرو۔ تو وہ جواب میں کہے گا کہ ایک نیکی یاد ہے کہ میں لوگوں کو قرض دیتا تھا اور جب قرض واپس لینے کا وقت ہوتا تھا تو اپنے غلاموں کو یہ حکم دیتا تھا کہ دیکھنا جو تنگدست ہو، اس کو مزید مہلت دے دینا اور جو قرض ادا نہ کر سکتا ہو، اس کو معاف کر دینا۔ اللہ نے اس عمل پر اس کو جنت میں داخل کر دیا“۔

(صحیح مسلم)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ”ایک شخص نے مسلمانوں کے رستے میں ایک کانٹے دار شاخ کو دیکھا تو اس نے کہا کہ اللہ کی قسم! میں اسے مسلمانوں کے رستے سے صاف کر دوں گا تا کہ کسی مسلمان کو تکلیف نہ ہو تو اللہ نے اس عمل پر اس کو جنت میں داخل کر دیا“۔ (صحیح مسلم)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ”جس شخص نے ہر فرض نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھنے کو اپنا معمول بنا لیا تو اس کے جنت میں داخل ہونے میں صرف ایک ہی رکاوٹ ہے اور وہ اس کی موت ہے“۔ (صحیح مسلم)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ”جو شخص صبح کے وقت یقین کے ساتھ ایک مرتبہ سید الاستغفار پڑھ لے اور اس دن میں اس کی وفات ہو جائے تو وہ جنتی ہے۔ اور اگر شام میں یقین کے ساتھ پڑھ لے اور اس رات میں اس کی وفات ہو جائے تو وہ جنتی ہے“۔ (صحیح بخاری)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ”میں اس شخص کو جنت کے کنارے گھر کی بشارت دیتا ہوں کہ جو جھگڑا چھوڑ دے، چاہے اپنے آپ کو حق پر سمجھتا ہو۔ اور اس کو جنت کے وسط میں گھر کی بشارت دیتا ہوں جو جھوٹ کو چھوڑ دے، چاہے مزاح میں ہی کیوں نہ ہو۔ اور اس شخص کو جنت کے اعلیٰ درجوں میں گھر کی بشارت دیتا ہوں کہ جو اپنے اخلاق کو بلند کرلے“۔

(سنن ابوداؤد)

- حضرت مولانا امان اللہ صاحبؒ کے بندشوں کو ختم کرنے کے اعمال
- مختلف قسم کی بندشوں کو ختم کرنے اور لگانے کے اعمال
- حضرت مولانا حسن الہاشمی دامت برکاتہم العالی کے مختلف قسم کی بندشوں کو ختم کرنے کے اعمال
- لوح خلاصی بندش
- بحر البحر۔ بندش رزق و بیان عملیات تسخیر الرزق
- سفلی، بندش، جادو سحر اور جنات کا علاج بذریعہ قرآن و روحانی اعمال
- بندش لگانے و کھولنے کے تیر بہدف اعمال
- مختلف قسم کی بندشوں سے نجات اور بندش لگانے کے اعمال
- ملازم حسین صاحب کے مختلف قسم کی بندشوں سے نجات کے اعمال
- سید ذیشان نظامی کے مختلف قسم کی بندشوں کو ختم کرنے کے اعمال
- امنت باللہ اور چہل کاف کے جنات کے بتائے ہوئے بندش کے علاج بذریعہ کھولنے کے
- رشتہ کی بندش کو ختم کرنے کے اعمال
- کاروبار کی بندش کو ختم کرنے کے اعمال
- ہر قسم کی بندش کو ختم کرنے کا ایک مجرب اور خاص الخاص تعویذ
- اولاد کی بندش کو ختم کرنے کا ایک خاص عمل
- اولاد نرینہ کی بندش کو ختم کرنے کا ایک خاص عمل
- رزق کی بندش کو ختم کرنے کے اعمال
- ہر طرح کی بندش کا ایک کرشماتی توڑ
- بندش بندش بندش
- "کیف مریم اور سورۃ الناس" زہر مہرہ سے بندش کا مکمل خاتمہ
- کاش البرنی مرحوم کے بندش لگانے کے چند نایاب طریقے
- کرامات جفر۔ لوح خاص دفع بندش
- ہر قسم کی بندش کو ختم کرنے کے اعمال
- مرد اور عورت کی شہوت کی بندش کو ختم کرنے کے اعمال
- سفر کی بندش کو ختم کرنے کے اعمال
- بندش لگانے کے خاص اعمال

رسالہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کے ذریعے ارسال کیا جائے گا۔

رسالہ حاصل کرنے کے لئے جلد رابطہ فرمائیں

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Facebook: fb.com/khazinaeruhaniyat
E-mail: magazine@darulamal.org

برائے Ph # 042-35410586
برائے Cell # 0322-4773786, 0332-4487877
پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570

خوشخبری


APRIL-2016

اسماء الحسنیٰ نمبر

ماہنامہ خزینۂ روحانیات گیارہواں خاص نمبر ''اسماء الحسنیٰ نمبر'' آج ہی طلب فرمائیں۔

رسالہ عوام وخواص ..... سب کے لئے ..... یکساں مفید

قیمت 80 روپے



- اسماء الحسنیٰ کے ہر اسم کی الگ مناجات
- جلّ اللہ الصمد
- برکات اسماء الحسنیٰ
- اسماء الحسنیٰ کے خواص واعمال
- مجموعہ اسماء الحسنیٰ کے چند خاص اعمال
- کراماتِ جفر... تسخیر موکل و تسخیر ہمزاد بذریعہ اسماء الحسنیٰ
- نقش اسماء الٰہی بمع خواص

رسالہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کے ذریعے ارسال کیا جائے گا۔

رسالہ حاصل کرنے کے لئے جلد رابطہ فرمائیں

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Facebook: fb.com/khazinaeruhaniyat
E-mail: magazine@darulamal.org

برائے Ph # 042-35410586
طلائے Cell # 0322-4773786, 0332-4487877
ادارت پوسٹ بکس 9119 لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570

روحانی علاج گاہ کے خاص تعویذات

ہدیہ: 1600 روپے
برائے ممبران: 1100 روپے

تعویذ نمبر 3 رزق کی ہر طرح کی رکاوٹ دور کرنے کا قرآنی تعویذ

رزق اور عافیت کا رزق اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ رزق کا اپنے محلہ، اپنے شہر اور اپنے ملک میں مل جانا اور برکت والا ہونا بہت بڑی نعمت ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے سب دوستوں اور احباب کے رزق کے معاملات کو آسان اور عافیت والا بنا دے، آمین۔ آج کل لوگ سارا سال اور سارا دن رزق کی بے برکتی کا رونا روتے رہتے ہیں۔ پیسے کے تمام راستے بند ہو جانا، ملازمت کا نہ ملنا، روزگار اور کاروبار کا نہ چلنا، چلتے کاروبار کا بند ہو جانا، قرض کی رقم کا بہت بڑھ جانا، بیرون ملک پہنچ گئے مگر معاشی معاملات بہتری کی طرف نہیں جا رہے۔ ایسے سارے لوگ جو رزق کی بندش، رکاوٹ، تنگی، پریشانی، قرض کی زیادتی، عرش سے فرش پر آ گرنے والے لوگ فوری طور پر ایسے قرآنی تعویذ سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور اس قرآنی تعویذ کے فوائد، کرامات اور کرشمات اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔

یہ ایک ایسا کرشماتی قرآنی تعویذ ہے کہ اگر رزق کے حوالے سے بہتر تدبیر اور خوبصورت پلان اختیار کر کے اس کے ساتھ دیا جانے والا وظیفہ بھرپور یقین سے پڑھا جائے تو اس کے فوائد دو چند ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا یقین کے ساتھ وظیفہ کرنے والے حضرات اس تعویذ اور وظیفہ سے استفادہ کریں اور عزیز و احباب اور دوستوں کو بھی بتائیں۔ کیا پتہ کب کس کا بھلا ہو جائے اور یہ نیکی ہمارے کھاتے میں لکھی جائے۔

تعویذ نمبر 4 ہر طرح کی پریشانی، مصیبت اور مشکل کے خاتمے اور جائز حاجت پوری ہونے کا خاص قرآنی تعویذ

آج کا دور مسلمانوں کی بداعمالیوں کی شامت کی بناء پر پریشانیوں، تکالیف، مصائب اور دکھوں کا دور ہے۔ ہر بندہ پریشانی، بے برکتی، مصیبت، دکھ، تکالیف کی شکایت کرتا نظر آتا ہے۔ بعض دفعہ تو بیٹھے بٹھائے مصیبت گلے پڑ جاتی ہے۔ بعض نادان لوگ نیکی کا بدلہ برائی اور مصیبت کو قرار دیتے ہیں۔ مگر فی الحقیقت یہ نفس و شیطان کا دھوکہ ہے کہ نیکی اور اچھے اعمال جو روزی کی برکت، زندگی میں برکت اور زندگی میں اضافے کا سبب ہیں، ان کو نیک اعمال کا بدلہ قرار دینا اور اپنے تئیں یہ سمجھنا کہ اب کسی کے ساتھ نیکی کا دور نہیں ہے۔


لہٰذا سب سے پہلے توبہ کی جائے اور پھر مشکل، مصیبت، پریشانی، دکھ اور تکلیف کے خاتمے کے دنیاوی اسباب یعنی تعویذات و وظائف کا سہارا لیا جائے تو ان شاء اللہ معاملات بہتر ہونا شروع ہو جائیں گے۔ آج جن مصائب سے عموماً ہمارا واسطہ پڑتا ہے۔ ان میں سرفہرست اولاد کی نافرمانی، جھوٹے مقدمات میں لوگوں کا ملوث کر دینا، رزق میں بے برکتی، زوجین (میاں بیوی) میں ناچاقی، گھر میں بلاوجہ کی تنگی، غصہ آنا، ملازمین کا بلاوجہ تنگ کرنا، ہمسایوں سے بلاوجہ ناچاقی، کسی ظالم، جابر اور شریر کا بلاوجہ تنگ کرنا، کسی فرد کا حق دبا لینا، جگہ، مکان، پلاٹ پر قبضہ کر لینا، کاروباری افراد کا حسد کرنا، رشتہ داروں کا حسد کرنا، بچوں کو نظر لگ جانا، بچوں کی خداداد صلاحیتوں کو گھن لگ جانا، کسی کام میں بلاوجہ رکاوٹیں اور مشکلات پیش آنا، کسی ملازمت نہ ملنا، کاروبار کا نہ چلنا اور کسی ضروری درخواست پر کارروائی نہ ہو پانا، کسی بچہ، بڑے یا عزیز رشتہ داروں کا باہر جانے کی ضرورت اور حاجت پوری ہونے کے لئے یہ تعویذ تیر بہدف ہے۔ اس تعویذ کے بارے میں یوں کہنا بے جا نہ ہوگا کہ "ایک انار سو بیمار"۔ آپ کے پاس پیسے بھی ہیں، دکان لینا چاہتے ہیں، پلاٹ لینا چاہتے ہیں، فیکٹری کی ضرورت ہے، ملازمت میں ترقی، بیرون ملک سفر کی ضرورت الغرض ہر طرح کی حاجت، ضرورت اور جائز سوچ کی تکمیل میں یہ تعویذ معاون ہے اور بارہا کا مجرب ہے۔ اس تعویذ کے ساتھ وظیفہ بھی دیا جاتا ہے تاکہ تعویذ سے کما حقہ فائدہ اٹھایا جا سکے۔ لہٰذا اس تعویذ کو ضرور لیں تاکہ تمام سائلین اس کے کرشمات کو اپنی آنکھوں سے دیکھ سکیں۔

Monthly
Khazina-e-Ruhaniyaat CPL # 288

ماہنامہ خزینۂ روحانیات


ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے 12 انمول خاص نمبرز

جنات نمبر (ڈوایٹ)




قیمت: 100 روپے

جادو ٹونہ نمبر




قیمت: 70 روپے

درود شریف نمبر (ڈوایٹ)




قیمت: 120 روپے

کشائش رزق نمبر (ڈوایٹ)



قیمت: 150 روپے

شفائے جسمانی امراض نمبر (ڈوایٹ)




قیمت: 150 روپے

حب و تسخیر نمبر



قیمت: 100 روپے

حل المشکلات نمبر




قیمت: 100 روپے

نکاح نمبر



قیمت: 80 روپے

حفاظت نمبر



قیمت: 80 روپے

بندش نمبر




قیمت: 80 روپے

اسماء الحسنیٰ نمبر



قیمت: 80 روپے

نظر بد نمبر



قیمت: 80 روپے

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
E-mail: khazinaeruhaniyaat@gmail.com
Ph: 042-35410586
Cell: 0322-4773786
دارالعمل چشتیہ
لاہور، پاکستان
شعبہ نشر و اشاعت

روحانی و جسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل خزینہ روحانیات میں

APRIL 2017

ماہنامہ

خزینہ روحانیات لاہور

جلد نمبر 7
شمارہ نمبر 12
Rs.80

قرآنی وظائف نمبر

* جسمانی بیماریوں کا قرآنی علاج
* قرآن کی روحانی و برقی تاثیر
* ایک سو چودہ سورتوں کے وظائف
* عاملین کے تجویز کردہ قرآنی وظائف
* مفتیان و علمائے کرام کے تجویز کردہ وظائف
* اولیاء اللہ و بزرگانِ دین کے تجویز کردہ وظائف
* حفاظت، لڑائی، قرض، ترقی، کاروبار، فراخیٔ رزق، محبت
* تسخیر، حل المشکلات، شادی و نکاح، ہر قسم کی بندش ختم کرنے کے قرآنی وظائف



ایک اہم اور ضروری اعلان

روحانی درسگاہ کے سابق ناظم مولانا حافظ محمد عرفان (لاہور) کو ان کی گستاخی، دھوکہ دہی، ادارے کے علمی مواد کی چوری، ادارے میں مالی غبن و مالی بے ضابطگی، اصولوں کی خلاف ورزی، ادارے میں ناظم کے عہدے پر رہتے ہوئے انتظامیہ کی آنکھوں میں دھول جھونک کر اپنا کاروبار کرنے یعنی اپنے نام کے جھوٹے اجازت نامے اور کاپیاں جاری کرنے اور آگے سکھانے کی اجازت نہ ہونے کے باوجود آگے سکھانے اور ان کی فیس اپنے پاس رکھنے (جس کی شرعاً کوئی گنجائش نہیں)، ادارے کے ساتھیوں کو آپس میں بدگمان کرنے، ادارے کے شاگردوں کو روحانی نقصان پہنچانے اور دیگر بعض سنگین اور ناقابلِ معافی غلطیوں کی وجہ سے میں اپنی شاگردی سے خارج کر رہا ہوں۔ ان کو اب میرا شاگرد ہرگز نہ سمجھا جائے۔ میں نے جتنے بھی عمل ان کو سکھائے، وہ سب میرے طرف سے ختم ہیں۔ میں نے ان کو عام عملیات کے علاوہ 2 خاص عمل کروائے تھے (سورۂ مزمل بامؤکل اور سورۂ جن)۔ یہ دو خاص عمل بھی میں ختم کر رہا ہوں۔ اب میرے سکھائے گئے کسی بھی عمل کا فیض ان کے ساتھ نہیں ہے۔ جو غیبی طاقتیں اور قوتیں جو ان کو بطور ناظم روحانی درسگاہ دی تھیں، وہ ساری واپس لے لی گئی ہیں۔ ہمارے سلسلے کے بزرگ جنات نے جتنے عمل محمد عرفان کو کرائے، وہ سب بھی واپس لے لیے گئے ہیں۔ نیز کبھی بھی میں نے اگر ان کو کسی عمل کو آگے سکھانے کی تحریری اجازت دی تھی تو وہ بھی میں ختم کر رہا ہوں۔

میں یہ فیصلہ بہت مجبوری میں کر رہا ہوں۔ میرا مزاج ایسا نہیں لیکن ثبوت اور گواہوں کے بعد میرے پاس کسی قسم کی گنجائش نہیں رہی۔ میں سوچ بھی نہیں سکتا کہ ایک عالم، ختم نبوت کا کام کرنے والا اور حضرت مولانا مفتی محمد حسن دامت برکاتہم العالیہ جیسے بزرگ کا مرید ہو کر ایسی حرکتیں کرے گا۔ میں خود بھی ان تمام لوگوں سے شرمندہ ہوں، جن کو محمد عرفان کی وجہ سے نقصان ہوا اور وہ میرے کہنے پر ہی ان کے پاس گئے تھے۔ ساتھ ہی محمد عرفان کے لیے دعا گو ہوں کہ اللہ ﷻ اُس کو ھدایت عطا فرمائیں اور کم از کم اس بات کی لاج رکھنے کی توفیق دیں کہ وہ ایک "**عالم**" ہے۔

خالد مقبول حفظہ اللہ

۳ ربیع الثانی ۱۴۳۸ھ

روحانی درسگاہ سے رابطہ کرنے والوں سے گذارش

روحانی درسگاہ سے تمام فیض پانے والوں اور عملیات سیکھنے والوں سے گذارش ہے کہ انہوں نے جن جن اعمال کی اجازت درسگاہ سے حاصل کی ہے، اگر ان پر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کے دستخط نہیں، اگر کسی عمل کی کاپی حافظ محمد عرفان یا درسگاہ سے لی ہے اور اس کاپی پر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کا نام اور ادارے کا نام نہیں تو وہ لوگ ان اعمال یا کاپیوں کو ادارے کو ارسال فرمائیں اور اصل عمل/کاپی معہ دستخط حاصل کریں۔

سابق ناظم درسگاہ نے اپنے عہدے پر رہتے ہوئے لوگوں سے فیس وصول کر کے اپنے نام کی کاپیاں جاری کیں۔ جو پہلے سے شاگرد تھے، ان سے اصل کاپیاں لے کر اپنی کاپیاں دیں۔ ایسے لوگ خصوصاً فوری طور پر ادارے سے رابطہ فرمائیں تاکہ ان کی شکایات کا ازالہ کیا جا سکے۔

نوٹ: مولانا عرفان کے متعلق مزید تفصیلات مارچ 2017 کے شمارے میں ملاحظہ فرمائیں۔

(انتظامیہ دارالعمل چشتیہ لاہور) **0343-7772772**

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی،
معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

ماہنامہ

لاہور

خزینۂ روحانیات

جلد 7 رجب المرجب ۱۴۳۸ھ ... اپریل 2017ء شمارہ 12

مدیر اعلیٰ: خالد مقبول عارف حفظہ اللہ
مدیر: مولانا حافظ علی آفاق صاحب
معاون مدیر: مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

مجلس مشاورت

- غلام سرور شباب صاحب (حویلی لکھا)
- ابوانس صاحب (لاہور)
- مولانا قاری ابوبکر صاحب (اسلام آباد)
- محمد علیم صاحب (لاہور)
- مولانا قاری ممتاز صاحب (لاہور)
- محمد زبیر انجم صاحب (لاہور)

سرکولیشن، اشتہارات وشکایات: 0322-4773786

خط وکتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔54570

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

بیرون ملک: +92-322-7772772

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ
جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Blog: khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
Facebook: facebook.com/khazinaeruhaniyat
Facebook: facebook.com/khazina.ruhaniyaat
Twitter: twitter.com/khazinaruhanyat
Email: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

قیمت خاص نمبر	سالانہ ممبرشپ عام ڈاک	سالانہ ممبرشپ رجسٹرڈ ڈاک
80 روپے	650 روپے	1000 روپے

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1 منی آرڈر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

2 شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی: easypaisa (موبی لنک)۔ ایزی پیسہ (ٹیلی نار)۔ ٹائم پے (زونگ)۔ اومنی (یو بی ایل)۔ موبائل پیسہ (وارد)۔ HBL ایکسپریس کے ذریعہ 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں اور 0307-5525103 پر کوڈ sms کریں۔

3 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔
ٹیلی نار 03437727721..... یو بی ایل اومنی 03437772772
easypaisa 03028401977..... یو پیسہ 33343082867

4 بینک ڈپازٹ: میزان بینک میں بنام خالد مقبول رقم جمع کروائیں۔
برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0100377637

نوٹ رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد بذریعہ SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ تمام مالی معاملات میں صرف یہ موبائل نمبر استعمال کریں: 0322-4773786

ادائیگی کی تفصیلات کیلئے: darulamal.org/payment

خالد مقبول صاحب پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر ادارہ دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

اپریل سنہ ۲۰۱۷ء
رجب سنہ ۱۴۳۸ھ

تیرہویں خاص نمبر کی اشاعت (مولانا علی آفاق)	5
وظیفہ کیا ہوتا ہے؟ (خالد مقبول حفظہ اللہ)	6
حضرت مولانا محمد امان اللہ صاحبؒ کے مرتب کردہ وظائف	7
اولیاء اللہ اور بزرگانِ دین کے کے تجویز کردہ وظائف	8
مفتیان وعلمائے کرام کے تجویز کردہ وظائف	15
مفتی اعظم حضرت مفتی محمد فریدؒ کے تجویز کردہ قرآنی وظائف	16
حضرت مولانا حماد اللہ درخواستی مدظلہ کے مرتب کردہ قرآنی وظائف	17
حضرت مولانا احمد علی پنجگوریؒ کے مرتب کردہ قرآنی وظائف	18
مولانا مفتی محمد الیاس مدظلہ کے مرتب کردہ قرآنی وظائف	19
ڈاکٹر سید محمد مظاہر اشرف الاشرفیؒ کے تجویز کردہ قرآنی وظائف	21
سورۂ واقعہ کے رزق میں برکت کے خاص وظائف	22
مولانا اعجاز احمد خان مدظلہ کے مرتب کردہ قرآنی ظائف	23
حضرت مولانا مسعود از ہر مدظلہ کے مرتب کردہ قرآنی وظائف	25
حضرت ابوطلحہ محمد اظہار الحسن کے تجویز کردہ قرآنی وظائف	26
مولانا حسن الہاشمی صاحب کے مرتب کردہ قرآنی وظائف	27
قرآنی وظیفے کا کمال (مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر)	29
مزارات مقدسہ اور قرآنی وظائف (مولانا علی آفاق)	31
مزاراتِ اولیاء اور جنات سے حاصل کردہ قرآنی وظائف	33
عاملین کے تجویز کردہ قرآنی وظائف	35
قرآنی وظائف (قیصر احمد بی۔اے، کراچی)	38
جسمانی بیماریوں کا قرآنی علاج (مولانا عبدالرحمن عثمانی)	39
صوفی غلام سرور شباب صاحب کے کے تجویز کردہ وظائف	41
قرآنی وظائف صوفی ندیم محمد محمدی صاحب	43
سورۃ فاتحہ کے اسرار وخواص اور دعوت کا طریقہ	49
سید ذیشان نظامی کے تجویز کردہ قرآنی وظائف	51
فقیر یاسین قادری الفیضی صاحب کے مرتب کردہ قرآنی وظائف	56
قرآن پاک کی بعض سورتوں کے فضائل اور ان سے روحانی علاج	58
حفاظت، ادائیگیٔ قرض، ترقی کاروبار، فراخیٔ رزق، محبت، تسخیر، حل المشکلات، شادی ونکاح، رشتہ وہر قسم کی بندش ختم کرنے کے قرآنی وظائف (مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر)	61-69
ایک سو چودہ سورتوں کے وظائف (مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر)	71
سورۂ فاتحہ کے مجرب وظائف (مولانا ضیاء اللہ قادری، پشاور)	75
قرآنی وظائف حکیم سید مزمل حسین نقشبندی صاحب	76
قرآنی وظائف سید محمد قادری صاحب	77
قرآنی وظائف (سید مصور علی زنجانی)	78
مجرب قرآنی وظائف (شہزادہ منظور علی سمون)	79
صوفی محمد اسلم نقشبندی مجددی کے مرتب کردہ قرآنی وظائف	81
کرامات جفر "قرآنی وظائف" (محمد اسد اللہ سلیمانی، جھنگ)	82
عالم فقیری صاحب کے مرتب کردہ قرآنی وظائف	83
علامہ محمد جاوید صاحب کے مرتب کردہ قرآنی وظائف	84
قاری گلزار احمد مدنی کے تجویز کردہ قرآنی وظائف	85
سلطان محمود آشفقہؒ کے تجویز کردہ قرآنی وظائف	86
ایک قرآنی عمل (یونس مسعود)	87
چند اہم قرآنی وظائف (محمد حسیب قادری، محمد واصف چشتی)	91
ڈاکٹر سید افضال حسن کے تجویز کردہ قرآنی وظائف	93
قرآن کی روحانی وبرقی تاثیر (ڈاکٹر محمد اکمل جاوید، لاہور)	94
احمد مصطفےٰ صدیقی صاحب کے مرتب کردہ قرآنی وظائف	97

حمد باری تعالیٰ

تو رحیم ہے، تو کریم ہے، تو جمیل ہے، تو جمال ہے
میں مرا مرا، میں ذرا ذرا، مری زیست مجھ کو وبال ہے

تو دوام ہے، تو مدام ہے، تو سکون ہے، تو خرام ہے
تیری حد نہ کوئی حساب ہے، نہ تو نقص ہے نہ زوال ہے

یہ جو ابر ہے یہ کرم ترا، یہ زمین تیری کنیز ہے
یہ جو حسن ہے ترا عکس ہے، یہ جمال تیرا کمال ہے

مری فکر نوک سناں مجھے، ہے عذاب میری یہ جاں مجھے
مجھے اپنے عفو میں ڈھانپ لے، مری ذات مجھ کو وبال ہے

مجھے اعتبارِ حیات دے، مجھے خوف سے تو نجات دے
ہوئے حوصلے مرے پست ہیں، میرا انگ انگ نڈھال ہے

نہ حرام کی ہے تمیز کچھ، نہ حلال کا ہے شعور کچھ
تجھے دل میں اپنا دکھاؤں کیا؟ تیرے سامنے میرا حال ہے

مجھے اور کون بچا سکے، مجھے آسرا ہے فقط ترا
ہیں گناہ نام و نسب مرا، یہ جو آگ ہے میری آل ہے

تو اَحد بھی ہے، تو صمد بھی ہے، تو ازل بھی ہے، تو ابد بھی ہے
نہ تو کوئی ترا شریک ہے، نہ جہاں میں تیری مثال ہے

مجھے گرمیوں کا ہو خوف کیا؟ مجھے برفباری کا ڈر نہیں
کہ مرے بدن پہ تنی ہوئی، تری رحمتوں کی وہ شال ہے

مجھے ساری دنیا ہی چھوڑ دے، مجھے اس کا کوئی بھی غم نہیں
ترے ساتھ میرے اے مہرباں، مرا رابطہ جو بحال ہے

مری جان پر ہے بنی ہوئی، مجھے غم سے مولا نجات دے
تری کبریائی کی خیر ہو، مری زندگی کا سوال ہے

(انتخاب: محمد رضا قنبری)

نعتِ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کہاں میں کہاں یہ مدینے کی گلیاں

جہاں روضۂ پاکِ خیر الوریٰ ہے
وہ جنت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے
کہاں میں کہاں یہ مدینے کی گلیاں
یہ قسمت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے

محمدؐ کی عظمت کو کیا پوچھتے ہو
کہ وہ صاحب کعبہ قوسین ٹھہرے
بشر کی سرِ عرش مہماں نوازی
یہ عظمت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے

جو عاصی کو چلمن میں اپنی چھپالے
جو دشمن کو بھی زخم کھا کر دعا دے
اسے اور کیا نام دے گا زمانہ
وہ رحمت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے

قیامت کا اک دن معین ہے لیکن
ہمارے لیے ہر نفس ہے قیامت
مدینے سے ہم جانثاروں کی دوری
قیامت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے

تم اقبالؔ یہ نعت کہہ تو رہے ہو
مگر یہ بھی سوچا کہ کیا کر رہے ہو
کہاں تم کہاں مدح ممدوحِ یزداں
یہ جراءت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے

(انتخاب: ؟)

facebook.com/darulamalchishtia
darulamal.org
khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
magazine@darulamal.org

تیرھویں خاص نمبر کی اشاعت

مولانا علی آفاق (مدیر ماہنامہ خزینۂ روحانیات)

قارئین کرام! آج الحمد للہ خزینۂ روحانیات کا تیرھواں خاص نمبر ''قرآنی وظائف نمبر'' آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اس کا شائع ہونا اور پچھلے سات سال سے مسلسل لاکھوں لوگوں تک فیض رسانی کا اہم کام، اللہ کے خاص فضل واحسان سے ممکن ہوسکا ہے۔ ورنہ میگزین تو ہزاروں ہیں مگر جو قبولیت عنداللہ اور عندالناس اس رسالہ کو ملی ہے، اس پر صرف شکر کے کلمات ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ آج کے فساد بھرے دور میں جادو، جنات، نظر بد، معاشی دکھ، پریشانیوں، بوڑھے والدین کے ہاتھوں اولاد کی پریشانی اور جوان اولاد کے ہاتھوں بوڑھے والدین کی، لاچار معذور ماں باپ جس طرح دربدر ہورہے ہیں اور ان کی کہانیاں، آپ بیتیاں روز سننے کو ملتی ہیں اور جس طرح الحمد للہ ادارے سے وابستہ ہر فرد اور کارکن لوگوں کے دکھوں اور غموں میں صرف زبانی خرچ میں شریک ہونے کی بجائے خدا کی طرف سے عطاء کردہ غم میں ڈوب کر امداد کرنے کا جذبہ لے کر غموں کو غلط کرنے کی کوشش کرتے ہیں، اس کی برکت سے آج الحمد للہ ہمارا اور آپ کا یہ پیارا میگزین ترقی کی منازل ماشاء اللہ طے کررہا ہے۔ ادارے کے اس جذبے سے سرشاری میں بزرگوں کی دعائیں اور خصوصاً سیدی مرشدی حضرت خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کی تربیت کو خاص دخل ہے۔ حضرت کی خاص کرامت یہ ہے کہ جو ادارے کے اصول وضوابط کی پاسداری نہ کرسکے یا نہ کرنا چاہے وہ خود ہی بددل ہوکر یا پھر کسی وجہ سے ادارے کو خیرباد کہہ دیتا ہے۔ بہرحال آمدم برسر مطلب کہ ہمارا تیرھواں خاص نمبر ''قرآنی وظائف'' ہے۔ ہمارا شروع سے اصول رہا ہے کہ تشخیص، تجویز اور پھر مریض دھیان سے علاج کرے تو ان شاء اللہ شفاء اور کامیابی قدم چومتی ہے۔ مگر ہمارے علاج کے ساتھ ساتھ اس بات کی بہت ضرورت محسوس ہورہی تھی کہ کوئی بھی میگزین یا ادارہ قرآنی وظائف اور علاج بالقرآن کو مستند طریقے سے پیش کرے۔ اِدھر اُدھر کے وظائف اور غیر مستند وظائف تو آپ کو ہر جگہ مل جائیں گے۔ مگر مستند افراد کے بتائے ہوئے مجرب قرآنی وظائف کیلئے ایک بہترین اور عمدہ ذخیرہ آج آپ کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت اس مرتبہ پھر خزینۂ روحانیات کو حاصل ہورہی ہے۔ قرآن پاک پڑھنا، عمل کرنا، سیکھنا، سکھانا، پینا، پلانا الغرض ہر طریقہ سے شفاء کا موجب ہے۔ ان قرآنی وظائف کو پڑھنا اور اتنے دن پڑھنا، اتنی تعداد میں پڑھنا، عموماً کتب ان دو چیزوں سے خالی ہوتی ہیں۔ ہم نے پہلی مرتبہ ہر وظیفہ کے ساتھ تعداد اور خصوصی ایام کی قید لگا کر قارئین کرام کیلئے آسانی مہیا کردی ہے۔ اس خاص تعداد اور ایام کو ذکر کرنے میں سالہا سال کا تجربہ شامل ہے۔ لہٰذا اب تمام سائلین اور قارئین اپنی ضرورت، حاجت، مشکل، پریشانی کے خاتمے اور سکھ عافیت، برکت، شفاء..... الغرض دنیا میں پائے جانے والے تمام مسائل کا حل قرآنی وظائف سے براہ راست حاصل کرسکتے ہیں۔ بلکہ عاملین اور ادارے سے وابستہ تمام شاگرد حضرات وظائف بتانے میں اس خاص نمبر ''قرآنی وظائف نمبر'' کی مدد حاصل کرسکتے ہیں۔

قرآنی وظائف نمبر کے لیے ہمیں کافی مضامین موصول ہوئے۔ ان تمام مضامین بھیجنے والوں کے ہم خاص طور پر مشکور ہیں۔ ایک معاملہ جو کہ شاید ہم صحیح طرح سمجھا نہیں پائے کہ قرآنی وظائف نمبر میں صرف قرآنی آیت یا سورت کا عمل دیا جائے گا۔ نیز وظیفہ سے مراد ہمیشہ پڑھ کر دعا کرنے والا عمل ہوتا ہے۔ جب کہ مضامین میں کثرت سے غیر قرآنی اور قرآنی علاج پر مشتمل مواد تھا، جس کو مجبوری کی وجہ سے ہم اس نمبر میں شائع نہ کرسکے کیونکہ وہ ''وظائف'' کی قسم میں نہیں آتے ہیں۔ ان سب لکھاریوں سے ہم معذرت خواہ ہیں۔ البتہ ان کے مضامین مئی 2017 اور آئندہ کے شماروں میں لگادیے جائیں گے۔

آخر میں ہم تمام مصنفین، لکھاری بزرگوں، قارئین کرام کی مشاورت اور تعاون پر شکرگزار ہیں، خصوصاً اپنے تمام محبین اور خیرخواہوں کے لئے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کی مساعی جمیلہ اور دعاؤں کو ثمرآور فرمائیں اور دنیا و آخرت میں سرخرو فرمائیں۔ آمین

darulamal.org/blog

وظیفہ کیا ہوتا ہے؟

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل چشتیہ)

وظیفہ کیا ہوتا ہے؟

وظیفے سے مراد صرف پڑھنے والا عمل ہوتا ہے۔ جس عمل کو پڑھ کر دعا مانگی جائے، وہی ''وظیفہ'' کہلاتا ہے۔ وظیفہ کوئی بھی کلام ہوسکتا ہے۔ قرآن، حدیث، اسماء الحسنیٰ، اسماء النبی ﷺ، درود شریف، قصیدے، دعائیں اور مختلف زبانوں کے منتر وغیرہ۔ بہت سے لوگ اس میں غلطی کرتے ہیں کہ عمل پڑھ کر دم کرنے کو بھی وظیفہ کہتے ہیں۔ چلہ کشی یا کسی عمل کی زکوٰۃ ادا کرنے کو بھی وظیفہ کہتے ہیں۔

قرآنی وظیفے سے کیا مراد ہے؟

قرآنی وظیفے سے مراد پڑھنے کے لیے وہ کلام جو قرآنی آیات یا سورت پر مشتمل ہو۔ اگر کوئی ایسا پڑھنے کا عمل ہے، جس میں قرآنی کلام کے ساتھ ساتھ غیر قرآن بھی شامل ہے تو وہ قرآنی وظیفہ نہیں کہلائے گا۔ غیر قرآن میں کچھ بھی ہوسکتا ہے۔ حدیث، اسماء الحسنیٰ، اسماء النبی ﷺ، درود شریف، قصیدے، دعائیں اور مختلف زبانوں کے منتر وغیرہ..... یہ سب غیر قرآن کہلاتا ہے۔ قرآنی وظائف میں بعض لوگ یہ غلطی کرتے ہیں کہ قرآنی کلام کے ساتھ اسماء الحسنیٰ یا کوئی دعا شامل کردی مگر اس کو قرآنی وظیفہ ہی کہتے ہیں۔ اگر قرآنی کلام کے ساتھ نورانی اعمال جیسے کہ حدیث، اسماء الحسنیٰ، اسماء النبی ﷺ، درود شریف، دعائیں وغیرہ پڑھی جائیں تو اس کو نورانی وظیفہ تو کہا جاسکتا ہے، قرآنی نہیں۔

''قرآنی وظائف'' نمبر کے لیے ہمیں بہت سی تحریریں موصول ہوئیں۔ تقریباً ہر تحریر میں یہ معاملہ دیکھا گیا کہ اس میں قرآنی وظائف کے ساتھ ساتھ نورانی وظائف شامل تھے۔ اس وجہ سے مکمل تحریریں ہم نہیں شائع کرسکے۔ صرف ان تحاریر میں سے قرآنی وظائف کو خاص نمبر میں شائع کیا گیا ہے۔ باقی اعمال آئندہ شماروں میں شائع کیے جائیں گے۔

وظیفہ اور ذکر میں فرق

وظیفے میں ایک اور اہم اور ضروری بات ہے کہ اس میں پڑھنے والے کی کوئی دنیاوی غرض ہوتی ہے۔ اگر صرف رضائے الٰہی، اپنی آخرت، ایصالِ ثواب یا پیر و مرشد کے بتائے ہوئے اذکار کوئی پڑھے تو اس کو وظیفہ نہیں، ''ذکر'' کہیں گے۔ ذکر اور وظیفہ..... دونوں میں صرف نیت کا فرق ہے۔ دونوں کو پڑھا جاتا ہے۔ دونوں کو دم نہیں کیا جاتا۔ دونوں کو پڑھ کر دعا کی جاتی ہے۔

وظیفہ اور ذکر..... کس کو بتایا جائے؟

ذکر و اذکار ایک انسان کا ذاتی معاملہ ہے۔ اگر کوئی انسان کسی سلسلے میں بیعت ہے تو اپنے پیر و مرشد کے بتائے ہوئے اذکار کرے۔ اگر کوئی انسان بیعت نہیں ہے تو وہ کسی بھی بزرگ یا مفتی/عالم سے پوچھ کر کچھ نہ کچھ اپنے لیے ذکر تجویز کروالے۔ جہاں تک مسنون اذکار کا تعلق ہے، وہ ہر انسان اپنی مرضی سے کرسکتا ہے۔ سالک تب بھی اپنے شیخ کو بتائے ضرور کیونکہ بتانے میں فائدہ ہی فائدہ ہے۔

وظیفہ چونکہ کسی دنیاوی غرض کے لیے کیا جاتا ہے۔ اس لیے اگر آپ کسی روحانی معالج کے پاس کسی مسئلے کے لیے جائیں تو اس کو یہ ضرور بتائیں کہ فلاں مسئلے کے لیے آپ نے کون کون سے وظائف پڑھے ہیں اور معمول میں کون کون سے وظائف ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وظیفے کی مثال دوائی کی ہے۔ آپ جب کسی طبیب یا ڈاکٹر کے پاس جاتے ہیں تو اس کو بتاتے ہیں کہ فلاں دوائی استعمال کر رہا ہوں۔ اس کا فائدہ مریض ہی کی ذات کو ہوتا ہے۔ اگر مریض نے جو جو ادویات لی ہیں، وہ ڈاکٹر کو بتادی جائیں تو ڈاکٹر کو مریض کے کیس میں آسانی ہوتی ہے، اسی طرح روحانی معالج کو بھی آسانی ہوتی ہے۔ جہاں تک ذکر کا تعلق ہے، وہ روحانی معالج کو بتانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اس میں عموماً اکثریت غلطی کرتی ہے۔ امید ہے کہ اس مضمون کے پڑھنے کے بعد آئندہ قارئین غلطی کے مرتکب نہیں ہوں گے۔

استاذ العاملین ولی کامل حضرت مولانا امان اللہ صاحب رحمہ اللہ

کے مرتب کردہ قرآنی وظائف

فراخیٔ رزق

ہر نماز کے بعد سورۂ واقعہ پانچ (۵) مرتبہ پڑھا کریں۔ اول و آخر تین تین مرتبہ درودِ ابراہیمی۔

ہر مقصد کے لیے خاص قرآنی وظیفہ

قرآن مجید کی کل سات منزلیں ہیں۔ ہر روز ایک منزل پڑھنا، تنہائی میں، اس دوران کسی سے گفتگو نہ کرے، پوری منزل کرے، پھر دعا کرے۔ ان شاء اللہ، جس مقصد کے لیے پڑھیں گے کامیابی ہوگی۔ مگر اپنے مقصد کا دل میں تصور رکھیں۔ مثلاً شادی، محبت، مقدمہ، حاجت، مشکل، اولاد کے لیے، ہر بیماری کے لیے۔ مجرب ہے۔

ہر مقصد کے لیے

عشاء کی نماز پڑھ کر، بغیر کسی سے کلام کیے، باوضو قرآن مجید سامنے رکھ کر شروع سے اخیر تک ہر سطر پر اپنی انگلی رکھتا جائے اور "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" پڑھتا رہے۔ حتیٰ کہ پورا ختم کردے۔ بعدہٗ دعا مانگے۔ یہ عمل صرف جمعرات کو کرنا ہے اور جس مقصد کے لیے کرنا ہو تو صرف تین مہینہ کرے۔ ہر مہینہ میں ایک بار، پھر دوسرے مہینے میں ایک بار، پھر تیسرے مہینے میں ایک بار۔ ان شاء اللہ، ضرور مقصد پورا ہوگا۔ مجرب ہے۔

ہر طلب کے لئے

شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی کو حاجت ہو تو بعد نمازِ مغرب، فرض و سنت سے فارغ ہو کر اسی مقام پر، جہاں اس نے نماز پڑھی ہے، سورۃ فاتحہ چالیس (۴۰) بار بمع وصل میم کے پڑھے اور اس طرح دعا کرے کہ "اے اللہ! تیرا علم کافی ہے، اس امر سے کہ سورۃ فاتحہ کی حرمت سے میرا سوال پورا فرما۔ سورۃ فاتحہ کی حرمت سے مجھے عزت بخش اور میری مراد عطا فرما"۔ حق تعالیٰ ضرور حاجت پوری فرمادیں گے۔ اس عمل کا بارہا تجربہ کیا گیا ہے۔ ہر بار نافع پایا ہے۔

محبت

سورۂ یوسف ہر روز پندرہ (۱۵) مرتبہ پورے رمضان شریف میں اعتکاف میں بیٹھ کر پڑھتا رہے۔

محبت

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ (بنی اسرآئیل ۱۰۵)

چالیس (۴۰) ایام میں سوا لاکھ مرتبہ پورا کرے۔

حب

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ۝ (طٰہٰ ۳۹)

کو ہر روز مغرب کی نماز کے بعد اکیس (۲۱) مرتبہ اوّل و آخر ایک ایک مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا کیا کریں۔ چالیس (۴۰) یوم تک کرتا رہے۔ ان شاء اللہ محبت ہوگی۔ ناجائز جگہ پر نہ کرے ورنہ نقصان ہوگا۔

برائے ہلاکت دشمن

بعد از نمازِ عشاء، پاک جگہ پر، سات (۷) یوم تک مندرجہ ذیل آیت بارہ سو (۱۲۰۰) بار بلاناغہ، دشمن کا تصور کرکے پڑھیں۔ ان شاء اللہ سات (۷) یوم تک دشمن ہلاک ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے:

وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى (الانفال ۱۷)

خواتین کیلئے مفت خدمات goo.gl/6XbIYT

اولیاء اللہ اور بزرگانِ دین کے تجویز کردہ قرآنی وظائف

مرتب: اراکین دارالعمل چشتیہ، لاہور

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ

ترقی و افزائش رزق

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا "جو شخص فرض نمازوں کے بعد تین مرتبہ سورۂ اخلاص اور تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک مرتبہ یہ آیت پڑھے گا:

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۭ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۭ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝ (الطلاق ۶۵:۲-۳)

اور آسمان کی طرف پڑھ کر پھونک دے تو حق تعالیٰ اس کو تین نعمتیں عطا فرمائے گا۔ اوّل درازی عمر، دوم مال و دولت کی کثرت اور سوم جنت میں بے حساب داخل ہوگا"۔

امام الہند شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ

واپسی غائب..... بیمار صحت یاب

اگر کوئی شخص غائب ہو اور آپ کی خواہش ہو کہ صحیح سلامت واپس آ جائے یا بیمار صحت یاب ہو جائے تو فجر کی سنت اور فرض کے درمیان اکتالیس (۴۱) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھنا چاہیے۔

سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیاءؒ

دشمن بال بیکا کر سکیں گے

سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے سورۂ مزمل کی تفسیر میں لکھا ہے کہ جو شخص اس سورت کا ورد رکھتا ہو، اسے خواہ لاکھ دشمن، حاسد، جادوگر، ظالم اور بدخواہ تکلیف پہنچانا چاہیں، اس کا بال بیکا نہیں کر سکتے۔ سب مغلوب ہو جائیں گے۔

حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ

خاص مہم پیش ہو

اگر کسی کو کوئی مہم پیش آئے تو سورۂ یٰسین شریف پڑھیں اور ہر مُبین پر پانچ کر سات بار سورۂ فاتحہ مع تسمیہ اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔

حضرت شیخ محمد محدث تھانوی قدس سرہٗ

تنگ دستی سے چھٹکارے کا علاج رزق میں اضافہ

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے کہ جس شخص کی روزی کا باب تنگ ہو گیا اور وہ چاہے کہ روزی مجھ کو آسانی سے میسر آوے تو لازمی ہے کہ صبح و شام تین مرتبہ اس دعا کو پڑھے۔ لکھا ہے کہ اس عمل کا اثر یہ ہے کہ سات پشت خلق کی محتاج نہ ہوگی اور اللہ کی مدد شاملِ حال رہے گی۔ خلوص دل کے ساتھ پڑھیں۔

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

(جاثیہ ۳۶)

حضرت مولانا محمد یعقوب نانوتویؒ

برائے ادائے قرض

اَلَمْ نَشْرَح پوری سورت اکہتر (۷۱) مرتبہ بوقتِ مقررہ پڑھے۔

ان شاء اللہ قرض سے جلد خلاصی ہوگی۔

حضرت مولانا خلیل احمد مہاجر مدنی قدس سرہٗ

متعدد مصیبتوں کی پریشانی

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝ (آل عمران ۱۷۳)

بعد نمازِ عشاء پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھے۔

مولانا الحاج حافظ رشید احمد گنگوہی قدس سرہ العزیز

ہر قسم کی حاجات اور کشائش رزق

جو لوگ پریشانی میں مبتلا ہوتے تھے، ان کو اکثر آپ

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝ (آل عمران ۱۷۳)

پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ نمازِ عشاء کے بعد سوتے وقت پڑھنے کے لیے تعلیم فرماتے تھے۔ اور اگر اس وقت نہ ہو سکے تو جس وقت بھی ممکن ہو سکے اور ایک دفعہ نہ ہو سکے تو متفرق اوقات میں اس کو پورا کر کے دعا مانگ لیا کریں اور اگر پانچ سو مرتبہ نہ ہو سکے تو سو (۱۰۰) مرتبہ ضرور پڑھ لیا کریں۔ اور اگر سائل بہت ہی زیادہ پریشانی میں مبتلا ہوتا تو تعداد اٹھا دیتے اور یوں فرمایا کرتے تھے کہ "چلتے پھرتے، اٹھتے بیٹھتے، وضو بے وضو اس کو جتنا ہو سکے، پڑھتے رہو"۔ سینکڑوں لوگوں نے اس پر عمل کیا اور کامیاب ہوئے۔

حکیم الامت مجدد ملت مولانا شاہ محمد اشرف علی تھانوی قدس سرہٗ

اگر کوئی شخص میت کو بری حالت میں دیکھے

اگر ایک شخص مرد ہو یا عورت، کسی میت یا مرے ہوئے آدمی کو خواب میں دیکھے کہ وہ خراب حالت میں ہے، خراب کپڑے، پریشان، تکلیف میں مبتلا ہے یا اپنے کسی دکھ تکلیف کا اظہار کر رہا ہے تو حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے فرمایا کہ اس کے وارثوں کو مت خبر کرو کیونکہ ان کو رنج ہوگا۔ بلکہ تم خود یٰسین شریف (پوری سورت) اور سورۂ ملک (پوری سورت) پڑھ کر اس کو ثواب پہنچا دو اور ایک ہفتہ تک ایسا ہی کرو۔ اللہ تعالیٰ کے کلام کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس مردے پر رحم فرمائے گا اور عذاب ختم کر دے گا۔

ثواب پہنچانے کے لیے اس طرح کہے:

"اے اللہ تعالیٰ! میں نے جو قرآن کی سورتیں پڑھی ہیں، ان کو قبول فرما اور حضور اکرم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے سے ان کا ثواب فلاں بن فلانہ (یہاں مردے کا اور اس کی والدہ کا نام لے) کو پہنچا دے اور اس کی مغفرت اور بخشش کا ذریعہ بنا دے۔ آمین"

گم شدہ چیز کی تلاش کے لیے

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ۝ (البقرۃ ۱۵۶)

اگر یہ آیت پڑھ کر گم ہوئی چیز تلاش کی جائے تو ان شاء اللہ ضرور مل جائے گی ورنہ غیب سے کوئی چیز اس سے عمدہ ملے گی۔

چور اور بلاؤں سے محفوظ رہنے کے لیے

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۭ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۣ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ

روحانی درسگاہ کے طالب علموں کیلئے مفت خدمات goo.gl/g5NbOv

رُسُلِهٖ ۚ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۫ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۭ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۭ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَي الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۠ وَاغْفِرْ لَنَا ۠ وَارْحَمْنَا ۠ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَي الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ (البقرۃ ۲۸۵-۲۸۶)

کوشخص یہ آیتیں شب کو پڑھ کر سورہے تو ان شاء اللہ تعالیٰ چور اور ہر شے سے محفوظ رہے گا۔

علم میں ترقی

قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۝ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ۝ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ۝ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ۝ (طٰہٰ ۲۵-۲۸)

ترقی علم اور کشادگی ذہن کے لیے ہر روز نماز صبح کے بعد اکیس (۲۱) بار پڑھا کرے۔ مجرب ہے۔

حضرت مولانا حافظ شاہ عبدالقادر صاحب رائے پوری نوراللہ مرقدہٗ

دشمن سے حفاظت کے لیے عمل

بعد نماز عشاء اول و آخر درود شریف ایک تسبیح، پانچ تسبیح ''حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝ (اٰل عمران ۱۷۳)''، پھر سجدے میں سر رکھ کر ''رَبِّ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝ (القمر ۱۰)'' ایک تسبیح پڑھ کر عاجزی سے دعا کرے۔ دشمنوں کے شر سے حفاظت رہے گی اور عزت و آبرو حاصل ہوگی۔ عمل کا اخفاء زیادہ نفع مند ہوگا۔

بھائے خلاصی از قرض

پوری سورۂ نصر چالیس (۴۰) مرتبہ فجر کی نماز کے بعد پڑھنا بہت مجرب اور آزمودہ ہے۔

دشمن یا بادشاہ کا خوف

یعنی جب کسی بادشاہ حاکم وغیرہ سے تکلیف پہنچی یا کسی ظلم کا اندیشہ ہو تو یہ عمل جو کہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ سے بطریق حضرت شیخ عبدالقادر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ منقول ہے، بعد نماز تہجد گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ آیت کریمہ ''لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۚ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ (الانبیاء ۸۷)'' پڑھے اور اول و آخر اس آیت پڑھنے کے گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور دعا کرے۔ طہارتِ مکان و جسم، حفظِ مکان و زمان شرط ہے۔

شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ

دشمنوں سے حفاظت

اگر کسی شخص کا واسطہ دشمنوں سے پڑ جائے یا کسی سے بلاوجہ دشمنی پیدا ہو جائے یا کوئی حسد کی وجہ سے دشمن بن جائے یا احسانات کو بھلا کر دشمنی کرنے لگے تو اس کے شر اور فتنہ سے محفوظ رہنے کے لیے نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان روزانہ بلاناغہ اول و آخر درود شریف تین تین بار اور درمیان میں چالیس (۴۰) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر طرح دشمن کی شرارت، اس کے نقصان پہنچانے سے محفوظ رہے گا۔

عملیات قطب عالم سید محمد حقی نازلیؒ

حصول مقصد، مصیبت سے نجات، منصب پر واپسی

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۚ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

(الانبیاء ۸۷)

اگر کوئی شخص اپنا مطلب و مقصد حاصل کرنے سے عاجز ہو یا کسی

مصیبت میں مبتلا ہو اور اس سے نجات کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو یا اپنے منصب سے معزول ہو گیا ہو تو اکتالیس (۴۱) مرتبہ روزانہ پڑھا کریں۔

تمام نیک مقاصد پورے ہوں

جو شخص سات سو اٹھاسی (۷۸۸) مرتبہ تسمیہ مداومت کے ساتھ نیت خالص سے پڑھتا رہے گا، اس کے تمام نیک مقاصد بحکمِ الٰہی بر آئیں گے۔

مولانا محمد یاسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ

دیگر برائے کشائش رزق

سورۃ "اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ" پوری سورت صبح کی نماز کے بعد اکیس (۲۱) مرتبہ اور اتنی ہی مرتبہ درود شریف، پھر نماز ظہر کے بعد بائیس (۲۲) مرتبہ یہ سورت اور بائیس (۲۲) ہی مرتبہ درود شریف، پھر عصر کے بعد تیئیس (۲۳) مرتبہ یہ سورت اور تیئیس (۲۳) ہی مرتبہ درود شریف، پھر مغرب کے بعد چوبیس (۲۴) مرتبہ اور عشاء کے بعد پچیس (۲۵) مرتبہ ہی معمول پورا کریں۔

وسعتِ رزق کے لیے

صبح کی نماز کے بعد ستر (۷۰) مرتبہ یہ آیت پڑھے:

اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿۱۹﴾ (الشوریٰ ۱۹)

بحالیٔ تحصیل علم و امتحان طلبہ

بعد نماز صبح سو (۱۰۰) مرتبہ آیت کریمہ پابندی سے پڑھا کریں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۷﴾

(الانبیاء ۸۷)

بحالیٔ دفع آسیب از مکان

تین روز تک سورۂ بقرہ پوری ختم کی جائے۔ ان شاء اللہ آسیب دفع ہو جائے گا۔

حضرت مولانا محمد عبداللہ درخواستیؒ

علم میں برکت اور زیادتی کے لیے

جو شخص چاہتا ہے کہ اس کے علم میں برکت، اس کے علم کا فیض دور دور تک پھیلے اور اس کے علم سے لوگ نفع اٹھائیں اور اس کے علم سے استفادہ کرنے کے لیے لوگ اس کی طرف جوق در جوق آئیں اور اس کا انتہائی احترام کریں اور اس کے علم میں مسلسل اضافہ ہوتا رہے۔ اس میں نقص پیدا نہ ہو کہ دماغ کمزور ہو گیا، حافظہ بیکار ہو گیا یا علمی کاموں سے دور ہو گیا۔ ان تمام برائیوں سے محفوظ رہنے کے لیے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ عمل یہ ہے:

ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھے

سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۳۲﴾ (البقرۃ ۳۲)

اس کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھے

رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾ (طٰہٰ ۱۱۴)

حضرت مفتی محمود حسن گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ

رزق کی کشادگی ..... نیا کاروبار شروع کرنے کے لیے

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۶﴾

(لقمٰن ۲۶)

رزق کی کشادگی اور کاروبار کی ترقی کے لئے یا نیا کاروبار شروع کرنے کے لیے اس آیت کو روزانہ ایک سو اکتالیس (۱۴۱) مرتبہ پڑھیں۔

امتحان میں آسان پرچوں کے لیے

فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ۭ هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ

غریب اور مفلس افراد کیلئے مفت خدمات goo.gl/bHIWVl

وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٢﴾ (الانفال:۶۲)

امتحان میں آسان پرچوں کے لیے، فتح اور کامیابی کے لیے جانے سے پہلے سات (۷) مرتبہ ضرور پڑھ لیں۔

حضرت مولانا محمد عمر پالن پوری رحمۃ اللہ علیہ

لاعلاج مرض کے لیے

رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ﴿٨٣﴾

(الانبیاء:۸۳)

اگر آپ ایسی بیماری میں مبتلا ہیں جو نہ سمجھ میں آنے والی ہے اور لاعلاج ہے تو مریض بذاتِ خود اس آیت کا کثرت سے ورد کرے۔

جب ظالم کا ظلم انتہاء کو پہنچ جائے

فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿١٠﴾ (القمر:۱۰)

کوئی شخص مظلوم ہو اور ظالم کا ظلم انتہاء تک پہنچ چکا ہو تو مذکورہ آیت روزانہ تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف پھونکیں۔

حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ صاحب رحمہ اللہ

برائے حصولِ جمیع مقاصد و حل مشکلات دینی و دنیاوی

ذکرِ طریق کیفیت ختم حضرت غوث الثقلین شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ۔ برائے حصولِ جمیع مقاصد و حل مشکلات دینی و دنیاوی مجرب ہے۔

اول و آخر درود شریف سو مرتبہ درمیان میں

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿١٧٣﴾ (اٰل عمران:۱۷۳)

صرف پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھنا چاہئے۔ حتیٰ کہ مقصد حاصل ہو جائے اور مشکلات حل ہو جائیں۔ اس ختم کا ثواب بروح پرفتوح حضرت ممدوح رحمہ اللہ کو بخش کر اپنی حاجات کے لئے بواسطہ جناب ایشاں بارگاہ الٰہی جل شانہ سے استدعا کرے۔ ان شاء اللہ مطالب سرانجام پائیں گے۔

بعض بزرگان سلسلہ نقشبندیہ کے ختم شریف

۱۔ ختم حضرت خواجہ محمد سعید قریشی ہاشمی رحمۃ اللہ علیہ

وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ﴿٣﴾ (الطلاق:۳)

پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ اول و آخر درود شریف سو سو (۱۰۰) مرتبہ۔

۲۔ ختم حضرت خواجہ محمد فضل علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٢١﴾ (الحدید:۲۱)

پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ اول و آخر درود شریف سو سو (۱۰۰) مرتبہ۔

۳۔ ختم حضرت خواجہ دوست محمد قندھاری رحمۃ اللہ علیہ

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿٨٩﴾ (الانبیاء:۸۹)

پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ اول و آخر درود شریف سو سو (۱۰۰) مرتبہ۔

۴۔ ختم حضرت خواجہ محمد معصوم فاروقی رحمۃ اللہ علیہ

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٧﴾

(الانبیاء:۸۷)

پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ اول و آخر درود شریف سو سو (۱۰۰) مرتبہ۔ اور ہر سینکڑے کے بعد ایک مرتبہ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ؕ وَكَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨٨﴾ (الانبیاء:۸۸) پڑھے۔

۵۔ ختم حضرت محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿١٧٣﴾ (اٰل عمران:۱۷۳)

پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ اول و آخر درود شریف سو سو (۱۰۰) مرتبہ۔ اور ہر سینکڑے کے بعد ایک مرتبہ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿٤٠﴾

(الانفال:۴۰) پڑھے۔

نوٹ یہ تمام ختم ہر قسم کی حاجات کو پورا ہونے اور مشکلات اور مصائب کو ختم کرنے کے لیے اکسیر ہیں۔ (خ)

دینی مدارس کے طلباء و طالبات کیلئے مفت خدمات goo.gl/bzSOMZ

الشیخ مولانا سید عبدالوہاب شاہ بخاریؒ

سورۃ الواقعہ اور رزق

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول پاک ﷺ سے سنا کہ جو شخص ہر رات کو سورۃ الواقعہ پڑھے، اسے کبھی فاقہ نہ ہوگا (غربت کی نوبت نہ آئے گی)۔ چنانچہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے اپنی لڑکیوں کو کہہ دیا ہے کہ وہ ہر رات پڑھا کریں۔

(مشکوٰۃ ص ۱۸۹، ابن سنی ص ۴۳۰)

وسعت رزق کے لیے سورۃ فاتحہ اور اخلاص کا عمل

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا ''جو اپنے گھر داخل ہوتے وقت سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص پڑھے گا، اس سے تنگدستی دور ہو جائے گی اور فراوانی خوشحالی آ جائے گی۔ یہاں تک کہ اپنے پڑوسیوں پر بھی بہائے گا''۔ (الدر المنثور ۶/۳۷۱)

دنیا اور آخرت کے امور کی کفالت

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جو صبح یا شام ان دعاؤں کو سات مرتبہ پڑھ لے گا، اللہ پاک اس کے دنیا اور آخرت کے اہم امور میں کافی یعنی نگہبان ہو جائے گا۔ (الاذکار)

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾ (التوبہ: ۱۲۹)

''کافی ہے ہمیں اللہ، نہیں کوئی معبود سوائے اس کے، اس پر بھروسہ کرتا ہوں، وہ بزرگ ترین عرش کا مالک ہے''۔ (ابن سنی ص ۶۷، الاذکار ص ۵۸۱)

شیخ الحدیث مولانا نصیر الدین غورغشتویؒ

پورا مہینہ بلاؤں سے حفاظت

ارشاد فرمایا کہ ''ہم نے بعض شروح بخاری میں دیکھا ہے کہ اگر اس سورۃ ملک کو کوئی نیا چاند دیکھتے وقت پڑھ لے تو وہ پورا مہینہ تمام بلاؤں اور مصیبتوں سے محفوظ رہے گا''۔

پیر طریقت قاری عبدالغفور صاحب مدظلہٗ

حج کی سعادت حاصل کرنے کا وظیفہ

اگر کسی کو حج کرنے کا شوق ہو لیکن اس کے لیے کوئی وسیلہ نہ ہو تو اسے چاہیے کہ وہ کثرت کے ساتھ درج ذیل آیت کا ورد کیا کرے:

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۲۷﴾ (الفتح: ۲۷)

جھوٹے مقدمے اور تہمت سے نجات کا وظیفہ

اگر کوئی جھوٹے مقدمے میں پھنس گیا ہو یا کسی نے اس پر جھوٹی تہمت لگائی ہو یا کسی کی عزت پر کوئی حرف آیا ہو تو وہ درج ذیل آیت اٹھتے بیٹھتے، ہر وقت کثرت سے پڑھے۔ ان شاء اللہ کامیابی نصیب ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے: وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸۲﴾ (یونس: ۸۲)

ان وظائف سے فائدہ کیسے اٹھائیں؟

اولیائے کرام اور بزرگانِ دین کے وظائف سے حقیقی فائدہ اٹھانے کے لیے ایک خاص نکتہ ہمیشہ ذہن میں رکھیں۔ جس بھی بزرگ کا تجویز کردہ وظیفہ پڑھیں، ان کو لازمی کچھ نہ کچھ ایصالِ ثواب ضرور کریں اور اللہ تعالیٰ سے ان کے وسیلے سے دعا کریں گے تو یہ مزید سونے پر سہاگہ والی بات ہو گی۔ (خ)

darulamal.org/publications

چھپے چھپائے تعویذات

روحانی دکان میں مختلف قسم کے چھپے ہوئے تعویذات دستیاب ہیں جو روحانی علاج میں استعمال ہوتے ہیں۔ آج کل وقت کی شدید کمی کے باعث زیادہ تعویذات لکھنا ممکن نہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہاتھ سے لکھے ہوئے تعویذات کی تاثیر، چھپے ہوئے تعویذات سے زیادہ ہوتی ہے۔ اس لئے عاملین چھپے ہوئے تعویذات پر اپنا عمل پڑھ کر دم کر دیتے ہیں تاکہ ان میں بھی تاثیر بڑھ جائے۔

روحانی درسگاہ کے اعمال کی کاپیوں کے تعویذات

✪ سات سلام اور چہل کاف ✪ امنت باللہ کا خاص ✪ بانڈی کی کاپی ✪ حُب کی خاص بیاض ✪ منزل ✪ عمل شفائے امراض ✪ حصار قرآنی کبیر

قرآنی تعویذات

❁ اللہ اکسیر قرآنی ❁ آیت الکرسی ❁ آیت قطب ❁ بسم اللہ الرحمن الرحیم ❁ چاروں قل ❁ سلام قولا من رب رحیم ❁ سورۃ احزاب ❁ سورۃ بقرہ ❁ سورۃ جن ❁ سورۃ طٰہٰ ❁ سورۃ مریم ❁ سورۃ مزمل ❁ سورۃ یٰس ❁ سورۃ یوسف ❁ لاعلاج امراض ❁ معوذتین ❁ منزل

نورانی تعویذات

❁ اسماء الحسنیٰ ❁ اصحاب کہف ❁ بچوں کی ہر آفت سے حفاظت ❁ برائے سخت امراض ❁ تعویذ حضرت درخواستی ❁ دعائے حزب البحر ❁ دعائے حزب النصر ❁ حفاظت خاص ❁ سفر میں حفاظت ❁ درود ابراہیمی ❁ درود تنجینا ❁ دعائے استعاذہ ❁ رقیہ نظر و حسد ❁ سورۃ فاتحہ + یا حی حین ❁ شجرہ چشتیہ ❁ شجرہ قادریہ ❁ لاحول ولاقوۃ

✪✪ مختلف قسم کے چراغ میں جلانے والے فلیتے اور جسم پر مل کر جلانے والے تعویذات بھی دستیاب ہیں۔

روحانی دکان، دارالعمل چشتیہ، لاہور
فون: 042-35410586 موبائل: 0334-4312272
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

"انسان کا کام تدبیر کرنا ہے نتیجہ مرتب کرنا صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے، لہٰذا رجوع الی اللہ کبھی نہ چھوڑیں"

سفر اور رزق کی بندش: کاروبار نہ چلنا، ملازمت کا نہ ملنا یا مل کر چھوٹ جانا، کاموں کے بنتے بنتے بگڑ جانا، بیرون ملک جانے میں رکاوٹ اور بندش کا سامنا۔

گھریلو مسائل: خاوند، بیوی اور بچوں میں ناچاقی اور طلاق تک نوبت۔

رشتوں کی بندش: جوان اولاد کے رشتے نہ ملنا، پسند نہ آنا یا پسند کے بعد انکار ہو جانا، منگنی کے بعد نکاح یا نکاح کے بعد رخصتی میں رکاوٹ۔

صحت کی بندش: بیماری کا علاج کے باوجود ٹھیک نہ ہونا یا بار بار بیمار ہونا، تمام لیبارٹری ٹیسٹ کے درست ہونے کے باوجود بھی صحت کا بحال نہ ہونا۔

اولاد کی بندش: اولاد کا نہ ہونا یا پیدا ہو کر مر جانا، پیدائشی طور پر بچوں میں مختلف قسم کی بیماریاں پیدا ہونا، صرف لڑکیاں ہی پیدا ہونا، نرینہ اولاد کیلئے۔

اولاد کے مسائل: نافرمانی، سرکشی، دیگر غلط عادات اور سوسائٹی کے شکار افراد۔

معاشرتی مسائل: قرض کی ادائیگی، کسی شخص کا جائز کام میں رکاوٹ بننا، قرض واپس نہ کرنا، دشمن ہو جانا، پیسے یا چیزیں مثلاً دکان، مکان پر قبضہ کر لینا وغیرہ۔

تدبیر ہماری تقدیر تمہاری

کشائش رزق، بندش کاروبار، بندش رشتہ و ہر قسم کی بندش اور تمام پریشانیوں کے حل کیلئے اعتماد سے رابطہ فرمائیں۔

نوٹ ملاقات کیلئے فون پر وقت ضرور طے کر لیں

اب مولانا صاحب ہفتہ کے 7 دن مریضوں سے ملاقات کریں گے۔

خیر و برکت:۔
گھر، دکان، فیکٹری اور دفتر کی خیر و برکت کیلئے

طبیب روحانی و جسمانی
مولانا ڈاکٹر علی آفاق
(ڈی۔ایچ۔ایم۔ایس)

Mobile: 0321-4168008
www.afaqspiritualclinic.com
facebook.com/afaqspiritualclinic
77/C، ماڈل ٹاؤن لاہور۔

مفتیان اور علمائے کرام کے تجویز کردہ قرآنی وظائف

مرتب: اراکین دارالعمل چشتیہ، لاہور

حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی قدس سرہٗ

بمقصد حفاظت از مار گزیدہ وغیرہ جانوران موذیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧٩﴾ (الصّٰفّٰت: ۷۹)

گیارہ بار صبح و شام اول و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھا جائے لیکن اعتقاد کامل کا ہونا از حد ضروری ہے۔

شیخ الحدیث حضرت مولانا مغفور اللہ بابا جی مدظلہٗ

ہر قسم کی پریشانی اور مشکلات کے حل کے لیے

جو لوگ کسی عام پریشانی کا ذکر کرتے یا خاص پریشانی مثلاً کاروباری بندش کی شکایت کرتے تو ایسے لوگوں کو اکثر آپ تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ "حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿١٧٣﴾ (اٰل عمرٰن: ۱۷۳)" بعد درسل تعلیم فرماتے۔

انٹرویو اور امتحانی پرچوں میں کامیابی کے لیے

انٹرویو اور پرچے سے پہلے

اُفَوِّضُ اَمْرِيْ اِلَى اللّٰهِ ﴿٤٤﴾ (المؤمن: ۴۴) اکیس (۲۱) مرتبہ اور حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿١٧٣﴾ (اٰل عمرٰن: ۱۷۳) ایک سو (۱۰۰) مرتبہ۔

شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالسلام بستویؒ

جنت کے داہنی جانب سے داخل ہو

سورۂ اخلاص جو سوتے وقت دائیں کروٹ پر لیٹے لیٹے سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے گا تو قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اس کو جنت کے داہنی جانب سے جنت میں داخل کرے گا۔ (الترغیب: ۲۹۰، ثواب القرآن، قیام اللیل: ۲۶۰)

نیند نہ آنے کا علاج

اگر کسی کو نیند نہ آتی ہو تو اس آیت وَجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ﴿٩﴾ (النبا: ۹) کو بار بار پڑھے۔ اللہ کے حکم سے نیند آجائے گی۔

مولانا سید ظہور احمد شاہ جہانپوریؒ

حاجت فوری یا جلد پوری ہو

جو شخص روزانہ سورۂ فاتحہ کو تین سو تیرہ (۳۱۳) بار بطور مداومت کے پڑھتا رہے اور بروقت کسی اپنی حاجت کا اپنے دل میں خیال باندھ کر سورۂ الحمد شریف کو اسی قدر یعنی تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پڑھ کر دعا کرے۔ ان شاء اللہ، وہ حاجت اسی وقت یا جلد پوری ہوگی۔ یہ عمل نہایت مجرب ہے۔

حاجت پوری ہو

نصف شب کو ایسی جگہ خلوت میں، جہاں آدمی کی آواز نہ سنائی دے، اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف اور ایک سو ستر (۱۷۰) بار آیۃ الکرسی پڑھا کرے۔ حاجت روائی ہوگی۔

نقیب العصر حضرت مولانا محمد فرید مدظلہ العالی مفتی اعظم کے تجویز کردہ قرآنی وظائف

ساحروں کی مجلس میں سحر جادو سے بچنے کے لئے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿١٧٣﴾ (ال عمران:۱۷۳)

گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھنا۔

اولاد کے فرمانبردار ہونے کے لئے

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ﴿١٤﴾ (ال عمران:۱۴)

روزانہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھنا ہے۔

بھاگے دم نمبر سحر و جادو

وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿٦٩﴾ (طٰہٰ:۶۹)

گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھنا۔

جب گھر میں جنات چوری یا تنگ کرتے ہوں

سورۃ البقرہ اول اور آخری رکوع روزانہ سات (۷) مرتبہ پڑھنا ہے۔

بھائیوں کے درمیان رضا کارانہ طور پر جدائی کے لئے

سورۃ والتین انیس (۱۹) مرتبہ پڑھنا۔

ہائی بلڈ پریشر کے مریض کے لئے وظیفہ

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٣٤﴾ (ال عمران:۱۳۴)

روزانہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھنا ہے۔

فراخی رزق اور دشمن سے حفاظت کے لئے

سورۃ القریش اول و آخر تین مرتبہ درود شریف، صبح و شام دس (۱۰) مرتبہ پڑھنا ہے۔ اگر فرصت ہو تو سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھنا ہے۔

بھاگے امراض چشم

لَقَدْ كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿٢٢﴾ (ق:۲۲)

سات مرتبہ پڑھ کر دم کیا کرے۔

گمشدہ اور چوری شدہ چیز کے لئے

"سورۃ النصر"، "سورۃ الضحیٰ" گیارہ (۱۱) یا اکیس (۲۱) یا اکتالیس (۴۱) مرتبہ۔

ساس مہربان ہونے کے لئے

"سورۃ الانشراح" انیس (۱۹) مرتبہ پڑھنا ہے۔

مفقود الخبر کے لئے

"سورۃ النصر" نماز عشاء کے بعد سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھنا۔

زبان کی لکنت کے لئے

قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿٢٥﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿٢٦﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿٢٧﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿٢٨﴾ (طٰہٰ:۲۵-۲۸)

نماز عشاء کے بعد نو (۹) مرتبہ پڑھنا ہے۔

مستجاب الدعوات بننے کے لئے

سورۃ الضحیٰ نماز عشاء کے بعد گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھنا۔

یرقان سے نجات کے لئے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿١٧٣﴾ (ال عمران:۱۷۳)

روزانہ ستر (۷۰) مرتبہ پڑھنا۔

حضرت مولانا حماد اللہ دخواستی مدظلہ کے مرتب کردہ قرآنی وظائف

محبت رسول اللہ ﷺ پیدا کرنے و قربِ رسول ﷺ حاصل کرنے کیلئے

صبح وشام سات سات بار یہ دو سورتیں پڑھیں۔ ایک سورۃ کوثر دوسری سورۃ والضحیٰ۔ اول وآخر سات مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

حُبِّ جاہ وحُبِّ مال کا علاج

اگر انسان یہ چاہے کہ مجھے دین کا شوق ہو اور عزت وشہرت وذاتی وجاہت کا خیال ختم ہو اور مال کی محبت بھی ختم ہو تو اس کے لئے صبح وشام تین مرتبہ سورۃ تکاثر پڑھیں۔ اوّل وآخر درود شریف پڑھیں۔

زیارت والدین کے لئے

اگر کسی کے والدین فوت ہو گئے ہیں اور وہ ان کو خواب میں زیارت کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تو رات کو سوتے وقت سات (۷) مرتبہ سورۃ یٰسین پڑھ کر ان کو ایصال ثواب کرے۔ ان شاء اللہ خواب میں زیارت ہوگی۔

تہجّد کے لئے بیدار ہونے کا عمل

لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ (الاعراف ۱۸۷)

سونے کے وقت تین (۳) بار پڑھیں۔

فتوحات کے دروازے کھلنے کے لیے

سورۃ والضحیٰ روزانہ سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ اوّل وآخر درود شریف پڑھیں۔ فتوحات کے دروازے کھلیں گے۔

فتوحاتِ غیبی کے لیے

سورۃ یٰسین پڑھیں اور سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ کی آیت پچاس (۵۰) مرتبہ پڑھیں۔

قضائے حاجات کے لیے

(۱) بعد نماز فجر تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ۔ اس سے بھی مقصد پورا ہوگا۔

(۲) سورۃ یٰس اس ترکیب سے پڑھیں کہ اس میں سات مبین ہیں تو ہر لفظ مبین سے از سرِ نو شروع کرے۔ اس طرح سورۃ کو ختم کرے۔ پھر سر ننگا کر کے سجدہ میں جا کر اپنی ضرورت کا نہایت عاجزی وانکساری سے سوال کرے۔ مطلب کے حاصل ہونے تک ایسا کرے۔

(۳) سورہ النصر اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھیں۔ اس ترکیب سے بعد نماز فجر تو (۹) مرتبہ اور باقی چار نمازوں کے بعد آٹھ (۸) مرتبہ پڑھیں اور اس پر دوام کریں۔ یا بعد نماز فجر پندرہ (۱۵) مرتبہ، بعد نماز ظہر دس (۱۰) مرتبہ اور بعد عصر سات (۷) مرتبہ اور بعد مغرب پانچ (۵) مرتبہ اور بعد عشاء تین (۳) مرتبہ پڑھیں۔

(۴) قرآن مجید کو کھولے اور ہر سورت کی پہلی آیت کو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے ساتھ پڑھے۔ اس طرح آخر تک کرے۔ پھر دعا کرے۔

(۵) قرآن مجید کی سات منزلیں ہیں۔ روزانہ ایک منزل علیحدگی میں پڑھے اور کسی سے درمیان میں کلام نہ کرے۔ بعد منزل پڑھنے کے دعا کرے۔ یہ عمل سات دن کا ہوگا۔

(۶) قرآن مجید کی سات منزلیں ہیں۔ روزانہ ایک منزل علیحدگی میں پڑھے اور کسی سے درمیان میں کلام نہ کرے۔ بعد منزل پڑھنے کے دعا کرے۔ یہ عمل سات دن کا ہوگا۔

(۷) حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ (التوبۃ ۱۲۹) کی ایک تسبیح (۱۰۰) صبح کو پڑھے۔

darulamal.org/bookshop

حضرت مولانا احمد علی پنجگوریؒ کے مرتب کردہ قرآنی وظائف

تنگدستی دور کرنے کا عمل

بعد نماز صبح سورۂ اذا جاء نصر اللہ (آخر تک) ۲۱ مرتبہ

بعد نماز ظہر ---------- ۲۲ مرتبہ

بعد نماز عصر ---------- ۲۳ مرتبہ

بعد نماز مغرب ---------- ۲۴ مرتبہ

بعد نماز عشاء ---------- ۲۵ مرتبہ

اول آخر درود شریف پڑھنا چاہیے۔ مداومت پر ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔

تنگدستی سے نجات حاصل کرنے کا عمل

روزانہ مغرب یا عشاء کے بعد سورۂ مزمل گیارہ (۱۱) مرتبہ، اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھا کریں اور جب فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا پر پہنچا کریں تو پچیس (۲۵) مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ پڑھا کریں۔ ان شاء اللہ تنگدستی رفع ہوجائے گی۔ یہ عمل دائمی ہونا چاہیے۔

برائے ملازمت

اگر کسی عہدے کے لئے کثیر تعداد میں درخواستیں گزر چکی ہوں اور کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی درخواست منظور ہو تو تین روز تک مندرجہ ذیل آیت سات ہزار (۷۰۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ﴿۷۶﴾ (یوسف:۷۶)

تسکین قلب اور نیند کے لئے

بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا (آل عمران:۱۵۴)

کو ایک سو ستر (۱۷۰) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالےٰ قلب کو سکون حاصل ہوگا اور نیند آجائے گی۔

چور وغیرہ سے مکان کی حفاظت کیلئے

رات کو سوتے وقت یہ آیت پڑھ کر سوجائے۔ اگرچہ چور گھر میں داخل بھی ہوجائے گا تو مالی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۱۰﴾ (بنی اسرائیل:۱۱۰)

ظاہری وباطنی فتوحات کے لئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ آٹھ سو (۸۰۰) بار ہر روز پڑھنا عجیب کیمیا ہے۔ تمام ظاہری وباطنی فتوحات اس کی برکت سے کھل جاتے ہیں۔ حضرت شاہ عبد القادر جیلانیؒ نے غنیۃ الطالبین میں اس ورد کو بہت مجرب لکھا ہے۔ بعض کا قول اس کے اسم اعظم کے متعلق بھی ہے۔

ناجائز تعلقات سے بچاؤ کا عمل

صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سورۂ فاتحہ ترکیب ذیل سے پڑھی جائے۔ (۱) بسم اللہ کے آخر کے میم کو الحمد للہ کے لام سے ملادو (اس طرح رحیمل حمد)۔ (۲) یہ عمل اتوار کے دن سے شروع کیا جائے۔ اس طرح کے اتوار سے صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ستر (۷۰) مرتبہ۔

پیر کے روز صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان --- ۶۰ مرتبہ

منگل کے روز ---------- ۵۰ مرتبہ

بدھ کے روز ---------- ۴۰ مرتبہ

جمعرات کے روز ---------- ۳۰ مرتبہ

جمعہ کے روز ---------- ۲۰ مرتبہ

ہفتہ کے روز ---------- ۱۰ مرتبہ

اول اور آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھے۔

darulamal.org/library

حضرت مولانا مفتی محمد الیاس مدظلہ کے مرتب کردہ قرآنی وظائف

حل مشکلات کے لیے مجرب عمل

دو رکعت نماز نفل پڑھے، جو سورت چاہے پڑھے، سجدہ میں:

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

(الانبیاء ۸۷)

چالیس (۴۰) مرتبہ پڑھے اور بعد سلام کے دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی اور مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

جملہ مشکلات کے حل کے لیے

سورۂ یونس دو مرتبہ باوضو پڑھے۔ ان شاء اللہ جملہ مشکلات حل ہوں گی۔

ہر مشکل کے حل کے لیے

ہر مشکل گھڑی میں سورۂ ھود کی تلاوت بہت فائدہ مند ہے۔

دشمن کو مغلوب کرنے کے لیے

سورۂ ھود کے پڑھنے سے دشمن مغلوب رہتا ہے۔

جملہ مہمات میں کامیابی کے لیے

جملہ مہمات میں کامیابی کے لیے روزانہ سورۂ یوسف ایک بار تلاوت کرے۔ ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

کسی شخص کے دل میں اپنی محبت ڈالنے کے لیے

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ۖ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۖ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ (الانفال ۶۳)

جس شخص کے دل میں اپنی محبت ڈالنی ہو یا تو محبت پیدا کرنے کے لیے یہ آیت گیارہ (۱۱) بار روزانہ پڑھے۔

نا اتفاقی دور کرنے (محبت) کے لیے

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ۖ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۖ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ (الانفال ۶۳)

جس خاندان میں نا اتفاقی ہو تو محبت پیدا کرنے کے لیے یہ آیت گیارہ (۱۱) بار روزانہ پڑھے۔

ہر جائز مراد کے لیے

اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ ۝ (الانفال ۹)

مسلمان پر واجب ہے کہ تمام اُمور پر اللہ پر توکل کرے، اس کے سوا کسی اور پر بھروسہ نہ کرے۔ ہر جائز مراد کے لیے چودہ (۱۴) مرتبہ گیارہ (۱۱) دن تک پڑھیں۔

مقدمہ (جھوٹے) سے خلاصی کے لیے

وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

(یونس ۸۲)

اگر کوئی جھوٹے مقدمے میں پھنس گیا ہو یا کسی نے کسی پر جھوٹی تہمت لگائی ہو یا کسی کی عزت پر کوئی حرف آیا ہو، وہ اس دعا کو اٹھتے بیٹھتے کثرت سے پڑھے۔

مقدمہ (جھوٹے) سے خلاصی کے لیے

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۖ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۝ (بنی اسرائیل ۸۱)

تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھیں۔ حق پر ہو تو پڑھے، ناحق پڑھنے والا خود مصیبت میں گرفتار ہو سکتا ہے۔

darulamal.org/lit

جھوٹی گواہی اور حاکم کے غلط فیصلے کو روکنا

سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۹۱﴾ وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۹۲﴾ وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْحَمْدُ فِي الْاُوْلٰى وَالْاٰخِرَةِ ۖ وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۹۳﴾

(القصص ۸۸-۷۰)

اگر کسی کی جھوٹی گواہی یا حاکم کے غلط فیصلے اور ظلم سے اندیشہ ہو تو پیشی، مقدمے کے وقت یہ آیتیں سات مرتبہ پڑھے اور تین بار یہ کہے

وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ (یوسف ۲۱)

ان شاء اللہ تعالیٰ سب شروں سے محفوظ رہے گا۔

اولاد زندہ نہ رہتی ہو

وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾ (الصّٰفّٰت ۷۶)

اگر کسی شخص کی اولاد مر جاتی ہو، زندہ نہ رہتی ہو تو اس دعا کو روزانہ صبح و شام گیارہ (۱۱) بار پڑھے۔

سخت مصیبت سے نجات کے لیے

وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾ (الصّٰفّٰت ۷۶)

اگر کوئی شخص کسی سخت مصیبت میں مبتلا رہتا ہو تو اس دعا کو روزانہ صبح و شام گیارہ (۱۱) بار پڑھے۔

ہر جائز مراد کے حصول اور مشکل سے نجات کے لیے

يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۴﴾ بِنَصْرِ اللّٰهِ ؕ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۵﴾ (الروم ۴-۵)

ہر جائز مراد کے لیے اور ہر مشکل کی آسانی کے لیے ان آیات کو ایک سو تیرہ (۱۱۳) بار پڑھیں۔

حصولِ مکان کے لیے

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۰﴾ (الاعراف ۱۰)

اگر کسی کے پاس رہنے کی جگہ یا مکان نہ ہو تو وہ اس آیت کو ایک سو اکاون (۱۵۱) بار روزانہ پڑھے۔ جب تک کامیابی نہ ہو، ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

رزق کے ذریعے اور کشادگی رزق کے لیے

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۰﴾ (الاعراف ۱۰)

اگر کسی کے پاس روزی کا ذریعہ نہ ہو یا رزق سے تنگ ہو یا مسافر ہو اور اس کے پاس کوئی سامان نہ ہو تو وہ اس آیت کو ایک سو اکاون (۱۵۱) بار روزانہ پڑھے۔ جب تک کامیابی نہ ہو، ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

ترقی رزق اور مشکل کام آسانی سے کرنے کے لیے

رزق کی ترقی اور برکت کے لیے یا کوئی کام بس سے باہر ہو اور کوئی وسیلہ نظر نہ آتا ہو یا اگر کسی کام میں آسانی اور جلدی مطلوب ہو تو سورۂ مزمل ایک بیٹھک میں اکتالیس (۴۱) مرتبہ، تین دن تک پڑھیں۔ اس عمل سے دوسروں کو نقصان پہنچانا مقصود نہیں ہونا چاہیے۔

جو کسی بلا یا مصیبت میں مبتلا ہو

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿۱۷۳﴾ (اٰل عمران ۱۷۳)

جو شخص کسی مصیبت و بلا میں مبتلا ہو، اس آیت کو پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی مصیبت جاتی رہے گی۔

(گھروں میں) نااتفاقی اور دشمنی دور کرنے کے لیے

وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۷﴾ (الحجر ۴۷)

جس گھر میں یا خاندان میں نااتفاقی ہو یا کسی سے دشمنی ہو، ہر فرض نماز کے بعد گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھ کر اس کا تصور کر کے آسمان پر پھونک دے، جب تک کامیابی نہ ہو۔

darulamal.org/multimedia

ڈاکٹر سید محمد مظاہر اشرف الاشرفیؒ کے مرتب کردہ قرآنی وظائف

مرتب: عمر اشرفی سمنانی

آیتِ قطب کے چند خواص

آیتِ قطب سورۂ ال عمران کی آیت ۱۵۴ کو کہتے ہیں۔ آیت یہ ہے:

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ؕ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ يُخْفُوْنَ فِيْۤ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ؕ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾

جائز حاجت پوری ہو

جو شخص نمازِ فجر سے نمازِ اشراق تک ہر روز چالیس (۴۰) مرتبہ یہ آیت پڑھتا ہے، وہ جو کچھ جائز حاجت کیلئے اللہ سے دعا مانگے گا، ضرور پوری ہوگی۔

دشمن سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے

جو کوئی اپنے بدخواہ دشمن سے عاجز آ گیا ہو، چھٹکارا نہ ملتا ہو تو وہ سات (۷) روز تک ہر روز چار (۴) مرتبہ آیتِ قطب بہ نیت خرابیٔ دشمن پڑھ کر دشمن کے گھر پر دم کرے۔ ان شاء اللہ، دشمن کو اپنی پڑ جائے گی۔

مخالف کو اپنا تابعدار کرنے کیلئے

جو کوئی کسی مخالف کو مطیع کرنا چاہے تو روز بارہ (۱۲) مرتبہ اس نیت سے پڑھے، ان شاء اللہ وہ مطیع ہو جائے گا۔

تنگدستی دور کرنے کیلئے

جو تنگدستی سے پریشان ہو، وہ سات روز تک ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ صبح یا شام پڑھے، پھر سجدہ میں دعا کرے۔ ان شاء اللہ تونگر ہو جائے گا۔

جن کا بالوں پر عاشق ہو جانا

بزرگوں نے کہا ہے کہ بال کھول کر کسی درخت کے سائے میں نہ بیٹھا جائے یا چھت پر کھڑے ہو کر بال کھول کر نہ لہرائے جائیں ورنہ اجنا کی گزرگاہ ہو تو وہ چمٹ جاتے ہیں۔ ویسے بھی قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو خاص حکم دیا ہے کہ "چھپاؤ اپنے بالوں کو"۔

اگر کسی عورت کے ایسا ہو کہ بالوں کو سنوارتے وقت، کوئی چیز بالوں سے کھیلے اور بڑی مشکل سے بالوں کو سنوارنے دے تو اس عورت کو چاہئے کہ تین (۳) روز برابر بال سنوارنے سے قبل سورۂ جن پڑھا کرے، پھر بال سنواریں۔ ان شاء اللہ، اس چیز سے نجات مل جائے گی۔

بیٹا اور بیٹی کی شادی ہو جائے

پڑھے لکھے اور خوب صورت بچوں کی شادی نہ ہو، مال و دولت ہو، کاروبار بھی ہو، جائیداد بھی ہو لیکن پھر بھی رشتے طے نہ ہو تو یہ عمل کریں:

لڑکی خود بعد نمازِ عشاء تین سو تینتیس (۳۳۳) مرتبہ یہ آیت کریمہ پڑھے اور دعا کیا کرے:

سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿سُوْرَةُ يٰسٓ: ۳۶﴾

اور بیٹے کے لیے اس کی والدہ پڑھیں اور اس کے بعد دعا کریں۔ ان شاء اللہ، جلد رشتے ہو جائیں گے۔

darulanaal.org/matabalaarif
khazinaeruhaniyat.magazine@darulanaal.org

سورۂ واقعہ کے رزق میں برکت کے خاص وظائف

مولانا محمد نفیس احمد اویسی رضوی

(۱).....ابو عبدہ فضائل قرآن میں اور حارث بن اسامہ وابو یعلی اپنی مشیخیت میں اور ابن مردویہ اپنی تفسیر میں اور بیہقی شعب الایمان میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ "جس نے ہر شب واقعہ تلاوت کی، اس کو فاقہ کبھی نہ ہوگا"۔

(۲).....ابن مردویہ نے انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ "سورۂ واقعہ سورۂ غنا یعنی دولتمندی کی سورۃ ہے۔ اس کو خود بھی پڑھو اور اپنی اولاد کو بھی سکھاؤ"۔

فائدہ..... یاد رہ کہ اس سورۃ میں دربار حصول غناء، تونگری اور دفع فقرہ فاقہ کا عجیب وغریب اثر ہے اور اس کی تلاوت کے معین طریقے جو بزرگان دین سے منقول ہیں، بہت سے ہیں۔ یہاں منجملہ ان قواعدہ کے چند قاعدے جو آسان اور بزرگان دین کے مجرب ہیں، تحریر کرتا ہوں تا کہ میرے دینی بھائی اس میں سے کسی کو عمل میں لاکر اپنے پیارے نبی ﷺ کے سچے ارشاد کے موافق فقر وفاقہ سے نجات حاصل کر کے غنی اور مالدار ہو جائیں۔

(۱) پہلا طریقہ: ہر روز بلا ناغہ بطریق مداومت بعد نماز مغرب کے، سورہ واقعہ شریف کو ایک بار تلاوت کر لیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ فقر وفاقہ سے محفوظ رہے گا۔

(۲) دوسرا طریقہ: اور اکثر احباب کا مجرب یہ ہے کہ شروع چاند میں جمعرات کے بعد نماز مغرب کے، سو (۱۰۰) بار یا اکیس (۲۱) یا گیارہ (۱۱) بار درود شریف پڑھ کر چھ (۶) مرتبہ سورہ واقعہ کی تلاوت کرے۔ بعد ختم کے بدستور سو (۱۰۰) بار یا اکیس (۲۱) یا گیارہ (۱۱) بار درود شریف پڑھ کر کھڑا ہو جائے۔ دوسرے روز بدستور بعد نماز مغرب کے پانچ بار پڑھے، اسی طرح دوسری جمعرات تک پانچ بار روزانہ پڑھتا رہے۔ جب دوسری جمعرات آئے تو سورہ شریف کو پانچ بار پڑھ کر ورد کو ختم کرے۔ اور اول جمعرات سے اس وقت تک سورہ شریف کی تلاوت کا ثواب اپنے دل میں اللہ تعالیٰ کی نذر کرے۔ اس سے فارغ ہو کر اسی وقت پھر بدستور درود شریف کے بعد چھ بار سورہ شریف کی تلاوت کرے اور بعدہ روزمرہ بدستور تیسری جمعرات تک پانچ بار روزانہ پڑھتا رہے۔ تیسری جمعرات کو پانچ بار پڑھ کر اس دوسرے ہفتہ کی تلاوت کا ثواب ہدیہ روح رسول اللہ ﷺ کر کے پھر اسی وقت از سر نو چھ بار سورۃ واقعہ کی تلاوت کرے اور بعدہٗ بدستور پانچ بار روزانہ چوتھی جمعرات تک پڑھتا رہے۔

چوتھی جمعرات کو سورہ شریف کو پانچ بار تلاوت کر کے اس تیسرے ہفتہ کی تلاوت کا ثواب جمیع ارواح مومنین اور مومنات کو ہدیہ کرے۔ پس عمل تمام ہوا۔ اس کے بعد دوسرے روز سے برابر ہمیشہ سورہ شریف کو ایک بار روزانہ بعد نماز مغرب کے پڑھتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کبھی فقر وفاقہ کی مصیبت میں مبتلا نہ ہوگا اور ہمیشہ دنیا میں فارغ البالی اور خوشحالی سے بسر کرے گا۔

(۳) تیسرا طریقہ: اس لیے ہے کہ جب کوئی ضرورت شدید متعلق گنجائش امور دنیوی کے پیش آئے تو غسل کر کے اور کپڑے پاکیزہ پہن کر ایک جلسہ میں نہایت خضوع وخشوع سے اس سورۃ کو اکتالیس (۴۱) بار تلاوت کرے، ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد وہ شدت دفع ہوگی۔ خصوصاً جبکہ وہ شدت متعلق رزق کے ہو۔

یہ جس قدر لکھا گیا، اس کا اثر تجربہ سے معلوم ہوگا۔ حل مشکلات کے لیے از بس مفید ہے مگر عوام کی توبہ درکار ہے۔ مسلمانوں کی ابتری کی یہی خاص وجہ ہے کہ وہ اپنے اصلی معالجوں کی طرف متوجہ نہیں ہوتے۔ ابن مردویہ کی روایت میں حضرت رسول اللہ ﷺ نے اسی لئے کھول کر فرما دیا ہے کہ اپنی اولاد کو بھی سکھاؤ تا کہ تعلیم کا سلسلہ چلتا رہے اور اس کی برکات قائم رہیں لیکن اب ہم نے اولاد کو دینی تعلیم سے ہٹا کر دنیا کمانے میں لگا دیا۔ اسکولوں اور کالجوں میں داخل کر کے اپنا اولاد کا مستقبل برباد کیا۔

darulamal.org/trust

مولانا اعجاز احمد خان مدظلہ

کے مرتب کردہ قرآنی ظائف

دشمنوں سے محفوظ رہنے کے لیے

فجر کے فرض اور سنت کے درمیان چالیس (۴۰) مرتبہ سورۂ فاتحہ، اوّل وآخر درود شریف تین تین بار پڑھ لیا کریں۔

دشمنوں سے محفوظ رہنے اور فقر وفاقہ سے نجات کے لیے

روزانہ مغرب کی نماز یا عشاء کی نماز کے بعد باوضو سورۂ قریش مع بسم اللہ ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

صبح کی نماز کے بعد سات مرتبہ اس آیت کو پڑھا کریں

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾ (التوبہ:۱۲۹)

وساوس سے نجات کے لیے

سورۃ الناس پر مداومت کرنے سے نماز اور دوسری عبادتوں میں خطرات اور برے خیالات سے تحفظ ہوگا۔

سورۃ الناس شام یا صبح کو معنی کے خیال کے ساتھ ایک تسبیح (ایک سو ۱۰۰ مرتبہ) روزانہ پڑھا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ وساوس سے نجات مل جائے گی۔

جائز مقصد میں کامیابی کا عمل

اگر کسی شخص کا کوئی جائز مقصد ہو، اس میں کامیابی لازم اور ضروری ہو تو اس کے لیے یہ عمل بہت مجرب اور سریع التاثیر ہے۔ اس عمل کے ذریعے ان شاء اللہ، اللہ تعالیٰ ہر جائز مقصد میں کامیابی ہوگی۔ یہ عمل ہر دینی اور دنیاوی کام کے لیے پڑھا جاسکتا ہے۔

اوّل تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے۔ آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔

یہ عمل بعد نمازِ عشاء باوضو مسلسل سات دن پڑھے اور روزانہ عمل پڑھنے کے بعد اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا کیا کرے۔

آنکھوں کی روشنی قائم رہنے کے لیے

اگر کسی مرد یا عورت کی آنکھوں کی روشنی کم ہوتی جارہی ہو تو اسے چاہیے کہ روزانہ بعد نماز سورۃ النبا کی تلاوت کیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کی روشنی قائم ہوجائے گی اور صاف دکھائے دینے لگے گا۔

آفات وبلیات سے حفاظت..... جنت کا حصول

قرآن پاک کی آیت الکرسی سب سے بڑی آیت ہے۔ اس کا پانچوں نمازوں کے بعد پڑھنے والا بہت سی آفات وبلیات سے محفوظ رہتا ہے۔ اس کو اس کی موت کے سوا کوئی چیز جنت میں جانے سے نہیں روکتی۔ (نسائی)

حفاظت کے لیے فرشتہ مقرر ہو

جو شخص آیت الکرسی کو سوتے وقت پڑھے گا، اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک ایک فرشتہ نگہبان مقرر ہوجاتا ہے اور اس کو شیطان کی طرف سے کسی قسم کا ضرر (نقصان) نہیں پہنچتا۔ (بخاری)

علم میں ترقی

ہر نماز کے بعد گیارہ (۱۱) بار رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾ (طٰہٰ:۱۱۴) پڑھا کرے۔ اس سے علم میں ترقی ہوگی۔

قیامت کے دن باایمان اٹھنا

جو شخص ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھے گا، وہ شخص ان شاء اللہ تعالیٰ قیامت کے دن باایمان اٹھے گا۔ وہ دعا یہ ہے:

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ

darulamal.org/matrimonial

رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝ (اٰل عمران ۸)

ستر ہزار فرشتے مغفرت کی دعا کریں..... شہید کی موت

جو شخص فجر کی نماز کے بعد تین بار

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۚ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ (الحشر ۲۲-۲۴)

تو اس کے لیے اللہ تعالیٰ ستر ہزار (۷۰۰۰۰) فرشتے مقرر کرتا ہے جو اس کے لیے بخشش کی دعا شام تک کرتے ہیں۔ پھر اگر وہ شخص اس دن مر جائے تو شہید مرتا ہے۔ اور جو شام کو پڑھے تو صبح تک اس کے لیے فرشتے بخشش کی دعا کرتے ہیں۔ اگر رات کو مر جائے تو شہید مرے گا۔

تکلیف دینے والی چیز سے حفاظت

ایک حدیث شریف میں آیا ہے کہ ”جس نے سوتے وقت سورۂ فاتحہ و سورۂ اخلاص پڑھی، وہ (ایذا دینے ولی) ہر چیز سے محفوظ ہو گیا سوائے موت“۔ (مشکوٰۃ)

دونوں سورتیں ہر مسلمان کو یاد ہوتی ہیں۔ رات کو سوتے وقت ان دونوں کو ضرور پڑھ کر سویا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سانپ، بچھو، درندے اور نقصان پہنچانے والے کیڑے مکوڑے، جانوروں کے ضرر سے محفوظ رہے گا۔

خود اور پڑوسیوں کی حفاظت

جو شخص آیۃ الکرسی کو سوتے وقت پڑھے، خدا تعالیٰ اس کو اور اس کے سب پڑوسیوں کو امن میں رکھتا ہے۔ (بیہقی)

روزانہ پابندی کے ساتھ آیۃ الکرسی کا عمل کرنے والا یعنی رات کو ایک مرتبہ سوتے وقت پڑھنے والا چور، ڈاکو، لٹیرے، حملہ آور، نقصان پہنچانے والے سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آرام سے رات گذارے گا۔

ہر مشکل مہم اور اہم کام کے لیے اکسیر عمل

نیا چاند دیکھنے کے بعد کسی بھی تاریخ سے کسی ایک نماز کے بعد پابندی کے ساتھ بلاناغہ اکیس (۲۱) دن تک مسلسل یہ عمل کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہو گی اور مقصد میں کامیابی حاصل ہو گی۔ شرط یہ ہے کہ مقصد جائز ہو۔ ناجائز کام کے لیے کرے گا تو خود نقصان اٹھائے گا اور ہرگز کامیاب نہ ہو گا۔ عمل یہ ہے:

اوّل و آخر بیالیس بیالیس (۴۲) مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں یہ آیت ایک سو (۱۰۰) بار پڑھے۔

الٓمّٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ ۝ (البقرۃ ۱:۱-۲)

اگر یہ عمل فجر کی نماز کے بعد شروع کیا ہے تو روزانہ فجر کی نماز کے بعد ہی پڑھے۔ اگر ظہر کی نماز کے بعد شروع کیا ہے تو آخر تک ظہر کے بعد ہی پڑھے۔ ایسا نہ کرے کہ کبھی فجر میں پڑھ لیا، کبھی ظہر میں پڑھ لیا، کبھی عصر میں پڑھ لیا، کبھی مغرب میں پڑھ لیا۔ اس سے کامیابی مشکل ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اس طرح بھی نواز دے تو اس کا فضل عظیم ہے۔

ہر مشکل کے حل کے لیے

جس شخص کا کام ہوتے ہوتے بگڑ جاتا ہو یا کام ہونے میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہو تو اس کے لیے ایک لاکھ پچیس ہزار (۱۲۵۰۰۰) مرتبہ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ (الفاتحہ ۵:۵)

پڑھ کر ختم کرے۔ اس کے بعد روزانہ ایک وقت مقرر کر کے تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پڑھ لیا کرے۔ اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔ جب بھی پڑھنے بیٹھے، باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر پڑھے۔ درمیان میں بالکل بات چیت نہ کرے، نہ اٹھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تمام رکاوٹیں دور ہو جائیں گی اور سب کام آسانی کے ساتھ انجام پائیں گے۔

darulamal.org/ruhaniilajgah

حضرت مولانا مسعود ازہر صاحب مدظلہ
کے مرتب کردہ قرآنی وظائف

بسم اللہ الرحمن الرحیم کا مجرب و سریع الاثر عمل

اول آخر سات سات مرتبہ درود شریف، مصلی پر قبلہ رخ بیٹھ کر ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھیں۔ پھر اٹھ کر دو رکعت نماز پڑھ کر اپنی حاجت کے لیے دعا کریں۔ پھر (۱۰۰۰) مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھیں۔ پھر اٹھ کر دو رکعت نماز پڑھ کر اپنی حاجت کے لیے دعا کریں۔ یہ عمل بارہ مرتبہ دھرائیں۔ اس طرح کل بارہ ہزار بار بسم اللہ الرحمن الرحیم کی تلاوت ہو جائے گی اور بارہ مرتبہ دو رکعت نماز اور بارہ مرتبہ دعا۔

درود شریف عمل کے شروع اور آخر میں سات سات بار پڑھ لیں اور دعا میں ہر بار ایک حاجت پیش کریں یا دو تین حاجتیں۔ اس سے زیادہ نہیں۔

یہ عمل بے حد مؤثر اور مفید ہے۔ ناجائز کاموں کے لیے ہرگز نہ کریں اور نہ ہی فضول اور مکروہ کاموں کے لیے۔ (تلقین فرمودہ امام العارفین حضرت مولانا قاری محمد عرفان صاحب رحمۃ اللہ علیہ)

سورۂ اخلاص کا مجرب عمل

باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ پہلی مرتبہ پڑھنے سے پہلے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ لیں۔ پھر باقی بغیر بسم اللہ کے پڑھیں۔ عمل کے اول و آخر میں سات سات مرتبہ درود شریف پڑھ لیں۔ آخر میں اپنے مقصد کے لیے دعا کریں۔ بہت طاقتور اور بعض اہل علم نے اسے "اسم اعظم" قرار دیا ہے۔

دشمنوں اور ظالم حکمرانوں سے حفاظت کے اکسیر اعمال

سورۂ قریش کا عمل

مغرب کی نماز کے بعد اکتالیس (۴۱) مرتبہ سورۂ قریش، ہر بار بسم اللہ کے ساتھ پڑھیں۔ بہت مقبول، مفید اور مؤثر عمل ہے۔ اول آخر درود شریف پڑھیں۔

ایک آیت کریمہ کا عمل

عصر کے بعد پہلے چھ سو تیرہ (۶۱۳) مرتبہ اور آئندہ جس قدر چاہیں پڑھیں۔

سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ ﴿القمر ۴۵﴾

اول و آخر درود شریف۔

عجیب تاثیر والا عمل

اس آیت مبارکہ کی تلاوت، حفاظت کے سلسلے میں عجیب تاثیر رکھتی ہے۔

ثُمَّ أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُعَاسًا يَغْشَىٰ طَائِفَةً مِنْكُمْ ۙ وَطَائِفَةٌ قَدْ أَهَمَّتْهُمْ أَنْفُسُهُمْ يَظُنُّونَ بِاللَّهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۖ يَقُولُونَ هَلْ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ۗ قُلْ إِنَّ الْأَمْرَ كُلَّهُ لِلَّهِ ۗ يُخْفُونَ فِي أَنْفُسِهِمْ مَا لَا يُبْدُونَ لَكَ ۖ يَقُولُونَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ مَا قُتِلْنَا هَٰذَا ۗ قُلْ لَوْ كُنْتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِينَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ إِلَىٰ مَضَاجِعِهِمْ ۖ وَلِيَبْتَلِيَ اللَّهُ مَا فِي صُدُورِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِي قُلُوبِكُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿آل عمران ۱۵۴﴾

اس آیت کے بے شمار فوائد ہیں۔ جن میں سے چند ایک جو صاحب نافع الخلائق نے ذکر فرمائے ہیں، درج ذیل ہیں:

۱۔ ہر حاجت اور مشکل کے لیے چالیس (۴۰) دن تک روزانہ چالیس (۴۰) بار پڑھیں۔

۲۔ دشمن کی ہلاکت کے لیے نو (۹) روز تک انتیس (۲۹) بار پڑھیں۔

۳۔ حاسدوں کے دفع کرنے کے لیے انتیس (۲۹) روز تک انتیس (۲۹) بار پڑھیں۔ بکرم اللہ تعالیٰ سب دفع ہوں گے۔

(بقیہ ص: 57)

جائز کاموں میں برکت کے لیے کلک کرنے کی تفصیل goo.gl/kgf1dd

حضرت ابو طلحہ محمد اظہار الحسن
کے تجویز کردہ قرآنی وظائف

اس میں کوئی شک نہیں کہ قرآن کریم کا ایک ایک حرف شفاء کامل کا یقینی ذریعہ ہے۔ چودہ صدیوں سے زائد عرصہ بیت گیا۔ افراد امت نے بارہا اس کو آزمایا اور سچا پایا ہے۔ اس سے بڑھ کر اس کی سچائی کا مظہر اور کیا ہو سکتا ہے کہ خود ربّ کائنات فرماتے ہیں:

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

''اور ہم اتارتے ہیں قرآن میں سے جس سے روگ دفع ہوں اور رحمت ایمان والوں کے لئے''۔

جہاں اس سے روحانی بیماریاں ختم ہوتی ہیں، وہاں اس کی مبارک تاثیر سے انسان بدنی طور پر بھی شفایاب ہوتے ہیں۔

یوں تو بہت سے مجرب قرآنی اعمال ہیں لیکن اختصار کے پیش نظر صرف دو عمل ذکر کئے دیتا ہوں۔

سورۂ کوثر سے اعداء کو شکست

اس عمل کو میں نے بارہا آزمایا ہے کہ جب کوئی شخص بے تحاشا مسائل لے کر آیا اور بہت سے وظائف بھی پہلے کر چکا تھا تو ایسے افراد کو یہ عمل دیا تو الحمدللہ اس کی مشکلات کا سلسلہ دم توڑنے لگا اور رفتہ رفتہ سب بہتر ہو گیا۔

وظیفہ یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد سورۂ کوثر اکتالیس (۴۱) بار، اوّل و آخر درود شریف سات سات بار پڑھنا ہے۔ اکیس (۲۱) یا اکتالیس (۴۱) دن یہ عمل کرنا ہے۔ ساتویں دن سے مشکلات ٹوٹتی نظر آنا شروع ہو جاتی ہیں۔

ہر طرح کی مشکلات اور مصائب سے نجات

ایک اور بے مثال قرآنی عمل جو حضرت اقدس خواجہ خان محمد رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے، وہ یہ ہے۔ مقامات حضرت مولانا خواجہ خان محمد رحمۃ اللہ علیہ، ص 251 (خانقاہ سراجیہ، کندیاں شریف) میں لکھا ہے کہ ایک مرتبہ حضرت جی اپنے باہر والے کمرے میں لوگوں کی درخواستیں سن رہے تھے اور پڑھ کر دعا کر رہے تھے کہ اللہ تعالیٰ مہربانی کرے گا۔

آخر میں ایک ساتھی حضرت کے قریب ہوا اور اپنے گھریلو بیماری، کاروباری، معاشی اور رشتہ داروں ں کے سلوک کی درد بھری کہانی سنائی۔ جس سے قریب بیٹھے لوگوں کا بھی دل بھر آیا اور پھر اس نے عرض کیا ''حضرت جی! ان تمام پریشانیوں سے نکلنے کے لیے کوئی وظیفہ بتا دیں''۔

حضرت والاؒ نے عشاء کی نماز کے بعد ایک سو ایک (۱۰۱) بار سورۂ اخلاص جمعہ بسم اللہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرنے کے لیے فرمایا۔

اے اللہ تعالیٰ! اس کلام پاک برکت سے میرے مسائل حل فرما، اللہ تعالیٰ مہربانی فرمائے گا۔

فہم ختم نبوت، خط و کتابت کورس

سکول و کالجز و دینی مدارس کے طلباء و طالبات
نیز تمام خواتین و حضرات کیلئے شاندار موقع

داخلہ فیس (داخلہ بذریعہ ایس ایم ایس بھی ہو سکتا ہے) مفت

خط و کتابت کے ذریعے گھر بیٹھے عقیدۂ ختم نبوت سے مکمل آگاہی اور منکرین ختم نبوت کے عقائد و نظریات سے واقفیت حاصل کریں۔ داخلہ کیلئے سادہ کاغذ پر اپنا نام، ولدیت، تعلیم و پیشہ، فون نمبر اور ڈاک کا مکمل پتا لکھ کر ارسال کریں ایک لفافہ میں صرف ایک ہی درخواست بھیجیں۔ کورس مکمل کرنے پر ایک خوبصورت سند، جبکہ نمایاں کارکردگی پر شرکاء کو خصوصی تحائف دیے جائیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

رابطہ: دفتر مجلس احرارِ اسلام

جامع مسجد سیدنا ابوبکر صدیقؓ محلہ صدیق اکبر تلہ گنگ (غرب) ضلع چکوال

فون/فیکس: 0543-412201 ڈاکٹر محمد عمر فاروق 0300-5780390

(مولانا) تنویر الحسن 0300-4716780

کیا آپ چاہتے ہیں کہ صفحہ آپ سے مسکرائے؟ goo.gl/CPTNJK

استاذ العاملین حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہ کے مرتب کردہ قرآنی وظائف

دشمنوں سے حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص دشمنوں کی سازشوں کا شکار ہو اور دشمنوں سے نجات کی کوئی صورت سمجھ میں نہ آتی ہو، مصائب و آلام نے زندگی تلخ کر دی ہو، ہر وقت خوف و خطرہ درپیش ہوں۔ ایسے حالات میں ہر فرض نماز کے بعد سات (۷) مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھی جائے۔ ان شاء اللہ دشمنوں سے حفاظت رہے گی اور غم و آلام کے بادل چھٹ جائیں گے۔

مقدمہ میں کامیابی کے لیے

مقدمہ میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے سورۂ مزمل کی اس آیت کا ورد روزانہ گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ کریں۔ اس کا طریقہ یہ ہے مقدمہ کی تاریخ سے گیارہ (۱۱) دن پہلے یہ عمل شروع کریں اور روزانہ گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ اگر گیارہ (۱۱) لوگ مل کر پڑھیں تو سو (۱۰۰) مرتبہ ایک شخص پڑھے اور روزانہ مقدمہ کی کامیابی کی دعا کریں۔ ان شاء اللہ مقدمہ کا رخ اپنی طرف ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ۝ (المزمل ۱۵)

لڑکی کی شادی کے لئے

اگر کسی لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو اور اچھے رشتے نہ آتے ہوں تو لڑکی کو چاہئے کہ جمعہ کے دن عشاء کی نماز کے بعد اکتالیس (۴۱) مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے۔ اول و آخر گیارہ (۱۱) مرتبہ درود شریف پڑھے اور اپنی شادی کی دعا کرے۔ ان شاء اللہ تین (۳) مرتبہ کے اندر اچھے لڑکے سے رشتہ طے ہو جائے گا۔

زبان بندی کے لئے

حاسدوں اور بدخواہوں کی زبان بندی کے لئے ہر روز نماز فجر کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دعا کرنے سے سارا دن حاسدوں کی اور بد خواہوں کی زبان بند رہے گی۔ اگر اس عمل کو معمول بنالیں تو ہمیشہ دشمنوں کی بدزبانی سے محفوظ رہیں۔

گھر والوں کے اتفاق کیلئے

اگر کسی گھر میں سخت ناچاقی ہو، گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑے کی فضاء قائم رہتی ہو، کسی بھی طرح گھر میں سلوک و اتفاق پیدا نہ ہوتا ہو تو گھر والوں کے مابین ہم آہنگی، سلوک اور اتفاق پیدا کرنے کی غرض سے ہر روز باوضو حالت میں گھر کا کوئی فرد اکیس (۲۱) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے۔ اکیس (۲۱) یوم تک بالاناغہ اس سورۃ کی تلاوت کرے۔ ان شاء اللہ گھر میں لڑائی جھگڑے کی کیفیت دُور ہو جائے گی۔ گھر کے افراد سلوک اور اتفاق سے رہیں گے۔

دردِ گردہ کا علاج

(۳) اگر کسی شخص کو دردِ گردہ کی شکایت ہو تو وہ سورۃ البلد روزانہ گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ العزیز اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے دردِ گردہ سے شفاء عطا فرمائے گا۔

آنکھوں کی بینائی مرتے دم تک کمزور نہ ہو

اگر کوئی شخص سوتے وقت سات (۷) مرتبہ سورۃ القدر پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کی بینائی کی حفاظت فرمائے گا اور ان شاء اللہ العزیز اس کی بصارت مرتے دم تک کمزور نہ ہوگی۔

رنج و غم سے نجات

اگر کوئی شخص اپنے حالات یا دیگر وجوہ کی بنا پر مبتلائے رنج و الم رہتا ہو تو وہ سورۂ نوح کی تلاوت کرے۔ اس تلاوت کی مداومت سے ان شاء اللہ العزیز اسے رنج و الم سے بھی نجات ملے گی اور اللہ تعالیٰ اپنے فضل

darulamal.org/ruhanidarsgah

وکرم سے ان حالات کو بھی درست فرمائے گا جو اس کے رنج والم کا باعث بنتے رہے ہیں۔

ذیابیطس (شوگر) کا علاج

اگر کسی شخص کو ذیابیطس (شوگر) کی شکایت ہو تو وہ سورۃ القریش روزانہ بعد از نمازِ عشاء ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ پڑھا کرے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے ذیابیطس جیسے موذی مرض سے شفاء عطا فرمائے گا۔

ہر حاجت کی تکمیل کے لئے

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ کوئی بھی حاجت ہو، کتنی بھی بڑی خواہش ہو، سورۂ یٰسین ایک ہی نشست میں پینتالیس (۴۵) مرتبہ پڑھیں اور دعا مانگیں۔ دعا لازماً قبول ہوگی۔ عمل کے شروع اور آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ ہزاروں بار کا آزمودہ عمل ہے۔

دولت حاصل کرنے کا عمل

اگر کوئی شخص مالدار بن جانے کا خواہش مند ہو تو اس کو چاہیے کہ تیرہ (۱۳) دن تک لگاتار تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ آیت الکرسی پڑھے۔ ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے زبردست روزی ملے گی اور بکثرت مال میسر آئے گا اور ایسی جگہ سے دولت ملے گی جہاں سے ملنے کا وہم وگمان بھی نہیں ہوگا۔

شادی کے لئے

اگر لڑکا لڑکی شادی کرنا چاہتے ہوں اور ان کے گھر والوں کی مرضی نہ ہو تو اپنے اپنے گھر والوں کو راضی کرنے کے لئے چالیس (۴۰) روز تک عشاء کی نماز کے بعد ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ سجدے میں جا کر اس آیت کو پڑھیں: اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ ۝ (حٰمٓ السجدۃ ۵۴)

درمیان میں اگر ناپاکی کے دن شروع ہو جائیں تو لڑکی اس عمل کو بعد میں پورا کرے۔

دشمن کے خوف سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص اپنے دشمن سے خوف زدہ ہو اور ہر وقت وہ خطرہ محسوس کرتا ہو تو اس کو چاہیے کہ مندرجہ ذیل آیت کو روزانہ سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھا کرے۔ اور ہر فرض نماز کے بعد سات (۷) مرتبہ پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ ایک ماہ کے اندر اندر اس کو خوف اور دہشت سے نجات مل جائے گی۔

آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝ (یوسف ۶۴)

دشمنوں کی زبان بندی کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کے بدخواہوں اور دشمنوں کی زبان بند ہو جائے اور وہ اس کی مخالفت سے باز آجائیں تو اس کو چاہیے کہ سورۃ عصر اکیس (۲۱) مرتبہ روزانہ پڑھے، لگاتار اکتیس (۳۱) دن تک۔ ان شاء اللہ عجیب وغریب تاثیر ظاہر ہوگی اور اس کی زبان بند ہو جائے گی۔

حصولِ عزت کے لئے

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کی عزت ومرتبہ میں اضافہ ہو، جہاں بھی جائے لوگ اس کے ساتھ عزت سے پیش آئیں تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کی ادائیگی کے بعد اوّل وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں گیارہ (۱۱) مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے حصولِ عزت وبلند مرتبہ کے لئے دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبولیت کا شرف حاصل کرے گی۔

کشائش رزق کے لئے

رزق میں خیر وبرکت اور کشائش کے لئے ہر روز بلاناغہ نمازِ فجر کے بعد اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے، درمیان میں تین (۳) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ غیب سے اس کی روزی کے اسباب پیدا ہوں گے۔ اس کو معلوم بھی نہ ہوگا کہ اس قدر رزق کی فراوانی کیسے ہو رہی ہے؟ اللہ تعالیٰ اپنا خاص فضل وکرم نازل فرمائے گا اور کبھی بھی رزق کی کمی نہ ہوگی۔

قرآنی وظیفے کا کمال

(مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر)

یہ واقعہ آج سے چار پانچ سال پہلے کا ہے۔ ہماری جامع مسجد کے اسپیکروں کے یونٹ چوری ہو گئے۔ جن کی مالیت تقریباً بیس ہزار روپے کے قریب تھی۔ یونٹ چوری بھی اس وقت ہوئے کہ ٹھیک دس دن بعد ہماری مسجد میں ایک بڑی کانفرنس ہونے والی تھی۔ اچانک کے اس واقعے نے بہت ہی زیادہ پریشان کر دیا تھا۔ کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ کیا کریں اور کیا نہ کریں۔

بہر حال میں نے اس وقت اپنے برادر کبیر، اپنے مربی و محسن حضرت مولانا حکیم حافظ محمد ابرار الحسن صاحب قمر دامت برکاتہم العالیہ سے رابطہ کیا تو انہوں نے سورۂ قریش کا وظیفہ عنایت فرمایا اور پوری تسلی اور یقین دلایا کہ ''ان شاء اللہ چور بھی پکڑا جائے گا اور چوری شدہ سامان بھی برآمد ہوگا''۔ میں نے ان کے بتلائے ہوئے طریقے کے مطابق عمل شروع کر دیا۔ دوسرے دن دوپہر کو جب میں قیلولہ کے لیے لیٹا تو خواب میں مجھے عمل رہنمائی دی گئی۔ خواب میں مجھے نظر آیا کہ مفید رنگ کا ایک شخص میری مسجد کے پاس سے گذر رہا ہے۔ اور ساتھ یہ بھی بتلایا گیا کہ یہ شخص ہی اسپیکر چور ہے۔ اور اس وقت یہ آپ کے گھر کے سامنے سے گذر رہا ہے۔ اٹھو اور اس کو پکڑ لو۔ اتنے میں میری آنکھ کھل گئی۔ میں دروازے سے باہر نکلا تو وہی شخص جو کہ مجھے خواب میں دکھایا گیا تھا، دروازے کے سامنے سے بڑی تیزی سے گذرا اور قریبی قبرستان میں داخل ہو گیا۔ میں بھی اس کے پیچھے پیچھے قبرستان تک پہنچ گیا۔ قبرستان میں داخل ہو کر وہ قبرستان میں موجود ایک دربار میں داخل ہو ااور وہاں موجود ملنگ کے پاس بیٹھ گیا۔ شاید آج وہ دربار کی تجوری پر ہاتھ صاف کرنے کی نیت میں تھا۔ میں بھی اس کے تعاقب میں دربار پہنچ گیا۔ دربار پہنچتے ہی میں نے اس کو اپنی طرف بلایا۔ اس کے آنے پر میں نے اس کو ساتھ چلنے کو کہا کہ مجھے آپ سے ضروری کام ہے تو وہ آئیں بائیں شائیں کرنے لگا۔ اتنی دیر میں میرا ہاتھ اس کی کلائی کو مضبوطی سے تھام چکا تھا۔ میں نے اس سے کہا کہ ''اگر تم نے کوئی گڑبڑ کی یا کوئی غلط حرکت کی تو مجھ سے خیر اور بھلائی کی توقع نہ رکھنا''۔ بہر حال وہ بادل نخواستہ میرے ساتھ چل پڑا۔ میں اس کو لے کر سیدھا پولیس اسٹیشن جا پہنچا اور جاتے ہی پولیس والوں سے کہا کہ ''یہ ہماری مسجد کے اسپیکروں کا چور ہے۔ اس سے اسپیکر برآمد کروائیں''۔ پولیس والے حیرانگی سے میرا منہ دیکھ رہے تھے کہ اتنے یقین اور اعتماد کے ساتھ میں اس کو بغیر کسی ظاہری ثبوت کے چور کہہ رہا تھا۔ پولیس والے چونکہ مجھے جانتے تھے، اس لیے انہوں نے آگے سے کوئی بات چیت کئے بغیر ہی اس کو حسب عادت دو چار تھپڑ رسید کئے اور چوری کے اقرار کا حکم ارشاد فرمایا۔ شروع میں تو اس نے قسمیں وغیرہ کھا کر اپنی شرافت اور خاندانی شرافت کا بھرپور اظہار کیا۔ لیکن پولیس والوں کے سامنے کون انکار کر سکتا ہے۔ ان کی مقدس گالیوں کی جب بوچھاڑ شروع ہوئی تو اس نے جلد ہی چوری کی ساری کارگذاری سنا ڈالی کہ میں کیسے مسجد میں آیا، کیسے اسپیکر اتارے اور کہاں اور کس جگہ پر کس کباڑیے کو فروخت کئے۔ پولیس والوں نے اس کو اپنی گاڑی میں بٹھایا اور کباڑیے کی دکان پر جا پہنچے۔ کباڑیے سے اسپیکر برآمد کروائے اور ہمیں اسپیکروں کے ملنے کی خوشخبری سناتے ہوئے ان کی وصولی کیلئے تھانے میں آنے کو کہا۔ ہم نے وہاں پہنچ کر اسپیکر وصول کئے اور پولیس والوں کا شکریہ ادا کیا۔ اور اللہ کے سامنے سجدہ شکر ادا کیا۔

اسی طرح کا ایک دوسرا واقعہ بھی عجیب و غریب قسم کا ہے۔ میرے ایک نمازی سخت پریشانی کے عالم میں میرے پاس آئے اور آ کر رونا شروع ہو گئے۔ میں نے ان کو تسلی دی اور ان سے پیش آنے والا واقعہ دریافت کیا۔ تو وہ کہنے لگے کہ ''میں اپنی بیٹی کو اس کے سسرال سے لے کر آ رہا تھا کہ راستہ میں ڈاکوؤں نے لوٹ لیا۔ میری بیٹی کا زیور، میرا بٹوہ، اس میں موجود قیمتی کاغذات اور بھاری رقم اور میرا نیا موٹر سائیکل..... سب کچھ انہوں نے لوٹ لیا ہے۔ خدا کیلئے کوئی عمل، وظیفہ یا کوئی خاص تعویذ دیں کہ اللہ کرے ساری چیزیں برآمد ہو جائیں۔ ڈاکو پکڑے جائیں''۔

میں نے ان کو صبر کی تلقین کی اور ساتھ ہی مشورہ دیا کہ آپ حکیم حافظ محمد ابرار الحسن صاحب مدظلہ العالی سے فون پر اس عمل اور وظیفے کی اجازت لے کر پڑھنا شروع کر دیں۔ انہوں نے ان سے اجازت لے کر عمل شروع کر دیا۔ عمل شروع کرنے کے ٹھیک سات دن بعد وہ صاحب بڑی خوشی خوشی میرے پاس تشریف لائے اور آ کر اپنا سارا سامان مل جانے اور ڈاکو پکڑے جانے کی خوشخبری سنائی۔

خزینۂ روحانیات کے قارئین یقیناً آپ بڑی بے تابی سے یہ پڑھنا اور جاننا چاہ رہے ہوں گے کہ وہ بابرکت عمل اور وظیفہ کیا ہے تو قارئین کرام وہ سورۂ قریش کا خاص وظیفہ ہے۔ سورۂ قریش صبح شام ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ اول آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھنا ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھے سوتے جاگتے سورۂ قریش کثرت سے پڑھنی ہے۔

ان شاء اللہ ہر قسم کا گم شدہ سامان، چوری شدہ سامان، ڈکیتی شدہ سامان بہت جلدی مل جائے گا۔ ان شاء اللہ العزیز

روحانی علاج کیلئے دم شدہ اشیاء برائے روحانی مریض و معالجین

روحانی اگربتی برائے دفع نحوست قیمت: **200** روپے

نحوست کسی بھی قسم کی ہو، اس جگہ پر رہنے والوں اور کاروبار کرنے والوں کو بری طرح متاثر کرتی ہے۔ صبح شام ایک ایک اگربتی متاثرہ جگہ پر جلائیں۔

روحانی اگربتی برائے حصول برکت قیمت: **200** روپے

دکان، کاروبار، فیکٹری اور گھر میں حصول برکت کیلئے اور بے برکتی دور کرنے والی لاجواب اگربتی۔

روحانی اگربتی برائے دفع جادو و جنات قیمت: **150** روپے

جادو، جنات، شیاطین، نظر بد، حسد، گھر میں بے اتفاقی و بے چینی، لڑائی جھگڑے، مسلسل ناکامیوں کے لئے بہت مفید روحانی اگربتی۔

روحانی نمک قیمت: **100** روپے

روحانی نمک کے استعمال سے جسم میں موجود جادو یا جنات کے اثرات ختم ہو جاتے ہیں۔ ان اثرات سے پیدا شدہ بیماریاں ٹھیک ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔

روحانی چینی قیمت: **100** روپے

روحانی چینی بیماریوں کے اس دور میں ایک خاص الخاص روحانی شفائی تحفہ ہے۔ روحانی چینی جادو/ جنات سے بطور حفاظت بھی استعمال کی جا سکتی ہے۔

روحانی آبِ شفاء قیمت: **100** روپے

لاعلاج اور جان لیوا امراض میں مبتلا مریضوں کیلئے نوید شفاء۔

روحانی پھکی قیمت: **30** روپے

ایک خاص پھکی جس پر قرآنی آیات کا دم کیا ہوا ہے۔ جو درج ذیل امراض کے علاج میں مفید ہے۔ پیٹ درد، گیس، بدہضمی، قبض، بھوک کی کمی، متلی وغیرہ۔

روحانی عرقِ گلاب قیمت: **200** روپے 750ml

جادو، جنات اور نظر بد کی وجہ سے رہنے والا سر درد ہمیشہ کے لئے ختم کرتا ہے۔ جادو جنات کی تمام علامات میں زبردست فائدہ دیتا ہے۔

روحانی شہد قیمت 500 گرام: **500** روپے

جملہ جناتی و شیطانی اثرات سے حفاظت اور لاجواب طاقت کا خزانہ اور روحانی شفاء کی نوید بھی۔

روحانی تیل

1. **برائے دفع جادو/ جنات** قیمت: **100** روپے

جادو/ جنات کے مریضوں کیلئے پیام شفا ہے۔ جادو/ جنات کے اثرات کو جسم سے چن چن کر ختم کرتا ہے۔ تھکاوٹ سے چور بدن کو آرام پہنچاتا ہے۔

2. **برائے سکون** قیمت: **350** روپے

روحانی علاج گاہ کا تیار کردہ تیل جس پر خاص دم کیا گیا ہے، ان افراد کے لیے بہت مفید ہے جن کو صحیح نیند نہیں آتی اور نیند کی گولیاں کھانی پڑتی ہیں۔

3. **برائے دفع درد ہر قسم** قیمت: **200** روپے

جسم میں کہیں بھی درد ہو۔ پٹھوں میں درد ہو۔ غرض کہ آپ کو کہیں بھی درد ہو۔ روحانی تیل: جنات کے حاضری کے مریض، جادو کے مریض، دماغی اثرات وغیرہ کیلئے نسخہ اکسیر ہے۔

4. **روغن بادام** قیمت: **300** روپے

معدہ میں زخم اور سوزش میں مفید ہے۔ شدید قبض کو ختم کرتا ہے۔ سر کی خشکی، خارش، بال گرنے، بالوں اور سر کے جملہ امراض کے لیے آزمودہ ہے۔

5. **برائے اعصاب** بڑی پیکنگ: **450** روپے

جادو/ جنات کے معالجین کے لیے ایک قیمتی تحفہ ہے ☆ چلہ کشی کی وجہ سے پیدا ہونے والے دردوں کیلئے اکسیر ہے۔ چھوٹی پیکنگ: **250** روپے

روحانی دکان، دار العمل چشتیہ، لاہور
فون: 042-35410586 موبائل: 0334-4312272
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

مزارات مقدسہ اور قرآنی وظائف

مولانا علی آفاق (مدیر خزینۂ روحانیات)

حضرت سیدی مرشدی قبلہ خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کا حکم ہے کہ خاص نمبر کیلئے وظائف تحریر کروں۔ تعمیل ارشاد میں سوچ رہا تھا کہ ایک اہم آئیڈیا ذہن میں آیا کہ کیوں نا اولیائے عظام اور علمائے کبار کی بارگاہ، مزارت اور دربار پر حاضر ہو کر ان سے درخواست کی جائے۔ حضرت خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کے بے شمار اور لاتعداد احسانات میں سے ایک خاص اور اہم بات یہ ہے کہ جہاں پر بھی حضرت کا سلام عرض کر کے درخواست کی، اللہ نے اور اللہ کے مقرب اور خاص بندے نے میرے مرشد کی لاج رکھی اور ضرورت و حاجت محض اللہ ﷻ کے فضل سے پوری ہوئی۔ اللہ نے اپنے خاص بندے اور میرے مرشد کے توسل سے مصائب و پریشانیوں کو نا صرف ختم فرما دیا بلکہ دشمن کو ایڑیاں رگڑنے پر مجبور کر دیا اور اس نے خاک چاٹی۔ بہر حال یہ موضوع الگ تحریر کا تقاضا کرتا ہے۔ اس کو کسی اور موقع کیلئے اٹھا رکھتے ہیں۔

حضرت طاہر بندگی سرکار رحمہ اللہ

وظائف کے حصول کے سلسلے میں میانی صاحب قبرستان میں حضرت شیخ طاہر بندگی سرکار رحمہ اللہ کی درگاہ پر حاضری دی اور حضرت سیدی مرشدی خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کا سلام عرض کر کے حاضری کا مقصد عرض کر دیا۔ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے ہمیشہ کی طرح خصوصی محبت، شفقت، عنایات، الطاف و مہربانی سے نوازنے کے ساتھ ساتھ مندرجہ ذیل وظائف مختلف مسائل کے حل کے لئے عنایت فرمائے جو افادۂ عام کیلئے پیش خدمت ہیں۔ ان تمام وظائف کی حضرت طاہر بندگی سرکار رحمہ اللہ کی جانب سے خزینۂ روحانیات کے قارئین کیلئے خاص اور اجازت عام ہے۔ پورے یقین اور کامل اعتماد سے وظیفہ پڑھنا ہے۔ کام اور مسئلے کے حل کی امید رکھنا انتہائی اہم اور بنیادی نقطہ ہے کامیابی کیلئے۔ اس لئے اس کو کبھی مت بھولیں۔

جادو اور جنات کا علاج اور ان سے حفاظت

تیرہ (۱۳) مرتبہ یا اکتالیس (۴۱) مرتبہ (حسب موقع کام کی نوعیت کے مطابق) آیۃ الکرسی پڑھیں۔

مزید ہر مقصد کیلئے کامیاب و مجرب وظیفہ ہونے کے ساتھ ساتھ خصوصی عطاء ہے۔

رزق کی برکت کے لیے

رزق کی برکت اور ترقی سمیت ہر حاجت کیلئے سورۂ یٰسین تین (۳) مرتبہ صبح فجر کے بعد اور تین (۳) مرتبہ شام مغرب کے بعد۔ مدتِ وظیفہ کم از کم گیارہ (۱۱) دن اور زیادہ سے زیادہ اکتالیس (۴۱) دن جاری رکھیں۔

رزق میں برکت، ادائیگی قرض، دفع بندش ہر قسم

تُولِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُولِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۖ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۖ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿آل عمران ۲۷﴾

رزق کی برکت، ہر حاجت کے لیے، قرض کی ادائیگی کے لیے، ہر قسم کی بندش (رشتہ، رزق، سفر، کاروبار، صحت) کے خاتمے کے لیے۔ مدت اور تعداد وظیفہ گیارہ (۱۱) مرتبہ صبح و گیارہ (۱۱) مرتبہ شام، اکتالیس (۴۱) یوم تک۔

حفاظت روحانی اور ہر مقصد کیلئے

سورۃ الاخلاص اکتالیس (۴۱) مرتبہ۔ مقصد کے حصول تک جاری رکھیں۔

حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمہ اللہ

جادو جنات سے حفاظت

گیارہ (۱۱) مرتبہ آیۃ الکرسی صبح و شام پڑھیں۔

جادو جنات سے حفاظت اور نجات کے لیے

معوذتین گیارہ (۱۱) مرتبہ صبح وشام پڑھیں۔ کم از کم ۱۱، زیادہ ۴۰ دن۔

فراخیٔ رزق کے لیے

سورۃ الواقعہ تین (۳) مرتبہ اکتالیس (۴۱) دن پڑھیں۔ اول وآخر تین مرتبہ درود پاک پڑھیں۔

دشمن سے نجات کے لیے

اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ﴿۱۲﴾ (البروج ۸۵:۱۲)

ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ بغیر بسم اللہ پڑھیں۔ زوال کے وقت بہتر ہے۔ ورنہ کوئی بھی وقت۔

ہر حاجت ومقصد براری کے لیے

وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۴۴﴾ (المومن ۴۰:۴۴)

ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ اکتالیس (۴۱) دن تک۔ کم ہونے کی صورت میں کم وقت کے لیے۔

برکت اور ترقی کے لیے

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ﴿۵۸﴾ (الذّٰریٰت ۵۱:۵۸)

ہر نماز کے بعد اکتالیس (۴۱) مرتبہ، اکتالیس (۴۱) یوم تک۔

قرض کی ادائیگی کے لیے

سورۃ توبہ کی آخری دو آیات اکتالیس (۴۱) مرتبہ گیارہ (۱۱)، اکیس (۲۱) یا زیادہ سے زیادہ اکتالیس (۴۱) دن۔

نظر بد سے حفاظت اور علاج

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۲﴾ (القلم ۶۸:۵۱-۵۲)

سات ثابت لال مرچیں لی جائیں۔ ایک لال مرچ پر درج بالا آیات سات بار پڑھ کر دم کی جائے۔ اسی طرح ساتوں لال مرچوں پر دم کیا جائے۔ پھر مریض کو لٹا کر اس پر سے سات چکر (گھڑی کی الٹی سمت میں) دے کر ساتوں مرچوں کو چولہے پر رکھ کر جلائیں۔ نظرِ بد ہونے کی صورت میں مرچوں سے دھسک نہیں آئے گی یا کم آئے گی۔ روزانہ عمل کریں، یہاں تک کہ دھسک آنا شروع ہو جائے۔

حضرت مولانا موسیٰ روحانی بازی رحمہ اللہ

دشمن کے لیے

سورۂ لہب اکتالیس (۴۱) مرتبہ زوال کے وقت بغیر بسم اللہ پڑھیں۔ زیادہ سے زیادہ اکتالیس (۴۱) دن۔

حصولِ غناء

غناء، تونگری کے لیے، فقر سے نجات اور حصولِ برکت کے لیے سورۂ اخلاص اکتالیس (۴۱) مرتبہ روزانہ اکتالیس (۴۱) دن تک پڑھیں۔

جادو جنات سے حفاظت اور علاج کے لیے

سورۃ الحشر کی آخری آیات حفاظت اور علاج کے لیے گیارہ (۱۱) مرتبہ صبح اور گیارہ (۱۱) مرتبہ شام۔ سات (۷) مرتبہ بھی پڑھی جا سکتی ہیں۔

بندشِ رشتہ کا علاج

سورۂ مریم اور سورۂ طٰہٰ روزانہ ایک بار پڑھیں۔ اکیس (۲۱) دن۔

اولادِ نرینہ کے لیے

اولادِ نرینہ کے لیے سورۂ یوسف روزانہ ایک مرتبہ حمل کے پہلے چار ماہ پڑھیں۔

ہر مقصد اور حاجت پوری ہو

ہر مقصد اور حاجت وضرورت کے لیے سورۃ یٰسین تین (۳) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

مزارات اولیاء اور جنات سے حاصل کردہ قرآنی وظائف

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر (ناظم روحانی درسگاہ)

سید عبداللہ شاہ قادری المعروف بابا بلھے شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے خاص وظائف

ہر مقصد کے لیے

گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف، سورۂ قیامہ کا پہلا رکوع روزانہ بعد نماز عشاء ایک مرتبہ۔ اکیس (۲۱) دن۔

اثر کے لیے

سورۂ ناس رات کو اکتالیس (۴۱) مرتبہ، اول آخر درود ابراہیمی تین مرتبہ۔

مخلوق سے بے نیازی کے لیے

تین مرتبہ درود شریف، سورۂ اخلاص تا زندگی تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ بعد نماز عشاء۔

روحانیت میں زبردست اضافے کے لیے

گیارہ بار درود شریف، سورۂ اخلاص کی دوسری آیت "اللہ الصمد" دائیں بائیں سر گھماتے ہوئے ایک سو (۱۰۰) بار بعد نمازِ عشاء، تا زندگی۔

بے اولادی کی

اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ۭ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ۭ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ۭ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۝

(النور ۴۰)

ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ بعد نمازِ عصر، چالیس (۴۰) دن تک پڑھنا ہے۔ صحبت منع ہے۔ ناپاکی کے دنوں میں نہ پڑھیں۔

دشمن کی تباہی کے لیے

سورۂ فیل رات بارہ بجے انچاس (۴۹) بار۔ کسی بھی منگل سے آغاز۔ مدت انچاس (۴۹) دن۔

گمشدہ چیز کے لیے

اوّل آخر درود شریف گیارہ بار، سورۂ قریش اکتالیس (۴۱) مرتبہ، اکتالیس (۴۱) دن۔ بعد نماز ظہر۔

خاص مقصد کے لیے

اول آخر تین بار درود شریف کا عمل سات (۷) بار، سات (۷) دن تک۔

حضرت پیر جی عبداللطیف کاظمی المعروف حضرت بری امامؒ کا عطا فرمودہ زبردست عمل

گزشتہ دنوں اسلام آباد کی مشہور و معروف درگاہ پیر طریقت رہبر شریعت ولی کامل حضرت پیر عبداللطیف صاحب کاظمی رحمۃ اللہ علیہ المعروف "بری امام" پر حاضری کا اتفاق ہوا۔ حاضری کے وقت دارالعمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ کے طالب علم بھائی زوہیب معاویہ صاحب، قاری ساجد محمود، حافظ محمد وقاص صاحب، مولانا آزاد صاحب وغیرہ بھی ہمراہ تھے۔ مغرب کی نماز ہم نے دربار شریف سے متصل مسجد میں ادا کی۔ ادائیگی نماز کے بعد حضرت کی خدمت میں حاضری کا شرف حاصل ہوا۔ ایصال ثواب کے بعد مراقبے میں حضرت سے گفتگو شروع ہوئی۔ تو بس پھر تو دعائیں ہی دعائیں ہی تھیں۔ اس بھرپور نشست میں اس قدر لطف آیا کہ وقت گزرنے کا احساس تک نہ ہوا۔ جی ہاں! وہ لطف، وہ مزا، وہ راحت، وہ

عوام کیلئے بھی نفیس اعمال کی تفصیل goo.gl/sDZuVf

سکون، وہ آرام، وہ روحانیت، میں اپنے الفاظ اور اپنی تحریر میں بیان نہیں کرسکتا۔ چونکہ میرے پاس وہ الفاظ ہی نہیں ہیں اور نہ ہی وہ انداز بیان ہے کہ جس میں میں اس محفل کی پوری پوری عکاسی کرسکوں۔ میری اس بات سے شاید کچھ لوگ متفق نہ ہوں، لیکن وہ احباب ضرور ضرور میری اس بات کو تسلیم کریں گے جن کے دل اولیاء اللہ کی محبت سے سرشار ہیں۔ بقول کسی شخص کہ ''راہ پیا جانے یا واہ پیا جانے''۔ بے شک صحیح فرمایا جس نے بھی فرمایا، حق اور سچ فرمایا ہے۔ چونکہ ہم نے اس راہ پر بھی چل کر دیکھا ہے اور ان صاحب مزار بزرگان دین سے واسطہ بھی پڑا ہے۔ دور سے بیٹھ کر صرف تبصرے ہی کیے جاسکتے ہیں۔ بے شک آج میں جس مقام پر کھڑا ہوں، اس کے پیچھے میرے والدین کریمین، میرے اساتذہ کرام، میرے بزرگوں کی دعائیں ہیں۔ لیکن میری روحانی تربیت میں میرے دو محسنوں کا احسان میں زندگی بھر نہیں ادا کرسکتا۔

1 میرے استاد محترم، میرے روحانی والد، میرے روحانی بزرگ وپیشوا حضرت ڈاکٹر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ۔

2 میرے برادر کبیر میرے انتہائی محسن ومربی حضرت حافظ حکیم محمد ابرار الحسن قمر صاحب مدظلہ العالی۔

میں بارگاہ الٰہی میں ہر وقت، ہر لمحے، ہر گھڑی، ہر صبح شام ان دونوں ہستیوں کیلئے دعا گو رہتا ہوں کہ اللہ ان کی زندگیوں میں برکت عطا فرما کر ان کا سایہ تادیر میرے سر پر قائم ودائم رکھے۔ آمین ثم آمین۔

قارئین بات دوسری سائیڈ پر نکل گئی، درگاہ شریف سے واپسی پر حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے ایک خاص وظیفہ عنایت فرمایا۔ یہ وظیفہ ہر قسم کے حاسدوں، دشمنوں، مخالفوں، شریروں، جادو کرنے اور جادو کرانے والوں کے تمام شر اور جادو کو ان پر واپس پلٹنے کیلئے ہے۔ اس عمل کی حضرتؒ کی طرف سے آپ کو بھی اجازت ہے لیکن ایک شرط کے ساتھ کہ اس عمل اور وظیفہ شروع کرنے سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف، گیارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ، گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص کی تلاوت کرکے حضرت والا کو ایصال ثواب کریں۔ خاص وظیفہ درج ذیل ہے:

روزانہ بعد نماز عشاء انچاس (۴۹) مرتبہ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۔ اول آخر درود شریف نہیں پڑھنا ہے۔

سورۂ مزمل کے جنات کے بتلائے ہوئے وظائف

نافرمان اولاد کے لیے

كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۙ لَنَسْفَعًۢا بِالنَّاصِيَةِ ۙ﴿۱۵﴾ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۚ﴿۱۶﴾ فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ ۚ﴿۱۷﴾ سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ۙ﴿۱۸﴾ كَلَّا ۭ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ۩﴿۱۹﴾ (العلق ۹۶:۱۵-۱۹) ..... سورۂ العلق کی آخری پانچ آیات، اکتالیس (۴۱) بار، اکتالیس (۴۱) دن بعد نماز فجر۔

کسی بھی جائز مقصد کے جلد حل کے لیے

گیارہ بار اول آخر درود شریف، وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۝﴿۵﴾ (والضحیٰ ۹۳:۵) چالیس (۴۰) بار، چالیس (۴۰) دن۔

دشمن کی سازش ناکام بنانے کے لیے

اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝﴿۳﴾ (الکوثر ۱۰۸:۳)

انچاس (۴۹) بار، انچاس (۴۹) دن بعد نماز فجر۔ آغاز منگل سے کرنا ہے۔

زوجین میں شدید محبت کے لیے

اول آخر تین بار درود شریف، وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ (طٰہٰ ۲۰:۳۹)

اکیس (۲۱) بار، چالیس (۴۰) یوم۔

بحالیٔ کثرت رزق

وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ۝﴿۸﴾ (والضحیٰ ۹۳:۸) ایک سو بار، تا زندگی۔

اٰمنت باللہ کے جنات کے بتلائے ہوئے وظائف

کسی بھی پریشانی سے نجات کیلئے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝﴿۱۷۳﴾ (اٰل عمران ۳:۱۷۳) (بقیہ ص 38)

عاملین کے تجویز کردہ قرآنی وظائف

مرتب: اراکین دار العمل چشتیہ، لاہور

فضیلۃ الشیخ عبد الباسط شاذلی نقشبندی حفظہ اللہ
(خلیفہ پیر سید نور زمان نقشبندی شاذلی حفظہ اللہ)

إِنَّمَا أَمْرُهُ إِذَا أَرَادَ شَيْئًا أَنْ يَقُولَ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ ﴿٨٢﴾
فَسُبْحَانَ الَّذِي بِيَدِهِ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٨٣﴾
(یٰسٓ: ۸۲-۸۳)

.....

حضرت مولانا ارشد حسن ثاقب مدظلہ

رزق/روزگار

سورۃ مزمل کی آیت:

إِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيلًا ﴿٧﴾ (المزمل: ۷)

اس آیت کو چاشت کی نماز کے بعد گیارہ (۱۱) مرتبہ روزانہ پڑھنا ہے اکتالیس (۴۱) دن تک۔ رزق کو کھینچ کر لاتا ہے۔

جائز مقاصد کے لیے

سورۃ الضحیٰ:

وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ ﴿٥﴾ (الضحیٰ: ۵)

ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ۔ اول آخر درود شریف۔ روزانہ پڑھنا ہے۔ مقاصد کے حل کے لیے۔

رزق کے لیے/فتوحات کے لیے

رزق کے لیے/فتوحات کے لیے سورۃ النصر کو روزانہ اکیس (۲۱) مرتبہ روزگار کی جگہ پر پڑھنے سے گاہک کھنچ کر دکان کی طرف آنا شروع ہو جائیں۔

جائز حاجات کے لئے

کسی بھی جائز حاجت کے لئے یہ آیات اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔ اول درود ابراہیمی پڑھ کر کھلا پڑھتے رہیں۔ اپنے مقصد کو دل میں رکھ کر اس کو لا تعداد پڑھیں۔ ان شاء اللہ گیارہ (۱۱) دن میں حالات بہتر ہو جائیں گے۔

قضائے حاجات کیلئے

کسی بھی قسم کی حاجت کیلئے سورۂ یٰسین شریف کا درج ذیل عمل تین دن متواتر کریں۔ ان شاء اللہ وہ حاجت بر آئے گی۔ روزانہ گھر کے افراد اجتماعی طور پر بہتر (۷۲) بار یٰسین شریف کی تلاوت کر کے مقصد کیلئے دعا مانگیں۔

مالی پریشانی کا حل

سورۃ مزمل شریف روزانہ اکیس (۲۱)، اکتالیس (۴۱)، بہتر (۷۲) یا کم از کم گیارہ (۱۱) بار کا معمول رکھیں۔ ان شاء اللہ آہستہ آہستہ ہر قسم کی مالی پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔

نیک صالح اولاد کیلئے

جن کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو، وہ صبح و شام ایک سو (۱۰۰) بار یہ دعائے قرآنی پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ نیک صالح اولاد عطا فرمائیں گے۔

رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ ﴿٣٨﴾
(آل عمران: ۳۸)

.....

موبائل ایپ سیکھنے کیلئے تفصیل goo.gl/Dd6ZG

قاری طاہر شمسی صاحب (سرگودھا)

برائے واپسی سحر و حفاظت از سحر و جنات

جادوزدہ شخص جادو کا علاج کسی باقاعدہ مستند عامل سے کرانے کے بعد درج ذیل اذکار کو اپنے لئے لازم کرے۔ ان شاء اللہ جادو کرنے والے منہ کی کھائیں گے اور ناکامی ان کا مقدر ہوگا۔ یہ پانچ چیزیں اکیس (۲۱) اکیس (۲۱) بار روزانہ صبح و شام پڑھیں۔ بہت ہی مجرب اور موثر ہے۔

۱) درود شریف: اللّٰھم صلی علی محمد و علی آل محمد و بارک وسلم — اکیس (۲۱) بار
۲) حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ — اکیس (۲۱) بار
۳) سورہ الم نشرح — اکیس (۲۱) بار
۴) حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ — اکیس (۲۱) بار
۵) درود شریف مذکورہ بالا — اکیس (۲۱) بار

کثیر الفوائد خاص الخاص قرآنی عمل

یہ ایک کثیر الفوائد قرآنی عمل ہے۔ چند فوائد یہ ہیں:
تعویذات کی برآمدگی، جادوگروں سے حفاظت، جنات سے حفاظت، قبضہ شدہ چیزوں سے قبضہ چھڑوانے، ہر قسم کی حاجت کی تکمیل، دشمنوں کے شر سے حفاظت، دشمنوں کی چالوں کو ناکام کرنے، رقم کی واپسی۔

عمل یہ ہے:

آیۃ الکرسی — اکیس (۲۱) بار
درود شریف — سات (۷) بار
فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ — ایک سو ایک (۱۰۱) بار
درود شریف — گیارہ (۱۱) بار
سورۃ الفیل — اکیس (۲۱) بار
سورۃ الکوثر — اکیس (۲۱) بار
سورۃ لہب — اکیس (۲۱) بار
سورۃ الزلزال — اکیس (۲۱) بار

مذکورہ بالا اذکار پڑھنے والا شخص ہر طرح کے جادوگروں کے حملوں سے محفوظ رہے۔ چاہے جتنا بڑا جادوگر ہو اور جادو کی اشیاء جہاں جہاں دبائی گئی ہوں گی، وہ سب خود بخود زمین سے نکل کر باہر آجائیں اور سب جادو بے اثر اور باطل ہو جائے گا۔ بارہا کا مجرب المجرب عمل ہے۔

مولانا عبدالرشید صفدر (واہ کینٹ)

روٹھی بیوی کو بلانا

عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت صلوٰۃ الحاجات پڑھے۔ پھر مصلے پر کھڑے ہو کر ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ

اِنَّ اللّٰهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ (فاطر ۲۲)

پڑھیں۔ تین (۳) دن، گیارہ (۱۱) دن، حد اکتالیس (۴۱) دن۔ بیوی ناراض ہو تو مرد پڑھے۔ مرد ناراض ہو تو بیوی پڑھے۔ بارہا کا مجرب عمل ہے۔

مولانا قاری ممتاز صاحب

(رکن روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ لاہور)

ہر مشکل کے حل کے لیے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿۱۷۳﴾ (آل عمران ۱۷۳)

پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ اکیس (۲۱) دن۔ اول و آخر ایک مرتبہ درود شریف۔ یہ عمل حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمہ اللہ کی قبر پر مراقبہ کیا تو روحانی طور پر عطا ہوا۔

رزق میں برکت اور کاروبار کی ترقی کے لیے

ترقی کاروبار کیلئے سورۂ بقرہ (مکمل) منگل کے روز پڑھ کر دعا کریں۔ ان شاء اللہ رزق میں برکت ہوگی اور کاروبار خوب چلے گا۔ یہ عمل سات سلام اور چہل کاف کے جنات نے عطا کیا۔

محمد علیم صاحب

(رکن روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ لاہور)

رشتہ کے لیے

سورۂ کوثر ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ اوّل و آخر درود شریف گیارہ بار۔ بعد نمازِ عشاء اکیس (۲۱) دن تک پڑھیں۔ اختتام پر سوا پاؤ یا سوا کلو میٹھی چیز بانٹیں۔ یہ عمل حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمہ اللہ کی قبر پر مراقبہ کیا تو روحانی طور پر عطا ہوا۔

محمد زمان شاہ (الحمد والے شاہ جی)

روزگار کی بندش اور رزق کی فراوانی کیلئے مجرب ترین

بے روزگاری یا رزق کی تنگی کیلئے مجرب المجرب وظیفہ پیش خدمت ہے۔ رجال الغیب اور ساعتِ مشتری کا وقت لازمی منتخب کریں۔ ان شاء اللہ غیب سے رزق ملے گا اور بے حساب ملے گا۔

درود شریف دس بار۔ سورۃ اخلاص ایک تسبیح۔ سورۃ انا انزلنا پچاس بار۔ سورۃ الطلاق پارہ نمبر 28 آیات نمبر 2 اور نمبر 3 ایک تسبیح۔ اس کے بعد اپنے رزق اور روزگار کیلئے دعا کیجئے۔ ویسے تو یہ عمل 27 دن کا ہے۔ اگر ہمیشہ کیلئے معمول بنالیں تو ان شاء اللہ رزق کی کمی نہیں رہے گی۔

آیات یہ ہیں:

فَإِذَا بَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَأَمْسِكُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ أَوْ فَارِقُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ وَأَشْهِدُوا ذَوَيْ عَدْلٍ مِنْكُمْ وَأَقِيمُوا الشَّهَادَةَ لِلَّهِ ۚ ذَٰلِكُمْ يُوعَظُ بِهِ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۚ وَمَنْ يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا ۝ وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۚ وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ فَهُوَ حَسْبُهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ بَالِغُ أَمْرِهِ ۚ قَدْ جَعَلَ اللَّهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝ (الطلاق ۲-۳)

قاری محمد حسن رضوی (لاہور)

رزق کے لئے

نوچندی پیر سے سورۂ اخلاص کی آیت "اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝" تین ہزار (۳۰۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ تین مہینے تک۔ ان شاء اللہ رزق کی فراوانی ہوگی۔

پیر ناصر قلندری

حصولِ دولت

بعد نماز صبح ایک سو (۱۰۰) مرتبہ سورۂ نصر، اوّل آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھے۔

محمد عبداللہ خان صاحب نقشبندی مجددی

کشائش رزق کے واسطے

روزمرہ نمازِ عشاء کے بعد مع اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے، اکیس (۲۱) بار سورۂ مزمل شریف پڑھا کرے۔ مگر ہر بار جب لفظ پر پہنچے تو پچیس (۲۵) بار کلمہ پڑھ کر سورت تمام کرے۔ بشرط مداومت، رزق میں وسعت ہوگی۔

احوال اولیاء دیکھنے کیلئے تفصیل goo.gl/SyPXCb

قیصر احمد بی۔اے۔ (کراچی)

قرآنی وظائف

دعاءِ فتح

یہ دعا فتح کے دروازے کھول دیتی ہے۔ اگر کسی شخص کا کوئی کام اٹکا ہوا ہو، اس کیلئے اور اس کے علاوہ ہر جائز و فتح مراد کیلئے اس آیت کو عقیدے کے ساتھ اٹھتے بیٹھتے تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پڑھیئے۔ یہ آیت ہر کام کیلئے کارآمد ہے۔ یہ آیت آزمودہ ہے۔ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ (یٰسٓ ۸۲)

برائے اولاد

جو شخص اولاد سے محروم ہو، وہ روزانہ ایک سو ایک (۱۰۱) بار سورۃ الکوثر بسم اللہ کے ساتھ پڑھے۔ ان شاء اللہ اسے کامیابی ہوگی۔ اس کے علاوہ اس آیت مبارکہ کا ورد بھی کرے:

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ (الاحزاب ۵۶)

ذاتی مکان کیلئے

جس کے پاس اپنا ذاتی مکان نہ ہو، وہ روزانہ بلاناغہ بعد نمازِ عشاء اول و آخر تین تین بار درود شریف کے ساتھ ایک سو اکیاون (۱۵۱) بار یہ آیت پڑھے اور دعا کرے۔ مقصد پورا ہونے تک یہ عمل کرے۔

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ (الاعراف ۱۰)

رزق کی فراوانی و دولت حاصل کرنے کا وظیفہ

97	القدر	روحانیت میں زبردست اضافے اور رحمت خداوندی کے حصول کیلئے پڑھیں	7	روزانہ
98	البینہ	کالے پیلے یرقان کے خاتمے، امراض جگر اور مردانہ کمزوری میں مبتلا افراد پڑھیں	7	روزانہ
99	الزلزال	ہر قسم کے ڈراؤنے خوب و خیالات اور گندی سوچ و فکر سے نجات کیلئے پڑھیں	7	روزانہ
100	العادیات	مرغی فارم، مویشی فارم اور جانوروں کی ہر قسم کی حفاظت و بیماریوں کے خاتمے کیلئے پڑھیں	41	روزانہ
101	القارعہ	ناجائز تعلقات سے بچنے، حفاظت اور جان چھڑانے کیلئے پڑھیں	7	صبح، شام
102	التکاثر	فوت شدہ بزرگوں اور رشتہ داروں کو خواب میں دیکھنے کے لیے پڑھیں	21	رات کو
103	العصر	ہر قسم کے خسارے، گھاٹے اور نقصانات سے بچنے اور نکلنے کیلئے پڑھیں	41	روزانہ
104	الھمزہ	اپنے دل سے دنیا اور مال و دولت وغیرہ کی محبت ختم کرنے کیلئے پڑھیں	11	روزانہ
105	الفیل	ہر قسم کے چھوٹے بڑے دشمنوں پر غلبے، ان کی تباہی و بربادی کیلئے پڑھیں	41	41 دن
106	القریش	ہر قسم کے خوف، گھبراہٹ اور بے چینی کے خاتمے کیلئے پڑھیں	21	روزانہ
107	الماعون	نماز کی سستی کو دور بھگانے اور نماز کی پابندی کیلئے پڑھیں	11	روزانہ
108	الکوثر	مال و دولت میں وسعت اور دشمنوں کو ان کی چالوں میں ناکام کرنے کیلئے پڑھیں	41	روزانہ
109	الکافرون	کفریہ عقائد، کفریہ باتوں، کفریہ کلمات اور کفر پر خاتمے سے حفاظت کیلئے پڑھیں	3	صبح شام
110	النصر	ہر طرح کی کامیابی، فتح، نصرت اور ہر مقصد میں کامیابی کیلئے پڑھیں	21	روزانہ
111	اللھب	دشمنوں کی ہر سازش ناکام اور ان کو ذلیل و خوار کرنے کیلئے پڑھیں	7	صبح، شام
112	الاخلاص	مخلوق سے بے نیازی، اللہ کی محبت اور ایمان پر خاتمے کیلئے پڑھیں	7	روزانہ
113	الفلق	حاسدوں کے حسد سے ہر وقت محفوظ رہنے کیلئے پڑھیں	21	روزانہ
114	الناس	جنات اور انسانوں کے ہر قسم کے شر سے بچنے کیلئے پڑھیں	21	روزانہ

نوٹ: ان تمام وظائف کی نام اجازت ہے دعاؤں میں یاد رکھیں۔

کیا آپ چاہتے ہیں کہ صحتیں آپ سے ہدیہ لیں؟ goo.gl/itzsj7

darulamal.org khazinaeruhaniyat.com

سورۂ فاتحہ کے مجرب وظائف

مولانا ضیاء اللہ قادری (پشاور)

محترم قارئین کرام! میں نے بہت عرصہ عملیات میں گزارا ہے۔ خیبر پختونخواہ جو میرا اپنا علاقہ ہے، سے لے کر کراچی تک عاملین کے چکر لگا چکا ہوں۔ یا تو کسی نے کچھ دیا نہیں اور اگر کسی نے دیا اور وہ عمل میں شروع کر دیتا تو چند روز بعد مجھے ذہنی اور جسمانی تکلیف شروع ہوتی، کیونکہ وہ صاحب خود بھی اس عمل کے عامل نہیں ہوتے۔ البتہ زندگی میں تین چار اساتذہ کرام ایسے ملے ہیں جن سے مجھے بہت فائدہ ملا ہے اور ان کا عمل کبھی فیل نہیں ہوا ہے۔ ان اساتذہ کرام میں سرفہرست استاذ العاملین ڈاکٹر خالد مقبول (حفظہ اللہ) ہیں۔ جو عطا فرمایا ہے، تو الحمدللہ میں نے بلاخوف وشک وہ عمل کیا ہے اور جب بھی استعمال میں لایا ہے تو 100% فیصد درست پایا ہے۔ اور دارالعمل چشتیہ کی اہم خصوصیت یہ بھی ہے کہ لوگوں سے صرف عمل نہیں کرواتے بلکہ عمل کے دوران اور بعد از عمل مکمل راہنمائی کیلئے میرے محسن و مشفق مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب اور میرے مہربان بھائی مولانا علی آفاق صاحب موجود ہوتے ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ دارالعمل چشتیہ کو اور ان کے اراکین کو دِن دُگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائیں۔ آمین

دوستوں! یہ امر مسلم ہے کہ سابقہ آسمانی کتب اور صحائف کا مکمل خلاصہ قرآن کریم میں موجود ہے اور پورے قرآن کا خلاصہ سورۃ الفاتحہ میں موجود ہے۔ اس لئے متعدد احادیث مبارکہ میں سورۃ الفاتحہ کو "ام القرآن" فرمایا گیا ہے۔ آج میں آپ حضرات کی خدمت میں سورۃ الفاتحہ کی دو آیات ذکر کرتا ہوں۔ بطریقۂ وظائف، یہ وظائف میں نے خود بھی استعمال کئے ہیں اور دوسرے ضرورت مند حضرات کو بھی بتایا ہے تو الحمدللہ اچھا رزلٹ ملا ہے۔

نمبر ۱۔ یا مالک یوم الدین

بعض اوقات انسان کو کوئی مشکل درپیش ہوتی ہے۔ یا تو بالکل اسباب ہی نہیں ہوتے یا باوجود اسباب، حاجت پوری ہونے میں رکاوٹیں پیش آتی ہیں۔ حالانکہ نہ جادو ٹونے کا اثر ہوتا ہے اور نہ جناتی بندش۔ بس قسمت ہی ساتھ نہیں دیتی۔ دونوں صورتوں میں آیت نمبر 3 کے ساتھ یا ملائیں (یعنی یا مالک یوم الدین)۔ نہ کوئی خاص تعداد مقرر ہے اور نہ کوئی خاص وقت۔ البتہ بہترین وقت تہجد کا وقت ہے یا بعد از نمازِ فجر۔ اول آخر درود ابراہیمی۔ قارئین عربی گرائمر کے مطابق یا مالک یوم الدین، یعنی زبر کے ساتھ پڑھنا چاہئیں لیکن عملیات میں گرائمر کا لحاظ رکھنا ضروری نہیں۔ (بشرطیکہ معنیٰ میں کوئی فرق نہ آتا ہو) بلکہ استاد کے بتائے ہوئے طریقے کا لحاظ رکھنا ضروری ہے۔ اس لئے ہم (یا مالک) یعنی زیر کے ساتھ پڑھتے ہیں۔ کیونکہ استاذ صاحب سے ایسا ہی ملا ہے۔

نمبر ۲۔ ایاک نعبد

جو شخص معمولی عبادت کرتا ہو اور اس کے بعد بڑی برائی کرتا ہو تو اس وظیفے کو ہر نماز کے بعد چند بار پڑھے۔ ان شاء اللہ اس کی نماز، اس کو برائیوں سے منع کرنے میں مدد دے گی۔

نمبر ۳۔ ایاک نستعین

اگر کسی شخص کا کوئی مخالف ہو اور مخالفت سے باز نہ آتا ہو تو تصور کے ساتھ بعد از نمازِ مغرب ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھے۔ مخالف چند دنوں بعد معافی مانگنے پر مجبور ہو جائے گا۔ لیکن اس کے ساتھ واؤ نہیں پڑھنا چاہئے، صرف (ایاک نستعین) پڑھے۔

نمبر ۴۔ ایاک نعبد ایاک نستعین

بعض اوقات جادو یا جنات کی وجہ سے بندش اولاد ہوتی ہے۔ جب بندہ جادو جنات کا علاج کرے گا تو بندش ختم ہوتی ہے لیکن اس کا مادہ تولید (sperm) کم ہوتا ہے۔ طبی علاج کے باوجود بھی مادہ تولید میں اضافہ نہیں ہوتا۔ تو جس بندہ کا مادہ تولید (sperm) جادوائی یا جناتی اثر سے کم ہو یا طبی طور پر کم ہو، وہ اس پوری آیت کو وظیفہ بنالیں۔ تو سے (۹۰) دن بعد ٹیسٹ کرلیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مایوس نہیں ہوگا۔ یہ وظیفہ میں نے چند مریضوں پر آزمایا ہے۔ الحمدللہ سو فیصد مجرب پایا ہے۔ ان تمام وظائف کی اجازت کیلئے دارالعمل چشتیہ سے رجوع کریں۔

darulamal.org/ruhanidarsgah

قرآنی وظائف سید مزمل حسین شاہ صاحب

(چیف ایڈیٹر ماہنامہ علوم روحانیہ)

فاقہ سے حفاظت.....عزیز نگاہ ہونا

اگر کوئی شخص باوضو اکتالیس (۴۱) مرتبہ سورۃ المائدہ کو پڑھے تو اس کے گھر والے فاقہ سے محفوظ رہیں اور اس کا پڑھنے والا دنیا کے لوگوں کی نگاہ میں عزیز ہوگا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

ہر مشکل حل ہو.....ہر مقصد میں کامیابی ہو

جو شخص سورۃ الانعام کو باوضو اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل حل ہوگی اور ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔

دشمن پر غلبہ

دشمن پر غلبہ پانے اور غلبہ حاصل کرنے کے لیے سورۃ یونس کی تلاوت بہت اکسیر ہے۔ اس کی کثرتِ تلاوت آدمی کو فتح وظفر سے ہمکنار کرتی ہے۔ ہر مشکل کے لیے اس کی تلاوت، اس مشکل کو آسان بنا دیتی ہے۔

ہر مشکل دور ہو.....دشمن مغلوب ہو

ہر مشکل گھڑی میں سورۃ ہود کی تلاوت بہت فائدہ مند ہے۔ اس کے پڑھنے سے دشمن مغلوب رہتا ہے۔

ہر قسم کی حاجت پوری ہو.....عہدے پر بحالی

ہر قسم کی حاجت یا برآوری اور ضرورت کے لیے سورۂ یوسف کی تلاوت بہت اہم ہے۔ اگر کوئی شخص اپنے عہدے سے معزول ہو گیا ہو یا نوکری سے نکال دیا گیا ہو تو اس کی کثرت سے تلاوت کرے، ان شاء اللہ تعالیٰ واپس اپنے عہدے پر بحال ہوگا۔

مال دار اور غنی ہو جائے

اگر کوئی غریب و نادار ہو تو اس کی تلاوت کرنے سے بحکمِ خدا غنی اور مال دار ہوگا۔

دشمنوں سے نجات

اگر کسی شخص کے دشمن اسے جان سے مارنا چاہتے ہوں اور اسے ہلاکت کا خوف ہو تو سورۃ النحل کو ایک بیٹھک میں ایک آدمی یا کئی آدمی ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے دشمن فرماں بردار ہوں گے اور اگر اطاعت نہ کی تو پریشان اور ذلیل وخوار ہوں گے۔

دشمنوں میں تفرقہ اور جدائی ڈالنا

اگر کسی کے دشمن ایک جگہ جتھا بنا کر نقصان پہنچانا چاہتے ہوں تو سورۃ النحل کو تین (۳) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن منتشر ہوں گے۔

تمام غموں اور پریشانیوں سے نجات

اگر کوئی شخص پریشان حال ہو، اکثر پریشان اور غم زدہ رہتا ہو تو ہر روز باوضو تین (۳) بار سورۂ انبیاء پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی تمام غم اور پریشانی سے نجات حاصل ہوگی۔

دفع دشمن کیلئے

اگر کوئی شخص دشمنوں سے پریشان ہو تو سورۃ ص کو باوضو سات (۷) مرتبہ پڑھ کر دعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوں گے اور ان کے شر سے ہر طرح محفوظ رہے گا۔

ہر قسم کی حاجت پوری کرنے کیلئے

اگر کوئی مشکل پیش آ گئی ہو یا کوئی اہم حاجت پیش آ گئی ہو یا کسی مقصد میں ضرور کامیابی چاہے تو باوضو نماز فجر کے بعد سات (۷) مرتبہ سورۃ حم سجدۃ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی، حاجت پوری ہوگی اور مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

قرآنی وظائف سید محمد قادری

(چیف ایڈیٹر ماہنامہ اسماء الحسنیٰ)

عمل تسخیر خلائق

عام لوگوں کو مسخر کر کے اور انہیں اپنی طرف متوجہ کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آیات گیارہ بار بعد نمازِ فجر اور بعد نمازِ مغرب پڑھیں۔ یہ عمل اکثر علمائے فن کا معمول رہا ہے اور ان کی محبت لوگوں کے دلوں میں مستحکم ہوتی رہی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۖ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۗ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۔ اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ۗ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۔ فَلَمَّا رَاَيْنَهٗٓ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ۖ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ۗ اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ۔ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ۗ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ۔

امراء اور رؤسا کو پوری طرح مسخر کرنا

جو شخص اپنی حاجتیں امراء اور رؤسا سے پوری کروانا چاہے اور ان کو پوری طرح مسخر کرنا چاہے تو باوضو سورۂ یٰسین پینتیس (۳۵) مرتبہ پڑھ کر امراء کے پاس جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ وہ اس کی عزت کریں گے اور اس کی تمام حاجتیں بھی پوری کریں گے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔ شرط صرف اتنی ہے کہ وہ شرعی طور پر جائز ہو۔

عمل بغض و عداوت

بعد نمازِ عشاء، ترکِ حیوانات کے ساتھ، بغیر درود شریف، تین سو تینتیس (۳۳۳) مرتبہ سورۂ قریش کو پڑھیں۔ مجرب ہے۔

فراخی رزق اور ترقی درجات کے لیے

فراخی رزق کے لئے، ترقی درجات کے لئے ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ اس آیت شریف کو روزانہ پڑھنا نہایت مجرب عمل ہے۔

وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ۝ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ۝

(الذّٰریٰت: ۲۲-۲۳)

اس عمل کا اگر ہمیشہ ورد رکھا جائے تو عزت و وقار میں اضافہ ہوتا ہے اور غیب سے سامانِ رزق مہیا ہوتے رہتے ہیں۔

فراخی رزق ..... ادائیگی قرض

بعد نمازِ فجر سو (۱۰۰) بار اَللّٰهُ الصَّمَدُ اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ مرتبہ پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا رزق زیادہ ہوگا اور قرض بھی ادا ہو جائے گا۔

ادائیگی قرض کے لیے

جو شخص ہر نماز کے بعد:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ایک مرتبہ۔ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۚ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ۖ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۗ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۚ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۚ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ (اٰل عمران: ۲۶-۲۷)

یہ آیت شریف پانچ (۵) مرتبہ پڑھ لیا کرے تو وہ ان شاء اللہ بہت جلد قرض سے سبکدوش ہو جائے گا۔

روحانی رسائل میں لکھے جانے والے کالمز goo.gl/3ZZfjyS

قرآنی وظائف

سید مصور علی شاہ رنجانی (ایڈیٹر ماہنامہ آئینہ قسمت)

شادی ہونا جب مسئلہ بن جائے

رشتے آتے ہیں، دیکھتے ہیں، پسند کرتے ہیں اور پھر واپس پلٹ کر نہیں آتے۔ ایسا تو اب اکثر گھرانوں میں ہو رہا ہے مگر شادی طے کرنے کے بعد بھی اکثر لوگ بھاگ رہے ہیں۔ دراصل خوب سے خوب تر کی تلاش نے لوگوں کو پاگل بنا رکھا ہے۔ وہ لڑکیاں جن کی شادی کسی مسئلے سے کم نہیں یا وہ لڑکے جن کی من پسند شادیوں میں خواہ مخواہ کے روڑے اٹک رہے ہیں۔ وہ سب اس روحانی علاج سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

آپ سب عشاء کی نماز کی ادائیگی کے بعد ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِیَسْكُنَ اِلَیْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِیْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَىِٕنْ اٰتَیْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِیْنَ ﴿۱۸۹﴾ (الاعراف: ۱۸۹)

اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں اور اپنے لئے دعا کریں کہ بہتر سے بہتر جگہ پر آپ کی شادی ہو۔ چلتے پھرتے وضو، بے وضو ہر وقت ''یَا وَهَّابُ'' کا ورد کریں۔ آپ دو رکعت نماز حاجت برائے شادی بھی کسی وقت ادا کر سکتے ہیں۔ یہ عمل کم از کم تین ماہ تک کریں۔ ان شاء اللہ آپ کی مراد بر آئے گی۔

لڑکے، لڑکیوں کی شادی کیلئے مجرب اعمال

٭.....عشاء کی نماز کے بعد دو نفل حاجت کے پڑھیں۔ اس کے بعد اکتالیس (۴۱) بار سورۃ اخلاص (قل ھواللہ) پڑھ کر اپنی شادی کے لئے دعا کریں۔

٭.....اگر کسی لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو، یا رشتہ آتا ہو، وہ پسند نہ آتا ہو تو وہ ایک سو تیرہ (۱۱۳) مرتبہ اس دعا کو اور تین (۳) مرتبہ سورۃ الضحیٰ (پارہ 30 میں ہے) پڑھیں۔ اور ہر مہینے گیارہ (۱۱) دن تک پڑھیں اور تین مہینے یہ عمل جاری رکھیں۔ دعا یہ ہے:

رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ﴿۲۴﴾ (القصص: ۲۴)

٭.....اگر کسی کے بیٹے یا بیٹی کا عقد کسی وجہ سے نہ ہوتا ہو تو وہ اپنی اس مراد کو پورا کرنے کے لئے اکیس (۲۱) دن تک روزانہ مغرب یا عشاء کی نماز کے بعد تین سو تیرہ (۳۱۳) دفعہ پڑھے۔

وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ؕ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِیْرًا ﴿۵۴﴾ (الفرقان: ۵۴)

٭.....عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نماز حاجت پڑھنے کے بعد گیارہ (۱۱) مرتبہ سورۃ رحمٰن کی تلاوت کی جائے۔ عمل کی مدت چالیس (۴۰) دن ہے۔ ناغے کے دن نکال کر بعد میں پورے کریں۔

خانگی سکون اور طمانیت کے لئے

روزانہ شکرانے کے نفل ادا کریں۔ آیات حرز صبح و شام پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ روزانہ صدقہ دیں (حسب استطاعت)۔ گھر میں بلندی پر پرندوں کے لئے باجرہ اور پانی رکھنا اپنا معمول بنالیں۔ کسی یتیم کی باقاعدگی سے مدد کریں۔ گھر میں سلام کو پھیلائیں۔ گھر میں اگر دس مرتبہ بھی داخل ہوں تو بلند آواز میں بسم اللہ پڑھ کر سلام کر کے اور ایک بار سورۃ اخلاص پڑھ کر یا پڑھتے ہوئے داخل ہوں۔ ان شاء اللہ تمام پریشانیاں دور ہوں گی اور گھر کی فضا میں ہمیشہ خوشی رچی رہے گی۔

پریشانی سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص پریشانی میں مبتلا ہو، کسی بھی طرح کوئی صورت نکلتی نظر نہ آتی ہو تو درج ذیل آیت کا ورد اول و آخر ۱۱-۱۱ مرتبہ درود ابراہیمی کے ساتھ تین سو (۳۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔ یہ عمل اکتالیس (۴۱) روز تک کریں۔ ان شاء اللہ جلد ہی پریشانی سے نجات مل جائے گی۔ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِیْلًا ﴿۹﴾ (المزمل: ۹)

مجرب قرآنی وظائف

تحریر: شہزاد منظور علی سحرن (محمد محبوب خان)

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا خاص نمبر اپریل 2017ء قرآنی وظائف نمبر آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ پیارے قارئین کی خدمت میں چند مجرب قرآنی وظائف واعمال حاضر ہیں۔

برائے دولت

سورۂ ہمزہ: جو کوئی مالی لحاظ سے ترقی چاہتا ہو تو اس سورۃ پاک کو روزانہ فجر کی نماز میں سنت وفرض کے درمیان چالیس (۴۰) دفعہ پڑھے، چالیس (۴۰) دن تک تو مالی ترقی ہوگی۔ دست غیب سے مدد ملے گی۔

برائے زیارت حج

سورۂ حج: جو کوئی زیارت حج کی خواہش رکھتا ہو وہ روزانہ اس سورۃ پاک کو چالیس (۴۰) دن تک پڑھے، خواہش پوری ہوگی۔

برائے خلاصی

سورۂ اخلاص: جو کوئی قید میں بند ہو، مقروض ہو، وہ اس سورت پاک کو اکیس (۲۱) دفعہ، اکیس (۲۱) دن تک پڑھے تو قید وقرض سے خلاصی پائے۔

برائے ترقی دولت

سورۂ مزمل: جو کوئی ملازمت کاروبار میں ترقی چاہتا ہو، دولت میں ترقی چاہتا ہو، وہ اس سورت پاک کو روزانہ تین (۳) دفعہ پڑھے۔

برائے فتح

سورۂ فتح: اس سورت پاک کو روزانہ ایک دفعہ پڑھنے سے دنیا کے ہر کام ومقصد میں فتح ونصرت پائے گا۔

برائے شادی

سورۂ طٰہٰ: جس کی شادی میں رکاوٹ ہو، بندش ہو تو اس سورت پاک کو روزانہ تین (۳) دفعہ پڑھنے سے نصیب کھل جائے گا۔

برائے دفع جادو جنات

سورۂ کہف: ہر مشکل کے حل کرنے، بہادری، دلیری رعب ودبدبہ قائم کرنے، جادو، جنات، نظر بد سے حفاظت کے لیے ایک دفعہ روزانہ پڑھیں۔

برائے گمشدہ

سورۂ طارق: بھاگے ہوئے یا گمشدہ شخص کے لیے روزانہ سات (۷) دفعہ پڑھنے سے وہ غائب حاضر ہو یا اطلاع خیر ملے گی۔

برائے عزت وقدر

سورۂ قدر: اس سورت پاک کو روزانہ اکیس (۲۱) دفعہ پڑھنے سے ہر جگہ عزت وقدر ہو۔

برائے انتقام

سورۂ کوثر: اس سورت پاک کو چالیس (۴۰) دفعہ دشمن کے نام کے ساتھ پڑھیں تو وہ تباہ وبرباد ہو اور ہر طرح سے دشمن نقصان پائے۔

کیا آپ اپنے بچوں کی بیماریوں اور مسائل کی وجہ سے پریشان ہیں؟

جھگڑالو پن، پڑھائی سے بھاگنا، ضدی پن، سبق یاد نہ رہنا یعنی کمزور حافظہ، احساسِ کمتری کا شکار، ڈرپوک، بزدل، غصہ کی زیادتی، گالیاں دینا، جھوٹ بولنا، چوری کی عادت، کہنا نہ ماننا، چڑچڑا پن، مٹی کھانا، کھانا نہ کھانا، دودھ نہ پینا، بھوک نہ لگنا، بستر پر پیشاب کرنا، سوکھا پن وغیرہ کے علاج کے لئے رابطہ فرمائیں۔ مطب العارف

0343-4686217, 042-35410586

روحانی درسگاہ سے بغیر فیس عملیات سیکھیں

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ 1997ء سے روحانی علوم سکھانے میں مصروف ہے۔ فیس اور بغیر فیس کے کئی اعمال سکھائے جا رہے ہیں۔ درسگاہ میں پانچ قسم کے افراد کو بغیر فیس اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ بغیر فیس اعمال کے لیے رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے بھیجنا ضروری ہے۔ مزید شرائط اور نئے اضافہ شدہ اعمال کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔ نئے اعمال کا اضافہ وقتاً فوقتاً ہوتا رہتا ہے۔ تمام اعمال میں بنیادی درجہ کا عامل بنایا جاتا ہے۔

(۱).....عوام کے لیے

درج ذیل اعمال ہر کوئی سیکھ سکتا ہے:

❶ آیت الکرسی (درجہ اوّل) ❷ بنیادی حصار ❸ معوذتین (درجہ اوّل) ❹ نظر بد ختم کرنے کا عمل (درجہ اوّل) ❺ سورۂ فاتحہ ❻ عمل حفاظت "یا حافظ یا حفیظ" ❼ "فراخی رزق" کا مجرب عمل ❽ درود ابراہیمی ❾ درود تنجینا ❿ بسم اللہ الرحمن الرحیم کا بنیادی عمل ⓫ سلام قولا من رب رحیم کا بنیادی عمل ⓬ لاعلاج امراض سے شفاء کا خاص قرآنی عمل

(۲).....ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے ممبران کے لیے

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے ممبران درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں۔ ممبر شپ ختم ہونے پر یہ اعمال نہیں سکھائے جائیں گے:

❶ آیت شفاء ❷ "حصار" کا خاص عمل ❸ دعائے حزب البحر ❹ دعائے حزب النصر ❺ لاحول ولاقوۃ الا باللہ کا عمل ❻ "منزل" (درجہ اوّل) ❼ سورۃ الناس کا عمل ❽ "تسخیر" کا خاص عمل ❾ درود خضری کا عمل ❿ سورۂ یٰسین کا عمل ⓫ "سورۃ واقعہ" کا خاص عمل برائے فراخی رزق ⓬ ہاتھ سے تشخیص والا عمل ⓭ آیت کریمہ (درجہ اوّل) ⓮ حسبنا اللہ ونعم الوکیل ⓯ کینسر سے نجات کا خاص عمل

(۳).....علمائے کرام کے لیے

علمائے کرام درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں:

❶ "منزل" (درجہ اوّل و دوم) ❷ دعائے حزب البحر ❸ دعائے حزب النصر ❹ آیت الکرسی (درجہ دوم) ❺ معوذتین (درجہ دوم) ❻ قصیدہ طوبیٰ ❼ قصیدہ حسنیٰ ❽ اسم ذات کا عمل ❾ عمل تہدیدی نامہ مبارک ❿ "جادو اور جنات کے توڑ اور حفاظت" کا خاص عمل ⓫ نظر بد ختم کرنے کا عمل (درجہ دوم)

(۴).....خواتین کے لیے

خواتین درج ذیل اعمال سیکھ سکتی ہیں۔ کسی پرہیز اور ڈر و خوف کے بغیر عمل کریں:

❶ آیت الکرسی ❷ بنیادی حصار ❸ معوذتین ❹ نظر بد ختم کرنے کا عمل ❺ سورۂ فاتحہ ❻ عمل حفاظت "یا حافظ یا حفیظ" ❼ عمل محبت "یا لطیف یا ودود" ❽ عمل زبان بندی

(۵).....روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے لیے

روحانی درسگاہ کے طالب علم سے مراد یہ ہے کہ جس شخص نے داخلہ لیا ہو اور کوئی کورس یا بڑا عمل سیکھ رہا ہو۔ صرف داخلہ فارم جمع کروانے والوں کو شامل نہیں کیا جائے گا۔ درج ذیل اعمال سیکھے جا سکتے ہیں:

❶ ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا عمل ❷ آیت کریمہ کا خاص عمل ❸ شیطان و آسیب کو کمزور کرنے کا خاص عمل ❹ شیطان و آسیب کو بھگانے کا خاص عمل ❺ سورۂ منزل کا خاص عمل ❻ محبت کی عظیم آیت کا عمل ❼ دشمن کیلئے عظیم دعا کا عمل

نوٹ جو بھی درج بالا اعمال میں سے کوئی عمل کرنا چاہے پہلے یہ تسلی کر لیں کہ وہ اس زمرے میں آتے ہوں، ورنہ ہماری طرف سے معذرت ہے۔ ویب سائٹ پر تمام شرائط دی گئی ہیں، وہاں پڑھ لی جائیں۔

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان
ruhanidarsgah
خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570
فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0320-4661681 (صبح 10 سے شام 5 بجے، علاوہ جمعہ)
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com ruhanidarsgah.wordpress.com
ruhanidarsgah.blogspot.com ruhanidarsgah +ruhanidarsgah97 darulamalchishtia

خواتین کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/9Gxh7Y

صوفی محمد اسلم نقشبندی مجددی کے مرتب کردہ قرآنی وظائف

ساری رات فرشتے حفاظت کرے

سوتے وقت آیۃ الکرسی پڑھی جائے۔ اس کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کے لیے ایک حفاظت کنندہ رہے گا اور صبح تک شیطان پاس نہ پھٹکے گا۔

دین و دنیا کی تمام فکر دور

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ''جو شخص صبح و شام سات بار یہ وظیفہ پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کے دین و دنیا کے تمام فکر دور کر دیتا ہے''۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾ (التوبہ ۱۲۹)

''مجھے اللہ کافی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہی عرشِ عظیم کا مالک ہے''۔

غفلت میں چھوٹ جانے والے کاموں کا بھی ثواب

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ''جو شخص صبح کو یہ آیتیں پڑھے۔ اُسے اُس دن کے اُن کاموں کا ثواب دیا جائے گا جو اس کی غفلت سے رہ جائیں اور جو شام کو پڑھے اُسے رات کا پورا ثواب ملے گا''۔

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۹﴾ (الروم ۱۷-۱۹)

''پس اللہ ہی پاک اور لائق تعریف ہے۔ جس وقت تمہاری شام اور صبح ہو اور وہی لائق حمد ہے آسمانوں اور زمین میں اور تیسرے پہر اور ظہر کے بعد وقت بھی اُسی کی تعریف ہے۔ نکالتا ہے زندہ کو مُردہ سے اور نکالتا ہے مُردہ کو زندہ سے اور تازگی بخشتا ہے زمین کو اس کے خشک ہو جانے پر (لوگو) اور اسی طرح آخرت میں تمہیں قبروں سے نکالا جائے گا''۔

ستر ہزار فرشتے مغفرت کی دعا کریں

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ''جو شخص صبح کے وقت مندرجہ ذیل وظیفہ پڑھے تو اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ستر ہزار فرشتے مقرر کر دیے جاتے ہیں۔ وہ شام تک اُس کے لیے دُعائیں کرتے ہیں۔ اگر اس دن مر جائے تو شہادت کا ثواب حاصل کرے گا اور جو شخص شام کو پڑھے اُسے بھی یہی مرتبہ حاصل ہوگا''۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾ (الحشر ۲۲-۲۴)

''میں اللہ سننے اور جاننے والے کی پناہ لیتا ہوں شیطان مردود سے۔ وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ جاننے والا چھپی اور ظاہر چیزوں کو۔ وہ بہت مہربان نہایت رحم والا ہے۔ وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ بادشاہ، پاک، بے عیب، امن دینے والا، نگہبان، غالب، دبدے والا، بڑائی والا۔ پاک ہے اللہ ان چیزوں سے جن کو لوگ شریک مقرر کرتے ہیں۔ وہی اللہ ہے بنانے والا، پیدا کرنے والا، صورت بنانے والا۔ اس کے نام ہیں بہت اچھے۔ تسبیح بیان کرتی ہے اس کی ہر چیز جو آسمانوں اور زمین میں ہے اور وہی غالب دانا ہے''۔

عام کیلئے ہمیں احوال کی تفصیل goo.gl/82WG5m

کرامات جفر "قرآنی وظائف"

محمد اسد اللہ سلیمانی (جھنگ)

قارئین خزینۂ روحانیات کی خدمت میں قرآنی وظائف کا مضمون لے کر حاضرِ خدمت ہوں۔ جو بھی یقین کے ساتھ قرآنی اعمال کرتا ہے، اسے ضرور فیض ملتا ہے۔ ہر مسلمان پر لازم ہے کہ اللہ تعالیٰ کے پاک کلام سے ہی فیض حاصل کرے، جس سے دنیا میں بھی فائدہ ہوتا ہے اور آخرت میں بھی اس کے لئے فائدہ ہوگا۔

مال و دولت و رزق کی فراوانی کا خاص قرآنی عمل

اگر کوئی مالی مسائل کا شکار ہو اور رزق میں تنگی کا سامنا کرتے کرتے تنگ آ گیا ہو تو اس خاص قرآنی عمل سے فیض حاصل کریں۔ ان شاء اللہ ضرور فائدہ ہوگا۔ طریقہ یہ ہے کہ نمازِ فجر کے بعد مندرجہ ذیل آیت مبارکہ روزانہ گیارہ سو (۱۱۰۰) بار پڑھے۔ اسی طرح روزانہ لگاتار اکیس (۲۱) روز کرے۔ پہلے روز بھی نیاز تقسیم کریں اور آخری روز بھی نیاز تقسیم کرنی ہے۔ اور اسی آیت کا نقش بنوا کر پاس رکھیں اور اکیس (۲۱) روز کے بعد تعدادِ ورد روزانہ ایک سو ایک (۱۰۱) بار کر لیں۔ اگر اس پر قائم ہو گئے تو ان شاء اللہ مجھے روز یاد کریں گے۔ لاجواب و خاص عمل ہے۔ آیت کا کرشمہ دیکھیں گے۔ آیت مبارکہ یہ ہے:

رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

(المائدہ ۵:۱۱۴)

محبت و تسخیر کا خاص عمل

اگر میاں بیوی میں لڑائی جھگڑا ہر وقت رہتا ہو یا کسی میں جائز محبت پیدا کرنی ہو تو اس خاص قرآنی عمل سے فیض حاصل کریں۔ ان شاء اللہ فائدہ ہو گا۔ طریقہ یہ ہے کہ نمازِ عشاء کے بعد مندرجہ ذیل قرآنی عمل روزانہ گیارہ سو (۱۱۰۰) بار پڑھیں۔ مطلوب کا تصور رکھنا ہے اور آخر میں دعا مانگ لیں اور پھر سو جائیں، کسی سے بات نہ کریں۔ اور اس قرآنی عمل کا نقش بنا کر پاس رکھیں اور نیچے مقصد لکھ دیں۔ ان شاء اللہ اکیس (۲۱) روز میں مسئلہ حل ہونے کے اثرات پیدا ہو جائے گے۔ پہلے اور آخری روز نیاز تقسیم کریں۔ پھر بعد میں تینتیس (۳۳) بار پڑھ لیا کریں۔ قرآنی عمل یہ ہے:

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ﴿۳۹﴾

(طٰہٰ ۲۰:۳۹)

ہر مقصد کیلئے سورۃ اخلاص کا خاص عمل

اگر آپ کسی مسئلہ میں گرفتار ہیں اور اس میں نجات کا کوئی راستہ نظر نہیں آ رہا ہے تو اس طرح کریں کہ تہجد کے وقت سورۃ اخلاص گیارہ سو (۱۱۰۰) بار اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ پڑھ کر سجدے میں دعا کریں۔ آنکھیں بند کر کے پڑھنی ہے اور مٹھائی پاس رکھنی ہے جو صبح کے وقت تقسیم کر دیں۔ اسی طرح لگاتار گیارہ (۱۱) روز کریں۔ ان شاء اللہ کوئی نہ کوئی راستہ نکل آئے گا۔ سورۃ اخلاص یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ﴿۲﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ﴿۳﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾

ذہنی و نفسیاتی مسائل کا علاج جلد کروائیں

جادو، جنات کے مریض عموماً نفسیاتی مریض بن جاتے ہیں، جن کا علاج نہ کیا جائے تو مریض یہی سمجھتا ہے کہ جادو یا جنات کا اثر ختم نہیں ہوا۔ ان امراض کا علاج جلد کروانا چاہئے اور غفلت نہیں کرنی چاہئے۔ ٹینشن، ڈپریشن، ہر قسم کا خوف، مایوسی، غصہ کی زیادتی، شک، وہم، گھبراہٹ، خیالات کا ہجوم، لوگوں میں گھبراہٹ، اکیلے رہنے کی خواہش، احساسِ کمتری، خود اعتمادی کی کمی، تشویش وغیرہ جیسے امراض کے علاج کے لئے رابطہ فرمائیں۔

مطب العارف

0343-4686217, 042-35410586

عالم فقری صاحب کے مرتب کردہ قرآنی وظائف

چشم خلائق میں منظورِ نظر ہونا

جو شخص تہجد کی نماز کے وقت تہجد پڑھنے کے بعد سورت محمد ﷺ کو چند بار پڑھنے کا معمول بنالے گا تو اللہ تعالیٰ اُسے ایسی عزت بخشے گا کہ دنیا داروں کو وہ عزت حاصل نہ ہوگی اور وہ شخص چشم خلائق میں منظورِ نظر ہو جائے گا۔

برے خواب کی بجائے اچھے خواب

اگر کسی شخص کو برے خواب نظر آتے ہوں تو سورت محمد ﷺ کو سونے سے پہلے ایک مرتبہ چند روز تک پڑھنے سے اچھے خواب آنے لگ جائیں گے۔

مشکل کام آسان ہو جائے

اگر کسی کو کوئی ایسا کام درپیش ہو جو بظاہر ہوتا ہوا نظر نہ آئے تو اسے چاہئے کہ ہر جمعہ کو چند افراد کو اکٹھا کرے جو سورت محمد کو مل کر ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ اس کے کام کو آسان فرمادے گا۔

غیب سے حج پر جانے کا بندوبست ہو جائے

اگر کوئی شخص حج کرنے کا خواہش مند ہو لیکن حج پر جانے کا کوئی ذریعہ نہ بن رہا ہو تو اُسے چاہئے کہ وہ چالیس (۴۰) دن تک سورۂ فتح کو روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ اللہ تعالیٰ غیب سے حج پر جانے کے لئے اس کا بندوبست پیدا کردے گا۔

کشادگی رزق کے لیے

سورۂ فتح کو روزانہ تین (۳) مرتبہ بعد نماز فجر پڑھنا کشادگی رزق کا ذریعہ بنے گا۔

پورا سال امن وامان میں رہنا

رمضان المبارک کے چاند کو دیکھ کر سورۂ فتح کو تین مرتبہ پڑھنا پورا سال امن وامان میں رہنے کی دلیل ہے۔

ہر کام میں فتح اور کامیابی حاصل ہو

اگر کوئی شخص سورۂ فتح کو روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اُسے ہر کام میں فتح اور کامیابی حاصل ہوگی۔ لہٰذا جہاں کہیں انسانوں کے حقوق کی حق تلفی ہوتی ہوئی نظر آتی ہو تو اللہ تعالیٰ اس سورۃ کے پڑھنے والے کے حقوق پامال نہ ہونے دے گا اور اسے دشمنوں پر غالب رکھے گا اور دشمن کسی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

مقدمہ میں کامیابی

بعض اہل علم کا کہنا ہے کہ مقدمے کے روز تاریخ پر جانے سے پہلے سورت فتح کو ایک بار پڑھے تو جج انصاف کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے مقدمہ اس شخص کے حق میں کرے گا، جو حق پر ہوگا۔ اور اگر اس کی حق تلفی ہو رہی ہوگی تو مقدمہ میں اس سورت کی تلاوت کی بدولت کامیابی وکامرانی ہوگی۔

مشکل کے حل کے لیے

اگر کسی شخص کو کوئی مشکل درپیش ہو تو اسے چاہیے کہ شب جمعہ میں سورت فتح کو قبلہ رُخ ہو کر گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھے اور اللہ کے حضور اپنی مشکل کے حل کے لئے دُعا کرے تو اللہ تعالیٰ اپنی مہربانی سے اُس کی مشکل کے حل ہونے کے اسباب پیدا کردے گا۔ اور اس عمل کو سات شب جمعہ تک جاری رکھیں۔

سفر میں کامیابی اور آسانی

اگر کوئی شخص سفر پر جائے اور دورانِ سفر سورۂ فتح کو پڑھتا جائے تو اسے سفر کے مقصد میں کامیابی ہوگی اور اس کا سفر ہر قسم کی پریشانی سے محفوظ رہے گا اور وہ خیر وعافیت کے ساتھ واپس آئے گا۔

goo.gl/QmTVhZ مشکل احوال سے نجات کیلئے تفصیل

علامہ محمد مجاہد صاحب کے مرتب کردہ قرآنی وظائف

عادت بد چھڑانے کا عمل

جو کوئی عادتِ بد میں مبتلا ہو گیا ہو اور کسی طرح اس عادتِ بد سے چھٹکارا نہ ملتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔ اس مقصد کے لئے اوّل و آخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ، سورۂ مزمل تین مرتبہ اور آیات ذیل تین مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگا کریں۔ اس کے لئے دن میں صبح یا شام کا کوئی وقت مقرر کر لیں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چند یوم کے عمل مسلسل سے عادتِ بد سے نجاتِ کلیہ مل جائے گی۔

درود پاک: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

آیت مبارکہ:

هُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ۭ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَاۗءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَــــُٔوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۚ لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝

(الفتح ۲۵)

جھوٹے الزام سے بریت

اگر کسی شخص کو چوری یا کسی جھوٹے مقدمے میں ملزم ٹھہرا دیا گیا ہو اور اس کی خواہش ہو کہ اصل مجرم پکڑا جائے اور اس الزام سے مکمل طور پر بری ہو جائے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ آدھی رات کو باوضو حالت میں کھلے آسمان تلے ننگے سر کھڑے ہو کر انگشتِ شہادت آسمان کی جانب اٹھائے اور اول و آخر درود تنجینا گیارہ گیارہ مرتبہ اور سو (۱۰۰) مرتبہ آیت مبارکہ ذیل پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور خشوع و خضوع سے دعا مانگے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تین سے سات یوم کے عمل مسلسل سے اس الزام سے بری ہو جائے گا۔ آیت مبارکہ:

ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ كَيْدَ الْخَاۗىِٕنِيْنَ ۝ (یوسف ۵۲)

نیک اور صالح بننے کے لیے

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ وہ تمام برائیوں سے پاک ہو جائے اور نیک اور صالح بن جائے اور اس کی دنیا و آخرت دونوں سنور جائیں تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لیے روزانہ بعد از ہر نماز اول و آخر درود ابراہیمی سات سات مرتبہ اور آیت مبارکہ ذیل اکیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے ہاں دعا مانگا کرے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکتالیس (۴۱) یوم کے اندر اندر مطلوبہ مقصد میں کامیابی نصیب ہو گی اور تا زندگی نیک اور صالح بن جائیں گے۔

آیت مبارکہ:

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝ (یوسف ۱۰۱)

نجات غم والحزن

انتہائی غم والحزن کے دفیعہ کے لیے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لیے روزانہ بعد از ہر نماز، ذیل کی آیت مبارکہ اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور حضوری قلب سے دعا مانگیں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تین یا سات دن کے عمل مسلسل سے غم والحزن سے باری تعالیٰ نجاتِ کلیہ عطا فرما دیں گے۔ آیت مبارکہ:

قَالَ اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۝ (یوسف ۸۶)

قاری گلزار احمد مدنی کے تجویز کردہ قرآنی وظائف

استخفار کی برکات

کثرتِ رزق، ہر غم دور کرنے اور ہر حاجت کے لیے۔

وظیفہ: رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ (المومنون:۱۱۸)

کثرت کے ساتھ پڑھو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ رزق میں فراخی ہوگی اور ہر غم اور مصیبت دور ہو جائے گی۔

عمل مختصر ثواب بے شمار

1۔ تین مرتبہ سورۃ الفاتحہ پڑھنے کا ثواب دو مرتبہ قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (روح المعانی عباس تفسیر مظہری ص 15 ج 2)

2۔ چار مرتبہ آیت الکرسی پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (تفسیر صاحب ارحمن ص 11 ج 1)

3۔ چار مرتبہ سورۃ القدر پڑھنے کا ثواب ایک مرتبہ قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (صاوی حاشیہ ص 282 ج 1)

4۔ دو مرتبہ سورۃ زلزال پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (ترمذی شریف ص 17 ج 2)

5۔ دو مرتبہ سورۃ العادیات پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (تفسیر صاحب ارحمن ص 13 ج 1)

6۔ ایک مرتبہ سورۃ التکاثر پڑھنے کا ثواب ہزار آیات پڑھنے کے برابر ہے۔ (تفسیر مجمع مشکوٰۃ ص 190)

7۔ سورۃ الکافرون پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (ترمذی شریف ص 117 ج 2)

8۔ چار مرتبہ سورۃ النصر پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (ترمذی شریف ص 117 ج 2)

9۔ تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (بخاری شریف ص 750 ج 2، مسلم شریف ص 271 ج 1)

جب جان و عزت کا خطرہ ہو تو

جب دشمن کا خوف ہو یا جان یا عزت کا خطرہ ہو تو یہ آیات ایک ایک مرتبہ پڑھے، ان شاء اللہ تعالیٰ ہر خطرہ دور ہو جائے گا۔

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ (البقرہ ع ۱۳)

وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ۝ (البروج ع ۲۰)

حب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے خاص ورد

وظیفہ: جو شخص یہ چاہے کہ اس کے دل میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت پیدا ہو تو صبح و شام سات سات مرتبہ سورۃ الکوثر، درود شریف و سورۃ الضحیٰ پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مقصد حاصل ہوگا اور پڑھنے والے کے دل میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت پیدا ہو جائے گی۔

دجال کے فتنہ سے بچنے کا ورد

وظیفہ: دجال کے فتنہ سے محفوظ رہنے کے لیے سورۃ کہف کی ابتدائی دس آیات پڑھا کرو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دجال کے فتنہ سے محفوظ رہو گے۔

قلب و بدن و ایمان کی حفاظت کے لیے

فضیلت: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا طریقہ مبارک تھا کہ رات کو سورۃ اخلاص اور سورۃ الفلق اور والناس تین بار پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے بدن پر پھیر لیتے۔

وظیفہ: سورۃ اخلاص سے قلب کی حفاظت رہے گی۔

سورۃ الفلق سے بدن کی حفاظت رہے گی۔

سورۃ الناس سے ایمان کی حفاظت رہے گی۔

(ماخوذ از ۱۳۰ بیماریوں کا روحانی اور قرآنی علاج)

احوال الانبیاء سیکھنے کیلئے تفصیل goo.gl/qsLtqJ

darulfanaa.blogspot.com
khazinaerunaniyaat.blogspot.com
magazine@darulfanaa.org

سلطان محمود آشفتہؒ کے تجویز کردہ قرآنی وظائف

شوہر کا دوسری عورتوں سے تعلقات قائم کرنا

صبح یا عصر یا عشا کی نماز کے بعد شوہر کا تصور کر کے یہ عمل اکیس (۲۱) روز پڑھیں۔

ا).....درود شریف گیارہ (۱۱) بار نماز والا

ب).....الحمد شریف، بسم اللہ کی آخری میم، الحمد کے لام سے ملا کر پڑھیں۔ ایسے بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العالمین. جب اھدنا الصراط المستقیم پر پہنچیں تو اس کو گیارہ (۱۱) بار پڑھیں۔

ج).....پھر دعا مانگیں کہ بارالہٰ میرے شوہر کو صراط مستقیم دکھا۔ خوب جی بھر کر شوہر کے بارے میں دعا کریں۔ جب دعا کر چکیں تو ولا الضالین آمین تک پوری سورت پڑھیں۔ گویا سورۂ فاتحہ ایک بار ہی پوری پڑھنی ہے۔ البتہ اھدنا الصراط المستقیم ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار پڑھنی ہے۔

بندشِ شادی کا علاج

عشاء کی نماز کے بعد یہ عمل پڑھیں۔

ا).....درود شریف نماز والا ایک تسبیح

۲).....سورۂ کوثر تین سو تیرہ (۳۱۳) بار۔ مگر آخری آیت اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝ تین بار پڑھیں۔

جب ایک تسبیح درود شریف پڑھیں تو اپنا تصور کریں اور جب سورۂ کوثر تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پڑھیں تو بندش کروانے والے کا چہرہ نظروں کے سامنے رکھیں۔ جتنا تصور کامل بندھے گا، اتنی جلدی کامیابی ہوگی۔ بعد میں درود شریف نہیں پڑھنا۔

ہر وقت شہوت میں مبتلا رہنا

فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝

(الم نشرح: ۵،۶)

سورۂ الم نشرح کی آیات ہیں۔ ان آیات کی گیارہ تسبیح پورے دن میں پڑھنی ہیں۔ کب، کیسے اور کس وقت؟ کوئی سوال نہیں۔ نمازوں پر بانٹ لیں یا ویسے پڑھیں۔ پڑھنے والے کا مقصد ضرور بالضرور حاصل ہوگا۔ اتنے دنوں تک پڑھتے رہیں جتنے دنوں تک آپ کے مسائل حل نہیں ہو جاتے۔

جلد شادی کیلئے

اچھے رشتے کے لیے سات جمعہ تک ظہر کی نماز پڑھ کر ایک بار سورہ کہف پڑھیں۔ پھر دعا کریں کہ "بارالہٰ! مجھے ایسا بر عطا کریں جس کے ساتھ میری زندگی مثالی گزرے اور خوشحال مستقبل کے ساتھ ساتھ دین و دنیا کی سعادتیں بھی حاصل ہوں۔"

کاروبار میں نقصان

بعد نماز عشاء پڑھیں۔

درود شریف نماز والا.....اکیس (۲۱) بار

سورہ فاتحہ (الحمد شریف).....اکیس (۲۱) بار

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

(البقرۃ:۱۳۷).....تین سو تیرہ (۳۱۳) بار

سورۃ فاتحہ.....اکیس (۲۱) بار

درود شریف نماز والا.....اکیس (۲۱) بار

قرض کسی طرح نہ اتر رہا ہو

سورۂ آل عمران ہر روز پڑھنے کا معمول بنالیں۔ جب تک قرض ادا نہ ہو جائے، پڑھتے رہیں۔

منتخب آیات اور سورتیں

یونس مسعود صاحب (لاہور)

دیگر شعبوں کی طرح عملیات کی دنیا بھی کافی وسیع ہے۔ جہاں آسان عملیات ہیں وہاں پیچیدہ بھی۔ بعض اوقات آسان عمل کے نتائج بھی حیران کن ظاہر ہوتے ہیں۔ اصل میں کسی بھی عمل کے اثر انداز ہونے میں جو عوامل کارفرما ہوتے ہیں، ان میں عمل کرنے والے کی نیت اور فراتی روحانی صلاحیت کا بہت بڑا کردار ہوتا ہے۔ اگر کوئی سفلی یا سحری عمل (جو اسلام میں حرام اور کفر ہیں) کر رہا ہو تو اس میں وہ جتنا گنہگار اور غلیظ ہوگا، اس قدر اس کا عمل زیادہ طاقتور ہو گا۔ اس کے برعکس نورانی عملیات میں جتنا انسان پرہیزگار، متقی، صالح اور عبادت گزار ہوگا، اتنا ہی اس کا عمل مضبوط اور پائیدار ہوگا۔ بعض احباب وظائف یا عمل تو کرتے ہیں مگر ساتھ ساتھ گناہ بھی کثرت سے کرتے ہیں اور فرائض سے بھی غفلت برتتے ہیں۔ اس لئے ان کے عمل کے مطلوبہ نتائج ظاہر نہیں ہوتے۔ جس سے وہ بعد میں عمل کے بارے میں شکوک و شبہات کا شکار ہو جاتے ہیں۔

نورانی عملیات بے شمار ہیں جن سے کتب بھری پڑی ہیں۔ کچھ اعمال قرآن مجید کی آیات پر مشتمل ہوتے ہیں، کچھ میں اسماء الحسنیٰ سے مدد لی جاتی ہے، کچھ احادیث سے اخذ کردہ دعاؤں پر مشتمل ہوتے ہیں اور بعض اعمال ایسے ہوتے ہیں جو کسی بزرگ ہستی کے ذاتی تخلیق کردہ ہوتے ہیں۔ ان سب اعمال کی اپنی اپنی اہمیت ہے مگر قرآنی اعمال کو جو مقام حاصل ہے، اس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ قرآن مجید میں جہاں ہر طبقے کے لئے ہدایت اور رہنمائی موجود ہے، وہاں ہر بیماری اور ہر مسئلے کا حل بھی موجود ہے۔ قرآنی اعمال کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس سے برکت اور سلامتی کے علاوہ بہت زیادہ ثواب بھی ملتا ہے کیونکہ قرآن کا ایک حرف پڑھنے سے دس نیکیاں ملتی ہیں۔ اس لئے کچھ لوگوں کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ ایسا عمل کریں جو قرآن مجید کی آیات پر مشتمل ہو۔ ایسے لوگوں کی خواہش کو مدِ نظر رکھتے ہوئے آج ایک ایسا آسان عمل پیش کر رہا ہوں جو میرا ذاتی تجربہ شدہ ہے۔ پہلے عمل کے فوائد جانتے ہیں اور پھر اور پھر اس کا طریقہ کار اور ضروری ہدایات۔

عمل کے فوائد

1۔ نظرِ بد اس عمل سے ختم ہو جاتی ہے۔

2۔ کاموں میں رکاوٹ جو نظرِ بد یا جادو اور جنات کی وجہ سے ہو، اس عمل سے ختم ہو جاتی ہے۔

3۔ جادو، جنات یا نظرِ بد کی وجہ سے رزق میں بندش کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

4۔ شیطانی وسوسوں اور برے خیالات سے نجات حاصل ہوتی ہے۔

5۔ گھریلو ناچاقی سے نجات حاصل ہوتی ہے۔

6۔ برائیوں سے رغبت ختم ہو جاتی ہے۔

7۔ نظرِ بد، جادو یا جنات کی وجہ سے ہونے والے امراض دور ہو جاتے ہیں۔

8۔ چڑچڑے پن، غصے اور حسد کے جذبات ختم ہو جاتے ہیں۔

9۔ گھر میں پڑھنے سے خیر و برکت حاصل ہوتی ہے۔

10۔ کاموں میں آسانی اور رزق میں برکت ہوتی ہے۔

11۔ اس وظیفے کے پڑھنے والے پر جادو اور جنات جلدی اثر انداز نہیں ہوتے۔

طریقہ کار

1۔ جہاں گیارہ مرتبہ لکھا گیا ہے، وہاں گیارہ مرتبہ پڑھیں اور جہاں نہیں لکھا، اسے ایک مرتبہ پڑھیں۔

2۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف (درود ابراہیمی زیادہ بہتر ہے) پڑھیں۔

3۔ وظیفے کے دوران کوئی بات نہ کریں۔

4۔ عمومی خیر و برکت کے لئے صبح کے وقت اس وظیفے کو ایک مرتبہ پڑھنا کافی ہے مگر کسی مسئلے کے لئے صبح و شام (دو وقت) پڑھیں۔

5۔ جسمانی امراض یا نظرِ بد وغیرہ کے لئے پانی پر پڑھ کر دم کریں۔ دم کرنے کا زیادہ بہتر طریقہ یہ ہے کہ مکمل وظیفہ ایک دفعہ دم نہ کریں بلکہ جہاں ”۰۰“ کا نشان لگا ہوا ہے، وہ پڑھ کر دم کر لیں اور پھر اگلے نشان والا پڑھیں اور پھر دم کریں۔ اسی طرح آخر تک آگے چلتے جائیں۔

6۔ گھر میں اثرات محسوس ہوں تو دم شدہ پانی گھر میں بھی چھڑکا جا سکتا ہے۔

goo.gl/fhc51q اگر تحریر کی سمجھ نہ آئی ہو تو تفصیل

7۔ اس وظیفے کو ضرورت کے مطابق سات دن، گیارہ دن، اکیس دن یا پھر چالیس دن تک جاری رکھیں۔

ضروری ہدایات

1۔ عمومی خیر و برکت یا نظرِ بد کے لئے اس وظیفے کو ہر کوئی پڑھ سکتا ہے لیکن اگر جادو، جنات یا بندش کا معاملہ ہو تو حضرت خالد مقبول صاحب یا کسی اچھے بزرگ اور عامل سے اجازت ضرور حاصل کریں، ورنہ نقصان ہو سکتا ہے۔

2۔ اگر جادو، جنات یا بندش بہت معمولی ہو تو وہ اس سے ختم ہو سکتی ہے لیکن اگر پڑھنے والے کی روحانی قوت کمزور ہو یا پھر اثرات شدید ہوں تو پھر کسی اچھے بزرگ یا عامل سے رجوع کریں۔

3۔ اس وظیفے میں مشہور زمانہ "منزل" کی تمام آیات شامل ہیں مگر اس کے علاوہ مزید آیات بھی اس میں شامل کی گئی ہیں۔

4۔ عام طور پر ہر سورۃ کے آغاز میں تسمیہ یعنی بسم اللہ پڑھنا ضروری ہوتا ہے لیکن اس وظیفے کے لئے صرف آغاز میں تسمیہ پڑھنا ہے اور آگے تعوذ پڑھنا ہے۔

عمل

..... سورۃ الفاتحہ گیارہ (۱۱) مرتبہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ. بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝٢ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝٣ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝٤ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝٥ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝٦ (الفاتحہ ۱-۷)

..... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ. بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ الٓمّٓ ۝١ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝٢ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝٣ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝٤ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝٥ (البقرۃ ۱-۵)

..... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ. وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۗ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ۭ وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ۭ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ۭ وَمَا هُمْ بِضَاۗرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ ۭ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۭ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ ۭ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝١٠٢ (البقرۃ ۱۰۲)

..... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ. وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝١٦٣ (البقرۃ ۱۶۳)

..... آیت الکرسی گیارہ (۱۱) مرتبہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ. اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝٢٥٥ (البقرۃ ۲۵۵)

..... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ. لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۤ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝٢٥٦ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰۗـــُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝٢٥٧ (البقرۃ ۲۵۶-۲۵۷)

..... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ. لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ۭ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝٢٨٤ (البقرۃ ۲۸۴)

..... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۫ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۫ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۫ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۟ وَاغْفِرْ لَنَا ۟ وَارْحَمْنَا ۟ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ (البقرۃ ۲۸۵-۲۸۶)

..... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًۢا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ (اٰل عمران ۱۸)

..... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۟ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝ (اٰل عمران ۱۹)

..... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۟ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

(الاعراف ۵۴-۵۶)

..... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ۝ قَالَ اَلْقُوْا ؕ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ۝ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ۝ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۝ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۝ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝ (الاعراف ۱۱۵-۱۲۲)

..... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

(یونس ۸۱-۸۲)

..... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۝ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝ (بنی اسرآئیل ۱۱۰-۱۱۱)

..... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ قَالَ بَلْ اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰى ۝ فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً مُّوْسٰى ۝ قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ۝ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ؕ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ۝ (طٰہٰ ۶۶-۷۰)

..... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

(المؤمنون ۱۱۵-۱۱۸)

..... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۝ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۝ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ الْكَوَاكِبِ ۝ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ

مختلف مقاصد کیلئے مختلف اوقات کی تفصیل goo.gl/1Dqksc

مَارِدٍ ۝ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ
جَانِبٍ ۝ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ
فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ
خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ۝ (الصّٰفّٰت ۱۰۱۱)

۰۰..... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۔ وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا
مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا
قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ۝ قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا
اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى
طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ
لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ وَمَنْ لَّا يُجِبْ
دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءُ ؕ
اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ (الاحقاف ۲۹۔۳۲)

۰۰..... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۔ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ
اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
تُكَذِّبٰنِ ۝ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّنُحَاسٌ فَلَا
تَنْتَصِرٰنِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ
فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فَيَوْمَئِذٍ
لَّا يُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝
(الرحمٰن ۳۳۔۳۸)

۰۰..... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۔ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ
عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ
الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ
اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝
هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ
الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝
هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا
فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ (الحشر ۲۱۔۲۴)

۰۰..... اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۔ قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ
اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝ يَّهْدِيْٓ اِلَى
الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا
مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ
شَطَطًا ۝ وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ تَقُوْلَ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۝
وَّاَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاِنْسِ يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ
فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا ۝ وَّاَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ
اَحَدًا ۝ وَّاَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ فَوَجَدْنٰهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيْدًا
وَّشُهُبًا ۝ وَّاَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ؕ فَمَنْ يَّسْتَمِعِ
الْاٰنَ يَجِدْ لَهٗ شِهَابًا رَّصَدًا ۝ (الجن ۱۔۹)

۰۰..... سورۃ الکافرون گیارہ (۱۱) مرتبہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۔ قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ
اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ
مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ
دِيْنِ ۝ (الکٰفرون ۱۔۶)

۰۰..... سورۃ الاخلاص گیارہ (۱۱) مرتبہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ
الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝
(الاخلاص ۱۔۴)

۰۰..... سورۃ الفلق گیارہ (۱۱) مرتبہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝
مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ
فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝ (الفلق ۱۔۵)

۰۰..... سورۃ الناس گیارہ (۱۱) مرتبہ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝
مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝
الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝
(الناس ۱۔۶)

چند اہم قرآنی وظائف

از: محمد حبیب قادری۔ محمد آصف چشتی

دنیا و آخرت کی رسوائی سے حفاظت

اگر کوئی شخص اس بات کا خواہش مند ہو کہ وہ دنیا و آخرت کی رسوائی سے ہمیشہ کے لئے محفوظ و مامون رہے تو ذیل کا عمل اس مقصد کے لئے بے حد شافی اور اکسیر ہے۔ روزانہ ہر فرض نماز کے بعد ذیل کی آیت کا تین مرتبہ ورد رکھنے سے بفضلہ باری تعالیٰ دنیا و آخرت کی رسوائی سے محفوظ رہے گا اور اللہ تعالیٰ اس کے ایمان و جسم کی حفاظت کا انتظام فرما دیں گے۔

آیات مبارکہ:

وَمَا مِنْ دَاۗبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ﴿٥٦﴾ (ھود:۵۶)

وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَاۗىِٕهِمْ مُّحِيْطٌ ﴿٢٠﴾ (البروج:۲۰)

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿١٣٧﴾ (البقرۃ:۱۳۷)

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

اِنَّ وَلِيِّيَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۚ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٩٦﴾ (الاعراف:۱۹۶)

دعائے حاجات کے لیے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ۔ پانچ تسبیح (۵۰۰) روزانہ پڑھیں۔

بقیہ : زبان کو تالے لگا دینے والا عمل

ہو، اس خاوند کیلئے جو ہر وقت بیوی کو طعنے وغیرہ دیتا رہتا ہو، اس اولاد کیلئے جو اپنے والدین سے بہت بدتمیزی کرتے ہوں، ان والدین کیلئے جو بلاوجہ اپنے بچوں کو ڈانٹ ڈپٹ کرتے ہوں، ان افسروں اور مالکوں کیلئے جو گالی کے بغیر بات ہی نہ کرتے ہوں۔

عام اجازت والے عملیات

مرتب: محمد علیم (لاہور)

فراخیٔ رزق کے لئے

سورۂ مزمل شریف کو ہمیشہ پڑھے تو روزی آسان ہو۔

جو شخص چالیس (۴۰) روز تک اول گیارہ مرتبہ درود شریف، گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) مرتبہ "یَامُغْنِیُ" پھر گیارہ (۱۱) مرتبہ سورۂ مزمل شریف اور آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے تو اللہ تعالیٰ غیب سے اس کی مدد فرمائے گا۔

ستر ہزار فرشتے رات بھر دعائے مغفرت کریں

ترمذی شریف میں ارشاد ہے، فرمایا حضور رسول مقبول ﷺ نے "جو شخص رات کو سورۂ دخان کو پڑھ کر سوئے، اس کے لیے ستر ہزار فرشتے رات بھر دعائے مغفرت کرتے ہیں"۔

کان بہنے کا علاج

بہنے والے کان پر ہاتھ رکھ کر سورۃ حشر (پ 28) کی مندرجہ ذیل آیت پڑھی جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کان بہنا بند ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾ (الحشر ۱۸-۲۴)

فتوحات کی کنجی

سورۂ فتح کو گاہے گاہے پڑھتے رہنا فتوحات کی کنجی ہے۔

جہاں جائیں..... کامیابی ملے

سورۂ فتح کو پڑھنے والا جہاں جائے گا، کامیاب ہوگا۔

پڑوسیوں کے گھر سے بھی فقر دور ہو

طبرانی حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ فرمایا حضرت سید العرب والعجم ﷺ نے کہ "جو شخص قل ھو اللہ احد آخر تک پڑھ کر گھر میں داخل ہوگا تو فقر اس کے پڑوسیوں کے گھر سے دُور ہو جائے گا"۔

بلا سے نجات..... حاجت کا حصول

مشائخ میں کشائشِ امور دینی و دنیوی کے لئے اس سورۂ شریف کے پڑھنے کے بہت سے طریقے معمول ہیں۔ ان میں سے ایک طریقہ جو آسان اور نہایت مستند ہے، اس جگہ تحریر کیا جاتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ جب انسان کسی بلا میں مبتلا ہو یا کوئی حاجت پیش آئے تو دفع بلا اور حصول حاجت کے واسطے مغرب و عشاء کے درمیان میں اس سورۂ شریف کو روزہ مرہ ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) بار تلاوت کر کے اپنے مطلب کی دعا کیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند روز میں اس کی مراد حاصل ہوگی۔

حل مشکلات کے لئے سورۃ یٰسین کا ورد

سورۂ یٰسین کو یوں پڑھیں کہ ہر یٰسین پر "یَااَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ" گیارہ (۱۱) دفعہ پڑھیں اور جب کلمہ "کُنْ" پر پہنچے تو "یَااَللّٰہُ یَاغَنِیُّ یَامُغْنِیُّ یَافَتَّاحُ" پڑھ کر ختم کر دیں اور اپنے مقصد کے لئے دعا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔

نظر بد کے لئے

جس کو نظر لگ جائے تو اس تعویذ کو موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے۔

ما ما ما ص ص ص حم حم ر لا د ع ع

قابل رحم لوگ

مولانا علی آفاق

میں نے فلاں استاد سے فلاں عمل حاصل کیا ہے۔ اس کی تمام ریاضت بھی مکمل کر چکا ہوں۔ وہ جادو، جنات اور حاضری کے مریض کیلئے اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔ میں بہت عرصے سے ایسے عمل کا متلاشی تھا کہ ایک عمل ہو اور سارے کام اس کے ذریعے سے لے سکوں۔ ایک انار اور سو بیمار اور بالفاظ دیگر وہ گیدڑ سنگھی مجھے مل گئی ہے۔ میں نے فلاں استاد سے خبر کا عمل بھی حاصل کر لیا ہے۔ اب میں پوری دنیا میں موجود کسی بھی مریض یا فرد کی نا صرف تشخیص کرنے کا اہل ہو گیا ہوں بلکہ چوری، قتل سمیت تمام خبر والے معاملات چٹکیوں میں حل کرنے کی صلاحیت حاصل کر چکا ہوں۔ میں اپنے تمام مریضوں کو ان پر جادو کرنے والوں کے بارے میں درست معلومات بتا سکتا ہوں۔ میں تسخیر مخلوقات و جنات کا عمل فلاں استاد سے حاصل کرنا چاہتا ہوں۔ سنا ہے کہ دور دراز علاقے میں رہائش پذیر ہیں۔ ان کے پاس تسخیر جنات کا ایسا عمل ہے جس کی بدولت واقعی ہی تمام کام اور جناتی کام فوری اور آناً فاناً ہو جاتے ہیں پھر کوئی کام بھی چند یوم سے زیادہ طوالت میں نہیں جاتا۔ اور کسی کام میں بھی ناکامی کا منہ نہیں دیکھنا پڑتا۔ وہ یہ عمل بہت مشکل سے دیتے ہیں، بہت زیادہ چکر لگواتے ہیں۔ بس ابھی تک صرف چند شاگرد اور خاص اور محبوب ترین اور قریب ترین دوست ہی اس عمل سے فیض یاب ہو سکے ہیں۔ مجھے ہمزاد کا عمل بھی سیکھنا ہے، مجھے دیوی اور دیگر ہندوانہ مخلوقات کے اعمال سیکھنے سے زیادہ ان کو مسخر کرنے کا شوق ہے۔ اور اس کے لئے فیس بک پر میں نے ایک اشتہار پوسٹ بھی پڑھی ہے۔ اگر وہ عامل اور استاد صاحب مجھے وہ فہرست والے اعمال کی اجازت دے دیں تو پھر پورے ملک بلکہ شاید پوری دنیا میں مجھ سے بڑا کوئی عامل جنات نہ ہو گا۔ ہمزاد کی وجہ سے حب و بغض میں ماہر، تسخیر جنات کی وجہ سے دنیا کے تمام کام اور اپنے فلاں استاد کے دیئے ہوئے فلاں عمل کی وجہ سے میں جادو جنات کی کاٹ کا ماہر بن کر ابھروں گا۔ بس آپ دعا کرو کہ یہ سارے کام بہت جلد حاصل کر کے تکمیل کر لوں۔ یار تمہاری بیوی بیمار رہتی ہے۔ بچے رات کو خواب میں ڈرتے ہیں۔ گھریلو بے چینی اور پریشانی، بے روزگاری، معاشی تنگی، کاروبار میں رکاوٹیں اور قرضہ جات نے گھیر رکھا ہے۔ تمہارے بھائیوں اور والدین کے ساتھ تمہارے تعلقات کشیدہ ہو رہے ہیں۔ بلکہ وہ تمہیں گھر سے نکالنے کا عندیہ بھی دے چکے ہیں۔

جب کبھی کسی روحانی مریض کے کام میں ہاتھ ڈالتے ہو وہ کام بننے کی بجائے بگڑنے لگتا ہے۔ جب کبھی حاضری والے مریض کا علاج کرتے ہو تو تمسخر اور ہنسی مذاق کا نشانہ بنتے ہو۔ اولاد دن بدن نافرمانی کی طرف جا رہی ہے۔ بیوی طلاق کا مطالبہ کر رہی ہے۔ بیٹے، بیٹیوں میں حاضری کی علامات کا ظہور ہے۔ جب سے تم روحانی علوم سیکھنے لگے ہو اور کئی چلہ کشیاں، ریاضتیں، محنتیں اور کئی اساتذہ کے دروں کی خاک چھان چکے ہو، تمہارے پہلے اور آج کے کئی سال کی محنتوں سے احوال میں بہتری اور فرق آنے کی بجائے تمہارے معاملات مزید بگاڑ اور پیچیدگی اختیار کر چکے ہیں۔ ہاں یار تمہاری بات ٹھیک ہے۔ حالات تو واقعی پریشان کن اور مزید خرابی کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ اسی لئے تو میں کسی کامل اور خصوصاً وہ استاد تلاش کر رہا ہوں جو میرے اور مجھ سمیت میرے سے متعلق تمام مریضوں کے حالات سنوارنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ لیکن یار کبھی تم نے اپنے گھر، کاروبار، اپنے بال بچوں سمیت اپنی تشخیص کی ہے؟ نہیں ایسا تو نہیں کیا۔ مجھے ایسا کرنے کی ضرورت بھی کیا ہے۔ میں اتنے چلے کر چکا ہوں، بے شمار لوگوں کا علاج کر رہا ہوں کمال فن اور عروج فن کو چھو رہا ہوں، مجھے اور میرے گھرانے اور خاندان کاروبار کو کیا ہو سکتا ہے؟ اور میرے فلاں استاد جن سے میں نے اتنی اجازتیں حاصل کی ہیں۔ اتنے بدیے اور صدقے ادا کئے ہیں اور چلہ کشی بھی ان کی ہدایت کے مطابق کی ہے۔ پرہیز بھی بہت کئے ہیں۔ جلالی، جمالی، حیوانی، گوشت کا الغرض ہر طرح کا پرہیز والا چلہ کیا ہے تو کیا اب بھی میرے ساتھ روحانی مشکل بشکل جن اور جادو یا نظر بد ہو سکتا ہے؟ میں نہیں مانتا کہ ایسا ممکن ہے کہ میرے جیسے بڑے عامل کے ساتھ بھی ایسا ہو سکتا ہے۔ نہیں یار تم اندھا دھند اور اندھی عقیدت اور خوش فہمی اور غلط زعم کا شکار ہونے کی بجائے تمہارے پاس جو کاپی تمہارے استاد کی ہے۔ اس کے مطابق تشخیص کرو اور مجھے بتاؤ اور دکھاؤ، دکھاؤں کیا؟ ابھی تسبیح نکال لیتے ہیں۔ تمہیں تسبیح کے علاوہ تشخیص کا کوئی طریقہ نہیں معلوم؟ نہیں میں تو ہر مریض کی تشخیص ایسے ہی کرتا

ہوں اور اسی کے مطابق علاج کرتا ہوں، چلو علاج تو بعد میں معلوم کرتے ہیں کہ تم کیا کرتے ہو؟ ابھی تمہیں درست تشخیص سمجھاتا ہوں۔ رات کا پہنا ہوا کپڑا بچھا کر اس پر تین نشان اس طریقے سے لگاؤ اور اب اس پر اپنا عمل 7 مرتبہ پڑھ کر دم کرو۔ اب پیائش کرو۔ اب دوسری مرتبہ 7 مرتبہ عمل پڑھو اور دوبارہ پیائش کرو، یار یہ تو کچھ نشان آگے پیچھے ہو رہے ہیں، ان کا کیا مطلب ہے؟ بھائی آپ تو بنیادی روحانی درست تشخیص سے واقف نہیں اور باتیں ابھی آپ اتنی بڑی بڑی کر رہے تھے، چلو آؤ گھر جا کر تشخیص مکان کرتے ہیں۔ ایک سکیل لے کر آؤ اور دیوار پر نشان لگاؤ اور 7 مرتبہ اپنا عمل پڑھ کر دم کرو پھر پیائش کرو، پھر دوسری مرتبہ پھر 7 مرتبہ عمل پڑھ کر دم کرو اور دوبارہ پیائش کرو، یار یہ تو یہاں پر بھی ناپ آگے پیچھے ہو گیا ہے۔ اس کا کیا مطلب ہے، سمجھاؤ تو صحیح کیا میں بھی روحانی طور پر جادو، جنات، یا نظر بد کا شکار ہوں؟ جی بھائی واقعی آپ روحانی مریض ہیں اور آپ کے اردگرد اور گھر میں شیطان اور جنات کا بسیرا ہونے کی وجہ سے آپ کی چلہ کشی اور ریاضت بہت عمدہ درجے پر نہیں ہو سکیں پھر آپ نے اپنے گھر، بچوں اور کاروبار کی تشخیص نہیں کی جس کی وجہ سے علاج سے بھی غفلت رہی۔ آپ کے حالات پہلے سے بھی بدتر اس وجہ سے ہوئے ہیں، پھر یہی وجہ ہے کہ آپ کا کیا ہوا علاج عمدہ اور بہترین ہوتا، کچھ نہ کچھ کسر رہ جاتی ہے۔ اس کا سارا ملبہ آپ اپنے استاد پر ڈالنے میں دیر نہیں لگاتے۔ بلکہ جب آپ کو آپ جیسا ہی سمجھدار، عقلمند، ہوشیار اور سیانا دوست جس نے کسی عمل کی اجازت لینے کے بعد تشخیص کرنے کے بعد علاج کی طرف توجہ نہیں دی، تو آپ اور آپ کا دوست اپنے استاد کی چغلی، بدعقیدگی، بے ہودہ الفاظ کا استعمال کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمارے عمل نہیں چلتے، ہمارے مریض شفاء یاب نہیں ہوتے تو پھر یہ روحانی فیض اور تھوڑے بہت جنات کی جو سپورٹ اور روحانی طاقت، آپ کے ساتھ ہوتی وہ بھی آپ کو خیر باد کہہ کر آپ کے استاد کے پاس چلی جاتی ہے۔ کیونکہ آپ نے کاپی پر درج بنیادی ہدایات پر عمل نہیں کیا اور پھر سارا الزام اپنے استاد پر دھر دیا، روحانی فیض، استاد کی خاص شفقت، عنایت، محبت اور خصوصی نظر حاصل کرنے کیلئے اس کے ساتھ کامل عقیدت اور محبت ہونا شرط اول ہے۔ جبکہ آپ اور آپ جیسے نادان دوست استاد کو برا بھلا کہہ رہے ہیں تو ان کا فیض فوری طور پر بند ہو جاتا ہے اور بعض سیاسی سمجھ اور شعور کے حامل افراد بھی استاد کی بے حرمتی اور بے ادبی، بدعقیدتی اور نازیبا الفاظ سنتے ہیں تو وہ یہ بات برملا اور ڈنکے کی چوٹ پر کہنے کی جرأت نہیں رکھتے کہ ہمارے مرشد، استاد کی ہمارے سامنے بے ادبی نہ کرو، آپ کو تعلق رکھنا ہے تو رکھو ورنہ کنارہ کش ہو جاؤ، ایسے سیاسی لوگ بھی فیض مرشد سے بہت جلد محروم ہو جاتے ہیں۔ آپ کو اپنے اردگرد ایسے بے شمار اور لاتعداد لوگ ملیں گے جو ادارے سے وابستہ ہیں مگر ادارے کی ہدایات بسلسلہ ان کے ذاتی روحانی تشخیص و علاج پر کسی صورت عمل پیرا ہونے کی زحمت نہیں کرتے اور اپنے استاد اور مرشد کے ساتھ ایک ایسا تعلق قائم رکھنے کی سوچ سے عاری ہوتے ہیں کہ "اب اس در سے جڑا ہوں، اس کے ساتھ رہوں گا" جیسے ایک بیوی کو کوئی لاکھ ورغلائے وہ غیرت مند ہونے کی وجہ سے جگہ جگہ منہ نہیں مارتی اور اپنے شوہر کی عزت و ناموس کی حفاظت کرتے ہوئے ایک شوہر ہی کی ہو کر رہتی ہے۔ بالکل اسی طرح شاگرد، مرید اپنے استاد اور مرشد کا ہی ہو کر رہتا ہے۔ اور اس کے بارے میں یکسو ہو کر رہتا ہے۔ اس کے تصور سے کمال اور عروج پاتا ہے۔ اس کے بارے میں غلط بات، زبان چھوڑ کر، دماغ میں بھی برداشت نہیں کرتا۔ اس کے بارے میں غلط سننے کی تاب نہیں رکھتا۔ لہٰذا مخلصین، محبین اور سمجھدار دوستوں سے گزارش ہے کہ اپنی تشخیص اور علاج پر پورا دھیان دیں۔ جب تک اس ناسور سے آپ کی جان خلاصی نہیں ہوگی، آپ کی روحانی ترقی ہمیشہ کیلئے ایک خواب بنی رہے گی۔ آپ کو ہر دوسرا عامل استاد بن کر لوٹنے کی کوشش کرے گا۔ ہر دوسرا عامل آپ کو بہت بڑا مضبوط اور طاقتور نظر آئے گا۔ لہٰذا سب سے پہلے روحانی پاکیزگی بذریعہ روحانی علاج بطریقہ اجازت والی، حاصل کریں۔ پھر دیکھیں آپ کی روحانی پرواز کو چار چاند کس طرح لگتے ہیں۔ آئندہ کسی مضمون میں ان افراد کی روحانی پرواز، قوت، طاقت کا ذکر کریں گے جنہوں نے ادارے سے صرف اجازت لے کر روحانی علاج کیا۔ ہماری راہنمائی پر اعتماد کرتے ہوئے آج الحمدللہ، خوش و خرم ہیں بلکہ بہت سارے دوست تو اپنے شہروں میں بہت اچھے، نامور اور حقیقی طور پر روحانی اعتبار سے مضبوط عامل ہیں۔ وجہ صرف درست سمت میں بتائے ہوئے طریقے پر محنت ہے۔ جس کی برکت سے آج وہ ہمارے ادارے کے روشن اور دمکتے ہوئے ستارے اور ہمارا فخر ہیں۔

علم الدفاع کورس

یہ کورس اُن عاملین کے لئے ہے، جو جادو اور جنات کے مریضوں کا علاج کرتے ہیں۔ اور ساتھ ہی عوام کے لئے بھی انتہائی مفید ہے جو جادو زدہ ہیں یا پھر جنات نے ان کا جینا دشوار کیا ہوا ہے۔

اس کورس کے دو درجے ہیں۔ ایک ''ابتدائی'' جو عاملین کے ساتھ عوام کے لئے بھی بہت مفید ہے۔ دوسرا درجہ ''ماہر'' کا ہے، جو صرف عاملین کے لئے خاص ہے۔

سخت جادو اور جنات کے علاج کے لئے مضبوط دفاع کا ہونا لازم ہے۔ ورنہ علاج کرنے والے کو خود بھی بہت نقصان ہوتا ہے اور اس کے گھر والوں اور زیر استعمال اشیاء کو بھی زبردست نقصان ہوتا ہے۔

علم الدفاع کورس کرنے والے کے اردگرد مضبوط حصارات قائم ہو جاتے ہیں۔ جب بھی کسی ایسی جگہ جانا ہو جہاں پہ جادو یا جنات وشیاطین کا بسیرا ہو تو وہ ایسے فرد سے دور بھاگتے ہیں اور مقابلہ کرنے سے کتراتے ہیں۔ اگر ماہر کورس کیا ہوگا تو عامل کے آس پاس مضبوط جنات کا پہرا لگ جاتا ہے۔ اور بڑے بڑے علاج میں بھی باآسانی کامیابی ملتی ہے۔ مخالف لڑے بغیر ہی میدان چھوڑ کر بھاگ جاتے ہیں۔

جو لوگ عاملین پر ہزاروں روپے برباد کر چکے ہیں، ان کو چاہئے کہ گھر میں سے کوئی ایک فرد علم الدفاع کا کورس کرے اور اپنے گھر کا دفاع کرے۔ جب تک جنات اور جادو کی روک نہ کی جائے، علاج سے مکمل فائدہ نہیں ہوتا۔ مضبوط حصار کی وجہ سے فوری روک لگائی جاسکتی ہے۔ پھر عام علاج بھی فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

ابتدائی کورس: 5000 | **ماہر کورس: 10000**

روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور

فون: 042-35410586 | 0320-4661681

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

عرق گلاب

(برائے امراض جسمانی)

قیمت: 150 روپے (750ml)

- شوگر کے مریضوں کیلئے ایک بہترین زبردست شفائی تحفہ ہے!
- خون میں شکر کی مقدار کو نارمل اور اعتدال پر لاتا ہے!
- معدہ اور آنتوں کی اکثر بیماریوں کو ہمیشہ کیلئے ختم کرتا ہے!
- جسم سے ریاح کی زیادتی کا جڑ سے خاتمہ کرتا ہے!
- چہرے کو تر و تازہ اور شگفتہ بناتا ہے!
- گردوں کی سوزش اور حرارت زائدہ کو ہمیشہ کیلئے دور کرتا ہے!
- بدن سے صفراء اور صفراء سے پیدا ہونے والی بیماریوں کو ختم کرتا ہے!
- معدہ اور امعا کو قوت دیتا ہے!
- پیاس کی شدت، ہونٹوں، منہ اور گلے کی خشکی کا خاتمہ کرتا ہے!
- مفرح اور مقوی اعضائے رئیسہ ہے!

مطب العارف 042-35410586, 0307-5525103
darulamal.org/matabalaartif

روحانی معالجین کے لئے منفرد پیشکش

چھپے چھپائے تعویذات، آیات شفاء کی پلیٹیں، یٰسین شریف کی پلیٹیں، خالی پلیٹیں، بخور دان، بخور، مشک نافہ، روحانی آب شفاء، عطر حفاظت، عرق گلاب، زعفران، روغنی کاغذ، عنبر چینی کی پلیٹیں، بڑے اور چھوٹے سائز کی ہانڈیاں، پلاسٹک کی بوتلیں، بھوج پتر، ہرن کی جھلی، پیالے، عطر تسخیر، لوبان، لوبان کوریا اور عود و صندل کی اگر بتیاں، تالے مختلف قسم کے دم شدہ روحانی تیل اور چراغ۔ عطر حاضری، ہربل، گوگل، تمام پنساری آئٹم، زعفرانی تعویذات، روحانی سکونی تیل، روحانی روغنی بادام، روحانی سرسوں کا تیل، دم شدہ شہد، روحانی علاج لیکوریا، آلہ یکسوئی، روحانی پھکی تعویذ (حفظ جان، خیر و برکت، بندش رشتہ بغض و جدائی، خوشحالی، محبت زوجین، سہولت نکاح وغیرہ)، روحانی اگربتی (دافع جادو جنات، خیر و برکت، دفع نحوست وغیرہ)، فتح نامہ، کھلی اگربتی، اگربتیوں کی تمام ورائٹی نیز چلہ کشی کے دوران استعمال ہونے والی اشیاء تھوک و پرچون نرخوں پر حاصل کریں۔

تمام روحانی معالجین/عاملین ہول سیل ریٹ پر تمام روحانی اشیاء اعتماد سے منگوائیں

روحانی دکان 042-35410586, 0334-4312272
Web: darulamal.org/ruhanishop
مکمل تفصیلات کیلئے ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔

حکایات جن وپری

مولوی ظہیر الدین سید احمد صاحب رحمہ اللہ

عاشق پری

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ کے پاس ایک طالب علم تھا، اس پر ایک پری عاشق تھی، ایک روز اس نے طالب علم سے کہا کہ تیرا میرا راز افشا ہوگیا ہے، اس پر ایک جن جو بڑا عامل ہے تجویز ہوا ہے، اس واسطے کہ یہ مکان شاہ عبدالعزیز کا ہے اور وہ آکر تم کو مار ڈالے گا، اس طالب علم نے مولوی رفیع الدین صاحب سے جو حضرت مولانا صاحب کے بھائی تھے، عرض کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ تم کلام مجید کھول کر تلاوت کرو، وہ گیا اور حجرہ میں چراغ جلا کر بیٹھا، اس میں ایک جھونکا ہوا کا آیا اور چراغ گل ہوگیا اور اس نے غل مچانا شروع کیا کہ کوئی میرا گلا گھونٹتا ہے اور طالب علم دوڑے اور چراغ سے دیکھا تو کلام مجید ایک طاق میں رکھا ہے اور طالب علم پڑا ہے، بعد تھوڑی دیر کے وہ پری آئی اور بیان کیا کہ آج تو چھوڑ کر چلا گیا لیکن کل ضرور مارے گا۔ دوسرے روز وہ پھر اسی طرح بیٹھا اور ایک دفعہ اس سے تیز ہوا چلی، اس کے بعد ٹھہر گئی پھر اس پری نے بیان کیا، فی الحقیقت تیرے مار ڈالنے کو آیا تھا لیکن دو جن بادشاہ کی طرف سے تعینات ہیں، بروز جمعہ و منگل جناب مولانا صاحب کا بیان سن کر رات کو بادشاہ کے سامنے بیان کرتے ہیں۔ آج وہ بادشاہ کے سامنے گئے، عرض کیا کہ فلاں جن جو بڑا عامل ہے، شاہ عبدالعزیز صاحب کے مقابلے کو گیا ہے، بادشاہ نے سن کر دو جنوں کو حکم دیا کہ اس کو پکڑ لاؤ، چنانچہ بموجب حکم بادشاہ وہ گرفتار ہو کر قید ہوگیا۔

لڑکی غائب

ایک شخص نے جناب مولانا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی صاحبؒ کی خدمت میں عرض کیا کہ فیمابین میرے اور میری زوجہ کے کمال محبت تھی، بوقت شب اس کو حاجت پیش کی ہوئی، اس نے مجھے کہا کہ ذرا میرے ساتھ چلو تو میں پیشاب کرلوں، میں اس کے ساتھ گیا اور وہ پائخانہ میں گئی، میں دروازہ پر رہا، تھوڑی دیر کے بعد کسی نے کہا ارے چھجو! اسے لے جا پھر دیر ہوئی تو میں نے اندر پائخانہ کے جا کر دیکھا تو کچھ اس کا پتہ نہ چلا، لاچار ہو کر تڑپنے لگا، آخرش نہایت مضطرب ہو کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں، طاقت ایک دم کے صبر کی نہیں۔ جناب مولانا صاحبؒ نے فرمایا رات ہونے دو، جب رات ہوئی تو آپ نے فرمایا کہ فلاں محلہ میں مجلس سرُود کی ہے، تم جا کر وہاں بیٹھ رہو، جب مجلس برخواست ہوگی تو سب خلقت چلے گی، بعد اس کے طوائف آویں گی اور سب سے پیچھے ایک شخص بہت ضعیف طوائفوں کا اسباب لیے ہوئے آویں گے، یہ رقعہ جو میں تم کو دیتا ہوں ان کو دینا، اس نے ایسا ہی کیا، بعد آدھی رات کے وہ بزرگ تشریف لائے اور رقعہ اس نے دیا، وہ بہت خفا ہوئے، بعد اس کے وہ رقعہ اپنے سر پر رکھا اور دو خزف ریزہ منگا کر ان پر کچھ لکیریں کھینچیں اور فرمایا کہ یہ دونوں ٹھیکریاں یہاں ڈال دو، تم کو طرح طرح کی شکلوں کی خلقت نظر آوے گی، تم کچھ خوف مت کیجیو، آخر ایک شخص تخت نشین آوے گا، یہ ٹھیکری دور سے اس کو دکھانا، اس نے ایسا ہی کیا، اس تخت نشین نے ایک شخص بھیج کر اس کو بلایا اور حال پوچھا اور بہت خوش ہوا کہ تیرے سبب سے یہ حکم حضرت کا میرے نام آیا، بعدہٗ اس کے بادشاہ نے حکم دیا کہ دیکھو کوئی شخص غیر حاضر ہے؟ ملازمان حضوری و بحری و بری سے صرف ایک شخص غیر حاضر تھا۔ بموجب حکم وہ بلایا گیا۔ اس نے عرض کی کہ فی الحقیقت میں اڑا چلا جاتا تھا، اس شخص نے میرا نام لے کر کہا، اس کو لے جا، جب میں اس عورت کو لے گیا، مگر وہ میری ماں کے برابر ہے، میں نے سوائے اس کی خدمت کے اور کچھ نہیں کیا اور چھجو مذکور ثقہ تھا، اس شخص مدعی نے اس کے کلام کی تصدیق کی، پھر بادشاہ نے اس عورت کو اس کے شوہر کے حوالے کیا اور بہت سامال اس کو دیا اور چھجو کا قصور معاف کیا۔

تسخیرات

صوفی ظفر محمد کھوکھر (جھنگ)

تجربہ شدہ عمل تسخیر جن

طریقہ عمل نوچندی جمعرات سے شروع کریں، علیحدہ جگہ ہو، لباس سفید ہو، عشاء کے بعد جسم پر خوشبو لگائیں، جھوٹ فریب کسی سے نہیں کرنا، وقت ایک ہو، پرہیز صرف شرعی کرنا ہے، تعداد عمل گیارہ ہزار بار حصار کر کے پڑھیں۔ عمل پورا کرنے کے بعد کسی سے بات نہیں کرنی، آکر سو جانا ہے۔ یہ طریقہ دو ماہ کرنا ہے۔ اگر چارپائی سونے والی درخت کے پاس ہو تو بہت اچھا ہے۔ درخت کے پاس سونے سے جلد کامیابی ہوگی۔ چند دن کے بعد آکر شرارت کرے گا، برداشت کریں۔ میرے ساتھ پندرہ دن کے بعد مغرب کے بعد درخت پر آکر اس نے پانی مجھ پر پھینکا۔ چالیس دن کے بعد رات کو 2 بجے لاتوں والی جگہ آکر بزرگ کی شکل میں آکر بیٹھ گیا تھا۔ آپ کو اس لئے بتایا ہے آپ گھبرا نہ جائیں۔ جنات تسخیر کرنے کا ہر آدمی شوق رکھتا ہے لیکن یہ نہیں پتہ یہ کتنی خطرناک قوم ہے۔ پیغمبر سلیمان علیہ السلام سے انہوں نے وفا نہیں کی تو پھر ہم کس باغ کی مولی ہیں۔ آپ کو اس سے آسان عمل شاید ہی زندگی میں تجربہ شدہ ملے، معاہدہ سوچ کر کریں۔ استخارہ عمل کرنے سے پہلے کر لیں تاکہ ناکامی نہ ہو۔

عبارت عمل: یا مُحیُّ

تجربہ شدہ عمل تسخیر جن

طریقہ عمل اس عمل میں گوشت ہر قسم کا نہیں کھانا۔ عورت کے ساتھ میل میلاپ نہیں کرنا، لہسن، پیاز اور بدبو والی چیز سے پرہیز کرنا ہے، بستر کسی کا استعمال نہیں کرنا، اپنا بستر چارپائی کسی کو استعمال کرنے نہیں دینا، نماز وقت پر ادا کرنی ہے۔ کسی سے لڑائی جھگڑا نہیں کرنا، کوشش کریں ہر وقت باوضو رہیں، اپنا ہر کام کاج کر سکتے ہیں، روزی کما سکتے ہیں، قبرستان میں کوئی جگہ صاف قبر پر یا در بار پر یہ عمل کرنا ہے۔ رات بارہ بجے عمل شروع کرنا ہے۔ پہلے اپنا حصار کریں جو یاد ہو اگر یاد نہ ہو تو یہ حصار کر لیں، پہلے نماز والا درود شریف تین بار پھر چاروں قل شریف تین تین بار پڑھیں پھر آیت الکرسی سات بار پڑھیں، تین بار درود شریف پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام جسم پر پھیر لیں، اس کے بعد کیل پر دم کر کے اپنے چاروں طرف حصار کر لیں۔ حصار کھلا کریں تاکہ اگر معمولی غلطی ہو تو حصار کے اندر جسم رہے۔ پندرہ دن کے بعد شرارتیں شروع ہو جائیں گی۔ میرے پاس رات چار بجے ماں باپ کی صورت میں حصار کے باہر آئے تھے، کہتے تھے ظفر گھر چل یہاں کیا لینے آیا ہے لیکن مجھے تھوڑی دیر بعد خیال آیا کہ میں نے ماں باپ کو تو بتایا نہیں میں عمل کے لئے قبرستان جاتا ہوں، یہ وہی ہیں پھر غائب ہو گئے پھر تیس رات کے بعد میں عمل کر کے وہیں سویا ہوا تھا کہ ایک دم زمین پر زلزلہ آ گیا، میں درود شریف پڑھ کر بیٹھ گیا، کڑا سے نہیں نکلا پھر سو گیا، اس طرح آپ کو کوئی مشکل ہی اپنے حالات بتائے گا کیونکہ یہ معمولی کام نہیں ہے پہلے سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔ عمل اس لئے دیئے جا رہے ہیں کہ لوگ آکر کہتے ہیں عامل عمل صحیح نہیں دیتے، عمل دینے والے قبروں میں چلے گئے ہیں۔ اب آپ کی مرضی ہے عمل آپ کے ہاتھ میں ہے۔ اس سورۂ پاک کو چالیس بار پڑھنا ہے، ہر روز یہی عمل پچاس رات کرنا ہے۔ کوشش یہ کریں ان سے اپنا کام لے کر ان کو آزاد کر دیں۔ پھر دوبارہ ضرورت کے لئے جب عمل کریں گے تو یہ جلد حاضر ہوں گے اور آپ کو تکلیف نہیں دیں گے اور آپ کی اولاد کو بھی تکلیف نہیں دیں گے۔ ہمارا یہ مشورہ ہے آگے آپ کی مرضی ہے، ہم نے تو اسی طرح کر کے بہت فائدہ اٹھایا ہے۔

عمل سورۂ جن پہلے شروع میں ایک بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پھر چالیس بار سورۂ جن آخر میں دعا اپنے مطلب کی کریں، پانچ منٹ تک کوشش کریں وہیں سو لیں، یعنی وہیں رات گزاریں تو زیادہ بہتر ہے، ہم نے ایسا ہی کیا تھا۔


علم حاضرات

خضر عباس پیاسی (راجن پور)

حاضرات اسم سید المرسلین عبداللہ

حاضرات اسم سید المرسلین ﷺ ''عبداللہ'' کے خادم موکل ''بمقائیل'' کیلئے نوچندی جمعرات یا جمعہ کی رات سے ذیل کے حاضرات عمل کو اپنے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق پڑھیں بعد چلہ بچی یا بچے پر حاضرات کریں، ان شاء اللہ تعالیٰ حاضرات ہوگی۔ موکل جب حاضر ہو اپنے مقصد کے مطابق ان سے سوالات کریں۔ آپ کو بالکل صحیح جوابات ملیں گے، بعد عمل گیارہ (۱۱) مرتبہ حاضرات کے عمل کو روزانہ رات سونے سے پہلے پڑھ لیا کریں تاکہ حاضرات آپ کے پاس رہیں۔

عمل: اقسمت علیکم یا بمقائیل بحق یا عبداللہ حاضر و حاضرات سب حکم میں بحق تورات موسی وانجیل عیسی بحق زبور دائود وقرآن محمد رسول اللہ۔ حاضر شو حاضر شو.....



حاضرات اسم سرکار مدینہ ''کلیم اللہ''

رات علیحدہ پاک وصاف کمرے میں احرام زیب تن کرکے پہلے دو رکعت نماز برائے ایصال ثواب سرکار مدینہ ﷺ ادا کریں (الحمد شریف کے بعد 3/3 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں)۔ اس کے بعد حاضرات کے عمل کو ایک سو سینتیس (۱۳۷) مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل آپ نوچندی اتوار کی رات سے شروع کریں، بعد چلہ حاضرات بذریعہ نقش نابالغ یا بچے پر کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اسم سرکار مدینہ ﷺ ''کلیم اللہ'' کے موکل ''زلقائیل'' کی حاضری ہوگی۔ حاضرات ہونے پر اپنے مقصد کے مطابق سوالات کریں۔



''حقائیل'' جو اسم نبی کریم ﷺ ''حبیب اللہ'' کا خادم ہے۔ اس کی حاضری کیلئے آپ مندرجہ ذیل حاضرات کا عمل اپنے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق پڑھیں۔ یہ عمل آپ نے نوچندی اتوار کی رات سے شروع کرنا ہے، بعد چلہ کسی بچی یا بچے پر انگوٹھے یا نقش پر حاضرات کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حاضرات کا نزول ہوگا۔ جب موکل حاضر ہو آپ اپنے مقصد کے مطابق سوالات کریں۔

عمل: احضر و من جانب المشارق والمغارب احضر و من جانب الجنوب والشمال یاحقائیل بحق یا حبیب اللہ بحق سلیمان بن دائود علیہ السلام بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔



عاملین جات کے مسائل اور ان کا حل

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل چشتیہ)

جادو کا اثر آیا..... کیا کروں؟

سوال میں جب گھر آتا ہوں تو طبیعت بگڑ جاتی ہے۔ میں نے کپڑے کی تشخیص کی تو تیسرے حصے پر جادو کا اثر آ رہا ہے۔ میں جادو کے علاج کے لیے کیا کروں؟ (ع ملاحہ)

جواب آپ نے سات سلام اور چہل کاف کی اجازت لی ہوئی ہے۔ کاپی میں جادو کے علاج کے طریقے لکھے ہوئے ہیں۔ آپ ان صفحات کو کھولیں اور چہل کاف پڑھنا شروع کر دیں۔ نیت یہ رکھیں کہ جو طریقہ آپ کے لیے مفید ہے، اس کی آپ کو اطلاع ہو جائے۔ دو تین بار پڑھنے پر ہی آپ کے دل میں آ جائے گا کہ ''یہ والا علاج کریں''۔ جب تک جواب نہیں آتا، آپ چہل کاف پڑھتے رہیں اور کاپی میں لکھے گئے علاج کو بار بار پڑھیں۔

عمل دست غیب کا مکمل طریقہ

سوال اول 7 روزے رکھے۔ 41 یوم تک برابر کرے۔

آیت وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ

کو بعد نمازِ عشاء 1000 مرتبہ روزانہ باوضو پڑھتا رہے۔ یہ عمل کشائش رزق نمبر ص 73 سے لیا ہے۔

اس کا درست طریقہ کار، لوازمات کیا ہیں؟ کیا اس میں جن یا موکل حاضر ہوتا ہے؟ کیا حصار کرنا؟ اس میں درود شریف اول آخر پڑھنا ہے؟ اجازت دیں تاکہ محنت ضائع نہ ہو۔

آپ حضرت کو پہلے بھی ایک خط ارسال کیا تھا۔ بندش ہے یا کوئی جادو ٹونہ یا پھر آسیب جادو جنات کا سایہ ہے؟ معلومات فراہم کریں۔ خط کا جواب ضرور ارسال فرمائیں۔ شکریہ۔ عین نوازش ہوگی۔

(حکیم نعیم الحسن ساؤتھ افریقہ)

جواب جناب حکیم نعیم الحسن صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ

سب سے پہلے تو معذرت کہ آپ کے خطوط کے وقت پر جوابات نہیں دیئے جا سکے۔ کچھ میں جوابی لفافہ کا نہ ہونا اور کچھ میں کوئی نہ کوئی سوال یا کام کی وجہ سے دیر ہو جانا۔

آج آپ کا ایک خط سامنے آیا جس میں آپ نے کشائش رزق نمبر کے ص 73 کے دست غیب کے عمل نمبر 7 کی مکمل تفصیل پوچھی ہے۔

تفصیل لکھ رہا ہوں:

عمل پرہیز جمالی و ترکِ حیوانات سے کرنا ہے۔ جگہ اور وقت مقرر ہو اور جگہ دورانِ عمل آپ کے علاوہ کسی کے استعمال میں نہ ہو۔ کپڑے بھی الگ ہوں۔ عربی بخورات کا بہت زیادہ اہتمام کرنا ہوگا۔ عمل کرنے کے بعد وہیں سونا ہوگا۔ پہلے خواب میں ملاقات ہوگی۔ کمرے میں بہت ہلکی روشنی کرنی ہے۔ بہتر ہے کہ کمرے کے کونے میں چراغ جلا لیں یا زیرو پاور کا بلب جلائیں۔ حصار بدنی لازمی کرنا ہے۔ درود شریف اول و آخر 11-11 بار پڑھنا ہے۔ اگر مراقبے کی حالت میں پڑھیں گے تو حاضرات کی طرز پر تیسری آنکھ کھلنا شروع ہو جاتی ہے۔ یکسوئی اور دماغی قوت اور بخورات اس عمل کے کامیابی کی کنجی ہیں۔ باقی اجازت اپنے پیر و مرشد سے لے لیں۔

ایک سوال جادو ٹونہ آسیب سایہ کا کیا جو سمجھ نہیں آیا۔ کس کے بارے میں سوال کیا جا رہا ہے؟ خط کی کاپی ساتھ لف ہے۔ اب اجازت۔

دارالعمل چشتیہ کی جانب سے عوام الناس کے لئے خاص تحفہ

بچوں کی ہر آفت سے حفاظت

نظر بد، جادو جنات، آسیب زدہ اور آفات و بلیات میں مبتلا بچوں کے لئے بزرگان دین کا تجویز کردہ خاص الخاص تعویذ، خاص کر ایسے بچوں کے لئے جو پڑھ نہ سکتے ہوں۔ دارالعمل چشتیہ سے مفت حاصل کریں۔

روحانی دکان 042-35410586, 0334-4312272

روحانی مسائل اور ان کا حل

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل چشتیہ)

عورت سے دوستی کرنا ہے

سوال سلام۔ میرا ایک چھوٹا سا مسئلہ ہے۔ مجھے ایک عورت سے دوستی کرنی ہے۔ (نام ابھی نہیں بتاؤں گا)

جواب وعلیکم السلام۔ سوال جس انداز میں کیا گیا ہے، اس سے معاملہ جائز معلوم نہیں ہوتا۔ اس لیے معذرت۔ ہم ناجائز کام بالکل نہیں کرتے۔ اور آپ سے بھی یہی عرض کرتے ہیں کہ حرام کام سے بچیں، ایسے معاملات میں عاملین بہت لوٹتے ہیں۔ کسی بھی عورت سے دوستی، کسی بھی صورت میں جائز نہیں۔ بہتر ہے کہ آپ کسی قریبی مفتی صاحب سے جا کر ملیں۔

بیوی کی وجہ سے گھر کا سکون ختم ہو گیا ہے

سوال میری اہلیہ کی میری والدہ اور بہن سے بالکل نہیں بنتی۔ خاص طور پر بہن سے بہت زیادہ نفرت کرتی ہے۔ اور میرے بھائی کو بھی ہر وقت بد دعائیں دیتی رہتی ہے۔ اس سلسلے میں میں بہت زیادہ پریشان ہوں۔ گھر کا سکون ختم ہو چکا ہے۔ گھر جانے کو دل نہیں کرتا۔ بیوی کو چھوڑ بھی نہیں سکتا کیونکہ بچے ہیں، ان کا کیا ہوگا؟ مہربانی فرما کر میری مدد فرمائیں اور اس مصیبت سے مجھے نجات دلائیں۔ (ع، لاہور)

جواب بھائی! بہتر تو یہ ہے کہ آپ باقاعدہ روحانی تشخیص کروائیں تاکہ اصل وجوہات سامنے آسکیں۔ تشخیص کے لیے آپ بروز اتوار ادارے میں تشریف لے آئیں۔ شام ۴ تا ۷ بجے۔ ان شاء اللہ، مکمل رہنمائی کر دی جائے گی۔ جب تک آپ کا ادارے میں آنا نہ ہو، ان دو وظائف کو کریں۔

(۱) سورۂ مزمل ایک بیٹھک میں اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھیں۔ تین دن لگاتار یہ عمل کرنا ہے۔ اول و آخر درود تنجینا گیارہ بار پڑھیں۔ ایک وقت اور ایک جگہ مقرر رکھیں۔ وظیفہ ختم ہونے کے بعد دو رکعت نفل پڑھیں اور اس میں صلوٰۃ التوبہ، صلوٰۃ الشکر اور صلوٰۃ الحاجت کی نیت کریں۔ نفل میں ایک سے زائد نیت کرنا جائز ہے۔ سلام پھیر کر پہلے اپنے گناہوں سے توبہ کریں، پھر اللہ ﷻ کی نعمتوں کا شکر ادا کریں اور آخر میں اپنی مشکلات کے لیے دعا مانگیں۔ تین دن بعد دوسرا وظیفہ شروع کر دیں۔

(۲) وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿سُوْرَةُ الْحِجْرِ: ۴۷﴾

ہر فرض نماز کے بعد گیارہ بار درج بالا آیت کو پڑھ کر اپنی اہلیہ کا تصور کر کے آسمان پر پھونک مار دیا کریں۔ اول و آخر ایک بار درود شریف۔ کم از کم اکیس یوم یہ عمل کریں۔ پھر بتائیں۔

سخت جاد و اور جنات کا بسیرا

سوال میرے شوہر عرصہ چھ سات سال سے بے روزگار ہیں۔ نوکری ملتی ہی نہیں، اگر کبھی مل جائے تو دو تین دن میں چھوٹ جاتی ہے۔ میں خود کماتی ہوں اور بڑی مشکل سے گذارا کر رہی ہوں۔ میں اپنے سسرال میں رہتی ہوں۔ گھر میں ساس، سسر، میری فیملی اور دو دیور ہیں۔ ایک شادی شدہ ہیں، ایک پڑھ رہے ہیں۔ میرے دیور اور سسر ہمارے ساتھ مالی تعاون کرتے ہیں مگر میرے شوہر کو بہت طعنے بھی دیتے رہتے ہیں کہ کام نہیں کرتا، گھر پر بیٹھا رہتا ہے۔ جب کہ حقیقت یہ ہے کہ میرے شوہر اچھے پڑھے لکھے اور تجربہ کار ہیں مگر نوکری ملتی ہی نہیں۔

دو کاروبار بھی کیے مگر چلتے ہوئے کاروبار، ہمارے خریدنے کے بعد چلنا بند ہو گئے۔ تب سے کئی لوگوں نے بندش کا بتایا اور میرے شوہر نے کافی علاج بھی کروایا مگر کوئی حل نہ ہوا۔ ایک آنٹی بھی ہمارے گھر آئیں اور انہوں نے کہا کہ ہمارے گھر پر غلط چیزیں ہیں، گھر چھوڑ دو ورنہ حالات ٹھیک نہ ہوں گے۔ بہت عرصہ سے گھر بیچنے کی کوشش کر رہے ہیں مگر بک ہی نہیں رہا۔ جب پارٹی خریدنے پر آتی ہے تو ہمیں آگے گھر نہیں ملتا۔ میری دوست

نے آپ کا بتایا ہے۔ مہربانی فرما کر میرے لیے دعا کریں اور رہنمائی فرمائیں کہ میں کیا کروں؟ (ع۔ ملاحہ)

جواب میری تشخیص میں سخت جادو کا معاملہ ہے اور آپ کے گھر میں کافی زیادہ جنات کا بسیرا ہے۔ ان کی تعداد پچاس کے قریب ہے، فیملیز ہیں۔

میرا مشورہ تو یہ ہے کہ آپ علاج نہ کروائیں اور سارا زور اس بات کی طرف دیں کہ گھر بک جائے اور آپ لوگ نکل جائیں۔ اگر کوئی اچھا گھر نہ ملے تو وقتی طور پر کرائے پر چلی جائیں مگر اس گھر سے نکلنے کی کریں۔ جب اس گھر میں رہنا ہی نہیں، تو وہاں کے رہائشی جنات سے لڑائی کا کیا فائدہ۔ پہلے ہی آپ کی زندگی میں مشکلات ہیں، پھر اور زیادہ بڑھ جائیں گی۔ اگر جنات ذاتیات پر آ گئے تو پھر وہ ہر جگہ آپ کا پیچھا کریں گے۔ رہائشی جنات بہت سخت مزاج والے ہیں اور لڑائی پر نقصان دینے والے ہیں۔ آپ اپنے شوہر اور ساس سسر سے بات کرلیں تاکہ بیچنے پر سب راضی ہوجائیں۔ پھر رابطہ فرمائیں۔ ہمارے ادارے کی جماعت العاملین کی خدمات حاصل کریں۔ ان شاء اللہ، وہ عمل کردیں گے اور گھر بکنے اور خریدنے میں جادو اور رہائشی جنات دخل نہ دیں گے۔ جب نئے گھر میں شفٹ ہونے لگیں تو پہلے جماعت العاملین سے عمل کروائیں، پھر شفٹ ہوں۔ اس کے بعد آسانی سے جادو کا علاج ہوجائے گا کیونکہ جادو کا علاج اس گھر میں رہتے ہوئے کافی مشکل ہوگا۔ رہائشی جنات بہت دخل اندازی کریں گے۔

بیٹے کا نام کس حرف سے رکھیں؟

سوال الحمدللہ، اللہ تعالیٰ نے مجھے بیٹے سے نوازا ہے۔ اس کی تاریخ پیدائش 11-02-2017 ہے اور دوپہر کو پیدا ہوا ہے۔ مہربانی فرما کر کوئی نام تجویز فرمادیں یا پھر کن حروف سے نام رکھنا بہتر ہے؟ یہ بتادیں۔ میری اہلیہ کا نام افراح ہے۔ (محمد عیب خان، لاہور)

جواب جہاں تک نام تجویز کرنے کا تعلق ہے تو میں آپ کو وہ حروف بتادیتا ہوں، جن سے آپ کے بیٹے کے نام کا آغاز کرنا بہتر ہوگا۔ ویسے تو کئی علوم سے ہم لوگ حساب لگاتے ہیں۔ اس میں کافی وقت صرف ہوتا ہے۔ آپ کو دو اہم علوم کے حساب سے آپ کے بیٹے کا نام درج ذیل حروف سے رکھنا بہتر ہے۔ ترتیب وار لکھ دیا ہے۔ نمبر ا سب سے بہتر، نمبر ۲ اس سے کم۔

۱).....ھ، ذ ۲).....ا، ط، م، ف، ش ۳.....ن

مدعے والے گھر نہیں دے رہے

سوال میں کراچی میں رہتا ہوں۔ میری فیملی بہت دور شہر میں رہتی ہے۔ میں مدرسہ میں پڑھاتا ہوں۔ میں نے کئی بار درخواست دی کہ مجھے گھر دیا جائے مگر میری درخواست منظور نہیں ہو رہی۔ فیملی سے ملنے بہت دور جانا پڑتا ہے جس کی وجہ سے خرچہ بھی ہوتا ہے اور ہمت بھی نہیں ہے۔ میں گھر کا حقدار بھی ہوں اور مدرسہ والوں کے پاس گھر بھی دینے کو ہے۔ کوئی ایسا وظیفہ بتائیں کہ مہتمم صاحب میری بات مان جائیں۔ (ع۔ شمیم)

جواب محترم! ایسے تو بہت سے عمل ہیں کہ کسی پر کوئی مخلوق مسلط کرکے اس سے اپنی مرضی کا کام لیا جاسکے مگر اس میں "جبر" پایا جاتا ہے جو جائز نہیں۔ جیسا مسئلہ آپ کا ہے، ایسے مسائل میں ایسے وظیفے کرنے چاہئیں جس سے مطلوب کا دل نرم ہو اور آپ کی بات توجہ سے سنے مگر فیصلہ بلا جبر کرے۔ اگر وہ ناجائز کسی کو فیور دے رہا ہے تو الگ بات ہے۔ اس کے لیے مفتیانِ کرام سے پوچھ کر سخت عمل بھی کیا جاسکتا ہے۔

آپ کو گیارہ دن کا عمل بتا رہا ہوں۔ کوئی ایک وقت مقرر کرکے گیارہ سو (۱۱۰۰) بار سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ﴿سُوْرَۃُ یٰسٓ:۵۸﴾ پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ جب وظیفہ پڑھ چکیں تو مہتمم کو تصور میں لاکر ان کے دل و دماغ پر دم کریں اور آہستہ سے اپنا مطلب بیان کریں۔ ان گیارہ دنوں میں مہتمم سے گھر کے سلسلے میں کوئی بات نہ کریں۔ گیارہ روز ختم کرکے بارہویں روز لازمی بات کریں۔ ان شاء اللہ وہ مان جائیں گے۔

کیا آپ چاہتے ہیں کہ مصیبتیں آپ سے دور رہیں؟ goo.gl/CP1nJK

بچوں کے نام کیسے تجویز کریں؟

خالد مقبول عارفؔ حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل چشتیہ)

بچوں کا نام کیسے تجویز کیا جائے؟ یہ ایک ایسا سوال ہے جو کہ عموماً بزرگوں، عالموں اور عاملوں سے ہوتا رہتا ہے۔

چونکہ میرا موضوع روحانی علوم سے متعلق ہے، اس لیے میں صرف انہی علوم کے لحاظ سے مضمون لکھ رہا ہوں۔

نام رکھنے کے سلسلے میں مختلف روحانی علوم ہماری رہنمائی کرتے ہیں۔ یہ روحانی علوم "دنیاوی فنون" سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس لیے اس کی شرعی حیثیت پر بحث نہیں کرتا۔ جو لوگ فائدہ اٹھانا چاہیں، اٹھا سکتے ہیں۔ جو نہ چاہیں، وہ جو چاہے مرضی کریں۔ کسی پر زبردستی نہیں کرنی چاہئے کہ وہ لازمی روحانی علوم سے حساب کروا کر ہی نام رکھے۔ یہ طریقہ قرآن وسنت سے ثابت نہیں۔ یہ ایک دنیاوی طریقہ ہے۔ جس طرح ہم کئی کاموں میں دنیاوی طریقوں پر عمل کرتے ہیں، اسی طرح اس پر بھی کر سکتے ہیں۔

اب ایک مثال کے ذریعے مختلف روحانی علوم سے ہم دیکھتے ہیں کہ نام کس حرف یا حروف سے رکھنا بہتر ہے۔

تاریخ پیدائش (اسلامی) ۱۴۳۸-۰۵-۱۳

تاریخ پیدائش (انگریزی) 11-02-2017

وقت پیدائش ..... دوپہر 2:45

باپ کا نام ..... محمد حسیب

ماں کا نام ..... افراح

(۱).....تاریخ پیدائش کا مفرد عدد+ابجد

دو طرح کی تاریخِ پیدائش ہمیں معلوم ہوئی ہے۔ وقتِ پیدائش اس لیے لکھا ہے تاکہ اسلامی تاریخ کا صحیح تعین ہو سکے کیونکہ مغرب کے وقت اسلامی تاریخ تبدیل ہو جاتی ہے۔ اب ہم دونوں تاریخوں کا مفرد عدد لیتے ہیں۔

1+3+0+5+1+4+3+8=25==2+5=7

اسلامی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد 7

1+1+0+2+2+0+1+7=14==1+4=5

انگریزی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد 5

یہاں ہمیں دو مفرد نمبرز حاصل ہوئے 7 اور 5۔ اب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ کون کون سے حروف ہیں، جن کا مفرد بھی 7 اور 5 بنتا ہے۔

5 فرد عدد کے حروف

نمبر شمار	حرف	عدد	مفرد
۱	ھ	5	5
۲	ن	50	5+0=5
۳	ث	500	5+0+0=5

یہ تین حروف حاصل ہوئے: ھ.....ن.....ث

7 فرد عدد کے حروف

نمبر شمار	حرف	عدد	مفرد
۱	ز	7	7
۲	ع	70	7+0=7
۳	ذ	700	7+0+0=7

یہ تین حروف حاصل ہوئے: ز.....ع.....ذ

اب ایک کاغذ پر ان 6 حروف کو نوٹ کر لیں۔

(۲).....علم الحروف

علم الحروف میں ہم حروف کے مزاج کو معلوم کرتے ہیں۔

Marfat.com
Marfat e-Publishing
darulamal.org/magazines
magazine@darulamal.org

مزاج	حروف
آتشی	ا.....ھ.....ط.....م.....ف.....ش.....ذ
بادی	ب.....و.....ی.....ن.....ص.....ت.....ض
آبی	ج.....ز.....ک.....س.....ق.....ث.....ظ
خاکی	د.....ح.....ل.....ع.....ر.....خ.....غ

مزاج معلوم کرنے کے لیے نام کا پہلا حرف دیکھا جاتا ہے۔ مثال میں باپ کا نام ''محمد حسیب'' ہے۔ ''م'' پہلا حرف اور مزاج ''آتشی''۔

ماں کا نام ''افرح''۔ ''ا'' پہلا حرف اور مزاج ''آتشی''۔

یعنی ماں اور باپ.....دونوں کا مزاج آتشی ہے۔

یہاں یہ اصول ذہن نشین رکھیں کہ آتشی کا مخالف مزاج آبی ہے اور بادی کا مخالف مزاج خاکی ہے۔ اسی اصول کے تحت ہم آگے بڑھتے ہیں۔

چونکہ باپ اور ماں کا مزاج آتشی ہے، اس لیے درج ذیل حروف سے نام کا آغاز کرنا بہتر ہے:

ا.....ھ.....ط.....م.....ف.....ش.....ذ

نمبر (۱) طریقہ میں ہمیں 6 حروف حاصل ہوئے

ھ.....ن.....ث اور ز.....ع.....ذ

ان 6 حروف میں 2 حروف ایسے ہیں، جن کا مزاج آبی ہے یعنی آتشی کے مخالف مزاج ہے اور وہ ہیں: ''ز.....ث''۔ اس لیے ان کو نکال کر 4 حروف بچے۔ 2 آتشی ''ھ.....ذ''، 1 بادی ''ن'' اور 1 خاکی ''ع''۔ بادی آتشی کا معاون ہے، اس لیے ''ن'' کو لیں گے اور خاکی آتشی کا معاون نہیں، اس لیے ''ع'' کو نہیں لیں گے۔

نمبر (۲) طریقہ میں ہمیں 7 حروف حاصل ہوئے

ا.....ھ.....ط.....م.....ف.....ش.....ذ

دونوں نتائج میں 2 حروف ایک جیسے ہیں: ''ھ.....ذ''۔ اس بنیاد پر ہم یہ کہیں گے ان 2 حروف سے نام کے پہلے حرف کا آغاز سب سے بہتر ہے۔

دوسرے نمبر پر طریقہ نمبر ۲ میں حاصل ہونے والے حروف سے نام رکھنا بہتر ہے اور وہ یہ ہیں:

''ا.....ط.....م.....ف.....ش'' (2 حروف پہلے نمبر پر لکھے ہیں)

تیسرے نمبر پر حرف ''ن'' سے نام کا آغاز کیا جائے۔

نام کا انتخاب کرنا

نام کے پہلے حرف کی معلومات حاصل ہونے کے بعد جو بھی نام منتخب کیا جائے، وہ اسلامی ہو۔ اس کے معنی اچھے ہوں۔ بہتر ہے کہ انبیا علیہم السلام کے نام پر یا اہل بیت اور صحابہ رضی اللہ عنہم کے نام پر ہو۔

نام بولنے میں جیسے ہوگا اثرات بھی ویسے ہوں گے

ایک اہم بات کہ بولنے میں ضرور دیکھیں کہ جس نام کا انتخاب کیا ہے، وہ بولنے میں کس طرح بولا جاتا ہے؟ برصغیر میں عربی لہجے میں نام نہیں بولے جاتے۔ مثال عامر کو آمر بولا جاتا ہے۔ اس لیے جو نام منتخب کریں، اس کو بولنے کے لحاظ سے لکھیں جیسے ''آمر'' لکھا ہے۔ پھر اس کا مطلب اردو، عربی اور فارسی میں دیکھیں۔ اگر کوئی بھی غلط یا اچھا معنی نہ ہو تو انتخاب مت کریں۔ غلط معنی سے زندگی پر اثر پڑتا ہے اور آپ ﷺ نے بھی غلط یا برے معنی والے نام والوں سے ایک موقع پر (اونٹنی کا دودھ نکالنے) کام نہیں لیا بلکہ اچھے نام والے سے لیا۔

نوٹ: صرف ۲ طریقوں سے نام کا پہلا حرف نکالنے کا طریقہ بتایا گیا ہے۔ ہم لوگ مزید کئی طریقوں سے حساب لگاتے ہیں مگر عوام اور مبتدی عاملین کے لیے اتنا ہی کافی ہے۔

نام کے انتخاب میں ادارے کی خدمات

بچوں کے بہترین نام رکھنے کے لیے ہماری روحانی علاج گاہ کے ماہرین کی خدمات حاصل کریں۔ نام کا بہت اثر پڑتا ہے۔ حساب کروانے کے لیے ماں باپ کا پورا نام، بچے کی تاریخ اور وقت پیدائش سے مطلع فرمائیں۔ مزید تفصیلات کے لیے 0320/0324-7772772

روحانی درسگاہ کا داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ کریں goo.gl/VwtgFS

دشمن کیلئے عظیم دعا کے عامل بنیں

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل چشتیہ)

اس مضمون میں اللّٰھم انا نجعلك فی نحورھم و نعوذبك من شرورھم کا طریقہ زکوٰۃ بتایا جارہا ہے اور اس کے ساتھ عددی نقوش کے بارے میں بھی آگاہی دی گئی ہے تاکہ بوقت ضرورت استفادہ کیا جاسکے۔ نقوش کو کیسے استعمال کیا جاتا ہے اور کس جگہ استعمال کرنا چاہئے؟ یہ عاملین کو پتہ ہے۔ لہٰذا اس بارے میں نہیں لکھا جائے گا۔ اس عمل کا عامل/عاملہ اپنے اور اپنے گھر والوں کے ساتھ ساتھ کسی کے لئے بھی عملیات کرسکتا/سکتی ہے۔

عمل کا طریقہ

اللّٰھم انا نجعلك فی نحورھم و نعوذبك من شرورھم کا بنیادی درجہ کا عامل/عاملہ بننے کے لیے نوچندی جمعرات یا جمعہ (دن یا شب) کو کوئی وقت مقرر کرلیں۔ جگہ کی قید نہیں۔ اول و آخر گیارہ بار درود ابراہیمی کے ساتھ عمل کو دو ہزار چار سو پچیس (۲۴۲۵) بار چھتیس (۳۶) یوم بلاناغہ پڑھیں۔ روزانہ عمل مکمل کرکے اللہ ﷻ سے اپنے عمل کی کامیابی کی دعا اس انداز میں مانگیں کہ ”یا اللہ! میں نے جو یہ عمل کیا ہے، اس کی کمی کوتاہیوں کو اپنے فضل سے پوری کرکے اس عمل کو میرے عمل میں دے دیں تاکہ میں اس کے روحانی فیض سے خود بھی فیض یاب ہوں اور دوسرے لوگوں کو بھی فیض پہنچاؤں“۔ آخری روز سوا کلو سفید شیرینی پر اکتیس (۳۱) مرتبہ پڑھ کر نابالغ بچوں میں تقسیم کردیں اور دو رکعت نفل شکرانے کے پڑھیں۔ پھر روزانہ اکتیس (۳۱) بار، اول و آخر ایک بار درود شریف کو اپنے معمول میں رکھیں۔ اب آپ اللّٰھم انا نجعلك فی نحورھم و نعوذبك من شرورھم کے عامل ہوچکے ہیں۔ کسی بھی کتاب میں اس کا کوئی طریقہ استعمال ملے یعنی عمل ملے تو آپ کرنے کے اہل ہیں۔ کسی سے اجازت کی ضرورت نہیں ہے۔ عمل آپ کے پاس ہے، کتابوں میں طریقہ استعمال دیے جاتے ہیں۔ صرف یہ احتیاط رکھنی ہے کہ جائز جگہ کریں۔

نقوش بھرنے کے طریقے

نقوش بھرنے کا عمل بھی بہت آسان ہے۔ صرف یہ اصول یاد رکھیں کہ سب سے چھوٹا عدد، سب سے پہلے لکھنا ہے، پھر اس سے بڑا اور پھر اس سے بڑا۔ اور اسی طرح نقش پورا کرنا ہے۔

اللّٰھم انا نجعلك فی نحورھم و نعوذبك من شرورھم کے مربع نقوش

آتشی چال

۷۸۶

۶۰۶	۶۰۹	۶۱۲	۵۹۸
۶۱۱	۵۹۹	۶۰۵	۶۱۰
۶۰۰	۶۱۴	۶۰۷	۶۰۴
۶۰۸	۶۰۳	۶۰۱	۶۱۳

بادی چال

۷۸۶

۶۰۹	۶۰۶	۵۹۸	۶۱۲
۵۹۹	۶۱۱	۶۱۰	۶۰۵
۶۱۴	۶۰۰	۶۰۴	۶۰۷
۶۰۳	۶۰۸	۶۱۳	۶۰۱

آبی چال

۷۸۶

۶۱۲	۵۹۸	۶۰۶	۶۰۹
۶۰۵	۶۱۰	۶۱۱	۵۹۹
۶۰۷	۶۰۴	۶۰۰	۶۱۴
۶۰۱	۶۱۳	۶۰۸	۶۰۳

خاکی چال

۷۸۶

۵۹۸	۶۱۲	۶۰۹	۶۰۶
۶۱۰	۶۰۵	۵۹۹	۶۱۱
۶۰۴	۶۰۷	۶۱۴	۶۰۰
۶۱۳	۶۰۱	۶۰۳	۶۰۸

عامل بننے کا فائدہ

یہ دعا دشمن اور شر سے تعلق رکھتی ہے اور ایک بہت مجرب مسنون دعا ہے۔ اس کا اثر بہت تیز ہوتا ہے۔ اس دعا کا عامل/عاملہ بننے کے بعد دشمن اور شر پسند مخالفین سے نجات اور ان کو سبق سکھانے، ان کو مغلوب کرنے اور ان پر فتح کے لیے عمل کیے جاسکتے ہیں۔ چند عمل ذکر کیے جارہے ہیں:

- ..... دشمن بہت تنگ کرتا ہو، جان کا دشمن ہوگیا ہو، عزت کا دشمن ہوگیا ہو۔
- ..... بدمعاش قسم کے لوگوں سے نجات۔ خصوصاً جو لڑکیوں کو چھیڑتے ہیں، غنڈہ گردی کرتے ہیں۔
- ..... کسی نے قبضہ کرلیا ہو اور جگہ خالی نہ کرتا ہو، کرایہ دار قابض ہوگیا ہو اور جگہ خالی نہ کرتا ہو۔
- ..... جادو گر پیچھے پڑ گیا ہو اور مسلسل عمل کررہا ہو یا کوئی دشمن مسلسل عمل کروا رہا ہو، کسی طرح باز نہ آرہا ہو۔
- ..... کسی بڑے جن یا شیطان سے واسطہ پڑ جائے اور اس سے نقصان پہنچنے کا خوف ہو۔
- ..... خاندان میں یا ایسے افراد جن کے شر کی وجہ سے عزت اچھل رہی ہو۔
- ..... خاندان میں ایسے افراد جن کے شر کی وجہ رشتہ داریوں میں دراڑیں پڑ رہی ہوں۔
- ..... دفتر میں ایسے افراد جن کے شر کی وجہ سے ترقی رکی ہوئی ہو۔
- ..... دفتر میں ایسے افراد جن کے شر کی وجہ سے نوکری جانے کا خدشہ ہو۔
- ..... کسی ناجائز مقدمہ میں پھنسا دینا۔ اس مقدمہ سے نجات کے لیے۔
- ..... ساس بہو نند وغیرہ (سسرالی رشتوں) میں ایسے تمام لوگوں کے شر سے حفاظت جن کی وجہ سے زوجین کے تعلقات خراب ہورہے ہوں۔
- ..... دوستوں میں ایسے دوست جو دوستوں میں لڑائی کروا رہے ہوں۔ پرانی دوستی خطرے میں پڑ گئی ہو۔
- ..... تنظیم میں ایسے لوگ جو اندر ہی اندر تنظیم کو کھوکھلا کررہے ہوں۔

عمل کی اجازت لینے کا طریقہ

- ..... اس عمل کی اجازت روحانی درسگاہ کے طلباء کو ہے۔ وہ یہ عمل بغیر فیس ادا کیے کرسکتے ہیں۔
- ..... دوسرے افراد اجازت لینا چاہیں تو اکیس سو (۲۱۰۰) روپے ادا کرکے اجازت لے سکتے ہیں۔
- ..... سہولت کے لیے ادارے سے اس عمل کے استعمال کی کاپی بھی لی جا سکتی ہے۔ یہ کاپی صرف اس عمل کو مکمل کرنے والوں کو ہی دی جائے گی۔
- ..... اس عمل کا چلہ کرنا لازمی ہے۔ بغیر چلہ کیے اس عمل کا عامل نہیں بنا جا سکتا۔ چلہ کرنے کے لیے مکمل طریقہ مع تمام پرہیز وھدایات، چلہ کرنے والوں کو بتایا جائے گا۔

عمل کون لوگ کریں

اس عمل کی عاملین حضرات کو بہت ضرورت ہے۔ اگر وہ یہ عمل کرلیں تو بہت آسانی سے کئی طرح کے کام کرسکیں گے، جو عام عامل بڑی مشکل سے کرتا ہے۔ ساتھ ہی سیاستدان، علمائے کرام اور میڈیا سے وابستہ لوگوں کے لیے بھی بہت مفید عمل ہے۔

مئی 2017ء کے خاص اوقات

اہم نظرات سیارگان

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
عطارد تثلیث زحل	10-05-17 09:11	12-05-17 01:15	13-05-17 11:26
زہرہ مقابلہ مشتری	18-05-17 16:01	19-05-17 19:12	20-05-17 22:04
زہرہ تثلیث زحل	31-05-17 20:42	01-06-17 20:24	02-06-17 19:55

حالتِ قمر

	تاریخ	ابتداء	تاریخ	انتہا
شرف قمر	23 مئی	20:47	23 مئی	22:24
قمر در ثور	23 مئی	17:32	25 مئی	17:15
قمر در عقرب	9 مئی	10:00	11 مئی	21:59
ھبوط قمر	9 مئی	13:58	9 مئی	15:57

حضیضِ عطارد

	تاریخ	ابتداء	تاریخ	انتہا
حضیض	20 مئی	11:30	21 مئی	09:15

"انسان کا کام تدبیر کرنا ہے نتیجہ مرتب کرنا صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے، لہٰذا رجوع الی اللہ کبھی نہ چھوڑیں"

سفر اور روزگار کی پریشانی: کاروبار نہ چلنا، ملازمت کا نہ ملنا یا مل کر چھوٹ جانا، کاموں کے بنتے بنتے بگڑ جانا، بیرون ملک جانے میں رکاوٹ اور بندش کا سامنا۔

گھریلو مسائل: خاوند، بیوی اور بچوں میں ناچاقی اور طلاق تک نوبت۔

رشتوں کی پریشانی: جوان اولاد کے رشتے نہ ملنا، پسند نہ آنا یا پسند کے بعد انکار ہو جانا، منگنی کے بعد نکاح یا نکاح کے بعد رخصتی میں رکاوٹ۔

صحت کی پریشانی: بیماری کا علاج کے باوجود ٹھیک نہ ہونا یا بار بار بیمار ہونا، تمام لیبارٹری ٹیسٹ کے درست ہونے کے باوجود بھی صحت کا بحال نہ ہونا۔

اولاد کی پریشانی: اولاد کا نہ ہونا یا پیدا ہو کر مر جانا، پیدائشی طور پر بچوں میں مختلف قسم کی بیماریاں پیدا ہونا، صرف لڑکیاں ہی پیدا ہونا، نرینہ اولاد کیلئے۔

اولاد کی پریشانی: نافرمانی، بدزبانی، دیگر غلط عادات اور سوسائٹی کے شکار افراد۔

معاشرتی مسائل: قرض کی ادائیگی، کسی شخص کا جائز کام میں رکاوٹ بننا، قرض واپس نہ کرنا، دشمن ہو جانا، پیسے یا چیزیں مثلاً دکان، مکان پر قبضہ کر لینا وغیرہ۔

تدبیر ہماری تقدیر تمہاری

کشائش رزق، بندش کاروبار، بندش رشتہ و ہر قسم کی بندش اور تمام پریشانیوں کے حل کیلئے اعتماد سے رابطہ فرمائیں۔

نوٹ ملاقات کیلئے فون پر وقت ضرور طے کر لیں

اب مولانا صاحب ہفتہ کے 7 دن مریضوں سے ملاقات کریں گے۔

طبیب روحانی و جسمانی
مولانا ڈاکٹر علی آفاق
(ڈی۔ایچ۔ایم۔ایس)

خیر و برکت:۔
گھر، دکان، فیکٹری اور دفتر کی خیر و برکت کیلئے

Mobile: 0321-4168008
www.afaqspiritualclinic.com
facebook.com/afaqspiritualclinic
77/C، ماڈل ٹاؤن لاہور۔

سیف بسم اللہ (نئی کتاب) حاجات حضرات کیلئے خاص تحفہ
عام قیمت: 390 روپے
مصنف: ڈاکٹر محمد اکمل جاوید
☆تعویذ لکھنے کیلئے وقت کا استخراج کرنا ☆مربع نقش کو پُر کرنے کے طریقے ☆بسم اللہ کے 16 وضعی نقش ☆نقوش بلحاظ عناصر اور استعمال کرنے کا طریقہ ☆نقش کب اور کہاں استعمال کیا جائے ☆عملیات برائے محبت ☆عملیات برائے ہیبت و دبدبہ ☆عملیات برائے کشف و اسرار ☆عملیات برائے خیر و برکت ☆عملیات برائے ہر حاجت ☆عملیات برائے دولت ☆عملیات برائے شفائے امراض ☆عمل کب شروع کریں
مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877

روحانی علاج گاہ کے تیار شدہ کورسز

ہر قسم کے جادو کا علاج

چالیس روز پر مشتمل اس کورس کو استعمال کرنے سے ہر قسم کا جادو، ٹونہ، بندشیں، رکاوٹیں اللہ ﷻ کے فضل و کرم سے ختم ہو جاتی ہیں۔ ایک کورس سے ایک سے زائد افراد بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

ھدیہ فی کورس (معمولی) 3000 روپے
(درمیانہ) 5000 روپے (سخت) 7000 روپے

جناتی مریضوں کا علاج

چالیس روز پر مشتمل کورس کرنے پر اللہ ﷻ کے فضل و کرم سے جناتی اثرات سے نجات مل جاتی ہے۔ جسم و دماغ آزاد ہو جاتا ہے۔ ایک گھر میں اگر ایک سے زائد مریض ہوں تو ایک کورس سب کے لئے کافی ہوتا ہے۔

ھدیہ فی کورس (معمولی) 3000 روپے
(درمیانہ) 5000 روپے (سخت) 7000 روپے

جادو اور جنات کے بد اثرات سے نجات

چالیس روز پر مشتمل اس کورس کو استعمال کرنے پر اللہ ﷻ کے فضل و کرم سے جادو، جنات اور شیاطین کے ہر قسم کے اثرات سے نجات مل جاتی ہے۔ ہر قسم کی بندشیں، رکاوٹیں، بیماریاں جو بد اثرات کی وجہ سے ہوتی ہیں، وہ بھی ختم ہو جاتی ہیں، ان شاء اللہ۔ جو لوگ بہت علاج کروا چکے ہوں اور فائدہ نہ ہو رہا ہو، ان کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔

ھدیہ فی کورس (معمولی) 4500 روپے
(درمیانہ) 6500 روپے (سخت) 8500 روپے

غصہ کا روحانی علاج

غصہ ایک نفسیاتی و روحانی مرض ہے۔ آج کل کے ٹینشن زدہ دور میں غصہ کا مرض عام ہوتا جا رہا ہے۔ برداشت کی بہت کمی ہوتی جا رہی ہے اور غصہ کی زیادتی کی وجہ سے کئی بار بہت بڑا نقصان بھی اُٹھانا پڑ جاتا ہے۔ رشتہ داریاں بھی ختم ہو جاتی ہیں۔ لہٰذا دار العمل چشتیہ کے روحانی علاج گاہ نے چالیس تعویذوں پر مشتمل چالیس یوم کا دافع غصہ کورس تیار کیا ہے، جس کے استعمال سے غصہ کے مرض پر قابو پایا جا سکتا ہے۔

ایک کورس جتنے چاہے مریضوں کو دیا جا سکتا ہے۔

ھدیہ فی کورس 800 روپے

حافظے میں حیرت انگیز اضافہ کیجئے

حکیم الامت مجدد ملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہٗ کا تحریر کردہ "سورۃ یٰسین" کا خاص عمل۔ صرف سات دن کے استعمال سے حافظے میں زبردست اضافہ ہوگا (ان شاء اللہ تعالیٰ)۔ خصوصاً طلباء، مناظر، اساتذہ کرام اور کثرت سے دماغی کام کرنے والوں کے لئے بہت مفید ہے۔ عمل خود تیار کریں یا ادارے سے تیار کروائیں۔ ممبران جوابی لفافہ کے ساتھ خط لکھ کر یا E-mail کے ذریعے مکمل طریقہ منگوا سکتے ہیں۔

ھدیہ فی کورس 1600 روپے

نوٹ روحانی علاج گاہ میں بہت سے تیار کورسز/علاج دستیاب ہیں اور نئے کورسز/علاج کا مسلسل اضافہ بھی ہو رہا ہے۔ اس لیے updated تفصیلات جاننے کے لیے website کو وقتاً فوقتاً visit کرتے رہیں۔

فون: 042-35410586 موبائل: 0334-4312272
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
روحانی دکان، دار العمل چشتیہ، لاہور

روحانی علاج گاہ کے خاص تعویذات

ہدیہ: 1600 روپے
بذریعہ ایم منی آرڈر: 1100 روپے

تعویذ نمبر 1
جلد شادی کا قرآنی تعویذ

اولاد کے لیے نصیب والے رشتے بے حد اہم چیز اور بعض دفعہ زندگی اور جینے کا واحد مقصد معلوم ہوتے ہیں۔ اس حوالے سے ادارے میں لوگ رشتوں کی بندش کے خاتمے اور پسندیدہ یا اچھے اور مناسب رشتے کی طلب لے کر تشریف لاتے ہیں۔ جن کیلئے ادارے سے خاص قرآنی تعویذ اور ساتھ ہی مخصوص وظیفہ دیا جاتا ہے۔ لہٰذا ایسے افراد جو شادی کے لئے رشتہ تلاش کر رہے ہیں، وہ اور ان کے عزیز و اقارب یہ تعویذ حاصل کریں اور تعویذ کی کرامت ملاحظہ فرمائیں۔

تعویذ نمبر 2
شادی کی ہر طرح کی رکاوٹ دور کرنے کا قرآنی تعویذ

شادی میں رکاوٹ روحانی طور پر پیدا کرنا حاسدین کا محبوب ترین مشغلہ ہے۔ اس میں نوجوان لڑکیوں کے رشتے باندھ دینا، ان کے رشتے نہ آنا، اگر رشتے آئیں تو پسند نہ آئیں، اگر پسند آجائیں تو واپسی جواب نہ آنا، اگر بات طے ہو جائے تو منگنی کی شکل میں نکاح تک بات نہ پہنچنا، 6 سال، 4 سال، گزر جانا مگر شادی ہونے، نکاح ہونے اور رخصتی ہونے کا نام ہی نہیں لیتی۔ ایسے مایوس اور ناامید افراد جو جگہ جگہ جا کر مایوس ہو چکے ہیں۔ ان کے لئے ادارے کا یہ خاص تعویذ جو بندش کو کاٹتا ہے، مختلف رکاوٹوں، بندشوں اور جنات وغیرہ کو ختم کرتا ہے اور ساتھ ہی شادی کے معاملات طے ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

تعویذ نمبر 3
رزق کی ہر طرح کی رکاوٹ دور کرنے کا قرآنی تعویذ

آج کل لوگ سارا سال اور سارا دن رزق کی بے برکتی کا رونا روتے رہتے ہیں۔ پیسے کے تمام راستے بند ہو جانا، ملازمت کا نہ ملنا، روزگار اور کاروبار کا نہ چلنا، چلتے کاروبار کا بند ہو جانا، قرض کی رقم کا بہت بڑھ جانا، بیرون ملک پہنچ گئے مگر معاشی معاملات بہتری کی طرف نہیں جا رہے۔ ایسے سارے لوگ جو رزق کی بندش، رکاوٹ، تنگی، پریشانی، قرض کی زیادتی، عرش سے فرش پر آگرنے والے لوگ فوری طور پر ایسے قرآنی تعویذ سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور اس قرآنی تعویذ کے فوائد، کرامات اور کرشمات اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔

تعویذ نمبر 4
ہر طرح کی پریشانی، مصیبت اور مشکل کے خاتمے اور جائز حاجت پوری ہونے کا خاص قرآنی تعویذ

آج جن مصائب سے عموماً ہمارا واسطہ پڑتا ہے۔ ان میں سرفہرست اولاد کی نافرمانی، جھوٹے مقدمات میں لوگوں کا ملوث کر دینا، رزق میں بے برکتی، زوجین (میاں بیوی) میں ناچاقی، گھر میں بلاوجہ کی تنگی، غصہ آنا، ہمسایوں سے بلاوجہ ناچاقی، کسی ظالم، جابر اور شریر کا بلاوجہ تنگ کرنا، کسی فرد کا حق دبا لینا، جگہ، مکان، پلاٹ پر قبضہ کر لینا، کاروباری افراد کا حسد کرنا، رشتہ داروں کا حسد کرنا، بچوں کو نظر لگ جانا، بچوں کی خداداد صلاحیتوں کو گہن لگ جانا، کسی کام میں بلاوجہ رکاوٹیں اور مشکلات پیش آنا، ملازمت کا نہ ملنا، کاروبار کا نہ چلنا، کسی بچے، بڑے یا عزیز رشتہ داروں کا باہر جانے کی ضرورت اور حاجت پوری ہونے کے لئے یہ تعویذ تیر بہدف ہے۔ اس تعویذ کے بارے میں یوں کہنا بے جا نہ ہوگا کہ ہر طرح کی حاجت، ضرورت اور جائز سوچ کی تکمیل میں یہ تعویذ معاون ہے اور بارہا کا مجرب ہے۔ اس تعویذ کے ساتھ وظیفہ بھی دیا جاتا ہے تاکہ تعویذ سے کما حقہ فائدہ اٹھایا جا سکے۔

روحانی دکان: 042-35410586, 0334-4312272 | darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

عوام کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/sDzuVf

روحانی علاج کیلئے دم شدہ اشیاء برائے روحانی مریض و معالجین

روحانی اگربتی برائے دفع نحوست قیمت: **200** روپے

نحوست کسی بھی قسم کی ہو، اس جگہ پر رہنے والوں اور کاروبار کرنے والوں کو بری طرح متاثر کرتی ہے۔ صبح شام ایک ایک اگربتی متاثرہ جگہ پر جلائیں۔

روحانی اگربتی برائے حصول برکت قیمت: **200** روپے

دکان، کاروبار، فیکٹری اور گھر میں حصول برکت کیلئے اور بے برکتی دور کرنے والی لاجواب اگربتی۔

روحانی اگربتی برائے دفع جادو و جنات قیمت: **150** روپے

جادو، جنات، شیاطین، نظر بد، حسد، گھر میں بے اتفاقی و بے چینی، لڑائی جھگڑے، مسلسل ناکامیوں کے لئے بہت مفید روحانی اگربتی۔

روحانی نمک قیمت: **100** روپے

روحانی نمک کے استعمال سے جسم میں موجود جادو یا جنات کے اثرات ختم ہو جاتے ہیں۔ ان اثرات سے پیدا شدہ بیماریاں ٹھیک ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔

روحانی چینی قیمت: **100** روپے

روحانی چینی بیماریوں کے اس دور میں ایک خاص الخاص روحانی شفائی تحفہ ہے۔ روحانی چینی جادو/ جنات سے بطور حفاظت بھی استعمال کی جا سکتی ہے۔

روحانی آبِ شفاء قیمت: **100** روپے

لاعلاج اور جان لیوا امراض میں مبتلا مریضوں کیلئے نوید شفاء۔

روحانی پھکی قیمت: **30** روپے

ایک خاص پھکی جس پر قرآنی آیات کا دم کیا ہوا ہے۔ جو درج ذیل امراض کے علاج میں مفید ہے۔ پیٹ درد، گیس، بدہضمی، قبض، بھوک کی کمی، متلی وغیرہ۔

روحانی عرقِ گلاب قیمت: **200** روپے 750ml

جادو، جنات اور نظر بد کی وجہ سے رہنے والا سر درد ہمیشہ کے لئے ختم کرتا ہے۔ جادو جنات کی تمام علامات میں زبردست فائدہ دیتا ہے۔

روحانی شہد قیمت 500 گرام: **500** روپے

جملہ جناتی و شیطانی اثرات سے حفاظت اور لاجواب طاقت کا خزانہ اور روحانی شفاء کی نوید بھی۔

روحانی تیل

1. **برائے دفع جادو/ جنات** قیمت: **100** روپے

جادو/ جنات کے مریضوں کیلئے پیام شفا ہے۔ جادو/ جنات کے اثرات کو جسم سے چُن چُن کر ختم کرتا ہے۔ تھکاوٹ سے چور بدن کو آرام پہنچاتا ہے۔

2. **برائے سکون** قیمت: **350** روپے

روحانی علاج گاہ کا تیار کردہ تیل جس پر خاص دم کیا گیا ہے، ان افراد کے لیے بہت مفید ہے جن کو صحیح نیند نہیں آتی اور نیند کی گولیاں کھانی پڑتی ہیں۔

3. **برائے دفع درد ہر قسم** قیمت: **200** روپے

جسم میں کہیں بھی درد ہو۔ پٹھوں میں درد ہو۔ غرض کہ آپ کو کہیں بھی درد ہو۔ روحانی تیل: جنات کے حاضری کے مریض، جادو کے مریض، دماغی اثرات وغیرہ کیلئے نسخہ اکسیر ہے۔

4. **روغن بادام** قیمت: **300** روپے

معدہ میں زخم اور سوزش میں مفید ہے۔ شدید قبض کو ختم کرتا ہے۔ سر کی خشکی، خارش، بال گرنے، بالوں اور سر کے جملہ امراض کے لیے آزمودہ ہے۔

5. **برائے اعصاب** بڑی پیکنگ: **450** روپے

جادو/ جنات کے معالجین کے لیے ایک قیمتی تحفہ ہے ☆ چلہ کشی کی وجہ سے پیدا ہونے والے دردوں کیلئے اکسیر ہے۔ چھوٹی پیکنگ: **250** روپے

روحانی دکان، دار العمل چشتیہ، لاہور
فون: 042-35410586 موبائل: 0334-4312272
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

مطب العارف کی آزمودہ مجرب ادویات

1 معجون خاص زعفرانی

قیمت: 950 روپے

❶ بوڑھوں میں نوجوانوں جیسی چستی اور تیزی پیدا کرتا ہے ❶ جنسی کمزوریوں کا نام ونشان تک ختم کر دیتا ہے ❶ بے رغبتی، بے توجہی، عدم دلچسپی اور بے حسی کا خاتمہ کرتا ہے ❶ خواہشات میں زبردست اور بے انتہا اضافہ کرتا ہے ❶ اعضائے رئیسہ شریفہ کو زبردست قوت وطاقت دیتا ہے ❶ عضو خاص میں سختی اور مضبوطی کو قائم ودائم رکھتا ہے ❶ نامرد کو مرد بنانے اور کمزور حضرات کو طاقت ور بنانے کے کام آتا ہے

2 پیغام جوانی کیپسول

چھوٹی پیکنگ: 750 روپے

بڑی پیکنگ: 1500 روپے

◆ طاقت وقوت کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہے ◆ مخفی وپوشیدہ طاقتوں کا سرچشمہ ہے ◆ ہمیشہ کی شرمندگی سے نجات دلاتا ہے ◆ مسرت وشادمانی کے لمحات میں اضافہ کرتا ہے ◆ خاص اوقات میں زبردست اضافہ کرتا ہے ◆ ازدواجی تعلقات کو مستحکم ومضبوط بناتا ہے ◆ زوجین کے اعتماد کو ہمیشہ بحال رکھتا ہے ◆ خاوند کو جلدی گھر آنے پر مجبور کرتا ہے ◆ فوری اور پہلی خوراک میں رزلٹ دینے والا گفٹ ہے ◆ منٹوں کو گھنٹوں میں بدلنے والا ایک خاص نسخہ ہے ◆ قدردانوں کیلئے ایک انمول، بے مثال اور لاجواب چیز ہے

3 سفوف شباب آور

قیمت: 850 روپے

◀ مایوسیوں کو امیدوں میں تبدیل کرتا ہے ◀ جسم انسانی میں حقیقی شباب کو قائم رکھتا ہے ◀ اعصاب میں زبردست مضبوطی پیدا کرتا ہے ◀ بوڑھوں کو نوجوان بنانے والا ایک نسخہ کیمیا ہے ◀ مرجھائے ہوئے چہروں کو گلاب جیسی رعنائی دیتا ہے ◀ انتہائی مقوی، بے حد مغلظ اور بے انتہا محرک ہے ◀ جوانی کو قائم ودائم اور ہمیشہ فٹ رکھنے والا سفوف ہے ◀ ہر عمر میں استعمال ہونے والا ایک ارزاں ویسی نسخہ ہے

4 شادی کورس

ملک بھر میں ہوم ڈلیوری کی سہولت موجود ہے

شادی کے نام سے ہی خوف زدہ ہونے والوں کیلئے زبردست مثالی تحفہ

شادی کورس نمبر 1 ..... 5500 شادی کورس نمبر 2 ..... 11500 شادی کورس نمبر 3 15500

5 سفوف مغلظ خاص: مادہ خاص کو گاڑھا کرتی ہے۔ پتلا پن کو ختم کرنے میں بے مثال — قیمت: 350 روپے

6 طلا خاص نمبر 1: عضوِ خاص کا ڈھیلا پن ختم کرے۔ لمبائی اور موٹائی میں اضافہ کرے۔ — قیمت: 250 روپے

7 طلا خاص نمبر 2: عضوِ خاص کی کمزوری ختم۔ مضبوطی اور سختی پیدا کرے۔ — قیمت: 450 روپے

8 گرمی دور گولیاں: جگر، مثانہ کی گرمی کا زبردست توڑ۔ — قیمت: 250 روپے

9 عارفی پھکی: ہر قسم کے نمکیات سے پاک۔ معدہ کی جلن، ہاضمہ کی کمزوری کا زبردست علاج — قیمت: 100 روپے

10 بواسیر کورس: ہر قسم کی بواسیر ختم کرے۔ پہلی خوراک میں خون بند کرے، جلن ختم کرے۔ — قیمت: 1200 روپے

11 شربت ٹھنڈک خاص: کالے اور پیلے یرقان اور جملہ امراض گرما کا بہترین علاج۔ — قیمت: 200 روپے

042-35410586, 0307-5525103, Web: darulamal.org/matabalaarif

darulamal.org/ruhaniyat-magazine/

باموکل اعمال سیکھنے کیلئے تفصیل goo.gl/Dci6ZG

جملہ مہمات میں کامیابی کا خاص عمل

عاملین کے لیے مئی 2017 کے شرفِ قمر میں کرنے کا خاص عمل

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل چشتیہ)

شرفِ قمر کا آغاز 23 مئی 2017 کو بروز منگل 8:47 بجے رات کو ہوگا اور اختتام 23 مئی 2017 کو بروز منگل 10:24 بجے رات کو ہوگا۔

شرفِ قمر کا وقت مثبت اعمال کے لیے بہت مناسب وقت ہے۔

اس ماہ ایک ایسے عمل کا انتخاب کیا گیا ہے، جو ہر طرح کی مہم، امتحان، انٹرویو، مقدمے یا کسی بھی ایسے کام کے لیے کیا جا سکتا ہے، جس میں سائل کامیاب ہونا چاہتا ہو۔

اس عمل کو شرفِ قمر میں زیادہ سے زیادہ تیار کر لیا جائے تاکہ بوقتِ ضرورت عاملین اپنے سائلین/مریضوں کو دے سکیں۔ بہتر تو یہ ہے کہ اس عمل کو سائل کے مقصد کے لحاظ سے تیار کر لیا جائے۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو عمل تیار کر کے رکھ لے۔ بعد میں جب سائل آئے تو اس کا نام مع والدہ اور مقصد لکھ کر تعویذ دیدے۔

عمل کس طرح تیار کریں؟

سفید کاغذ پر زعفرانی سیاہی سے تیار کرنا ہے۔ اعلیٰ قسم کا بخور جلائیں۔ شرفِ قمر کے وقت سورۂ یوسف (مکمل) لکھیں۔ جس سائل کے لیے عمل کرنا ہو، اس کا نام مع والدہ اور مقصد کی نیت کر کے تعویذ لکھیں۔ آخر میں سائل کا نام مع والدہ اور مقصد لکھیں۔ پھر ایک بار پڑھ کر تعویذ پر دم کر دیں۔

سائل کو دیں تو تاکید کریں کہ روزانہ سورۂ یوسف ایک بار، اول و آخر ایک ایک بار درود شریف، پابندی سے پڑھے اور تعویذ پر دم کرتا رہے۔ اس عمل کو اکیس (۲۱) یوم بلاناغہ کرے اور پھر ہفتہ میں ایک بار ضرور کرتا رہے۔ نیز ہفتہ میں ایک بار تعویذ کو اچھے بخور کی دھونی دینا بھی ضروری ہے۔ اس کا بہتر طریقہ یہ ہے کہ جس دن پڑھنا ہو، اسی دن بخور بھی دے دیا کرے۔

کم وقت میں زیادہ تعویذ کیسے تیار کریں؟

سورۂ یوسف ایک لمبی سورت ہے اور اس کو لکھنا بھی آسان نہیں۔ وقت کی بھی کمی ہے کیونکہ شرفِ قمر کا دورانیہ دو گھنٹے بھی نہیں ہے۔ اگر کوئی عامل یہ چاہتا ہے کہ میں زیادہ سے زیادہ تعویذ تیار کر لوں تو وہ سورۂ یوسف کے پرنٹڈ تعویذات ہمارے ادارے سے منگوا لے۔ زعفرانی رنگ کی سیاہی والے تعویذ ہیں۔ ایک تعویذ پر ایک بار سورۂ یوسف پڑھ کر دم کریں۔ اچھا بخور جلائیں۔ سائل کا نام مع والدہ اور مقصد تعویذ کے نیچے لکھیں اور اسی کی نیت سے پڑھیں۔ تعویذ کی پچھلی طرف عمدہ قسم کا عربی عطر لازمی لگائیں۔

زیادہ تعویذات کے لیے اپنے پاس چند نمازی حضرات کا بندوبست رکھیں تاکہ شرفِ قمر میں سورۂ یوسف زیادہ افراد پڑھ کر تعویذات پر دم کر دیں۔ پڑھنے والے کو سائل کا نام مع والدہ اور مقصد بتا دیا جائے تاکہ وہ اسی نیت سے پڑھ کر دم کرے۔ ایک تعویذ پر ایک ہی دم کیا جائے گا۔

اگر سائل نہیں ہیں تو سورۂ یوسف بغیر کسی نیت اور مقصد کے تعویذ پر شرفِ قمر کے دورانیے میں پڑھ کر دم کر دیا جائے۔ بخورات اور عطر کا استعمال اسی طرح ہوگا۔

عمل کون لوگ تیار کریں؟

اس عمل کو تیار کرنے کی ہر کسی کو اجازت ہے۔ شرط صرف اتنی ہے کہ قرآن کا تلفظ درست ہو اور قرآنی تعویذات لکھنے کے اصول و ضوابط سے واقف ہو۔

جو لوگ خود تیار نہ کر سکیں، وہ ادارے سے رابطہ کر لیں۔ رابطہ اس نمبر پر کریں: 0334-4312272۔ اگر زعفرانی سیاہی سے تیار کروانا ہو تو ھدیہ: **2100** روپے۔ اگر پرنٹڈ لینا ہو تو ھدیہ **900** روپے۔

زبان کو تالے لگا دینے والا عمل

(قمر در عقرب کا خاص عمل)

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر (ناظم روحانی دوستگاہ و ماہنامہ خزینہ روحانیات)

قمر در عقرب کا وقت منفی اعمال پڑھنے، لکھنے اور کرنے کا بہت ہی مناسب اور موزوں وقت ہوتا ہے۔ زبان بندی کا یہ عمل واقعی زبان کو تالے لگا دینے والا عمل ہے۔ جس نے بھی کیا، خوب رزلٹ ملا۔ کسی منحس ساعت میں کالی سیاہی میں سرکہ ملا کر سفید کاغذ یا بھوج پتر پر لکھ کر استعمال میں لائیں۔

قمر در عقرب کا وقت

قمر در عقرب کا آغاز 9 مئی بروز منگل صبح 10 بجے ہوگا اور اس کا اختتام 11 مئی بروز جمعرات رات 9 بج کر 59 منٹ پر ہوگا۔

عمل تیار کرنے کا طریقہ

سورۂ بقرہ کی آیت صم بکم عمی فھم لا یعقلون کے اعداد میں مطلوبہ شخص کے نام کے اعداد مع والدہ جمع کر کے مثلث نقش تیار کریں۔ بہتر تو یہ ہے کہ اس شخص کے نام کے مزاج کے مطابق نقش تیار کیے جائیں۔ ورنہ دوسری صورت میں 41 نقش آبی مزاج کے تیار کریں اور روزانہ کے اعتبار سے ایک تعویذ پلائیں۔ اور خاکی مزاج کے 3 نقش تیار کریں۔ ایک چلتے پانی کے کنارے، دوسرا دو پرانی قبروں کے درمیان دفن کرائیں اور تیسرا کسی بھاری پتھر یا وزن کے نیچے دبائیں۔ بعض اوقات ایک بار عمل کرنے سے مکمل فائدہ نہیں ہوتا لیکن اس کا مطلب یہ بھی نہیں ہے کہ بالکل اثر ہی نہیں ہوتا ہے۔ ہوتا ہے، ضرور ہوتا ہے مگر مرض کے اعتبار سے یعنی اس کی شدت کی کمی یا زیادتی کے پیش نظر دوائی کھلانے کا عرصہ کم یا زیادہ ہوسکتا ہے۔ بالکل اسی طرح بعض اوقات پہلی دفعہ ہی زبان کو بالکل تالا لگ جاتا ہے۔ لیکن اگر مرض پرانا اور زیادہ ہو تو ایک یا دو بار اس عمل کو مزید کرلیں۔ ان شاء اللہ مایوسی نہیں ہوگی۔ آیت کے اعداد (734) ہیں۔

مثلث نقوش کی چال

آتشی

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

بادی

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

آبی

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

خاکی

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

عمل تیار کرنے کی شرائط

اس عمل کو اس آیت کے عامل یا بڑے درجے کے عامل تیار کرسکتے ہیں۔ جو لوگ قریبی کسی بڑے عامل سے تیار نہ کروا سکتے ہوں یا ان کے نزدیک کوئی بڑا عامل نہ ہو تو وہ ادارہ سے رجوع فرمائیں۔

یہ عمل کن لوگوں کیلئے بنایا جائے؟

جو لوگ بات بات پر گالیاں دینے کے عادی ہوں، جو لوگ ہر وقت اول فول بکتے رہتے ہوں، جو لوگ ہر وقت گندی اور غلیظ باتیں کرتے رہتے ہوں، اس بیوی کیلئے جو خاوند کے سامنے زبان درازی کرتی (بقیہ ص 16)

پہاڑوں جیسی مشکلات ختم کرنے والا عمل

مولانا حکیم سلیم اللہ نظر (ناظم روحانی دسکہ، والا عمل چشتیہ لاہور)

عطارد زحل تثلیث کے خاص وقت کا عمل

عطارد زحل تثلیث کا وقت ہر قسم کی مشکلات سے نجات کے اعمال کا بہترین وقت ہوتا ہے۔ اس خاص وقت میں ہر قسم کی مشکلات کیلئے جو بھی تعویذات، الواح، اعمال یا وظائف کیے جاتے ہیں..... بہت ہی موثر اور کامیاب ہوتے ہیں۔

قارئین کرام! آج آپ کے سامنے جو عمل میں پیش کر رہا ہوں، یہ کوئی عام یا معمولی عمل نہیں ہے۔ یہ عمل سلسلۂ چشتیہ کا خاص عمل ہے۔ مشائخ چشت کا بہت ہی مجرب اور آزمودہ عمل ہے۔ اس مبارک عمل سے لاکھوں لوگوں نے فائدہ اٹھایا ہے اور لاکھوں لوگ ہی اب تک اس عمل سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ بڑی بڑی خانقاہوں، بڑے بڑے مدارس، بڑے بڑے دینی اداروں، بڑے بڑے دینی مراکز میں یہ عمل سالہا سال سے پڑھا جا رہا ہے۔

قارئین! اس عمل کو "ختم خواجگان شریف" کہتے ہیں۔ الحمد للہ، جنہوں نے بھی پڑھا، جب پڑھا، جس موقع پر بھی پڑھا، جہاں بھی پڑھا، جس مقصد کیلئے پڑھا، خوب فیض پایا، خوب نفع اٹھایا، بہت کامیاب ہوئے۔ مشکلات میں پڑھا تو سب مشکلات ختم ہوئیں۔ پریشانیوں میں پڑھا تو سب پریشانیاں دور ہوئیں۔ سخت آزمائش میں پڑھا تو تمام آزمائشوں سے جان چھوٹ گئی۔ مقدمات کے خاتمے کیلئے پڑھا تو سخت سے سخت مقدمات سے بری ہو گئے۔ تنگیوں میں پڑھا تو تنگیاں آسانیوں میں بدل گئیں۔ غم اور مصیبتوں میں پڑھا تو ہر قسم کے غم اور دکھ اور ہر قسم کی مصیبتیں ختم ہوئیں۔ قرضوں سے چھٹکارے کیلئے پڑھا تو قرضوں سے نجات ملی..... الغرض جس نے پڑھا، اللہ تعالیٰ نے اس مبارک عمل کی برکت سے آسانیوں کے دروازے کھول دیے۔

یہ عمل بہت ہی مبارک ترین عمل ہے۔ یہ عمل بہت ہی عظیم ترین عمل ہے۔ یہ عمل بہت ہی کامیاب ترین عمل ہے۔ یہ عمل بہت ہی مجرب ترین عمل ہے۔ یہ عمل بہت ہی آزمودہ ترین عمل ہے۔ یہ عمل سو فیصد رزلٹ دینے والا عمل ہے۔ یہ عمل سو فیصد راضی اور خوش کر دینے والا عمل ہے۔

قارئین! میرے پاس وہ الفاظ نہیں کہ میں اس عمل کی کما حقہ تعریف کر سکوں یا اس کے فوائد لکھ سکوں۔

مبارک عمل شریف

11 مرتبہ درود شریف

360 مرتبہ لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَاءَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ

360 مرتبہ سورۃ الم نشرح پارہ نمبر ۳۰

360 مرتبہ لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَاءَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ

11 مرتبہ درود شریف

عمل کا طریقہ

ان 3 دنوں میں کسی بھی نماز کے بعد یا پھر کوئی بھی وقت مقرر کر کے باوضو ہو کر پاک صاف کپڑے پہن کر قبلہ رخ ہو کر یہ عمل کریں اور اس کے بعد اپنے مقصد کیلئے دعا مانگیں۔

نوٹ: بہتر وقت بدھ، جمعرات، جمعہ کو بعد نماز عشاء ہے۔

عطارد زحل تثلیث کا وقت

عطارد زحل تثلیث کا وقت 10 مئی بروز بدھ صبح 9 بج کر 11 منٹ پر شروع ہوگا اور اس کا اختتام 13 مئی بروز ہفتہ صبح 11 بج کر 26 منٹ پر ہوگا۔

عمل کی اجازت

استاد العاملین حضرت ڈاکٹر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تمام احباب کو خصوصی دعاؤں کے ساتھ عام اجازت ہے۔

کن حالات میں گھریلو علاج لازمی ہو جاتا ہے

- ✓ اگر آپ کے گھر میں شدید روحانی اثرات پائے جاتے ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں خون، پانی، تیل وغیرہ کے چھینٹے پڑتے ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں ریت، مٹی، پتھر وغیرہ پھینکے ہوئے پائے جاتے ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے صحن یا چھت پر مٹھائی، گوشت، دال وغیرہ پھینکے ہوئے پائے جاتے ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں چیونٹیاں، کیڑے مکوڑے، چھپکلیاں وغیرہ بہت زیادہ پائی جاتی ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں کپڑے، بستر، چادر، کمبل، وغیرہ میں سوراخ اور کٹ لگتے ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں اکثر و بیشتر آگ لگ جاتی ہے..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں اکثر نقصان، چوری، ڈکیتی وغیرہ ہوتے ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں خوشبو یا بدبو کسی کونے، کمرے یا پورے گھر میں بھی آتی ہے..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر سے اکثر تعویذ، پتلے، بال، سوئیاں وغیرہ پڑی ملتی ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر سب گھر والے یا بچے خوفزدہ یا ڈرتے وغیرہ ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں چلنے پھرنے، دوڑنے، رونے، ہنسنے کی آوازیں آتی ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں ہر وقت فساد، لڑائی، جھگڑا اور نا اتفاقی کا مسئلہ رہتا ہے..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے سب گھر والے گھر میں بے سکونی، بے چینی، الجھن، دباؤ وغیرہ محسوس کرتے ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں ٹک ٹک یا برتنوں کے ٹکرانے یا کسی بھی طرح کی آوازیں آتی ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں چھت پر دوڑنے، سیڑھیوں سے اترنے کی آوازیں آتی ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں کھانے پینے کی چیزیں اکثر یا بہت جلدی خراب ہوتی ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں کھانے پینے کی چیزوں سے عجیب سی خوشبو یا بدبو آتی ہے..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر میں دروازے، کھڑکیاں، لائٹیں، پنکھے وغیرہ خود چلتے یا بند ہو جاتے ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے تمام گھر والے اکثر بیمار، پریشان یا مختلف مسائل کا شکار رہتے ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے تمام گھر والوں کو یا اکثر کو ڈراؤنے، پریشان کن، نقصانات کے خواب آتے ہوں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- ✓ اگر آپ کے گھر والوں کو اکثر مالی نقصانات کا سامنا کرنا پڑتا ہے..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔

نوٹ درج بالا یا ان سے ملتی جلتی علامات اگر کسی گھر میں پائی جائیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس گھر میں نقصان دہ اثرات ہیں۔ اثرات چاہے جادو کے ہوں یا جنات و شیاطین کے..... ان کو ختم کیے بغیر سکون نصیب نہیں ہوگا اور نہ ہی زندگی آسان گزرے گی۔ گھر کے علاج کے لیے اعتماد کے ساتھ رابطہ فرمائیں۔

دارالعمل چشتیہ لاہور۔ 0324-8439477, 0343-4686217

اگر بتیوں کی ورائٹی کی تفصیل goo.gl/Qu6gRp

اُمنت باللہ کا خاص عمل

تعارف امنت باللہ کا عمل ایک خاص عمل ہے، جس کے پیچھے مسلمان جنات کی بہت بڑی بڑی جماعتیں کام کرتی ہیں۔ ان جنات کا تعلق زیادہ تر مدارس سے ہے۔ کوئی حافظ ہے تو کوئی قاری۔ کوئی عالم ہے تو کوئی شیخ الحدیث۔ اسی لئے یہ جنات ایسے افراد کی معاونت زیادہ کرتے ہیں جن کا تعلق بھی مدارس سے ہوتا ہے یا پھر وہ دین سے جڑے ہوں اور دین کا کام کر رہے ہوں۔

اس عمل کا بڑا فائدہ یہ ہے کہ یہ عرب ممالک میں بہت اچھا کام کرتا ہے۔ پاکستان سے بیٹھے عرب ممالک کا کام ہو جیسے سعودی عرب میں کوئی مریض ہے تو صرف مریض کے لئے پڑھنے سے اس کا فائدہ ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ اس کے پیچھے جو بڑے جنات ہیں، ان کا پیچھے سے تعلق سعودی عرب کے بڑے جنات سے ہے۔ اور پاکستان میں ان کی ایک بڑی جیل ٹھٹھہ کی طرف ہے جہاں سرکش قسم کے جنات اور شیاطین کو قید کیا جاتا ہے۔

کل چھ درجوں کی زکوٰۃ دے سکتے ہیں۔ **6100** روپے میں پہلے تین درجوں کی زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے۔

اجازت کون لے؟ روحانی معالجین، مشائخ اور پیر حضرات، علمائے کرام اور مفتیانِ عظام، دین سے جڑے افراد۔

اجازت لینے کے فائدے امنت باللہ کے پیچھے جو جنات ہیں، اجازت ملتے ہی، اجازت یافتہ کا نام ان کی فہرست میں لکھ دیا جاتا ہے، اس لئے عامل فوراً کام لینا شروع کر سکتا ہے۔ اس عمل سے ہر جائز کام لیا جا سکتا ہے، مختصراً چند درج ذیل ہیں: ◦ ہر قسم کے جادو کا علاج ◦ ہر طرح کی بندش سے نجات ◦ ہر طرح کے جنات سے نجات ◦ مسلط جن کو حاضر کرنا ◦ جنات کو جلانا ◦ جنات کو بوتل میں بند کرنا ◦ جگہ سے جادو جنات نکالنا ◦ روحانی تشخیص ◦ محبت اور حاضری مطلوب ◦ زبان بندی اور جدائی ◦ مختلف بیماریوں کا علاج ◦ تسخیر و شادی کے لئے ◦ ہر جائز مقصد کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

اجازت کے لیے اہلیت اس عمل کی اجازت ہر کوئی لے سکتا ہے۔ اجازت لینے والے کا پہلے سے فنِ عملیات سے واقف ہونا بھی ضروری نہیں۔ بالغ مرد اور عورت اجازت لے سکتے ہیں۔ جتنا دیندار ہوگا، اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔

اجازت لینے کا طریقہ اس عمل کی اجازت چونکہ نقد ہدیہ کے ساتھ مشروط ہے، اس لئے جو بھی اجازت لینا چاہے، وہ نقد ہدیہ ادا کر کے اجازت لے سکتا ہے۔ **نقد ہدیہ مع اعمال کی کاپی -/6100 روپے، علاوہ ڈاک خرچ/کوریئر چارجز**

جنات کی جماعت اجازت لینے سے صرف اس عمل کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اگر کوئی چاہتا ہے کہ مجھے جنات کی جماعت ملے اور خاص میرے لئے ہو تو اس کے لئے چلہ کرنا شرط ہے۔ چلہ کی کامیابی پر مسلمان مردوں اور عورتوں پر مشتمل جماعت حاصل ہوتی ہے جو عامل کے ہر جائز کام میں غیبی معاونت کرتی ہے۔ اگر عامل کی نظر کھلی ہو تو وہ آمنے سامنے بات چیت کر سکتا ہے۔ ورنہ کسی بھی ایسے بچے، مرد یا عورت کے ذریعے آمنے سامنے بات چیت کر سکتا ہے، جس کی نظر کھلی ہو۔ چلہ بہت آسان ہے۔ کوئی پرہیز نہیں۔ نہ ہی کسی قسم کا ڈر اور خوف اور نہ ہی رجعت ہوتی ہے۔

راہطہ روحانی درسگاہ ہاٹم: 0346-4661681 نائب ہاٹم: 0345-4661681 فون: 042-35410586 0320-4661681
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah.blogspot.com, ruhanidarsgah@gmail.com

خاص خاص عملیات

پیر صوفی غلام سرور شباب قادری (حویلی لکھا)

درد کا علاج

اگر کوئی شخص سورۂ فاتحہ کے بعد درد کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر یہ دُعا سات مرتبہ پڑھے تو درد ختم ہوجائے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِذھب عنی سُوءَ مَا اَجِدُ وَفُحشَہٗ بِدَعْوَۃِ لَبَیْکَ الْاَمِیْنَ الْمَکِیْنِ عِنْدَکَ

سورہ فاتحہ کے ذریعے محبت پیدا کرنا اور دل کو نرم کرنا

اس کا طریقہ یہ ہے کہ اسم مطلوب کے حروف کے ساتھ حروف ناریہ کو امتزاج دیں۔ اس طرح کہ پہلے ایک ناریہ لکھیں پھر مطلوب کے نام کا ایک حرف لکھیں۔ پھر ایک حرف ناریہ اور ایک حرف اسم مطلوب، یہاں تک کہ مطلوب کے نام کے تمام حروف ختم ہوجائیں۔ اگر حروف ناریہ ختم ہوجائیں اور مطلوب کے نام کے حروف باقی ہوں تو حروف ناریہ کو دوبارہ سے لیں۔ حروف ناریہ سے ہی ابتدا کریں اور آخر میں بھی حرف ناریہ لکھیں۔ اس امتزاج والی سطر کو اکیس (۲۱) کاغذوں پر تحریر کریں۔ پھر ہر ایک کاغذ میں ایک کنکری لوبان کی اور تھوڑا سا گزبرہ رکھ کر اس کاغذ کو آگ پر رکھیں اور ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھیں، پھر یہ عزیمت پڑھیں:

تَوَکَّلُوْا یَا خُدَّامَ الْحُرُوْفِ نَارِیَّۃِ بِقَضَاءِ حَاجَتِیْ مِنْ (فلاں بن فلاں) وَاِلْقَاءِ مُحَبَّتِیْ وَمُوَدَّتِیْ اَوْ مُحَبَّۃَ (فلاں بن فلاں) فِیْ قَلْبِہٖ بِحَقِّ مَا تَلَوْتُہٗ عَلَیْکُمْ۔

پھر پڑھیں یہاں تک کہ دھواں نکلنا بند ہوجائے۔ پھر دوسرے کاغذ کو آگ پر رکھیں اور حسب سابق پڑھیں۔ اسی طرح اکیس (۲۱) کاغذوں کو آگ پر رکھیں اور مندرجہ ذیل طریقہ سے عمل پڑھیں۔ ان شاء اللہ مقصد پورا ہوگا۔ حروف ناریہ یہ ہیں: اھطم فشذ

کشف اور سچے خواب کے لیے

لکھا جائے بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر (یاطھورج یاطیھورج)

ان کے عربی معانی (اَنْتَ یَاظَاھِرُ وَاَنْتَ یَابَاطِنُ) پھر سورۂ کہف کی یہ آیات یعنی (107 تا 110) پڑھیں۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ کَانَتْ لَھُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿۱۰۷﴾ خٰلِدِیْنَ فِیْھَا لَا یَبْغُوْنَ عَنْھَا حِوَلًا ﴿۱۰۸﴾ قُلْ لَّوْ کَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّکَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ کَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِہٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ یُوْحٰٓی اِلَیَّ اَنَّمَآ اِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ کَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّہٖ فَلْیَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا یُشْرِکْ بِعِبَادَۃِ رَبِّہٖٓ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾

پڑھتے پڑھتے سو جائیں۔ پس خواب میں مکمل آگاہی ہوجائے گی۔

قضائے حاجات کے لیے

مندرجہ اسماء کو رات سوتے وقت ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ حاجت پوری ہوجائے گی۔ اسماء یہ ہیں:

یَا کَافِیُ یَا کَبِیْرُ یَا کَاشِفُ یَا کَرِیْمُ یَا کَنْزُ یَا کَفِیْلُ یَا مَالِکَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔

سیف اولیاء یعنی ظالم کی طرف سرکوبی کے خدام بھیجنا

اس عمل کو اولیاء اللہ کی تلوار کہا جاتا ہے۔ جب کسی ظالم کی طرف اس کے خدام بھیجنے کا ارادہ ہو تو مندرجہ ذیل خاتم کو ایک سفید کاغذ پر تحریر کریں۔ اور پھر اُسے عود، مصطگی، جاوی اور حب الرشاد کا بخور دیں۔ پھر اس کو ایک چمڑے کی تھیلی میں اپنے پاس محفوظ رکھیں۔ جس کا کسی کو علم نہ ہو۔ پھر منگل کی رات کو لوگوں کے سو جانے کے بعد ایک شاخ انار کی لے کر اُس پر مندرجہ ذیل آیت تحریر کریں۔ آیت یہ ہے۔

فَصَبَّ عَلَیْھِمْ رَبُّکَ سَوْطَ عَذَابٍ ﴿۱۳﴾ (الفجر ۱۳)

يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ۝ وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ۝ (الحج ۲۲:۲۰-۲۱)

پھر اس شاخ پر دعوت چالیس (۴۰) مرتبہ پڑھیں۔ اور ہر مرتبہ شاخ کو چمڑے کی تھیلی پر ماریں۔ پس جب ایسا کریں گے تو اس سورۃ کے خدام اُس ظالم کی طرف سیاہ شکل میں ظاہر ہوں گے۔ ہاتھوں میں نیزے تلواریں اور سانپ اُس پر حملہ آور ہوں گے۔ اور اُس ظالم کے بدن پر مار پیٹ کے نشان ظاہر ہوں گے۔ اور پھر خدام اُسے کہیں گے کہ فلاں کی حاجت پوری نہ کرو گے تو ہم تجھ کو فنا کر دیں گے یہاں تک کہ وہ ظالم آپ کی طرف قاصد بھیجے گا۔ اور حاجت پوری کرے گا۔ دعوت یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَالُكَ بِحَقِّ (اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ) يَاقَادِرُ يَاقَوِيُّ يَامُقْتَدِرُ اَنْتَ الْقَوِيُّ الْقَائِمُ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ اَسْئَلُكَ اَنْ تَقْهَرَ (فلاں بن فلاں) وَخُذْهُ اَخْذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ اِنَّ اَخْذَهٗ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ فَمَازَالَتْ تِلْكَ دَعْوَلُهُمْ حَتّٰى جَعَلْنَاهُمْ حَصِيْدًا خَامِدِيْنَ وَمَزَّقْنَاهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ يَامَنْ قَالَ وَقَوْلُهُ الْحَقُّ (فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ) اَللّٰهُمَّ لَسْتَ اَنْتَ بِغَائِبٍ فَاَنْتَظِرُكَ وَلَابَعِيْدٍ فَاُخَاطِبُكَ بَلْ اَنْتَ قَرِيْبٌ فِيْ بَطْشِكَ شَدِيْدٌ وَاَنْتَ اَقْرَبُ لِلْعَبْدِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ وَ اَنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ (فلاں) اضرنی بِحِلْمِكَ وَاِمْهَالِكَ لَهٗ فَعَجِّلِ اللّٰهُمَّ عَلَيْهِ وَخُذْهُ مِنَ الْجَانِبِ الَّذِيْ يَامَنُ اِلَيْهِ وَاَنْزِلْ بَاْسَكَ لَايُرَدُّ وَقَهْرَكَ الَّذِيْ لَايُضَادُّ اِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ (اِنَّ شَانِئَكَ هُوَالْاَبْتَرُ) اَللّٰهُمَّ بِفَضْلِ هٰذِهِ السُّوْرَةِ اَنْ تَرُدَّ كَيْدَهٗ فِيْ نَحْرِهٖ حَتّٰى يَصِيْرَ كَيْدُهٗ فِيْ زَوَالٍ وَنَوْمُهٗ فِيْ ضَلَالٍ وَابْتَلِيْهِ وَسَلِّطْ عَلَيْهِ خُدَّامَ هٰذِهِ السُّوْرَةِ يُحَرِّمُوْنَ لَنَوْمَ مِنْ عَيْنَيْهِ وَالْاَكْلِ وَالشُّرْبِ مِنْ مَذَاقِهٖ وَاَحْرِمْهُ مِنْ لَذَّةِ مَنَامِهٖ اِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ اُدْعُوْنِيْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ۔تَوَكَّلْ بِهٖ يَاقَاصِفُ وَيَانَاصِفُ وَيَاسَاهِفُ وَيَاوَاقَفُ يَاخُدَّامُ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِيْفَةِ بِمَاذَكَرْتُهٗ لَكُمْ وَبِحَقِّهَا عَلَيْكُمْ اَلْوَحَا اَلْعَجَلْ اَلسَّاعَةُ بَارِكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ وَعَلَيْكُمْ۔

اور خاتم یہ ہے:

أَعْطَيْنَاكَ	الْأَبْتَرُ	فَصَلِّ
إِنَّ شَانِئَكَ	لِرَبِّكَ	الْكَوْثَرَ
وَانْحَرْ	إِنَّا	هُوَ

آیت الکرسی کے خادم سے معاونت

عشاء میں وتروں سے پہلے دو رکعت نفل ادا کریں۔ دونوں رکعتوں میں سورۃ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد آیت الکرسی 21 مرتبہ اور سورۃ قدر ایک مرتبہ اور سورۃ اخلاص تین مرتبہ اور معوذتین ایک مرتبہ پڑھیں۔ پھر یہ عزیمت پڑھیں۔ کم از کم تین راتوں تک ایسا کریں۔ تو آپ کے پاس ایک خادم ظاہر ہوگا۔ جو بھی حاجت ہو اُسے کہیں۔ اچھے برے کی وہ مکمل آگاہی دے گا۔ اور آپ کی معاونت کرے گا جو آپ کے لیے بہتر ہوگا۔ عزیمت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ تَفَاءَلْتُ بِكَلَامِكَ الْقَدِيْمِ فَاَرِنِيْ مَاهُوَ الْمَكْتُوْمُ وَالْمَخْبِيَاءُ فِيْ لَيْلَتِيْ هٰذِهِ فَمَاسَئَلْتُ عَنْهُ وَمَالَمْ اَسْئَلْ وَبَيِّنْ لِيْ الْخُرُوْجَ مِنْ هٰذَا الْاَمْرِ الَّذِيْ اَخَافُهٗ وَاَحْذَرُهٗ ۔اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ خَيْرًا فَاَرِنِيْ بَيَاضًا اَوْخُضْرَةً وَاِنْ كَانَ شَرًّا فَاَرِنِيْ سَوَادًا اَوْحُمْرَةً وَاَرْسِلْ خَادِمًا مِنْ خُدَّامِ هٰذِهِ الْاٰيَةِ الشَّرِيْفَةِ۔

روحانی درسگاہ کے طلباء/طالبات متوجہ ہوں

بہت سے طلباء/طالبات ایسے ہیں جن کا درسگاہ سے کوئی رابطہ نہیں۔ ہمارے علم میں آیا ہے کہ وہ اپنے اعمال بھی نہیں پڑھتے۔ کچھ بغیر سکھانے کی اجازت حاصل کیے آگے سکھا رہے ہیں۔ ان سب کو اطلاع کی جاتی ہے کہ ان کی اجازتیں منسوخ کی جا رہی ہیں۔

باطنی قوت بڑھانے والے آلہ یکسوئی کی تفصیل goo.gl/OFCAix

جنات سے متعلق خاص اعمال

قیصر احمد بی۔ اے۔ (کراچی)

جن، بھوتوں، چڑیل وارواح خبیثہ کو 5 منٹ میں جلانا

مندرجہ ذیل نقش سینکڑوں مرتبہ کا آزمودہ ہے۔ جہاں مریض کو اس نقش کی دھونی دی اور جن مریض کو چھوڑ کر بھاگ جاتا ہے۔ آپ بھی آزمائیں اور خلق خدا کو فیض پہنچائیں۔

نقش یہ ہے:

۱۰۳

۶۱۲	۴۶	۲۳	۴۰۶
۶۴۷	۴۷	۵۳	۹۷
۳۰۹	۴۸	۲۳۱	۱۰۳
۳۱۱	۷۵	۳۰۰	۳۵۷

۱۰۳ ۱۰۳

۱۰۳

جن بھوتوں دیو پری چڑیل وارواح خبیثہ خاکستر شود

مسلط جنات کو مریض میں حاضر کرنا

سب سے پہلے آیت الکرسی کا حصار کریں۔ اگر بتی سلگائیں۔ بلب بند کردیں۔ مریض کے سر پر تھوڑا سندور ڈالیں اور مریض / مریضہ کے سر کے بال پکڑ کر عزیمت کو پچھتر (۷۵) مرتبہ پڑھیں۔ عزیمت یہ ہے:

عَزَمْتُ وَ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ عبداللہ بن کوتوال جنیاں حاضر شو حاضر شو حاضر شو بحق بادشاہ بکتا نوش بحق اللہ الصمد اللہ الصمد اللہ الصمد وبحق محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم وبحق یااللہ یااللہ یااللہ

مریض کانپنے لگے گا۔ اگر کوئی چیز مسلط ہوئی تو حاضر ہوگی اور بولے گی۔ اگر کچھ بھی نہ ہوگا تو خوشبو آنے لگے گی۔ (اجازت لینا لازمی ہے)

عمل حاضری برائے آسیب، جنات وارواح خبیثہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
رب لا تذرنی فردا وانت
خیر الوارثین
یا اللہ یا اللہ یا اللہ
اللہُ الحسیب اللہُ الحسیب

طریقہ: اکتالیس (۴۱) یوم روزانہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ لکھیں اور آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالیں۔ اب جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو مندرجہ بالا نقش لکھ کر مریض کی دائیں مٹھی میں دیں اور کہیں کہ اس کو دبا کر رکھے۔ اور عامل برابر کلمہ طیبہ اور یا اللہ، یا اللہ، یا اللہ کا ورد کر کے مریض پر دم کرتا رہے۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضری ہوگی، جس سے آپ ہر قسم کے سوالات کے جوابات حاصل کرسکتے ہیں اور ارواح خبیثہ کو جلا بھی سکتے ہیں یا بھگا سکتے ہیں۔ یہ عامل کی صوابدید پر منحصر ہے، جیسا وہ چاہے کرے۔

پیشگی
ماہنامہ سلیمانی دنیا کا اپریل 2017 کا نیا شمارہ منظر عام پر آگیا ہے
قیمت: 200 روپے (فوٹو کاپی)
فوٹو سٹیٹ: امپورٹڈ پیپر
☆اسماء حسنیٰ سے مشکلات کا حل ☆دلوں اور روحوں کو مسخر کرنے کا فن ☆بری اولاد سے برائیاں چھڑانے کا گر ☆ایک گھر کی خوفناک اور روح فرسا داستان ☆سرکار کونین ﷺ کی تلقین کردہ دعاؤں کے انمول موتی ☆روحانی ڈاک: طالب علمانہ سوالات ☆مشورہ بھی، مطالبہ بھی
☆عکس سلیمانی: یا حفیظ کا نقش ☆یا حسیب کا نقش ☆یا رقیب کا نقش ☆یا واسع کا نقش ☆یا حکیم کا نقش ☆یا وکیل کا نقش ☆یا متین کا نقش ☆یا حمید کا نقش ☆یا واحد کا نقش ☆یا مقتدر کا نقش ☆یا باطن کا نقش ☆یا مانع کا نقش ☆یا غنی کا نقش ☆یا معطی کا نقش ☆یا ضار کا نقش ☆یا صبور کا نقش ☆یا وارث کا نقش ☆یا ہادی کا نقش ☆یا منعم کا نقش ☆یا ظاہر کا نقش ☆یا باعث کا نقش ☆یا قوی کا نقش ☆یا عظیم کا نقش ☆دم خود کیجئے: سورۃ فاتحہ کا دم ☆سورۃ بقرہ کا دم ☆آیت الکرسی کا دم ☆سورۃ بقرہ کی آخری دو آیات کا دم ☆معوذتین کا دم ☆نظر بد کیلئے دم ☆کشادگی رزق کے مجرب عملیات ☆مجرب عملیات ☆آسیب و جادو کا قرآن کریم سے علاج: علامت ☆پرہیز ☆علاج ☆زیتون قدرت کا ایک شاہکار
مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877
darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org

نظرِ بد سے نجات کے عملیات

مرتب: مولانا اعجاز احمد خان مدظلہٗ

نظرِ بد دور کرنا

اگر کسی بچے یا بڑے کو نظرِ بد کا اثر ہو جائے اور کسی کے ٹوکنے اور نظر گاڑ کر دیکھنے سے اس شخص کے بدن میں درد ہو جائے یا بخار ہو جائے یا کھانا پینا بند ہو جائے یا کسی کام کو طبیعت نہ چاہے یا سستی اور کاہلی ایسی مسلط ہو جائے کہ ہر وقت سوتا رہتا ہو یا بیمار رہتا ہو اور دن بدن کمزوری بڑھتی جاتی ہو تو اس کے لئے چند گرہ ہلدی کی لے کر ان پر تین تین مرتبہ اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَالْکُفْرُ بَاطِلٌ پڑھ کر اس ہلدی کی گرہوں پر پھونک ماریں اور اس ہلدی کی گرہوں کو کوئلے کی آگ میں ڈال کر چارپائی کے نیچے رکھ دیں اور چارپائی پر بغیر بستر کے مریض کو بٹھا کر اس پر کمبل یا چادر یا دری ڈال دیں تاکہ ہلدی کا دھواں اس کے بدن کو لگے۔ جب ہلدی جل جائیں اور دھواں نکلنا بند ہو جائے تو آگ کے برتن کو نکال لیں۔ اب دیکھیں کہ مریض کی حالت میں فرق آیا ہے تو ٹھیک ورنہ تین دن یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مریض تندرست ہو جائے گا اور نظرِ بد کا اثر ختم ہو جائے گا۔

نظرِ بد سے نجات کے لئے

اگر کسی جانور، آدمی، بچے، عورت پر نظرِ بد کا اثر ہو جائے یا نئے مکان پر یا دکان پر اثرِ بد کا اثر ہو جائے یا کسی سائیکل، موٹر سائیکل، گاڑی پر نظرِ بد کا اثر ہو جائے..... جس سے حادثات ہونے لگیں یا وہ گاڑی ٹھیک طرح سے نہ چلے اور آئے دن اس میں خرابی پیدا ہو جائے یا دوکان پر گاہک اور خریدار کم آئیں یا گھر میں رہنے والے سب بیمار رہنے لگیں یا مکان میں کسی کا بھی دل نہ لگے اور مکان خالی پڑا رہے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات کو سات (۷) مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے اور اسی طرح سات (۷) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس مکان کے دیواروں پر یا دکان ہے تو اس کی دیواروں پر اور دکان کے سامنے کے حصے میں وہ پانی چھڑکے۔ اگر گاڑی وغیرہ ہے تو اس پر بھی وہ پانی چھڑکے۔ اگر ایک مرتبہ کرنے سے حالت صحیح ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ یہ عمل تین دن روزانہ ایک مرتبہ کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ نظرِ بد کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔ وہ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. بِسْمِ اللّٰہِ عَظِیْمِ الشَّانِ شَدِیْدِ الْبُرْھَانِ مَا شَآءَ اللّٰہُ کَانَ حَبَسَ حَابِسٌ مِّنْ حَجَرٍ یَابِسٍ وَ شِھَابٍ قَابِسٍ. اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ رَدَدْتُّ عَیْنَ الْعَائِنِ عَلَیْہِ وَعَلٰی اَحَبِّ النَّاسِ اِلَیْہِ فِیْ کَیْدِہٖ وَ کُلِّیَّتِہٖ لَھُمْ دَقِیْقٌ وَعَظْمٌ قِیْمَا لَہٗ یَلِیْقُ. فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ ھَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ. ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ کَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْکَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّھُوَ حَسِیْرٌ.

نظرِ بد سے نجات کا تعویذ

از حضرت علامہ انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ

اگر کسی بچے یا بڑے کو نظرِ بد کی شکایت ہو تو اس کے لئے یہ تعویذ بہت مفید ہے۔ باوضو اس کو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور لپیٹ کر موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں سلوا کر کالی ڈوری لگا کر گلے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ نظرِ بد سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے نجات حاصل ہوگی۔ وہ تعویذ یہ ہے:

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّ ھَامَّۃٍ وَّکُلِّ عَیْنٍ لَّامَّۃٍ حَصَنْتُکَ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ

نظرِ بد کا تعویذ

اگر کسی بچے یا بڑے کو یا جانور کو کسی کی نظرِ بد لگ جائے، جس سے بدن سست، کھانا پینا بند اور جانور کا دودھ سوکھ جائے یا آدمی یا جانور بیمار ہو جائے تو اس طلسم کو باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کر کے انسان یا جانور کے گلے میں باندھے۔ جانور کے گلے میں چمڑے میں سلوا کر باندھے۔

وہ طلسم یہ ہے: ما ما ما ص ص ص حم حم حم ء لا د ع ع

فاروق خان (پشاور)

بندش طلاق

طلاق نہ صرف انسان بلکہ اللہ تعالیٰ کا بھی بہت ناپسندیدہ عمل ہے۔ طلاق بہت مجبوری میں دینے کا حکم ہے۔ شوہر بیوی کا آپس میں بالکل گزارہ نہ ہو تو مجبوراً طلاق دی جاسکتی ہے۔ لیکن آج کل تھوڑی سی ناچاقی اور معمولی بات پر بجائے مسئلہ کو سلجھانے کے طلاق دے دی جاتی ہے۔ عورت کی زندگی خراب ہو جاتی ہے۔ ایسے حالات کے لیے مجھ ناچیز نے کئی طلاقیں روکنے کیلئے ایک تعویذ بنایا ہے، جو آج تک اللہ کے فضل سے خطا نہیں گیا۔ تعویذ کا طریقہ مثال کے ساتھ لکھتا ہوں تاکہ سب کو سمجھنے میں آسانی ہو۔

لڑکی: خالدہ پروین بنت سلامت بی بی

لڑکا: حسن ذکی بن فاطمہ

ابجد قمری سے ان کے عدد نکالیں۔

خالدہ پروین	سلامت بی بی
908	555
حسن ذکی	فاطمہ
848	135

یا قابض:903

ان سب عدد کو جمع کریں۔

908

555

848

135

2446 ٹوٹل

اب اس میں یا قابض کے عدد جمع کریں۔

2446

903

3349 ٹوٹل

یا قابض کا نقش بنائیں۔ نقش میں کوئی تبدیلی نہیں کرنی۔

۳۰۲	۳۰۳	۲۹۸
۲۹۷	۳۰۱	۳۰۵
۳۰۴	۲۹۹	۳۰۰

عزیمت کیلئے موکل نکالنا ہے۔ ٹوٹل 3349

غغغشمطائیل موکل

اعوان کیلئے ٹوٹل سے 316 منفی کردیں 3033

اعوان عزیمت اس طرح بنے گی۔ غغغلجیوش

اقسمت علیکم وعزمت علیکم یا غغغشمطائیل و یا غغغلجیوش بحق یا قابض حسن ذکی بن فاطمہ خالدہ پرویز بنت سلامت بی بی کو تاحیات طلاق نہ دے سکے۔ العجل العجل العجل الوحا الوحا الوحا الساعہ الساعہ الساعہ

تعویذ کو وزن کے نیچے رکھیں۔ اسی وقت کام شروع کردے گا۔

بقیہ : جعلی پیر نے مرید قتل کردیے

زندہ کرنے کی طاقت دے دی ہے' وہ پہلے سیاہ کاروں کو ڈنڈے مار مار کر ہلاک کرے گا اور پھر انہیں دوبارہ زندہ کردے گا اور یہ لوگ معصوم بچوں کی طرح پاک صاف ہو کر نئی زندگی گزاریں گے' عبدالوحید نے یکم اپریل ہفتہ کی شب یہ تجربہ شروع کر دیا' وہ مریدوں کو بلاتا' انہیں نشہ آور مشروب پلاتا اور انہیں ڈنڈے مار مار کر ہلاک کرتا رہا۔ عبدالوحید نے اس عمل کے دوران 20 مریدوں کی جان لے لی' ان میں 16 مرد اور چار خواتین شامل تھیں جب کہ چار لوگوں نے بھاگ کر جان بچالی' بات پھیلی' لوگ اکٹھے ہوئے' پولیس آئی اور عبدالوحید گرفتار ہو گیا' گرفتاری کے بعد عبدالوحید نے تین متضاد بیان دیے' اس کا پہلا بیان تھا' یہ لوگ مجھے زہر دے کر مارنا اور گدی پر قبضہ کرنا چاہتے تھے' میں نے انہیں مار دیا' دوسرا بیان تھا' یہ میرے بچے تھے اور میں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سنت پر عمل کرتے ہوئے ان کو قربان کر دیا اور تیسرا بیان ''جج صاحب آپ میرے ساتھ درگاہ چلیں' میں ان سب کو دوبارہ زندہ کردوں گا بس ایک شرط ہے پولیس ساتھ نہیں ہونی چاہیے''۔ یہ ملکی تاریخ کا خوفناک ترین واقعہ تھا' سائیں عبدالوحید سو فیصد فراڈ اور جرائم پیشہ شخص ہے' یہ نفسیاتی بیماری ''ہائپو کانڈریا'' کا مریض ہے' اس مرض میں انسان اپنے دماغ میں ایک غیر حقیقی دنیا آباد کر لیتا ہے اور یہ اس غیر حقیقی دنیا کو ایمان کی حد تک حقیقی سمجھ بیٹھتا ہے۔

Khazina-e-Ruhaniyat
darulamal.org/magazines/ruhani
magazine@darulamal.org

جنات، آسیب، عفریت، شیاطین وغیرہ سے لڑنے اور ان کو جلانے کا خاص عمل
ہر قسم کے جادو کو ختم کرنے اور جادو کو واپس کرنے کا خاص عمل
ہر قسم کی نظرِ بد اور لاعلاج امراض کا علاج کرنے کا خاص عمل



ھانڈی کا عمل

الحمد للہ دارالعمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ نے جادو، جنات و شیاطین کا علاج کرنے والے عاملین کے لئے ھانڈی کے مختلف اعمال ترتیب دئے ہیں، جن کی مدد سے باآسانی جادو اور جنات کے متاثرہ مریضوں کا جلد علاج کیا جاسکتا ہے۔ یہ اعمال صرف وہی عاملین کر سکتے ہیں، جن کے حصار مضبوط ہوں۔ ورنہ رجعت کا خطرہ رہتا ہے۔ ہم ان عاملین کی طرح نہیں جو یہ دعوے کرتے ہیں کہ ہم سے سیکھنے والوں کو رجعت نہیں ہوتی۔ ہم واضح کہتے ہیں کہ جو غلط استعمال کرے گا، اس کو رجعت ضرور ہوگی۔ اسی لئے اعمال کے ساتھ ساتھ مختلف ھدایات تفصیل سے دی گئی ہیں جن پر عمل کر کے رجعت سے بچا جاسکتا ہے اور ھانڈی کے اعمال کے سلسلے میں بہت تفصیل دی گئی ہے جس کو پڑھ کر، ھانڈی کے اعمال کا صحیح طریقہ آجائے گا اور عمل کرنے میں غلطی کا امکان بھی نہ ہونے کے برابر ہوگا۔ ہم ان عاملین کی طرح نہیں جو تفصیل اس لئے نہیں بتاتے کہ اگر ایک بار ہی سب بتادیا تو "ہمارے پاس کون آئے گا"۔

درجہ اول ھدیہ:-/5500 روپے

درجہ دوم ھدیہ:-/10500 روپے

دو طرح سے ھانڈی کے اعمال سکھائے جاتے ہیں۔

درجہ اول اس میں سات اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ ان اعمال سے جادو، جنات، نظرِ بد، شیاطین، دیو، پری، بھوت، چڑیل اور اسی طرح کی دیگر نقصان دہ مخلوق کے اثرات کا علاج کر سکتے ہیں۔ اسی طرح لاعلاج بیماریوں کا بھی علاج کر سکتے ہیں۔

درجہ دوم اس میں کل دس اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ دو خاص الخاص اعمال ہیں جو سخت سے سخت جادو، بڑے بڑے شیاطین، جنات اور جادوگروں کو سبق سکھانے اور ان کا خاتمہ کرنے کے لئے ہیں۔ ان کی تعداد چاہے جتنی بھی ہو۔ آخر میں ھانڈی کا ایک خاص عمل دیا گیا ہے جو محبت، مفرور کو واپس لانے، رشتہ کے لئے ہاں کروانے میں مفید ہے۔

ان تمام اعمال کے لئے کچھ ریاضتیں بھی کروائی جاتی ہیں تاکہ عامل کے پیچھے جنات کی غیبی مدد بھی شامل رہے۔ صرف طریقے نہیں بتائے جاتے۔ **رابطہ** ناظم: 0346-4661681 نائب ناظم: 0345-4661681 0320-4661681

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ، لاہور پاکستان
ruhanidarsgah
+ruhanidarsgah97 darulamalchishtia
خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119 لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570 فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0343-7772772 (صبح 11 سے شام 5 بجے تک، جمعہ اتوار)
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com ruhanidarsgah.wordpress.com
ruhanidarsgah.blogspot.com ruhanidarsgah +92-322-7772772

تعویذ حفظ و جان کی تفصیل goo.gl/ckrYvj

دل کی بیماریوں کا علاج

مولانا عبدالرحمن عثمانی

۱۔سب سے پہلے مندرجہ ذیل آیت پڑھیے۔

يَاأَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَتْكُمْ مَوْعِظَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَشِفَاءٌ لِمَا فِي الصُّدُورِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ ﴿یونس ۵۷﴾

۲۔آنحضرت ﷺ کثرت سے یہ پڑھا کرتے تھے۔

"يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ وَثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ" (ترمذی)

اور خاص طور پر یہ مذکورہ دعا حالت سجدہ میں پڑھے۔اس لئے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا ہے کہ "جب دل درست ہو تو سارے اعضاء درست رہتے ہیں اور جب دل میں فساد آجائے تو سارے اعضاء میں فساد آجاتا ہے"۔

۳۔بعض علماء فرماتے ہیں کہ دل کی دوا پانچ چیزوں میں ہے۔

۱۔غور وفکر کے ساتھ قرآن پاک کی تلاوت کرنا۔

۲۔پیٹ کا خالی رکھنا۔

۳۔شب بیداری۔

۴۔وقت سحر دعا والتجاء کرنا۔

۵۔صحبتِ صالحین۔

ایک عربی شاعر نے دل کی کیفیت کو اس طرح بیان کیا ہے۔

دواء قلبك خمسة عند قسوته

فدمه عليها تفز بالخير والظفر

(یعنی دل کی سختی کے وقت تیرے دل کی دوا پانچ چیزوں کو اختیار کرنا ہے۔تو اس پر دوام رکھ۔خیر وبھلائی اور کامیابی وکامرانی سے ہمکنار رہے گا)

خَلَاءُ بَطْنٍ، وَقُرْآنَ تَدَبُّرًا (پیٹ کو خالی رکھنا اور قرآن میں غور وفکر کرنا)

كَذَا تَضَرُّعٌ بِاكٍ سَاعَةَ السَّحَرِ (صبح سحری کے وقت گڑگڑا کر رونا اور دعا کرنا)

كَذَا قِيَامُكَ جُنْحَ اللَّيْلِ أَوْسَطَهُ (رات کی تاریکی اور آخری حصہ میں جاگنا)

وَأَنْ تُجَالِسَ أَهْلَ الْخَيْرِ وَالْخَبَرِ (صوفیاء اور علماء کی صحبت اختیار کرنا)

ابن القیم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ: جب بندہ صبح وشام کرتا ہے اور اس کی غرض اور مقصد محض اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی اور خوشنودی ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی تمام حاجات کو خود پورا فرماتے ہیں اور اس کے تمام مہمات ومقاصد کا خود کفیل ہوجاتے ہیں اور اپنی محبت کیلئے اس کا دل، اپنے ذکر کیلئے اس کی زبان اور اعضا وجوارح کو اپنی فرمانبرداری کیلئے فارغ کردیتے ہیں۔ اور جب بندہ صبح وشام کرتا ہے اور اس کی غرض ومقصد محض دنیا کا حصول ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ دنیا کے ھموم وغموم اور افکار اسی پر ڈال دیتے ہیں اور اس کو اسی کے نفس کے سپرد کردیتے ہیں۔ چنانچہ اس کا دل اللہ کے محبت وذکر سے بے تعلق ہوکر مخلوق کی محبت وذکر کے ساتھ متعلق ہوجاتا ہے۔اس طرح اس کے جوارح واعضاء اللہ کی اطاعت سے ہٹ کر مخلوق کے کاموں کے ساتھ متعلق ہوجاتے ہیں۔پس وہ حیوان کی طرح دوسرے کی خدمت کرنے میں اپنی محنت وجانفشانی کرتا ہے۔لہٰذا ہر وہ شخص جو اللہ تعالیٰ کی بندگی اور اطاعت وفرمانبرداری سے منہ توڑے گا، وہ مخلوق کی بندگی اور محبت میں مبتلا ہوگا۔ارشاد باری تعالیٰ ہے "جو شخص رحمٰن کے ذکر سے اعراض کرے گا، ہم اس پر شیطان مسلط کردیں گے اور وہ اس کا ساتھی بن جائے گا"۔(الزخرف: ۳۶) امام ابن القیم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ تین موقعوں پر اپنے دل کو ڈھونڈو:

۱۔قرآن کریم کی سماعت کے وقت

۲۔ذکر کی مجلسوں کے وقت

۳۔خلوت کے اوقات میں

اور اگر تیرا دل تین موقعوں پر موجود نہ ہو تو اللہ تعالیٰ سے دعا کر کہ وہ تجھے دل عطا فرمائے۔کیونکہ ایسے دل کو دل نہیں کہتے۔

منشیات کے استعمال کے نقصانات

مولانا محمد حنیف جالندھری دامت برکاتہم

وطن عزیز پاکستان میں منشیات کے استعمال کا رجحان تیزی سے بڑھ رہا ہے جس کی وجہ سے نوجوان نسل بالخصوص اور پوری قوم بالعموم بری طرح سے متاثر ہو رہی ہے۔ منشیات کے استعمال کی بنیادی وجہ دین سے دوری، نشہ آور اشیاء کے استعمال کے نقصانات اور وعیدوں سے بے خبری ہے۔ حالات کا جبر، بڑھتی ہوئی بے روزگاری اور روز افزوں مہنگائی بھی اس کا باعث بن رہی ہے لیکن سب سے افسوسناک امر یہ ہے کہ اس وقت منشیات کے استعمال کے بارے میں ہم بعض افسوسناک مخمصوں میں مبتلا ہیں۔ مثال کے طور پر شراب جسے ام الخبائث کہا گیا، اس کے عادی افراد کی اجتماعی طور پر صفائی پیش کی جاتی ہے۔ انہیں ہر قسم کا تحفظ فراہم کیا جاتا ہے اور جب کبھی بھی منشیات کا تذکرہ ہوتا ہے تو شراب جو دینی، طبی اور معاشرتی ہر حوالے سے سب سے خطرناک ترین نشہ ہے، اس کا سرے سے تذکرہ نہیں کیا جاتا۔ افیون، چرس اور دیگر منشیات کی ترسیل و تقسیم سے چشم پوشی کی جاتی ہے۔

سگریٹ سازی کی صنعت کو باقاعدہ قانونی حیثیت حاصل ہے لیکن یہ کس قدر مضحکہ خیز امر ہے کہ سگریٹ کی ڈبیہ پر ''خبردار! تمباکو نوشی صحت کے لیے مضر ہے'' جیسا وعظ رقم کیا جاتا ہے لیکن اس سگریٹ سازی کی صنعت کو روکنے یا اس کی خرید و فروخت کے حوالے سے کسی قسم کی سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کیا جاتا۔ آج کے دور میں نوجوان نسل حتی کہ لڑکیوں میں بھی شیشہ کا استعمال ایک فیشن بن کر رہ گیا ہے۔ جگہ جگہ شیشہ کلب کھل گئے ہیں اور صرف منشیات کے استعمال ہی نہیں بلکہ دیگر بہت سی خرابیوں اور قباحتوں کے گڑھ بھی ہیں لیکن ان کے خلاف نہ کوئی ایکشن ہوتا ہے اور نہ ہی آپریشن، میڈیا پر باقاعدہ منشیات کے استعمال کی مختلف حیلے بہانوں سے ترغیب دی جاتی ہے، کبھی سگار نوشی کو امارت کی نشانی باور کروایا جاتا ہے، کبھی سگریٹ نوشی کو پریشانی اور ڈپریشن کا تدارک خیال کیا جاتا ہے، کبھی اس سے ملتے جلتے دیگر مناظر دکھائے جاتے ہیں اور اشتہاری صنعت میں سگریٹ اور دیگر نشہ آور اشیاء کے باقاعدہ اشتہارات چلائے جاتے ہیں اور پھر اس کے ساتھ ساتھ وزارت انسداد منشیات کو منشیات پر کنٹرول کا ٹاسک بھی سونپا جاتا ہے۔ گاہے یوں لگتا ہے کہ ہمارے ہاں پانی ابالنے کے لیے کسی دیگچی میں ڈال کر چولہے پر چڑھا دیا گیا ہے اور اس کو ٹھنڈا کرنے کے لیے آگ بجھانے کا خیال کسی کو نہیں آتا بلکہ اسے ٹھنڈا کرنے کے لیے وزارت انسداد منشیات کو برف کی ٹکڑیاں اس پانی میں ڈالنے پر مامور کر دیا جاتا ہے۔

یاد رہے کہ جب تک منشیات کے استعمال کو رواج اور بڑھاوا دینے والے اسباب کا خاتمہ نہیں کیا جاتا اس وقت تک اس مسئلے کو کنٹرول نہیں کیا جا سکتا اور اسی طرح اگر حکومت کی طرف سے اس معاملے میں سنجیدگی کا مظاہرہ کیا بھی جائے اور اس کے اصل اسباب کے تدارک کا اہتمام بھی ہو، تب بھی جب تک زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والوں بالخصوص علماء کرام اور منبر و محراب کی طرف سے منشیات کی روک تھام کے لیے سنجیدہ کردار ادا کرنے کی ضرورت پر زور نہیں دیا جاتا اس وقت تک اسے کسی طور پر کنٹرول نہیں کیا جا سکتا۔ اس وقت ضرورت اس امر کی ہے کہ صرف حکومت نہیں بلکہ تمام طبقات بالخصوص میڈیا اور منبر و محراب منشیات کے استعمال کے رجحانات کو کنٹرول کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔

اس سلسلے میں ذیل میں منشیات کے حوالے سے اسلامی احکامات اور پاکستان کی صورتحال کی ایک دھندلی سی تصویر پیش کی جا رہی ہے تاکہ اس کی روشنی میں تمام لوگ بالخصوص اہل علم اور اہل قلم اپنی تحریروں، تقریروں، خطبات و مواعظ میں اس انسانی، اسلامی اور طبی مسئلے کو لازمی طور پر موضوع بحث بنائیں۔

منشیات کا استعمال اسلام کی نظر میں

منشیات ایک لعنت ہے جو معاشرے کو گھن کی طرح کھا رہے ہیں۔ اسلامی تعلیمات کی رو سے منشیات سے پرہیز لازم ہے۔ قرآن و حدیث

میں ان کے استعمال سے سختی سے روکا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے:

''اے ایمان والوں! شراب اور جوا اور بت اور پاسے (یہ سب) ناپاک کام اعمال شیطان سے ہیں۔ سو ان سے بچتے رہنا تاکہ نجات پاؤ (۵:۹۰)''۔

اللہ تعالیٰ نے منشیات کو دوسری خطرناک اور قابل نفرت شیطانی اعمال میں سے گنوایا ہے اور ہمیں ان سے پرہیز کرنے کے لئے کہا ہے۔

اللہ تعالیٰ ایک دوسری آیت میں فرماتا ہے:

''شیطان تو یہ چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے سبب تمہارے آپس میں دشمنی اور رنجش ڈلوادے اور تمہیں خدا کی یاد سے اور نماز سے روک دے تو تم ان کو (ان کاموں سے) باز رہنا چاہیے''۔ (المائدہ آیت ۹۱)

یہ آیت ہمیں بتاتی ہے کہ یہ کس طرح شیطان کا ایک قابل نفرت عمل ہے کیونکہ منشیات دشمنی کے بیج بونے کے علاوہ آپ کو اپنے اصل مقصد یعنی ذکر الٰہی سے روکتی ہیں اور یہ کہ آپ کا اپنے نفس پر کنٹرول ختم ہو جاتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ سے بھی منشیات کے بارے میں کئی احادیث نقل ہیں۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جو کوئی شراب پیئے، اس کو درے مارو اور اگر وہ چوتھی بار اس کا ارتکاب کرے تو اسے قتل کرو''۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ آگے فرماتے ہیں کہ ایک شخص کو بعد میں آپ ﷺ کے سامنے لایا گیا جس نے چوتھی بار شراب پی لی تھی تو آپ ﷺ نے اس کو مارا مگر قتل نہیں کیا۔ (ترمذی، ابوداؤد)

مندرجہ ذیل احادیث واضح طور پر بتاتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے منشیات کی ممانعت کی تھی:

(۱) حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''ہر نشے والی چیز خمر ہے اور ہر نشے والی چیز حرام ہے جو کوئی اس دنیا میں شراب پیتا ہے اور اسی حالت میں مرتا ہے اور توبہ نہیں کرتا تو وہ اگلے جہاں میں اسے نہیں پیئے گا''۔

(۲) حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص یمن سے آیا اور رسول اللہ ﷺ سے ایک شراب کے بارے میں پوچھا جو ایک اناج (جسے مضر کہتے تھے) سے نکالی جاتی تھی اور جسے وہ اپنے ملک میں پیتے تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس سے پوچھا کہ ''کیا اس میں نشہ ہے؟'' تو اس نے جواب دیا ''ہاں''۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ''ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ جو کوئی نشہ آور چیز پیئے گا تو ان کو (تینۃ الخبل) پلایا جائے گا''۔ انہوں نے پوچھا اے اللہ کے رسول اللہ ﷺ یہ ''تینۃ الخبل'' کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا ''جہنمیوں کا پسینہ یا پیپ''۔

(مسلم شریف)

(۳) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ''جو شراب پیئے گا اللہ تعالیٰ اس کی چالیس دن تک نماز قبول نہیں کرے گا اور اگر وہ توبہ کرے تو اللہ تعالیٰ معاف کرے گا اور اگر وہ دوبارہ پیتا ہے تو اللہ چالیس دن تک اس کی نماز قبول نہیں کرے گا اور اگر وہ چوتھی بار پیتا ہے تو اللہ تعالیٰ چالیس دن تک اس کی نماز قبول نہیں فرمائے گا اور اگر وہ توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول نہیں کرے گا اور اس کو جہنمیوں کی پیپ کے دریا سے پلایا جائے گا''۔

(ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، دارمی)

(۴) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جو کوئی چیز بڑی مقدار میں نشہ دیتی ہے اس کی تھوڑی مقدار بھی حرام ہے۔

(ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ)

(۵) حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہر نشہ آور اور مفتر (اعضاء کو بے حس کرنے والا) چیز سے منع فرمایا۔

(ابوداؤد)

(۶) حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ ''جو کوئی والدین کی نافرمانی کرتا ہے، جوا کھیلتا ہے، صدقہ دینے سے میں سخت ہے اور عادی شرابی ہے وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا''۔

(دارمی)

اس طرح متعدد احادیث میں منشیات کی ممانعت آئی ہے اور ان کی

قباحت بیان ہوئی ہے۔ سکالرز اور علماء کرام نے بھی منشیات کے برے اثرات پر دینوی و مذہبی نقطہ نظر سے روشنی ڈالی ہے۔

علامہ ابن حجرؒ نے کئی سکالرز سے حشیش استعمال کرنے کے 120 دنیاوی اور روحانی نقصانات روایت کئے ہیں۔

ابن سینا کہتے ہیں کہ ان کی بڑی مقدار منی کو خشک کرتی ہے اور اس طرح آدمی کے جنسی جذبہ کو ختم کرتی ہے۔

ابن بیطار کہتے ہیں کہ لوگوں کے ایک گروپ نے منشیات کا استعمال کیا اور وہ پاگل ہو گئے۔

ابن تیمیہ فرماتے ہیں جو نقصانات شراب میں شامل ہیں اس سے زیادہ حشیش میں شامل ہیں کیونکہ شراب کے اکثر نقصانات دین کو متاثر کرتے ہیں مگر حشیش دین اور جسم دونوں کو متاثر کرتا ہے۔ الغرض منشیات جرائم ہیں اور ان سے احتراز لازمی ہے۔ یہ لوگوں کی زندگیوں کو جسمانی، ذہنی، اخلاقی اور روحانی طور پر تباہ کرتی ہیں۔

منشیات اور پاکستان کی صورتحال، حقائق اور اعداد و شمار کی روشنی میں

اگرچہ اس وبا کا اصل منبع ہمارا پڑوسی ملک افغانستان ہے تاہم اس منشیات کی پیداوار (ہیروئن) کا تقریباً 44 فیصد پاکستان کے راستے دوسرے ممالک کو سمگل ہوتا ہے جب کہ اس کا ایک بڑا حصہ (تقریباً 25 فیصد) یہیں پاکستان میں رہ جاتا ہے جس کو ہمارے مقامی لوگ استعمال کرتے ہیں۔ اس طرح سے منشیات کا دھندہ اور اس کا بڑھتا ہوا استعمال ایک وبا اور چیلنج کی صورت اختیار کر گیا ہے۔ منشیات کے عادی لوگوں میں 60 فیصد لوگوں کی عمر 15 تا 30 سال کے درمیان ہے جو یہ ظاہر کرتی ہے کہ منشیات کی بڑھتی ہوئی لعنت کس طرح ہماری نوجوان اور آنے والے نسلوں کے لئے زہر قاتل ثابت ہو رہی ہے۔

۲: پاکستان میں نشہ کے لئے زیادہ تر چرس، کیمیائی ادویات جیسے ڈائیز اپام، ہیروئن اور گٹکا وغیرہ استعمال ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ نشہ کے عادی لوگوں کی ایک کثیر تعداد ٹیکہ کے ذریعے ادویات کا استعمال کرتی ہے۔ وہ آپس میں مشترکہ سرنج کا استعمال کرتے ہیں جس کی وجہ سے یرقان اور ایڈز کے امراض لاحق ہو جاتے ہیں۔ ایک حالیہ سٹڈی سے یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ پاکستان میں تقریباً ایک لاکھ کے قریب ایچ آئی وی ایڈز کے مریض ہیں جن میں سے 27 فیصد ٹیکہ کے ذریعہ نشہ آور ادویات کا استعمال کرنے والے ہیں۔ ٹیکہ کا استعمال جسم کے اہم اعضاء جیسے گردہ اور جگر وغیرہ کو بھی متاثر کرتا ہے اور ٹیکے کے ذریعے نشہ آور ادویات کا استعمال کرنے والے تھوڑے ہی عرصہ میں معمول کی زندگی گزارنے کے قابل نہیں رہتے۔

۳: نشہ آور ادویات کا استعمال خواتین میں بھی برابر پھیل رہا ہے۔ وزارت انسداد منشیات کے تحت کرائی گئی ایک حالیہ سٹڈی کے مطابق نشے کی عادی خواتین میں 68 فیصد پڑھی لکھی ہیں۔ جبکہ 38 فیصد تو یونیورسٹی اور کالج گریجوٹ ہیں۔ خواتین کو نشہ آور ادویات کی بہم رسانی زیادہ تر ان کے خاوند، والد، سسر، بھائیوں اور ہمسائیوں کے ذریعے ہوتی ہے۔ ان میں سے 70 فیصد خواتین شوقیہ یا دوستوں کی وجہ سے نشہ کرنے لگی ہیں۔ لڑکیوں اور لڑکوں کے باسٹل نشہ بیچنے والوں کے زیادہ شکار ہوتے ہیں جو ان کو ان کی دہلیز پر نشہ آور اشیاء بہم پہنچاتے ہیں۔ شیشے کا استعمال نوجوان نسل کے لئے ایک نئے خطرے کو طور پر سامنے آ رہا ہے اور یہ مرد و زن ہر دو میں مقبول ہے۔ گروپ کی صورت میں 40 منٹ تک شیشہ پینا 200 سگریٹ پینے کے برابر دھواں اپنے اندر لے جانے کے برابر ہے۔ تپ دق کے مرض کا پاکستان میں دوبارہ سے پیدا ہو جانے کی ایک وجہ شیشہ کا استعمال بھی ہے۔

۴: مطالعاتی تجزیہ بتاتا ہے کہ جن نوجوانوں میں درجہ ذیل علامات پائی جاتی ہوں وہ نشہ کی طرف مائل ہو سکتے ہیں!

(i) غصیلہ پن۔ (ii) سکول کے امتحانات میں فیل ہونا۔ (iii) سکول سے غیر حاضر رہنا۔ (iv) جسمانی ساخت میں تبدیلی آ جانا۔ (v) سونے کی عادات میں تبدیلی آ جانا۔ (vi) رقم کی طلب یا معمول سے زیادہ رقم کا پاس ہونا۔ کیونکہ پہلے پہل تو والدین بچے پر توجہ نہیں دیتے اور جب ان کو بعد میں معلوم ہوتا ہے کہ ان کا بچہ نشہ آور ادویات کا استعمال کر رہا ہے تو وہ اس پر پابندیاں لگا دیتے ہیں اور رقم دینا بھی بند کر دیتے ہیں۔ جس کے نتیجے میں بچے کے اندر پیسہ اور گھر سے دیگر اشیاء چوری کرنے کی عادت پڑ جاتی ہے۔

اس طرح تمام کنبہ متاثر ہوجاتا ہے اور اس کے چھوٹے بہن بھائی بھی بڑے کی نقل کرتے ہوئے نشہ کرنے لگ جاتے ہیں۔

۵: چونکہ ہمارے قانون نافذ کرنے والے ادارے اور ایجنسیاں گلیوں اور بازاروں میں عام لوگوں تک نشہ آور ادویات کی سپلائی کو کنٹرول نہیں کر سکے، اس لئے ہم اور کمیونٹی کا فرض بنتا ہے کہ وہ اپنے علاقہ اور قرب وجوار میں نشہ کی ترسیل اور استعمال کرنے والوں پر نگاہ رکھیں اور اس کی خرید وفروخت کو روکیں۔ چونکہ ہمارے مذہب اسلام میں نشہ حرام ہے، اس لئے علماء حضرات کی ذمہ داری بھی کئی گنا بڑھ جاتی ہے۔ (نشہ کی حرمت سے متعلق قرآنی آیات واحادیث کے اقتباسات منسلک ہیں)۔ علماء حضرات جمعہ کے خطبوں کے ذریعے اس پیغام کو عوام تک پہنچا کر ہماری نوجوان نسل کو نشہ کے مضر اثرات سے محفوظ بنا سکتے ہیں۔ مساجد کے علماء حضرات سے یہ بھی گزارش ہے کہ وہ والدین کو متنبہ فرمائیں کہ وہ اپنے بچوں کی طرف توجہ دیں اور کچھ وقت ان کے ساتھ بھی گزاریں تاکہ وہ راہ راست پر رہیں اور اپنی تعلیم پر توجہ مرکوز رکھیں۔

اسلامی تعلیمات اور طبی نقصانات کے اس مختصر سے جائزے کے بعد سب سے پہلے تو ہم

(۱) حکومت سے گزارش کریں گے کہ وہ منشیات کی روک تھام کے لیے مستقل بنیادوں پر پالیسی وضع کرے، دور رس نتائج واثرات کے حامل اقدامات اٹھائے اور منشیات کی کثرت کے اصل اسباب کے تدارک کی فکر کرے اور محض وعظ وتلقین پر اکتفاء نہ کرے بلکہ سخت اقدامات اٹھائے۔

(۲) والدین اور بچوں کے سرپرستوں کو چاہیے کہ وہ اپنی اولاد کی تربیت اور نگرانی میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں اور ان کو دینی تعلیمات بالخصوص منشیات کے استعمال کے نقصانات وعواقب سے ضرور آگاہ کریں۔

(۳) میڈیا اور ذرائع ابلاغ سے وابستہ افراد پر لازم ہے کہ وہ بھی اس سیلاب بلاخیز کو روکنے کے لیے اپنی اور اپنے ذرائع ابلاغ کی حیثیت کو مکمل طور پر استعمال کریں، کسی ٹی وی پروگرام یا ڈرامے وغیرہ کے ذریعے کسی طور پر حتی کہ بین السطور میں بھی یہ پیغام نسل کی طرف نہیں جانا چاہیے کہ وہ منشیات میں کسی قسم کی دلچسپی کا اظہار کریں۔

(۴) تعلیمی اداروں اور اساتذہ کو چاہیے کہ قوم کے بچے اور بچیاں، ان کا کردار اور ان کا مستقبل، ان اداروں اور اساتذہ کے پاس امانت ہوتا ہے، وہ اس کی مکمل پاسبانی کا اہتمام کریں اور کوئی ایسا چور دروازہ باقی نہ رہنے دیں جہاں سے کسی کے بچے یا بچی کو نشے کی لت پڑ سکے۔

(۵) اور سب سے اہم اور بھاری ذمہ داری حضرات علماء کرام پر عائد ہوتی ہے۔ چونکہ اللہ کے فضل وکرم سے علماء کرام کا تمام دینی اور سماجی حلقوں میں ایک خاص مقام ہے۔ لوگ ان کی بات کو اہمیت دیتے ہیں۔ مستقبل کی قیادت ان علماء کرام کے زیر اثر پروان چڑھتی ہے، اس لیے علماء کرام کو چاہیے کہ وہ اسے دینی فریضہ سمجھتے ہوئے اپنے حلقہ اثر کے مدارس وعلماء، عوام الناس اور منبر ومحراب کو اس لعنت سے چھٹکارے کے لیے استعمال فرمائیں۔

حالتِ نزع

حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک لونڈی حالت نزع میں آیہ شریف "فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی" پڑھنے لگی۔ حاضرین کو تعجب ہوا اور اس کنیز سے اس آیت کے پڑھنے کا باعث پوچھا۔ اس نے ہاتھ اٹھا کر بتایا کہ مجھ کو یہ دو آدمی پڑھاتے ہیں۔ مولانا صاحبؒ کو اس حال کی اطلاع دی گئی۔ آپؒ نے فرمایا "اس سے کہو ان پڑھانے والوں سے، جو واقع میں فرشتے ہیں، دریافت کرے کہ کس عمل کے باعث خداوند تعالیٰ نے اس کو جنت عطاء فرمائی؟" چنانچہ بعد استفسار لونڈی نے جواب دیا "یہ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ بازار سے روغن زرد خرید کر آیا تھا۔ تو نے اس کو آگ پر گرم کیا، اس میں ایک روپیہ برآمد ہوا، وہ روپیہ تو نے مالک روغن زرد خرید کو واپس دیا اور خود تصرف نہیں کیا۔ یہ دیانت اور امانت تیری خدا تعالیٰ کو پسند آئی اور اس کے عوض بہشت عطا فرمائی۔"

(مرتبہ مولانا ظہیر الدین بابری)

ستاروں کی مدد سے علاج

سید سبطین حیدر گیلانی (چیف ایڈیٹر ماہنامہ تحفہ گیلانی)

آج ہم خزینۂ روحانیات کے قارئین کے لیے ایک نئے سلسلہ کا آغاز کر رہے ہیں، عملیات کے قاری کے لیے تو ایک نئی چیز ہے لیکن ہومیو پیتھک کے شائقین کے لیے کوئی نئی چیز نہیں کیونکہ ماہنامہ ہومیو پیتھک نیوز میں مسلسل 10 سال تقریباً یہ میرا مضمون شائع ہوتا رہا ہے۔ لیکن آج سوچا کہ خزینۂ روحانیات کے قاری صاحبان کو بھی اس سے پورا پورا فائدہ اٹھانا چاہیے۔ خزینۂ روحانیات کے قاری حضرات برج اور ستاروں سے اچھی طرح واقف ہوں گے۔ اس سلسلہ میں ہم بارہ برجوں کا ہومیو پیتھک کے طریقۂ علاج میں ہر برج کے بارے میں لکھیں گے تاکہ عامل حضرات کو بیماری اور جادو ٹونہ، تعویذات وغیرہ کی پہچان آسانی سے ہو سکے۔ ان شاء اللہ خزینۂ روحانیات کے قاری حضرات کے لیے یہ بہت دل چسپ مضمون ثابت ہوگا۔

برج حمل حامل مریخ

تاریخ پیدائش: 21 مارچ سے 20 اپریل

نام کے پہلے حروف: ا، ل، ع، ی، ے

معدنی نمک: پوٹاشیم فاسفیٹ، کالی فاس

یہ نمک ہومیو پیتھک سٹور سے آسانی کے ساتھ مل جاتے ہیں۔

حمل عورتیں: حمل عورتیں ذہین اور محنتی ہوتی ہیں اور اپنی الگ رائے رکھتی ہیں۔ یہ گفتگو کے فن میں ماہر ہوتی ہیں۔ مہمان نواز ہوتی ہیں اور شوہر کو ترقی کرنے میں مدد دیتی ہیں۔ بعض اوقات یہ خانگی ذمہ داریوں کے علاوہ ملازمت بھی اختیار کرتی ہیں۔ اگر یہ گھر سے باہر کی سرگرمیوں میں حصہ لیں تو اور بہتر بیوی ثابت ہوتی ہیں۔ یہ پرکشش اور خوش ذوق ہوتی ہیں اور اس بات کا اظہار ان کے لباس سے بھی ہوتا ہے۔ یہ بہتر سماجی زندگی کی خواہش مند ہوتی ہیں۔ پُرجوش اور ترقی کرنے کے خواہش مند مرد سے شادی کرنا پسند کرتی ہیں اور یہ اپنی پسند کے مردوں کے ساتھ مطمئن رہتی ہیں اور مکمل وفادار ہوتی ہیں۔

حمل مرد: یہ مرد مکمل مرد ہوتے ہیں اور ترقی کے خواہش مند اور محنتی ہوتے ہیں۔ برج حمل سے تعلق رکھنے والے مرد چاہتے ہیں کہ یہ اپنی محبوبہ کی توجہ کا مرکز ہوں۔ یہ لوگ ہنسی مذاق پسند کرتے ہیں۔ یہ اپنی تعریف بھی پسند کرتے ہیں، بشرطیکہ حقیقت پر مبنی ہو۔ شوہر کی حیثیت سے یہ حاکمانہ مزاج اور گرم جوشی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ یہ مرد فوجی، ہوا باز، استاد، انجینئر، ماہر تعمیرات اور مینجنگ ڈائریکٹر وغیرہ بن سکتے ہیں۔ اس میں ہمارا خاص مقصد تو ستاروں کی مدد سے علاج ہے، اس لیے ہم حمل مرد اور عورتوں کی صحت کا جائزہ لیتے ہیں۔

حمل لوگوں کی صحت: برج حمل کے لوگوں کو سر درد، دماغی تھکان اور اعصابی درد جیسے امراض لاحق ہو سکتے ہیں۔ سر، دماغ اور چہرہ پر حمل کی حکمرانی ہوتی ہے۔ حمل لوگوں کو بعض اوقات دمہ کے تکلیف دہ مرض کا بھی سامنا کرنا پڑتا ہے اور اگر یہ مرض مکمل طور پر لاحق نہ ہو تو دباؤ کی وجہ سے کم از کم بے خوابی اور پرانا نزلہ زکام جیسی سطحی علامات ظاہر ہو سکتی ہیں۔ حمل لوگ چونکہ ترقی کی زبردست خواہش رکھتے ہیں، لہٰذا ان پر ذہنی دباؤ رہتا ہیں۔ چنانچہ ہائی بلڈ پریشر کی وجہ سے یہ دوران خون کے امراض کا شکار ہو سکتے ہیں۔ حمل لوگوں کو چاہیے کہ وہ گوشت اور مچھلی کم سے کم کھائیں اور زیادہ تر سبزیاں پھل اور سلاد وغیرہ استعمال کریں۔ شراب، سگریٹ نوشی اور کثیف ہوا، یہ تین چیزیں حمل لوگوں کے بدترین دشمن ہیں۔ ان لوگوں کو چاہیے کہ جب ان پر کسی قسم کا دباؤ ہو تو اپنا ذہنی توازن برقرار رکھیں۔

- وڈیرہ کے بھیانک نتائج
- والدین کی مرضی کی شادی یا پسند کی شادی
- نکاح وشادی کے لئے مجرب اعمال
- کیا آپ کی ازدواجی زندگی پختہ ہے؟
- جہیز کے لالچیوں سے اپنی بچیوں کو بچائیں
- رشتہ اور شادی ہونے کی ایک خاص دعا
- دوسری شادی ہونے کے لئے اعمال
- نکاح میں تاخیر کیوں؟

قیمت
80 روپے



رسالہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کے ذریعے ارسال کیا جائے گا۔

رسالہ حاصل کرنے کے لئے جلد رابطہ فرمائیں

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Facebook: fb.com/khazinaeruhaniyat
E-mail: magazine@darulamal.org

جائے Ph # 042-35410586
طلبہ Cell # 0322-4773786, 0332-4487877
پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570

خوشخبری

حفاظت نمبر

APRIL 2015


حفاظت کے موضوع پر منفرد اعمال کا خزانہ

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا نواں خاص نمبر "حفاظت نمبر" آج ہی طلب فرمائیں

رسالہ عوام وخواص.....سب کے لئے.....یکساں مفید

قیمت 80 روپے

- عارف باللہ شیخ الحدیث حضرت مولانا مشرف علی تھانوی دامت برکاتہم العالی کا حفاظت کیلئے ایک خاص وظیفہ
- اللہ ﷻ کے امر کے بغیر کسی کو نفع اور نقصان نہیں پہنچتا
- روحانی درسگاہ میں روحانی حفاظت کے لیے سکھائے جانے والے اعمال کی تفصیل
- صدقات سے حفاظت
- حفاظت کے چند خاص اعمال
- حفاظت کے لیے درود شریف کے اعمال
- حفاظت کے خاص طلسمی تعویذات
- اولیائے کرام، بزرگان دین اور اکابرین علمائے کرام کے حفاظت کے مجرب اعمال
- حضرت مولانا امان اللہ صاحب رحمہ اللہ
- دعائے استعاذہ
- استاذ العاملین حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہٗ کے حفاظت کے لیے مجرب اعمال
- عاملین کے حفاظت کے خاص خاص اعمال
- مجموعہ تعوذات
- دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کی خاص دعا
- دجال سے حفاظت کا انمول تحفہ
- دشمنوں سے حفاظت کے اعمال
- روحانی حفاظت کے اعمال
- ہر برائی، شر اور تمام موذی چیزوں سے حفاظت کے خاص الخاص اعمال
- میرا سالہال سال کا سفر میں حفاظت کا وظیفہ
- نقش حفاظت
- لوح مبارک برائے روحانی حفاظت
- مضبوط حصار کی ضرورت
- سورۃ یٰسین، صدقہ اور نیکی سے حفاظت
- روحانی حفاظت ہو تو کیسی ہو
- حفاظت کی تین خاص مسنون دعائیں
- حصار کی ضرورت وحفاظت کے قرآنی اعمال
- اپنے بڑوں سے چھوٹی سی گذارش
- غلط لوگوں اور دشمنوں کی نظر سے مستور رہنے کا ایک خاص عمل
- ایمانی، روحانی، جسمانی حفاظت کے لیے مسنون دعائیں



رسالہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کے ذریعے ارسال کیا جائے گا۔

رسالہ حاصل کرنے کے لئے جلد رابطہ فرمائیں

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Facebook: fb.com/khazinaeruhaniyat
E-mail: magazine@darulamal.org

جائے Ph # 042-35410586
طلبے Cell # 0322-4773786, 0332-4487877
خلوص نیت پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570

خوشخبری

بندش نمبر

OCTOBER-2015

ہر قسم کی بندش ختم کرنے کے اعمال کا خزانہ

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا دسواں خاص نمبر "بندش نمبر" آج ہی طلب فرمائیں۔

رسالہ عوام و خواص ..... سب کے لئے ..... یکساں مفید

- بندش کیا ہوتی ہے؟ کیسے لگتی ہے؟ کیسے ختم ہوتی ہے؟
- بندش روزگار کیسے ختم ہو؟
- بندش رشتہ کا علاج
- عامل بندش کا علاج کیسے کرے؟
- عامل کی بندش کے اسباب و علاج
- اللہ ﷻ کے امر کے بغیر کسی کو نفع اور نقصان نہیں پہنچتا
- نظر بد، جادو اور جنات کے اثرات کی روحانی تشخیص کرنے کے طریقے
- اولیائے کرام اور اکابرین علمائے کرام کے مختلف قسم کی بندشوں کو ختم کرنے کے اعمال
- حضرت مولانا امان اللہ صاحبؒ کے بندشوں کو ختم کرنے کے اعمال
- مختلف قسم کی بندشوں کو ختم کرنے اور لگانے کے اعمال
- حضرت مولانا حسن الہاشمی دامت برکاتہم العالی کے مختلف قسم کی بندشوں کو ختم کرنے کے اعمال
- لوح خلاصی بندش
- بحر الظفر..... بندش رزق و بیان عملیات تسخیر الرزق
- سفلی، بندش، جادو، سحر اور جنات کا علاج بذریعہ قرآن و نورانی اعمال
- بندش لگانے و کھولنے کے تیر بہدف اعمال
- مختلف قسم کی بندشوں سے نجات اور بندش لگانے کے اعمال
- ملازم حسین صاحب کے مختلف قسم کی بندشوں سے نجات کے اعمال
- سید ذیشان نظامی کے مختلف قسم کی بندشوں کو ختم کرنے کے اعمال
- امنت باللہ اور چہل کاف کے جنات کے بتائے ہوئے بندش کے علاج بندچ کو کھولنے کے لیے
- رشتہ کی بندش کو ختم کرنے کے اعمال
- کاروباری بندش کو ختم کرنے کے اعمال
- ہر قسم کی بندش کو ختم کرنے کا ایک مجرب اور خاص الخاص تعویذ
- اولاد کی بندش کو ختم کرنے کا ایک خاص عمل
- اولاد نرینہ کی بندش کو ختم کرنے کا ایک خاص عمل
- رزق کی بندش کو ختم کرنے کے اعمال
- ہر طرح کی بندش کا ایک کرشماتی توڑ
- بندش بندش بندش
- "کیف مریم" اور سورۃ الناس" زہر مہرہ سے بندش کا مکمل خاتمہ
- کاش البرنی مرحوم کے بندش لگانے کے چند نایاب طریقے
- کرامات جفر۔ لوح خاص دفع بندش
- ہر قسم کی بندش کو ختم کرنے کے اعمال
- مرد اور عورت کی شہوت کی بندش کو ختم کرنے کے اعمال
- سفر کی بندش کو ختم کرنے کے اعمال
- بندش لگانے کے خاص اعمال

قیمت 80 روپے



رسالہ جس روز ڈاک یا کوریئر کے ذریعے ارسال کیا جائے گا۔

رسالہ حاصل کرنے کے لئے جلد رابطہ فرمائیں

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Facebook: fb.com/khazinaeruhaniyat
E-mail: magazine@darulamal.org

جائے Ph # 042-35410586
طلب Cell # 0322-4773786, 0332-4487877
خط و کتابت پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570

www.darulamal.org/magazines/khazina-e-Ruhaniyat
magazine@darulamal.org

خوشخبری

APRIL-2016

اسماء الحسنیٰ نمبر

ماہنامہ خزینۂ روحانیات گیارہواں خاص نمبر ''اسماء الحسنیٰ نمبر'' آج ہی طلب فرمائیں۔

رسالہ عوام وخواص.....سب کے لئے.....یکساں مفید

قیمت
80 روپے



- اسماء الحسنیٰ کے ہر اسم کی الگ مناجات
- جلّہ اللہ الصمد
- برکات اسماء الحسنیٰ
- اسماء الحسنیٰ کے خواص واعمال
- مجموعہ اسماء الحسنیٰ کے چند خاص اعمال
- کراماتِ جفر... تسخیر مؤکل و تسخیر ہمزاد بذریعہ اسماء الحسنیٰ
- نقش اسماء الٰہی بمع خواص

رسالہ جس ڈاک یا کوریئر کے ذریعے ارسال کیا جائے گا۔

رسالہ حاصل کرنے کے لئے جلد رابطہ فرمائیں

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Facebook: fb.com/khazinaeruhaniyat
E-mail: magazine@darulamal.org

جملہ حقوق Ph # 042-35410586
طالب Cell # 0322-4773786, 0332-4487877
ملنے کا پتہ پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570

دارالعمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ کی خدمات سے فائدہ اٹھائیں

آج کل ہر کوئی کسی نہ کسی درجہ میں پریشان ہے۔ شاید ہی کوئی ایسا انسان ہو جس کو کوئی پریشانی نہ ہو۔ پریشانی کے حل کے لئے ہر کوئی اپنے بس میں جہاں تک ممکن ہو، تدابیر اختیار کرتا ہے۔ ان تدابیر میں روحانی تدابیر بھی ہیں جن سے وہ فائدہ ممکن ہے، جو اکثر اوقات دنیوی تدابیر سے ممکن نہیں ہوتا۔ ذیل میں مختصر تفصیل دی جارہی ہے، جس کو پڑھ کر آپ کو معلوم ہوگا کہ روحانی علاج کن مقاصد میں آپ کے لئے مفید ہوسکتا ہے۔

معاشی مسائل: قرض ادا نہ ہونا، قرض وصول نہ ہونا، تنگیٔ رزق، نوکری نہ ملنا یا جلدی چھوٹ جانا، کاروبار نہ چلنا، جو بھی کام کریں اس میں نقصان ہی ہونا، پیسہ آنا مگر خرچ ہوجانا، بیرونِ ملک سفر میں رکاوٹ ہونا۔

تعلیمی مسائل: سبق یاد نہ ہونا، پڑھنے میں دل نہ لگنا، یاد ہونے کے باوجود غلطی کرنا، امتحان میں نتیجہ اچھا نہ آنا یا فیل ہونا۔

شادی کے مسائل: رشتہ نہ آنا، رشتہ آنا مگر طے نہ ہونا، خاص جگہ پر شادی ہونے میں رکاوٹ، منگنی ہوکر یا رشتہ طے ہوکر ٹوٹ جانا وغیرہ۔

رشتوں کے مسائل: زبان دراز ہونا، گالیاں دینا، مارنا پیٹنا، خرچہ نہ دینا، باہر عورتوں میں دلچسپی رکھنا، ناجائز تعلقات، طلاق یا خلع تک معاملہ پہنچنا، ساس سسر نند بھاوج وغیرہ کے ناجائز رویے، گھر والوں کا آپس میں لڑنا، گھر والوں کا ایک دوسرے کی عزت نہ کرنا وغیرہ۔

اولاد کے مسائل: نافرمانی، غلط راہ پر چلنا، بچوں کا آپس میں لڑنا وغیرہ۔

دشمن کے مسائل: جان کا دشمن ہوجانا، ناجائز مقدمہ کردینا، جائیداد یا حق پر قبضہ کرلینا، جادو ٹونہ کرواتے رہنا، زبان سے نقصان دینا وغیرہ۔

جادو کی غریب کاریاں: رشتہ، صحت، اولاد، کاروبار، معاش، ترقی، عزت، کسی بھی قسم کی بندش و نقصان کرنا۔

جنات کی مختلف قسمیں: نظر آنا، دباؤ ڈالنا، ڈرانا، آوازیں آنا، چھت پر چلنے پھرنے کی آوازیں آنا، رونے ہنسنے کی آوازیں آنا، چیز یا رقم کا چوری ہونا، چیزوں کا اپنی جگہ سے غائب ہوکر دوسری جگہ سے ملنا، خون پانی تیل وغیرہ کی چھینٹیں پڑنا، گھر میں موجودگی کا احساس ہونا وغیرہ۔

جسمانی امراض: علاج کروانے کے باوجود بیماری کا ٹھیک نہ ہونا، رپورٹس ٹھیک آنے کے باوجود بیماریاں ہونا، ایک بیماری کا ٹھیک ہونا تو دوسری کا لگ جانا، مسلسل گھر میں بیماری کا ڈیرے جمائے رکھنا، بڑی بیماریاں مثلاً کینسر، دل و جگر و دماغ کے امراض وغیرہ۔

خواتین کے خاص امراض: اولاد نہ ہونا، حمل کا اسقاط ہونا یا ہوتے رہنا، صرف لڑکیاں ہونا، اولاد نرینہ کا حصول، رحم کے ہر قسم کے امراض

نفسیاتی امراض: غصہ، خوف، مایوسی، شہوت، بے سکونی، دہشت، وہم، وساوس کی کثرت، خیالوں میں کھوئے رہنا وغیرہ۔

اگر درج بالا مسائل میں سے آپ کسی مسئلہ یا مسائل کا شکار ہیں یا کوئی اور جائز خواہش یا دنیوی مقصد ہے تو اعتماد کے ساتھ تفصیل سے خط لکھیں، E-mail کریں، فون کریں یا بالمشافہ ملاقات کرلیں۔ عام ملاقات بروز اتوار شام 4 بجے تا 7 بجے کی جاتی ہے۔

ناظم: مولانا علی آفاق صاحب 0324/0344-8439477 (صبح 11 تا 5 بجے، علاوہ جمعہ) نائب ناظم: مولانا سلیم اللہ مظفر صاحب 0343-4686217 (صبح 10 تا 5 بجے، علاوہ جمعہ)

روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان

ruhaniilajgah
+ruhaniilajgah96 ruhaniilajgah

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570 فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0342-7772772 (دوپہر 2 سے شام 7 بجے علاوہ جمعہ)


darulamal.org/ruhaniilajgah ruhaniilajgah@gmail.com 0324-7772772

Monthly
Khazina-e-Ruhaniyaat CPL # 288

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور


ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے 12 انمول خاص نمبرز

جنات نمبر (ڈبل سائز)




قیمت: 100 روپے

جادو ٹونہ نمبر




قیمت: 70 روپے

کشائش رزق نمبر (ڈبل سائز)



قیمت: 150 روپے

شفائے جسمانی امراض نمبر (ڈبل سائز)




قیمت: 150 روپے

حُب و تسخیر نمبر



قیمت: 100 روپے

حل المشکلات نمبر




قیمت: 100 روپے

نکاح نمبر



قیمت: 80 روپے

حفاظت نمبر




قیمت: 80 روپے

بندش نمبر




قیمت: 80 روپے

اسماء الحسنیٰ نمبر




قیمت: 80 روپے

نظر بد نمبر



قیمت: 80 روپے

قرآنی وظائف نمبر



قیمت: 80 روپے

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
E-mail: khazinaeruhaniyaat@gmail.com
Ph: 042-35410586
Cell: 0322-4773786
شعبہ نشر و اشاعت
دارالعمل چشتیہ
لاہور، پاکستان

روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل خزینہ روحانیات میں

JUNE 2017

ماہنامہ

خزینہ روحانیات لاہور

جلد نمبر 8
شمارہ نمبر 2
Rs.50

رمضان کریم

تسخیر ہمزاد جنات سے ملاقات

حاضرات اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مِنّا و منکم صالح الاعمال

جلد شادی ہونے کا خاص عمل

خلیفہ چہارم حضرت علی کرم اللہ وجہہ

افطاری لیموں کی انجبین سے کیجئے

سحری میں دہی کھا کر سارا دن فریش رہیئے

رمضان المبارک کے دو خاص الخاص اعمال

ہمزاد قابو کرنے کی خواہش

ہزاروں فوائد کا حامل تعویذ ہزاروں رات سے بہتر رات میں بنوائیے

اپنے بزرگوں کی قدر کیجئے


علی ابن ابی طالب
علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

یوم وصال
۲۱ رمضان المبارک
۴۰ ہجری

یوم ولادت
۱۳ رجب المرجب
۲۳ عام الفیل


ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے 12 انمول خاص نمبرز

جنات نمبر (ڈبل سائز)




قیمت: 100 روپے

جادو ٹونہ نمبر




قیمت: 70 روپے

کشائش رزق نمبر (ڈبل سائز)



قیمت: 150 روپے

شفائے جسمانی امراض نمبر (ڈبل سائز)




قیمت: 150 روپے

حب و تسخیر نمبر




قیمت: 100 روپے

حل المشکلات نمبر




قیمت: 100 روپے

نکاح نمبر




قیمت: 80 روپے

حفاظت نمبر




قیمت: 80 روپے

بندش نمبر




قیمت: 80 روپے

اسماء الحسنیٰ نمبر




قیمت: 80 روپے

نظر بد نمبر



قیمت: 80 روپے

قرآنی وظائف نمبر



قیمت: 80 روپے

شعبہ نشر و اشاعت
دارالعمل چشتیہ
لاہور، پاکستان
Ph: 042-35410586
Cell: 0322-4773786
Web: darulamal.org/magazines/ruhani
E-mail: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی،
معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ
جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

ماہنامہ
خزینۂ روحانیات
لاہور

جلد 8 رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ جون 2017ء شمارہ 2

مدیر اعلیٰ: خالد مقبول عارف حفظہ اللہ
مدیر: مولانا حافظ علی آفاق صاحب
معاون مدیر: مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

مجلس مشاورت
- غلام سرور شباب صاحب (حویلی لکھا)
- ابوانس صاحب (لاہور)
- مولانا قاری ابوبکر صاحب (اسلام آباد)
- محمد علیم صاحب (لاہور)
- محمد صالح صاحب (مظفر آباد)
- مولانا قاری ممتاز صاحب (لاہور)

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Blog: khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
Facebook: facebook.com/khazinaeruhaniyat
Facebook: facebook.com/khazina.ruhaniyaat
Twitter: twitter.com/khazinaruhanyat
Email: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

قیمت 50 روپے
سالانہ ممبر شپ عام ڈاک 650 روپے
سالانہ ممبر شپ رجسٹرڈ ڈاک 1000 روپے
بذریعہ کوریئر 1500 روپے

سرکولیشن، اشتہارات وشکایات 0322-4773786

خط وکتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570
فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772
بیرون ملک +92-322-7772772
مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1 منی آرڈر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

2 شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی: easypaisa cash (موبی لنک)۔ ایزی پیسہ (ٹیلی نار)۔ ٹائم پے (زونگ)۔ اومنی (یو بی ایل)۔ موبائل پیسہ (وارد)۔ HBL ایکسپریس کے ذریعہ 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں اور 0307-5525103 پر کوڈ sms کریں۔

3 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔
ٹیلی نار 03437727721..... یو بی ایل اومنی 03437772772
easypaisa cash 03028401977..... یو پیسہ 33343082867

4 بینک ڈپازٹ: میزان بینک میں بنام خالد مقبول رقم جمع کروائیں۔
برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0100377637

نوٹ رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد بذریعہ SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ تمام مالی معاملات میں صرف یہ موبائل نمبر استعمال کریں: 0322-4773786

ادائیگی کی تفصیلات کیلئے: darulamal.org/payment

خالد مقبول صاحب پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر ادارہ دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

جون ۲۰۱۷ء سنہ

رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ سنہ

اداریہ (مولانا علی آفاق)	5
خلیفہ چہارم حضرت علی کرم اللہ وجہہ (بشکریہ ضیائے طیبہ)	6
بیعت (صوفی غلام سرور شباب قادری مدظلہ، حویلی لکھا)	8
اپنے بزرگوں کی قدر کیجئے (مولانا محمد اسحٰق مدظلہ)	11
درباری یا جنگی..... ہمارا شمار کس میں ہے؟ (نظام الدین خان)	12
یا غنیُّ، یا مُغنِیُّ کے خواص اور اثرات (مولانا انظر شاہؒ)	13
سچی توبہ و رحمت کا وظیفہ (مرتب: عالم فقری)	15
مجربات حضرت مولانا حاجی احمد علی پنجکوری رحمہ اللہ	16
عام اجازت والے اعمال (مرتب: محمد علیم)	17
سورۃ فاتحہ کی فضیلت اور تلاوت کا ثواب (مولانا امداد اللہ)	18
حصول شفاء کا درست راستہ (مولانا علی آفاق)	19
رمضان المبارک کے دو خاص الخاص اعمال (خالد مقبول)	21
غیبی مخلوقات کو مسخر کرنے کے چند خاص اعمال (قیصر احمد بی اے)	22
تسخیر ہمزاد، جنات سے ملاقات (صوفی ظفر محمد کھوکھر، جھنگ)	23
حاضرات اسماء النبی ﷺ (خضر عباس بیاسی، راجن پور)	24
روحانی مسائل اور ان کا حل (خالد مقبول حفظہ اللہ)	25
جادو اور جنات کے متاثرہ مریضوں کو روحانی علاج کیسے تجویز کریں؟ (خالد مقبول حفظہ اللہ)	27
ہمزاد قابو کرنے کی خواہش (خالد مقبول حفظہ اللہ)	30
جون 2017ء کے خاص اوقات (ادارہ)	31
جلد شادی ہونے کا خاص عمل (خالد مقبول حفظہ اللہ)	36
ہزاروں فوائد کا حامل تعویذ، ہزاروں رات سے بہتر رات میں بنوایئے (مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر)	37
جون ۲۰۱۷ء کی چند اہم نظرات سیارگان اور خاص عملیات	38
دعوۃ سورۃ والضحیٰ (پیر صوفی غلام سرور شباب قادری صاحب)	41
جنتی سے بدکاری (مولوی ظہیر الدین سید احمد ولی اللہیؒ)	45
رحمکاریہ جفر: حاضرات ارواح (سید شعیب الرحمن شاہ)	47
خوشگوار ازدواجی زندگی کے دس سنہری اصول (محمد عارف)	48
ساسیں ایسا کیوں کرتی ہیں؟ (شمیم افضل)	51
گرمی کے اثرات سے بچنے کے آسان طریقے (سائرہ شاہد)	52
سحری میں دہی کھا کر سارا دن فریش رہیے (حکیم سلیم اللہ ظفر)	53
افطاری لیموں کی انگبین سے کیجئے (مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر)	54
آپ کے سوالات، مطب العارف کے جوابات	55
موسم گرما کے امراض (ڈاکٹر محمد عثمان، پشاور)	57
گھریلو ٹوٹکے (انتخاب: ام نافع)	59
مسلمان کو کیسا ہونا چاہیے؟ (قسط:۲)	60
دیکھ کر نہیں چل سکتے اندھے ہو گیا؟ (بسلسلہ اصلاح معاشرہ)	61

خوشخبری

روحانی علاج گاہ میں علاج کروانے کے لیے آنے والے حضرات و خواتین اب ہفتہ تا جمعرات شام **3** سے **6** بجے تشریف لا سکتے ہیں۔ اتوار کو وقت لینا ضروری نہیں۔ باقی دنوں میں صرف درج ذیل موبائل نمبرز پر دوپہر **2** سے شام **6** بجے کال کر کے وقت لے کر تشریف لائیں۔ جمعہ کو ادارہ بند ہوتا ہے۔ بغیر فون کیے آنے والے حضرات و خواتین سے پیشگی معذرت۔

روحانی علاج گاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور

فون: 042-35410586 0324-7772772

darulamal.org/ruhaniilajgah, fb.com/ruhaniilajgah
Skype: ruhaniilajgah, ruhaniilajgah@gmail.com

حمد باری تعالیٰ

کس سے مانگیں، کہاں جائیں، کس سے کہیں اور دنیا میں حاجت روا کون ہے
سب کا داتا ہے تو، سب کو دیتا ہے تو، تیرے بندوں کا تیرے سوا کون ہے

کون مقبول ہے، کون مردود ہے، بے خبر! کیا خبر تجھ کو کیا کون ہے
جب تُلیں گے عمل سب کے میزان پر، تب کھلے گا کہ کھوٹا کھرا کون ہے

کون سنتا ہے فریاد مظلوم کی، کس کے ہاتھوں میں کنجی ہے مقسوم کی
رزق پر کس کے پلتے ہیں شاہ و گدا، مسند آرائے بزمِ عطا کون ہے

اولیاء تیرے محتاج اے ربِ کل، تیرے بندے ہیں سب انبیاء و رُسُل
ان کی عزت کا باعث ہے نسبت تری، ان کی پہچان تیرے سوا کون ہے

میرا مالک مری سن رہا ہے فغاں، جانتا ہے وہ خاموشیوں کی زباں
اب مری راہ میں کوئی حائل نہ ہو، نامہ بر کیا بلا ہے، صبا کون ہے

ابتدا بھی وہی، انتہا بھی وہی، ناخدا بھی وہی، ہے خدا بھی وہی
جو ہے سارے جہانوں میں جلوہ نما، اس اَحد کے سوا دوسرا کون ہے

وہ حقائق ہوں اشیاء کے یا خشک و تر، فہم و ادراک کی زد میں ہیں سب مگر
ماسوا ایک اس ذاتِ بے رنگ کے، فہم و ادراک سے ماورئ کون ہے

انبیاءؑ، اولیاءؒ، اہلبیت نبیؐ، تابعینؒ و صحابہؓ پہ جب آ بنی
گر کے سجدے میں سب نے یہی عرض کی، تو نہیں ہے تو مشکل کشا کون ہے

اہلِ فکر و نظر جانتے ہیں تجھے، کچھ نہ ہونے پہ بھی مانتے ہیں تجھے
اے نصیرؔ اس کو تو فضلِ باری سمجھ، ورنہ تیری طرف دیکھتا کون ہے

(کلام پیر نصیر الدین نصیر عباسی)

لب پہ نام ان کا بار بار آئے

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

لب پہ نام ان کا بار بار آئے
پھول دل میں کھلیں بہار آئے

ذکرِ محبوبِ حق کرو جلدی
مضطرب دل کو کچھ قرار آئے

غازۂ حسنِ خاکِ پا ان کی
منہ پہ مل لیجئے نکھار آئے

ان کی شفقت کا معجزہ دیکھو
ہنس پڑے وہ جو سوگوار آئے

بارشِ مغفرت ہوئی ان پر
جو حضوری میں شرمسار آئے

ان کے دل بھر گئے مسرت سے
جو بھی مغموم و اشکبار آئے

اے خدا حشر میں ریاضؔ حزیں
دردِ الفت سے بے قرار آئے

(علامہ سید ریاض الدین سہروردی)

اداریہ


مولانا علی آفاقی

محترم قارئین کرام! رمضان المبارک کا مقدس مہینہ شروع ہو چکا ہے۔ رجب اور شعبان کا مہینہ رمضان کی تیاری کیلئے عطاء ہوئے۔ حضور سرکار دو عالم ﷺ نے رمضان کے پانے اور اس میں نیک عمل کی دعا کی ہے۔ امت کو تعلیم دی ہے کہ رمضان کو ایسا گزارو کہ راتوں کو جاگو، دنوں میں روزہ رکھو، تحمل ،صبر، محبت، رواداری، خیرات، صدقات اور سخاوت اس درجے کی کرو کہ جس طرح زبردست اور تیز ہوا چلتی ہے۔ یہ سارے کام آپ ﷺ نے خود عملاً کر کے دکھائے تا کہ امت کو کرنے میں اور سیکھنے میں آسانی رہے۔ غیبت سے خود بچے اور امت کو بتایا کہ غیبت ایسا عمل ہے کہ اس سے روزہ کی عملی روح فوت ہو جاتی ہے۔ روزہ کے مقاصد تقویٰ خشوع، خضوع اور تعلق مع اللہ کمزور ہو جاتا ہے۔ راتوں کو خود جاگے، اہل بیت، ازواج مطہرات کو جگایا، شب بیداری کی عملی تعلیم دی کہ ایسی رات اور رمضان کے دنوں کی طرح دن گزارنے سے اللہ تعالیٰ سال بھر کے شب و روز رمضان کی مانند گزارنے کی توفیق عطا فرمادیں گے۔ اچھے اخلاق، کردار کی بلندی، حقوق اللہ اور حقوق العباد کی کامل ادائیگی، قرآن پاک کی تلاوت، ذکر، نوافل کی ادائیگی، دعا کا خصوصی اہتمام، عشروں کی نبوی ﷺ تقسیم کے اعتبار سے رحمت، مغفرت، جہنم سے خلاصی اور آزادی کا پروانہ لینے کا بہترین اور نادر موقع ہے۔ درود شریف کی کثرت، اس رمضان کو اپنی بخشش کا ذریعہ بنانا اور والدین کی خدمت کے ذریعے اگر دنیا سے پردہ کر گئے ہوں تو ایصال ثواب، دعا اور کار خیر میں زیادہ سے زیادہ حصہ ڈال کر ان کی خوشنودی، رضا اور محبت حاصل کر کے جنت کمانے کا زبردست موقع ہے۔ اگر کچھ خیرات نہ کر سکتا ہو تو والدین کے دوست احباب سے خوش خلقی اور محبت سے پیش آنا بھی ہماری بخشش اور مغفرت کا ذریعہ بن جائے گا۔

یہ باتیں تو ہو گئیں رمضان کی تیاری اور رمضان کو گزرانے کی نسبت سے۔ اب کچھ باتیں روحانی قوت، طاقت اور فیض روحانی کے حصول کے لئے رمضان کو قیمتی بنانے کے اعتبار سے کر لیتے ہیں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ روحانی اسباق کا حصول اور ان کی ریاضت کرنا تا کہ جو فرد اور طالبعلم جس درجے پر فائز ہے، وہ ترقی کرے اور آگے بڑھے، مرشد اور سید العالمین حضرت خالد مقبول صاحب دامت برکاتہم سے فیض حاصل کرے اور دکھی انسانیت کی خدمت کرے۔ اس حوالے سے ادارے کا طے شدہ نصاب موجود ہے۔ اس کی بنیادی اور ضروری باتیں ناظم روحانی درسگاہ جناب مولانا سلیم اللہ صاحب سے معلوم کی جا سکتی ہے۔ بروقت رابطہ اور اسباق کا حصول ذہنی اطمینان اور عمل میں آسانی کا باعث ہے۔ دوسری بات جو اہم ہے روحانی اعتبار سے وہ یہ کہ روحانی علوم اور فیض کے حصول میں ''انا'' بڑی رکاوٹ ہے۔ میں نے ایسا کیا، میں یہ کر لیتا ہوں۔ میں اتنی روحانی قوت اور طاقت کا حامل ہوں۔ مجھ پر میرا مرشد اتنا اعتبار کرتا ہے۔ یہ ساری انا اور تکبر کی باتیں ہیں اور امتحان ہے۔ اس میں فیل اور ناکام ہونے والا کبھی فلاح نہیں پا سکتا۔ ایک واقعہ پر بات مکمل کرتا ہوں۔ ایک بزرگ صاحب نسبت تھے، ان سے بہت سارے لوگ بیعت کی درخواست کرتے اور وہ انکار کرتے، پھر ایک شرط رکھتے کہ جو مجھ سے بازو چھڑوائے گا، اس کو بیعت کر لوں گا۔ جس کی بازو پکڑ لیتے، وہ چھڑوا لیتا اور بالآخر بزرگ کے فیض اور عطاء سے محروم رہ جاتا۔ ایک دن ایک نوجوان حاضر ہوا اور بیعت کیلئے ضد کی، اس کے سامنے شرط رکھی، اس نے منظور کر لی۔ اب بازو پکڑ لیا تو اس نوجوان نے کہا ''بابا جی! اب بازو پکڑ لیا ہے، مضبوط پکڑ لو، میں نے چھڑوا لینا ہے، اور مضبوط، اور مضبوط''۔ پھر عرض کیا کہ ''اب پکڑ لیا ہے تو بابا جی، چھوڑنا نہیں۔''

اگر خود کبھی مرشد بھی کہے کہ فلاں بندہ اور مرشد استاد کامل ہے، اکمل ہے تو بھی کہیں نہیں جانا۔ یہ بھی امتحان ہے کہ اس کو اپنے مرشد پر کتنا اعتماد اور محبت ہے۔ لہٰذا میری یہ آخری نصیحت پلے باندھ لیں اور دعا کریں کہ اللہ مجھ کو بھی عمل کی توفیق عطاء فرمائیں۔ آمین

حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ



ابوتراب خلیفہ چہارم شیر خدا

سیدنا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

نام و نسب

اسمِ گرامی: والد نے آپ کا نام علی اور والدہ ماجدہ نے حیدر رکھا۔

کنیت: ابوالحسن اور ابوتراب ہے۔

القاب: امیر المومنین، امام المتقین، صاحب اللواء، اسد اللہ (شیر خدا)، کرار اور مرتضیٰ مشہور القاب ہیں۔

والد کی طرف سے سلسلہ نسب: علی بن ابی طالب بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبدِ مناف بن قصی بن کلاب بن مرہ۔

والدہ کی طرف سے سلسلہ نسب: فاطمہ بنت اسد بن ہاشم بن عبد المطلب الی آخرہ۔

تاریخِ ولادت: آپ 13 رجب المرجب، بروز جمعۃ المبارک، عام الفیل کے 30 سال بعد، بمطابق 17 مارچ 599ء بمقام بیت اللہ، مکۃ المکرمہ میں پیدا ہوئے۔

شیر خدا کی سب سے پہلی غذا: آپؓ کی والدہ ماجدہ سیدہ فاطمہ بنتِ اسد رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں "جب میرے لختِ جگر علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے تو رسولِ اکرم ﷺ نے آپ کے منہ میں لعاب دہن ڈالا اور اپنی مایَنطق عن الہویٰ والی زبان چوسنے کے لئے دی۔ آپ حضور ﷺ کی زبان چوستے ہوئے نیند کی آغوش میں چلے گئے اور جب تک اللہ تعالیٰ نے چاہا آپ رسولِ اکرم ﷺ کی زبانِ اقدس کو چوستے رہے اور غذا حاصل کرتے رہے۔ (السیرۃ الحلبیہ، ج1، ص282)

فضائل و مناقب

امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ جتنی احادیث حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی فضیلت میں وارد ہوئی ہیں، کسی اور صحابی کی فضیلت میں وارد نہیں ہوئی ہیں۔ (تاریخ الخلفاء، ص364)

آپ رضی اللہ عنہ رسولِ اکرم ﷺ کے چچازاد بھائی ہیں۔ بچپن سے ہی رحمتِ عالم ﷺ کے زیرِ تربیت رہے۔ اس بات پر اجماع ہے کہ بچوں میں سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والے آپؓ ہی ہیں۔ اسلام قبول کرنے کے بعد حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ دعوتِ اسلام کے ہر مرحلے اور آزمائش میں حضور ﷺ کے ساتھ رہے۔ 2ھ میں مدینہ منورہ آنے کے بعد حضور ﷺ نے انھیں اپنی دامادی کا شرف بخشا۔ ہجرتِ مدینہ کے بعد غزوات کا سلسلہ شروع ہوا تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تمام غزوات (بدر، اُحد، خندق، بنی قریظہ اور حنین، خیبر وغیرہ) میں کارہائے نمایاں سر انجام دیے۔ علاوہ ازیں متعدد سرایا میں آپؓ کو کمانڈر بنا کر بھیجا گیا، جنھیں آپؓ نے کامیابی کے ساتھ انجام کو پہنچایا۔ حضور ﷺ کے وصال کے بعد ان کے غسل اور تجہیز و تکفین کی سعادت میں بھی آپؓ شریک تھے۔ غرض آغازِ بعثت سے لے کر زندگی کے آخری لمحات تک آپؓ حضور نبی اکرم ﷺ کے دست و بازو بنے رہے۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دورِ خلافت میں آپؓ مجلسِ شوریٰ کے رکن تھے۔ حضرات شیخین کو آپؓ کے مفید مشوروں پر بڑا اعتماد تھا۔ اسی طرح حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بھی آپؓ آخر تک حمایت کرتے رہے۔ زبانِ نبوت سے آپؓ کو "انا مدینۃ العلم وعلی بابہا" کی سند ملی تھی۔ آپؓ فرمایا کرتے تھے کہ قرآن مجید میں کوئی آیت

ایسی نہیں ہے جس کے متعلق میں یہ نہ جانتا ہوں کہ وہ کس بارے میں اور کہاں اور کس کے متعلق نازل ہوئی۔ فقہ میں آپؓ کی ذاتِ گرامی صحابہ کرام کا مرجع تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ خود مجتہد اور فقیہ تھے، لیکن آپؓ سے بھی استفادہ کرتے تھے۔ حتیٰ کہ امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اختلاف کے باوجود اکثر مواقع پر آپؓ کی طرف رجوع کرنا پڑتا تھا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ جن کے فتاویٰ اور مروی اسناد پر فقہ حنفی کی بنیاد ہے، آپؓ کے فیض یافتہ تھے۔ تصوف کا سرچشمہ بھی آپؓ ہی کی ذاتِ گرامی ہے۔ صوفیاء کے تمام بڑے سلاسل حضرت خواجہ حسن بصری رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے آپؓ تک پہنچتے ہیں۔ آپؓ شاعری کا بھی نہایت اعلیٰ اور پاکیزہ مذاق رکھتے تھے۔ علم نحو کی بنیاد بھی آپؓ ہی نے رکھی۔ سب سے پہلے ابو الاسود دؤلی کو نحو کے اصول سکھائے تھے۔ جس نے بعد میں ان اصولوں کی روشنی میں نحو کے قواعد مرتب کیے۔ آپؓ کی زندگی ہی میں آپؓ سے بغض رکھنے والے اور آپؓ کی تعریف میں غلو کرنے والے لوگ موجود تھے۔ مشہور صحابی حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ میں منافقوں کو بغض علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پہچان لیتا ہوں۔ (ترمذی)

علم کے ساتھ عمل کا یہ حال تھا کہ حضرت زبیر بن سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ بنی ہاشم میں آپؓ سے بڑھ کے کوئی عبادت گزار نہ تھا۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی تھیں کہ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قائم الیل اور صائم النہار تھے۔

مختصر سیرت مرتضوی

ایک مرتبہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ضرار رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ "حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں کچھ بیان کریں"۔ اس کے جواب میں انہوں نے جو تقریر کی وہ سیرتِ مرتضوی پر ایک جامع تبصرہ ہے۔ انھوں نے فرمایا "حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بلند حوصلہ اور نہایت قوی تھے۔ فیصلہ کن بات کہتے تھے، عادلانہ فیصلہ کرتے تھے۔ ان کے ہر سمت سے علم پھوٹتا اور حکمت ٹپکتی تھی۔ دنیا اور اس کی دلفریبیوں سے وحشت کرتے تھے۔ رات کی تاریکی و وحشت سے محبت کرتے تھے۔ عبرت پذیر اور بہت غور و فکر کرنے والے تھے۔ معمولی لباس اور جو کا کھانا پسند کرتے تھے۔ ہم میں ہم ہی لوگوں کی طرح رہتے تھے۔ دینداروں کی تعظیم کرتے تھے۔ غریبوں کو مقرب بناتے تھے۔ ان کے سامنے طاقتور باطل میں طمع نہیں کر سکتا تھا اور کمزور انصاف سے مایوس نہیں ہوتا تھا۔ بعض مواقع پر میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کہ رات گزر رہی ہے، ستارے جھلملا رہے ہیں اور وہ اپنی داڑھی مٹھی میں دبائے ایک بے قرار اور غم رسیدہ انسان کی طرح اشکبار کہہ رہے ہیں "اے دنیا! کسی اور کو فریب دے، تو مجھ سے لگاوٹ کر رہی ہے، میری مشتاق ہے۔ افسوس، افسوس میں نے تجھے تین طلاقیں دیں۔ تیری عمر تھوڑی اور تیرا مقصد حقیر ہے۔ ہائے ہائے، سفر طویل، راستہ وحشت ناک اور زادِ سفر تھوڑا ہے"۔ دوران تقریر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی آنکھوں سے آنسو بارش کے قطروں کی طرح ٹپک رہے تھے اور فرما رہے تھے کہ "حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس بھی بڑھ کر شان کے مالک ہیں" اور پھر ان کو انعامات سے نوازا۔ صحابہ کرام (رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین) کی آپس میں جو محبت تھی، مذکورہ واقعہ سے اس کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

(عیون الحکایات، ص 25)

مولا علیؓ کا پیغام محبین کے نام

امیر المومنین سیدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب سے بہتر و افضل ابوبکر اور عمر ہیں"۔ پھر فرمایا "لایجتمع حبی وبغض ابی بکر وعمر فی قلب مؤمن" یعنی میری محبت اور (شیخین کریمین) ابوبکر و عمر کا بغض کسی مؤمن کے دل میں جمع نہیں ہو سکتا"۔ (المعجم الاوسط طبرانی، ج 6، حدیث 9342)

وصال

آپ 4 سال 8 ماہ نو دن تک مسندِ خلافت پر رونق افروز رہے۔ 17 یا 19 رمضان المبارک کو ایک بدبخت کے قاتلانہ حملے سے شدید زخمی ہو گئے۔ بروز اتوار 21 رمضان، 40ھ، بمطابق 27 جنوری، 661ء کی رات جامِ شہادت نوش فرما گئے۔ (تاریخ الخلفاء، ص 132)

بیعت

صوفی غلام سرور شباب قادری مدظلہ (حویلی لکھا)

بیعت فرمانبرداری کا معاہدہ ہے۔ بیعت اس کا نام ہے کہ کسی کے ہاتھ پر قول وقرار کرنا اور اپنے سابقہ گناہوں سے توبہ کرنا اور آئندہ گناہ نہ کرنے کا عہد کرنا۔ اور اس شخص کے کہنے پر عمل کرنا جس کے ہاتھ پر یہ قول وقرار کیا ہے۔ جو شخص اس قسم کا قول وقرار کرتا ہے وہ مرید کہلاتا ہے۔ جس کے ہاتھ پر قول وقرار کرتے ہیں اس کو پیر و مرشد کہتے ہیں۔

اطاعت کا عہد، مرید بننا، بیعت کی اصطلاح بیع سے نکلی ہے جس کے لغوی معنی بیچ دینا کے ہیں۔ اصطلاح میں بیعت سے مراد کسی پیغمبر، ولی، یا صاحب نسبت بزرگ کے ہاتھ میں ہاتھ دے کر اپنے گناہوں سے تائب ہونا، صراط مستقیم پر چلنا اور اس بزرگ کی اطاعت کا اقرار کرنا۔ یہ ایک ایسا عمل بھی ہے جسے انجام دے کر کوئی شخص یا جماعت کسی دوسرے شخص کے اقتدار کو تسلیم کرلے۔ بیعت کی اصل یہ ہے کہ آنحضور ﷺ ہر اس شخص سے جو داخل اسلام ہوتا بیعت لیا کرتے اور اس سے برے اعمال کے ترک کرنے اور اچھے کام کرنے کا عہد لیتے تھے۔ طریقہ بیعت اپنی ظاہری صورت کے ساتھ ایک معنویت بھی رکھتا ہے۔ جسے تصوف کی زبان میں رابطہ یا نسبت کہتے ہیں۔ خلفائے راشدین کے دور تک مسلمان خلیفہ وقت کی بیعت کیا کرتے تھے۔ لیکن جب خلافت کی جگہ ملوکیت نے لے لی، تو بزرگوں نے لوگوں سے احکام خداوندی کی تعمیل کے لیے بیعت لینا شروع کردی۔ بیعت لینے کا سلسلہ آج بھی صوفیاء میں جاری ہے۔

بیعت کی اقسام

بیعت کی چند اقسام ہیں۔ بیعت اسلام، بیعت جہاد، بیعت طلب اسرار، بیعت توبہ۔

بیعت اسلام: بیعت اسلام وہ ہے جو اسلام قبول کرتے وقت لی جاتی ہے۔

بیعت جہاد: وہ ہے کہ جو نبی کریم ﷺ صحابہ کرام سے وقتِ عزمِ جہاد اور مسلمانوں سے لیتے تھے۔

بیعت طلب اسرار: وہ ہے جو طالب مولیٰ سے لی جاتی ہے۔

بیعت اسلام فرض ہے بیعت جہاد سنت ہے۔ بیعت طلب اسرار واجب اور بیعت توبہ مستحب ہے بیعت طلب اسرار کی نسبت اختلاف ہے بعض اس کو مستحب، بعض واجب، بعض فرض کہتے ہیں۔ مگر بیعت کے سنت موکدہ ہونے میں شک نہیں اور حضرت مولانا شاہ ولی اللہؒ نے قول الجمیل میں اچھی تصریح فرمائی ہے۔

بیعت رضوان

6 ہجری میں رحمۃ اللعالمین ﷺ صحابہ کے ساتھ مدینہ منورہ سے عمرہ ادا کرنے کے لیے مکہ مکرمہ روانہ ہوئے۔ دو منزل پہلے ہی حدیبیہ کے مقام پر کفار نے اُن کا راستہ روک لیا۔ صلح کی گفت وشنید کے لیے حضرت عثمانؓ سفیر بن کر گئے کہ اُن کی شہادت کی افواہ اڑ گئی۔ اس موقع پر صحابہ کرام نے حضرت عثمانؓ کے انتقام کے لیے حضور ﷺ کے دست مبارک پر بیعت کی جسے ''بیعت رضوان'' کہا گیا۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَكَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰهَ یَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَیْدِیْهِمْ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا یَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَیْهُ اللّٰهَ فَسَیُؤْتِیْهِ اَجْرًا عَظِیْمًا۔

ترجمہ ''یقیناً جو لوگ بیعت کر رہے تھے تمہاری، درحقیقت وہ بیعت کر رہے تھے اللہ کی، اللہ کا ہاتھ تھا ان کے ہاتھوں کے اوپر۔ اب جو شخص عہد شکنی کرے گا تو بہرحال اس کی عہد شکنی کا وبال اسی کی ذات پر ہوگا اور جو پورا کرے گا اس بات کو، عہد کیا ہے اس نے جس پر اللہ سے تو ضرور عطا فرمائے اسے اللہ بڑا اجر''۔ (سورۃ الفتح آیت نمبر 10)

بیعت کیوں ضروری ہے؟

انسان کو بیعت ضرور کرنا چاہیے۔ اس کی بے شمار برکتوں سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔ بیعت کے بارے میں حدیث شریف ہے۔

''یعنی جو شخص مر گیا اور اس کی گردن میں بیعت نہیں ہے تو وہ مر گیا جاہلیت کی موت اور جس نے اپنے ہاتھ اللہ کی اطاعت میں اٹھائے وہ روز قیامت اللہ

سے ملے گا اور اس کے واسطے کوئی حجت نہیں ہوگی"

بس اس راہ میں پیر و مرشد کی دستگیری لازم ہے۔ پیر و مرشد کی تلاش کرو، اس کے بغیر محرومی کا سامنا ہے۔

قرآنِ پاک میں ارشاد ہے کہ "وَمَنْ كَانَ فِي هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِيْلًا"۔

ترجمہ "جو شخص اس جہان میں اندھا ہے وہ عاقبت میں بھی اندھا رہے گا بلکہ زیادہ گمراہ (اندھے سے بھی)"۔ (سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر 72)

عجیب بات یہ ہے کہ فقراء شریعت کا علم علماء سے حاصل کرتے ہیں اور علومِ باطنی کے لیے علماء کو فقراء کی غلامی اختیار کرنا پڑتی ہے۔ بیعت سنتِ رسول اللہ ﷺ ہے۔ پیر و مرشد کی صحبت سے دنیا کی محبت جاتی رہتی ہے۔ سارا فتنہ اسی محبت دنیا کا برپا کیا ہوا ہوتا ہے۔ حضور اکرم حضرت محمد ﷺ کی سیرت کا مطالعہ رکھیں۔ اُدھر پیر و مرشد کا سایہ، اُس کی برکات، آپ بیعت کرتے ہی امن کے قلعے میں آجاتے ہیں۔ وسیلہ بڑی چیز ہے۔

کتابیں پڑھتے پڑھتے نگاہ کمزور کیوں نہ ہو جائے اور مجاہدہ کرتے کرتے پیٹھ کبڑی ہی کیوں نہ ہو جائے۔ نفس کمینہ نہیں مرتا۔ یہ کسی مردِ کامل سے بیعت کرنے کے بعد ہی اَدھ موا ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں ارشاد فرماتا ہے۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۔

(سورۃ المائدہ آیت نمبر 35)

"اے ایمان والو! ڈرو اللہ سے اور ڈھونڈو اُس طرف وسیلہ اور کوشش و محنت کرو اُس کی راہ میں تاکہ فلاح کو پہنچو"۔

"اتَّقُوْا" میں جملہ اوامر و نواہی شامل ہیں۔ "وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ" سے بیعتِ پیر و مرشد مراد ہے اور "جَاهِدُوْا" سے ریاضت و مجاہدہ نفس اور "سَبِيْلِهٖ" سے مراد راہِ معرفتِ الٰہی ہے یعنی پیر کامل سے بیعت کرے۔ اس کے ارشاد کے مطابق حصولِ معرفت کے لیے ریاضت و مجاہدہ میں مشغول رہے تاکہ دیدارِ الٰہی سے مشرف ہو۔

گناہوں سے بچنے کے لیے سب سے زیادہ مجرب طریقہ ذکر اللہ ہے۔ ذکر کی جہاں اتنی فضلیت بیان کی گئی ہے وہاں اہلِ ظاہر سے تو ذکرِ لسانی کا سبق لے سکے گا۔ باقی بے شمار ذکر ہیں جیسے کہ ذکرِ قلبی، ذکرِ روحی، ذکرِ سری اور ذکرِ خفی وغیرہ اور یہ ذکرِ لسانی سے ذکرِ قلبی ہزار درجہ افضل ہے اور ذکرِ قلبی سے ذکرِ رُوحی ہزار درجہ افضل ہے اور ذکرِ رُوحی سے ذکرِ سری ہزار درجہ افضل ہے اور ذکرِ سرّی سے ذکرِ خفی ہزار درجہ افضل ہے۔ یہ سب اور ان سے متعلق دیگر سِرّ تو پیر و مرشد سے ہی حاصل کر کے اپنے نفس کو ہلاک کرے گا اور تیرے اندر نفس ہی تو منبعِ شر ہے۔ یہی دل کو خراب کرتا ہے اور تجھے گناہ کی ترغیب دیتا رہتا ہے۔ خوش نصیب ہے وہ مومن جو مجاہدہ نفس میں کامیاب ہوا اور اُس کے بعد نُور اس کے سینہ میں داخل ہو۔ گناہ سے بچنے کے لیے اچھی صحبت کا اختیار کرنا اپنے اوپر لازم کر لیں۔

صحبتِ صالح ترا صالح کند

صحبتِ طالع ترا طالع کند

"نیک صالح دوست کی مثال عطر فروش کی سی ہے اگر وہ تمہیں عطر نہ دے تو اُس کی خوشبو تو تجھ تک پہنچتی رہے گی۔ اسی طرح بُرے دوست کی مثال لوہار کی سی ہے اگر اس کی روشن کردہ آگ تجھے نہ جلائے تو اُس کی گرمی تو تجھ تک پہنچے گی جو یقیناً نقصان دہ ثابت ہوگی"۔

کسی مردِ کامل کی بیعت آپ کو راہِ سلوک پر کامیابی سے چلا سکتی ہے۔ اُس کے ہاتھ پر توبہ آپ کے ظاہر و باطن کو کندن بنا دے گی۔ پیر و مرشد باطنی توجہ سے مرید کے باطن کے سب جھاڑ جھنکاڑ صاف کر دیتا ہے۔ اور پھر کچھ عرصہ تک اُس کی مزید صفائی کرتا رہتا ہے اور جب اُس کا قلب ذکر کے لائق ہو جاتا ہے تو وہ ایک ہی نگاہِ فیض اثر سے اور ایک ہی ضرب سے مرید کا قلب جاری کر دیتا ہے۔ پھر وہ سوئے یا جاگے اس کا قلب ہر وقت اللہ اللہ کرتا رہے گا یعنی ذکر دائمی شروع ہو جائے گا۔ اسی طرح اگر مرید کی نسبت اپنے پیر و مرشد سے صحیح ہے تو ایک نہ ایک دن مرنے سے پہلے اپنی منزل پہ پہنچ جائے گا مگر دیکھا گیا ہے کہ جب ایمان کی دولت مرید کو حاصل ہونا شروع ہو جاتی ہے تو نفس اور شیطان اس کو گمراہ کرتے ہیں۔ اگر اُس کا تصورِ شیخ (پیر و مرشد) یا تصورِ ذات صحیح نہیں ہے تو گمراہ ہو جاتا ہے اور گمراہ کس طرح؟ وہ اس طرح کہ شیطان اور نفس اُس کو اُس کے مرشد سے بدگمان کر دیتے ہیں۔

ماہ رمضان المبارک میں روحانی کتب پر 45% سے 55% زبردست خصوصی ڈسکاؤنٹ

نام کتاب	مصنف	عام قیمت	رعایتی قیمت
حاجت روا مشکل کشا	محمد الیاس عادل	250	150
مشکل کشا اعجاز قرآنی حل المشکلات	محمد الیاس عادل	180	108
تحفۃ العاملین (طلسمات نادرہ)	سید تفضل حسین	350	210
تعبیر خواب نما اور جدید سائنس	نذیر انبالوی	300	180
مفتاح العملیات	محمد الیاس عادل	300	180
مجرب حل المشکلات	محمد الیاس عادل	250	150
مقدس عملیات (مکمل حصے)	حکیم نبال عباسی	225	135
روحانی عملیات وتعویذات عظمی	صوفی محمد اسلم نقشبندی	250	150
جن اور شیاطین	شیخ عمر سلیمان اختر	160	96
حرز سلیمانی	خواجہ اشرف علی	170	102
سراج العملیات	کریم بخش جلالی	250	150
اسلامی وظائف	مولانا عبدالسلام بستوی	250	150
معارف الاسماء شرح اسماء الحسنیٰ	قاضی محمد سلمان منصور پوری	160	96
جنات، جادو اور تعزاد	ابوالکاشف کشفی قلندری	350	210
500 سوال وجواب برائے جادو جنات	ڈاکٹر رضا عبداللہ	550	275
اصلی بیاض محمدی	شیخ محمد محدث تھانوی	60	33
کمالات عزیزی	مولوی عزیز الدین	90	50
احکام وخواص بسم اللہ	مفتی محمد شفیع	80	44
میرے والد ماجد اور ان کے مجرب عملیات	مفتی محمد شفیع	60	33
شفاء العلیل ترجمہ القول الجمیل	شاہ ولی اللہ دہلوی	90	50
قرآن مجید کی مدد سے آسیبی قوتوں اور جادو کا توڑ خود کیجئے	ڈاکٹر حشمت جاہ	180	90
عملیات روزگار	ڈاکٹر حشمت جاہ	75	38
فیضان دعا	سید ذیشان نظامی	350	175
قرآنی سورتوں سے جادو کا توڑ	سید ذیشان نظامی	360	180
اللہ الطیب	ڈاکٹر خالد غزنوی		100
اسماء الحسنیٰ سے مشکلات کا حل	محمد اطہر	480	240
اللہ اللہ کرتے رہیے	انیس اقبال بھیروی	120	60

اللہ حاجت روا	قاری گلزار احمد مدنی	350	193
اسم اعظم	خواجہ شمس الدین عظیمی	200	150
اسرار النجوم	ملک زاہد محمود اعوان	350	175
انسان اور قدرتی پتھر	صفدر شاہین	60	33
آسان مجرب عملیات	قاری صدیق احمد باندوی	200	100
اسلامی وظائف		350	175
آپ کی مشکلات کا حل قرآنی سورتوں سے	فخر الدین الغلانی	160	80
آپ کے مسائل اور ان کا روحانی علاج	عشرت گورداسپوری	200	100
آفتاب العمل	سید دلدار حسین شاہ	120	60
تسخیر القلوب	عامل باوا رتن چند ملہوترہ	100	55
تسخیر ہمزاد	عامل باوا رتن چند ملہوترہ	100	55
جواہر العملیات ترجمہ الجواہر الملماعہ	شیخ ابوعلی اللہ المرزوقی	240	132
پتھروں سے علاج	سید ذیشان نظامی	600	300
پریشانیوں سے نجات	محمد اختر صادق	90	45
بیماریوں کا نبوی علاج	الشیخ ابورفع	260	143
تعویذات جہانگیری	صوفی پیر علی عباس	225	160
پامسٹری گائیڈ	محمد افضل شیخ	180	90
پریشانیوں اور مسئلوں کے حل کے نبوی اور ماڈرن طریقے اور جدید تحقیقات	محمد انور اختر	437	240
پتھروں کا انسائیکلوپیڈیا	انجم سلطان شہباز	600	300
تہجد کی برکتیں	شیخ محمد بن صالح المصیری	459	253
تحفۃ المریض	شیخ صالح الفوزان	274	150
تسخیر ہمزاد المعروف پراثر جادو	صوفی سعادت علی مراد آبادی	150	83

پتہ: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔
فون پر رابطہ کر کے تشریف لائیں۔ بروز جمعۃ المبارک مکتبہ بند رہے گا۔

خط وکتابت: مکتبۃ العارف، دار العمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119، لاہور 0332-4487877, 042-35410586
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif.blogspot.com, maktabatulaarif@gmail.com
goo.gl/xJ9AKu علمائے کرام اور مفتیانِ عظام کیلئے مفت خدمات

اپنے بزرگوں پر اعتماد کیجئے!

مولانا محمد اسحاق مدظلہ

اللہ تعالیٰ نے انسان کی ہدایت کیلئے حضرات انبیاء علیہم السلام کا جو مبارک سلسلہ جاری فرمایا وہ خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت پر مکمل ہوا۔ حضور ﷺ کی صحبت کا شرف پانے والے حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اگر حضور ﷺ کے براہ راست شاگرد تھے تو حضرات تابعین کیلئے استاد کا درجہ رکھتے ہیں۔ انسان نے جو کچھ اپنے بڑوں سے سیکھا ہوتا ہے وہ اپنے چھوٹوں میں منتقل کرتا ہے اور یوں تعلیم و تربیت کا سلسلہ جاری و ساری رہتا ہے۔

اپنے بڑے بزرگوں پر اعتماد جس طرح دنیاوی امور میں خیر و برکت کا ذریعہ ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ نے دین میں بھی اپنے اسلاف و اکابر پر اعتماد کا درس دیا ہے جس کی خیر و برکات کا اندازہ ہماری محدود عقل نہیں کر سکتی۔ اپنے اسلاف اور بڑوں کے بارہ میں اعتماد کی فضا ہو اور آدمی ان کو اپنے لیے محسنین کا درجہ دے اور اپنے دل میں ان کیلئے اچھے جذبات رکھے۔

شہید اسلام مولانا محمد یوسف لدھیانوی رحمہ اللہ فرمایا کرتے تھے ہزار گمراہیوں سے زیادہ گمراہ کن بات یہ ہے کہ آدمی اپنے اسلاف سے بیزار و مستغنی ہو جائے۔ آج کے جس پرفتن دور سے ہم گزر رہے ہیں اس میں بارش کے قطروں کی طرح فتنوں کی بہتات ہے۔ ان تمام فتنوں سے بچاؤ کا جو آسان اور فطری حل ہے (جس پر امت کا چودہ سو سال سے عمل چلا آرہا ہے) وہ یہی ہے کہ آدمی اپنے بزرگوں پر اعتماد رکھے اور ہر چمکنے والی چیز کو سونا سمجھ کر اس پر ریجھ نہ جائے، نہ اس کا معتقد ہو۔ جب تک کہ اپنے بڑوں بزرگوں کی طرف سے اس کے بارہ میں مکمل مشورہ اور تسلی نہ کر لی جائے۔ کسی کی ظاہری شان و شوکت اور کروفر دیکھ کر لوگ اسے علامہ یا شیخ الاسلام سمجھ لیتے ہیں۔ حالانکہ اگر صرف معلومات کی کثرت کو معیار قرار دے دیا جائے تو شیطان سے بڑا کون ہو سکتا ہے جو کہ فرشتوں کا بھی استاد تھا۔ کتنے لوگ کسی کی شہرت دیکھ کر سمجھ لیتے ہیں کہ اس کی شہرت اس کے حق ہونے کی دلیل ہے، حالانکہ یہ معیار قطعاً درست نہیں۔

دور حاضر کے فتنوں سے بچاؤ کے لیے ایک ضروری چیز بحث و مباحثہ سے پرہیز کرنا ہے کہ آدمی اپنے اسلاف اور بزرگان دین سے وابستہ رہے اور انہی کے راستے کو لازم پکڑے اور جو کچھ بزرگوں کے ہاں دیکھا یا سنا ہے اسی پر کاربند رہے اور یہ سمجھے کہ امت چودہ سو سالہ تاریخ سے جو عمل رائج چلا آرہا ہے میری ہدایت و کامیابی کا راستہ بھی یہی ہے۔ ایک بزرگ فرمایا کرتے تھے بحث تو نری نفسانیت ہے۔ بحث میں وقت کے ضیاع کے علاوہ کوئی فائدہ نہیں جبکہ وقت سے زیادہ قیمتی چیز کوئی نہیں۔ اگر کوئی زیادہ الجھے تو اپنے بزرگوں یا علماء میں سے کسی کے ساتھ اس کا رابطہ کرا دیں اور خود ہرگز اس سے نہ الجھیں۔

روزانہ رات کو سوتے وقت یہ دعا پڑھ کر سوئیں کہ یا اللہ اس پرفتن دور میں ہمارے اور ہمارے اہل و عیال اور تمام متعلقین کے ایمان کی حفاظت فرمائیے۔ ہمیں صراط مستقیم کے ایمان کی حفاظت فرمائیے۔ ہمیں صراط مستقیم دکھا بھی دیجئے اور ہمیں اس پر چلا بھی دیجئے اور ہمیں اپنے اسلاف و اکابر کے طریقے پر ثابت قدم رکھئے اور ہمارے اسلاف کو ہماری طرف سے اجر عظیم عطا فرمائیے جن کی قربانیوں کی وجہ سے دین کی اصل روح اور دینی مزاج ہم تک منتقل ہوا ہے۔

ان شاء اللہ اس طرح کے کلمات دل سے نکلیں گے تو اللہ تعالیٰ اپنی نصرت سے تمام فتنوں سے بچاؤ اور ہدایت کا سامان کر دیں گے۔ اللہ تعالیٰ توفیق عمل عطا فرمائے آمین۔

ماہ رمضان کی مبارک ساعتوں میں ادارہ کی طرف سے
دوستوں کے شاگردوں کیلئے خصوصی پیشکش

اب ماہنامہ خزینہ روحانیات کے تمام خاص نمبروں اور تمام سابقہ جلدوں پر 50% ڈسکاؤنٹ۔ یہ پیشکش صرف ماہ رمضان تک کیلئے ہے۔

نوٹ فوٹو کاپی شماروں اور خاص نمبروں پر کوئی ڈسکاؤنٹ نہیں۔

رابطہ 0322-4773786, 042-35410586

درباری یا بھنگی ہمارا شمار کس میں ہے؟

مرسلہ: نظام الدین خان

ایک مشہور واقعہ ہے کہ کسی بادشاہ کے دربار میں ایک بھنگی کو پیش ہونے کا موقعہ ملا تو عجیب بات رونما ہوئی۔ دربار میں داخل ہوتے ہی وہ دھڑام سے فرش پر گرا اور بے ہوش ہوگیا۔ اسے ہوش میں لانے کی سرتوڑ کوشش کی گئی مگر بے سود۔ آخر ایک دانا درباری نے ایک گندگی سے آلودہ جوتا لانے کا مشورہ دیا۔ جوتا لایا گیا تو دانا نے کہا کہ ''اس بھنگی کو یہ جوتا سنگھایا جائے۔'' بظاہر اس بے سروپا دکھائی دینے والے حکم پر بادل نخواستہ عمل درآمد کیا گیا تو یہ دیکھ کر درباریوں کی حیرت کی انتہاء نہ رہی کہ بھنگی عالم بے ہوشی کو خیرباد کہہ کر عالم ہوش میں آ گیا۔ یعنی جو کام شاہی حکیم کی اعلیٰ جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ قیمتی دوائیں نہ کرسکیں، غلاظت سے بھرا جوتا وہ کمال دکھا گیا۔

سب لوگ دانا درباری سے پوچھنے لگے کہ ''یہ کیا ماجرا ہے؟'' تب اس نے جو حکمت بتائی وہ تاریخ میں سنہرے حروف سے لکھ دی گئی۔ اس نے کہا کہ ''اس بھنگی کی عمر گندگی اور غلاظت کی رفاقت میں بسر ہوئی اور اب یکا یک اسے شاہی دربار کی نفیس خوشبوؤں میں دھکیل دیا گیا، جس کی اس کو عادت نہیں تھی۔ چونکہ اس کی طبیعت میں اس نفاست کو قبول کرنے کی صلاحیت ہی نہ تھی تو یہ برداشت نہ کرسکا اور اپنے حواس کھو بیٹھا۔ اور جب اس کو اس کی طبیعت کے موافق ماحول دیا گیا تو فوراً اس کو قبول کرتے ہوئے ہوش میں آ گیا۔''

اس واقعے کو پڑھنے کے بعد مجھے کئی بھٹکتے سوالوں کے تسلی بخش جواب مل گئے۔ آیئے آپ بھی سنیے اور سر دُھنیے۔ ہم ٹی وی کے سامنے بیٹھ جائیں تو بلامبالغہ گھنٹوں کے گزر جانے کا احساس تک نہیں ہوتا جبکہ نماز شروع کردیں تو پانچ منٹ گزارنے محال ہوجاتے ہیں۔ ناول پڑھنا شروع کریں تو لگاتار بہت سا ٹائم اسے پڑھنے میں گزارنا بے حد سہل معلوم ہوتا ہے اور اگر تلاوت قرآن کی توفیق مل بھی جائے تو سر سے اتارنے کی کوشش ہوتی ہے۔ محافل دینیہ میں شمولیت کا وقت نہیں ملتا جبکہ بازاروں میں وقت کے گزرنے کا پتہ نہیں چلتا۔ ایک طرف درباری اور دوسری طرف بھنگی۔ ہمارا شمار کس میں ہے؟

''انسان کا کام تدبیر کرنا ہے نتیجہ مرتب کرنا صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے، اپنا رجوع الی اللہ کبھی نہ چھوڑیں''

سفر اور رزق کی بندش: کاروبار نہ چلنا، ملازمت کا نہ ملنا یا مل کر چھوٹ جانا، کاموں کے بنتے بنتے بگڑ جانا، بیرون ملک جانے میں رکاوٹ اور بندش کا سامنا۔

گھریلو مسائل: خاوند، بیوی اور بچوں میں ناچاقی اور طلاق تک نوبت۔

رشتوں کی بندش: جوان اولاد کے رشتے نہ ملنا، پسند نہ آنا یا پسند کے بعد انکار ہوجانا، منگنی کے بعد نکاح یا نکاح کے بعد رخصتی میں رکاوٹ۔

صحت کی بندش: بیماری کا علاج کے باوجود ٹھیک نہ ہونا یا بار بار بیمار ہونا، تمام لیبارٹری ٹیسٹ کے درست ہونے کے باوجود بھی صحت کا بحال نہ ہونا۔

اولاد کی بندش: اولاد کا نہ ہونا یا پیدا ہوکر مرجانا، پیدائشی طور پر بچوں میں مختلف قسم کی بیماریاں پیدا ہونا، صرف لڑکیاں ہی پیدا ہونا، نرینہ اولاد کیلئے۔

اولاد کے مسائل: نافرمانی، بدزبانی، دیگر غلط عادات اور سوسائٹی کے شکار افراد۔

معاشرتی مسائل: قرض کی ادائیگی، کسی شخص کا جائز کام میں رکاوٹ بننا، قرض واپس نہ کرنا، دشمن ہوجانا، پیسے یا چیزیں مثلاً دکان، مکان پر قبضہ کرلینا وغیرہ۔

تدبیر ہماری تقدیر تمہاری

کشائش رزق، بندش کاروبار، بندش رشتہ و ہر قسم کی بندش اور تمام پریشانیوں کے حل کیلئے اعتماد سے رابطہ فرمائیں۔

نوٹ ملاقات کیلئے فون پر وقت ضرور طے کرلیں

اب مولانا صاحب ہفتے کے 7 دن مریضوں سے ملاقات کریں گے۔

طبیب روحانی و جسمانی

مولانا ڈاکٹر علی آفاق

(ڈی۔ایچ۔ایم۔ایس)

خیروبرکت:۔

گھر، دکان، فیکٹری اور دفتر کی خیروبرکت کیلئے

Mobile: 0321-4168008

www.afaqspiritualclinic.com

facebook.com/afaqspiritualclinic

77/C، ماڈل ٹاؤن لاہور۔

یَا غَنِیُّ، یَا مُعْطِیُّ کے خواص اور اثرات

حضرت مولانا انظر شاہ کشمیریؒ

یَا غَنِیُّ کے خواص اور اثرات

یہ اسم مشترک ہے اور اس کے اعداد ایک ہزار ساٹھ (۱۰۶۰) ہیں۔

سب بری عادتیں کی اصلاح

جو شخص اپنے لالچی ذہن کی اصلاح کرنے کے لئے اور طمع دور کرنے کے لئے اس وظیفہ کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے، لالچ، بغض حسد، سب بری عادتیں جاتی رہیں۔

کسی کا محتاج نہ ہو

اور اگر کوئی اس کو بکثرت روزانہ پڑھے، کسی کا محتاج نہ ہو۔

مراد حاصل ہو

اور اگر کسی خاص مقصد کے لئے سات سو (۷۰۰) مرتبہ اس کا وظیفہ روزانہ پڑھے، مراد حاصل کرے۔

رنج جاتا رہے

اور اگر کوئی کسی رنج میں مبتلا ہو وہ ستر (۷۰) مرتبہ اس کو پڑھے، رنج جاتا رہے۔

الغنی کا نقش معظم:

۷۸۶

۳۵۲	۳۵۸	۳۵۰
۳۵۱	۳۵۳	۳۵۶
۳۵۷	۳۴۹	۳۵۴

یَا مُعْطِیُّ کے خواص اور اثرات

یہ اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد ایک سو انتیس (۱۲۹) ہیں۔

کثیر انعام و وظیفہ

اگر کوئی اس اسم کو ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھے، بلند مرتبہ ہو اور اتنی نعمتیں عطا ہوں کہ وہ پھر کسی سے سوال نہ کر سکے اور نہ کسی کا محتاج رہے۔ ہر کام میں حوصلہ اور ہمت بلند ہو، عہدے میں اضافہ ہو، رزق میں ترقی ہو۔ لیکن اس کا وظیفہ پڑھنے کا معمول بنا لے اور کم از کم ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ، اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھے۔

ہر ضرورت خود بخود پوری ہو

اگر کوئی یا معطی السائلین کثرت سے پڑھا کرے، کبھی کسی سے سوال نہ کرے اور اس کی ہر ایک ضرورت خود بخود پوری ہوتی رہے۔

کشائش رزق کا خاص عمل

یہ عمل کشائش رزق کے لئے بہت اکسیر ہے۔ چاند کے مہینہ میں جب پہلی جمعرات آئے، دن گزار کر جمعہ کی رات میں آدھی رات گئے، گھر میں کسی جگہ تنہا بیٹھے اور دو رکعت قضائے حاجت کی پڑھ کر قبلہ کی طرف منہ کئے ہوئے ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ، اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود۔ پڑھنے والے نے یقین کامل کے ساتھ اپنے اللہ کو یاد کیا تو صبح ہوتے ہی رزق میں اضافہ ہوتا محسوس ہونے لگے اور رزق میں اضافہ شروع ہو جائے گا۔ اور اگر دل میں شک و شبہ پیدا ہو گیا تو پھر اتنی جلد اثر نہ ہوگا۔ جب تک مطلب پورا نہ ہو ہر ایک جمعہ کی شب میں پڑھتا رہے۔ یہ عمل تجربہ شدہ ہے۔

المعطی کا نقش معظم یہ ہے: ۷۸۶

۲۷	۳۸	۴۰	۲۴
۳۳	۳۱	۲۹	۳۶
۲۸	۳۵	۳۴	۳۲
۴۱	۲۵	۲۶	۳۷

کن حالات میں گھریلو علاج لازمی ہو جاتا ہے

- اگر آپ کے گھر میں شدید روحانی اثرات پائے جاتے ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- اگر آپ کے گھر میں خون، پانی، تیل وغیرہ کے چھینٹے پڑتے ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- اگر آپ کے گھر میں ریت، مٹی، پتھر وغیرہ پھینکے ہوئے پائے جاتے ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- اگر آپ کے صحن یا چھت پر مٹھائی، گوشت، دال وغیرہ پھینکے ہوئے پائے جاتے ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- اگر آپ کے گھر میں چیونٹیاں، کیڑے مکوڑے، چھپکلیاں وغیرہ بہت زیادہ پائی جاتی ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- اگر آپ کے گھر میں کپڑے، بستر، چادر، کمبل، وغیرہ میں سوراخ اور کٹ لگتے ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- اگر آپ کے گھر میں اکثر و بیشتر آگ لگ جاتی ہے..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- اگر آپ کے گھر میں اکثر نقصان، چوری، ڈکیتی وغیرہ ہوتے ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- اگر آپ کے گھر میں خوشبو یا بدبو کسی کونے، کمرے یا پورے گھر میں بھی آتی ہے..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- اگر آپ کے گھر سے اکثر تعویذ، پتلے، بال، سوئیاں وغیرہ پڑی ملتی ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- اگر آپ کے گھر سب گھر والے یا بچے خوفزدہ یا ڈرتے وغیرہ ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- اگر آپ کے گھر میں چلنے پھرنے، دوڑنے، رونے، ہنسنے کی آوازیں آتی ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- اگر آپ کے گھر میں ہر وقت فساد، لڑائی جھگڑا اور نا اتفاقی کا مسئلہ رہتا ہے..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- اگر آپ کے سب گھر والے گھر میں بے سکونی، بے چینی، الجھن، دباؤ وغیرہ محسوس کرتے ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- اگر آپ کے گھر میں ٹک ٹک یا برتنوں کے ٹکرانے یا کسی بھی طرح کی آوازیں آتی ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- اگر آپ کے گھر میں چھت پر دوڑنے، سیڑھیوں سے اترنے کی آوازیں آتی ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- اگر آپ کے گھر میں کھانے پینے کی چیزیں اکثر یا بہت جلدی خراب ہوتی ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- اگر آپ کے گھر میں کھانے پینے کی چیزوں سے عجیب سی خوشبو یا بدبو آتی ہے..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- اگر آپ کے گھر میں دروازے، کھڑکیاں، لائٹیں، پنکھے وغیرہ خود چلتے یا بند ہو جاتے ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- اگر آپ کے تمام گھر والے اکثر بیمار، پریشان یا مختلف مسائل کا شکار رہتے ہیں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- اگر آپ کے تمام گھر والوں کو یا اکثر کو ڈراؤنے، پریشان کن، نقصانات کے خواب آتے ہوں..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔
- اگر آپ کے گھر والوں کو اکثر مالی نقصانات کا سامنا کرنا پڑتا ہے..... تو گھر کا روحانی علاج کروائیں۔

نوٹ درج بالا یا ان سے ملتی جلتی علامات اگر کسی گھر میں پائی جائیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس گھر میں نقصان دہ اثرات ہیں۔ اثرات چاہے جادو کے ہوں یا جنات و شیاطین کے..... ان کو ختم کیے بغیر سکون نصیب نہیں ہوگا اور نہ ہی زندگی آسان گزرے گی۔ گھر کے علاج کے لیے اعتماد کے ساتھ رابطہ فرمائیں۔

دارالعمل چشتیہ لاہور۔ 0324-8439477, 0343-4686217

سچی توبہ ورحمت کا وظیفہ

مرتب: عالم نقری

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۚ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

(الانبیاء ۸۷)

''تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو پاک ہے۔ بیشک میں ظالموں میں سے ہوں''

یہ وہ اسم اعظم ہے جسے کثرت سے دل کے ساتھ پڑھ کر جو چیز بھی اللہ سے طلب کی جائے، وہ اللہ تعالیٰ عنایت کر دیتا ہے۔ گویا کہ ہر مشکل کام کے لیے اس آیت کا وظیفہ بہت ہی مفید ہے۔ اس آیت کے بے پناہ فیوض وبرکات ہیں۔ اس وظیفہ کو اپنی حاجت کے لیے پڑھنے کے طریقے مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ توبہ استغفار کی نیت سے اس آیت کو نماز تہجد کے وقت کثرت سے پڑھنا سچی توبہ کرنے کا ذریعہ بنتا ہے۔ اعتکاف کے پورے ایام میں اسے ہر وقت پڑھتے رہنا بھی مفید ہے۔ یعنی ہر نماز کے بعد زیادہ سے زیادہ تعداد میں پڑھنے کی کوشش کی جائے۔ اگر کسی کا عام طریقے سے معمول قائم نہ ہوتا ہو تو اسے چاہیے کہ گن کر پڑھ لے۔ بہرکیف، اعتکاف میں جتنا زیادہ سے زیادہ طریقہ پڑھا جائے گا، اتنا ہی زیادہ فائدہ ہوگا اور اثرات جلد ظاہر ہوں گے۔

۲۔ جو شخص اس وظیفے کو اعتکاف میں مجموعی طور پر روزانہ تیرہ ہزار آٹھ سو نوے (۱۳۸۹۰) مرتبہ پڑھے گا، اللہ اس سے راضی ہو جائے گا۔ اور آخر دن جس کام کے لیے بھی اللہ کے حضور التجا کرے گا، وہ ان شاء اللہ پورا ہو جائے گا۔ اگر گناہوں کی مغفرت کو پیش نظر رکھے گا تو اس کے گناہ معاف ہو جائیں گے۔

۳۔ اس وظیفہ کے اثرات جلالی ہیں۔ اس لیے اسے ہمیشہ کسی اللہ کے بندے سے اجازت لے کر پڑھنا چاہیے۔ لہٰذا جو شخص اسے کثرت سے پڑھے، اس کی طبیعت میں جلالت اور گرمی پیدا ہو جاتی ہے۔

۴۔ اعتکاف کے علاوہ جو شخص اس کا عامل بننا چاہے، وہ ایک وقت مقرر کرے اور چالیس (۴۰) دن تک ایک جگہ پر تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ بہتر تو یہ ہے کہ وظیفہ شروع کرنے سے پہلے اپنے گرد حصار کر لے۔ آیت الکرسی کا حصار بہترین حصار ہے۔ جب مؤکلات ظاہر ہوں تو ان سے کوئی بات نہ کرے۔ آخری دن وہ تابع ہو جائیں گے۔ اس کے بعد ان سے حسب منشا کام لے سکتے ہیں۔ جب تک مؤکل حاضر نہ ہو، چلّے کرتا رہے۔ ان شاء اللہ ایک نہ ایک دن ضرور مؤکل حاضر ہوں گے۔

برائے درد سر وآدھے سر کا درد وآنکھوں کا درد وکان کا درد

دانتوں کا درد وپیٹ کا درد ونظر بد سوتے میں ڈر نا

مولانا اعجاز احمد خان مدظلہ

مندرجہ ذیل نقش درد سر، آدھے سر کا درد، آنکھوں کا درد، کان کا درد، دانتوں کا درد، پیٹ کا درد، نظر بد اور سوتے میں ڈر خوف سے بحکم خدا تعالیٰ نجات دیتا ہے۔ ان دونوں نقوش کو درج ذیل طریقے پر باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے یا سر میں (ٹوپی، پگڑی میں سی لے) باندھ لے (عورت چوٹی میں باندھ لے) یا مرد دائیں بازو پر اور عورت بائیں بازو پر باندھ لے۔ وہ نقش یہ ہے:

ھ ھ ھ ھ ھ ھ ر ۶ ۸ ۷ ۰ ۰ ۰ ۰ ۰ ۰ ۰

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

حصہ

۷۸۶ ※وھ

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

مجربات حضرت مولانا حاجی احمد علی پنجگوری رحمہ اللہ

مرتب: محمد زبیر (لاہور)

برائے دفع ہر مصیبت

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ. وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

سات سات مرتبہ صبح وشام۔

خواب سے بیدار ہونے کا قرآنی ٹائم پیس

(مجرب عمل)

سورۂ کہف کی آخری چار آیتیں

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ کَانَتْ لَھُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿۱۰۷﴾ خٰلِدِیْنَ فِیْھَا لَا یَبْغُوْنَ عَنْھَا حِوَلًا ﴿۱۰۸﴾ قُلْ لَّوْ کَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّکَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ کَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِہٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ یُوْحٰٓی اِلَیَّ اَنَّمَآ اِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ: فَمَنْ کَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّہٖ فَلْیَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا یُشْرِکْ بِعِبَادَۃِ رَبِّہٖٓ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾

(الکہف ۱۰۷-۱۱۰)

پڑھ کر سو جائے۔ کسی سے پھر بات چیت نہ کرے۔ جس وقت کے اٹھنے کا ارادہ کرے، ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور بیدار ہوگا۔

خواب آور قرآنی ایٹم بم

(مجرب عمل)

جس کو رات نیند نہ آئے، اس کو چاہئے سورۃ اللیل سات مرتبہ، سورۃ الشمس سات مرتبہ، آیت الکرسی سات مرتبہ، اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ پڑھنے سے قبل اس کو پوری نیند آئے گی اور رات کو اچھے اچھے خواب دیکھے گا۔ بزرگانِ دین کی ملاقات سے بہرہ ور ہوگا۔ تبشیرات سے نوازا جائے گا۔

سورۂ شمس یہ ہے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالشَّمْسِ وَضُحٰىھَا ﴿۱﴾ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰىھَا ﴿۲﴾ وَالنَّھَارِ اِذَا جَلّٰىھَا ﴿۳﴾ وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰىھَا ﴿۴﴾ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰىھَا ﴿۵﴾ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰىھَا ﴿۶﴾ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىھَا ﴿۷﴾ فَاَلْھَمَھَا فُجُوْرَھَا وَتَقْوٰىھَا ﴿۸﴾ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَکّٰىھَا ﴿۹﴾ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰىھَا ﴿۱۰﴾ کَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰىھَآ ﴿۱۱﴾ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىھَا ﴿۱۲﴾ فَقَالَ لَھُمْ رَسُوْلُ اللّٰہِ نَاقَۃَ اللّٰہِ وَسُقْیٰھَا ﴿۱۳﴾ فَکَذَّبُوْہُ فَعَقَرُوْھَا فَدَمْدَمَ عَلَیْھِمْ رَبُّھُمْ بِذَنْۢبِھِمْ فَسَوّٰىھَا ﴿۱۴﴾ وَلَا یَخَافُ عُقْبٰھَا ﴿۱۵﴾

سورۂ اللیل یہ ہے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی ﴿۱﴾ وَالنَّھَارِ اِذَا تَجَلّٰی ﴿۲﴾ وَمَا خَلَقَ الذَّکَرَ وَالْاُنْثٰی ﴿۳﴾ اِنَّ سَعْیَکُمْ لَشَتّٰی ﴿۴﴾ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی ﴿۵﴾ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی ﴿۶﴾ فَسَنُیَسِّرُہٗ لِلْیُسْرٰی ﴿۷﴾ وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰی ﴿۸﴾ وَکَذَّبَ بِالْحُسْنٰی ﴿۹﴾ فَسَنُیَسِّرُہٗ لِلْعُسْرٰی ﴿۱۰﴾ وَمَا یُغْنِیْ عَنْہُ مَالُہٗٓ اِذَا تَرَدّٰی ﴿۱۱﴾ اِنَّ عَلَیْنَا لَلْھُدٰی ﴿۱۲﴾ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَۃَ وَالْاُوْلٰی ﴿۱۳﴾ فَاَنْذَرْتُکُمْ نَارًا تَلَظّٰی ﴿۱۴﴾ لَا یَصْلٰىھَآ اِلَّا الْاَشْقَی ﴿۱۵﴾ الَّذِیْ کَذَّبَ وَتَوَلّٰی ﴿۱۶﴾ وَسَیُجَنَّبُھَا الْاَتْقَی ﴿۱۷﴾ الَّذِیْ یُؤْتِیْ مَالَہٗ یَتَزَکّٰی ﴿۱۸﴾ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَہٗ مِنْ نِّعْمَۃٍ تُجْزٰٓی ﴿۱۹﴾ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْہِ رَبِّہِ الْاَعْلٰی ﴿۲۰﴾ وَلَسَوْفَ یَرْضٰی ﴿۲۱﴾

وسعت رزق کے لئے

عامل کو چاہئے کہ وسعتِ رزق کے واسطے جمعہ کے روز سورۂ کہف اور ہر روز عشاء کی نماز کے بعد سورۂ واقعہ دو بار معمول رکھے کیونکہ حضرت ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ "جو کوئی پڑھے سورۂ واقعہ ہر شب، نہیں پہنچے گا اس کو فاقہ"۔

ادارے کی شائع کردہ کتب کی تفصیل goo.gl/qYfFzs

تمام اجازت والے اعمال

محمد علیم (لاہور)

بچوں کی نظرِ بد اور ہر بیماری سے حفاظت کیلئے

یہ دعا لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اللهِ اَلْفِ اَلْفِ لا حول ولا قوة الا بالله العلی العظیم۔

نظر لگے یا بچہ کانسوتے میں رونے اور ڈرنے کا وظیفہ

تین مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کریں اور یہ دعا لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۲﴾

(القلم ۶۸)

فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ﴿۳﴾ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ﴿۴﴾

(الملک ۶۷)

بھائے درد میں سر

یہ کلمات لکھ کر سر پر باندھے جائیں۔

كٓهٰيٰعٓصٓ، اُذْكُرْ رَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

جادو، نظرِ بد اور لاعلاج مرض سے صحت یابی

جس پر جادو یا نظرِ بد کا اثر ہو اور جس مریض کو طبیبوں نے جواب دے دیا ہو تو اس کو چاہیے کہ یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ یَا حَیُّ کو ہر روز بعد نمازِ فجر دو سو (۲۰۰) مرتبہ معہ اول و آخر درود شریف چھ چھ بار پڑھے اور اپنے تمام بدن پر اور پانی پر دم کرے اور وہی پانی صبح و شام پیے۔ ان شاء اللہ العزیز بہت جلد شفاء ہوگی۔

شادی کے جملہ امور بحسن و خوبی انجام پذیر ہونے کے لئے

حضرت علامہ مفتی محمد ارشد القادری صاحب مدظلہ تحریر فرماتے ہیں:

ان تمام معاملات میں سورۃ قریش کو بعد نماز عصر اور عشاء، اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھنا بہت مفید ہے۔ یہ عمل شادی کی تیاری سے لے کر نکاح تک جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

جہیز کا انتظام کرنے کے لئے بہترین وظیفہ

حضرت علامہ مفتی محمد ارشد القادری صاحب مدظلہ تحریر فرماتے ہیں:

درود ابراہیمی	گیارہ (۱۱) مرتبہ
سورۂ مزمل	گیارہ (۱۱) مرتبہ
یَا مُغْنِیُ	گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) مرتبہ
درود ابراہیمی	گیارہ (۱۱) مرتبہ
مدت عمل	اکتالیس (۴۱) یوم

یہ وظیفہ بعد نماز عشاء شروع کرے اور آخر تک کسی سے بات نہ کرے۔ بہتر ہے کہ خلوت اختیار کرے اور اس عمل کا کسی سے تذکرہ نہ کرے۔

ماہِ رمضان کے چند خاص عملیات

سارا سال رزق ملتا رہے

رمضان شریف کا چاند دیکھنے کے بعد تین (۳) مرتبہ سورۂ فتح پڑھ لینے سے پورا سال رزق ملتا رہے گا۔

دردِ سر کے لیے

رمضان شریف کے آخری جمعہ کو سورۂ فرقان کی آیت نمبر 45-46 باوضو سفید کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنالیں۔ دردِ سر والے کے سر پر باندھیں۔

سورۃ فاتحہ کی فضیلت اور تلاوت کا ثواب

حضرت مولانا امداد اللہ انور صاحب دامت برکاتہم

حدیث: حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے جناب رسول اکرم ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

ترجمہ: "اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میں نے سورۂ فاتحہ کو اپنے اور اپنے بندے کے درمیان نصف ونصف کر دیا ہے اور میرے بندہ کی وہ دعا قبول ہوگی جو وہ طلب کرے گا، جب بندہ "الحمد اللہ رب العالمین" کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ "میرے بندے نے میری حمد ادا کی"۔ پھر جب وہ "الرحمن الرحیم" کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ "میرے بندے نے میری ثناء بیان کی" اور جب وہ "ایاک نعبد وایاک نستعین" کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ "یہ میرے اور میرے بندے کے درمیان تقسیم ہے اور میرے بندے کیلئے ہے جو کچھ وہ طلب کرے گا"، پس جب وہ "اھدنا الصراط المستقیم، صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضالین" کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ "یہ میرے بندے کا حصہ ہے اور میرے بندے کیلئے ہے جو کچھ وہ سوال کرے"۔ (مسلم)

فائدہ: اس حدیث سے غیر مقلدین نے اپنا یہ مسئلہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ نماز میں مقتدی کو بھی سورۂ فاتحہ پڑھنی ضروری ہے حالانکہ اس میں مقتدی کا کوئی ذکر نہیں ہے اور دوسری احادیث میں مقتدی کو امام کے پیچھے فاتحہ نہ پڑھنے کی تعلیم بھی موجود ہے مگر یہ غیر مقلدین ان سب احادیث کا انکار کرتے ہیں اور اپنی سمجھ کو دین بنا کر احادیث کی من مانی تشریحات کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو ہدایت عطاء فرمائیں۔ (ص 398-399)

سورۂ فاتحہ کی شان

حدیث: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ حضرت جبریلؑ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے کہ اچانک حضرت جبریلؑ نے اوپر سے ایک آواز سنی تو اپنا سر اٹھا کر فرمایا کہ "آج آسمان کا ایک ایسا دروازہ (کھلا) ہے جو اس سے پہلے کبھی نہیں کھلا تھا"۔ پھر اس سے ایک فرشتہ نازل ہوا تو حضرت جبریلؑ نے فرمایا کہ "یہ فرشتہ زمین کی طرف نازل ہوا ہے جو آج کے سوا کبھی نازل نہیں ہوا"۔ چنانچہ اس فرشتہ نے آکر سلام کیا اور عرض کیا "یارسول اللہ! آپ (ﷺ) دو نوروں کے ساتھ خوش ہو جائیں جو صرف آپ (ﷺ) کو عطاء کئے گئے ہیں، آپ (ﷺ) سے پہلے یہ دونوں کسی نبی کو عطاء نہیں کئے گئے (۱) فاتحۃ الکتاب اور (۲) سورۂ بقرہ کی آخری آیات"۔

سورۂ فاتحہ قرآن عظیم ہے

حدیث: حضرت ابو سعید بن المعلیؓ فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں نماز ادا کر رہا تھا۔ رسول خدا ﷺ نے مجھے بلایا تو میں نے آپ ﷺ کو کوئی جواب نہ دیا۔ پھر آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا "یارسول اللہ! میں نماز میں مصروف تھا"۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ "اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نہیں دیا "استجیبوا للہ وللرسول اذا دعاکم" اللہ کو اور اس کے رسول کو لبیک کہو جب وہ تمہیں بلائیں"۔ پھر ارشاد فرمایا "میں تمہیں تمہارے مسجد سے نکلنے سے پہلے پہلے ایک سورۃ کی تعلیم دوں گا جو قرآن کی سب سے عظیم الشان سورۃ ہے"۔ پھر آپ ﷺ نے مجھے ہاتھ سے پکڑ لیا، جب ہم نکلنے کے قریب ہو گئے تو میں نے عرض کیا "یارسول اللہ! آپ (ﷺ) نے ارشاد فرمایا تھا کہ میں تمہیں قرآن کی سب سے بڑی سورۃ کی تعلیم دوں گا؟" تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا "الحمد للہ رب العالمین (یعنی سورۂ فاتحہ کی یہ سات آیات ہیں جو بار بار پڑھی جانے والی ہیں اور یہی قرآن عظیم ہیں جو مجھے ہی عطا کی گئی ہیں)"۔

حصولِ شفاء کا درست راستہ

مولانا علی آفاق (ناظم روحانی علاج گاہ)

شفاء اللہ تعالیٰ نے اپنے دست مبارک میں رکھی ہے۔ اس کا اعلان قرآن پاک میں بھی فرمایا ہے۔ خوشی اور غمی، ہنسنا اور رونا ایسی چیز ہے جو اللہ کے دستِ قدرت میں ہے۔ عزت، دولت، صحت، ہمارے سارے معاملات میں سدھار اور بہتری صرف اللہ نے اپنے ہاتھ میں رکھی ہے۔ انسان کو تدبیر کو پوری طرح اختیار کرنے کے بعد تقدیر پر یقین رکھنے اور تدبیر کی اللہ کی پاک بارگاہ میں قبولیت کی دعا کرنے کا حکم ہے۔ دعا یہ کہ ''اے مالک! میری محنت، تیری رحمت'' ہی اصل طریقہ ہے۔

ایک خاتون نے بیرون ملک سے رابطہ کیا اور اپنی بیٹی کے رشتے سے متعلق تفصیلات سے کچھ یوں آگاہ کیا کہ ہر وظیفہ، ہر دعا، ہر حاجت کی بتائی ہوئی نماز، صدقہ، خیرات، سورۃ بقرہ کی تلاوت خود کرنا، بچوں کو ملا کر پڑھوانا، راتوں کو جاگ کر وظائف پڑھنا..... میرا پچھلے 10 سال سے معمول ہے۔ اور اب حالات یہاں تک جا پہنچے ہیں کہ بیٹی کی عمر 35 سال ہو چکی ہے۔ رشتے اچھے سے اچھے آتے ہیں مگر کبھی ہم انکار کر دیتے ہیں اور کبھی رشتہ دیکھنے کیلئے آنے والے لوگ انکار کر کے چلے جاتے ہیں۔ وہ خاتون روہانسی ہو کر کہنے لگیں کہ پہلے 5 سال تو مجھے یہ محسوس ہی نہ ہوا کہ ہمارے گھر کے کسی فرد یا میری بیٹی کے ساتھ کوئی روحانی مسئلہ درپیش ہے۔ مگر جب تعلیم، خوبصورتی، صلاحیت اور ہر قسم کی خوبی اور استعداد کے موجود ہونے کے باوجود رشتہ طے ہوتے ہوتے رہ جانے لگا تو مجھے محسوس ہونے لگا کہ معاملہ روحانی ہے۔ لہٰذا روحانی وظائف کی طرف متوجہ ہو گئی۔ اس موقع پر روحانی تشخیص سے غفلت یا لاعلمی کی بناء پر دیر آید درست آید کی مصداق کو 15 سال کے بعد منزل کی امید اور کرن نظر آنے لگی۔ خیر ساری کہانی اور پچھلے 15 سال کی ریاضتیں سن کر مجھے ان کی محنت پر رشک اور ناکامی پر بہت افسوس ہوا۔ بہرحال جب میں نے ان کو بتایا کہ آپ کی 10 سال کی انتھک محنت ایک طرف اور درست طریقۂ علاج یعنی بندشِ رشتہ کے فلسفے کو سمجھتے ہوئے اس کے علاج کو فوکس کر کے نہانے، پینے، جسم پر مل کر جلانے والے تعویذات، چراغ میں جلانے والی بتیاں حسبِ ضرورت، صرف میری طرف سے ملنے والے کلام کی تسبیح وغیرہ کو معمول بنائیں۔ چھڑکنے والے تعویذات کا ناغہ نہ ہونے دیں تو ان شاء اللہ، چالیس (۴۰) یوم کا علاج نا صرف آپ کی مشکل کی آسانی میں تبدیلی اور حاجت کے پورے ہونے کے ساتھ ساتھ آپ کو آپ کا دشمن ہمارے مؤکلات کی طرف سے دکھا بھی دیا جائے گا۔ مگر شرط یہ ہے کہ رابطہ بھی روزانہ کریں اور بتائے ہوئے طریقے کے مطابق سارے معمولات سرانجام دیں۔

الحمدللہ! انہوں نے ایک دن بتایا کہ آج سے 5 سال پہلے ایک رشتہ پسند آیا تھا۔ مگر وہ انجانی وجوہات (جادو، جنات، بندش رشتہ) کی بناء پر جواب دے کر چلے گئے تھے۔ وہ گھرانہ تو دوبارہ رابطہ کر رہا ہے اور دیگر بھی کئی رشتے کیلئے لوگ رابطے میں ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ الحمدللہ ہماری محنت رنگ لا چکی ہے اور ساتھ ہی آپ کے دشمن بھی ہمارے مؤکلات نے آپ کو دکھا دیئے ہیں۔ اب آپ آئندہ اپنے عزیز و اقارب کی شکل میں چھپے دشمنوں سے محفوظ رہیں۔ اس کے لئے آپ اپنے حصار، حفاظت اور سیکیورٹی کے لئے عمل اور اجازت حاصل کریں۔ ان نیک خاتون نے اس تجویز پر عمل کیا اور ساتھ ہی بندہ کی راہنمائی جاری رہی۔ اللہ نے اپنے پاک کلام اور درست سمت میں علاج کرنے کی برکت سے رشتہ منظور فرما دیا اور اب وہ لڑکی اپنے گھر میں خوش و خرم زندگی گزار رہی ہے۔

قارئین کرام، ادارے سے وابستہ روحانی درسگاہ کے طلباء، عظام اور عاملین کرام! آپ سے بھی خزینۂ روحانیات کے صفحات کے ذریعے یہی درخواست ہے کہ مریضوں کی تشخیص، مناسب اور ضروری علاج اس کو بہت سی پریشانیوں سے بچا لیتا ہے۔ اسی طرح عاملین کا وقت بچتا ہے۔ نیک نامی میں اضافہ ہوتا ہے۔ لوگ آپ کے لئے حوالے کا کام کرتے ہیں۔ آپ کی درست سمت کی محنت لوگوں کو آپ کے پاس آنے پر مجبور کرتی ہے۔ آپ کا اخلاق اور کام کرنے، علاج کرنے میں مہارت آپ کے اعتماد، لوگوں کی آپ کے ساتھ محبت میں اضافے کا سبب بنتی ہے۔ لوگ آپ کے لئے غائبانہ طور پر دعائیں کرتے ہیں۔ آہستہ آہستہ آپ کا نام اپنے شہر، علاقے میں ایک مقام حاصل کر لیتا ہے۔ لہٰذا تشخیص، درست علاج پر بھرپور توجہ دیں۔

مکتبۃ العارف کی جانب سے ماہ رمضان المبارک کی
کتب پر 50% سے 60% زبردست ڈسکاؤنٹ

نام کتاب	مصنف	عام قیمت	رعایتی قیمت
خطبات رمضان المبارک	مولانا ثناءاللہ	360	144
رسائل رمضان المبارک	محمد نعیم اللہ خان	250	125
اعتکاف کیسے کریں	ممتاز طارق	220	110
مسنون تراویح	مولانا نور محمد قادری		100
نماز تراویح کے فضائل واحکام	مفتی محمد رضوان	480	216
وظائف رمضان	مولانا اشرف علی تھانوی	480	240
رمضان المبارک کی برکات	پیر ذوالفقار نقشبندی	225	115
گلدستہ رمضان	مفتی غلام فرید توحیدی	360	180
رمضان کے فضائل واحکام	مفتی محمد رضوان	700	315
تحفہ رمضان	مفتی سلمان منصور پوری	200	80
اعتکاف کے فضائل واحکام	مفتی محمد رضوان	360	162
برکات رمضان	مولانا اشرف علی تھانوی		165

مکتبۃ العارف 0332-4487877, 042-35410586
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com

خزینہ روحانیات کی سابقہ جلدیں

ماہنامہ خزینہ روحانیات کی سابقہ جلدیں پچھے صدری روحانی رازوں سے بھرپور ہیں۔ جو کہ آپ کی نسلوں کا روحانی، جسمانی طبی ونفسیاتی معالج ثابت ہوں گی۔

جلد نمبر 7 کی قیمت: 650 روپے اکٹھی 7 جلدیں: 4050 روپے

خوشخبری سات جلدیں اکٹھی خریدنے پر زبردست آفر 20% ڈسکاؤنٹ قیمت 3300 روپے

شعبہ نشرواشاعت 0322-4773786, 042-35410586

اہم اعلان

ماہنامہ خزینہ روحانیات کی نئی ممبر شپ جولائی 2017 سے اپریل 2018 تک جاری کی جائے گی جس کی رقم 550 روپے (عام ڈاک) اور 860 روپے (رجسٹرڈ ڈاک) سے ہوگی۔ جون 2017 میں اس سے کم مدت کی ممبر شپ جاری نہیں کی جائے گی۔

عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

جن ممبران کو عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی شکایت رہی ہے ان سے مودبانہ گذارش ہے کہ وہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کی فیس جمع کروائیں۔ 0322-4773786

ٹھنڈک کورس

امراض گرما کا بہترین علاج مطب العارف کا ٹھنڈک کورس

پہلی خوراک ہی میں بفضل خدا مریض پرسکون ہوجاتا ہے

☆اگر آپ کا سر گرم رہتا ہے تو آپ کیلئے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کی آنکھوں میں بہت زیادہ جلن ہوتی ہے تو آپ کیلئے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کے جگر میں گرمی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کے معدہ میں گرمی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کے مثانہ میں گرمی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کو پیلا یرقان ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کو کالا یرقان ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کا بلڈ پریشر ہائی رہتا ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کو بوجہ گرمی تکسیر آتی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کو پیشاب میں جلن ہوتی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کا بلڈ پریشر ہائی رہتا ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کے ہاتھ پاؤں جلتے ہیں تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کو خونی بواسیر ہے تو خون روکنے کیلئے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کو پیاس زیادہ لگتی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کو دست لگے ہوئے ہیں تو ان کو روکنے کیلئے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کو گرمی کی وجہ سے یا گرمیوں میں بخار ہے تو آپ کیلئے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے

نوٹ تمام امراض گرما سے محفوظ رہنے کیلئے حفظ ماتقدم کے طور پر بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

darulamal.org/matabalaarif
matabalaarif@gmail.com

چھوٹی پیکنگ: 550 روپے بڑی پیکنگ: 1100 روپے

مطب العارف 0307-5525103, 042-35410586

رمضان المبارک کے دو خاص تحفے

1 اللہ

پہلے گیارہ روز سوا لاکھ کے کھلے ورد کی نیت کر کے پڑھیں۔ ہر وقت پڑھتے رہیں اور ساتھ ممکن ہو تو لکھتے رہیں ورنہ جو مناسب طریقہ آپ کو لگے، اس سے حساب رکھیں۔ تہجد کے وقت چار ہزار چار سو چوالیس (۴۴۴۴) مرتبہ خانہ کعبہ کا مراقبہ کر کے پڑھیں۔ مراقبہ میں یہ تصور کریں کہ خانہ کعبہ کے اوپر اللہ کے نور کی بارش ہو رہی ہے اور خانہ کعبہ پر سے ہوتے ہوئے اس نور کے چھینٹے آپ پر بھی گر رہے ہیں۔ اگر اس تصور میں سر درد ہونے لگے تو مراقبہ کے بغیر تعداد پوری کریں۔ روزانہ رات کو ایک نشست میں پڑھنا ہے۔ باقی دن میں جتنا مرضی پڑھیں۔ کوشش کریں کہ اس دوران بڑے گوشت سے پرہیز کریں۔ اگر کسی قسم کا گوشت نہ کھائیں تو بہت اچھا ہے۔ جو بھی کیفیات اور خواب نظر آئیں، کسی کو ہرگز نہ بتائیں۔ اپنے شیخ و مرشد کو بتائیں یا پھر بندے کو لکھ کر بھیج دیں۔ پڑھنا ''اللہ'' ہے، ''یا اللہ'' نہیں پڑھنا۔ نیز اللہ کی تشدید پر دھیان دے کر پڑھیں۔

2 صلی اللہ علیہ وسلم

تیرھویں (۱۳) روزے سے سوا لاکھ کے کھلے ورد کی نیت کر کے پڑھیں۔ پندرہ (۱۵) دن یا سترہ (۱۷) دن کی نیت کریں۔ پندرہ دن کے حساب سے ستائیسویں (۲۷) روز ختم ہوگا۔ روزانہ اکتیس سو (۳۱۰۰) مرتبہ بوقت تہجد، حضور ﷺ کے روضہ مبارک کا مراقبہ کے پڑھیں۔ مراقبہ میں یہ تصور کریں کہ روضہ مبارک کے اوپر اللہ کے نور کی بارش ہو رہی ہے اور روضہ مبارک پر سے ہوتے ہوئے اس نور کے قطرے آپ پر بھی گر رہے ہیں۔ اگر اس تصور میں سر درد ہونے لگے تو مراقبہ کے بغیر تعداد پوری کریں۔ روزانہ رات کو ایک نشست میں پڑھنا ہے۔ باقی دن میں جتنا مرضی پڑھیں۔ کوشش کریں کہ اس دوران بڑے گوشت سے پرہیز کریں۔ اگر کسی قسم کا گوشت نہ کھائیں تو بہت اچھا ہے۔ جو بھی کیفیات اور خواب نظر آئیں، کسی کو ہرگز نہ بتائیں۔ اپنے شیخ و مرشد کو بتائیں یا پھر بندے کو لکھ کر بھیج دیں۔

دعا گو خالد مقبول حفظہ اللہ سرپرست دار العمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ spiritualist77@gmail.com

غیبی مخلوقات کو مسخر کرنے کے چند خاص اعمال

قیصر احمد بی۔اے۔
(کراچی)

حاضری دیوی

عمل: اُوم ہرینگ چہ چہ سوا ہا

ترکیب: اس عمل کو روزانہ رات 12 بجے صرف ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ پہلے روز ہی نیند نہ آئے گی۔ جب آئے گی تو وحشت ناک مناظر نظر آئیں گے۔ چند روز میں خواب میں باتیں ہونی شروع ہو جائیں گی اور جو آپ کا مقصد ہے، اس کے بارے میں مکمل معلومات دینے لگے گی یا جو آپ کا من پسند مشغلہ ہے، اس کی معلومات دینے لگے گی۔ ظاہری طور پر چیزیں آگے پیچھے کرنے لگے گی۔ اس عمل میں کوئی پرہیز نہیں ہے۔ گیارہویں روز ایسا محسوس ہوگا کہ کوئی ساتھ ساتھ چل رہا ہے یا پیچھے کوئی ہے۔ آوازیں آئیں گی، جب گھوم کر دیکھیں گے تو کوئی نہ ہوگا۔

مجرب عمل ہے۔ کر کے دیکھ لیں، مزہ آجائے گا اور ساتھ ہی زندگی سنور جائے گی۔

حاضری بھوت پریت پری دیو

عمل: عوا موا ینا مانا بُوسنار گنجا تا تگنی سگنی سوا۔ سات سیر پانی کا روٹھ سات کنوئیں بھوت پریت پری دیونوں پکڑ وا اور باندھ کر لاؤ۔ نہ لاؤ گے تو ماتا کا دودھ حرام کرو گے۔

ترکیب: چلتے پانی میں کھڑے ہو کر یا پھر مجبوری میں مٹی کے بڑے کونڈے میں پانی بھر کر سامنے رکھ لیں اور 21 روز تک 382 مرتبہ روزانہ بغیر کسی ناغہ کے عمل پڑھیں۔ پانچ روز بعد پانی میں جگنو کی طرح روشنی نظر آنے لگے گی۔ پانی میں ہی عجیب نظارے نظر آئیں گے۔ کبھی کبھار کونڈے سے پانی چھلک کر باہر آجائے گا۔ طرح طرح کی آوازیں آئیں گی۔ گھبرانا نہیں۔ جماع سے پرہیز کریں اور گوشت، انڈہ، مچھلی و بدبودار اشیاء سے پرہیز کریں۔ اکیسویں روز حاضری ہوگی۔ سوچ سمجھ کر عہد و پیمان کر لیں۔

تسخیر جن دیو پری

جس کسی کو غیبی مخلوق کی تسخیر کا شوق ہو تو وہ اس عمل کو بجالائیں مثلاً جنات، دیو، پری۔ کسی الگ تھلگ مکان میں خلوت اختیار کریں، جہاں کسی کی آمد و رفت نہ ہو۔ کسی ایک مخلوق کی تسخیر کی نیت رکھ کر باوضو پاکیزہ سفید لباس پہن کر بعد نماز عشاء، قبلہ رخ، صندل سفید اور عود کا بخور روشن کریں۔ پہلے ایک مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پھر سورۂ کوثر کو 2754 مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر ایک سو ایک بار درود ابراہیمی پڑھیں۔ تنہائی اختیار کریں۔ راز کسی پر ظاہر مت کریں ورنہ اثر باطل ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ 40 روز میں کامیابی ہوگی۔ عمل باپرہیز کریں۔ شرطیہ سو فیصد کامیابی ہوگی۔

واضح رہے: یقین است..... مراد است

حاضری بھوت

عمل: مِنت ترلا معافی اللہ

یہ بظاہر چار لفظ ہیں مگر ہیں بہت کام کے۔ 41 روز میں سوا لاکھ کی تعداد پوری کر لیں یعنی روزانہ اس عمل کو 3125 مرتبہ پڑھیں۔ ساتویں روز خواب میں اور گیارہویں روز ظاہری طور پر شرارتیں شروع کر دیں گے۔ اکتالیسویں روز قول و قرار کر لیں۔ یہ تین بھوتنے ہیں۔ بہت کام کے ہیں۔ ہیں تو شرارتی مگر کام بڑے بڑے جنات کے برابر کرتے ہیں۔

نوٹ: اجازت لینا لازمی ہے۔

جن لڑکے اور لڑکیوں کی شادی نہیں ہو رہی وہ ادارہ کی ویب سائٹ سے شادی فارم ڈاؤن لوڈ کر کے ای میل، واٹس ایپ یا بذریعہ ڈاک/کوریئر send کریں۔ ان کے مختصر کوائف خزینہ روحانیات میں شائع کیے جائیں گے۔ مناسب رشتہ ملنے پر آپ کو فوری اطلاع کی جائے گی۔

شعبہ شادی: 0315-4777677

تسخیرِ ہمزاد، جنات سے ملاقات

صوفی ظفر محمد کھوکھر (جھنگ)

ہمزاد تسخیر کرنے کا مجرب عمل

جو لوگ ہمزاد کو تسخیر کرنا چاہتے ہیں نوری ہمزاد کو تو پہلے پانچ وقت نماز کا اپنے کو عادی کریں اور غصہ پر کنٹرول کرنا شروع کریں اور مخلوق سے محبت کرنا اور انصاف کرنا شروع کریں۔ اپنے عمل کرنے کی جگہ مقرر کریں، زیادہ کوشش کریں وہیں رہنے کی اور تصور دن رات ہمزاد کا رکھیں کہ مجھ پر مہربان ہو گیا ہے۔ ابھی مجھ سے بات کرے گا اور میری بات مانے گا۔

عمل کا آغاز نوچندی منگل کو کریں۔ اپنے پیچھے چراغ سادہ تیل کا جلائیں اور حصار کریں۔ چراغ حصار کے اندر ہو، اگر بجھ جائے تو جلا سکے۔ تیل، اگر بتی، ماچس اور پانی حصار کے اندر ہو۔ تعداد عمل تین ہزار (۳۰۰۰) بار۔ روزانہ نماز عشاء کے بعد پڑھنا شروع کرے۔ عمل پورا کرنے کے بعد دعا کر کے حصار سے باہر نکل سکتا ہے اور علیحدہ سو سکتا ہے۔ وہیں آرام کر لیں تو بہتر ہے۔ ایک سو بیس (۱۲۰) رات یہ عمل کرنا ہے۔ شرارت بیس (۲۰) دن کے بعد شروع ہو جائیں گی۔ احتیاط کریں۔ کسی کو تسخیر کرنا کوئی معمولی کھیل نہیں ہے۔ پہلے استخارہ کر لیں تو زیادہ بہتر ہے۔

عبارت عمل: یَاھَمْزَادُ مُسَخَّرَاتِ بِحَقِّ یَالَطِیْفُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِحَقِّ یَابُدُّوْحُ

(۴۱) بار دوبارہ تلاوت کریں اور درخت پر دم کریں اور یہ الفاظ کہہ دیں ”رات کو ہم کو ملو“۔ پھر سیدھے گھر لوٹ آئیں اور آ کر سو جائیں۔ تین رات یا سات رات یہ عمل کریں۔ درخت کی مخلوق رات کو آ کر خواب میں آپ سے ملے گی۔ اس عمل کو کرنے سے پہلے سوا کلو گوشت ویران جگہ لازمی ڈال دیں تا کہ رجعت سے محفوظ رہیں۔ اس عمل کو مشغلہ کے طور پر نہ کریں۔ جلالی عمل ہے۔ جنات نقصان بھی دے سکتے ہیں۔ باوضو ہو کر عمل کریں۔

آیت الکریمہ سے مراد لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ہے۔

گذارش: جب آپ اپنے لئے دعا کریں تو خزینۂ روحانیات کے اراکین کے لئے خصوصی دعا کریں جن کے ذریعے آپ کو یہ عمل پہنچا۔ یہ دعا بھی کریں اس خزینۂ روحانیات کو دن دگنی رات چوگنی اللہ پاک ترقی دیں۔ اور پاکستان کی سلامتی کے لئے بھی دعا کریں کہ اللہ پاک اس کو قائم وسلامت رکھے۔ آمین

جنات سے ملاقات کا عمل

اس عمل کو کرنے سے جس درخت پر جنات یا جو مخلوق ہو گی، وہ رات کو عمل کرنے والے کو نظر آئے گی، جس سے وہ آدمی یا عورت اپنا شوق پورا کر سکتے ہیں۔ رات کو سونے سے پہلے اس درخت کے دوسری طرف کھڑے ہو کر اکتالیس (۴۱) بار آیت الکریمہ پڑھ کر درخت پر پھونک مار دیں۔ پھر واپس پلٹ کر گھر کی طرف منہ کر کے آیت الکریمہ اکتالیس

لوح فتوحات مجرب

ہدیہ: 1100 روپے (علاوہ ڈاک خرچ)

یہ لوح ایک انمول تحفہ ہے۔ آپ بھی قدردان بنیں اور 29 سال کے بعد آنے والے اوج زحل میں تیار کی جانے والی ”لوح فتوحات مجرب“ منگوائیں، جو فوری اثر کرتی ہے اور سو فیصد یقینی کامیابی بھی ملتی ہے۔

فوائد لوح فتوحات

جائیداد، زمین، مکان، دکان، تعمیراتی کام، خرید و فروخت یعنی اسٹیٹ ایجنسی کے کام میں فائدہ ہو گا۔ دشمنان پر آپ کا رعب و دبدبہ قائم ہو گا۔ دشمن زیر اور آپ ہر میدان میں ان پر غالب ہوں گے۔ امتحان، مقدمات، الیکشن..... ہر قسم کے مقابلے میں فتح آپ کی ہو گی۔ سحر، جادو، نظر بد، شیطان، جنات، بیماری، چوری، غرقابی..... ہر قسم کے حادثات، تیر، تلوار، بم، گولی، بندوق، بجلی، گرج چمک جیسے نقصانات سے حفاظت ہو گی۔

darulamal.org/ruhanishop

غرض یہ کہ ہر قسم کے حالات میں فتح آپ کی ہو گی۔ لوح فتوحات کے مؤکلات آپ کو ہر قدم پر کامیاب کرتے رہیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

روحانی دکان 0334-4312272, 042-35410586

حاضرات اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خضر عباس پیاسی (راجن پور)

حاضرات اسم خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم "نجی اللہ"

کینہ پروری، بغض وحسد اور انتقامی جذبات سے اپنے قلب وذہن کو پاک وصاف کر کے حاضرات اسم خاتم انبیاء "نجی اللہ" کے موکل خادم "طکفائیل" کے عمل کو فو چندی اتوار کی رات سے اپنے نام معہ والدہ کے اعداد یا پھر ایک سو انتیس (۱۲۹) مرتبہ پڑھیں۔ بعد چلہ، بچی یا بچے پر حاضرات کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ موکل کی حاضرات ہوگی۔

عمل عزمت علیکم یاطکفائیل بحق یا نجی اللہ اقسمت علیکم یاطکفائیل بحق یا نجی اللہ۔ بحق یابدوح یابدوح یابدوح بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام حاضر کرو حاضرات کرو حاضرات یا طکفائیل بحق یااللہ یاحی یا قیوم حاضر شو حاضر شو حاضر شو۔

بدوح


أحِبّ یا طکفائیل	
یا نجی اللہ بحق	۹۸۷۶۵۴۳۲۱
	۹۸۷۶۵۴۳۲۱

حاضرات اسم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم "صفی اللہ"

پرسکون ماحول اور الگ کمرہ میں احرام زیب تن کر کے ذیل کے حاضرات کے عمل کو دو سو ساٹھ (۲۶۰) مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بعد چلہ حاضرات اسم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم "صفی اللہ" کے موکل "ومرائیل" کی ہو گی۔ جب موکل حاضر ہو اپنے مطلب کے مطابق سوالات کریں۔ 100 فیصد درست جوابات ملیں گے۔ چلے پھرتے اٹھتے بیٹھتے، کھاتے پیتے، ہمہ وقت درود شریف کا ورد رکھیں۔ اس کے علاوہ رات سونے سے پہلے حاضرات ہذا کا عمل گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھا کریں تا کہ حاضرات آپ کے پاس رہے۔

عمل اَرِنِیْ اُنْظُرْ اِلَیْکَ یاومرائیل بحق یا صفی اللہ بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام حاضر کرو حاضرات المدد یااللہ الرحمن الرحیم۔

حاضرات نقش



قیمت: 225 روپے (750ml)
روحانی عرق گلاب دم شدہ
(برائے روحانی امراض)
جادو، جنات نظر بد کی وجہ سے رہنے والے سر درد کو ہمیشہ کیلئے ختم کرتا ہے!
جادو، جنات کے علاج کے ساتھ استعمال کرنے سے مریض بہت جلدی ٹھیک ہو جاتا ہے!
جادو، جنات کے اثرات سے رہنے والے معدہ کے درد کو ختم کرتا ہے!
جادو، جنات کے اثرات سے دل کی حرکت بڑھ جانے والے مریضوں کیلئے انتہائی مفید ہے!
جادو، جنات کے اثرات سے جسم پر رہنے والے بوجھ کو دور کرتا ہے!
جادو، جنات کے مریضوں کی بے چینی، گھبراہٹ کی کیفیات کو ختم کرتا ہے!
جادو، جنات کے اثرات سے پیدا ہونے والی پیٹ کی بیماریوں، معدہ کی خشکی اور زبان پر رہنے والے کانٹوں کی سی کیفیت کو ختم کرتا ہے!
جادو، جنات کی تمام علامات کے علاج میں زبردست فائدہ دیتا ہے!
دارالعمل چشتیہ کے روحانی عاملین نے انتہائی محنت اور طویل دم کے بعد تیار کیا ہے!
دارالعمل چشتیہ کے شعبہ روحانی علاج کا زبردست روحانی تحفہ ہے!
مطب العارف 042-35410586, 0307-5525103
darulamal.org/matabalaartif

روحانی مسائل اور ان کا حل

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل پشتیہ)

جادو کی وجہ سے اولاد کی بندش

سوال میرا بیٹا فوج میں ہوتا ہے اور اس کی پوسٹنگ آج کل کوئٹہ میں ہے۔ اس کی شادی کو چار سال ہو چکے ہیں مگر اس کی کوئی اولاد نہیں ہے۔ طبی طور پر دونوں میاں بیوی ٹھیک ہیں۔ کافی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بہت پڑھائیاں پڑھ لیں مگر کوئی امید نظر نہیں آ رہی۔ مہربانی کر کے دیکھ لیں کہ وجہ کیا ہے اور اگر کوئی اثرات ہوں تو اس کا علاج بھی فرما دیں۔ (پوشیدہ)

جواب محترمہ! آپ کے بیٹے اور بہو..... دونوں پر جادو کا اثر ہے۔ جو کپڑے آپ نے بھیجے تھے، اس کی تشخیص میں یہی آیا ہے۔ البتہ اولاد کی بندش کا معاملہ بہو کے ساتھ نہیں، آپ کے بیٹے کے ساتھ ہے۔ اس کے لیے بہتر یہی ہے کہ آپ کسی قریبی روحانی معالج سے رابطہ فرمائیں اور باقاعدہ جادو کی کاٹ کروائیں۔ خود سے کرنے کی کوشش نہ کریں۔

جب تک باقاعدہ علاج شروع نہ ہو جائے، ''منزل'' کا یہ عمل کریں۔ پہلے سات روز، روزانہ سات بار منزل پڑھ کر دونوں پر دم کیا جائے اور پانی پر دم کر کے پینا ہے اور گھر میں چھڑکنا ہے۔ اگر میاں بیوی دونوں الگ الگ پڑھیں تو بہت بہتر ہوگا ورنہ کوئی ایک پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے، دوسرے پر اور پانی پر بھی دم کرے۔ سات روز بعد پڑھائی کی تعداد تین کر دیں اور مزید اکیس (۲۱) یوم عمل جاری رکھیں۔ پھر دوبارہ کپڑے ارسال فرمائیں۔ ان شاء اللہ، اس سے کافی بہتری آ جائے گی۔

بہت عامل پیچھے پڑے ہوئے ہیں

سوال میرا ایک مسئلہ ہے۔ بیمار ہوں، خوف آتا رہتا ہے، ذہنی ٹینشن ہے۔ بہت عامل میرے پیچھے لگے ہوئے ہیں۔ مجھے کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں۔ (حمیدہ)

جواب آپ قصیدہ طوبیٰ روزانہ ایک بار پڑھیں۔ اوّل و آخر ایک بار درود ابراہیمی پڑھیں۔ پانی پر دم کریں۔ پئیں اور چھڑکیں۔ اکیس (۲۱) دن بعد حالات کی اطلاع کریں۔ یاد رکھیں کہ قصیدہ طوبیٰ کوئی معمولی عمل نہیں ہے۔ یقین سے کریں۔ جتنے بھی جادوگر پیچھے ہوں گے، سب پیچھا چھوڑ دیں گے۔

کاروبار بند ہو گیا ہے

سوال میرا کاروبار چلنا بالکل بند ہو گیا ہے۔ آہستہ آہستہ کم ہوتا گیا مگر اب تو حالات بہت خراب ہو گئے ہیں۔ خرچے جیب سے ادا کرنا پڑ رہے ہیں۔ مال بکتا ہی نہیں۔ میں بہت پریشان ہوں۔ میری مدد فرمائیں۔ (م، لاہور)

جواب آپ کے اوپر سحر کا اثر ہے۔ بہت سخت نہیں مگر بندش کی صورت بن گیا ہے۔ کاروبار کی بندش ختم کرنے اور رزق بڑھانے کے لیے ایک خاص عمل لکھ رہا ہوں۔ ایک ہی نشست میں سورۂ واقعہ کو چالیس (۴۰) مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل شب جمعہ کو کر لیا کریں۔ اگر ایک ہفتہ لگاتار کر لیں، پھر ہر شب جمعہ کو کر لیا کریں تو بہت زیادہ فائدے کی امید ہے۔ سات شب جمعہ لگاتار یہ عمل کیا جائے۔ ان شاء اللہ، رزق کی فراخی کے سلسلے میں جو بھی رکاوٹیں ہوں گی، وہ ختم ہو جائیں گی۔

شوہر کے باس بہت غصہ کرتے ہیں

سوال میرے شوہر کے باس پاکستان سے باہر ہوتے ہیں۔ الحمدللہ، میرے شوہر باس کی طرف سے جتنا بھی sale کا target دیا جاتا ہے، وہ پورا کر لیتے ہیں۔ عجیب بات یہ ہے کہ اس پر میرے شوہر کے باس کو خوش ہونا چاہئے، الٹا وہ ناراض ہوتے رہتے ہیں۔ بات بات پر غصہ ہوتے رہتے ہیں۔ میرے شوہر کو ہفتہ اتوار کی چھٹی ہوتی ہے۔ وہ ہفتہ والے دن کوئی کام کہہ دیتے ہیں۔ اگر جواب نہ دو تو پھر غصہ ہوتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ جب ''میں ہفتہ کو کام کر رہا ہوں تو تم کیوں نہیں کر رہے؟'' ان کو بھی ہفتہ کو چھٹی

جائز کاموں میں بندش لگوانے کی تفصیل goo.gl/kj1ddP

ہوتی ہے۔ پھر بھی میرے شوہر کو تنگ کرتے رہتے ہیں۔ مجھے کچھ پڑھنے کو بتائیں تاکہ میرے شوہر کے باس ان کے کام سے خوش ہوں اور بے جا غصہ کرنا چھوڑ دیں۔ (ماہ نور)

جواب محترمہ! آپ کے باس دراصل آپ کے شوہر سے حسد کرتے ہیں۔ اور اسی حسد میں ان سے ایسی حرکتیں ہوتی رہتی ہیں۔ آپ اپنے شوہر سے کہیں کہ ایک بار سورۂ یٰسٓ روزانہ اپنے باس کی نیت کرکے پڑھ لیا کریں اور دعا کریں کہ ان کا باس ان کے حق میں نرم ہو، کام سے خوش ہو اور ان کو ترقی بھی دے۔ اس عمل کو کم از کم چالیس یوم پابندی سے کریں۔ پھر اطلاع کریں۔ جس دن وہ نہ پڑھ پائیں، آپ پڑھ دیا کریں۔

قید سے رہائی

سوال میرے شوہر کو ایجنسی والے اٹھا کر لے گئے ہیں۔ کچھ پتہ نہیں لگ رہا۔ مہربانی فرما کر کوئی وظیفہ بتائیں۔ (پوشیدہ کراچی)

جواب صبح و شام پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ (ال عمران:۱۷۳)، اول و آخر پچاس بار کوئی بھی درود شریف۔ ساتھ ہی ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ آیت کریمہ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ (الانبیاء:۸۷)، اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ اس عمل کو پابندی سے کم از کم اکیس (۲۱) یوم اور زیادہ سے زیادہ چالیس (۴۰) یوم کریں۔ ان شاء اللہ، اگر آپ کے شوہر بے گناہ ہیں تو ضرور رہا ہو جائیں گے، چاہے کتنے بھی خطرناک الزامات کے تحت گرفتار ہوئے ہوں۔

ہوٹل جادو سے باندھ دیا گیا ہے

سوال میرا لاہور میں ہوٹل ہے۔ اچھا چل رہا تھا۔ اب چار پانچ ماہ سے بالکل نہیں چل رہا ہے۔ سمجھ نہیں آرہی کہ کیا ہو رہا ہے۔ جگہ بھی بہت اچھی ہے اور لوگوں کا رش بھی ہے مگر اب لوگ آتے ہی نہیں۔ بہت پریشان ہو رہا ہوں۔ دیکھیں کہ کیا معاملہ ہے؟ اگر کوئی اثرات ہیں تو کوئی جلدی کا علاج بتائیں۔ (ع، لاہور)

جواب آپ کے کاروبار کو باندھا گیا ہے۔ جلدی کا کام کروانا ہے تو آپ ہمارے روحانی علاج گاہ کے روحانی معالجین سے اپنے ہوٹل پر عمل کروا لیں۔ ان شاء اللہ، کام کھل جائے گا۔ جلدی کے لیے اس سے بہتر علاج نہیں ہے۔ جب عامل کسی جگہ جا کر عمل کرتے ہیں تو ان کے جنات مخالف جنات سے ڈائریکٹ لڑتے ہیں۔ کامیاب ہونے کی صورت میں بہت جلدی معاملہ حل ہو جاتا ہے جو وظائف پڑھنے یا تعویذات استعمال کرنے سے بعض اوقات بہت طویل ہو جاتا ہے۔ اس لیے اعتماد سے عمل کروائیں۔ ان شاء اللہ، بہت جلد ہوٹل اسی طرح چلنے لگے گا، جس طرح پہلے چلتا تھا۔

کاروباری ڈیل کامیاب ہو

سوال میری کچھ لوگوں سے کاروبار کے سلسلے میں ڈیل چل رہی ہے۔ کوئی ایسا وظیفہ بتا دیں کہ ڈیل کامیاب ہو جائے۔ (ع، لاہور)

جواب عشاء کی نماز کے بعد آیت کریمہ ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ، اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھ کر اللہ ﷻ سے دعا کریں اور جب تک ڈیل کا کوئی فیصلہ نہ ہو جائے، پڑھتے رہیں۔

اپنے گھر کا کوئی بندوبست ہو جائے

سوال ہمارا اپنا گھر نہیں ہے۔ کوئی ایسا وظیفہ دے دیں کہ اپنے گھر کا بندوبست ہو جائے۔ کوشش کر رہے ہیں مگر کامیابی نہیں ہو رہی۔ (ع، لاہور)

جواب فجر کی نماز کے بعد ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ سورۂ فاتحہ، اول و آخر نو نو بار درود شریف پڑھ کر اللہ ﷻ سے دعا کریں۔ ان شاء اللہ، گھر کے اسباب شروع ہو جائیں گے۔ دنیاوی تدابیر جاری رکھیں، صرف وظیفے پر اکتفا نہ کریں۔

کیا آپ چاہتے ہیں کہ مصیبتیں آپ سے دور رہیں؟ goo.gl/CP1nJK

جادو اور جنات کے متاثرہ مریضوں کو روحانی علاج کیسے تجویز کریں؟

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل چشتیہ، لاہور)

جادو اور جنات کے متاثرہ مریضوں کے علاج تجویز کرنے میں سالہا سال کے تجربے پہ مبنی روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے لیے ایک بہت اہم مضمون۔ اس طریقے پر عمل کرکے ایک مبتدی بھی ماہر کی طرح علاج کر سکتا ہے۔

روحانی مریضوں کے لیے علاج کیا اور کیسے تجویز کیا جائے؟ علاج کی مدت کیا ہو؟ تعویذ کا دورانیہ کیا ہو یعنی کتنے دن تک ایک تعویذ استعمال کیا جائے؟ دن میں کتنی بار کیا جائے؟ کون سے مریض کا علاج میں کر سکتا ہوں؟ اور اسی طرح کے کئی سوالات ہیں جو مبتدی روحانی معالجین کرتے ہیں۔ اس لیے خیال ہوا کہ ہمارے سلسلے کا جو خاص طریقہ ہے، اس کو عام کیا جائے تاکہ ہماری روحانی درسگاہ کے طالب علم بھی فائدہ اٹھائیں اور روحانی علاج کرنے والے دوسرے بھائی بہن بھی مستفید ہو سکیں۔

تجویز کا پہلا مرحلہ: روحانی تشخیص

ہماری روحانی درسگاہ کے وہ طالب علم، جنہوں نے سات سلام چہل کاف یا امنت باللہ کا عمل کیا ہوا ہے، ان کو خاص مخاطب کیا جا رہا ہے۔ آپ کو مریضوں کی تشخیص کے سلسلے میں کپڑے کی تشخیص سکھائی گئی ہے۔ سات سلام، چہل کاف اور امنت باللہ..... ان تینوں سے کی جا سکتی ہے۔ ہمارے طریقۂ تشخیص میں کپڑے کے تین حصے کیے جاتے ہیں اور اس پر دو بار کلام کا دم کیا جاتا ہے۔ اس طرح آپ کے پاس چھ طرح کے ناپ آ جاتے ہیں۔ جب ہم نئے ناپ کا پرانے ناپ سے موازنہ کرتے ہیں تو ہمیں پتہ لگتا ہے کہ جادو یا جنات کا اثر ہے۔ اور جتنا فرق ہوتا ہے، ہم اس فرق کو بھی نوٹ کر لیتے ہیں۔ وہ فرق کم از کم ایک چوتھائی انگلی، آدھی انگلی، تین چوتھائی انگلی یا ایک انگلی اور اس سے زائد ہو سکتا ہے۔ اسی فرق کو نوٹ کرنا بہت ضروری ہے کیونکہ یہی فرق آپ کو بتاتا ہے کہ آپ نے کیا علاج تجویز کرنا ہے اور اس علاج میں استعمال ہونے والے تعویذ کا دورانیہ کیا ہونا چاہیے۔

ناپ میں فرق کا کیا مطلب ہے؟

اب آنے والے فرق سے ہمیں کیا رہنمائی ملتی ہے؟ اس کی تفصیل درج ذیل ہے:

- **ایک چوتھائی انگلی:** اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ مریض پر معمولی درجہ کے اثرات ہیں۔ اس پر کوئی چیز مسلط نہیں ہے۔
- **آدھی انگلی:** اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ مریض پر درمیانہ درجہ کے اثرات ہیں۔ البتہ کوئی چیز مسلط نہیں ہے۔
- **تین چوتھائی انگلی:** اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ مریض پر زیادہ اثرات ہیں۔ کوئی چیز باقاعدہ مسلط تو نہیں لیکن موجود ہے۔ اس مریض کو فوری علاج کی طرف آ جانا چاہیے کیونکہ یہ اثر مزید زیادہ ہونے کا امکان ہوتا ہے۔ ایسے مریض کو عموماً کسی بھی نوعیت کے نقصانات ہو رہے ہوتے ہیں یا بیماریوں اور مشکلات میں مبتلا ہوتا ہے۔
- **ایک انگلی یا زائد:** اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ مریض پر بہت زیادہ اثرات ہیں اور باقاعدہ مخلوق بھی مسلط ہے۔

کون سے مریضوں کا علاج میں کر سکتا ہوں؟

یہ بھی ایک اہم سوال ہے۔ اور ایک لحاظ سے بہت ضروری بھی ہے کیونکہ روحانی معالجین کا یہ جاننا بہت ضروری ہے کہ کس مریض کے اثرات کا وہ علاج کر سکتا ہے اور کس کا نہیں؟ کہیں سامنے والے کی طاقت بہت زیادہ تو نہیں؟ اگر ایسا ہو تو روحانی معالج کو بہت نقصان پہنچنے کا خطرہ ہوتا ہے۔

ہماری روحانی درسگاہ کے سات سلام چہل کاف اور امنت باللہ کے عاملین متوجہ ہوں۔ یہاں ہم یہ تصور کررہے ہیں کہ پہلے سے کچھ نہیں سیکھا، ابھی ابتدا کی ہے۔ جولوگ پہلے سے عامل ہیں، جادو اور جنات کے مریضوں کا علاج کررہے ہیں، ان کو یہاں مخاطب نہیں کیا گیا۔

◦◦ **ایک چوتھائی انگلی:** صرف اجازت والے عامل، جنہوں نے پہلے درجے کا عمل ابھی مکمل نہ کیا ہو، وہ بھی کرسکتے ہیں۔

◦◦ **آدھی انگلی:** جنہوں نے پہلے درجے کا عمل مکمل کرلیا ہو، وہ کرسکتے ہیں۔

◦◦ **تین چوتھائی انگلی:** دوسرے درجہ مکمل کرنے کے بعد اس طرح کے مریضوں کا علاج کرنا چاہیے۔

◦◦ **ایک انگلی یا زائد:** دوسرا درجہ مکمل کرنے کے بعد ہی اس طرح کے مریضوں کا علاج کرنا چاہیے۔ اور شروع میں پہلے اپنے روحانی استاد کے علم میں لاکر، اس سے مشورہ کرکے علاج شروع کرے۔ اگر تیسرا درجہ مکمل کرلیا ہے تو پھر کوئی مضائقہ نہیں۔ ہر طرح کے مریض کا علاج کرسکتا ہے۔ یہاں ایک بات ہمیشہ دھیان میں رہے کہ اس طرح کے مریضوں یا جگہوں کا جب بھی علاج کیا جاتا ہے، روحانی معالج کو نقصان ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔ اسی لیے منع کیا جاتا ہے کہ مبتدی حضرات، اس درجے کے مریضوں کا علاج نہیں کریں۔ چونکہ اس میں لازمی مخلوق سے سامنا ہوتا ہے اور وہ کسی بھی طرح کا نقصان پہنچا سکتی ہے۔

روحانی مریضوں کو کیا علاج دیا جائے؟

روحانی مریضوں کے علاج کرنے میں یہ سب سے اہم مرحلہ ہوتا ہے۔ اگر مرض کے مطابق علاج دیا جائے تو مریض کو شفاء بھی ہوتی ہے اور مشکل بھی پیش نہیں آتی، کوئی نقصان بھی نہیں ہوتا۔ جس طرح طب میں ہوتا ہے کہ اگر مرض کے مطابق دوا نہ دی جائے، کم یا زیادہ کردی جائے تو فائدے کی بجائے نقصان ہوسکتا ہے، اسی طرح روحانی علاج میں بھی روحانی دوا جب کم یا زیادہ کردی جائے تو نقصان کا احتمال رہتا ہے۔

اس سوال کا جواب بھی ناپ کے فرق کے مطابق سمجھیں۔ سات سلام چہل کاف اور امنت باللہ کے عاملین متوجہ ہوں۔ ایک اصول ذہن میں رہے کہ اگر کسی مریض پر جادو اور جنات دونوں کا اثر ہے تو اس کو ایسا علاج دیں، جو جادو اور جنات، دونوں میں کام کرے۔ اگر علیحدہ علاج دینا ہو یعنی جادو اور جنات دونوں کا اثر ہے مگر علاج جادو اور جنات کا علیحدہ دینا چاہیں تو ناپ کے مطابق علاج کا دورانیہ الگ الگ تجویز کیا جائے۔

ایک اہم بات یاد رکھیں کہ جب بھی کسی مریض کا علاج شروع کریں تو گوشت کا صدقہ ضرور کروائیں۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ تین چار بوٹیاں گوشت (چھوٹا یا بڑا مگر بغیر ہڈی، بہتر چھوٹا گوشت) لے کر ایک لفافے میں ڈالیں اور مریض کو لٹا کر اس کے اوپر سے سات بار واریں۔ لفافہ مریض کے جسم سے مَس ہونا ضروری ہے۔ اس کے بعد بوٹیوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے صبح (زوال سے قبل) اپنی چھت پر پرندوں کو ڈال دیں۔ یہ عمل مریض کے گھر والے خود کریں، عامل کو کرنا ضروری نہیں۔ پہلا صدقہ جب علاج شروع کرنے سے پہلے دیا جائے، پھر منگل کے روز دیا جائے۔

◦◦ **ایک چوتھائی انگلی:** آغاز میں صرف پینے اور جسم پر ملنے کے تعویذ دیں۔ چراغ کا عمل نہ دیا جائے۔ اگر کبھی ایسا ہو کہ علاج تو کررہے ہیں، مگر چوتھائی انگلی کا اثر کم نہیں ہورہا ہو یعنی تشخیص کی، چوتھائی انگلی کا اثر نکلا۔ پھر علاج کیا اور دوبارہ تشخیص پر بھی اتنا ہی اثر موجود ہے تو فوراً چراغ کا عمل شروع کروا دیا جائے۔ گوشت کا صدقہ صرف ایک بار آغاز میں کرنا کافی ہے۔ سونگھنے والی بتی صرف ایمرجنسی میں دی جائے۔

◦◦ **آدھی انگلی اور تین چوتھائی انگلی:** اس کا آغاز پینے، نہانے اور جسم پر ملنے سے کیا جائے۔ اگر مریض پرانا ہے، پہلے سے کافی علاج کروا چکا ہے تو چراغ کا عمل بھی ساتھ ہی شروع کردیا جائے۔ گوشت کا صدقہ ایک بار آغاز میں کیا جائے۔ ہفتہ دس دن بعد دوبارہ کیا جائے۔ سونگھنے والی بتی صبح شام اور ایمرجنسی میں دی جائے۔

◦◦ **ایک انگلی یا زائد:** ایسے مریضوں کا علاج جب بھی شروع کریں تو یہ بات ذہن نشین رکھیں کہ مریض اور معالج، دونوں کو نقصان کا خطرہ رہتا ہے۔ اس

لیے اگر آغاز میں جلانے کا عمل کرنا ہے یعنی چراغ یا ھانڈی کا عمل تو پھر تین دن یہ پیغام مریض یا مریض کے گھر والے مریض کے سامنے دیں "جو بھی مخلوق فلاں پر مسلط ہے، ہم آپ سے لڑنا اور نقصان دینا نہیں چاہتے۔ ہم تین دن بعد جلانے کا عمل شروع کر دیں گے۔ آپ سے گذارش ہے کہ مریض کو چھوڑ دیں ورنہ ہم نقصان کے ذمہ دار نہ ہوں گے۔ اگر آپ کو لڑنا ہے تو صرف وہی لوگ موجود رہیں، جنہوں نے لڑنا ہے، بچوں، عورتوں اور بوڑھوں کو بھیج دیں۔" اسی طرح تین دن کہا جائے۔ جس جگہ تین دن کا ذکر ہے، وہاں دوسرے دن "دو دن" اور تیسرے دن "ایک دن" کہا جائے۔

آغاز نہانے، پینے، جسم پر ملنے اور جلانے کے عمل سے کر سکتے ہیں۔ میرا مشورہ یہ ہے کہ جلانے والے عمل سے ایسے مریضوں کا آغاز نہ ہی کیا جائے۔ تھوڑا لمبا علاج ہو مگر عافیت والا ہو تو زیادہ بہتر ہے۔ سو گھنے والی بتی صبح، عصر اور مغرب کے درمیان، رات سونے سے قبل اور ایمرجنسی میں دی جائے۔

روحانی علاج کا دورانیہ کیا ہو؟

یہ بھی بہت اہم مرحلہ ہے۔ جب علاج تجویز ہو گیا تو اس کا دورانیہ اگر غلط تعین ہو گیا تو بھی علاج میں نقص آئے گا اور مریض شکایت کرے گا۔ اس سوال کا جواب بھی ناپ کے فرق کے مطابق سمجھیں۔

•• **ایک چوتھائی انگلی:** کاپی میں درج اعمال عموماً ایک تعویذ، ایک ہفتہ کے لکھے ہیں۔ اس درجے کے مریضوں کے لیے ایک تعویذ فلیتہ ایک ہفتہ کا دیا جائے۔ تفصیل درج ذیل ہے:

پینے والے تعویذ: صبح اٹھنے کے بعد اور شام (عصر اور مغرب کے درمیان)۔ دن میں دو بار۔

فلیتہ: آدھ گھنٹہ روزانہ، بعد مغرب تا قبل تہجد، وقت مقرر پر۔

جسم پر ملنے والے: صبح اور شام کافی ہے۔ دن میں دو وقت (دو تعویذ)۔ صبح اٹھنے کے بعد اور رات کو سونے سے قبل۔

غسل والے: ہفتہ میں دو بار غسل کروائیں۔ غسل صبح کے وقت کریں۔

•• **آدھی انگلی اور تین چوتھائی انگلی:** اس درجے کے مریضوں کو تین دن کے حساب سے علاج دیں یعنی اگر دو ہفتہ کا علاج دینا ہے تو پانچ تعویذ دیے جائیں۔

پینے والے تعویذ: صبح اٹھنے کے بعد، ظہر اور مغرب کی نماز کے بعد اور رات کو سونے سے قبل۔ دن میں چار بار۔

فلیتہ: ایک گھنٹہ روزانہ، بعد مغرب تا قبل تہجد، وقت مقرر پر۔

جسم پر ملنے والے: صبح اٹھنے کے بعد، ظہر اور مغرب کی نماز کے بعد اور رات کو سونے سے قبل۔ دن میں چار بار۔

غسل والے: ایک دن چھوڑ کر ایک دن غسل کروائیں۔

•• **ایک انگلی یا زائد:** اس درجے کے مریضوں کو روزانہ کے حساب سے علاج دیں یعنی اگر ایک ہفتہ کا علاج دینا ہے تو سات تعویذ دیے جائیں۔

پینے والے تعویذ: صبح اٹھنے کے بعد، ہر نماز کے بعد اور رات کو سونے سے قبل۔ دن میں سات بار۔

فلیتہ: ڈیڑھ گھنٹہ روزانہ، بعد مغرب تا قبل تہجد، وقت مقرر پر۔

جسم پر ملنے والے: صبح اٹھنے کے بعد، ہر نماز کے بعد اور رات کو سونے سے قبل۔ دن میں سات بار۔

غسل والے: روزانہ غسل کروائیں۔

اہم بات: •• مریض کو لمبا علاج نہ دیا جائے۔ کوشش کریں کہ ایک ہفتہ کا علاج دیں تا کہ دوبارہ تشخیص پر آپ کو یہ پتہ لگ جائے کہ علاج سے کیا فائدہ ہوا ہے اور نئے ناپ کے مطابق آپ علاج میں کمی یا زیادتی کر سکیں۔

•• کبھی ایسا ہوتا ہے کہ علاج کرنے پر اثر کم ہو رہا ہو اور پھر دورانِ علاج اثر بڑھنا شروع ہو جائے تو سمجھ لیں کہ مخالف آپ کے علاج کی کاٹ لے کر آ گیا ہے، ایسے وقت میں فوراً مریض کا علاج دوسرے عمل سے کریں۔ یعنی اگر چہل کاف سے کر رہے ہیں تو امنت باللہ سے شروع کر دیں۔ اگر ایک ہی عمل ہے تو تعویذ بدل دیں۔

امید ہے کہ یہ مضمون روحانی معالجین کے لیے مفید ثابت ہوگا۔ دعا ہے کہ اللہ ﷻ ہماری درسگاہ کے طالب علموں کو ماہر روحانی معالج کی طرح تشخیص، تجویز اور علاج کرنے والا بنائے اور ان کو جادو اور جنات کے متاثرہ ہر قسم کے مریضوں کے علاج میں کامیابی عطا فرمائے۔ آمین

ہمزاد قابو کرنے کی خواہش

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل چشتیہ)

سوال السلام علیکم! محترم میں نے سائٹ بعنوان دارالعمل چشتیہ کا وزٹ کیا۔ وہ بھی اتفاق سے سامنے آ گئی۔ جس کا مفصل مطالعہ کیا تو معلومات حاصل ہوئیں تو عرض ہے:

اول تو میں ہمزاد قابو کرنا چاہتا ہوں وہ بھی آپ کے زیر سایہ درس گاہ میں۔

دوسرا یہ کہ میں سرتاپہ بیمار ہوں، بے انتہا علاج کروایا۔ لیکن صورت حال حال یوں ہوئی کہ جوں جوں علاج کروایا مرض بڑھتا گیا۔

1۔ شدید قبض 2۔ آنکھوں کے پردوں کی کمزوری۔ میں روز بروز اندھے پن کی جانب گامزن ہوں۔ 3۔ قوت سماعت سے محرومی (یہ پیدائشی نہیں ہے) آلہ سماعت لگاتا ہوں۔ لیکن الفاظ سمجھ میں نہیں آتے۔ لہٰذا لکھ کر بات چیت کرتا ہوں۔ 4۔ بے انتہا جسمانی اور معدہ کی کمزوری۔ وغیرہ وغیرہ

میری عمر اس وقت 52 سال ہے۔ نیز میں ماشاءاللہ پنج وقت کا نمازی اور تہجد گزار ہوں۔ تہجد کی عبادت کے دوران کچھ غیر مرئی آوازیں خلل کرتی ہیں جو سمجھ میں نہیں آتی۔ برائے کرم خدا کے واسطے اس سلسلے میں میری مدد فرمائیں۔ شکریہ (م)

جواب وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ محترم! آپ نے جس خواہش کا اظہار کیا ہے اور جو کیفیات لکھی ہیں، وہ دونوں متضاد ہیں۔ ہمزاد کا عمل دیکھنے یا پڑھنے میں آسان لگتا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ ہمزاد کا عمل، جنات کے عمل سے بہت زیادہ مشکل ہوتا ہے۔ جنات کے عمل میں جو جن/ جنات آتے ہیں، وہ آپ سے واقف نہیں ہوتے۔ لیکن ہمزاد تو آپ کی رگ رگ سے واقف ہوتا ہے۔ ساری کمزوریوں اور خامیوں سے واقف ہوتا ہے۔ اسے پتہ ہوتا ہے کہ کس وقت کیا کریں تو عامل مشکل میں پڑ سکتا ہے۔ پھر آپ نے اپنی جو جسمانی حالت لکھی ہے، وہ کسی طرح بھی ہمزاد کے عمل کرنے کے قابل نہیں ہے۔ جنات کا عمل بگڑ جائے تو سنبھالا جا سکتا ہے لیکن ہمزاد کا عمل بگڑ جائے تو بہت مشکل سے سنبھلتا ہے۔

دوسری بات یہ کہ آپ نے مکمل ویب سائٹ دیکھی۔ وہاں کس جگہ آپ نے یہ لکھا دیکھا کہ ہماری روحانی درسگاہ میں "ہمزاد" کا عمل کروایا جاتا ہے؟ جہاں تک میری معلومات ہیں، ہم نے یہ کسی جگہ بھی نہیں لکھا۔ کیونکہ میں خود کسی انجان بندے کو تسخیر کے عمل کروانے کے حق میں نہیں۔ ہماری شرائط تسخیر کے معاملے میں بہت سخت ہیں۔ مثلاً عمل کرنے والا کئی سال کا واقف کار ہو۔ آپ استخارہ کریں کہ ہم سے سیکھنا بہتر ہے یا نہیں۔ ہم بھی استخارہ کریں گے کہ آپ کو سکھانا بہتر ہے یا نہیں۔ حال ہی میں ہمارے ادارے کے ایک پرانے رُکن مولانا محمد عرفان نے فراڈ کیا اور ادارے کو کافی نقصان پہنچایا۔ حالانکہ ایک عرصہ سے ان کو جانتے تھے۔ اسی طرح کئی دوسرے افراد نے بھی کیا۔ ایسے لوگوں کی وجہ سے یہ فیصلہ کر لیا گیا ہے کہ ہرگز کسی کو بھی تسخیر کا عمل نہیں کروایا جائے گا۔ اس لیے میں آپ سے معذرت چاہوں گا کہ ہمزاد کا عمل نہیں کروا سکتا۔

مزید مشورہ بھی یہ دوں گا کہ اس چکر میں نہ پڑیں۔ آپ کی جسمانی حالت پہلے ہی خراب ہے۔ ہمزاد کے عامل کی جسمانی اور دماغی حالت، دونوں بہت اچھی ہونی چاہئیں۔ اپنے آپ کو مزید پریشانی اور تکلیفوں میں نہ ڈالیں۔ سب سے پہلے آپ اپنے علاج پر توجہ دیں۔ اگر بیماری سے شفا نہیں مل رہی تو پھر روحانی تشخیص کروائیں کہ کہیں آپ جادو، جنات، آسیب، نظرِ بد، رجعت یا بندش کا شکار تو نہیں ہیں۔ میرے غالب گمان میں آپ کے ساتھ رجعت کا معاملہ اور بداثرات کا معاملہ ہے۔ اس لیے روحانی علاج کو فوقیت دیں اور روحانی علاج کروائیں۔ میں نے باقاعدہ تشخیص نہیں کی کیونکہ حالات پڑھ کر ضرورت محسوس نہیں ہوئی۔

آپ برا نہ منائیے گا۔ ہر خواہش پوری نہیں ہوا کرتی اور یہ ہمزاد، جنات اور غیبی مخلوق کی تسخیر کے شوق میں بہت لوگوں کی زندگیاں خراب ہوئی ہیں۔ کچھ لوگ وہ بھی ہیں جن کو آسانی سے اللہ ﷻ یہ مخلوق عطا فرما دیتے ہیں اور کچھ کی ساری زندگی چلے کرتے ہوئے گذر جاتی ہے اور کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا، سوائے بندشوں اور رجعت کے جو ہر چلے پر مزید بڑھتی جاتی ہیں۔

پھر بھی آپ اگر اس خواہش سے نہیں ہٹنا چاہتے تو پھر تین کام کریں۔ سب سے پہلے استخارہ کریں اور یہ دعا کریں کہ "یا اللہ! اگر ہمزاد کا عمل کرنا میرے لیے ابھی یا مستقبل میں فائدہ مند ہے اور اس میں خیر ہے تو مجھے دکھا دے یا مطلع فرما دے۔" اگر استخارے کا جواب "ہاں" میں آئے تو پھر اس خواہش کو پورا کرنے کی کوشش کریں اور اگر "انکار" ہو جائے تو پھر ذہن سے نکال دیں اور اپنی باقی عمر میں اپنے لیے مزید پریشانیاں نہ بڑھائیں۔ "ہاں" آنے کی صورت میں دوسرا کام یہ کریں کہ پہلے کسی اچھے روحانی معالج سے علاج کروائیں۔ ساتھ ہی طبی علاج بھی کروائیں۔ پھر جب جسمانی و دماغی حالت کافی بہتر ہو جائے تو تیسرا کام یہ کریں کہ دوبارہ استخارہ کریں اور سوال یہ رکھیں کہ "یا اللہ! ہمزاد کا عمل فلاں سے سیکھنا بہتر ہے یا فلاں سے؟" پھر جس کے بارے میں اللہ کی طرف سے "ہاں" آ جائے، اس کی نگرانی میں عمل کر لیں۔

مفتیان اور علماء کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/ss9ezx

جون 2017ء کے خاص اوقات

اہم نظرات سیارگان

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
شمس تثلیث مشتری	02-16-17 20:39	03-06-17 21:13	04-06-17 21:52
زہرہ تسدیس مریخ	06-06-17 18:55	09-06-17 20:41	12-06-17 18:31
عطارد تثلیث مشتری	13-06-17 09:08	13-06-17 20:45	14-06-17 08:19
شمس مقابلہ زحل	14-06-17 15:59	15-06-17 15:19	16-06-17 14:38
عطارد مقابلہ زحل	18-06-17 13:30	19-06-17 00:08	19-06-17 10:44
عطارد قران شمس	20-06-17 23:54	21-06-17 19:15	22-06-17 14:38
عطارد تربیع مشتری	27-06-17 11:39	27-06-17 23:21	28-06-17 11:08
عطارد قران مریخ	28-06-17 08:00	29-06-17 00:51	29-06-17 11:57

حالتِ قمر

تاریخ داخلہ	وقت داخلہ	تاریخ خروج	وقت خروج
قمر در عقرب	05جون	15:45	08جون	03:59
ھبوط قمر	05جون	19:44	05جون	20:24
قمر در ثور	20جون	02:52	22جون	03:44
شرف قمر	20جون	06:13	20جون	07:53

بغیر فیس والے اعمال منگوانے والوں سے گذارشات

۱)۔کوپن میں لکھا ہوا ہے جوابی لفافہ (رجسٹری یعنی 38 روپے کے ٹکٹ لگا کر) بھیجیں مگر کئی لوگ جوابی لفافہ ہی نہیں بھجواتے۔

۲)۔اگر جوابی لفافہ بھجواتے ہیں تو اس پر ٹکٹ نہیں ہوتی، نہ ہی ساتھ ٹکٹ ہوتی ہے۔

۳)۔ایک وقت میں عوام تین تین اعمال کے لئے کوپن بھیج دیتے ہیں۔ کوپن میں لکھا بھی ہے کہ ایک وقت میں صرف دو اعمال کروائے جاتے ہیں۔

۴)۔عوام کوپن مکمل پُر نہیں کرتے۔مثلاً، والد یا والدہ کا نام نہ لکھنا، E-MAIL نہ لکھنا، پتہ نامکمل لکھنا وغیرہ۔

۵)۔کوپن میں غلطی کی وجہ سے کال کی جائے تو کئی کئی دن فون نہ اٹھانا۔sms کریں تو کوئی جواب نہ دینا۔

۶)۔کوپن صرف موجودہ ماہ کا قبول کیا جاتا ہے۔ جب کہ لوگ پرانے رسالوں کے کوپن بھجوا دیتے ہیں۔

۷)۔کوپن صرف وہی قابلِ قبول ہے جو رسالے میں چھپتا ہے۔اس کی تصویر یا PDF سے پرنٹ کرنا یا فوٹو کاپی وغیرہ ناقابلِ قبول ہے۔ جب کہ لوگ پرنٹ اور فوٹو کاپیاں ارسال کر رہے ہیں۔

۸)۔شناختی کارڈ وہ بھجواتے ہیں جو Expire ہو گیا ہوتا ہے۔

۹)۔لوگ اس بات کا خیال نہیں رکھتے کہ وہ اگر ممبر نہیں تو ممبران کے اعمال نہیں منگوا سکتے، عالم نہیں تو علماء والے اعمال نہیں منگوا سکتے، روحانی درسگاہ کے طالب علم نہیں تو روحانی درسگاہ کے طالب علموں والے اعمال نہیں منگوا سکتے۔ مسلسل ایسے کوپن موصول ہوتے ہیں جن میں غیر متعلقہ اعمال طلب کیے جاتے ہیں۔

۱۰)۔بھیجے گئے خط میں اپنا پتہ نہیں لکھتے۔ جوابی لفافے پر بھی نہیں لکھتے۔کوپن پر بھی مکمل پتہ نہیں لکھتے۔

روحانی علاج گاہ کے خاص تعویذات

ہدیہ: 1600 روپے
بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک: 1100 روپے

تعویذ نمبر 1
جلد شادی کا قرآنی تعویذ

اولاد کے لیے نصیب والے رشتے بے حد اہم چیز اور بعض دفعہ زندگی اور جینے کا واحد مقصد معلوم ہوتے ہیں۔ اس حوالے سے ادارے میں لوگ رشتوں کی بندش کے خاتمے اور پسندیدہ یا اچھے اور مناسب رشتے کی طلب لے کر تشریف لاتے ہیں۔ جن کیلئے ادارے سے خاص قرآنی تعویذ اور ساتھ ہی مخصوص وظیفہ دیا جاتا ہے۔ لہٰذا ایسے افراد جو شادی کے لئے رشتہ تلاش کر رہے ہیں، وہ اور ان کے عزیز و اقارب یہ تعویذ حاصل کریں اور تعویذ کی کرامت ملاحظہ فرمائیں۔

تعویذ نمبر 2
شادی کی ہر طرح کی رکاوٹ دور کرنے کا قرآنی تعویذ

شادی میں رکاوٹ روحانی طور پر پیدا کرنا حاسدین کا محبوب ترین مشغلہ ہے۔ اس میں نوجوان لڑکیوں کے رشتے باندھ دینا، ان کے رشتے نہ آنا، اگر رشتے آئیں تو پسند نہ آئیں، اگر پسند آجائیں تو واپسی جواب نہ آنا، اگر بات طے ہو جائے تو منگنی کی شکل میں نکاح تک بات نہ پہنچنا، 6 سال، 4 سال، گزر جانا مگر شادی ہونے، نکاح ہونے اور رخصتی ہونے کا نام ہی نہیں لیتی۔ ایسے مایوس اور ناامید افراد جو جگہ جگہ جا کر مایوس ہو چکے ہیں۔ ان کے لئے ادارے کا یہ خاص تعویذ جو بندش کو کاٹتا ہے، مختلف رکاوٹوں، بندشوں اور جنات وغیرہ کو ختم کرتا ہے اور ساتھ ہی شادی کے معاملات طے ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

تعویذ نمبر 3
رزق کی ہر طرح کی رکاوٹ دور کرنے کا قرآنی تعویذ

آج کل لوگ سارا سال اور سارا دن رزق کی بے برکتی کا رونا روتے رہتے ہیں۔ پیسے کے تمام راستے بند ہو جانا، ملازمت کا نہ ملنا، روزگار اور کاروبار کا نہ چلنا، چلتے کاروبار کا بند ہو جانا، قرض کی رقم کا بہت بڑھ جانا، بیرون ملک پہنچ گئے مگر معاشی معاملات بہتری کی طرف نہیں جا رہے۔ ایسے سارے لوگ جو رزق کی بندش، رکاوٹ، تنگی، پریشانی، قرض کی زیادتی، عرش سے فرش پر آگرنے والے لوگ فوری طور پر ایسے قرآنی تعویذ سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور اس قرآنی تعویذ کے فوائد، کرامات اور کرشمات اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔

تعویذ نمبر 4
ہر طرح کی پریشانی، مصیبت اور مشکل کے خاتمے
اور جائز حاجت پوری ہونے کا خاص قرآنی تعویذ

آج جن مصائب سے عموماً ہمارا واسطہ پڑتا ہے۔ ان میں سرفہرست اولاد کی نافرمانی، جھوٹے مقدمات میں لوگوں کا ملوث کر دینا، رزق میں بے برکتی، زوجین (میاں بیوی) میں ناچاقی، گھر میں بلاوجہ کی تنگی، غصہ آنا، ہمسایوں سے بلاوجہ ناچاقی، کسی ظالم، جابر اور شریر کا بلاوجہ تنگ کرنا، کسی فرد کا حق دبا لینا، جگہ، مکان، پلاٹ پر قبضہ کر لینا، کاروباری افراد کا حسد کرنا، رشتہ داروں کا حسد کرنا، بچوں کو نظر لگ جانا، بچوں کی خداداد صلاحیتوں کو گھن لگ جانا، کسی کام میں بلاوجہ رکاوٹیں اور مشکلات پیش آنا، ملازمت کا نہ ملنا، کاروبار کا نہ چلنا، کسی بچے، بڑے یا عزیز رشتہ داروں کا باہر جانے کی ضرورت اور حاجت پوری ہونے کے لئے یہ تعویذ تیر بہدف ہے۔ اس تعویذ کے بارے میں یوں کہنا بے جا نہ ہوگا کہ ہر طرح کی حاجت، ضرورت اور جائز سوچ کی تکمیل میں یہ تعویذ معاون ہے اور بارہا کا مجرب ہے۔ اس تعویذ کے ساتھ وظیفہ بھی دیا جاتا ہے تاکہ تعویذ سے کما حقہ فائدہ اٹھایا جا سکے۔

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com | روحانی دکان 0334-4312272, 042-35410586

خواتین کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/esllKa

دارالعمل چشتیہ کے مختلف

شعبہ نشرواشاعت سے رابطے کی تفصیل

دفتر (فون) 042-35410586 (موبائل) 0322-4773786

فون کے اوقات: دوپہر 12 بجے سے شام 7 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

دفتر کے اوقات: دوپہر 12 بجے سے شام 7 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

شعبہ نشرواشاعت ای میل: info@darulamal.org

پتہ: شعبہ نشرواشاعت، دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور۔

خزینہ روحانیات سے رابطے کی تفصیل

دفتر (فون) 042-35410586 (موبائل) 0322-4773786

فون کے اوقات: دوپہر 12 بجے سے شام 7 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

دفتر کے اوقات: دوپہر 12 بجے سے شام 7 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

مدیر اعلیٰ: 0333-4308286

فون کے اوقات (مدیر اعلیٰ): دوپہر 2 بجے سے شام 4 بجے (تعطیل بروز جمعہ و اتوار)

اوقات ملاقات (مدیر اعلیٰ): شام 4 بجے سے 8 بجے (صرف بروز اتوار)

مدیر: 0324-8439477

فون کے اوقات (مدیر): صبح 10 بجے سے شام 5 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

اوقات ملاقات (مدیر): شام 4 بجے سے 8 بجے (صرف اتوار)۔ باقی دنوں میں فون پر وقت لے کر ملاقات کر سکتے ہیں۔ (تعطیل بروز جمعہ)

ماہنامہ خزینہ روحانیات ای میل: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

پتہ: ماہنامہ خزینہ روحانیات: 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور۔

روحانی درسگاہ سے رابطے کی تفصیل

دفتر (فون) 042-35410586 (موبائل) 0320-4661681

فون کے اوقات: صبح 11 بجے سے شام 6 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

دفتر کے اوقات: صبح 11 بجے سے شام 6 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

سرپرست روحانی درسگاہ: 0323-4435861

فون کے اوقات (سرپرست): دوپہر 2 بجے سے شام 4 بجے (تعطیل بروز جمعہ و اتوار)

اوقات ملاقات (سرپرست): شام 4 بجے سے 8 بجے (صرف اتوار)

ناظم روحانی درسگاہ: 0346-4661681

فون کے اوقات (ناظم): صبح 10 بجے سے شام 5 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

اوقات ملاقات (ناظم): شام 4 بجے سے 8 بجے (صرف اتوار)۔ باقی دنوں میں فون پر وقت لے کر ملاقات کر سکتے ہیں۔ (تعطیل بروز جمعہ)

نائب ناظم روحانی درسگاہ: 0324-8439477

فون کے اوقات (نائب ناظم): صبح 10 بجے سے شام 5 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

اوقات ملاقات (نائب ناظم): شام 4 بجے سے 8 بجے (صرف اتوار)۔ باقی دنوں میں فون پر وقت لے کر ملاقات کر سکتے ہیں۔ (تعطیل بروز جمعہ)

روحانی درسگاہ ای میل: ruhanidarsgah@gmail.com

پتہ: روحانی درسگاہ: 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور۔

نوٹ روحانی درسگاہ کے بارے میں بنیادی معلومات کے لیے دفتر رابطہ فرمائیں۔ جو شاگرد بن چکے ہیں، وہ کسی عمل کے بارے میں رہنمائی چاہتے ہوں تو ناظم یا نائب ناظم سے رابطہ فرمائیں۔ اگر پھر بھی تسلی نہ ہو تو پھر سرپرست جناب خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ سے رابطہ فرمائیں شکریہ۔

روحانی علاج گاہ سے رابطے کی تفصیل

دفتر (فون) 042-35410586 (موبائل) 0324-7772772

فون کے اوقات: دوپہر 3 بجے سے شام 7 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

روحانی علاج گاہ کے اوقات ملاقات: دوپہر 4 بجے سے شام 7 بجے تک (علاوہ جمعہ)

سرپرست روحانی علاج گاہ: 0323-4435861

فون کے اوقات (سرپرست): دوپہر 2 بجے سے شام 4 بجے (تعطیل بروز جمعہ و اتوار)

اوقات ملاقات (سرپرست): شام 4 بجے سے 8 بجے (صرف بروز اتوار)

ناظم روحانی علاج گاہ: 0324-8439477

فون کے اوقات (ناظم): صبح 10 بجے سے شام 5 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

اوقات ملاقات (ناظم): شام 4 بجے سے 8 بجے (صرف اتوار)۔ باقی دنوں میں فون پر وقت لے کر ملاقات کر سکتے ہیں۔ (تعطیل بروز جمعہ)

نائب ناظم روحانی علاج گاہ: 0343-4686217

شعبوں سے رابطے کی تفصیل

فون کے اوقات (نائب ناظم): صبح 10 بجے سے شام 5 بجے (تعطیل بروز جمعہ)

اوقات ملاقات (نائب ناظم): شام 4 بجے سے 8 بجے (صرف اتوار)۔ باقی دنوں میں فون پر وقت لے کر ملاقات کر سکتے ہیں۔ (تعطیل بروز جمعہ)

روحانی علاج گاہ ای میل: ruhanilajgah@gmail.com

پتہ: روحانی علاج گاہ، 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور۔

1۔ جب آپ کسی مسلمان کو تنخواہ میں سے صدقہ کے لیے رقم مختص کرنے کا کہیں گے اور وہ اس پر عمل کرے گا تو آپ کو بھی اتنا ہی اجر ملے گا جتنا صدقہ کرنے والے کو ملے گا اور صدقہ دینے والے کے اجر میں کوئی کمی واقع نہیں ہوگی۔

سوچیے!!!

آپ اس دنیا سے چلے جائیں گے اور آپ کے سبب آپ کے پیچھے کوئی صدقہ کررہا ہوگا۔

2۔ ایسے ہی اگر آپ نے یہ پیغام آگے نشر کیا اور کسی نے صدقہ

دینے کا معمول بنا لیا تو آپ کے لیے بھی صدقہ دینے والے کے مثل اجر ہے۔ (جیسے میں نے اس پیغام کو پڑھ کر صدقہ کرنے کا معمول بنایا اور قسم کھا کر کہتا ہوں، سب سے زیادہ فرق میری ذہنی حالت پر پڑا۔ ایک ایسا اطمینان محسوس ہوتا ہے کہ جس کا جواب نہیں۔ مترجم)

میرے عزیز!!!

اگرچہ آپ طالب علم ہیں اور آپ کو لگا بندھا وظیفہ ملتا ہے، تب بھی آپ تھوڑا بہت، جتنا ہو جائے، کچھ رقم صدقہ کے لیے ضرور مختص کریں۔

اگر صدقہ کرنے والا جان لے اور سمجھ لے کہ اس کا صدقہ فقیر کے ہاتھ میں جانے سے پہلے اللہ کے ہاتھ میں جاتا ہے تو یقیناً دینے والے کی لذت لینے والے سے کہیں زیادہ ہوگی۔

کیا آپ کو صدقہ کے فوائد معلوم ہیں؟

خاص طور پر 17، 18، 19 کو توجہ سے پڑھیے گا۔ سن لیں!

صدقہ دینے والے بھی اور جو اس کا سبب بنتے ہیں وہ بھی!!!

1۔ صدقہ جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے۔

2۔ صدقہ اعمال صالحہ میں افضل عمل ہے اور سب سے افضل صدقہ کھانا کھلانا ہے۔

3۔ صدقہ قیامت کے دن سایہ ہوگا اور اپنے دینے والے کو آگ سے خلاصی دلائے گا۔

4۔ صدقہ اللہ جل جلالہٗ کے غضب کو ٹھنڈا کرتا ہے اور قبر کی گرمی کی ٹھنڈک کا سامان ہے۔

5۔ میت کے لیے بہترین ہدیہ اور سب سے زیادہ نفع بخش چیز صدقہ ہے۔ اور صدقہ کے ثواب کو اللہ تعالیٰ بڑھاتے رہتے ہیں۔

6۔ صدقہ مصفّٰی ہے، نفس کی پاکی کا ذریعہ اور نیکیوں کو بڑھاتا ہے۔

7۔ صدقہ قیامت کے دن صدقہ کرنے والے کے چہرے کے سرور اور تازگی کا سبب ہے۔

8۔ صدقہ قیامت کی ہولناکی کے خوف سے امان ہے اور گزرے ہوئے پر افسوس نہیں ہونے دیتا۔

9۔ صدقہ گناہوں کی مغفرت کا سبب اور سیئات کا کفارہ ہے۔

10۔ صدقہ خوشخبری ہے حسن خاتمہ کی اور فرشتوں کی دعا کا سبب ہے۔

11۔ صدقہ دینے والا بہترین لوگوں میں سے ہے اور اس کا ثواب ہر اس شخص کو ملتا ہے جو اس میں کسی طور پر بھی شریک ہو۔

12۔ صدقہ دینے والے سے خیر کثیر اور بڑے اجر کا وعدہ ہے۔

13۔ خرچ کرنا آدمی کو متقین کی صف میں شامل کر دیتا ہے اور صدقہ کرنے والے سے اللہ کی مخلوق محبت کرتی ہے۔

14۔ صدقہ کرنا جود و کرم اور سخاوت کی علامت ہے۔

15۔ صدقہ دعاؤں کے قبول ہونے اور مشکلوں سے نکالنے کا ذریعہ ہے۔

16۔ صدقہ بلاء (مصیبت) کو دور کرتا ہے اور دنیا میں ستر دروازے برائی کے بند کرتا ہے۔

17۔ صدقہ عمر میں اور مال میں اضافے کا سبب ہے۔ کامیابی اور رزق کا سبب ہے۔

18۔ صدقہ علاج بھی ہے، دوا بھی اور شفاء بھی۔

19۔ صدقہ آگ سے جلنے، غرق ہونے، چوری اور بری موت کو روکتا ہے۔

20۔ صدقہ کا اجر ملتا ہے، چاہے جانوروں اور پرندوں پر ہی کیوں نا ہو۔

آخری بات:

بہترین صدقہ اس وقت یہ ہے کہ آپ اس پیغام کو صدقہ کی نیت سے آگے نشر کر دیں۔ (بشکریہ darsequran.com)

روحانی اگربتی برائے حصول برکت

قیمت 200 روپے

کئی دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ جادو اور جنات کا معاملہ بھی نہیں ہوتا اور نحوست بھی نہیں ہوتی، پھر بھی بے برکتی نظر آتی ہے۔ اسی طرح جو لوگ یہ چاہتے ہیں کہ مزید برکت بڑھے، خاص کر دکان دار اور کاروباری حضرات، وہ یہ اگربتی استعمال کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، اس کے استعمال سے بے برکتی دور ہوگی اور برکت بڑھے گی۔ ان اگربتیوں پر ایسے کلام کے دم کیے گئے ہیں جو حصول برکت کے لیے نہایت مجرب ہیں۔ حصول برکت میں استعمال ہونے والی اگربتیوں کی کوالٹی بھی اچھی ہے۔ اس وجہ سے ان کا ریٹ بھی زیادہ ہے۔ صبح و شام ایک ایک اگربتی مطلوبہ جگہ پر جلائیں۔ پیکنگ: فی پیکٹ 30 اگربتیاں

روحانی دکان 0334-4312272, 042-35410586

لوح فتوحات مجرب

ہدیہ: 1100 روپے
(علاوہ ڈاک خرچ)

یہ لوح ایک انمول تحفہ ہے۔ آپ بھی قدردان بنیں اور 29 سال کے بعد آنے والے اوج زحل میں تیار کی جانے والی "لوح فتوحات مجرب" منگوائیں، جو فوری اثر کرتی ہے اور سو فیصد یقینی کامیابی بھی ملتی ہے۔

فوائد لوح فتوحات

• جائیداد، زمین، مکان، دکان، تعمیراتی کام، خرید و فروخت یعنی اسٹیٹ ایجنسی کے کام میں فائدہ ہوگا۔ • دشمنان پر آپ کا رعب و دبدبہ قائم ہوگا۔ دشمن زیر اور آپ ہر میدان میں ان پر غالب ہوں گے۔ • امتحان، مقدمات، الیکشن..... ہر قسم کے مقابلے میں فتح آپ کی ہوگی۔ • سحر، جادو، نظر بد، شیطان، جنات، بیماری، چوری، غرقابی ..... ہر قسم کے حادثات، تیر، تلوار، بم، گولی، بندوق، بجلی، گرج چمک جیسے نقصانات سے حفاظت ہوگی۔

darulamal.org/ruhanishop

غرض یہ کہ ہر قسم کے حالات میں فتح آپ کی ہوگی۔ لوح فتوحات کے مؤکلات آپ کو ہر قدم پر کامیاب کرتے رہیں گے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ

روحانی دکان 0334-4312272, 042-35410586

لوح شرف زہرہ

ہدیہ 1600 روپے

رجوع خلق اور تسخیر مستورات کے لئے بہت تیزی سے کام کرتی ہے۔ نتیجہ اس کا یہ ہوتا ہے کہ جس شخص کے پاس یہ لوح ہوگی۔ لوگ واقف و ناواقف، بڑے اور چھوٹے کسی نامعلوم کشش کے باعث متوجہ ہو جاتے ہیں اور پسند کرتے ہیں، جوق در جوق آتے ہیں۔ شہرت، عظمت اور مقبولیت حاصل ہوتی ہے۔

لہٰذا اس وقت سے ان تمام لوگوں کو فائدہ اٹھانا چاہیے جن کا خلقت سے عام تعلق ہے مثلاً حکیم، ڈاکٹر، وکلا، لیڈر، دکاندار اور دیگر ایسے تمام پیشہ ور لوگ جن کا ذریعہ آمدن عوام کی آمد سے متعلق ہے۔ کاروبار میں اضافہ کے لئے یہ ایک موثر وقت ہے۔ دکانداروں کے لئے خصوصاً یہ وقت موثر ہے۔

تسخیر حکام، تسخیر خلق اور قوم یا خلقت پر بزرگی حاصل کرنے کے لئے سال بھر میں یہ ایک موثر وقت آتا ہے اور وہ لوگ جن کا خلقت کی آمد سے تعلق نہیں، ان کے لئے تسخیر خلق کی ضرورت ہے۔ یعنی اپنے حلقے، ساتھ کام کرنے والوں، افسران، قوم اور خاندان میں برتری ہو، لہٰذا اس وقت سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔

روحانی دکان 0334-4312272, 042-35410586

Web: darulamal.org/ruhanishop
Email: ruhanishop@gmail.com

ٹھنڈک کورس

امراض گرما کا بہترین علاج مطب العارف کا ٹھنڈک کورس

پہلی خوراک ہی میں بفضل خدا مریض پرسکون ہو جاتا ہے

☆ اگر آپ کا سر گرم رہتا ہے تو آپ کیلئے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆ اگر آپ کی آنکھوں میں بہت زیادہ جلن ہوتی ہے تو آپ کیلئے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆ اگر آپ کے جگر میں گرمی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆ اگر آپ کے معدہ میں گرمی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆ اگر آپ کے مثانہ میں گرمی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆ اگر آپ کو پیلا یرقان ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆ اگر آپ کو کالا یرقان ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆ اگر آپ کا بلڈ پریشر ہائی رہتا ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆ اگر آپ کو بوجہ گرمی نکسیر آتی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆ اگر آپ کو پیشاب میں جلن ہوتی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆ اگر آپ کے ہاتھ پاؤں جلتے ہیں تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆ اگر آپ کو خونی بواسیر ہے تو خون روکنے کیلئے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆ اگر آپ کو پیاس زیادہ لگتی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆ اگر آپ کو دست لگے ہوئے ہیں تو ان کو روکنے کیلئے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆ اگر آپ کو گرمی کی وجہ سے یا گرمیوں میں بخار ہے تو آپ کیلئے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے

نوٹ تمام امراض گرما سے محفوظ رہنے کیلئے حفظ ماتقدم کے طور پر بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

darulamal.org/matabalaarif
matabalaarif@gmail.com

چھوٹی پیکنگ: 550 روپے
بڑی پیکنگ: 1100 روپے

مطب العارف 0307-5525103, 042-35410586

تہجد کے وقت جاگنا، مایوسی کے مرض کا علاج

ڈاکٹر نور احمد نور صاحب (ملتان)

ڈاکٹر نور احمد نور صاحب پروفیسر آف میڈیسن نشتر میڈیکل کالج ملتان، کی نماز پر تحقیق پیش ہے۔

نماز تہجد کا فائدہ مایوسی یعنی ڈیپریشن (Depression) کے امراض کا علاج مغربی ڈاکٹروں نے ایک اور دریافت کیا ہے۔ یہ بات مجھے خیبر میڈیکل کالج کے ماہر نفسیات نے بتائی۔

مغربی ممالک کے ڈاکٹروں نے دیکھا کہ جو مسلمان تہجد کے وقت جاگتے ہیں، انہیں مایوسی کا مرض نہیں ہوتا۔ چنانچہ انہوں نے سوچا کہ تہجد کے وقت جاگنا، مایوسی کے مرض کا علاج ہے۔ علم نفسیات (Psychology) کے ماہرین نے مایوسی کے مریضوں پر یہ تجربہ کیا۔ انہوں نے مایوسی کے مریضوں کو تہجد کے وقت جگانا شروع کیا۔ یہ مریض جاگ کر کچھ پڑھ لیتے تھے اور پھر سو جاتے تھے۔ یہ معمول جب کئی مہینے تک مسلسل جاری رکھا گیا تو مایوسی کے مریضوں کو بہت فائدہ ہوا اور وہ دواؤں کے بغیر ٹھیک ہو گئے۔ چنانچہ اس مغربی ڈاکٹر نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ آدھی رات کے بعد جاگنا مایوسی کے مریضوں کا علاج ہے۔

پانچ وقت نماز پڑھنے کی وجہ تقریباً ہر مذہب کے پیروکار مانتے ہیں کہ انسان جسم اور روح کا مرکب ہے۔ جسم کی غذا زمین سے نکلنے والی خوراک ہے اور روح کی غذا نماز ہے۔ دین اسلام میں جسم اور روح کی غذا کا ساتھ ساتھ انتظام کیا گیا ہے۔ صبح کے وقت ناشتہ کر کے جسم کو غذا دیتے ہیں اور فجر کی نماز پڑھ کر روح کو قوت بخشتے ہیں۔ دوپہر کا کھانا کھا کر جسم کو قوت ملتی ہے اور ظہر کی نماز پڑھ کر روح کی غذا کا سامان بن جاتا ہے۔ عصر کی نماز ڈھلتے دن کے بعد مزید روح کے لئے تقویت کا باعث بنتی ہے۔ چونکہ شام کے وقت کئی لوگ کھانا زیادہ کھا لیتے ہیں اس لئے عشاء کی نماز کی رکعتیں زیادہ ہوتی ہیں۔

نماز..... امراض قلب سے بچاؤ

دل کے ماہر ڈاکٹر صاحبان نے کئی سالوں کی محنت کے بعد ایک ورزش دریافت کی ہے، جس سے دل کے امراض کم ہو جاتے ہیں اور یہ ورزش نماز سے ملتی جلتی ہے۔

جب ہم قیام کرتے ہیں تو جسم کے نچلے حصے کو خون زیادہ ملتا ہے اور جب ہم رکوع میں جاتے ہیں تو درمیانی حصے کو فائدہ ہوتا ہے اور جب ہم سجدے میں جاتے ہیں تو جسم کے اوپر والے حصے کو زیادہ خون ملتا ہے۔ لہٰذا نماز کے دوران جسم کے ہر حصے کو موزوں مقدار میں خون میسر ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے کئی بیماریاں مثلاً دل کے امراض کم ہو جاتے ہیں۔

مشاہدے کی بات ہے کہ عابد لوگ اکثر نحیف ہوتے ہیں لیکن اس کے باوجود ان کے دل قوی ہوتے ہیں اور وہ دل کے امراض میں کم مبتلا ہوتے ہیں۔

EMF Meter (Ghost Meter)



قیمت 9000 روپے

یہ میٹر کسی بھی جگہ جنات اور غیبی مخلوق کی موجودگی کا پتہ لگانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ پاکستانی مختلف ٹی وی چینلز میں ویران اور آسیب زدہ جگہوں پر جو پروگرام پیش کرتے ہیں، ان کی ٹیم دوسرے آلات کے ساتھ یہ لازمی استعمال کرتی ہے کیونکہ اس کے بغیر موجودگی کا پتہ نہیں لگتا۔ اسی طرح دنیا کے مختلف ٹی وی چینلز پر جنوں کی موجودگی کا پتہ لگانے کے جو پروگرام لگتے ہیں، ان میں بھی اسی طرح کے میٹرز استعمال کیے جاتے ہیں۔

آج سائنس کے دور میں بہت سے لوگ جنات سے انکاری ہیں۔ کچھ مانتے ہیں مگر یہ ماننے کو تیار نہیں کہ ہمارے گھر میں جنات کا اثر بھی ہے یا جنات موجود ہیں۔ اس میٹر کے ذریعے ہر کوئی چیک کر سکتا ہے کہ گھر میں کس کس جگہ پر جنات کا اثر ہے اور کس جگہ جنات موجود ہیں۔ بہت آسانی سے تھوڑی دیر میں پورا گھر چیک کیا جا سکتا ہے۔ گھر کے علاوہ کسی بھی جگہ کو چیک کیا جا سکتا ہے اور مریض کو مطمئن کیا جا سکتا ہے۔ عاملین کے لیے یہ آلہ بہت ہی مفید ہے۔ اور جعلی قسم کے فراڈ عاملین کو بے نقاب بھی کرنے کے لیے اس کو استعمال کیا جا سکتا ہے جو یہ کہتے ہیں کہ فلاں کے گھر میں خطرناک جنات ہیں، فوری عمل کرواؤ ورنہ نقصان ہو جائے گا۔ اگر جنات ہوں گے تو اس میٹر سے ضرور پتہ لگے گا۔ خریدنے والے کو مکمل تربیت دی جاتی ہے کہ کس طرح اس کو استعمال کرنا ہے اور کیا کیا ضروری حفاظت کا بھی انتظام کرنا ہے۔

روحانی دکان 0334-4312272, 042-35410586
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

موسم گرما اور دستوں کی بیماری

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب
(ناظم شعبہ حکمت، مطب الطارف، دارالعمل چشتیہ لاہور)

موسم گرما میں پیٹ خراب رہنا عام بیماری ہے۔ غذا میں تھوڑی سے بے اعتدالی اور لاپرواہی پیٹ کی خرابی کا پیش خیمہ بن جاتی ہے۔ ہر دوسرا شخص مروڑ، پیٹ درد، دست واسہال اور پیچش کی شکایت کرتا ہوا نظر آتا ہے۔ موسم کی تبدیلی بھی بعض اوقات اس مرض کا سبب ہوتی ہے۔ لیکن اصل سبب اور اصل وجہ فروٹ، سبزیوں اور ہر قسم کی اجناس کی فصلوں اور کھیتوں میں زہریلے اسپرے کا بے دریغ استعمال ہے۔ معدہ تندرست ہے تو انسان تندرست ہے اور اگر معدہ ہے خراب ہے تو انسان بھلا کیسے صحت مند رہ سکتا ہے۔ اس لیے پیٹ خراب ہونے کی صورت میں فی الفور اس کی اصلاح کی فکر کرنی چاہیے۔ طب یونانی کے مطابق اگر فاسد غذا کی وجہ سے جگر کی خرابی کی وجہ سے آرہے ہوں تو دستوں کا رنگ، زرد یا سرخ نما ہوتا ہے اور اگر دست معدہ کی خرابی کی وجہ سے آرہے ہو تو ان کے ساتھ کھٹی ڈکاریں اور یہ دست دن کو زیادہ اور رات کو کم آتے ہیں۔ ہم آپ کے سامنے جتنے نسخہ بھی پیش کررہے ہیں۔ یہ ہر طرح کے دستوں کیلئے مفید ہیں۔ دست خواہ غذائی بے اعتدالی کی وجہ سے ہوں یا جگر اور معدہ کی خرابی کی وجہ سے ہوں۔ میں نے کوشش کی ہے کہ آپ کے سامنے صرف انہی نسخوں اور ٹوٹکوں کو بیان کروں کہ جو ہر عام آدمی کے لیے بآسانی ممکن ہوں۔

نسخہ 1 گل دھاوا 1 تولہ، رال سفید 1 تولہ۔ کسی پنساری سے لے کر سفوف بنالیں اور دہی کی لسی کے ساتھ 3 ماشہ کے حساب سے خوراک لیں۔ ہر قسم کے دستوں کیلئے مفید ہے۔

نسخہ 2 اجمود، موچرس، گل دھاوا، سونٹھ..... سب چیزیں ہم وزن لے کر باریک پیس کر سفوف بنالیں۔ 3 ماشہ دن میں 3 بار دہی کی لسی سے کھائیں۔ ہر قسم کے دستوں کیلئے مفید ہے۔

نسخہ 3 آم کی گٹھلی کا مغز اور جامن کی گٹھلی کا مغز برابر وزن لے کر سفوف بنالیں۔ خوراک 5 ماشہ ہمراہ تازہ پانی، خونی اور وبائی، ہر قسم کے دستوں کیلئے ازحد مفید ہے۔

نسخہ 4 اسبغول سالم ایک چمچ دہی میں ملا کر کھانے سے بھی دست رک جاتے ہیں۔

نسخہ 5 کتھہ سفید 6 ماشہ، الائچی خورد 3 ماشہ، اسبغول سالم ایک تولہ، چینی حسب ضرورت، 6 ماشہ کی خوراک بنا کر دہی کے ہمراہ استعمال کریں، نہایت آسان اور مفید علاج ہے۔

نسخہ 6 زیرہ سفید، بیل گری، مصطگی رومی..... سب برابر وزن لے کر سفوف بنالیں، 6 ماشہ دن میں 3 مرتبہ ٹھنڈے پانی سے لیں۔ ہر قسم کے دستوں کیلئے انتہائی مفید ہے۔

نسخہ 7 کیکر کے پتے 2 تولے گھوٹ کر مصری شامل کر کے پینے سے ہر قسم کے دست بند ہوجاتے ہیں۔

نسخہ 8 کلونجی 3 گرام صبح دوپہر شام تازہ پانی سے کھائیں تو دست بند ہوجاتے ہیں۔

نسخہ 9 چائے کی پتی کا قہوہ دن میں کئی بار پینے سے دست بند ہوجاتے ہیں۔

نسخہ 10 سونف 6 ماشہ کو ایک کپ پانی میں شامل کر کے گھوٹ لیں اور چھان کر پی لیں، دست بند ہوجائیں گے۔

نسخہ 11 خشک دھنیا ایک تولہ پیس کر بطور سفوف یا بطور سردائی پینے سے ہر قسم کے دست بند ہوجاتے ہیں۔

نسخہ 12 ٹھنڈا تربوز کھانے سے دست بند ہوجاتے ہیں۔

نسخہ 13 خشک رس کھانے سے دست بند ہوجاتے ہیں۔

نسخہ 14 روغن کافور بتاشہ میں 6 قطرے ڈال کر دن میں 3 مرتبہ کھائیں تو دست بند ہوجاتے ہیں۔

موسمِ گرما اور انار

ڈاکٹر سیدہ فاطمہ

قرآن مجید میں انار کو رمّان کے نام سے پکارا گیا ہے

انار ایک مشہور و معروف درخت کا پھل ہے۔ اس کا درخت دس پندرہ فٹ سے لے کر بیس فٹ تک اونچا دیکھا گیا ہے۔ اس کا تنا پتلا ہوتا ہے جس کا قطر تین چار فٹ سے زیادہ نہیں ہوتا۔ انار کے درخت کی چھال زردی مائل بھوری ہوتی ہے۔ پتے سبز اور ذرا لمبے اور نوکدار ہوتے ہیں۔ پھول کا رنگ سرخ ہوتا ہے۔ انار نہایت خوش ذائقہ رسیلا پھل ہے۔ مزے کے لحاظ سے کھٹا، میٹھا اور کھٹ میٹھا تین قسم کا ہوتا ہے۔ پرانے حکیم انار کے غذائی اور دوائی فائدوں سے اچھی طرح واقف تھے۔ جدید تحقیق بھی اس کی تصدیق کرتی ہے۔ انار سے خون کی پیدائش اور بدن کی پرورش میں مدد ملتی ہے اور خون حالتِ اعتدال پر رہتا ہے۔ انار کا چاشنی دار رس طبیعت میں خوشی پیدا کرتا ہے۔ پیاس بجھاتا ہے اور ساتھ ہی ساتھ بدن کو اچھی غذائیت بھی دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جسمانی اور روحانی دونوں قسم کے مریضوں کے لئے انار کو معجزہ بنایا ہے اور اکثر امراض اس کے استعمال سے دور ہو جاتے ہیں۔

قرآن مجید میں انار کو رمان کے نام سے پکارا گیا ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے ”نیک اور صالح عمل کرنے والوں کے لئے انار کے درختوں کو جھکا دیا جائے گا تاکہ وہ ان درختوں کا پھل آسانی سے اپنے استعمال میں لاسکیں“۔ انار جنت کا پھل ہے۔ انار کا درخت بے شمار خوبیوں کا حامل ہے۔ پھل سے جڑ تک اس کے ہر اجزاء کارآمد ہیں۔

ایسے بہت سے امراض ہیں جن میں انار کا استعمال کیا جاتا ہے جیسے نزلہ زکام، ضعفِ بصر، آشوبِ چشم، کان اور ناک کی بیماریاں جیسے بہرہ پن، کان کا ورم، مسوڑھوں سے خون آنا، دانتوں کا ہلنا، سینہ اور پھیپھڑوں کی بیماریاں، بلغم میں خون آنا، کھانسی، سینہ میں درد، معدہ اور آنتوں کی بیماریاں، قے، پیٹ کا درد، ہونٹوں کی سفیدی، اسہال و پیچش، پیٹ کے کیڑے، مقعد کی بیماریاں، بواسیر، دل اور جگر کی بیماریاں، خفقان، ضعفِ قلب، یرقان، جلد کی بیماریاں، عورتوں اور بچوں کی بیماریاں، سیلان الرحم وغیرہ۔ اس کے علاوہ انار سے لاجواب خضاب بھی تیار کیا جاتا ہے۔ انار کے مرکبات بھی بنائے جاتے ہیں۔ اور انار کا درخت اور ان کے تمام حصے کپڑے رنگنے کے کام آتے ہیں۔

صفراوی اور خونی بخار میں، جب مریضوں کے لئے ٹھوس غذا کا استعمال مناسب نہیں ہوتا، انار کا رس مریضوں کی پیاس بجھاتا ہے اور حرارت کو کم کرتا ہے اور غذائیت کی وجہ سے بدن میں طاقت پیدا کرتا ہے۔ صفراوی بخار کے مریضوں کو قے اور متلی کی شکایت ہو، دست آرہے ہوں تو وہ بھی انار کے استعمال سے بند ہو جاتے ہیں۔ انار غذا کو ہضم کرنے میں مدد دیتا ہے۔ اس کے دانوں کو سکھا کر چورن میں ملاتے ہیں جو غذا ہضم کرنے کے لئے کھائے جاتے ہیں۔

انار کھانے سے پروسٹیٹ کینسر کا خطرہ کم ہو جاتا ہے۔ ایک ریسرچ کے مطابق انار کے دانوں کا جوس اور پورے انار کا عرق استعمال کرنے سے سرطانی خلیات بے جان ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح چھاتی کے سرطان کے بڑھنے کا خطرہ بھی گھٹ جاتا ہے۔ جرنل آف ڈرماٹولوجی میں شائع رپورٹ کے مطابق انار کھانے سے جلد کے سرطان کی دو اہم اقسام سے حفاظت ہو جاتی ہے۔ جلد کے ان سرطانوں کے نام Basal cell Carcinoma اور Spuamous cell Carcinoma ہیں۔ انار DNA کو تحفظ فراہم کرتا ہے۔ انار بلڈ پریشر کو نارمل حد کے اندر رکھتا ہے۔ انار میٹابولک سنڈروم کو باقاعدہ بناتا ہے۔ اس سے خون میں شکر کی سطح معمول کی حد میں رہتی ہے۔ انسولین سے حساسیت بہتر ہو جاتی ہے۔ انار جسمانی وزن کم کرتا ہے۔ انار انفیکشن سے بھی بچاتا ہے۔

نہ جاننے کا نقصان

حکیم عبدالغفار

''اگر ہمیں معلوم ہوتا تو ہم ٹیسٹ کروالیتے'' یہ کہتے ہوئے اس کی بیوی کے کربناک لہجے اور اس کے چہرے نے مجھے سوچنے پر مجبور کردیا کہ زندگی میں پیش آنے والے کتنے ہی ذاتی، گھریلو، معاشرتی اور صحت کے مسائل ایسے ہیں جو نہ جاننے کے جرم میں زندگی کو بدحال اور قابل رحم بنادیتے ہیں۔

ہمارے ملک میں بدقسمتی سے بیماریوں کا تمام لٹریچر ڈاکٹروں کے لیے تیار کیا جاتا ہے اور وہ بھی انگریزی میں۔ جب کہ مغربی ممالک میں شوگر، ہیپاٹائٹس، فالج، امراض قلب، جنسی بیماریوں کے معلوماتی کتابچے گلیوں، بازاروں، سٹوروں، دفتروں حتیٰ کہ سڑکوں پر اشتہارات کی شکل میں بھی دستیاب ہیں۔

میرا 50 سالہ پڑوسی محمد الیاس اپنے فالج زدہ جسم کو لیے بستر پر پڑا دہائی دے رہا ہے کہ خدارا صحت کے مسئلہ کو اہمیت دیں۔ کسی بھی جسمانی تبدیلی کو معمولی نہ سمجھیں۔ فوری کسی سمجھدار ماہر طبیب ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔

انتہائی کم گو، اپنی سوچوں میں گم رہنے والا الیاس کئی ہفتے ہسپتال گزار کر اب گھر میں بستر پر پڑا ہے۔ جسم کا ایک حصہ کام کرتا ہے اور دوسرا مفلوج۔ فالج کا حملہ شاید ہی کبھی اٹھنے دے، لیکن اللہ کے ہاں کوئی مشکل نہیں، جس کے حکم ''کن'' سے کائنات سانس لے رہی ہے۔

صحت وتندرستی اللہ کے ہاتھ میں ہے لیکن اگر زبان نبوت ﷺ سے نکلے مقدس الفاظ کو دل کے کانوں سے سنیں تو محسوس ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو بھی اختیار دیا ہے کہ سوچے سمجھے، فکر کرے اور کوشش سے اپنے آپ کو مصیبتوں سے بچائے۔ لیکن انسان دو چیزوں کی قدر نہیں کرتا، صحت اور فراغت۔

الیاس کے فالج کی کہانی اس کی بیوی کے بقول کچھ یوں ہے کہ وہ ہر وقت غصے کی حالت میں رہتا، معمولی باتوں مثلاً بچے نے کوئی غلطی کردی، دفتر جانے میں دیر ہوگئی، کسی نے کچھ کہہ دیا اس کے لیے ناقابل برداشت تھا، میں نے بھی اس کی اسی طبیعت سے سمجھوتا کرلیا۔ مطلب کی ضروری بات کرتی اور خاموش، زیادہ پریشان دیکھتی تو صرف اتنا کہتی یہ آپ کی صحت کے لیے اچھا نہیں، ایسے نہ رہا کرو، بات کرکے بوجھ ہلکا کرلیا کرو، باہر کسی سے مل جل لیا کرو، بس دفتر سے گھر اور گھر سے دفتر، تقریباً دو ماہ قبل گھر آتے ہی کہنے لگے میرا بازو دباؤ، ہلکا ہلکا درد ہورہا ہے۔ میں نے خود بھی بازو دبایا او بچوں نے بھی، تھوڑی دیر دبانے کے بعد وہ اچھے بھلے ہوگئے۔

ایک دن پھر اسی طرح کہنے پر میں نے بازو دبایا، دودھ گرم کرکے دیا کہنے لگے بس اب ٹھیک ہے، صبح پھر دفتر چلے گئے۔ میں نے ایک دو بار پوچھا کہ دوبارہ بازو میں درد تو نہیں ہو؟ کہنے لگے نہیں ٹھیک ہے، پھر ایک دن کہنے لگے کہ مجھے شک ہے نظر کچھ کمزور ہورہی ہے شاید زیادہ کام کرنے اور تھکن سے ایسا ہوجاتا ہے۔ ہم نے کسی ڈاکٹر سے بھی کوئی رابطہ کرنا ضروری نہ سمجھا۔ اب جب طبیعت زیادہ بگڑی تو ہسپتال لے کر گئے۔ ڈاکٹر نے بار بار ہمیں کہا جب بازو میں درد یا نظر میں کمی آنا شروع ہوئی تھی اسی وقت رابطہ کرتے تو یہ دن دیکھنا نصیب نہ ہوتا۔ فالج کی بڑی بڑی علامات یہی ہیں، غصہ اور ٹینشن تو صحت کے لیے ایسے خطرناک دشمن ہیں جو اندر ہی اندر صحت کے شدید نقصان کا باعث بنتے ہیں۔ جب بلڈ پریشر بڑھتا ہے تو بندے کو فالج زدہ کردیتا ہے پھر وہ بندہ نہ زندوں میں ہے نہ مردوں میں اور اپنی زندہ لاش سے لپٹے سانسیں پوری کرتا رہتا ہے۔

روحانی درسگاہ کے طالب علم متوجہ ہوں

درسگاہ کے سرپرست جناب خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کی طرف سے بارہا یہ تقاضا کیا گیا کہ سیکھنے والے حضرات وخواتین سب سے پہلے اپنا، اپنے گھر کا، اپنے گھر والوں کا اور اگر کاروبار ہے تو کاروباری جگہ کی تشخیص کریں اور اگر بداثرات آئیں تو علاج کریں ورنہ زندگی سے مشکلات نہیں ختم ہوں گی اور روحانی علوم سیکھنے میں بھی ہمیشہ رکاوٹیں رہیں گی۔ اس سلسلے میں مزید معلومات کے لیے رابطہ کریں: 0346-4661681

غذائیت بخش غذائیں

حکیم عمران کمبوہ (گوجرانوالہ)

زندگی میں سب سے بڑی بات یہ ہے کہ دماغ کو نوجوان رکھا جائے

اس قول کی اہمیت اپنی جگہ مگر انسان جسم کو جوان رکھنے کی تدابیر بھی اختیار کرے یوں دماغی و جسمانی طور پر تندرست رہ کر وہ طویل عمر پا سکتا ہے۔ یہ انداز حیات خصوصاً ان انسانوں کو اپنانا چاہیے جو معاشرے میں بامقصد و مفید کام کرتے ہیں۔

جسمانی و دماغی تندرستی پانے کا ایک طریقہ کار اچھی غذا کھانا ہے۔ اسی باعث مغرب میں ''غذائیات کی سائنس'' وجود میں آچکی ہے۔ اس شعبہ علم میں بذریعہ تحقیق و تجربات دیکھا جاتا ہے کہ کون سی غذائیں انسان کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچاتی ہیں؟ طبی تحقیقات کی روشنی میں درج ذیل بیس غذائیں دوسری اغذیہ سے زیادہ غذائیت بخش ثابت ہوئی ہیں۔ انھیں استعمال کیجیے، صحت پائیے اور آنے والے برسوں میں بھی تندرستی کے ثمرات سے لطف اندوز ہوتے رہیے۔

جو..... سنت بھی اور صحت بھی

پیارے نبی کریم ﷺ کی ہر بات میں حکمت پوشیدہ ہوتی ہے۔ کئی بیماریوں کا علاج نبی کریم ﷺ جو کا دلیہ اور شہد سے تجویز کیا کرتے تھے۔ کئی پاکستانی مرد و زن فربہی کا شکار ہو کر مختلف ٹوٹکے آزماتے ہیں۔ ایک قدرتی طریقہ یہ ہے کہ ناشتے میں سالم جو کھایئے۔ یہ موٹاپا ختم کرنے کی زود اثر غذا ہے۔ وجہ یہ کہ جو کے کاربوہائیڈریٹ کم گلائسیمک انڈکس رکھتے ہیں۔ مطلب یہ کہ دیگر کاربوہائیڈریٹ کی نسبت جو والے کاربوہائیڈریٹ خون کی شکر آہستہ آہستہ بلند کرتے ہیں۔ اس باعث انسان کو بھوک زیادہ نہیں لگتی اور اسے سیری کا احساس رہتا ہے۔ سو کم کھانے سے موٹاپا خود بخود ختم ہونے لگتا ہے۔

السی اور کولیسٹرول

یہ بیج اومیگا تھری فیٹی ایسڈز کا خزانہ ہیں۔ یہ مادہ جسمانی سوزش دور کرتا ہے اور شریانوں میں چربی کی گٹھلیاں نہیں بننے دیتا۔ مزید برآں یہ دو مادے لائی گینز اور حل پذیر ریشہ بھی رکھتے ہیں۔ یہ دونوں انسانی جسم میں برے کولیسٹرول (ایل ڈی ایل) کا خاتمہ کرتے ہیں۔ السی کے بیجوں کو کئی اعتبار سے استعمال کرنا ممکن ہے۔ مثلاً بسکٹوں یا کیک میں ڈالیے، ملک شیک کا حصہ بنایئے یا کھانوں پر چھڑک کر کھایئے۔

یاد رہے! ہمارے بدن میں ایل ڈی ایل کی مقدار 100 فیصد سے کم ہونی چاہیے۔

گوبھی..... کینسر سے حفاظت

یہ ایک مشہور سبزی ہے جسے پکا کر یا کچا کھایا جاتا ہے۔ یہ کئی اہم فائٹو نیوٹرنٹ کی حامل ہے۔ یہ انسان دوست کیمیائی مادے سوزش کم کرتے ہیں۔ نیز ہمیں پھیپھڑوں، معدے اور دیگر اعضا کے سرطان سے بچاتے ہیں۔ یہ قدرتی کیمیائی مادے دراصل ان جینز کو بخوبی اپنا کام نہیں کرنے دیتے ہیں جو سرطانی رسولیاں پیدا کرتے ہیں۔ چناں چہ ان کا علاج سہل ہو جاتا ہے۔ سو سرطان سے محفوظ رہنے کی خاطر شاخ گوبھی بطور سلاد کھایئے یا سالن بنایئے۔

انگور اور جلد کی حفاظت

اس پھل کی کئی اقسام ہیں۔ مثلاً سبز، سرخ، سیاہ اور جامنی انگور۔ ان میں سرخ انگور سب سے زیادہ کیمیائی مادہ ریسورٹرول رکھتے ہیں۔ یہ کیمیائی مادہ جلد کو سوزش سے بچاتا ہے۔ سو وہ تروتازہ اور چمکدار رہتی ہے۔ مزید برآں ریسورٹرول ہمیں سورج کی شعاعوں سے بھی محفوظ رکھتا ہے۔ یاد رہے دھوپ کی زیادتی انسان کو جلد کے سرطان میں مبتلا کر سکتی ہے۔

چاکلیٹ ملا دودھ

انسان ورزش کرنے کے بعد عموماً تھکن اور گراوٹ کا شکار ہو جاتا ہے۔ اس وقت وہ ''انرجی ڈرنک'' پی کر کھوئی توانائی و چستی پانے کی سعی کرتا ہے۔ مگر انرجی ڈرنک سے کہیں بہتر چاکلیٹ ملا دودھ ہے۔ وجہ یہ ہے کہ یہ مشروب

کاربوہائیڈریٹ اور پروٹین کا بہترین امتزاج ہے۔ سو وہ انسان کو فوری توانائی فراہم کرتا ہے۔ مزید برآں تجربات سے عیاں ہو چکا کہ جو مرد و زن چاکلیٹ ملا دودھ نوش کریں، انھیں موٹاپا نہیں چمٹتا بلکہ زیادہ عضلات جنم لیتے ہیں۔ سو مجموعی طور پر ان کی جسمانی ہیئت جاذب نظر رہتی ہے۔

ادرک اور ہماری صحت

جدید طبی تحقیق سے ثابت ہو چکا ہے کہ ادرک درد دور کرنے والے کیمیائی مرکبات رکھتا ہے۔ ایک تجربے میں ڈنمارک کی اوڈینسی یونیورسٹی کے ڈاکٹر کرشنا سرپوستاوا نے تین ماہ تک ایسے مرد و زن کو ادرک کی تھوڑی سی مقدار روزانہ کھلائی، جن کے جسم درد، سوزش اور کھینچاؤ میں مبتلا تھے۔ سبھی نے درد و تکلیف سے نجات پالی۔ چناں چہ ادویہ کو خیرباد کہیے اور اس قدرتی غذا سے تعلق جوڑیے جو کسی قسم کے مضر اثرات بھی نہیں رکھتی۔

سخت پنیر..... مقوی ہاضمہ

یہ پنیر کی ایک قسم ہے جو دہی اور اس کے پانی کو بار بار نتھارنے سے بنائی جاتی ہے۔ سخت پنیر کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں تمام پنیروں سے زیادہ کیلشیم ملتا ہے۔ چناں چہ اس کا محض 50 گرام ٹکڑا 550 ملی گرام کیلشیم رکھتا ہے۔ سخت پنیر کی ایک اور خصوصیت اس کا ہاضم ہونا ہے۔ سو اگر آپ ہڈیوں کی بوسیدگی یا کمزوری کا شکار ہیں تو اسے باقاعدگی سے کھائیے۔ کھانا جلد ہضم کرنے کی اضافی خوبی بھی تندرستی بخشے گی۔

پالک..... آئرن کا خزانہ

انسان زیادہ کھانا کھانے لگے یا بڑھاپے میں قدم رکھے تو اس کے عضلات ڈھیلے ہو کر لٹک جاتے ہیں۔ اس خرابی پر پالک کھا کر قابو پائیے۔ وجہ یہ کہ یہ سبزی میگنیشیم کا خزانہ ہے۔ چناں چہ صرف ایک پلیٹ پالک کھانے سے انسان کو میگنیشیم کی روزانہ ضرورت کا 85 فیصد حصہ مل جاتا ہے۔ میگنیشیم انسانی جسم میں عضلات اور نسوں کی ہیئت معمول پر رکھتا ہے۔ نیز بلڈ پریشر اور خون میں شکر کی سطح بھی متوازن کرتا ہے۔ یاد رہے! پالک پکا کر کھائیے تبھی میگنیشیم جسم میں جذب ہوتا ہے۔ ابال کر کھانے سے زیادہ فائدہ نہیں ہوتا۔

سیب کھائیے..... کولیسٹرول بھگائیے

بچوں بڑوں کا یہ من پسند پھل پیکٹن نامی حل پذیر ریشہ رکھتا ہے۔ یہ ریشہ خون کی نالیوں میں کولیسٹرول نہیں جمنے دیتا اور یوں ہمیں امراض قلب سے محفوظ رکھتا ہے۔ نیز خلیوں کی دیواروں کو ''سیمنٹ'' فراہم کرتا ہے تاکہ وہ مضبوط رہیں۔ پیکٹن کی ایک اور خوبی ہاضمہ بخش ہونا ہے۔ نیز یہ جام جیلی کی تیاری میں بھی مستعمل ہے۔ یہ حل پذیر ریشہ سب سے زیادہ سیب میں ملتا ہے۔ مگر اسے حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ سیب چھلکوں سمیت کھایا جائے۔ بیشتر پیکٹن اور دیگر صحت بخش اجزا انہی چھلکوں میں ملتے ہیں۔

پھلیاں..... فولاد کا خزانہ

بعض اوقات انسان کو روزمرہ کام کاج کے دوران تھکن اور سستی کا احساس ہوتا ہے۔ یہ دراصل اس امر کی نشانی ہے کہ جسم میں فولاد کی کمی جنم لے چکی۔ یہ ایک اہم معدن ہے جو آکسیجن کو خون کے خلیوں سے باندھتا ہے۔ اگر انسانی بدن میں فولاد کی کمی ہو، انسان ارتکاز توجہ کھو بیٹھتا ہے۔ اس پر تھکن طاری رہتی ہے اور وہ اپنا درجہ حرارت منضبط نہیں کر پاتا۔ یہ معدن گوشت میں زیادہ ملتا ہے۔ تاہم گوشت نہ کھانے والے پھلیوں سے اسے حاصل کر سکتے ہیں۔ چنوں میں بھی وافر فولاد ملتا ہے۔

پیاز اور معدہ کا السر

دماغ، دل، جگر، گردے اور شکم (یا پیٹ) ہمارے بدن کے پانچ اہم ترین اعضا ہیں۔ سو ان میں کوئی خرابی جنم لے تو انسان پریشانی و گھبراہٹ کا شکار ہو جاتا ہے۔ امراض شکم دور کرنے میں پیاز مفید سبزی ثابت ہوئی ہے۔ دراصل ہمارے پیٹ میں رہائش پذیر ایک جرثومہ ''بیکٹر یکا ایچ پائیلوری'' السر، سوزش معدہ اور شکمی سرطان پیدا کرتا ہے۔ مگر پیاز کا باقاعدہ استعمال جرثومے کی افزائش روکتا اور اسے درج بالا بیماریاں پیدا نہیں کرنے دیتا۔

یہ یاد رہے! لہسن اور چائے بھی بیکٹر یکا ایچ پائیلوری کا راستہ روکتے ہیں۔ تاہم پیاز اور لہسن کو تیل میں تلا جائے تو وہ جرثومے کو روکنے کی صلاحیت کھو بیٹھتے ہیں۔

ہومیوپیتھک سوالات اور جوابات

ہومیو ڈاکٹر علی آفاق (لاہور)

ناک اور منہ کے چھالوں کیلئے

سوال میرے بچوں میں ایک مرض بہت زیادہ ہو گیا ہے۔ ناک اور منہ میں بکثرت چھالے بنتے ہیں۔ بچوں کو کوئی دوا مکمل شفاء بخشنے سے قاصر ہے۔ بار بار یہ مرض بہت تنگ کر رہا ہے۔ (اسامہ بن صابر)

جواب بچوں میں بعض دفعہ اور بڑوں میں یہ تکلیف بہت پریشان کن ہوتی ہے۔ بچوں کے حوالے سے ایک عام اور مفید دوا آپ کے بچوں کے لئے تجویز کر رہا ہوں۔ 5 قطرے ½ کپ پانی میں دن میں 3 مرتبہ ایک ہفتہ جاری رکھیں borax 30۔

رسولی کا علاج

سوال ڈاکٹر صاحب! میری کہنی کے اوپر والے حصے میں ایک سخت پھوڑے کی مانند ایک ابھار ہے۔ اس میں کوئی خاص درد نہیں ہے۔ یہ سخت ہے۔ کوئی سرخی نہیں ہے۔ کوئی اس کی وجہ سے بخار بھی نہیں ہے۔ (صفان)

جواب آپ کی کیفیت کو دیکھتے ہوئے آپ کی علامات کے مطابق کلکیر یا فلور 200 کی ایک خوراک روزانہ استعمال کریں۔ 15 دن کے بعد اپنی صورتحال سے آگاہ فرمائیں۔

دمہ، الرجی سے چھٹکارا

سوال ڈاکٹر صاحب! میرے 3 بچوں میں موسمی دمہ یا الرجی کی شکایت ہے۔ سانس مشکل سے لے پاتے ہیں۔ کوئی انگریزی دوا کھلانے اور پلانے سے وقتی افاقہ ہوتا ہے۔ کوئی مستقل ہومیوپیتھک علاج تجویز فرمائیں۔ (اسامہ راولپنڈی)

جواب آپ اپنے تینوں بچوں کو ڈلکامارا 200 کی ایک خوراک روزانہ صبح 5 قطرے ایک کپ پانی میں 15 دن استعمال کروائیں۔

ضدی بچے

سوال ڈاکٹر صاحب! میرا بچہ بہت ضدی ہے، جھگڑالو ہے، لڑائی میں بہت دل لگتا ہے، پریشان کرتا ہے۔ سنا ہے کہ ہومیوپیتھک میں اس طرح کے بچوں کا علاج ہے۔ (ماجد لاہور)

جواب سب سے پہلے اس کی نظر اتاریں۔ دوسرے نمبر پر اس کو کیموملا 30 کے 5 قطرے ایک کپ پانی روزانہ 3 مرتبہ 15 دن کیلئے استعمال کروائیں۔

حمل کی ابتدائی تکالیف کا شافی علاج

سوال ڈاکٹر صاحب! میری بیوی کی عمر 22 سال ہے۔ 3 ماہ کی حاملہ ہے۔ رنگ پیلا پھٹک ہے۔ کبھی پیٹ میں درد کی شکایت ہے اور کبھی سر درد کی، کبھی الٹیاں ہیں تو کبھی متلی محسوس ہوتی ہے۔ کبھی کہتی ہے کہ بھوک لگی ہے مگر دو چار لقموں سے بات آگے نہیں بڑھ پاتی۔ براہ کرم کوئی دوا تجویز فرما دیں۔ میں اس کا انگریزی علاج کروا کر پریشان ہو چکا ہوں۔ پیسہ پانی کی طرح بہہ رہا ہے۔ مگر شفاء دور تک نظر نہیں آ رہی ہے۔ (عمر خان لاہور)

جواب محترم عمر خان صاحب! آپ اپنی بیوی کا پھلوں اور سبزیوں کے ذریعے علاج کر سکتے ہیں۔ تازہ دودھ، دہی اور مکھن بھی مفید ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ کم از کم 7 دن اور زیادہ سے زیادہ 15 دن ایپی کاک 30 کے 5 قطرے فی خوراک صبح، دوپہر، شام ایک کپ پانی میں استعمال کروائیں۔ ان شاء اللہ شفاء ہو گی۔

ناف کے نیچے خارش اور پیٹھ پر زخم

سوال ڈاکٹر صاحب! مجھے ناف کے نیچے اور اسی طرح بالکل پیچھے خشک خارش کرنے اور ہر وقت کھجانے سے زخم بن گئے ہیں۔ اس کی وجہ سے میرا دمہ بھی بڑھ گیا ہے۔ اور وزن بھی بلاوجہ بڑھ رہا ہے۔ بہت پریشان ہوں۔ براہ کرم اچھی دوا تجویز فرما دیں۔ (شرجیل لاہور)

جواب شرجیل صاحب! آپ کے حالات سے واقفیت کی بناء پر سفلینم 1M کی ایک خوراک 5 قطرے ایک مرتبہ، ایک کپ میں لیں اور 15 دن کے بعد اطلاع کریں۔

آپ کے سوالات مطب العارف کے جوابات

مولانا سلیم اللہ ظفر

سوال محترم حکیم صاحب! میرے منہ سے بہت بدبو آتی ہے۔ میں نے بہت ادویات استعمال کی ہیں لیکن کوئی افاقہ نہیں ہو رہا۔ اچھے سے اچھے مختلف ٹوتھ پیسٹ بھی استعمال کیے ہیں مگر وقتی طور پر ان سے چند منٹ افاقہ رہتا ہے، پھر وہی مسئلہ شروع ہو جاتا ہے۔ براہ کرم کوئی اچھی سے دوائی یا اس کا بہتر حل بتائیں تاکہ میری یہ پریشانی دور ہو جائے۔

(محمد عمر، ملتان)

جواب پیارے بھائی! یہ مرض ہمارا اپنا ہی پیدا کردہ ہوتا ہے۔ ہم دانتوں کی صفائی میں بہت ہی تساہل اور غفلت سے کام لیتے ہیں۔ دانت صاف نہ کرنے کی وجہ سے مسوڑھوں میں سوزش اور ورم آجاتا ہے۔ جس کی وجہ سے مسوڑھوں میں سے شروع شروع میں خون اور بعد میں پیپ آنا شروع ہو جاتی ہے۔ دانتوں کے نچلے حصے مسوڑھوں کے گوشت سے خالی ہو کر ہلنا شروع ہو جاتے ہیں۔

کلی کرنے سے پیپ آمیز خون آنے لگتا ہے۔ منہ سے ہر وقت گٹر کی سی بدبو آنے لگتی ہے۔ لعاب اور تھوک وغیرہ میں خون کے ذرات شامل ہو کر حلق کے ذریعے غذا کی نالی سے ہوتے ہوئے معدہ اور آنتوں میں جا پہنچتے ہیں اور پھر آہستہ آہستہ دیگر بہت ساری موذی خطرناک امراض کا سبب بنتے ہیں۔

منہ سے بدبو آنے کا اصل سبب دانتوں کی صفائی نہ کرنا ہے۔ پھر اسی سے دانتوں کی ٹی بی، شدید قبض، بدہضمی، تبخیر، نامرد، پھیپھڑوں کی خرابی، ریاح کی کثرت، البلبہ کی خرابی، بواسیر، امراضِ جگر اور تمام امراضِ معدہ پیدا ہوتے ہیں۔ اس لیے سب سے پہلے تو دانتوں کی صفائی کی طرف خصوصی توجہ دینی چاہیے۔

۱۔ کیکر، شیشم، نیم، سکھ چین، زیتون وغیرہ کا مسواک بکثرت استعمال کریں۔ صبح شام اور کھانا کھانے کے بعد اور بالخصوص رات کو سونے سے پہلے تو ضرور کریں۔ ہمارے ہاں صبح اٹھنے کے بعد تو تقریباً ہر گھر اور ہر فرد کے ہاں برش مسواک کرنا ضروری سمجھا جاتا ہے۔ لیکن رات کو سونے سے پہلے نہیں جبکہ صبح سے کہیں زیادہ رات سونے سے پہلے دانتوں کو صاف کر کے سونا ضروری ہے۔ میں اس بات پر بہت حیران ہوتا ہوں کہ رات کو ہم منہ سے بدبو آنے کا پورا اہتمام اور تیاری کر کے سوتے ہیں۔ گویا کہ رات کو ہم منہ میں موجود غذائی ذرات وغیرہ سے یہ کہہ کر سوتے ہیں کہ آپ پوری توجہ، محنت، یکسوئی، لگن سے اپنا پورا کام دکھالیں۔ دانتوں کو، مسوڑھوں کو، معدہ وغیرہ کو تسلی بخش انداز میں خراب کر لیں اور بالفاظِ دیگر یوں کہہ رہے ہوتے ہیں کہ کسی قسم کی سستی اور لاپرواہی ہرگز نہیں ہونی چاہیے اور ان کو یہ بھی کہہ رہے ہوتے ہیں کہ دیکھ لو، صبح تک اپنا پورا کام دکھا لینا چونکہ صبح کو میں نے برش یا مسواک کی، لوگوں کی طرف سے بے عزتی ہونے کے ڈر سے عادت بنا رکھی ہے۔

محترم قارئین! بے شک صبح کا آغاز دانتوں کی صفائی سے کرنا ضروری ہے مگر رات کو بھی برش یا مسواک کر کے سونا از حد ضروری ہے۔ آپ ﷺ کی زندگی اور آپ ﷺ کا اُسوۂ حسنہ دیکھیں کہ آپ ﷺ مسواک بکثرت استعمال فرماتے تھے اور اس کی تلقین اور فضائل بھی بے شمار ارشاد فرمائے ہیں۔ تو محترم! اب آتے ہیں منہ سے بدبو دور کرنے کے علاج کی طرف تو آپ ان چیزوں پر پابندی فرمائیں، ان شاء اللہ آپ کا یہ مسئلہ اور آپ کی یہ سخت پریشانی ہمیشہ کیلئے دور ہو جائے گی۔

۱۔ رات سونے سے پہلے اور صبح اٹھنے کے بعد اور صبح، دوپہر، شام کھانا کھانے کے بعد مسواک کی عادت بنائیں۔

۲۔ چھوٹی الائچی یا سونف وغیرہ چبانے کی عادت بنائیں۔

۳۔ بدبودار، ثقیل، دیر ہاضم اور گرم چیزوں سے سخت اجتناب کریں۔ یہ نسخے بنا کر استعمال کر سکتے ہیں۔

نسخہ نمبر ۱: نوشادر، فلفل دراز، چھوٹی الائچی۔ تمام چیزیں ایک ایک تولہ لے کر سفوف بنالیں اور صبح شام کھانے کے بعد ایک ماشہ استعمال کریں۔

نسخہ نمبر ۲: جاوتری 5 گرام، دار چینی 20 گرام، تیز پات 25 گرام۔ یہ سفوف بنا کر رکھ لیں۔ صبح شام 5 گرام تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

نسخہ نمبر ۳: جالینوس کسی بھی اچھے دواخانے کی تیار کردہ صبح شام کھانے کے بعد یا کھانے سے پہلے آدھا چمچ تازہ پانی سے استعمال کریں۔ ان شاء اللہ آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

نوٹ: آپ کسی بھی جسمانی بیماری کا شکار ہیں اور اس کا تسلی بخش علاج چاہتے ہیں یا کسی بھی قسم کا طبی مشورہ چاہتے ہیں تو آپ بذریعہ خط و کتابت اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھ بھیجیں اور مطب العارف کی خدمات سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ آپ کے سوالات کے جوابات ملیں گے آپ کو بذریعہ ماہنامہ خزینہ روحانیات۔

خط و کتابت کا پتہ: مطب العارف، 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

گھریلو ٹوٹکے

انتخاب: ام فاتح

کھٹمل سے نجات

کھٹملوں سے نجات کے لیے نیلا تھوتھا، چونے کی قلعی میں ملا کر دیواروں اور سوراخوں میں بھر دیں۔

جارجٹ کا کپڑا نہ سکڑے

جارجٹ کا کپڑا دھونے سے قبل بانس پر لپیٹ دیں۔ کچھ دیر بعد اتار کر آڑے کپڑے پر استری کرلیں۔ کپڑا سکڑنے کا اندیشہ نہیں رہے گا۔

پرانے صابنوں سے نیا صابن تیار کرنا

صابن کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو آخر میں بچ جاتے ہیں، ان کو ایک لفافے میں جمع کرتی رہیں۔ جب کافی جمع ہوجائیں تو ایک پیالے میں ڈالیں اور تھوڑی سی گلیسرین ملا کر پیالے کو ابلتے پانی میں رکھیں حتیٰ کہ صابن کے ٹکڑے پگھل جائیں۔ اب اس آمیزے کو کسی سانچے میں ڈال کر جمالیں اور ایک نیا صابن تیار ہے۔ اس میں اپنی پسند کی کوئی خوشبو بھی شامل کرسکتی ہیں۔

دانت موتیوں کی طرح چمک اٹھیں

مکئی کے بھٹا کھا کر تکے کو پھینکنے کے بجائے اسے سکھا کر جلالیں۔ پھر اس کی راکھ میں تھوڑا نمک، ذرا سی پھٹکری ملائیں۔ پھر اسے پیس کر رکھ لیں اور رات کو سونے سے پہلے انگلی پر لگا کر کر دانت صاف کریں۔ منجن لگانے کے دس منٹ بعد کلی کریں۔ دانت موتیوں کی طرح چمک اٹھیں گے۔

کپڑوں پر تیل کے داغ

آپ کا سوٹ کاٹن کا ہو یا ریشمی، اگر تیل کا دھبہ لگ جائے تو دھبے پر کوئی بھی ٹیلکم پاؤڈر اچھی طرح چھڑک دیں اور کپڑے پر استری پھیریں۔ پاؤڈر تیل کے داغ کو جذب کرلے گا اور سوٹ دھونے پر تیل کا داغ جاتا رہے گا۔

سویٹر کو نیا بنائیں

سویٹر کو اپنے گھٹنے پر رکھیں اور ایک نئے یا استعمال شدہ ریزر سے اس کا شیو بنائیں لیکن اسے گیلا نہ کریں۔ تمام روئیں صاف ہوجائیں گے اور سویٹر نیا لگے گا۔

مچھر بھگائیں

نارنگی یا سنترے کے چھلکے خشک کرکے جلائیں اور دھواں گھر میں پھیلائیں۔ کمرے مہک اٹھیں گے اور مچھر بھاگ جائیں گے۔

ریشمی لباس کی چمک دوبالا

ریشمی لباس کی چمک کو بحال کرنے کے لیے اگر اس کو اس پانی سے دھویا جائے، جس میں آلو ابالے گئے ہوں تو ریشمی کپڑوں کی چمک دوبالا ہوجائے گی۔

چونے کی ترشی کم کریں

اگر پان میں چونا تیز ہوجائے تو ایک عدد لونگ پان کے ساتھ کھانے سے چونے کی ترشی کم ہوجائے گی۔

شیشے کے ٹکڑوں سے بچنا

اگر کوئی شیشے کا گلاس ٹوٹ جائے اور اس کے ٹکڑے زمین پر بکھر جائیں تو آٹے کا ایک گولہ بنائیں اور اس کو زمین پر گھمائیے۔ سب ٹکڑے اس میں چپک جائیں گے اور شیشے کے ٹکڑے پیروں میں نہیں چبھیں گے۔

گریس کے داغ

اس جگہ پر پینٹ کا تھنر ملیں اور ہاتھ داغ پر باہر کی طرف سے درمیان کی طرف چلائیں۔ اس کے بعد کپڑے پر داغ کا حصہ کسی پاؤڈر صابن ملے گرم پانی سے دھولیں۔

غریب اور مفلس افراد کیلئے مفت خدمات goo.gl/GE0EQP

قسط:۳۰

مسلمان کو کیسا ہونا چاہیے؟

40۔ مسلمان جانتا ہے کہ کوئی چیز شاید اس کو بری لگے مگر اس کے حق میں بھلی ہو اور عجب کہ ایک چیز اس کو بھلی لگے اور وہ اس کے لیے مضر ہو اور خدا ہی بہتر جانتا ہے وہ نہیں جانتا۔ اس لیے وہ (بے چون وچرا) اللہ کے احکام مانتا ہے۔ 2/216

41۔ مسلمان جانتا ہے کہ اللہ نے فرمایا ''اور یہ بھی تم سے پوچھتے ہیں کہ (خدا کی راہ میں) کون سا مال خرچ کریں۔ کہہ دو جو ضرورت سے زیادہ ہو۔ اس طرح اللہ اپنے احکام کو کھول کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ تم سوچو''۔ 2/219

42۔ مسلمان اللہ کو اپنی قسموں کے ذریعے نیکی کرنے، تقویٰ کرنے اور لوگوں کے مابین صلح کرانے میں رکاوٹ نہیں بناتا۔ 2/224

43۔ مسلمان اللہ کی حدود میں رہتا ہے اور ان سے آگے بڑھ کر ظالم نہیں بنتا۔ 2/229

44۔ مسلمان کبھی بھی اللہ کی آیتوں کو ہنسی مذاق نہیں بناتا۔ 2/231

45۔ مسلمان ازدواجی تعلقات میں بھی ہمیشہ مہربانی کرتا ہے۔ 2/237

46۔ مسلمان اللہ کی اطاعت میں کھڑا رہتا ہے۔ اپنی نمازوں اور وسطی نماز (عصر) کی حفاظت کرتا ہے۔ 2/238

47۔ مسلمان جانتا ہے کہ اللہ نے اپنے احکامات اس پر واضح کر دیئے ہیں تاکہ اسے عقل آئے۔ 2/242

48۔ مسلمان جانتا ہے کہ اللہ ہی رزق کو روکتا اور پھیلاتا ہے اور اسے اسی کی طرف ہی لوٹ کر جانا ہے، اس لئے وہ اللہ کو قرض حسنہ دیتا رہتا ہے۔ 2/245

49۔ مسلمان جانتا ہے کہ اللہ کے دین کے نازل ہونے سے راست روی، کج روی سے الگ ہو چکی ہے اور اسے دین کے معاملے میں کوئی مجبوری نہیں، اسی لئے شیطان سرکش کا انکار کر کے اور اللہ پر ایمان لا کر اس نے ایک مضبوط دستے کو تھام لیا ہے جو ٹوٹ نہیں سکتا۔ 2/256

50۔ مسلمان اس رزق سے جو اللہ نے اسے عطا کیا ہے خرچ کرتا ہے۔ اس سے پہلے کہ وہ دن آجائے جس میں نہ خرید وفروخت ہوگی، نہ دوستی، نہ سفارش اور انکار کرنے والے ہی ظالم ٹھہریں گے۔ 2/254

51۔ مسلمان اللہ کی راہ میں مال خرچ کرتا ہے تو کبھی احسان نہیں جتاتا اور نہ دکھ پہنچاتا ہے۔ 2/262

52۔ مسلمان کسی کی مدد نہ کر سکے تو معقول بات کہہ کر معافی مانگ لیتا ہے اور اپنا مال دکھاوے کے لیے خرچ نہیں کرتا، وہ کبھی احسان جتا کر دکھ نہیں دیتا۔ 2/264

53۔ مسلمان ہمیشہ اپنی اچھی چیزوں میں سے اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہے۔ 2/267

54۔ مسلمان شیطان کے کہنے پر مفلسی سے نہیں ڈرتا اور نہ کوئی قدم بے حیائی کی طرف اٹھاتا ہے جس کی تلقین شیطان کرتا ہے بلکہ وہ اللہ کے بخشش اور مہربانی کے وعدے پر یقین رکھتا ہے۔ 2/268

55۔ مسلمان کوشش کرتا ہے کہ بظاہر اور چھپا کر اپنے صدقات مفلسوں کو دے تاکہ اللہ اس سے اس کی بدحالیاں دور کر دے۔ 2/271

56۔ مسلمان کبھی سود نہیں کھاتا۔ وہ جانتا ہے کہ اگر اس نے ایسا کیا تو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف سے اس کے ساتھ جنگ کا اعلان ہوگا۔ 2/279

57۔ مسلمان جانتا ہے کہ اللہ کریم فرماتے ہیں کہ قرض کا لین دین ہو تو لکھ لیا کرو۔ اگر اس پر اعتماد کیا جائے تو وہ اپنی امانت ادا کرتا ہے اور کبھی گواہی کو چھپاتا نہیں۔ 2/283

58۔ مسلمان جانتا ہے کہ لوگوں کے لئے عورتوں، بیٹوں، سونے چاندی کے بڑے بڑے ڈھیروں، نشان لگے ہوئے گھوڑوں، مویشیوں اور کھیتوں کی خواہشات کی محبت خوش نما بنا گئی ہے۔ اس لئے مسلمان سمجھتا ہے کہ یہ دنیا کی زندگی کا سامان ہے اور عمدہ ٹھکانہ اللہ ہی کے پاس ہے۔ 3/14

(جاری ہے)

دینی مدارس کے طلباء اور طالبات کیلئے مفت خدمات goo.gl/gwAbNs

جولائی 2017ء کے خاص اوقات

اہم نظرات سیارگان

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
شمس تربیع مشتری	05-07-17 04:26	06-07-17 07:44	07-07-17 11:07
عطارد تسدیس زہرہ	06-07-17 08:42	07-07-17 18:19	09-07-17 06:37
عطارد تسدیس مشتری	14-07-17 09:20	15-07-17 01:46	15-07-17 18:29
زہرہ تربیع مشتری	18-07-17 01:42	19-07-17 01:09	20-07-17 00:37
عطارد تربیع زحل	19-07-17 07:37	20-07-17 00:17	20-07-17 17:14
زہرہ مقابلہ زحل	23-07-17 23:43	24-07-17 19:54	25-07-17 16:06
شمس قران مریخ	24-07-17 00:52	27-07-17 05:57	30-07-17 10:42

شرف سیارگان

شرف سیارگان	ابتداء	خاتمہ
اوج شمس	11-07-17 07:34:12	12-07-17 08:44:20
هبوط مریخ	16-07-17 01:56:11	17-07-17 15:03:24
اوج زہرہ	23-07-17 23:29:40	24-07-17 20:32:12

حالت قمر

	تاریخ داخلہ	وقت داخلہ	تاریخ خروج	وقت خروج
قمر در عقرب	02 جولائی	21:59	05 جولائی	10:07
	30 جولائی	05:22	01 اگست	17:01
هبوط قمر	03 جولائی	01:56	03 جولائی	04:50
	30 جولائی	09:17	30 جولائی	13:05
قمر در ثور	17 جولائی	10:04	19 جولائی	12:31
شرف قمر	17 جولائی	13:30	17 جولائی	18:13

بقیہ : دلہن غائب

اور مطلوب ان کے حوالہ کیا اور کہا کہ جناب مولانا صاحب سے ہمارا سلام کہہ کر گزارش کرنا کہ ہمارے عملہ میں ایک شخص پاچی نے ایسی حرکت کی کہ پاداش ایسے کردار بیہودہ کا نہایت سختی سے کر دیا گیا چونکہ یہ خطا ہم سے بذاتہٖ سرزد نہیں ہوئی اور گنہگار اپنی سزائے کردار باحسن الوجوہ پا چکا لہٰذا امیدوار ہیں کہ یہ خطا ہماری معاف فرمائی جاوے گی، پس اس قدر کلام کر کے وہ صاحب جو اس دروازے سے تشریف لائے تھے، اسی راہ سے واپس چلے گئے، بعد تھوڑے عرصہ کے وہی اسی حیثیت سے باہر آیا اور جس طرح پر کہ زمین کو شگاف دیا تھا بند کر کے جانب دہلی رخ کیا اور یہ سوار بھی اس کے جلو میں چلے، وہ آگے آگے یہ لوگ معہ عروس پیچھے پیچھے دہلی آ پہنچے اور خدمت بابرکت جناب شاہ صاحب میں حاضر ہو کر بعد ادائے شکریہ اور حصول اجازت کے برات سے جو اس جنگل میں تباہ پڑی تھی آ ملے اور سب حال از ابتداء تا انتہا بیان کیا، سب کو حیرت ہوئی اور جناب شاہ صاحب کے معتقد ہو کر وقتاً فوقتاً مرید ہوئے۔

الرجی نِل

جلدی الرجی کی تمام اقسام میں بے حد مفید

پیکنگ: 20 گولیاں

قیمت: 200 روپے

الرجی نل چند قیمتی جڑی بوٹیوں کا ایک خاص مرکب ہے جو کہ حیرت انگیز اثرات کا حامل ہے۔

۞ خون کی صفائی کے لئے بہترین چیز ہے ۞ جلن اور خارش ختم ہو جاتی ہے ۞ چھپاکی کے لئے موثر دوا ہے ۞ خون کی بڑھی ہوئی حدت (گرمی) کو فوری طور پر دور کرتی ہے ۞ فساد خون سے پیدا ہونے والی بیماریوں مثلاً خارش، دھدر، پھوڑے پھنسی میں بہت مفید ہے ۞ گھبراہٹ اور جسم میں سوئیاں سی چبھنے کی کیفیت کو فوراً آرام پہنچاتی ہے۔

مضر اثرات: مقررہ مجوزہ مقدار خوراک کے مطابق استعمال کرنے سے "**الرجی نل**" کے کسی قسم کے مضر اثرات تجربہ میں نہیں آئے۔

یہ تمام دوائیں حاصل کرنے کیلئے اور ہر قسم کے علاج کے لئے درج ذیل مقام پر تشریف لائیں، خط لکھیں یا فون کریں۔

جستجو اتحاد معیار پختگی

جام صحت 1939

165 حبیب پارک، چونگی ملتان روڈ، لاہور۔

فون 042-37846298

موبائل 0300-4112043

ای میل hafizabrarqamar@gmail.com

روحانی نمک برائے پیٹ درد

قیمت: 60 روپے

اس نمک کے استعمال سے ہر وقت رہنے والا پیٹ درد ختم ہو جاتا ہے۔ اس نمک کے استعمال سے اچانک ہونے والا پیٹ درد کا مرض ختم ہو جاتا ہے۔ اس نمک کے استعمال سے بچوں کے پیٹ درد کی شکایات ختم ہو جاتی ہے۔ اس نمک کے استعمال سے کھانا کھانے کے فوراً بعد ہونے والا پیٹ درد بھی ختم ہو جاتا ہے۔ اس نمک کے استعمال سے سبھی گھر والوں کے پیٹ میں رہنے والا درد ختم ہو جاتا ہے۔ اس نمک کے استعمال سے پیٹ درد ہونے کی تمام وجوہات ختم ہو جاتی ہے۔ اس نمک کا حفظ ماتقدم کے طور پر ہر گھر اور ہر کچن میں ہونا ضروری ہے۔ یہ روحانی نمک بطور خاص پیٹ درد کیلئے خاص روحانی کلام سے تیار کیا جاتا ہے۔ جو حضرات وخواتین لینا چاہیں، وہ رابطہ فرمائیں۔

روحانی دکان 0334-4312272, 042-35410586

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

حاضری کی خاص بتی

مریض کو تنگ کرنے والے جن کو فوری حاضر کرنے والی خاص بتی، مریض کو تنگ کرنے والے آسیب کو فوری حاضر کرنے والی خاص بتی، مریض کو تنگ کرنے والی غیر مسلط شدہ چیز کو فوری حاضر کرنے والی خاص بتی، مریض کو تنگ کرنے والے بڑے سے بڑے جن کو بے بس کر کے حاضر کرنے والی خاص بتی، مریض کو تنگ کرنے والی ہر قسم کی شیطانی مخلوق کو فوری حاضری کرنے والی خاص بتی، مریض کو تنگ کرنے والی بڑی سے بڑی پرچھائی سے حاضر نہ ہونے والی چیز کو فوری حاضر کرنے والی خاص بتی، مریض کو تنگ کرنے والی مخلوق جو بڑی مشکل سے حاضر ہوتی ہو اس کو آسانی سے حاضر کرنے والی خاص بتی، مریض کو تنگ کرنے والی مخلوق جو کسی صورت میں بھی حاضر ہونے کا نام نہ لیتی ہو اس کو حاضر کرنے والی خاص بتی، مریض کے جسم میں ہر طرح کی حاضری کو آسان، ممکن اور کامیاب بنانے والی خاص بتی۔ عاملین حضرات کے لیے خاص تحفہ۔ صرف اسی مریض پر استعمال کریں، جس پر پہلے حاضری ہو چکی ہو۔

قیمت: 4 روپے فی عدد

روحانی دکان 0334-4312272, 042-35410586

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

معروف روحانی سکالر علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری صاحب کی اب تک شائع ہونے والی کتب کی تفصیل

نمبر شمار	نام کتاب	موضوع کتاب	قیمت
1	رد سحر حصہ اول (نیا اضافہ شدہ ایڈیشن)	سحر، جادو، ٹونہ، عمل، کالے علم اور تعویذات کے بداثرات کو ختم کرنے کے مستند طریقہ عملیات پر مبنی لاثانی تصنیف	350
2	رد سحر حصہ دوم	جادو ٹونہ، کالے علم، سفلی اعمال، بندش کی چوکی اور گنڈ اعمال کے بداثرات کو جڑ سے ختم کر دینے والے قوی الاثر اعمال پر انمول تصنیف	125
3	رد سحر حصہ سوم	برسوں کے لاعلاج مسحور و متاثر افراد کے لیے اک مژدہ جانفزا، رد سحر کے مجرب و مستند ترین نقوش پر مشتمل لاثانی تصنیف۔ کالے علم، جادو ٹونہ، سفلی اعمال کی چیرہ دستیوں اور ستم ظریفیوں نیز گنڈ اعمال کے بداثرات کو جڑ سے ختم کرنے کے لیے اک ضرب کلیمی	250
4	آسیبی قوتوں سے نجات	ارواح خبیثہ، جنات، بھوت پریت کی شرانگیزیوں سے تحفظ اور تمام تر آسیبی امراض کے شافی و کافی علاج پر لاجواب و بے مثال شہرہ آفاق تصنیف	100
5	چھومنتر (نیا اضافہ شدہ ایڈیشن)	سیدھے سبھاؤ نظر انداز ہونے والے منتروں کے سربستہ رازوں کا انکشاف۔ محبوب و مطلوب کو مسخر و دیوانہ بنانے اور موہ لینے کے صدری گر جو چھومنتر میں ہی آپ کو مل سکیں گے	300
6	فیضان القرآن	تسخیر خلائق، فتوحات، شفاء الامراض، قضائے حاجات، تسخیر ارواح، حل المشکلات، غلبہ بر دشمنان، عزت و توقیر، ترقی روزگار اور کامیابی و کامرانی کے مجرب قرآنی اعمال و نقوش پر لاجواب و شہرہ آفاق تصنیف	300
7	مصباح الارواح	اشارات و نگارات، حاضرات الارواح، تسخیر موکلات و جنات، مملکۃ الجنات و شاہ جنات، تسخیر پریاں، شیاطین، تسخیرات ارواح خبیثہ سفلیہ، تسخیر ملوک سبعہ اور ان کی عفریت و ذریت کے مستند اعمال پر لاجواب و شہرہ آفاق لاثانی تصنیف	200
8	روحانی خطوط	عاملین و کاملین اور نامور علماء کرام کے خاص الخاص عملیات و تعویذات اور مجربات کا گلدستہ جو انہوں نے اپنے خاص احباب کو بذریعہ خط عطا فرمایا	225
9	نفس لوح مخطوط	حروف مقطعات قرآنی، عالمانہ، صوفیانہ، محققانہ شرح و تشریح، تفسیر و معانی اور حروف قرآنی سے متعلقہ زکوٰۃ کے مستند طریق، شرف کواکب اور شعبہ ہائے زندگی کے مسائل کے حل سے متعلق مختلف اعمال و نقوش و تعویذات اور علم لدنی کے مخفی رازوں پر مشتمل بے مثال و لاجواب تصنیف	300
10	فیضان الحروف	حروف ابجد سے کام لینے کے سری قوانین، حروف کی حقیقت، تاثیر، خواص و اعمال، قوت جاذبہ، روحانیات اور طلسمات، اعمال و نقوش اور ارواح پر مبنی لاثانی و انمول تصنیف	350
11	ریکی ہیلنگ کورس	کائناتی شفاء "ریکی" متبادل طریقہ علاج "جو جسمانی، روحانی، ذہنی اور نفسیاتی امراض کے لیے پوری دنیا میں جاری و ساری ہے۔ ریکی ہیلنگ پر اردو میں پہلی بے مثال لاثانی تصنیف	200
12	ہیرانارمل علوم کا خلاصہ	ہپناٹزم، یوگا، کلر تھراپی، اروما تھراپی، میگنٹ تھراپی، مائنڈ پاور، ری پاور، این ایل پی اور دیگر ماورائی علوم پر مستند تحقیقی مضامین پہلی اردو میں پہلی تصنیف	250
13	معراج معرفت	طالب حق حقیقی، سلوک و معرفت، طالب مولیٰ اور راہ فقر کے مسافر اور راہ طریقت پر گامزن ہونے والے مبتدی حضرات کے لیے مشعل راہ، منفرد، بے مثال و کامل کا درجہ رکھنے والی لاثانی تصنیف لطیف	200
14	شاہراہ طریقت	اکابر اولیاء کرام کی تعلیمات پر مبنی بصیرت افروز مرقع، مرشدان طریقت کے لیے بے مثال کا درجہ رکھنے والی تصنیف	250
15	جہان تصوف	تصوف کی دنیا میں ایک گراں قدر اضافہ جسے رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا۔ تصوف کے انمول موتیوں کا ایک خوبصورت گلدستہ جس کی خوشبو ہر صوفی و سالک کی روح کو معطر کرتی ہے	300
16	کلید رموز مخفی	زمانہ قدیم کی عبرانی، سریانی اور عربی نایاب دعوات مشاہ دعوت بربیہ، دعوت خلیلیہ، دعوت خلفۃ الصفا، دعوت قسم، صور، دعائے قریشیہ، دعائے شیخ، دعائے عجیب الاثر، حاضری مطلوب اور تسخیر مطلوب کے اعمال، دعائے مجیبہ اور دعوت صمدیہ کی تشریح شرح و وضاحت اور ان کے نایاب ترین اعمال۔ ارسال ماتف اور تسخیر ارواح کے صدری اعمال اور طلسمات، ابن عربی و ابن سینا، پر مبنی ایک ایسی تحقیق جسے آنے والی کئی صدیوں تک یاد رکھا جائے گا۔ روحانی علوم و فنون کے وہ مخفی خزینے جن کی متلاشیان روحانیت کو برسوں سے تلاش تھی۔	500
17	مکاشفات اسرار	علوم مصریہ، بابلیہ، یونانیہ اور عربیہ کے تناظر میں اسرار الحروف، الواح، الجواہر، علم الاوفاق، جفر الآثار اور ریاضات و دعوات پر مبنی جامع القواعد نادر کتاب (مصنف: فقیر غلام رسول عالمی نقشبندی، لاڑکانہ)	360
	مکمل سیٹ 17 کتب		4360

بذریعہ ڈاک کتب منگوانے پر ڈاک خرچ الگ ہے

خیر اندیش

علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری

ادارہ فیضان روحانیات پاکستان، اسلام نگر جویلی لکھا ضلع اوکاڑہ پنجاب

0333-6974734, 0300-4967412

دارالعمل چشتیہ (لاہور) کے مجرب اعمال

سات سلام راوی چہل کاف کا عمل

ہر قسم کے جادو اور جنات کا علاج کرنے کا بہت مجرب عمل ہے۔ اس کے عامل پر آسانی سے جادو اور جنات اثر انداز نہیں ہوتے۔ اجازت ملتے ہی جنات کی ایک بڑی جماعت غائبانہ طور پر تعاون شروع کر دیتی ہے، جس کا اجازت لینے والے ہزاروں افراد کا تجربہ ہے۔ اجازت کے ساتھ دوسرے کئی اعمال کی بھی اجازت دی جاتی ہے تاکہ عامل کو کوئی کمی نہ رہے جیسے جسمانی بیماریوں کا روحانی علاج، حب و بغض و زبان بندی و دشمن سے متعلق اعمال، روحانی تشخیص کے مجرب اعمال، جنات کو جلانے کے اعمال، مکان سے ہر قسم کا جادو اور جنات کا اثر نکال کر اس کو کیل کرنے کا طریقہ۔ جادو کو واپس کرنا، فراخی کاروبار اور دیگر مقاصد کے کئی اعمال۔ **ہدیہ: 5100 روپے**

امنت باللہ کا عمل

● اس عمل کی اجازت کے بعد جنات اور جادو کے علاج میں غائبانہ جنات کی ایک جماعت عامل کے ساتھ تعاون کرتی ہے ● جنات کو بوتل میں بند کرنا، جنات کو بذریعہ جنات جیل میں قید کروانا، حب، جدائی، شادی، ہر قسم کی بیماریوں کا روحانی علاج، گھر کی ہر قسم کے جنات و جادو سے حفاظت، چوری شدہ سامان کی اطلاع و واپسی اور دیگر مقاصد کے کئی اعمال۔ **ہدیہ: 6100 روپے**

ہانڈی کا خاص عمل

◆ ہانڈی کا عمل سخت سے سخت جادو اور جنات کے علاج میں استعمال کیا جاتا ہے ◆ جس طرح جسمانی علاج میں بڑے علاج ہوتے ہیں، اسی طرح یہ بھی روحانی علاج میں ایک بڑا علاج ہے۔ اس کو عام استعمال نہیں کرنا چاہئے ◆ جگہ اور مریض پر سے بحکم رب العالمین، ہر قسم کے جادو اور جنات کا اثر ختم ہو جاتا ہے ◆ نیز لاعلاج بیماریوں کے لئے بھی انتہائی مجرب عمل ہے۔ **ہدیہ: 10500/5500 روپے**

خزینہ مجربات

■ بکری کے صدقہ کا خاص عمل جس کو کرنے سے جس کام یا مریض کے علاج میں رکاوٹ آ رہی ہو، اس میں بہت آسانی ہو جاتی ہے۔ نیز بڑے سے بڑے جنات و جادو کے علاج میں صدقہ کا عمل کرنے سے عامل اور مریض، دونوں رجعت سے محفوظ رہتے ہیں ■ سوئیوں والا خاص عمل جس کو کرنے سے ہر قسم کا بخار، ٹی بی، ٹائی فائیڈ وغیرہ ختم ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹرز حیران رہ جاتے ہیں ■ مختلف جسمانی بیماریوں کے روحانی علاج ■ جب ڈاکٹرز آپریشن کا کہہ دیں تو بغیر آپریشن ولادت کا خاص عمل ■ مقدمہ جیتنے کا مجرب عمل ■ نکاح و حب کے اعمال کے ساتھ اور بھی کئی مقاصد کے اعمال۔ **ہدیہ: 5100 روپے**

حزب البحر

◄ ولی کامل شیخ ابوالحسن شاذلی نور اللہ مرقدہٗ پر الہام ہوئی مجرب دعا جو ایک عرصہ سے اولیائے کرام، علمائے کرام اور عاملین کے معمولات میں شامل ہے۔ اس دعا کے پڑھنے کے بے شمار فوائد ہیں۔ خاص کر "رزق میں فراخی" ہونا شروع ہو جاتی ہے ◄ حزب البحر کے مختلف مقاصد کے لئے مختلف اعمال تاکہ ہر کوئی صحیح طریقے پر فائدہ اٹھا سکے ◄ زکوٰۃ صغیر و کبیر دونوں اعمال کی زکوٰۃ خاص دنوں میں نکلوائی جاتی ہے۔ اجازت سے ایک خاص تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔

حزب البحر کے علاوہ تمام اعمال نقد صدقے کے ساتھ مشروط ہیں۔ نقد صدقہ ادا کر کے درج بالا اعمال کی اجازت لی جا سکتی ہے۔

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان
ruhanidarsgah
خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570
فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0320-4661681 (صبح 10 سے شام 5 بجے، علاوہ جمعہ)
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com ruhanidarsgah.wordpress.com
ruhanidarsgah.blogspot.com ruhanidarsgah +ruhanidarsgah97 darulamalchishtia

ادارے کی شائع کردہ کتب کی تفصیل goo.gl/FCnqkA

حافظے میں حیرت انگیز اضافہ کیجئے

حکیم الامت مجدد ملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہٗ کا تحریر کردہ "سورۃ یٰسین" کا خاص عمل۔ صرف سات دن کے استعمال سے حافظے میں اضافہ ہوگا (ان شاء اللہ تعالیٰ)۔ خصوصاً طلباء، مناظر، اساتذہ اور کثرت سے دماغی کام کرنے والوں کے لئے بہت مفید ہے۔

ایک کورس سات دن پر مشتمل ہے۔ ضرورت کے تحت ایک سے زائد کورس استعمال کرنے پڑ سکتے ہیں۔

ھدیہ فی کورس: 2000 روپے

روحانی دکان 0334-4312272, 042-35410586

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

کوپن برائے بغیر فیس اعمال
جولائی 2017ء

نام _____ والد _____

والدہ _____ مکمل پتہ _____

_____

موبائل نمبر _____

Email (اگر ہو) _____

مطلوبہ اعمال _____

نوٹ رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جا سکتی ہے۔ مزید شرائط و تفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

فون: 042-35410586 0320-4661681

خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ سے رابطے کی تفصیل

موبائل 0341-4308286, 0347-4435861

روحانی درسگاہ: 0323-4435861

روحانی درسگاہ ای میل: spiritualist77@gmail.com

نوٹ: روحانی درسگاہ کے بارے میں بنیادی معلومات کے لیے دفتر رابطہ فرمائیں۔ جو شاگرد بن چکے ہیں، وہ کسی عمل کے بارے میں رہنمائی چاہتے ہوں تو ناظم یا نائب ناظم سے رابطہ فرمائیں۔ اگر پھر بھی تسلی نہ ہو تو پھر سرپرست جناب خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ سے رابطہ فرمائیں۔

روحانی علاج گاہ: 0323-4435861

روحانی علاج گاہ ای میل: spiritualist77@gmail.com

نوٹ: بنیادی/معمولی روحانی علاج کے لیے دفتر رابطہ فرمائیں۔ سخت جادو یا روحانی پریشانی کی صورت میں اگر بڑا عمل/علاج کروانا ہو تو ناظم یا نائب ناظم سے رابطہ فرمائیں۔ اگر پھر بھی تسلی نہ ہو تو پھر سرپرست جناب خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ سے رابطہ فرمائیں۔

ماہنامہ خزینۂ روحانیات: 0333-4308286

ماہنامہ خزینۂ روحانیات ای میل: khalidmaqbool1977@gmail.com

فون کے اوقات: دوپہر 2 بجے سے شام 4 بجے (تعطیل بروز جمعہ و اتوار)

اوقات ملاقات: شام 4 بجے سے رات 8 بجے تک (صرف بروز اتوار)

•• بعض اوقات فون خالد صاحب کے P.A. اٹھاتے ہیں۔ ان کو اپنا پیغام نوٹ کروا دیں۔

•• فون پر رابطہ نہ ہونے کی صورت میں SMS یا آڈیو پیغام ارسال کر سکتے ہیں۔

•• برائے مہربانی درج اوقات کے علاوہ فون کرنے کی زحمت نہ کریں۔

•• روحانی درسگاہ اور روحانی علاج گاہ میں پہلے دفتر/ناظمین شعبہ کو فون کریں۔ معاملہ حل نہ ہونے پر خالد صاحب سے رابطہ کریں۔

•• ملاقات کے لیے اتوار کے علاوہ ہرگز تشریف نہ لائیں۔

APRIL 2011


خوشخبری جنات نمبر ڈوسیٹ

جنات کے موضوع پر بیش بہا معلومات اور منفرد اعمال کا خزانہ

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا پہلا خاص نمبر "جنات نمبر" آج ہی طلب فرمائیں

رسالہ عوام وخواص.....سب کے لئے.....یکساں مفید

قیمت 100 روپے



- جنات کے متاثرہ مریضوں کے علاج کے لئے بزرگانِ دین کے مجربات
- جنات کے متاثرہ مریضوں کے علاج کے لئے عاملین کاملین کے مجربات
بڑے حضرتؒ کے قدموں میں حاضری دے کر حضرتؒ کے ساتھ ہی محو آرام آپؒ کے خلیفہ حضرت اقدس ولیٔ کامل حضرت مولانا الحاج حافظ عبدالوحید صاحب قادری رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ اور سلطان الاولیاء عارف باللہ مخدوم العلماء جامع شریعت و طریقت حضرت اقدس مولانا الحاج شاہ عبدالجلیل صاحب قادری رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ کے پاس حاضری دینے کے بعد خانقاہ قادریہ کے متولی و جانشین و خلیفہ و ابن سلطان الاولیاء حضرت شاہ عبدالجلیل قادری رحمۃ اللہ علیہ و خلیفہ حضرت اقدس حضرت سید نفیس الحسینی شاہ رحمۃ اللہ علیہ، میری مراد و منعمِ حقیقی اسلاف بقیۃ السلف ولیٔ کامل حضرت مولانا صاحبزادہ قاری احمد سعید صاحب رائے پوری دامت برکاتہم کی خدمتِ اقدس میں حاضری کا بھی اتفاق ہوا۔ انتہائی سادہ طبیعت کے مالک، حضرت سادہ کپڑوں میں ملبوس، سادہ کپڑے کی ٹوپی زیب تن فرمائے، سادہ سی چٹائی پر، سادہ سی خانقاہ میں، نہایت ہی سادگی کے ساتھ آنے والے مریدین کو وعظ و نصیحت فرما رہے تھے۔ اذانِ ظہر ہونا شروع ہوگئی۔ حضرت کے ساتھ مصافحہ کرنے کے بعد حضرت کے ساتھ ہی نمازِ ظہر کی ادائیگی کیلئے مسجد میں حاضری ہوئی۔ نمازِ ظہر کی ادائیگی کے بعد دوبارہ حضرت کے ساتھ خانقاہ شریف میں جانا ہوا۔ حضرت سے خصوصی دعاؤں اور خصوصی نصیحت کیلئے عرض کیا گیا تو حضرت نے فرمایا کہ ”ہر مسئلے، ہر پریشانی کا حل استغفار ہے۔ اگر آپ عزت چاہتے ہیں تو استغفار کی کثرت کریں۔ کامیابی چاہتے ہیں تو استغفار کی کثرت کریں۔ خود بھی اس پر عمل کریں۔ اپنے پاس آنے والوں کو بھی کثرت استغفار کی تلقین کیا کریں۔ عاملین کو چاہیے کہ وہ غلط ناجائز کام کبھی بھی نہ کریں، خواہ کتنی ہی مجبوری کیوں نہ بن جائے۔“

استاذِ محترم نے حضرت والا مدظلہٗ سے مختلف پریشانیوں اور مصیبتوں سے نجات کے لیے عوام کے لیے کچھ ارشاد فرمانے کو کہا تو حضرت والا نے ارشاد فرمایا کہ ”اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ یاحی یاقیوم بحق لا الہ الا انت سبحنك انی کنت من

الظالمین پڑھنے کو فرمایا۔'' نیز فرمایا کہ ''جب تک مقصد پورا نہ ہو، وظیفہ پڑھتے رہیں۔''

آخر میں حضرت نے ایک بہت ہی نصیحت آموز واقعہ سنایا۔ فرمانے لگے کہ حضرت والد صاحبؒ کے پاس ان کے ایک چاہنے والے عقیدت مند ایک جادوگر کو اس کی اصلاح کی نیت سے لائے۔ حضرتؒ کے پاس آنے کے بعد عرض کرنے لگے کہ ''حضرت! یہ جادو کرتا ہے۔ اس کو سمجھائیں کہ یہ جادو کرنا چھوڑ دے۔'' تو حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ''بھائی! جادو چھوڑ دو۔ یہ غلط کام ہے۔'' اس نے بجائے حضرتؒ کی بات ماننے کے، صاف انکار کر دیا کہ ''میں نہیں چھوڑ سکتا۔'' حضرتؒ نے تھوڑی دیر خاموش رہنے کے بعد فرمایا کہ ''بھئی، چھوڑنے میں ہی خیر ہے لیکن اگر تم نہیں چھوڑتے تو تمہاری مرضی ہے۔'' حضرتؒ کی ملاقات کے بعد جب وہ واپس گیا اور رات کو اپنی کالے علم کی خاص پڑھائی پر بیٹھا تو غائب سے ایک زبردست تھپڑ اس کے چہرے پر رسید ہوا۔ وہ اپنی پڑھائی کو چھوڑ کر ایسا بھاگا کہ نہ اس کو پڑھائی یاد رہی، نہ کچھ اور یاد رہا۔ خوف کے اس عالم میں وہ اپنے دوست کے پاس پہنچا اور اس کو سارا واقعہ سنایا اور حضرتؒ کے پاس چلنے کو کہا۔ حضرتؒ کے پاس پہنچ کر اس نے حضرتؒ کو پورا واقعہ سنایا اور معافیاں مانگنے لگا کہ ''حضرت مجھے معاف کر دیں۔ مجھے سزا نہ دیں۔'' تو حضرتؒ نے فرمایا کہ ''بھائی! میں نے ایسا کچھ نہیں کیا۔''

جب وہ جادوگر واپس چلا گیا تو والد محترمؒ سے میں نے پوچھا کہ یہ کیا معاملہ ہے؟ تو حضرتؒ نے فرمایا کہ ''جب میں نے اس کو جادو کرنے سے منع کیا اور اس نے انکار کیا تو میرے خیال میں اس وقت ہمارے سلسلے کا کوئی بڑا جن یہاں موجود ہوگا اور اس کو یہ انکار کرنا اچھا نہیں لگا ہوگا تو اس نے ہی اس کو یہ سزا دی ہوگی۔''

قارئین! کبھی بھی کسی کو غلط عمل نہ کرنا چاہیے، نہ ہی پڑھنا چاہیے۔ چونکہ نیک اور صالح جنات بھی غلط چیز کو برداشت نہیں کرتے اور غلط کرنے والے سزا بھی ضرور دیتے ہیں۔

بقیہ: راولپنڈی میں روحانی کلاس اور گولڑہ شریف میں حاضری

اقدس ولی کامل حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ سے ہوئی۔ حضرت پیر صاحبؒ کی اعلیٰ صفات، یکتا کمالات، علمی و عملی اوصاف، اخلاق حمیدہ، کمال محبت کو دیکھ کر حضرت حاجی صاحبؒ نے آپ کو سلسلہ چشتیہ صابریہ میں اجازت و خلافت عطا فرمائی۔ زیارتِ حرمین شریفین کے بعد حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے واپسی کا ارادہ ترک فرما کر ہمیشہ ہمیشہ کیلئے دیار حبیب ﷺ میں سکونت کا ارادہ فرمایا تو حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ''آپ واپس ہندوستان تشریف لے جائیں (اس وقت تک پاکستان نہیں بنا تھا)۔ آپ کی وہاں کے مسلمانوں کو اشد ضرورت ہے۔'' تو حضرت پیر صاحبؒ بہت حیران ہوئے کہ خود تو ہندوستان کو چھوڑ کر یہاں رہ رہے ہیں اور مجھے واپسی کا مشورہ دے رہے ہیں۔ رات سوئے تو خواب میں آقا مدنی ﷺ تشریف لائے اور آقا ﷺ نے فرمایا کہ ''بیٹے مہر علی شاہ، امداد اللہ ٹھیک کہتا ہے۔ تم واپس جاؤ۔ ہندوستان میں ایک بہت بڑا فتنہ قادیانیت رونما ہونے والا ہے۔ اس فتنے کا سدباب اور قلع قمع کرنے کیلئے تمہاری اشد ضرورت ہے۔'' آپؒ کی اس خواب کے بعد، حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ محبت میں اور والہانہ اضافہ ہو گیا۔ قارئین! اس عظیم شخصیت کے مزار شریف پر حاضری کے بعد وہ قلبی سکون، قلبی راحت اور قلبی اطمینان نصیب ہوا کہ جن کو لکھنے کے لیے میرے پاس الفاظ ہی نہیں ہیں۔ اللہ پاک سے دعا ہے کہ اللہ حضرتؒ کا فیض اور حضرتؒ کی سچی محبت و عقیدت اور حضرتؒ کا سچا ادب و احترام ہم سب کو نصیب فرمائے۔

گولڑہ شریف حاضری اور نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد استاد العاملین کی اسلام آباد تشریف لائے ہوئے تمام طلباء و طالبات کرام سے خصوصی نشست ہوئی اور بہت کامیاب نشست ہوئی۔ تمام طلباء کرام حضرت استاد العاملین کی تشریف آوری پر بہت خوش ہوئے۔ اللہ تعالیٰ حضرت استاد العاملین حفظہ اللہ کی زندگی میں برکت عطا فرمائے، ان کا سایہ ہم سب پر تادیر سلامت رکھے اور حضرت کا فیض پوری دنیا میں عام فرمائے۔ آمین ثم آمین

ماہر فن، عامل کامل بلکہ استاذ العاملین بننے کیلئے روحانی عملیات کے خزانے کے 6 حصے منگوائیں مکمل سیٹ منگوانے پر زبردست ڈسکاؤنٹ

روحانی عملیات کے خزانے
(درس عملیات حصہ اول)

تالیف: سید حسن الہاشمی (انڈیا)

قیمت: 680 روپے

☆درس عملیات ☆علاج بالقرآن ☆علم الحروف ☆اسماء حسنیٰ کے ذریعہ جسمانی اور روحانی علاج ☆سانپ کے زہر اتارنے کا طریقہ ☆بفضل عالم الغیب معلومات حاصل کرنے کا دائرہ ☆علم الرمل ☆علم الاعداد ☆علم الاعداد سے چور پکڑنے کا قاعدہ ☆جانوروں کے طبی اور روحانی فائدے ☆علم النجوم ☆انسانی مزاج بروج کی روشنی میں ☆نقوش آدم وحوا ☆نادر روحانی نسخے ☆حاضرات ارواح ☆علم الاعداد کے ذریعہ پیشین گوئیوں کی حقیقت ☆مراد کب پوری ہوگی؟ ☆فالنامہ حضرت لقمانؑ ☆روح سے ملاقات کرنے کا عمل ☆تین ستاروں کا اجتماع اور ثمرہ ☆نادر روحانی نسخے ☆تھرو فاتے کا علاج۔۔۔۔۔وغیرہ

روحانی عملیات کے خزانے
(درس عملیات حصہ دوم)

تالیف: سید حسن الہاشمی (انڈیا)

قیمت: 680 روپے

روحانی ڈاک ☆کشکول عملیات ☆برج عقرب ☆اللہ کا فون نمبر کیا ہے؟ ☆اگر آپ کی مجموعی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد اور نام کا مفرد عدد ۲ ہو ☆اعداد کا جادو ☆پتھروں کی خصوصیات ☆راز کی باتیں ☆کرشمات جفر ☆رشتہ نکاح شادی کے لئے مجرب بے نظیر عمل ونقوش ☆دعوت خلخلۃ الحوا ☆وسخط بولتے ہیں ☆دست غیب کا روحانی فارمولہ ☆ام الصبیان کا علاج ☆خوش حال زندگی کے لئے ☆اُف یہ جنات کی تباہ کاریاں ☆روزی کشادہ ہونے کا عمل ☆شوہر کی بے رخی کا رفع ☆قرآن مجید کے مجرب عملیات ☆فالنامہ اور بہت سے اعمال ☆ظالم دشمن پر عمار جن کو مسلط کرنا ☆دعوت کے خادم کو مطیع کرنا۔۔۔۔۔وغیرہ

روحانی عملیات کے خزانے
(درس عملیات حصہ سوم)

تالیف: سید حسن الہاشمی (انڈیا)

قیمت: 680 روپے

☆فالنامہ مسعود ومجرب ☆سحر اور اس کا قرآنی علاج ☆روحانی قوتیں بڑھانے کے طریقے و اعمال ☆قدرت کے کچھ نایاب نسخے ☆حاضری کی حقیقت ☆کرشمات جفر ☆سورۃ الصمد کا عمل برائے وسعت رزق ☆بذریعہ عمل احرام ☆حیرت ناک روحانی فارمولے ☆طریقہ چہل کاف ☆مجرب نقوش ☆حاجت روائی کے لئے ☆حضور ﷺ کا دیدار ☆خوابوں کی تعبیر کسی نہیں بلکہ وہبی صلاحیت ہے ☆چہرے کو پڑھنے کا فن جنات ☆کی کارستانیاں ☆مشکل فورا دور ہو جائے ☆خونی وبادی بواسیر کا علاج ☆اثرات آسیب سے پریشانی ☆جنات کی کارستانیاں ☆خونی اور بواسیر کا علاج ☆اطبا کا روحانی علاج۔۔۔۔۔وغیرہ

روحانی عملیات کے خزانے
(درس عملیات حصہ چہارم)

تالیف: سید حسن الہاشمی (انڈیا)

قیمت: 680 روپے

☆اسمائے حسنیٰ کے ذریعہ روحانی وجسمانی علاج ☆علم الاعداد ☆کشکول عملیات ☆علم الاعداد ☆عددوں کی حکمرانی ☆آئینہ اعداد ☆اعداد کا جادو ☆عزیمت قسم ناصور ☆جنات کی دنیا ☆کسی فرد پر حاضرات کر کے امور خفیہ کے بارے میں معلوم کرنا ☆کسی پر جنات کا سایہ ڈال کر پوچھنا ☆کشف القبور کا عمل ☆سحر کا قرآنی علاج ☆اسماء حسنیٰ اور بروج ☆حیات انسانی پر پتھروں کے اثرات ☆امراض جگر کا روحانی علاج ☆علم الحروف "ز" ☆راز کی باتیں ☆کام کا نتیجہ معلوم کرنا ☆اولاد کا حصول ☆برائے شفاء امراض ☆حاجت پوری کرنے کیلئے ☆برائے تسخیر ☆برائے دفع سفلی سحر۔۔۔۔۔وغیرہ

روحانی عملیات کے خزانے
(درس عملیات حصہ پنجم)

تالیف: سید حسن الہاشمی (انڈیا)

قیمت: 680 روپے

☆ظالم حاکم کے شر سے بچا رہے ☆زیارت رسول اللہ ﷺ کے لئے عمل ☆کسی بھی مرض کو رفع کرنے کے لئے ☆دنیا کی نظروں میں محبوب ہونے کے لئے ☆حاسدوں کے حسد سے بچنے کے لئے ☆ہر مقصد میں کامیابی کے لئے ☆درد بدن کا علاج ☆یرقان کا علاج ☆آیت محبت ☆حیدری فالنامہ ☆فیضان الحروف تکسیر مراتب علوی وسفلی کا طریقہ ☆روحانی تحفے ☆فالنامہ کلیم الارقامی ☆جنات بھگانے کے لئے ☆روحانی علاج کیلئے رہنمائی ضروری ہے ☆قضائے حاجت کیلئے ☆حصول روزگار کیلئے ☆دنیا کی نظروں میں محبوب ہونے کیلئے ☆ہر قسم کی پریشانی سے نجات کیلئے ☆زیارت رسول ﷺ کیلئے عمل۔۔۔۔۔وغیرہ

روحانی عملیات کے خزانے
(درس عملیات حصہ ششم)

تالیف: سید حسن الہاشمی (انڈیا)

قیمت: 680 روپے

☆تعلقات اعداد ☆استخارہ واستخبار ☆لوح زحل ☆مجرب نقش محبت آزما کے دیکھیں ☆ناخن اور تلوں پر حیات انسانی کا اثر ☆شرفات ونظرات کو اکب ☆عمل کے سلب ہو جانے کا مسئلہ ☆کم فہمی کے قصے ☆طالب علمانہ اشکال ☆روحانی عملیات سے متعلق سوال در سوال ☆روحانی عملیات پر شبہ بھی اس کی طرف داری بھی ☆ہمزاد تابع کرنے کی آرزو ☆اعداد کا علم حاصل کرنا چاہتے ہیں ☆ازدواجی زندگی کی مشکلیں ☆ظالم دشمن سے انتقام لینا ☆مردے کو خواب میں دیکھنا ☆موسیٰ بابا ☆ڈائن کی حقیقت ☆روحانی زائچے کی حقیقت ☆بچوں کے نام رکھنے کی حکمت۔۔۔۔۔وغیرہ

مکتبۃ العارف darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@darulamal.org 042-35410586, 0332-4487877

علمائے کرام اور مفتیانِ عظام کیلئے مفت خدمات goo.gl/xJ9AKu

مرشد سے روحانی فیض زیادہ سے زیادہ حاصل کرنے کا راز

پیر صوفی غلام سرور شباب صاحب (حویلی لکھا)

☆جس طالب مرید کا پیر و مرشد کے متعلق عقیدہ صحیح ہوگیا اور استقامت حاصل ہوگئی یعنی دنیا کی طلب مٹ گئی۔اسی دن اسے کامیابی نصیب ہوجاتی ہے۔طلب تو غرض ہے اور غرض میں سچائی نہیں ہوتی۔جس دن طالب مرید کا خیال اس مقام پر پہنچتا ہے۔اسی دن حجابات اُٹھ جاتے ہیں۔

☆فقیر اپنے قول سے نہیں پھرتے۔طالب خواہ کتنا ہی باغی اور سرکش ہوجائے۔اگر دنیا میں ٹھیک نہ ہو تو قبر میں طاقت دے دیتے ہیں۔جب ظاہری عالم میں طاقت حاصل کرنے کی ہمت نہیں پاتا تو روح کو برزخ میں بلا کر طاقت دے دیتے ہیں۔

☆صوفیا کرام مرنے سے پہلے مرجاتے ہیں۔"مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْتَ مُوْتُوْا" کے مصداق ان کی رُوح مرنے سے پہلے بھی برزخ میں رہتی ہے۔اس لیے وہ دنیا سے بے نیاز رہتے ہیں۔اس لیے کہ وہ اعلیٰ مقام پر ہوتے ہیں۔

☆بیعت کچھ حاصل کرنے کی نیت سے نہیں کی جاتی۔صرف پچھلے گناہوں کی معافی مانگی جاتی ہے اور آئندہ نیک عمل کرنے کا عہد کیا جاتا ہے۔اور مرشد کو گواہ بنایا جاتا ہے۔مرشد کے پاس صرف اطاعت کی نیت سے جانا چاہئے۔کچھ حاصل کرنے کی نیت سے نہیں۔مرید کا مقام یہ ہے کہ صرف اطاعتِ مرشد پر غور و فکر کرے اور اس کے نتیجے میں کسی حصول کی تمنا نہ کرے۔مطالبہ تو وہ کرتا ہے جو اپنا حق سمجھتا ہے۔اسی لیے اس راہ میں پہلے تزکیہ نفس رکھا گیا ہے یعنی خواہشات کو ختم کرنا۔خواہشات نفس سے پیدا ہوتی ہیں جب نفس مُردہ ہوگیا تو صدق آگیا۔

☆توبہ کی تین حالتیں ہیں۔

اول ماضی کے گناہوں سے توبہ یعنی اگر ماضی میں کسی کی چوری کی ہے تو اس کا مال لوٹائیں۔دِل توڑا ہے تو معافی مانگیں، یہ ہے ماضی کی توبہ۔اسی میں تزکیہ نفس ہوجاتا ہے۔خیرات زکوٰۃ واجب ہے تو نکالے، جتنے عیش کئے ہیں اتنے فاقے کرے۔

دوم حال کی توبہ۔حرام سے بچیں۔دل آزاری سے بچیں۔دوسروں کے حقوق ادا کریں۔یہ آہستہ آہستہ ہوتی رہتی ہے۔کسی نے ایک سال میں ایک بُری عادت چھوڑ دی۔اسی طرح عمر بھر میں بہت سی بُرائیاں چھوڑ دیں۔فقیر اسی امید پر بیعت کرتا ہے، جب ماضی اور حال کی توبہ صحیح ہوجاتی ہے تو تیسری توبہ یعنی مستقبل کی توبہ بھی ہوجاتی ہے۔یعنی اطاعت مرشد ہی مستقبل کی توبہ ہے۔

؎ وفاداری بشرطِ استواری اصلِ ایماں ہے
مرے بت خانے میں تو کعبے میں گاڑو برہمن کو

☆نظرِ شیخ یعنی پیر و مرشد سے نفس نہیں مرتا بلکہ قلب زندہ ہوجاتا ہے یعنی نفس سے لڑنے کے لیے ہتھیار مل جاتا ہے۔لیکن لڑنا ضرور پڑتا ہے۔جب طالب مرید اتباعِ پیر و مرشد کرتا ہے تو اُسے نفس کے خلاف جنگ کرنے کی توفیق عطا ہوتی ہے۔تو وہ جان جاتا ہے اور پہچان جاتا ہے۔اسے معرفت کہتے ہیں۔جب تک معرفت پیر و مرشد نہیں ہوتی تب تک معرفتِ رسول نہیں ہوتی۔جب کسی کو معرفتِ پیر و مرشد حاصل ہوجاتی ہے تو اس کی نگاہ اپنی نہیں ہوتی بلکہ اس کی ہوتی ہے جس میں وہ فنا ہوتا ہے۔جب معرفتِ رسول حاصل ہوتی ہے اور اس نگاہ سے اللہ کو دیکھتا ہے تو پھر اللہ اور اس کے رسول کو پہچانتا ہے کہ یہ ذاتیں گناہوں کو دُور کرنے والی اور مجرموں کو پناہ دینے والی ہیں اور جسے جان جاتا ہے، پہچان جاتا ہے اس کے حال میں مبتلا ہونا آسان ہوتا ہے۔ظاہری نظر بھی ایک نور ہے، اسے دید کہتے ہیں۔قلبی نظر کو نورِ معرفت کہتے ہیں۔اس کے بعد اللہ تعالیٰ اپنے بندے کی رسائی حقیقت تک کردیتا ہے۔اور اپنے عشق کی آگ اس کے سینے میں بھر دیتا ہے۔مکھن کو جب آگ ملتی ہے تو وہ گھی بن جاتا ہے۔

☆طالب مرید جب اپنے انعام کے قریب پہنچتا ہے تو اس وقت شیطان بھرپور وار کرتا ہے۔ وسوسے اور مایوسی پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ''تو میری رحمت سے ناامید نہ ہو'' جو ناامید نہیں ہوتے ایک دن ان کی جھولی بھر دی جاتی ہے۔

☆اس مقام پر اہلِ سلسلہ تصورِ شیخ (پیرومرشد) کرتے ہیں۔ یہ کیا ہے؟ اور کیوں کیا جاتا ہے؟ طالب مرید کی رُوح مقامِ برزخ میں پہنچ کر اپنے پیرومرشد کی رُوح سے اعانت طلب کرتی ہے، یہ تصورِ پیرومرشد ہے۔ اور اسے امدادِ غیبی کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جس طرح چاہتا ہے مدد بھیج دیتا ہے۔ کبھی یہ مدد مشاہدہ میں ہوتی ہے یعنی مرید اپنے پیرومرشد کو دیکھتا ہے اور ہدایت ملتی ہے۔ کبھی سیرِ رویاء کی صورت میں ہوتی ہے، یعنی عالمِ خواب میں پیرومرشد ہدایت فرماتے ہیں۔ کبھی کبھی راستِ قلب پر وارد ہوتی ہے۔ پیرومرشد اپنی توجہ سے کام لیتے ہیں اور قلب کو ایک طاقت حاصل ہوتی ہے۔ جس سے ڈگمگاتا ہوا قلب قائم ہو جاتا ہے۔ یہ عالم پر بیتتے ہیں۔

☆طالب مرید کو چاہیے کہ ہر قدم پر اپنا محاسبہ کرے، جو ہر قدم پر اپنا محاسبہ کرتے ہیں۔ ان کے قدم سفر میں ڈگمگاتے نہیں اور سفر میں ثابت قدم ہوتے ہیں۔ منزل ان کا انتظار کرتی ہے۔ ہر طالب کو چاہیے کہ اللہ تعالیٰ سے اچھی شے طلب کرے اور فنا سے بقا کے سودے کرے ورنہ خسارے میں رہے گا۔

☆ذات کا طالب وہ ہے جو ذات کی صفات کو اپنائے، آئینہ کے سامنے کھڑے ہو جائیں تو، یا خود کو دیکھ سکیں گے یا آئینہ کو دیکھ سکیں گے۔ بیک وقت دونوں کو نہیں دیکھ سکیں گے۔ فنا فی شیخ (پیرومرشد) یہی ہے کہ تصورِ شیخ (پیرومرشد) اتنا غلبہ کرے کہ اپنا وجود نظر نہ آئے۔ پہلے فنائے صفاتی ہے، پھر فنائے ذاتی ہے یعنی پہلے فنائے صفات ہے پھر فنائے ذات ہے۔ ہمراہی وہ ہے جو منزل تک ساتھ دے اور وہ محبت پیرومرشد ہے۔ علم وعقل راستے میں رہ جائیں گے۔ محبت ساتھ جائے گی۔ محبت ایمان کی جڑ ہے۔ جس کے پاس جتنی محبت ہے، اتنا ہی اس کے پاس ایمان ہے۔ جس کے پاس جتنا ایمان ہے۔ اتنا ہی وہ تندرست ہے۔ جو جتنا تندرست ہے، اتنا ہی وہ سفر میں تھکن سے محفوظ ہے جو جتنا تازہ دم ہے، اتنا ہی اس کا سفر وقت پر ختم ہوگا۔ جس نے اپنے نفس سے منہ موڑا، اس کا قلب اللہ کی طرف رجوع ہوا اور اسی کو راستہ ملا اور جسے راستہ ملا اسی کا سفر منزل تک پہنچا۔ جب نفس کو تکلیف ہوتی ہے تو یہ بڑا فساد برپا کرتا ہے، اور بغاوت پر اُکساتا ہے۔ شیخ ایمان کے لیے اسی لیے ضروری ہے کہ وہ اس وقت شیخ کی سنتا ہے۔ نفس کی نہیں سنتا۔ ایمان بڑی کٹھن گھاٹی ہے۔ یہ سرتاپا قربانی، عمل اور اطاعت ہے۔ صفات میں اطاعت، ذات میں اطاعت، علم میں اطاعت، ارادے میں اطاعت۔ جب تک ہر جہت میں مطیع نہ ہوگا، تب تک مکمل انسان نہ بنے گا۔ اس راہ میں ہر شے سے دست بردار ہونا پڑتا ہے۔ خود کو پیرومرشد کی ملکیت بن کر رہنا پڑتا ہے۔ اور پیرومرشد کے عمل پر مکمل بھروسہ رکھنا پڑتا ہے کہ ''سالک بے خبر نہ بود راہ و رسم منزلہا'' تب مریدی کی ابتدا ہوتی ہے اور نعمتوں کے دوام ہوتے ہیں۔ جتنا ایمان قوی ہوگا اتنا ہی فساد، وسوسہ اور بغاوت ہوگی۔ مرید اس وقت خاموشی اختیار کرے۔ پیرومرشد کے احسان، اخلاق، حسنِ سلوک کو فساد کے موقع پر یاد کرے۔ ہر شخص نے اپنے مزاج کی اطاعت کی ہے، پیرومرشد کی نہیں کی۔ جن کے سینے میں نورِ ایمانی ہے، ان میں ناراضگی نہیں ہوتی، کیوں کہ ناراضگی کی جڑ طمع ہے۔ اور اگر سختی کرتے ہیں تو تمہارے فائدے کے لیے۔ طبیعت میں پیار بھی ہے اور مار بھی۔ کیونکہ ہر خوشی نیند ہے اور ہر مصیبت بیداری ہے۔ ہر تکلیف قربِ خداوندی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کو ماں سے ستر گنا زیادہ چاہتے ہیں۔ جو اپنے وسوسے کے خطرے کو برداشت نہ کرے گا وہ ہیبتِ خداوندی کو کیا برداشت کرے گا؟

پیوستہ رہ شجر سے امیدِ بہار رکھ

جو شاخ تنے سے وابستہ رہتی ہے وہی پھل دیتی ہے۔ اور جو تنے سے کٹ جاتی ہے وہ شاخ ایک دن خشک لکڑی بن کر آگ کی نذر ہو جاتی ہے۔ اسی طرح جو طالب اپنے پیرومرشد سے صحیح رجوع رکھتا ہے۔ یعنی گمان اور خیال صحیح رکھتا ہے اور پیرومرشد کو اپنی یاد میں بسائے رکھتا ہے، وہ ایک

دِن اپنی منزل طے کرلیتا ہے اور اپنی مراد کو پہنچ جاتا ہے۔ جس طرح درخت اپنی شاخوں کے لیے زمین سے خوراک حاصل کرتا ہے اور اِسے ہضم کر کے اپنی شاخوں کو پہنچاتا ہے، حتیٰ کہ شاخوں میں پھل لگ جاتا ہے اور شاخ پھر بھی درخت کی محتاج رہتی ہے۔ اسی طرح پیرومرشد اللہ کا نور حاصل کرتا ہے اور پھر بحکمِ ربی اپنے طالبوں (مریدوں) کے قلوب تک پہنچاتا ہے۔ اس نور کے انتقال کی کئی صورتیں ہیں۔

پہلی توجہ

پہلی توجہ ذکر وفکر ہے۔ جب پیرومرشد توجہ عطا کرتا ہے تو طالب مرید کے وہ مقام جو اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنی یاد کے لیے مخصوص کر رکھے ہیں وہ مقام بیدار ہو کر اللہ کی یاد میں محو ہو جاتے ہیں۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی زمیندار اپنی زمین کے پیٹ میں پوشیدہ چیزوں سے واقف ہو اور کوئی آ کر اس زمین کو آباد کردے، پھر اس کا سینہ چاک کر کے پوشیدہ خزانہ برآمد کردے۔ اسی طرح راہِ طریقت میں طالب مرید اپنی حقیقت سے بے خبر ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے بطون میں کیا کچھ عطا فرما رکھا ہے۔ اسی طرح پیرومرشد اپنی نوری توجہ سے قلب بیدار کردیتے ہیں۔ وہ بیدار ہو کر اللہ کی یاد میں محو ہو جاتا ہے۔ پیرومرشد مرید کے سینے میں نور بھر دیتا ہے اور وہ نور اللہ کو پکارتا ہے۔ پھر انسان کو اللہ تعالیٰ ایک فکر عطا فرما دیتا ہے۔ یہ فکر ہر ایک کے ظرف کے مطابق ہوتی ہے۔ ایسے حضرات طالب مولیٰ ہوتے ہیں۔ کائنات کی ہر شے اُن سے غائب ہوتی ہے اور صرف اللہ کی یاد رہ جاتی ہے۔ پھر فکرِ آخرت عطا ہوتی ہے، یعنی یہ فکر کہ موت کے بعد کیا ہوگا، اس فکر سے انسان آنے والے عالم کے انتظام میں مصروف ہو جاتا ہے اور آخرت کے لیے سرمایہ اکٹھا کرتا ہے۔

دوسری توجہ

دوسری توجہ، توجہ حضوری ہے۔ جب پیرومرشد یہ توجہ عطا کرتے ہیں تو قلب کو حاضری نصیب ہوتی ہے۔ یہ حاضری ہر ایک کے ظرف کے مطابق ہوتی ہے۔ یعنی وہ حاضر ہو جاتا ہے اور ماسوا حاضری کے مقام کے ہر شے کو بھول جاتا ہے یعنی وہ جب عبادت کے لیے کھڑا ہوتا ہے تو ماسوائے اللہ کی محبت اور خوف کے اور کسی شے کا اس کے قلب پر گزر نہیں ہوتا۔ جب قلب کی یہ حالت ہوتی ہے تو اس کی عبادت مقبول ہو جاتی ہے۔ پھر وہ اپنے رب کو پکارتا ہے۔ رب ایسے عابد کو جواب عطا فرماتا ہے اور اسے پکار لیتا ہے۔ وہی ان کا دوست بنتا ہے، دوست راز داں بنتا ہے، رازداں وہی ہے جو راز جان کر بھی جاہل بنا رہے اور دیکھ کر بھی اندھا بنا رہے، سن کر بہرہ بنا رہے اور قدرت رکھتے ہوئے بھی عجز وانکساری کا مالک بنا رہے۔

تیسری توجہ

تیسری توجہ، توجہ عیانی ہے۔ اس سے طالب کے قلب پر ہر شے ظاہر ہونے لگتی ہے۔ ایک ظہور بالمشاھدہ ہوتا ہے اور ایک حالت یہ بھی ہے کہ قلب میں القاء ہونے لگتا ہے۔ رسول کریم ﷺ کی زیارت القائی بھی ہوتی ہے۔ جن قلوب کو مشاہدہ کی تاب نہیں، طاقت نہیں، انہیں القائی زیارتیں ہوتی ہیں، یعنی قلب پر القاء ہونے لگتا ہے کہ سرکار یہاں تشریف فرما ہیں۔ تیسری صورت الہامی ہوتی ہے، یعنی ہاتفِ غیب اس کو ندا دیتا ہے لیکن وہ صاحب صورت کو دیکھ نہیں سکتا۔ ہر طالب کو چاہئے کہ اپنے پیرومرشد سے تعلق مضبوط رکھے۔ جتنا خیال سے فساد کم ہوتا ہے، اتنا ہی تعلق مضبوط ہوتا ہے۔

بعض لوگ زبان سے اللہ کے ولی کا اقرار کرتے ہیں لیکن دل سے انکار کرتے ہیں اور دل میں کہتے ہیں یہ ولی نہیں۔ وہ دوسروں کو نقصان پہنچاتے ہیں، مانع خیر ہوتے ہیں اور دوسروں کو خراب کرتے ہیں۔ ایک وہ ہوتے ہیں جو دل سے اقرار کرتے ہیں لیکن زبان سے انکار کرتے ہیں، وہ حاسد ہوتے ہیں اور بہت بڑے نقصان میں رہتے ہیں۔ اللہ دلوں کے حال سے واقف ہے۔ ان دونوں کو کچھ نہ ملے گا۔ جن کے عقائد درست ہوتے ہیں اور باادب بانصیحت رہتے ہیں، وہ دونوں جہاں میں کامیاب ہیں۔ جنہوں نے اچھی صحبت حاصل کی اور نیک عمل کئے، انہیں قلبِ نوری عطا ہوتا ہے اور انہیں اللہ تعالیٰ سچی توبہ کی توفیق عطا فرماتا ہے۔

یَانُوْرُ، یَاھَادِیُ کے خواص اور اثرات

..... حضرت مولانا انظر شاہ کشمیریؒ

یَانُوْرُ کے خواص اور اثرات

یہ اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد دو سو چھپن (۲۵۶) ہیں۔

دل منور ہو

اگر کوئی رات میں سو (۱۰۰) مرتبہ اور دن میں سو (۱۰۰) سو مرتبہ یَانُوْرُ تلاوت کرے تو اس کا دل منور ہو جائے۔

جسم نورانی ہو جائے

اگر کوئی روٹی کھاتے وقت ہر ایک لقمہ پر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ پڑھے اور اس پر دم کر کے لقمہ کھا لے تو اس کا جسم نورانی ہو جاتا ہے لیکن روزانہ یہی عمل کرتا رہے۔

نور عرفان حاصل ہو

اگر کوئی ہر فرض نماز کے بعد سو (۱۰۰) مرتبہ اس اسم کو پڑھ لیا کرے تو نورِ عرفان حاصل ہو اور دل اس کا نکھر جائے۔

دل میں نور پیدا ہو

اگر کوئی یا نور سو (۱۰۰) مرتبہ، سورۂ نور سات (۷) مرتبہ پڑھے تو اس کے دل میں نور پیدا ہو جائے۔

نورِ الٰہی پیدا ہو

اگر کوئی وظیفہ کے طور پر روزانہ صبح کے وقت اس کو سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھ لیا کرے، نورِ الٰہی پیدا ہو۔

ترقی دکان کے لیے

اگر کوئی اس کا نقش اپنی دکان یا مکان میں چسپاں کر دے تو اس کی بکری میں اضافہ ہو۔

النور کا نقش معظم:

۷۸۶

۸۴	۹۰	۸۲
۸۳	۸۵	۸۸
۸۹	۸۱	۸۶

یَاھَادِیُ کے خواص اور اثرات

یہ اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد بیس (۲۰) ہیں۔

اہلِ معرفت کا مقام حاصل ہو

اگر کوئی اس مقدس نام کو بکثرت روزانہ پڑھنے کا معمول بنا لے اور آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر پڑھے اور بعد میں اپنے منہ پر ہاتھ پھیرے تو اہلِ معرفت کا مقام حاصل ہو۔

ہدایت کرنے کی صفت پیدا ہو

اگر کوئی اس نام کو ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھا کرے، اس میں ہدایت کرنے کی صفت پیدا ہو۔

اہلِ معرفت اور اسرارِ معرفت

اگر کوئی ایک سو ستر (۱۷۰) مرتبہ قبل از وقت طلوعِ سحر یعنی آخر شب میں صبحِ صادق سے پہلے ذکاوتِ طبع کے حصول کے لئے اور علم کی زیادتی کے لئے آسمان کی طرف منہ کر کے اور دونوں ہاتھ منہ پر مل لے تو اہلِ معرفت بن جائے اور اسرارِ معرفت اس پر ظاہر ہونے لگیں۔

الھادی کا نقش معظم:

۷۸۶

۶	۱۱	۳
۴	۷	۹
۱۰	۲	۸

قرآنی وظائف

صوفی محمد ندیم احمدی (الاعظمی)

کینہ و بغض سے حفاظت

وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۷﴾ لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ﴿۴۸﴾ نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۹﴾ وَاَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِيْمُ ﴿۵۰﴾ وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ ﴿۵۱﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ اِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا لَا تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ﴿۵۳﴾ قَالَ اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ عَلٰٓى اَنْ مَّسَّنِيَ الْكِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ ﴿۵۴﴾ قَالُوْا بَشَّرْنٰكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْقٰنِطِيْنَ ﴿۵۵﴾ قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ﴿۵۶﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۵۸﴾ اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ؕ اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۹﴾ (الحجر ۴۷-۵۹)

جو شخص ان آیتوں کو بعد نماز فجر گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کو کینہ و بغض سے بچائیں گے۔

والدین کی وفات کے بعد آخرت میں کامیابی

وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ؕ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ﴿۲۳﴾ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ﴿۲۴﴾ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ ؕ اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ﴿۲۵﴾ وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ﴿۲۶﴾ اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ ؕ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ﴿۲۷﴾ وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَآءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُوْرًا ﴿۲۸﴾ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا ﴿۲۹﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًا بَصِيْرًا ﴿۳۰﴾ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ؕ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ﴿۳۱﴾ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ﴿۳۲﴾ (بنی اسرائیل ۲۳-۳۲)

جو شخص ان آیتوں کو بعد نماز عشاء گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کے والدین کی موت کے بعد انہیں کامیاب کردیں گے۔

حصولِ اولادِ نرینہ

اَلَمْ تَرَ اَنَّآ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ تَؤُزُّهُمْ اَزًّا ﴿۸۳﴾ فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ﴿۸۴﴾ يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ﴿۸۵﴾ وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا ﴿۸۶﴾ لَا يَمْلِكُوْنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿۸۷﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ﴿۸۸﴾ (مریم ۸۳-۸۸)

خواص: جو شخص ان آیتوں کو بعد نماز عشاء اکتیس (۳۱) مرتبہ پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کو اولادِ نرینہ عطاء فرمائیں گے۔

ایمان سلب ہونے کے لیے

وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ يُّكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْ قَالَ اَكَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِيْ وَلَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّاذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿۸۵﴾ اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۸۶﴾

(النمل ۸۳-۸۶)

جو شخص ان آیتوں کو بعد نماز عشاء اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کو ایماندار بنادیں گے۔

قرآنی سورتوں کے فضائل

حضرت مولانا امداد اللہ انور مدظلہ العالی

قل ھو اللہ احد۔ اذا زلزلت۔ قل یا ایھا الکافرون۔ اذا جاء نصر اللہ کا ثواب

حدیث: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول خدا ﷺ نے اپنے صحابہؓ میں سے ایک شخص سے پوچھا ''اے فلاں! کیا تم نے نکاح کیا ہے؟'' اس نے عرض کیا ''نہیں اللہ کی قسم یارسول اللہ اور میرے پاس اتنا حق مہر بھی نہیں کہ میں اس سے نکاح کرسکوں''۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''کیا تیرے پاس ''قل ھو اللہ احد'' نہیں ہے؟'' اس نے عرض کیا ''کیوں نہیں (مجھے یاد ہے)''۔ آپ ﷺ نے فرمایا ''یہ (ثواب میں) تہائی قرآن کے برابر ہے''۔ پھر فرمایا ''کیا تیرے پاس '' اذا جاء نصر اللہ والفتح ''نہیں ہے؟'' اس نے عرض کیا ''کیوں نہیں'' تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''یہ چوتھائی قرآن کے برابر ہے''۔ آپ ﷺ نے فرمایا ''کیا تیرے پاس ''قل یا ایھا الکافرون ''نہیں ہے؟'' تو اس نے کہا ''کیوں نہیں (یہ بھی مجھے یاد ہے)''۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''کیا تیرے پاس ''اذا زلزلت الارض ''نہیں ہے؟'' اس نے عرض کیا ''کیوں نہیں (یہ بھی مجھے یاد ہے)''۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''یہ چوتھائی قرآن کے برابر ہے۔ تم شادی کرلو تم شادی کرلو۔''

(ترمذی بحوالہ حدیث حسن)

قل ھو اللہ احد کا ثواب

حدیث: حضرت ابوالدرداءؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

ترجمہ: ''کیا تم میں سے ہر ایک اس سے عاجز ہے کہ وہ ہر رات ایک تہائی قرآن کی تلاوت کرے؟'' صحابہ کرامؓ نے عرض کیا ''تہائی قرآن کیسے تلاوت کیا جاسکتا ہے؟'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''قل ھو اللہ احد'' تہائی قرآن کے برابر ہے۔'' (مسلم)

جنت میں ایک محل ملے گا

حدیث: حضرت معاذ بن انس الجھنیؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

ترجمہ: ''جس شخص نے قل ھو اللہ احد کی تلاوت کی اور اس کو دس مرتبہ ختم کیا، اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت میں ایک محل بنادیں گے''۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا ''یارسول اللہ ﷺ! پھر تو ہم بہت سے محل بنوالیں گے'' تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''اللہ تعالیٰ کی رحمت اس سے بھی زیادہ اور بہت پاکیزہ ہے۔''

اللہ تعالیٰ کی محبت حاصل کرنے کا ذریعہ

حدیث: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو چھوٹے سے لشکر میں سالار مقرر کرکے روانہ کیا۔ یہ شخص اپنے لشکریوں کو نماز میں قرآن پڑھ کر سناتا تھا اور ہر رکعت کو قل ھو اللہ احد کے ساتھ ختم کرتا تھا۔ جب یہ حضرات واپس لوٹے تو اس کا آنحضرت ﷺ کے سامنے ذکر کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''تم لوگ اس سے پوچھو، وہ ایسا کیوں کرتا تھا؟'' چنانچہ انہوں نے اس سے پوچھا تو اس نے بتایا ''اس لئے کہ یہ رحمٰن کی صفت ہے اور میں پسند کرتا ہوں کہ اس کی قرأت کروں'' تو آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا ''اس کو بتادو کہ اللہ تعالیٰ بھی اس سے (اس کی وجہ سے) محبت کرتا ہے۔'' (بخاری، مسلم)

پچاس سال کے گناہ معاف

حدیث: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

ترجمہ: ''جس شخص نے روزانہ سو (۱۰۰) مرتبہ ''قل ھو اللہ احد'' کی تلاوت کی، اس کے پچاس سال کے گناہ معاف کردئے جاتے ہیں۔ ہاں اگر قرضہ ہو تو (وہ معاف نہیں ہوگا جب تک کہ قرض خواہ اس کو معاف نہ کرے گا)۔'' (ترمذی، ابن ماجہ)

حاضرات اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خضر عباس بھیا (راجن پور)

حاضرات اسم خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''شکور''

کینہ پروری، بغض وحسد اور انتقامی جذبات سے اپنے قلب وذہن کو پاک وصاف کر کے حاضرات اسم خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''شکور'' کے موکل خادم ''وکشائیل'' کے عمل کو نوچندی اتوار کی رات سے اپنے نام معہ والدہ کے اعداد یا پھر پانچ سو چھبیس (۵۲۶) مرتبہ پڑھیں۔ بعد چلہ بچی یا بچے پر حاضرات کریں۔

عمل: عزمت علیکم و کشائیل بحق یا شکور اقسمت علیکم یاو کشائیل وبحق یا شکور. بحق یا بدوح یابدوح یابدوح بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام حاضر کرو حاضرات حاضر کرو حاضرات یاو کشائیل بحق یااللہ یاحی یاقیوم حاضر شو حاضر شو حاضر شو۔

اُجِبْ یَاوکشائیل		
بحق شکور	۹۸۷۶۵۴۳۲۱ [redacted] ۹۸۷۶۵۴۳۲۱	بحق مامون
اُجِبْ یَاوکشائیل		

حاضرات اسم خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''مامون''

کینہ پروری، بغض وحسد اور انتقامی جذبات سے اپنے قلب وذہن کو پاک وصاف کر کے حاضرات اسم الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''مامون'' کے موکل خادم ''زلقائیل'' کے عمل کو نوچندی اتوار کی رات سے اپنے نام معہ والدہ کے اعداد یا پھر ایک سو سینتیس (۱۳۷) مرتبہ پڑھیں۔ بعد چلہ بچی یا بچے پر حاضرات کریں۔

عمل: عزمت علیکم یازلقائیل بحق یامامون اقسمت علیکم یازلقائیل بحق یامامون بحق یابدوح یابدوح یابدوح بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام حاضر کرو حاضرات کرو حاضرات یازلقائیل بحق یا اللہ یا حی یا قیوم حاضر شو حاضر شو حاضر شو۔

اُجِبْ یَازلقائیل		
بحق مامون	۹۸۷۶۵۴۳۲۱ [redacted] ۹۸۷۶۵۴۳۲۱	بحق شکور
اُجِبْ یَازلقائیل		

اہم گزارش

جن ممبران، شاگرد یا کسٹمرز کا واٹس ایپ، ایمو، وائبر یا اور کوئی بھی سوشل میڈیا کا نمبر ہو، وہ اپنا نمبر ادارہ کو نوٹ کروائیں۔ تاکہ کسی بھی New Promotion یا ادارے کی طرف سے کسی بھی Update کے بارے میں آپ کو بروقت آگاہ کیا جاسکے۔

رابطہ: 0343-7772772

شہد کے متلاشیوں کیلئے خوشخبری

پنجاب کے ضلع گجرات کے علاقے ونڈو سے حاصل کیا گیا شیشم کے کھیتوں کا شہد جسے Clover Honey کہا جاتا ہے، جو اپنے مخصوص ذائقہ، دیرسے جمنے، نباتاتی فوائد، ایکسپورٹ کوالٹی، انتہائی گاڑھا شہد ہونے کی وجہ سے ڈاکٹر اپنے مریضوں کو استعمال کروا رہے ہیں۔ عرب حضرات اس شہد کے عاشق ہیں۔

قیمت: 800 روپے کلو ممبران کیلئے 650 روپے کلو

042-35410586, 0307-5525103
darulamal.org/matabalaartif مطب العارف

اس ماہ کی منتخب فوٹوسٹیٹ طبی کتب پیش خدمت ہیں

ممبران، علماء، عاملین اور خواص کے لیے زبردست ڈسکاؤنٹ

نام کتاب	مصنف	نام قیمت
سرعت انزال	پنڈت ٹھاکر دت شرما	250
سلک جواہرات	حکیم عبدالرحیم جمیل	440
شہنشاہی کوک شاستر (باتصویر)	وید پنڈت مکند لال	575
صحت اور زندگی		400
ضعف باہ	سید محبوب علی شاہ	300
طبیبہ (امراض النساء)	علی احمد زاہد جبل پور (انڈیا)	440
طبیب النساء	حکیم قاضی عظیم اللہ	360
طبیب خلوت (کوک شاستر)	بابو پیارے لال برودھا	340
عورتوں کا کامیاب علاج	استاذ الاطباء شہزادہ غلام محمد خان	400
علاج امراض مستورات	حکیم غلام نبی	390
قانون مباشرت	ڈاکٹر فضل مبین احمد دہلوی	680
قیام شباب واعادہ شباب (باتصویر)		400
کوک شاستر (اسرار صحت)	حکیم سعید احمد کانپوری	300
کیمیاء شباب اردو (ترجمہ ضیاء الابصار)	حکیم محمود خان دہلوی	440
کیمیائے عشرت (تحفہ جہان)	حکیم قاضی سید محمد کرم حسین	900
کام ورتی شاستر ہندی (باتصویر)	پنڈت ٹھاکر دت شرما	680
کوک شاستر بھگت رام		450
کشمیری کوک شاستر (اردو)	حکیم بھگت رام	400
گپت کوک شاستر (باتصویر)		680
گربھ شاستر مع برتھ کنٹرول (باتصویر)		440
گنج حکمت		340
گلدستہ شاہی	دیوان کاہن چند بلاسپوری	320
لذت النساء اردو		450
لذت وصال (مکمل دو حصے)	حکیم محمود علی خان دہلوی	400
لطف جوانی	ادارہ سنیاسی آشرم	360
لڑکا یا لڑکی		300
مردانہ طاقت (اول، دوم)	حکیم شمس الدین احمد طبیہ کالج دہلی	450+360
مردانہ امراض (باتصویر)	ڈاکٹر غلام جیلانی مرحوم	400
مسیحائے صادق	حکیم کریم بخش آزاد اکبر شاہ	640
مجربات بشیر (رسالہ قوت باہ)		320
مجربات بابیہ (الطبیب)		440
مجرب المجرب طبی نسخے	حکیم محمد عضر بٹ	1125
معالج خصوصی (حامی الصحت)	حکیم کرمل بھولا ناتھ	360
مردانہ قوت کے امثالی نسخہ جات		240
مجربات اعادہ شباب	حکیم محمد شریف مرحوم	360
مجربات باہ	منشی بلاقی داس دہلوی	440
مردانہ امراض کا علاج	حکیم سید نذیر احمد	400
مجربات بوعلی سینا اردو (تحفۃ العاشقین)	حکیم شیخ بوعلی سینا	300
مجربات بوعلی سینا (فارسی)	حکیم شیخ بوعلی سینا	400
مہا کوک شاستر مکمل باتصویر (خزانہ کرامات) کشمیری پنڈت کوکا رام	بابو پیارے لال شرما	1750
مفتاح الحکمت (اول)	امراض مردان (حکیم محمد شریف)	600
مفتاح الحکمت (دوم)	امراض نسواں (حکیم محمد شریف)	680
مفتاح الحکمت (سوم)	امراض اطفال (حکیم محمد شریف)	450
مفتاح الحکمت (مکمل)	مکمل تینوں حصے (حکیم محمد شریف)	1730
مقوی اکسیر مدینہ	حکیم خلیل احمد مدنی	360
مجموعہ امراض جنسی	حکیم احسان الحق ترابی	340
مجموعہ امراض مخصوصہ مرداں	شمس الحکمت	470
مفید الاجسام مع فوائد عجیبہ		280
نشاط الحیات	چودھری عبداللہ خان عسکری	240
نامرد کو مرد بنانے والے طلسمی نسخے	حکیم حبیب احمد اشعر دہلوی	340
ہدایات نامہ دائیان ہند (باتصویر)	بابو تیرتھ رام	400

فون پر رابطہ کر کے تشریف لائیں۔ بروز جمعۃ المبارک مکتبہ بند رہے گا۔

مکتبۃ العارف 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

0332-4487877 **042-35410586**

darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif.blogspot.com, maktabatulaarif@gmail.com

حاضرات کے اعمال

ابوالکاشف گشتی قادری رحمۃ اللہ علیہ

چند منٹوں میں حاضرات

یاجبرائیل			یامیکائیل
۱۳۵	۱۳۵	۱۳۵	م
۱۳۵	۱۳۵	۱۳۵	ع
۱۳۵		۱۳۵	ی
۱۳۵	۱۳۵	۱۳۵	د

یااسرافیل حاضرات حاضرشو حاضرشو یاعزرائیل

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش میں جہاں سیاہ نشان لگا ہے، وہاں تھوڑا سا عطر گلاب لگائیں اور بچے پر گیارہ مرتبہ درود شریف اور ایک سو چوبیس (۱۲۴) مرتبہ یَامُعِیْدُ پڑھ کر پھونکیں اور بچے کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے حل طلب مسائل کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

حاضرات کا آزمودہ عمل

یاجبرائیل	۷۸۶		یامیکائیل
۱۰۶۵۴	۱۰۶۶۵	۱۰۶۶۸	۱۰۶۶۲
۱۰۶۶۶	۱۰۶۵۵	۱۰۶۶۱	۱۰۶۶۷
۱۰۶۶۰		۱۰۶۶۳	۱۰۶۵۶
۱۰۶۶۹	۱۰۶۵۹	۱۰۶۵۷	۱۰۶۶۴

یااسرافیل حاضرات حاضرشو حاضرشو یاعزرائیل

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش میں جہاں سیاہ نشان لگا ہے، وہاں تھوڑا سا عطر گلاب لگائیں اور بچے پر گیارہ مرتبہ درود شریف اور ایک سو چوبیس (۱۲۴) مرتبہ یَامُعِیْدُ پڑھ کر پھونکیں اور بچے کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے حل طلب مسائل کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

طریقہ:

مندرجہ بالا نقش میں جہاں سیاہ نشان لگا ہے، وہاں تھوڑا سا عطر گلاب لگائیں اور بچے پر گیارہ مرتبہ درود شریف اور ایک سو چوبیس (۱۲۴) مرتبہ یَامُعِیْدُ پڑھ کر پھونکیں اور بچے کو سیاہ خانہ میں غور سے دیکھنے کو کہیں۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا جس سے آپ اپنے حل طلب مسائل کے بارے میں سو فیصد درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

سورۂ مزمل کی حاضرات

یہ نقش سورۂ مزمل کا ہے۔ وہ اس طرح ہے کہ اول زکوٰۃ ادا کرے یعنی شروع ماہ میں بروز پنجشنبہ سے شروع کرے۔ ہر نماز کے بعد ۳-۳ مرتبہ اور عشاء کی نماز کے بعد اکتالیس (۴۱) مرتبہ چالیس (۴۰) روز تک متواتر پڑھے۔ اول آخر ۱۱-۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ چالیسویں روز ایصالِ ثواب کرے اور مٹھائی تقسیم کرے۔ ان شاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ بعدہٗ عامل جب حاضرات کرنا چاہے تو اس سورۃ کا نقش تیار کرے جو کہ مثلث ہے۔ اس کے نویں خانے میں سیاہی بھریں اور وہ نقش مریض کو دیں کہ وہ اس سیاہی بھرے خانے میں غور سے دیکھے اور عامل سورۃ مزمل پڑھنا شروع کرے۔ چند ساعت بعد موکلات حاضر ہونے شروع ہوں جو کہ چار ہوں گے۔ اول کا نام لومائیل ہوگا، دوسرے کا نام لوخائیل ہوگا، تیسرے کا نام رویائیل ہوگا اور چوتھے موکل کا نام طاطائیل ہوگا۔ قواعد کے مطابق حاضرات کرے۔ جنات کو قید کرے یا جلوائے یا چھوڑ دے، یہ عامل کی مرضی پر منحصر ہے۔ نقش سورۂ مزمل شریف یہ ہے:

لومائیل	۷۸۶	لوخائیل
۲۲۸۲۵	۲۲۸۱۸	۲۲۸۲۳
۲۲۸۲۰	۲۲۸۲۲	۲۲۸۲۴
۲۲۸۲۱	۲۲۸۲۶	۲۲۸۱۹

رویائیل طاطائیل

ساحروں اور دشمن پر ان کا جادو واپس پلٹنا سیکھیں

جب سحر مسلسل کا معاملہ ہو تو مریض علاج کرواتا رہتا ہے اور دشمن وار کرتا رہتا ہے اس طرح مریض کی حالت مکمل ٹھیک نہیں ہو پاتی۔ ایسی صورت میں دشمنوں کے اعمال ان پر واپس کر دینا ایک مجرب طریقہ ہے۔ اس پر مستقل عمل کرنے سے مریض کی سحر سے جان چھوٹ جاتی ہے اور آئندہ بہت حد تک حفاظت بھی رہتی ہے۔ شرعاً جادو کا پلٹنا جائز ہے۔

واپسی سحر کورس

کورس کی مدت 3 ماہ ہے

فیس 5000 روپے ہے

اس کورس میں ایسے عملیات سکھائے جاتے ہیں جن کی مدد سے ساحروں اور دشمنوں پر ان کے کئے ہوئے اعمال واپس پلٹے جاتے ہیں۔ یہ کورس صرف عاملین کے لئے ہے۔ عام آدمی یا غیر عامل اگر واپسی کے اعمال کسی ساحر یا جادوگر پر کرے گا تو اس کا شدید نقصان دیکھنے میں آیا ہے۔

وقت کی کمی کے باعث جو افراد چلّہ نہیں کر سکتے، وہ نقد صدقہ -/10000 دے کر مختلف واپسی سحر کورس کے اعمال کی اجازت حاصل کر سکتے ہیں۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان فون: 042-35410586 0320-4661681

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

روحانی دفاع کورس کر کے اپنا، اہل وعیال اور مریضوں کا روحانی دفاع کریں

اس کورس میں عامل کا بنیادی روحانی دفاع مضبوط کیا جاتا ہے جس کی ضرورت جنات اور جادو کے علاج میں پڑتی ہے۔ یہ کورس ان مریضوں کے لئے بھی مفید ہے جو چاہتے ہیں کہ جادو اور جنات سے ہمیشہ کے لئے محفوظ ہو جائیں اور بار بار جادو یا جنات کے اثرات میں مبتلا نہ ہوں۔ اس کورس کو کرنے کے بعد آپ درج ذیل کام کر سکتے ہیں:

ابتدائی کورس: 5000

ماہر کورس: 10000

• .....اپنا، اہل وعیال کا روحانی دفاع کرنا	• .....روحانی مریضوں کا روحانی دفاع کرنا	• .....اپنے گھر اور کسی بھی جگہ کا حصار کرنا
• .....مریض کے گھر جا کر حصار کرنا	• .....مریض کے گھر سے جادو اور جنات کو اور ان کے اثرات کو نکالنا	

اس کورس میں آٹھ چلّے کروائے جاتے ہیں۔ ان تمام اعمال کو صحیح طرح مکمل کرنے کے بعد عامل اپنا، اپنے اہل وعیال کا اور اپنے روحانی مریضوں کا دفاع کرنے کے قابل ہو جاتا ہے۔ ابتدائی کورس کی وجہ سے دور کے روحانی مریضوں کا دفاع اتنا مضبوط نہیں ہوتا یعنی عامل حصار اپنے گھر بیٹھے حصار لگائے اور روحانی مریض دور ہو تو بہت زیادہ فائدہ نہیں ہوتا۔ البتہ ایک ہی شہر میں ہوں تو حصار اچھا لگ جاتا ہے۔

کورس مکمل کرنے پر عامل دوسرے لوگوں کو بھی کچھ اعمال کا عامل بنا سکتا ہے۔ مزید تفصیل کے لئے رابطہ کریں:

رابطہ روحانی درسگاہ ناظم: 0346-4661681 نائب ناظم: 0345-4661681 فون: 042-35410586 0320-4661681

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah.blogspot.com, ruhanidarsgah@gmail.com

راولپنڈی میں روحانی کلاس اور گولڑہ شریف میں حاضری

مولانا سلیم اللہ ظفر (ناظم روحانی درسگاہ)

راولپنڈی اور اسلام آباد سے تعلق رکھنے والے دارالعمل کی روحانی درسگاہ کے طلباء کرام کے شدید اصرار اور دیرینہ خواہش پر استاد العاملین حضرت ڈاکٹر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ، سرپرست دارالعمل چشتیہ و مدیر اعلیٰ ماہنامہ خزینہ روحانیات روحانی لیکچر و روحانی کلاس کیلئے راولپنڈی تشریف لے گئے۔ راقم اور قاری ممتاز صاحب بھی ہمراہ تھے۔ 13 جولائی بروز جمعرات بعد نماز مغرب تا بعد نماز عشاء ایک مختصر اور پراثر نشست جامع مسجد سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، مصریال روڈ، راولپنڈی میں منعقد ہوئی۔ جس میں استاد العاملین حفظہ اللہ نے دور حاضر میں فن عملیات کے ماہرین کی اشد ضرورت اور بعض مفتیان کرام کی بلاوجہ تنقید، غیر قرآنی اعمال کی شریعت مطہرہ کی روشنی میں جواز، صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین، بزرگان دین، صوفیاء کرام اور اکابرین علماء کرام سے ثبوت موجود ہونے پر مفصل، مدلل اور جامع گفتگو فرمائی۔

دورانِ گفتگو حضرت نے فرمایا کہ جو اعمال غیر شرعی، بے ہودہ اور غلط کلام پر مبنی ہیں ان کا کرنا، سیکھنا اور سکھانا حرام ہے۔ اس میں کسی کا کچھ بھی اختلاف نہیں ہے۔ لیکن اس کی آڑ میں ہر عمل کو غیر شرعی اور غلط کہنا بھی لاعلمی، کم علمی اور جہالت کی باتیں ہیں۔ عملیات چونکہ ایک فن ہے اور اکابر نے اس بات کو بہت ہی واضح الفاظ میں لکھا اور بیان فرمایا ہے کہ عملیات دین کا حصہ نہیں ہیں۔ عملیات کو دین کہنا، دین سمجھنا یا دین کا حصہ سمجھنا سراسر جہالت ہے۔ دیگر فنون کی طرح فن عملیات پر گفتگو کرنے، بحث کرنے، تبصرہ کرنے، بیان کرنے اور فتویٰ دینے سے پہلے اس فن کے متعلق پورے اصول، قواعد وضوابط، الفاظ، طریقہ کار پر غور کرنا اور اس فن کے ماہرین سے مکمل گفت وشنید کے بعد کچھ کہنا، کچھ لکھنا اور بیان کرنا تو ٹھیک ہوگا بصورت دیگر سوائے اپنا اور دوسروں کا وقت ضائع کرنے کے کچھ بھی نہیں ہے۔

14 جولائی بروز جمعۃ المبارک بعد نماز جمعہ تا قبل از نماز مغرب استاد العاملین حفظہ اللہ جامع مسجد سیدنا اسماعیل گرڈ اسٹیشن آئی ٹین تھری، اسلام آباد میں تشریف فرما رہے۔ جامع مسجد سیدنا اسماعیل اسلام آباد میں جانے سے پہلے آستانہ گولڑہ شریف جانے کی سعادت نصیب ہوئی۔ آستانہ گولڑہ شریف کیا ہے؟ اور وہاں کون سی عظیم ہستی آرام فرما ہے؟ آپ یقیناً جانتے ہوں گے لیکن چند الفاظ تاجدارِ گولڑہ شریف کے متعلق لکھ کر ان کے خدام میں شمولیت کی سعادت بھی ضروری ہے۔

قارئین کرام! گولڑہ شریف میں کشور ولایت، نیر تاباں، آفتاب شریعت وطریقت، تاجدار علم ومعرفت، مجدد دین وملت، خاندان سادات کے چشم وچراغ حضرت پیر سید مہر علی شاہ صاحب چشتی گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ اپنی عظیم اولاد کے ساتھ، اپنے عظیم والدین اور عظیم رشتہ داروں کے ساتھ آرام فرما ہیں۔ دیگر عظیم شخصیات کے ساتھ میری اور استاد العاملین کی محبوب شخصیت حضرت کی اولاد حضرت سید پیر نصیر الدین نصیر رحمۃ اللہ علیہ، جو اتحاد امت کی ایک بہترین مثال تھے۔ حضرتؒ بے مثال واعظ، بے مثال خطیب، بے مثال شاعر، بے مثال مصنف، بے مثال ادیب، بے مثال پیر، بے مثال قاری قرآن، بے مثال نعت خوان اور لاکھوں بے مثال خوبیوں کے مالک تھے۔ اللہ تعالیٰ ان سب حضرات پر لاکھوں، کروڑوں اپنی رحمتوں کا نزول خاص فرمائے۔ حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا سلسلہ نسب 25 واسطوں سے امام الاولیاء حضرت غوث الاعظم سیدنا عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ سے اور 36 واسطوں سے نواسان رسول ﷺ حضرت سیدنا امام حسنؓ و حضرت سیدنا حسینؓ سے جا ملتا ہے۔ 1890ء میں حضرت پیر صاحبؒ زیارت حرمین شریفین کیلئے تشریف لے گئے۔ مکہ المکرمہ میں حضرت پیر صاحبؒ کی ملاقات عارف ربانی حضرت (بقیہ ص ۹)

حاضری دیوی کے چند خاص اعمال

تیمر احمد بی۔اے۔(کراچی)

تسخیر نیلی دیوی

عمل: میرا کاکین آڑبن مِترا

ترکیب: اس عمل کو سورج گرہن یا چاند گرہن میں کیا جاتا ہے۔ اس عمل کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اسے گھر میں کریں یا آبادی سے باہر، نہر ہو یا دریا ہو، ہر جگہ کارآمد ہے۔ عمل کے دوران کوئی دوسرا نہ آئے۔ عمل کی زکوٰۃ مکمل یکسوئی و توجہ سے ادا کریں۔

اس عمل کو صرف اور صرف 382 مرتبہ پڑھنا ہے۔ جس روز سورج گرہن ہو یا چاند گرہن ہو، اس روز ناشتہ یا کھانا کم کھائیں۔ عمل سے پہلے غسل کریں اور اپنی مخصوص جگہ بیٹھ جائیں اور عمل کا ورد شروع کردیں۔ چند لمحوں میں آپ کے کندھے بھاری ہونے لگ جائیں گے اور سر درد کرنا شروع کردے گا۔ بس سمجھ لیں کہ عمل کامیاب ہوگیا۔ یہ غیبی والہامی حاضرات ہے۔ چند مرتبہ عمل پڑھیں۔ جب اثرات محسوس ہوں تو کام کا کہہ دیں۔ فوراً کام ہوجائے گا اور جسم نارمل ہوجائے گا۔

حاضری دیوی

عمل: سوار سوار۔ من سوار۔ دیوی پری کُفر دیوار۔ سونے کا کوٹ چاندی کا کواڑ۔ دائیں دست پر جبرائیلؑ، بائیں دست پر میکائیلؑ۔

ترکیب: اس عمل کو سورج گرہن یا چاند گرہن میں کریں اور مذکورہ بالا عمل کو دس ہزار مرتبہ پڑھیں۔ جہاں لفظ دائیں دست آئے تو دائیں ہاتھ کو دیکھیں، جب آئے بائیں دست تو بائیں ہاتھ کو دیکھیں۔ باقی عمل کے دوران سامنے دیکھیں۔ ہاتھ پھیلا کر بیٹھنا ہے سامنے کی طرف۔ جب عمل ختم ہوگا تو ایک نہایت ہی حسین و جمیل عورت زیور سے لدی ہوئی آئے گی۔ اسے پہلے سلام عرض کریں۔ وہ جواب دے گی۔ اگر جواب نہ دے تو تھوڑی دیر آنکھیں بند کرکے عمل پڑھنا شروع کردیں۔ پانچ منٹ کے اندر اندر خود بات کرنا شروع کردے گی۔ قول و قرار طے کرلیں، نشانی وغیرہ لے لیں اور بلانے کا طریقہ وغیرہ بھی پوچھ لیں۔ لاجواب تحفہ ہے۔ کامل یقین ہے کہ آپ ہر فکر و معاشی تنگی سے آزاد ہوجاؤ گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

حاضرات دیوی

عمل: چوہڑی آئی زار و زار جھاڑو دیوے اندر باہر

ترکیب: نوچندی منگل رات 12 بجے منہ شمال مشرق، روزانہ صرف 108 مرتبہ پڑھیں۔ جوگی رنگ کا لباس زیب تن کریں۔ اس عمل کی شرط یہ ہے کہ اسے کسی قبرستان یا ویران جگہ پر کریں۔ گھر میں ہرگز نہ کریں۔ ورنہ گھر کو ویران کردے گی۔

41 یوم روزانہ بلاناغہ پڑھیں۔ کوئی پرہیز نہیں ہے۔ عمل شروع کرنے سے پہلے سرخ رنگ کی مٹھائی، ایک عدد میٹھا پان اور سیندھور مٹی کے کونڈے میں رکھ کر اور چند عدد گیندے کے پھول رکھ کر چلتے پانی میں بہادیں اور 3 مرتبہ کہیں ”لے چوہڑی اپنی بھینٹ اور میرے پاس آ“۔ گیارہویں روز سے آنے لگ جائے گی۔ کوئی نقصان نہیں دے گی۔ باتیں کرے گی مگر آپ جواب نہ دینا۔ اکتالیس روز قول و قرار کرلیں۔ (اجازت لازمی لیں)۔

حاضرات برائے کالی ماتا

عمل: کالی کالی ماں کالی، اندر کی بیٹی برہما کی سالی، کھائے پان بجائے تالی، جا بیٹھے پیپل کی ڈالی، کرے پیار مارے لاٹھی، چلے منتر پھرے منتر، دیکھوں ماں تیری حاضری کا تماشا

طریقہ: کالا کپڑا زمین پر بچھا کر اس کپڑے پر سفید رنگ کی پلیٹ رکھیں اور اس میں سفید رنگ کی موم بتی جلائیں۔ پلیٹ کو اپنے سے دو فٹ دور رکھیں اور خود کالا کپڑا لپیٹ کر موم بتی کی لو میں دھیان رکھ کر عبارت بالا کو 313 بار پڑھیں۔ پہلے روز ہی بال کھولے کالا لباس پہنے ہوئے چراغ کی لو میں نظر آئے گی۔ 21 روز تک روزانہ ایک عدد سفید پھولوں کا گجرہ، ایک عدد میٹھا پان پاس رکھیں۔ صبح پان خود کھالیا کریں اور گجرہ پانی میں بہادیا کریں۔ اس عمل میں کوئی پرہیز نہیں۔ جب حاضر ہو تو پان اسے دے دیں اور گجرہ پہنادیں اور قول و قرار کرلیں۔ (نوٹ: اجازت لینا لازمی ہے)

رزق کی برکت کے وظائف

تحفہ سید احمد شہید رحمۃ اللہ علیہ

سعدی کے قلم سے

اللہ تعالیٰ ''رزق کی تنگی'' سے ہم سب مسلمانوں کی حفاظت فرمائے۔ حضرت سیّد احمد شہید رحمہ اللہ نے کئی غریب، فقیر اور پریشان حال مسلمانوں کو روزی میں برکت کے وظیفے بتائے اور بعض لوگوں کو روزی میں برکت کے طریقے بھی ارشاد فرمائے۔ ماشا اللہ، ان تمام مسلمانوں کو ان وظیفوں اور طریقوں پر عمل کرنے سے فائدہ ہوا اور اللہ تعالیٰ نے اُن کی تنگی اور پریشانی دُور فرمادی۔ دراصل حضرت سیّد صاحب رحمہ اللہ کو دو چیزوں کا بے حد شوق تھا۔ ۱ جہاد ۲ مخلوق کی خدمت

حضرت ندوی رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں:

''آپ رحمہ اللہ کو بچپن ہی سے مردانہ اور سپاہیانہ کھیلوں کا شوق تھا۔ سن بلوغ کو پہنچے تو خدمتِ خلق کا ایسا ذوق پیدا ہوا کہ اچھے اچھے بزرگ حیران رہ گئے۔ ضعیفوں، محتاجوں اور بیواؤں کی خدمت کرنے کا جذبہ، اس کے ساتھ عبادت، ذکر الٰہی کا ذوق بہت بڑھا ہوا تھا۔ ورزش اور مردانہ کھیلوں کا بہت شوق تھا۔ پانچ پانچ سو ڈنڈ لگاتے تھے اور تیس تیس سیر کے گرز گھماتے۔ تیرنے اور پانی میں دیر تک ٹھہرنے کی مشق کرتے (جب ایمان کی بہار آئی، تسہیل)۔

اسلام کے اہم ترین فریضے ''جہاد فی سبیل اللہ'' کے بارے میں آپ رحمہ اللہ کی خدمات کا سلسلہ تو ابھی تک جاری ہے۔ اس پر بہت کچھ لکھا جا چکا ہے اور ان شا اللہ، آئندہ بھی لکھا جاتا رہے گا۔ آج کی مجلس میں حضرت سیّد صاحب رحمہ اللہ کے اُن وظائف اور طریقوں کا تذکرہ کرتے ہیں جو آپ رحمہ اللہ نے روزی کی تنگی اور پریشانی میں مبتلا افراد کو تلقین فرمائے۔ ان وظائف سے پہلے چند ضروری باتیں:

روزی کی تنگی کی کئی قسمیں

روزی میں تنگی کی کئی قسمیں ہیں اور ہر قسم دوسری سے زیادہ تکلیف دہ ہے:

۱ ..... مال و اسباب کی اتنی کمی کہ اہم ضروریات بھی پوری نہ ہوں۔ یہ بھی رزق کی تنگی ہے۔

۲ ..... دل میں اتنی لالچ اور حرص پیدا ہو کہ جتنا بھی ملے کم محسوس ہو۔ یہ بھی رزق کی تنگی ہے۔

۳ ..... مال بہت ہو مگر اس مال سے کوئی فائدہ نہ ہو۔ سارا مال ایک کاروبار کے بعد دوسرے کاروبار میں لگتا جائے۔ مٹی اور گارے میں ضائع ہوتا رہے۔ اور مال کے مالک کو اس مال سے کوئی آرام، آسائش اور راحت نہ ہو بلکہ الٹی تکلیف، پریشانی اور تھکاوٹ ہو۔ یہ بھی رزق کی تنگی ہے۔

۴ ..... رزق تو پورا ملے مگر اسراف، فضول خرچی اور لاپرواہی کی عادت ہو جس کی وجہ سے قرضوں پر قرضے چڑھتے جائیں اور انسان دوسرے انسانوں کے سامنے رسوا ہوتا رہے۔ یہ بھی رزق کی تنگی ہے۔

۵ ..... مال موجود ہو مگر دل میں اتنا بخل پیدا ہو جائے کہ ہر روپیہ خرچ کرنے پر تکلیف ہو اور اس کی وجہ سے اپنی اور اپنے اہل و عیال کی ضروریات تک پوری نہ کرسکتا ہو۔ یہ بھی رزق میں تنگی کی ایک قسم ہے۔

رزق میں تنگی کے بعض اسباب

رزق میں تنگی کے کئی اسباب ہیں مثلاً

۱ ..... اجتماعی اموال یا کسی اور کے مال میں خیانت کرنا۔ حضرت سیّد صاحب رحمہ اللہ جب نواب امیر الدولہ کے لشکر میں تھے تو آپ رحمہ اللہ کو خواب کے ذریعہ معلوم ہوا کہ لشکر کے ہاتھی کا جو نگران ہے، وہ ہاتھی کے حق میں خیانت کرتا ہے یعنی نواب صاحب رحمہ اللہ اُسے ہاتھی کے لئے جتنا خرچہ دیتے تھے، وہ پورا ہاتھی کو نہیں کھلاتا تھا، کچھ حصہ خود ہڑپ کر جاتا تھا۔ چنانچہ وہ جہادی ہاتھی بھوکا رہ جاتا تھا۔ سیّد صاحب رحمہ اللہ کو حکم ملا کہ اس کو

سمجھائیں ورنہ وہ سخت مصیبت میں گرفتار ہوگا۔ اتفاق سے اُس نگران نے حضرت سیّد صاحب رحمہ اللہ کی دعوت کی اور درخواست کی کہ میری روزی میں بہت تنگی ہے، کچھ پورا نہیں پڑتا، آپ میرے لئے سفارش کریں۔ حضرت سیّد صاحب رحمہ اللہ نے فرمایا ”آپ اس ہاتھی کا حق پورا اس کو کھلایا کریں، ان شاء اللہ چند دن میں خوب روزی ملے گی۔“ انہوں نے فوراً خیانت سے توبہ کی اور چند دن بعد ماشاء اللہ مالا مال ہو گئے۔ اگر آپ نے یہ دلچسپ واقعہ پورا پڑھنا ہے تو وقائع ص ۱۵ تا ص ۳۵ پر ملاحظہ فرمائیں۔

❷..... بعض اوقات کسی گناہ کی وجہ سے رزق میں تنگی آجاتی ہے۔ اس لئے اگر استغفار کا معمول بنایا جائے اور صدقہ وغیرہ دیا جائے تو وہ تنگی فوراً دور ہو جاتی ہے۔ جس طرح کسی پائپ میں کچرا آجائے تو پانی رُک جاتا ہے۔ جب وہ کچرا دور کر دیا جائے تو پانی جاری ہو جاتا ہے۔ حضرت سیّد صاحب رحمہ اللہ جب نواب امیر الدولہ مرحوم کے لشکر میں تھے تو اسلحہ کے کچھ تاجر آئے اور انہوں نے آپ رحمہ اللہ کے پاس قیام کیا۔ کئی دنوں بعد انہوں نے شکایت کی کہ ہمارا اسلحہ فروخت نہیں ہو رہا اور کھانے پینے کا خرچ الٹا ہم پر پڑ رہا ہے۔ حضرت سیّد صاحب رحمہ اللہ نے اُن سے کہلوایا کہ وہ اگر اپنی تیر کمانوں میں سے سب سے بہترین کمان اور ایک ترکش اُس مجاہد کو دے دیں، جس کا ہم نام بتائیں تو ان شاء اللہ اُن کا تمام سامان فروخت ہو جائے گا اور مزید مال بھی ملے گا۔ انہوں نے اس نسخہ پر عمل کیا تو فوراً اُن کا تمام اسلحہ فروخت ہو گیا اور نواب صاحب نے اُن کو مزید انعام بھی دیا۔ تاجر لوگ اگر اسی طرح جہاد میں قیمتی مال خرچ کریں اور غریب مسلمان بھی اپنا کچھ نہ کچھ مال جہاد میں لگایا کریں تو اس سے اُن کے گناہ معاف ہوں گے اور ان شاء اللہ روزی میں بہت برکت ہوگی۔

❸..... فجر کے بعد سورج نکلنے سے پہلے سونا، فجر کی نماز قضا کرنا، قرض لے کر واپس نہ لوٹانا، اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کے مال پر نظر رکھنا کہ وہ ہمیں دے۔ یہ بھی رزق کی تنگی کے اہم اسباب ہیں۔

رزق کی برکت کے وظائف

اسماء الحسنیٰ کا عمل

حضرت سیّد صاحب رحمہ اللہ کو "جہاد فی سبیل اللہ" کی برکت سے اتنی اونچی نسبت اور مقام حاصل تھا کہ آپ رحمہ اللہ کے شیخ، امام المحدثین حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب رحمہ اللہ بھی اپنے مریدوں اور رشتہ داروں کو اصلاح، دعاء اور توجہ کے لئے حضرت سیّد صاحب رحمہ اللہ کے پاس بھیجتے تھے۔ ایک بار حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ کے کچھ رشتہ داروں نے رزق کی تنگی کی شکایت کی تو حضرت سیّد صاحب نے اُن کو برکت والے روپے دیئے اور اُن کے ساتھ دو افراد اور تھے، اُن کو یہ وظیفہ ارشاد فرمایا:

اکتالیس دن تک ہر روز یَا مُغْنِیُ اور یَا بَاسِطُ گیارہ گیارہ ہزار بار پڑھیں یعنی گیارہ ہزار بار یَا مُغْنِیُ اور گیارہ ہزار بار یَا بَاسِطُ اور اس وظیفہ کے اوّل اور آخر میں سات سات بار درود شریف اور سورہ فاتحہ پڑھیں۔ اکتالیس دن کے بعد یہ عمل بند کر دیں۔ اُن حضرات نے یہ عمل کیا تو ماشاء اللہ چند دن بعد اُن کی تمام تنگی بہت عجیب طریقہ سے دور ہو گئی۔ یہ پورا قصہ وقائع احمدی کے صفحہ ۹۲۱ پر مرقوم ہے۔

بسم اللہ کا عمل

ایک صاحب جن کا نام "محمد میاں" تھا، انہوں نے حضرت سیّد صاحب رحمہ اللہ اور آپ کے رفقاء کی دعوت کی اور پھر انہوں نے اور ایک دوسرے صاحب نے آپ رحمہ اللہ کی خدمت میں اپنی پریشانی عرض کی کہ ہماری قدیم جاگیریں انگریز حکومت نے ضبط کر لی ہیں، جبکہ ہمارے اخراجات اپنی پرانی طرز پر جاری ہیں، جس کی وجہ سے ہم ہمیشہ قرضدار رہتے ہیں۔ حضرت ہمیں ایسی دعا بتادیں کہ جس کی برکت سے اللہ تعالیٰ قرض سے نجات بخشے اور ہماری گزر بسر خوبی سے چلے۔ حضرت سیّد صاحب رحمہ اللہ نے ان میں سے ایک شخص کو یہ مؤثر اور طاقتور وظیفہ ارشاد فرمایا:

پانچ سو بار درود شریف پڑھ کر گیارہ سو بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھیں

اور آخر میں پھر پانچ سو بار درود شریف پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کا مقصد پورا کرے گا۔ (وقائع ص ۱۷۱)

سعدی فقیر عرض کرتا ہے کہ یہ عمل رزق میں برکت کے علاوہ اور بھی بہت سی پریشانیوں اور مسائل کا حل ہے۔ شرط یہ ہے کہ اخلاص اور توجہ سے کیا جائے۔

اَللّٰہُ الصَّمَدُ کا عمل

ایک شخص نے حضرت سیّد صاحب رحمہ اللہ سے عرض کی کہ میں روزی سے بہت تنگ حال ہوں، کچھ ایسا عمل ارشاد فرمائیں کہ روزی کشادہ ہو جائے۔ آپ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: تم ہر روز گیارہ سو مرتبہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ پڑھا کرو۔ اوّل آخر درود شریف جتنی بار ہو سکے۔ اللہ تعالیٰ تمہاری روزی میں برکت کرے گا، ان شاء اللہ۔ (وقائع ص ۵۴۱)

"اَللّٰہُ الصَّمَدُ" کا یہ عمل بہت نافع اور مجرب ہے۔

قرآنی آیت مبارکہ کا عمل

ایک شخص نے حضرت سیّد صاحب رحمہ اللہ سے رزق میں وسعت اور برکت کا عمل پوچھا تو آپ رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا:

تم گیارہ سو بار یہ آیت پڑھا کرو

اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنُ

اوّل آخر درود شریف۔ (وقائع ص ۵۴۱)

قرآنی آیت کا یہ عمل بہت مبارک، مفید اور قوی ہے۔

دنیا و آخرت دونوں کی فلاح کا عمل

"ناگور" کے ایک میاں جی، جن کا نام خدا بخش تھا اور وہ بچوں کو قرآن پاک پڑھاتے تھے، حضرت سیّد صاحب رحمہ اللہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ آپ میرے واسطے دعاء کریں کہ اللہ تعالیٰ مجھ سے راضی ہو اور دین و دنیا میں مجھ کو فلاح و کامیابی دے۔ حضرت سیّد صاحب رحمہ اللہ نے ہنس کر فرمایا کہ تم تو آپ میاں جی ہو! اور تم کو معلوم ہے کہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا خزانہ ہے، اسی میں سے کوئی آیت پڑھا کرو۔ انہوں نے عرض کی کہ بے شک قرآن مجید نعمتوں کا خزانہ ہے مگر آپ جس آیت کی اجازت دیں، میں پڑھا کروں۔ سیّد صاحب رحمہ اللہ نے فرمایا:

ہر روز گیارہ سو بار یہ آیت پڑھا کریں

اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنُ

اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔

اللہ تعالیٰ تمہارا دنیا کا مقصد پورا فرمائے گا اور آخرت کی فلاح اور کامیابی کے لئے یہ آیت پڑھا کرو

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ (وقائع ص ۳۵۶)

راوی کہتے ہیں کہ کچھ عرصہ بعد میری "میاں صاحب" سے ملاقات ہوئی تو ماشاء اللہ بہت خوشحال اور فارغ البال تھے۔

روحانی درسگاہ کے تمام طلباء وطالبات اس پورے واقعے کو بغور پڑھیں۔اس کی تمام باتوں پر غور کریں۔اپنے اعمال نہ چلنے میں اور دیگر ہر قسم کی بندشوں، رجعتوں اور ناکامیوں میں دیگر عوامل پر غور کرنے کے ساتھ ساتھ اس بات کی طرف لازمی توجہ دیں، غور کریں، فکر کریں کہ کہیں آپ کا رابطہ یا آپ کا تعلق اپنے ادارے، اپنی درسگاہ، اپنے استاد حضرت ڈاکٹر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کے کسی مخالف، حاسد، دشمن کے ساتھ تو نہیں ہے۔اگر نہیں ہے تو شکر کریں بصورت دیگر فکر کریں۔رابطہ ختم کریں، تعلق منقطع کریں اور ہر قسم کی رجعت اور بندش سے، جو آپ کے اپنے جنات، آپ کے اپنے اعمال کی غیبی روحانی مخلوق، لگائے گی اور آپ الزامات ہم پر یا ادارے پر یا روحانی درسگاہ پر یا حضرت استاد جی کی طرف منسوب کریں گے تو یہ آپ کی بہت بڑی غلط فہمی، خام خیالی اور بہت بڑی الزام تراشی اور بہت بڑا جھوٹ اور بہتان ہوگا۔جیسا کہ آپ نے اس واقعہ میں پڑھا کہ کراچی کے یہ مولانا صاحب جب وہاں گئے تو ان کا جانا ہمارے علم میں نہیں تھا۔ان صاحب نے مولانا کو چہل کاف باموکل کی اجازت دی، یہ بھی ہمارے علم میں نہیں تھا۔اس کا چلہ کیا یا نہیں کیا، یہ بھی ہمارے علم میں نہیں تھا۔یہ عمل انہوں نے کب لیا، یہ بھی ہمارے علم میں نہیں تھا۔کتنا ہدیہ یا فیس یا بغیر فیس جیسے بھی لیا، یہ ہمارے علم میں نہیں تھا۔اس عمل کی اجازت کیلئے وہ کب گئے، کیسے گئے، کس کے ساتھ گئے، کس وقت گئے، کس دن گئے، واللہ یہ سب کچھ ہمارے علم میں نہیں تھا۔اور نہ ہی ہمیں کسی کی جاسوسی کی ضرورت ہے۔نہ ہی ہمیں کسی کے عمل خراب کرنے کی ضرورت ہے۔نہ ہی ہمیں کسی کا پیچھا کرنے کی ضرورت ہے، نہ ہی ہمیں کسی کو زبردستی عمل دینے کی ضرورت ہے۔نہ ہی عمل لینے کی ضرورت ہے اور نہ ہی چند ٹکوں، چند روپوں، چند پیسوں کی خاطر اپنی آخرت اور دوسروں کی دنیا برباد کرنے کی ضرورت ہے۔یہ کام انہی کو مبارک ہو جو اس کام میں مگن ہیں، کوشاں ہیں اور دن رات حصول پیسہ کی خاطر سچ جھوٹ، دھوکہ بازی، فراڈ بازی میں ایسے لگے ہوئے ہیں کہ شاید ان کو موت اور آخرت بھول گئی ہے۔عزیز طلباء وطالبات! آپ تمام تر اختلافات، سازشوں سے بالاتر ہو کر سوچیں اور غور کریں کہ آپ نے جتنے بھی اعمال روحانی درسگاہ سے لیے، سیکھے اور یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ ان کی ریاضت اور چلہ کشی کی، ان سب میں آپ کے استاد حضرت ڈاکٹر صاحب ہیں۔خواہ آپ کا تعلق، رابطہ، ملاقات بطور ناظم روحانی درسگاہ مجھ سے ہو، سابقہ ناظمین سے ہو یا ادارے کے کسی بھی فرد یا ذمہ دار سے ہو۔آپ کو بخوبی علم ہونا چاہیے کہ آپ کے تمام اعمال کے اور ادارہ کی روحانی درسگاہ سے تمام تر سکھائے جانے والے اعمال کے استاد صرف اور صرف استاد العالمین حضرت ڈاکٹر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ ہی ہیں۔ان اعمال کی ریاضت اور چلہ کشی کی تکمیل کے بعد آپ کو ملنے والی غیبی روحانی مخلوق بھی حضرت استاد جی کی طرف سے ہی آپ کے پاس آتی ہے اور وہ روحانی غیبی مخلوق تمام طلباء وطالبات سے کہیں زیادہ حضرت استاد جی کی عقیدت مند اور تعلق والی ہوتی ہے۔جب کوئی طالب علم حضرت استاد جی کی مخالفت، ادارے کے قوانین کی مخالفت اور حضرت استاد جی کے مخالف، ادارے کے مخالف، روحانی درسگاہ کے مخالف سے رابطہ، تعلق، دوستی، نسبت رکھے تو کیا وہ غیبی مخلوق آپ سے محبت، آپ کے اس فعل سے محبت، آپ کے ان کاموں سے محبت کریں گے یا نفرت کریں گے؟ آپ کا ساتھ دیں گے یا آپ کے مخالف ہو جائیں گے؟ اس کا فیصلہ آپ خود کرلیں۔ایسے تمام معاملات سے ادارہ بری الزمہ ہے۔نہ ہی ادارے کو ایسی سازشیں اور حرکتیں کرنے کی ضرورت ہے۔امید ہے کہ تمام نئے پرانے طلباء وطالبات میری ان گذارشات کو سمجھ گئے ہوں گے اور کسی بھی غلط فہمی کا شکار نہیں ہوں گے اور کبھی بھی کوئی ایسا کام نہیں کریں گے جس سے وہ پریشانیوں کا شکار ہوں۔اگر کسی طالب علم سے ایسی کچھ غلطی ہوگئی ہو اور اس کو اس کا احساس بھی ہو گیا ہو اور وہ معذرت اور معافی کا طلبگار ہو تو اس کیلئے ادارے کے، روحانی درسگاہ کے، استاد العاملین حضرت ڈاکٹر صاحب کے دروازے کشادہ ہیں۔صبح کا بھولا شام کو واپس آجائے تو اسے بھولا نہیں کہتے۔اللہ ﷻ عمل کی، اپنے ادارے اور اپنے استاد کی قدر کی توفیق عطا فرمائے۔آمین

تعویذ حفظِ جان

نئے اسلامی سال کا خاص تحفہ

ہر قسم کی زمینی و آسمانی آفات و بلیات سے حفاظت کا خاص مجرب تعویذ

کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی سارا سال اغوا، قتل، ڈاکے، چوری، حادثات، گولی، بم بلاسٹ، ہر قسم کے لڑائی جھگڑے، جادو، جنات اور نظر بد کے برے اثرات سے حفاظت رہے تو اپنی، اپنے گھر والوں، اپنے کاروباری عملے، اپنے مال، مویشی، کھیتی باڑی، جائیداد، ٹرانسپورٹ اور دیگر ضروریات زندگی کی مکمل حفاظت کیلئے تعویذ حفظ جان لازمی بنوائیں اور پھر ملاحظہ فرمائیں کہ کس طرح زندگی کے ہر موڑ پر آپ کی غیبی حفاظت ہوتی ہے۔

نوٹ: یہ تعویذ سال میں صرف ایک دن یکم محرم الحرام کو تیار کیا جاتا ہے۔ تعویذات محدود تعداد میں تیار کیے جاتے ہیں۔ جو افراد دلچسپی رکھتے ہوں وہ یکم محرم سے پہلے رابطہ فرمائیں۔

تعویذ کا بدیہ: نام مع والدہ کے نام کے اعداد کے برابر

روحانی دکان 0334-4312272, 042-35410586

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

بہترین کوالٹی کے نگینوں کی ورائٹی

ستاروں کے نیک اثرات میں اضافے اور بد اثرات کو دور کرنے کیلئے ستاروں کی مناسبت سے نگینے بہت فائدہ مند ہوتے ہیں۔ زائچہ میں سیاروں کی حالت اور طالع کے مطابق ہی مناسب نگینے کا چناؤ کرنا چاہیے ورنہ کئی دفعہ غلط نگینہ پہننے سے فائدہ کے بجائے نقصان کا اندیشہ ہوتا ہے۔ ہمارے ہاں ہر قسم کے اصل نگینے انگوٹھی میں پہننے کیلئے دستیاب ہیں۔ ہمارے ہاں فیروزہ، لاجورد، یاقوت، درنجف، نیلم، پکھراج، عقیق، زرقون، سلیمانی عقیق، عقیق، سنگ مریم، گومیدک اور بہت سی اقسام کے نگینے دستیاب ہیں جو آپ کے ستاروں سے ملتے ہیں۔ اپنے ستاروں کے حساب سے اپنے نام کا نگینہ بھی ہم سے نکلوا سکتے ہیں۔ رعایتی قیمت پر نگینہ حاصل کرنے کے لیے یا اپنے نام کا نگینہ معلوم کروانے کے لیے رابطہ کریں۔

روحانی دکان 0334-4312272, 042-35410586

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

"انسان کا کام تدبیر کرنا ہے نتیجہ مرتب کرنا صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے، لہٰذا رجوع الی اللہ کبھی نہ چھوڑیں"

سفر اور رزق کی بندش: کاروبار نہ چلنا، ملازمت کا نہ ملنا یا مل کر چھوٹ جانا، کاموں کے بنتے بنتے بگڑ جانا، بیرون ملک جانے میں رکاوٹ اور بندش کا سامنا۔

گھریلو مسائل: خاوند، بیوی اور بچوں میں ناچاقی اور طلاق تک نوبت۔

رشتوں کی بندش: جوان اولاد کے رشتے نہ ملنا، پسند نہ آنا یا پسند کے بعد انکار ہو جانا، منگنی کے بعد نکاح یا نکاح کے بعد رخصتی میں رکاوٹ۔

صحت کی بندش: بیماری کا علاج کے باوجود ٹھیک نہ ہونا یا بار بار بیمار ہونا، تمام لیبارٹری ٹیسٹ کے درست ہونے کے باوجود بھی صحت کا بحال نہ ہونا۔

اولاد کی بندش: اولاد کا نہ ہونا یا پیدا ہو کر مر جانا، پیدائشی طور پر بچوں میں مختلف قسم کی بیماریاں پیدا ہونا، صرف لڑکیاں ہی پیدا ہونا، نرینہ اولاد کیلئے۔

اولاد کے مسائل: نافرمانی، بدزبانی، دیگر غلط عادات اور سوسائٹی کے شکار افراد۔

معاشرتی مسائل: قرض کی ادائیگی، کسی شخص کا جائز کام میں رکاوٹ بننا، قرض واپس نہ کرنا، دشمن ہو جانا، پیسے یا چیزیں مثلاً دکان، مکان پر قبضہ کر لینا وغیرہ۔

تدبیر ہماری تقدیر تمہاری

کشائش رزق، بندش کاروبار، بندش رشتہ و ہر قسم کی بندش اور تمام پریشانیوں کے حل کیلئے اعتماد سے رابطہ فرمائیں۔

نوٹ ملاقات کیلئے فون پر وقت ضرور طے کر لیں

اب مولانا صاحب ہفتے کے 7 دن مریضوں سے ملاقات کریں گے۔

طبیب روحانی و جسمانی

مولانا ڈاکٹر علی آفاق

(ڈی۔ایچ۔ایم۔ایس)

خیر و برکت:۔ گھر، دکان، فیکٹری اور دفتر کی خیر و برکت کیلئے

Mobile: 0321-4168008

www.afaqspiritualclinic.com

facebook.com/afaqspiritualclinic

77/C، ماڈل ٹاؤن لاہور۔

دورانِ ملازمت امانت میں خیانت کی صورتیں

تنویر احمد

یوں تو انسانی زندگی کا شاید ہی کوئی شعبہ ایسا ہو جہاں امانت کی حقیقت اور اس کا حکم نہ پایا جائے لیکن فی الحال ہمارے پیشِ نظر ایک ملازم کو دورانِ ملازمت جن معاملات سے واسطہ پڑتا ہے، ان میں امانت اور خیانت کی ان مروّجہ صورتوں کو بیان کرنا ہے، جن کے بارے میں بعض اوقات ہمارے ذہنوں میں خیال بھی نہیں آتا کہ یہ بھی امانت ہے اور ان معاملات میں امانت کا پہلو مدِ نظر رکھنا چاہیے۔

کسی ادارہ میں ایک ملازم (Employee) کی حیثیت وکیل (Agent) اور امین کی ہے۔ جس کے پاس اپنے ادارے کی مختلف امانتیں ہوتی ہیں۔

1۔ کمپنی کی پالیسیاں

جن افراد کو ملازمین کی بھرتی / تقرری کا اختیار دیا گیا ہے، ان کا کمپنی کی پالیسیوں کو نظر انداز کر کے محض ذاتی تعلق یا رشتہ داری کی بناء پر کسی کو بھرتی کرنا خیانت کے مفہوم میں داخل ہے۔

2۔ مقررہ وقت (Duty time)

ملازم نے جتنے وقت کی خدمات کا معاہدہ کیا ہے، جس کی وہ تنخواہ لے رہا ہے۔ وہ وقت اس کے پاس امانت ہے۔ جسے تن دہی کے ساتھ اپنے ادارہ کے لیے استعمال کرنا لازم ہے۔ اس میں سے وقت چرانا بھی امانت میں خیانت ہے۔

3۔ کمپنی کے اثاثہ جات (Assets)

کمپنی کی تمام اشیاء مثلاً مشینری، اسٹیشنری کا سامان، کمپیوٹر، لیپ، ٹاپ اور پنکھے اور لائٹس وغیرہ ملازمین کے حق میں امانت ہیں۔ ان کے استعمال میں کسی قسم کی بے احتیاطی اور غفلت برتنا امانت میں خیانت کے مترادف ہے۔

4۔ ملازم کو دیئے گئے اختیارات

ملازم کو ادارہ کی طرف سے جو اختیارات دیئے جائیں وہ بھی امانت ہیں۔ لہٰذا اپنے محدود دائرہ کار میں رہتے ہوئے ان کا درست استعمال لازم ہے۔

5۔ کام چوری اور کام میں سستی کرنا

چاہے مالک یا ذمہ دار سامنے ہو یا نہ ہو، ملازم کو چاہیے کہ مکمل دیانت داری کے ساتھ کام کرے، نہ تو کام میں سستی اور ٹال مٹول کرے، نہ ہی اپنی صلاحیت کو استعمال کرنے سے گریز کرے، ان تینوں باتوں میں سے کوئی چیز پائی گئی تو خیانت شمار ہوگی۔

6۔ ڈیوٹی ٹائم میں کمپنی کے کام کے علاوہ کوئی اور کام کرنا

ڈیوٹی ٹائم میں کمپنی کی اجازت کے بغیر ذاتی کام کرنا مثلاً لمبی فون کالز، گیم کھیلنا اور ذاتی مقاصد کے لیے سوشل میڈیا کا استعمال کرنا (جس کی اجازت نہ ہو) اسی طرح ڈیوٹی کے اوقات میں کسی اور کمپنی کا کام کرنا امانتداری کے خلاف ہے۔

7۔ ادارہ کی کاروباری معلومات

ملازم کے پاس ادارہ کی کاروبار سے متعلق خفیہ معلومات (Confidential Data) جسے دوسروں سے مخفی رکھنے کا کہا گیا ہے، امانت ہے۔

8۔ مشورے کا استعمال

اگر ادارہ ملازم سے کسی معاملے میں مشورہ طلب کرے تو اپنی ذاتی مفاد کو پسِ پشت ڈال کر اپنے علم کے مطابق جس میں ادارہ کی فلاح و بہبود نظر آئے وہ بات پوری دیانت کے ساتھ بیان کر دے۔

9۔ خاص مجالس کی بات کو عام کرنا

اگر ادارہ کی انتظامیہ چند لوگوں کو علیحدہ بٹھا کر کوئی انتظامی یا کاروباری

نوعیت کا مشورہ کرے۔ تو اس مجلس کی تمام راز کی باتیں ہر ایک کے لیے امانت ہیں۔ مجاز اتھارٹی کی اجازت اور رضامندی کے بغیر ان باتوں کو دوسروں کے سامنے نقل کرنا اور اسے پھیلانا، امانت میں خیانت ہے۔

10۔ خریدار کا مہنگی یا غیر معیاری اشیاء خریدنا

پرچیزر کا ادارے کے لیے مارکیٹ ریٹ سے مہنگی یا مطلوبہ معیار (جس کا اسے پابند کیا گیا ہے) سے ہلکی چیز خریدنا امانتداری کے خلاف ہے۔

11۔ کوالٹی چیکنگ والوں کا غلط رپورٹ بنانا

ادارہ میں اشیاء کی کوالٹی چیکنگ پر مامور افراد اپنے مالک کے وکیل اور امین ہیں تو دوسری طرف سپلائر کے حق میں بھی وہ امین ہیں۔ اس وجہ سے ان کی ذمہ داری دوگنی ہوجاتی ہے کہ وہ کسی کی طرف داری کئے بغیر واقعہ کے مطابق رپورٹ بنائے۔

12۔ آرڈر سے زائد سامان آنا

کسی پارٹی کو جو آرڈر دیا گیا تھا اس سے زائد مال آیا تو وہ اس کی امانت ہے۔ جسے سپلائر کی اجازت کے بغیر کسی بھی استعمال میں لانا خیانت ہے۔

13۔ سیل مین/کیشیئر کے پاس موجود رقم

سیل مین یا کیشئر یا ایڈمن کے پاس پیٹی کیش وغیرہ کی صورت میں ادارہ کی جو رقم رکھی ہوتی ہے، وہ امانت ہے۔ لہذا اسے بلا اجازت استعمال کرنا خیانت کے زمرے میں آتا ہے۔

14۔ ملازمین کے تنازعات کے حل کرنے میں امانت کا پہلو

ادارہ کی طرف سے جن افراد کو ملازمین کے باہمی تنازعات حل کرنے کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ فیصلہ کرنا بھی بہت بڑی ذمہ داری اور امانت ہے۔ جس میں کسی ایک فریق کی طرفداری کئے بغیر عدل وانصاف کے تقاضوں کو پورا کرنا ضروری ہے۔ اس میں قرابت، خاندان، علاقہ اور مذہب ومسلک وغیرہ کو ہرگز دخل دینا درست نہیں۔ اگر فیصلہ کرنے والوں نے ان اسباب کے پیش نظر کوئی فیصلہ کیا اور عدل سے کام نہیں لیا تو بہت بڑی خیانت ہوگی۔

آج اداروں میں ملازمین مالکان کی نظر میں جو اپنا مقام کھودیتے ہیں اور ان کے بارے میں منفی تاثر قائم ہوجاتا ہے، اس کی بنیادی وجہ امانت داری کا فقدان ہے۔ اگر ملازم اپنی دینی، قانونی اور اخلاقی ذمہ داریوں کو دیانت کے ساتھ ادا کرے تو اسے قدر وعزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور وہ ادارہ میں ترقی کی منازل طے کرتا چلا جائے گا اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اس کے بدولت خیانت کے گناہ اور آخرت کی گرفت سے حفاظت ہوگی۔

عموماً ہمارے معاشرے میں (دین کے محدود تصور کی طرح) امانت کا مفہوم بھی مالی امانت کے ساتھ خاص سمجھ لیا جاتا ہے۔ عموماً اس کا دائرہ کار صرف ودیعت کے طور پر رکھے جانے والے مال کی حفاظت کرنے اور اسے لوٹا دینے تک محدود کرلیا گیا ہے۔

عربی زبان میں "امانت" کے معنی کسی شخص پر کسی معاملے میں بھروسہ اور اعتماد کرنے کے آتے ہیں۔ (المعجم الوسیط)

شریعت کی نظر میں امانت ایک وسیع المفہوم لفظ ہے جس کا خلاصہ یہ ہے۔ امانت کہتے ہیں "ہر صاحب حق کو اس کا حق پورا پورا ادا کرنا اور اپنی ذمہ داری کو ٹھیک طرح سے نبھانا" نکلتا ہے۔

قرآن کریم اور احادیث مبارکہ کے ذخیرہ میں میں امانت کے لفظ کا اطلاق بہت ساری معانی اور ذمہ داریوں پر کیا گیا ہے۔ چنانچہ فتح مکہ کے موقع جب حضور اکرم ﷺ نے عثمان بن طلحہ شیبی سے بیت اللہ کی کنجی لے کر اندر داخل ہوئے اور نماز پڑھ کر باہر آئے تو آپ ﷺ کی زبان مبارک پر یہ آیت جاری تھی إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تُؤَدُّوا الْأَمَانَاتِ إِلَىٰ أَهْلِهَا (النساء :58) جس میں امانتیں ان کے حقداروں تک پہنچانے کا حکم دیا گیا۔ جس کے مطابق آپ ﷺ نے کعبۃ اللہ کی کنجی عثمان بن طلحہ کے حوالہ کردی۔ (معارف القرآن) اس آیت میں "کنجی" پر امانت کا اطلاق کیا گیا جبکہ کنجی کوئی اہم مال نہیں بلکہ یہ خانہ کعبہ کی خدمت کی علامت ہے جس کا تعلق مال سے نہیں

بلکہ عہدے سے ہے۔ اسے امانت سے تعبیر کر کے ''عہدہ اور منصب'' کو امانت قرار دیا گیا۔ نیز اس آیت میں الٰ اُمَانَاتِ جمع کا صیغہ استعمال کر کے اس نکتہ کی طرف بھی اشارہ کیا گیا کہ امانت کی مختلف صورتیں ہوسکتی ہیں۔ جن کی ادائیگی ہر صاحبِ ایمان پر لازم ہے۔

ایک اور موقع پر اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: ''اے ایمان والو! اللہ اور رسول سے بے وفائی نہ کرو اور نہ جانتے بھوجتے اپنی امانتوں میں خیانت کے مرتکب ہونا۔'' (سورہ انفال۔ آسان ترجمہ قرآن) یہ آیت غزوہ بنو قریظہ کے موقع پر جب حضرت ابولبابہ ابن المنذر رضی اللہ عنہ نے اپنے اہل وعیال کے تحفظ کی غرض سے نبی کریم ﷺ کے راز کو ظاہر کر دیا تھا۔ (اگرچہ بعد میں آپ کو سخت ندامت ہوئی، پھر اللہ رب العزت کی طرف سے معافی کا پروانہ بھی عطا ہوا) اس آیت میں راز فاش کرنے کو امانت میں خیانت قرار دیا گیا۔

اسی طرح احادیث مبارکہ میں بھی امانت کا اطلاق متعدد چیزوں پر ہوا ہے۔ چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ حضور اکرم ﷺ مجلس میں کچھ ارشاد فرما رہے تھے کہ ایک اعرابی نے آ کر پوچھا: ''قیامت کب آئے گی؟'' آپ ﷺ نے فرمایا: ''جب امانت ضائع کر دی جائے تو قیامت کا انتظار کرو۔'' اعرابی نے پوچھا: ''امانت کا ضیاع کیا ہے؟'' آپ ﷺ نے فرمایا: ''جب معاملات/مناصب نااہل لوگوں کے سپرد کر دیئے جائیں۔'' (صحیح بخاری)

اس حدیث پاک میں عہدے اور منصب پر امانت کا اطلاق کیا گیا۔

ترمذی شریف کی ایک روایت میں مشورہ کو امانت قرار دیا گیا۔

اَلْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ۔ (سنن الترمذی)

اسی طرح ایک حدیث میں مجلس کی باتوں کو امانت کا درجہ دیا گیا ہے۔

اَلْمَجَالِسُ بِالْاَمَانَةِ۔ (سنن ابی داؤد)

صحیح مسلم کی روایت کے مطابق میاں بیوی کے باہمی تعلقات بھی امانت ہیں۔ (صحیح مسلم)

ان آیات واحادیث کو ذکر کرنے کا مقصد شریعت کی نظر میں امانت کے وسیع مفہوم کی نشاندہی کرنا ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ امانت نہ صرف ودیعت کے طور پر رکھے جانے والے مال کی حفاظت کرنے اور اسے لوٹا دینے کو شامل ہے بلکہ ہر وہ چیز جو دوسرے کو اس بھروسے پر سپرد کی جائے کہ وہ اس کا حق ادا کرے گا، امانت ہے۔ چنانچہ علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ امانت دین کی تمام شرائط وعبادات کا نام ہے (تفسیر قرطبی)۔ امام رازی اپنی شہرہ آفاق تفسیر ''تفسیر کبیر'' میں لکھتے ہیں کہ امانت کا باب بہت وسیع ہے چنانچہ زبان کی امانت یہ ہے کہ اسے جھوٹ، غیبت، چغلی، کفر و بدعت اور فحش گوئی وغیرہ سے بچایا جائے اور آنکھ کی امانت داری یہ ہے کہ اس کو حرام دیکھنے کے لیے استعمال نہ کیا جائے۔ اور کانوں کی امانت داری یہ ہے کہ لہو ولعب، فحش اور جھوٹ وغیرہ سننے میں انہیں استعمال نہ کیا جائے۔

امانت داری کی اہمیت وعظمت کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ امانت کو ایمان اور دینداری کا معیار اور کسوٹی قرار دیا گیا ہے ''جس میں امانت داری نہیں اس میں ایمان نہیں'' (سنن بیہقی)۔ دوسری جانب امانت میں خیانت کرنا کبیرہ گناہ اور انتہائی گھناؤنا جرم قرار پایا۔ جس کے مضر نتائج نہ صرف خیانت کرنے والے کی ذات بلکہ پورے معاشرے کو اپنی لپیٹ میں لے لیتے ہیں۔ جو شخص اللہ اور یومِ آخرت پر یقین رکھتا ہے وہ کسی کی امانت میں خیانت نہیں کرسکتا لیکن جس کے دل میں ایمان ہی نہ ہو یا ماحول نے ایمانی کیفیت کمزور کر دی ہو تو خیانت کرنے میں ایسے شخص کو کوئی تردد نہیں ہوتا۔ امانت داری کی اس قدر اہمیت کے باوجود آج معاشرہ میں اسے کوئی وزن نہیں دیا جاتا، اچھے بھلے لوگ جو عرف میں دین دار سمجھے جاتے ہیں وہ بھی امانت اور حق کی ادائیگی کا پاس ولحاظ نہیں رکھتے۔ یا تو انہیں اس بات کا احساس نہیں ہوتا کہ امانت کی حفاظت اور اس کی مکمل طور پر ادائیگی دینی اور اخلاقی فریضہ ہے یا پھر اس بات کا شعور تو ہوتا ہے اور امانتداری کے تقاضوں پر عمل پیرا ہونے کا جذبہ بھی موجود ہوتا ہے لیکن کم علمی کی وجہ سے امانت کے محدود تصور (مالی امانت) سے اس کے وسیع مفہوم کی طرف ذہن مائل ہی نہیں ہوتا۔ جس کی وجہ سے نہ چاہتے ہوئے بھی وہ خیانت والے پہلوؤں پر عمل پیرا نظر آتے ہیں۔

دارالعمل چشتیہ (لاہور) کے مجرب اعمال

سات سلام راوہ چہل کاف کا عمل

ہر قسم کے جادو اور جنات کا علاج کرنے کا بہت مجرب عمل ہے۔ اس کے عامل پر آسانی سے جادو اور جنات اثر انداز نہیں ہوتے۔ اجازت ملتے ہی جنات کی ایک بڑی جماعت غائبانہ طور پر تعاون شروع کر دیتی ہے، جس کا اجازت لینے والے ہزاروں افراد کا تجربہ ہے۔ اجازت کے ساتھ دوسرے کئی اعمال کی بھی اجازت دی جاتی ہے تاکہ عامل کو کوئی کمی نہ رہے جیسے جسمانی بیماریوں کا روحانی علاج، حب و بغض و زبان بندی و دشمن سے متعلق اعمال، روحانی تشخیص کے مجرب اعمال، جنات کو جلانے کے اعمال، مکان سے ہر قسم کا جادو اور جنات کا اثر نکال کر اس کو کیل کرنے کا طریقہ۔ جادو کو واپس کرنا، فراخی کاروبار اور دیگر مقاصد کے کئی اعمال۔ **ہدیہ: 5100 روپے**

امنت باللہ کا عمل

● اس عمل کی اجازت کے بعد جنات اور جادو کے علاج میں غائبانہ جنات کی ایک جماعت عامل کے ساتھ تعاون کرتی ہے ● جنات کو بوتل میں بند کرنا، جنات کو بذریعہ جنات جیل میں قید کروانا، حب، جدائی، شادی، ہر قسم کی بیماریوں کا روحانی علاج، گھر کی ہر قسم کے جنات و جادو سے حفاظت، چوری شدہ سامان کی اطلاع و واپسی اور دیگر مقاصد کے کئی اعمال۔ **ہدیہ: 6100 روپے**

ھانڈی کا خاص عمل

◆ ہانڈی کا عمل سخت سے سخت جادو اور جنات کے علاج میں استعمال کیا جاتا ہے ◆ جس طرح جسمانی علاج میں بڑے علاج ہوتے ہیں، اسی طرح یہ بھی روحانی علاج میں ایک بڑا علاج ہے۔ اس کو عام استعمال نہیں کرنا چاہئے ◆ جگہ اور مریض پر سے بحکم رب العالمین، ہر قسم کے جادو اور جنات کا اثر ختم ہو جاتا ہے ◆ نیز لاعلاج بیماریوں کے لئے بھی انتہائی مجرب عمل ہے۔ **ہدیہ: 10500/5500 روپے**

خزینہ مجربات

■ بکری کے صدقہ کا خاص عمل جس کو کرنے سے جس کام یا مریض کے علاج میں رکاوٹ آ رہی ہو، اس میں بہت آسانی ہو جاتی ہے۔ نیز بڑے سے بڑے جنات و جادو کے علاج میں صدقہ کا عمل کرنے سے عامل اور مریض، دونوں رجعت سے محفوظ رہتے ہیں ■ سوئیوں والا خاص عمل جس کو کرنے سے ہر قسم کا بخار، ٹی بی، ٹائی فائیڈ وغیرہ ختم ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹرز حیران رہ جاتے ہیں ■ مختلف جسمانی بیماریوں کے روحانی علاج ■ جب ڈاکٹرز آپریشن کا کہہ دیں تو بغیر آپریشن ولادت کا خاص عمل ■ مقدمہ جیتنے کا مجرب عمل ■ نکاح و حب کے اعمال کے ساتھ اور بھی کئی مقاصد کے اعمال۔ **ہدیہ: 5100 روپے**

حزب البحر

◀ ولی کامل شیخ ابوالحسن شاذلی نور اللہ مرقدہٗ پر الہام ہوئی مجرب دعا جو ایک عرصہ سے اولیائے کرام، علمائے کرام اور عاملین کے معمولات میں شامل ہے۔ اس دعا کے پڑھنے کے بے شمار فوائد ہیں۔ خاص کر "رزق میں فراخی" ہونا شروع ہو جاتی ہے ◀ حزب البحر کے مختلف مقاصد کے لئے مختلف اعمال تاکہ ہر کوئی صحیح طریقے پر فائدہ اٹھا سکے ◀ زکوٰۃ صغیر و کبیر دونوں اعمال کی زکوٰۃ خاص دنوں میں نکلوائی جاتی ہے۔ اجازت سے ایک خاص تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔

حزب البحر کے علاوہ تمام اعمال نقد صدقے کے ساتھ مشروط ہیں۔ نقد صدقہ ادا کر کے درج بالا اعمال کی اجازت لی جا سکتی ہے۔

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ، لاہور پاکستان
ruhanidarsgah
خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570
فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0320-4661681 (صبح 10 سے شام 5 بجے، علاوہ جمعہ)
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com ruhanidarsgah.wordpress.com
ruhanidarsgah.blogspot.com ruhanidarsgah +ruhanidarsgah97 darulamalchishtia

بچوں کی بھوک بڑھانے کے نسخے

مرسلہ: مولانا قاری عبدالرحمٰن مدظلہ (قطر)

بھوک ہمارے جسم کی بجنے والی ہے وہ گھنٹی ہے جو بتاتی ہے کہ اب ہمارے جسم کو توانائی کی ضرورت ہے۔ دنیا کے ہر معاملے میں اعتدال ضروری ہے۔ بالکل اسی طرح اگر ہم بھوک کی مثال لیں تو اس میں بھی اعتدال ضروری ہے۔ بھوک زیادہ یا کم لگنا، دونوں ہی تشویش ناک ہیں۔ اور اس کی وجوہات پر غور کرنا ضروری ہے۔ کھانے کے وقت بھوک نہ لگنے کا مطلب یہ ہے کہ جسم کے اندرونی نظام میں کہیں کچھ گڑبڑ ضرور ہے۔ بچوں کو اکثر بھوک کو لے کر مسائل پیش آتے رہتے ہیں۔ زیادہ قبض رہنے، دواؤں کے زیادہ استعمال اور بہت مرچ مصالحوں کی چیزیں کھانے سے بھی بچوں کی بھوک کم ہوجاتی ہے۔

بھوک نہ لگنے کی وجوہات

ذیل میں چند وجوہات لکھی جاتی ہیں:

میٹھے مشروبات کا استعمال

عام طور پر بچے کھانے سے زیادہ پینے کی چیزیں پسند کرتے ہیں جیسے سوڈا ملے مشروب ''کولا''، فلیورڈ ملک، جوس جن میں ملے پریزرویٹیوز بچوں کی بھوک پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ ٹورنٹو یونیورسٹی میں ہونے والی تحقیق کے مطابق کھانے سے آدھا گھنٹے پہلے بچوں کو میٹھے مشروب دیے جائیں تو وہ کم کھانا، آدھی خوراک کھاتے ہیں۔

کھانا پورا کھانے کا دباؤ

2006ء کے تحقیقی جرنل ''ایپیٹائٹ'' میں شائع تحقیق سے یہ پتا چلا کہ جن بچوں پر یہ دباؤ ڈالا جاتا ہے کہ انھیں پلیٹ میں دیا گیا کھانا ایک وقت میں پورا ختم کرنا ہے، وہ بچے دباؤ کے باعث کم کھانا کھاتے ہیں۔

نشوونما کی سست رفتار

بچوں کی نشوونما کی رفتار بھی بھوک پر اثر انداز ہوتی ہے۔ جب بچے آہستہ آہستہ نشوونما حاصل کرتے ہیں تو ان کی بھوک بھی کم ہوتی ہے۔ عام طور پر بچے پیدائش کے 1 سال تک جلدی بڑھتے ہیں اور پھر آٹھ سال سے پندرہ سال تک سست رفتاری سے۔ عموماً اس دوران بچوں کی بھوک میں کمی آجاتی ہے۔

بیماری

بعض اوقات بچے مختلف النوع بیماریاں جیسے خون کی کمی، تھائرائڈ، مسلسل نزلہ زکام کی وجہ سے بھی کم کھانا کھاتے ہیں۔ ایسے میں ڈاکٹر کے مشورے سے بھوک بڑھانے کی دوائیں لی جاسکتی ہیں۔

کھانے کا وقت مقرر نہ ہونا

بعض گھروں میں کھانا کھانے کا وقت مقرر نہیں ہوتا۔ ان گھروں میں بچے اپنا پیٹ ٹھیلوں اور بازار کے کھانے کھا کر بھرتے ہیں، جس سے ان کی توجہ کھانے پر نہیں رہتی۔ اس کے علاوہ مسلسل ڈپریشن، گھریلو ناچاقیاں، غربت اور جذباتی عدم توازن، سونے، جاگنے کا وقت مقرر نہ ہونا، پانی کم پینا، ورزش نہ کرنا اور مصالحے دار تلے ہوئے اسنیکس سے پیٹ بھرنا جیسی عادات بھی بھوک کم کردیتی ہیں۔

بھوک بڑھانے کے نسخے

ذیل میں چند بھوک بڑھانے کے نسخے لکھے جاتے ہیں:

بھوک بڑھانے والا شربت

میٹھے انار کا رس دو چھٹانک، ترش انار کا رس دو چھٹانک، سیب کا رس ایک پاؤ، لیموں کا رس ایک پاؤ، سبز پودینہ کا رس ایک پاؤ، مصری دو سیر۔ ان سب چیزوں کو ملا کر شربت تیار کرلیں، تین تین تولہ صبح شام استعمال کریں۔ یہ شربت معدہ اور جگر کی خرابیوں کو دور کر کے بھوک لگاتا ہے اور ہیضہ کے

میں بھی مفید ہے۔

آملہ

آملہ خالص ہندوستانی پھل ہے۔ یہ اُلٹی اور قے روکتا ہے اور معدے کی گرمی کو مٹاتا ہے۔ آملہ وٹامن سی سے بھرپور ہوتا ہے۔ یہ جسم میں معدنیات کو جذب کرنے میں مدد دیتا ہے۔ آملہ کے عرق میں لیموں کا عرق اور شہد کو ایک کپ پانی میں حل کر کے نہار منہ پینے سے کچھ ہفتوں میں بھوک لگنا شروع ہو جاتی ہے۔ آملے کا اچار بھی ہاضمے کے لئے مفید ہوتا ہے۔

انجیر

انجیر بھوک بڑھانے کا مؤثر گھریلو نسخہ ہے۔ یہ نہ صرف بھوک کو متحرک کرتا ہے بلکہ کمزور بچوں کا وزن بڑھانے کے لئے بھی مفید ہے۔

ادرک

ادرک بادی کھانوں کو ہضم کرانے کے ساتھ ساتھ قوت مدافعت بھی بڑھانے کا کام کرتا ہے۔ ادرک کو باریک پیس کر کھانوں میں ڈالا جائے یا نہار منہ چبا لیا جائے تو بھوک میں اضافہ ہوتا ہے۔ ایک چمچ ادرک کے رس میں ایک لیموں کا رس اور ذرا سا نمک ملا کر گھول کر پینے سے بھوک لگتی ہے۔

کینو

ایک ہفتہ تک کینو کی پھانک پر ادرک کا پاؤڈر اور کالا نمک چھڑک کر کھایا جائے تو بھوک بڑھتی ہے۔

اجوائن

اگر اجوائن نیم گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں تو یہ ہاضمہ بھی درست کرتی ہے اور قدرتی طور پر بھوک کا احساس بھی بڑھاتی ہے۔

پودینہ

دو چمچ دہی میں تھوڑا سا پودینہ اور کالی مرچ ملا کر ہر کھانے کے ساتھ استعمال کرنا چاہئے۔

سونف الائچی کا استعمال

ہری الائچی سونف اور زیرہ ہم وزن لے کر توے پر بھون کر پیس کر رکھ لیں۔ آدھا چمچ پانی کے ساتھ کھانا کھانے کے بچوں کو دیں۔

چنے کا پانی

ایک مٹھی چنے تین گلاس پانی میں اُبال لیں۔ پھر چھان کر اس کو بچوں کو دیں۔ اس سے بھوک لگتی ہے۔

جھٹ پٹ ٹوٹکے

ایک تحقیق کے مطابق کھانا کھانے سے پہلے تیز رفتاری سے ٹہلنے سے بھوک اچھی لگتی ہے اور کھانا لذیذ لگتا ہے۔ کھانا کھانے سے کچھ دیر پہلے اگر غسل لیا جائے یا پیر دھو لئے جائیں تو بھوک کھل کر لگتی ہے۔ کھانے میں تنوع ہونی چاہئے۔ ایک طرح کا کھانا کھانے سے بچے جلد اکتا جاتے ہیں۔ چائے کے دو چار گھونٹ پینے سے بھی بھوک لگتی ہے۔ پھل جیسے پپیتا، آڑو، جامن، امرود اور بیر روزانہ کھانے سے بھوک بڑھ جاتی ہے۔

خوشخبری

ایسے تمام لڑکے اور لڑکیاں جن کی شادی نہیں ہو رہی ہے، وہ یا ان کے والدین دارالعمل چشتیہ کے شعبہ شادی میں اپنا شادی فارم ارسال کریں۔ ان کے مختصر کوائف اور مطلوبہ رشتہ کی تفصیل ماہنامہ خزینہ روحانیات میں شائع کی جائے گی، مناسب رشتہ ملنے پر آپ کو فوراً مطلع کیا جائے گا۔

خط و کتابت کا پتہ: 586 کامران بلاک اقبال ٹاؤن لاہور
شعبہ شادی: 0312-7772772

اہم اعلان

(۱) ہمیشہ آرڈر کنفرم کرنے کے بعد رقم جمع کروائیں۔

(۲) تمام کسٹمرز سے مودبانہ گزارش ہے کہ بینک اکاؤنٹس، موبائل اکاؤنٹس، منی آرڈر، یا Cnic پر رقم جمع کرانے کے بعد اپنے متعلقہ شعبے کے نمبر پر کوڈ، رقم اور آرڈر کے بارے آگاہ کریں۔ تاکہ آپکے آرڈر کی بروقت تکمیل کی جا سکے۔ اور آپکو انتظار کی زحمت نہ ہو۔

(۳) آپ کا آرڈر 2 سے 3 دن میں روانہ کیا جائے گا۔ شکریہ

رابطہ: 0322-4773786

مرض لیکوریا کے اسباب، وجوہات، علامات اور علاج

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر (ناظم روحانی درسگاہ)

لیکوریا کی علامات

عورت کے رحم سے ایک خاص قسم کی رطوبت جاری ہونے کو مرض "لیکوریا" کہتے ہیں۔ جس طرح مردوں کو مرض جریان کسی کام کا نہیں چھوڑتا، بالکل اسی طرح عورتوں کو مرض لیکوریا زندہ درگور کر دیتا ہے۔ اس مرض میں مبتلا عورتوں کا بدن اکثر سوکھ کر کانٹا بن جاتا ہے۔ کمر میں درد کا مسئلہ پیدا ہو جاتا ہے۔ سر میں درد کی شکایت رہتی ہے۔ دل کی دھڑکن بڑھ جاتی ہے۔ بھوک بند ہو جاتی ہے۔ غذا ہضم نہیں ہوتی۔ بدن ہر وقت ٹوٹ پھوٹ کا شکار رہتا ہے۔ بار بار پیشاب کی حاجت ہوتی ہے۔ کام کاج کرنے کو جی نہیں چاہتا۔ نلوں میں بوجھ اور درد کی سی کیفیت رہتی ہے۔ شرمگاہ پر خارش، دانے اور زخم ہو جاتے ہیں۔ بعض اوقات ملاپ سے نفرت ہو جاتی ہے۔ دورانِ صحبت جلن اور سوزش ہو جاتی ہے۔ بعض عورتوں میں ملاپ کی خواہش شدت سے بہت بڑھ جاتی ہے۔ ماہواری میں بے قاعدگی اور مسائل پیدا ہو جاتا ہے۔ یہ چند علامات مرض لیکوریا تھیں جو اوپر ذکر کر دی گئی ہیں۔

لیکوریا کی وجوہات

اب مختصراً اس کی چند وجوہات ذکر کر رہا ہوں جو بہت ہی توجہ طلب ہیں۔

☆ جنرل (عام) کمزوری ☆ اعصابی کمزوری ☆ خون کی کمی ☆ رحم کا ورم ☆ چھوٹی عمر میں شادی ☆ دیر سے شادی ☆ کثرت ملاپ ☆ خون میں گرمی ☆ گرم اشیاء کا بکثرت استعمال ☆ گرم ادویات کا استعمال ☆ بندش ایام ☆ زنانہ سوزاک ☆ آتشک ☆ غم و غصہ ☆ خوف و ہراس ☆ فلم بینی ☆ سیکسی کتب کا مطالعہ ☆ غیر محرموں سے گپ شپ ☆ قبض ☆ پیشاب روکے رکھنا ☆ جگر مثانہ کی گرمی ☆ گرم آب ہوا ☆ خوراک کی طرف توجہ نہ دینا ☆ بالکل فارغ رہنا ☆ بازاری کھانوں کی کثرت اور بے اعتدالی۔

چند مفید نسخے

نسخہ نمبر 1

ستاور، کندر، مصطگی رومی، ثعلب مصری، سنگ جراحت، لودھ پٹھانی، چھوٹی الائچی، طباشیر تمام چیزیں ہم وزن لے کر سفوف بنالیں۔ روزانہ صبح شام 9 ماشہ ہمراہ نیم گرم دودھ استعمال کریں۔

نسخہ نمبر 2

کمرکس، مائیں خورد، مازو سبز، مصطگی رومی، تج، جفت بلوط سب ہم وزن لے کر سفوف بنالیں حسب ضرورت چینی شامل کرلیں۔ خوراک 7 ماشہ صبح شام۔

نسخہ نمبر 3

مغز تخم شمر ہندی، سمندر سوکھ، مازو تینوں چیزیں ہم وزن لے کر سفوف بنالیں۔ 3 یا 5 ماشہ صبح شام نیم گرم دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

نسخہ نمبر 4

پھٹکڑی بریاں خوب باریک پیس کر صبح شام کھلانا لیکوریا کیلئے بہت اچھا ہے۔

نسخہ نمبر 5

آنولہ خشک 3 تولہ، سونف 6 تولہ دونوں کو باریک پیس لیں۔ صبح شام کھانے سے لیکوریا دور ہو جاتا ہے۔

نسخہ نمبر 6

برگد یعنی بوڑھ کے درخت کا تازہ سبز چھلکا اتار کر سایہ میں خشک کر کے باریک پیس لیں، 3 ماشہ صبح شام پانی سے لیں۔ (باقی ص 31)

آنکھوں کی قدر کیجئے اور ہر وقت ان کا خیال رکھیے

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر (ناظم روحانی درسگاہ)

اللہ تعالیٰ کی بے پناہ عنایات میں سے آنکھیں بہت ہی قیمتی تحفہ ہیں۔ ناشکرا انسان کبھی بھی اس کا شکریہ ادا نہیں کرسکتا۔ اگر اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو دی ہوئی لاکھوں کروڑوں نعمتوں میں سے صرف ایک نعمت ''آنکھ'' سے محروم کردیں تو ایسے انسان کی دنیا تاریک اور تمام نظامِ دنیا درہم برہم ہوجائے۔ اس لیے اس بن مانگی اربوں کھربوں مالیت سے بھی قیمت نعمتِ خداوندی کی قدر کرنی چاہیے۔ ہمیں اس نعمت کی قدر ان لوگوں سے پوچھنی چاہیے جو اس سے محروم ہیں۔ جی ہاں! اس نعمت کی محرومی کی وجہ سے کارخانۂ قدرت کی تمام چیزوں کو دیکھنے سے وہ محروم ہیں۔ والدین کی زیارت سے، کعبۃ اللہ کو پہلی نظر میں دیکھنے سے، سب گناہوں کی معافی اور بہت ساری دیگر فضیلتوں سے محروم، اپنے وفادار بیوی اور اپنی پیاری پیاری اولاد کو دیکھنے سے محروم ہیں۔ لہٰذا ہمیں اس نعمتِ عظمیٰ کے حصول پر بارگاہ ایزدی میں سجدۂ شکر بھی ادا کرنا چاہیے اور اس کی دی ہوئی اس نعمت کی بے حد قدر بھی کرنی چاہیے۔ میں آج کے مضمون میں کوشش کروں گا کہ ان چیزوں کا بھی ذکر کروں کہ جن سے آنکھوں کو نقصان پہنچتا ہے اور ان کا بھی ذکر کروں گا کہ جن سے ان کی حفاظت قائم رہتی ہے۔

آنکھیں کن چیزوں سے خراب ہوتی ہیں؟

آیئے سب سے پہلے ان چیزوں کا ذکر کرتے ہیں کہ جن سے آنکھیں خراب ہوتی ہیں۔ ان کو نقصان پہنچتا ہے۔

1۔ کم روشنی میں مطالعہ کرنا۔ 2۔ بہت زیادہ مطالعہ کرنا۔ 3۔ پوری رات جاگنے کی عادت۔ 4۔ دن بھر سونے کی عادت۔ 5۔ موبائل، کمپیوٹر کی اسکرین پر نظر جمائے رکھنا۔ 6۔ کثرت فلم بینی۔ 7۔ فحش مناظر دیکھنا۔ 8۔ لیٹ کر مطالعہ کرنا۔ 9۔ آنکھوں کو اچھے طریقے سے نہ دھونا۔ 10۔ بلاوجہ عینک استعمال کرنا۔ 11۔ دھوپ میں کام کرنا۔ 12۔ کثرت جماع۔ 13۔ شرم گاہ دیکھنا۔ 14۔ کسی بھی قسم کا نشہ کرنا۔ 15۔ دماغی کاموں کی کثرت۔ 16۔ باسی چیزوں کا استعمال۔ 17 کھانے کے بعد فوراً سوجانا۔ 18۔ دانتوں کو صاف نہ رکھنا۔ 19۔ قبض رہنا وغیرہ وغیرہ۔

آنکھوں کیلئے کون سی چیزیں فائدہ مند ہیں؟

آیئے اب آنکھوں کیلئے فائدہ مند چیزوں کا مطالعہ کرتے ہیں۔

1۔ کثرت مسواک۔ 2۔ سبز چیزوں کو دیکھنا۔ 3۔ سبزہ زار کی سیر کرنا۔ 4۔ ننگے پاؤں گھاس پر چلنا۔ 5۔ گھاس یا پھولوں پر پڑی شبنم کو آنکھوں پر لگانا۔ 6۔ عرق گلاب آنکھوں میں ڈالنا۔ 7۔ شہد آنکھوں میں ڈالنا۔ 8۔ اثمدی سرمہ یا کوئی بھی معیاری سرمہ لگاتے رہنا۔ 9۔ مقویات دماغ کا استعمال۔ 10۔ صاف شفاف پانی سے آنکھوں کو دھوتے رہنا۔ 11۔ دھوئیں گرد وغبار، گرمی، سردی سے آنکھوں کا خیال رکھنا۔ 12۔ کھانے کے بعد ہاتھ دھوکر چہرے پر پھیر لینا۔

آنکھوں کی جملہ تکالیف کا علاج

آیئے اب آنکھوں کی جملہ تکالیف کیلئے چند نسخوں کا ذکر کرتے ہیں

۱)..... ہوالشافی: 1۔ عرق گلاب خالص ایک بوتل۔ 2۔ کافور 3 ماشہ۔ 3۔ قلمی شورہ 2 تولہ۔ 4۔ پھٹکری بریاں 1 تولہ۔ تمام چیزوں کو باریک پیس کر عرق گلاب کی بوتل میں ڈالیں۔ بوتل کو دھوپ میں رکھیں۔ چند گھنٹے پڑا رہنے کے بعد یہ خاص دوا تیار ہے۔ دکھتی آنکھوں، شدید درد کی حالت میں آنکھوں میں ڈالیں۔ 15 منٹ میں مکمل صحت ہوگی۔ اس کے استعمال کرنے سے آنکھیں روشن، چمکدار اور صاف رہتی ہیں۔ آنکھوں میں ڈالتے ہی برف کی طرح آنکھوں میں ٹھنڈک محسوس ہوتی ہے۔

۲)..... آشوبِ چشم کو آنکھیں آنا کہتے ہیں۔ آنکھوں سے بلغم نما گند نکلنے

بقیہ ص 61 پر

قدرت کی طرف آیئے

عبدالباسط ذوالفقار

ذرا سا بیمار ہو جائیں فوراً ڈاکٹر کے پاس جاتے ہیں، اس پر بھروسہ کرتے ہیں کہ وہ ہمیں صحت یاب کردے گا۔ اگرچہ وہ خود بھی امراض میں مبتلا ہو سکتا ہے۔ بہت سے چشم امراض کے ڈاکٹروں کو بچشم خود چشمہ پہنے دیکھا ہے۔ گردے، معدے کے سپیشلسٹ کو ہاضمہ پھکی کھاتے دیکھا ہے۔ پھر دوا فروش کے ہاں سے آنے والی دوا اگر ایکسپائر ہو، صحت پر منفی اثر ڈالنے والی ہو، بنانے والوں کی ذرا سی غلطی سے موت کے منہ میں دھکیل لینے والی ہو تب بھی ہم آنکھیں بند کر کے یقین رکھتے ہیں اور صحت یاب بھی ہو جاتے ہیں۔ جب ڈاکٹر دواؤں کے نام اپنے لیٹر پیڈ پر شکستہ خط میں اور ایسی زبان میں لکھ کے دیتے ہیں جسے ہم موٹے عدسے والا چشمہ لگا کے بھی نہیں پڑھ سکتے تو ہمارا یقین و اعتماد موٹا ہو کے گپا ہو جاتا ہے۔ ہم وہ دواؤں کی گٹھڑی بڑے وقار سے لا کر یقین کے ساتھ استعمال کرتے ہیں۔

اگرچہ ڈاکٹر خود اپنی دی ہوئی اینٹی بایوٹکس کے مضر اثرات سے باخبر ہیں۔ اور خود اقرار کرتے ہیں کہ تمام پین کلر میڈیسن (درد کش ادویات) معدے کو نقصان پہنچاتی ہیں۔ ایک تازہ ریسرچ سے معلوم ہوتا ہے کہ اینٹی بایوٹکس کے زیادہ استعمال سے کینسر ہو سکتا ہے۔ سائنسی جریدے گٹ کے مطابق سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ وہ لوگ جو طویل عرصہ سے اینٹی بایوٹکس لیتے رہے ہیں، ان کی بڑی آنت میں رسولیاں پیدا ہو سکتی ہیں۔ اسی تحقیق سے ظاہر ہوتا ہے کہ آنتوں میں پائے جانے والی رسولیوں کی نشوونما میں جراثیم کا ہاتھ ہوتا ہے۔

اس کے باوجود جب دوا ساز دوا بنا کے دیتا ہے اور ساتھ میں بتاتا ہے کہ ان اشیاء کا استعمال کرنا اور ان میں احتیاط برتنا ہے۔ ہم مکمل یقین لے آتے ہیں اور پورے خشوع و خضوع سے ان سب باتوں کی پابندی کرتے ہیں۔ مگر ہم ان سب کے پالنہار سے ڈرتے نہیں۔ اس کی قدرت پر بھروسہ نہیں کرتے، جس کے ذرائع ہوا، پانی، روشنی، اندھیرا، اجالا، گرمی، سردی ہیں۔ جن سے دنیا بنی اور چل بھی رہی ہے۔ وہ ذات تو جانوروں تک کا بھلا چاہتی ہے۔ اس لیے جب تک انسان قدرتی راستے پر رہا، قدرت کی گود میں خوشی خوشی کھیلتا رہا۔ جب قدرتی راستے کو چھوڑ کر مصنوعی ڈگر پر چلا، قدرت سے دور ہوا تو طرح طرح کے آلام نے گھیر لیا۔

فرمایا: کھاؤ اور پیو مگر حد سے تجاوز نہ کرو۔ بسم اللہ سے شروع تو الحمدللہ پر اختتام کرو، خوب سیر ہو کے نہ کھاؤ۔ بھوک نہ ہو تو نہ کھاؤ۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بھوک صدیقوں کا طعام ہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا قول ہے: آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی پیٹ بھر کے گیہوں کی روٹی نہیں کھائی۔

اسوۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر نظر دوڑائیں تو معلوم پڑتا ہے کہ حضور علیہ السلام کی غذا سادہ ہوا کرتی تھی۔ ہم اپنی غذا پر غور کر سکتے ہیں۔ جبکہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے چٹخارے دار اشیاء سے مسلمان کو اجتناب کرنے کی تلقین کی ہے کیونکہ یہ چیزیں صحت کے لیے مضر ہیں اور جو چیزیں صحت کے لیے مضر ہوں وہ ایمان کے لیے مضر ثابت ہو سکتی ہیں۔

راجسٹ بورن کینیڈا کا مشہور ماہر غذائیات ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ: سادہ اور تندرست کھانا صحت و تازگی کا باعث بن سکتا ہے کیونکہ انسانی جسم کا نظام اس کھانے کے موافق ہے جبکہ مصنوعی لذت اور لطافت کے لیے مرچ مصالحوں والی غذائیں اور مصنوعی اشیاء قطعی صحت کے لیے مفید نہیں۔

اگر انسان بیماری سے نجات اور صحت مند زندگی گزارنا چاہتا ہے تو قرآن و حدیث کے ذریعے قدرت خداوندی نے غذا اور دیگر معمولات کے متعلق جو ہدایات دیں، ان پر عمل پیرا ہو جائے تو عوارض سے بچ کر صحت مند زندگی گزار سکتا ہے۔ حفظ صحت کے لیے امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ سب سے اعلیٰ و افضل دوا یہ تجویز فرماتے ہیں کہ غموم و ہموم کو دل سے دور کیا جائے کیونکہ غم دل کا دشمن ہے تو رنج دل کا عدو ہے۔

اگر غم کے ہوتے ہوئے تمام ڈاکٹروں معالجوں حکیموں سے بھی علاج کروایا جاتا رہے تو فائدہ نہ ہوگا۔ لیکن اگر دل خوش ہو تو بداحتیاطیاں بھی نقصان نہ دیں گی۔ حفظ صحت کے سب سے اعلیٰ اصول کو پلے باندھ لیں۔ وہ دل کی قوت اور خوشی کا محفوظ کرنا ہے اور غم ہلکا کرنے کی دوا فرمان نبویہ سے ملتی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اپنے رفقاء کی ملاقات سے غم کو دور کرو۔ خدا تعالیٰ کی طرف متوجہ رہو، اسی پر بھروسہ کرو۔ کیونکہ رضا بالقضاء قربت و بقا کی کنجی ہے۔ شہد میں شفا ہے، کلونجی 99 بیماریوں کی دوا ہے۔ عجوہ کھجور اور اس کی گٹھلی میں شفا ہے۔ اسی طرح قدرتی اشیاء کا استعمال بیماریوں سے نجات کا سبب ہے۔

روحانی علاج، چلہ کشی اور روحانی اعمال میں استعمال ہونے والی اشیاء

درج ذیل اشیاء روحانی دکان پر دستیاب ہیں۔ آرڈر کی تکمیل کے وقت جو قیمت ہوگی، وہی تصور کی جائے گی۔ عاملین حضرات اب گھر بیٹھے یہ تمام اشیاء ہول سیل ریٹ پر منگوا سکتے ہیں۔

بھوج پتر

بھوج پتر اعمال شر کے لیے خاص ہے۔ بغض وعداوت اور جدائی کے اعمال اس پر تیار کرنے سے تاثیر بڑھ جاتی ہے۔ قیمت: **100** روپے

ہرن کی جھلی

ہرن کی جھلی خاص خاص عملیات میں استعمال ہوتی ہے۔ خاص کر محبت، تسخیر، شادی، فتح نامہ وغیرہ کے اعمال تیار کرنے میں۔ قیمت: **80** روپے

بخوردان

بخورات کو جلانے کیلئے الیکٹرک، کوئلے والے، فینسی، امپورٹڈ بخوردان دستیاب ہیں۔ چلّہ کشی کے دوران ان کا جلانا از حد مفید ہے۔

بخورات

بخورات ٹکیوں، گولیوں، پیکنگ ٹن، CD Style، ڈبہ پیک، عود اور عربی بخورات کی زبردست ورائٹی کے لیے ایک بار ضرور تشریف لائیں۔

عربی، انڈین اور پھولوں کی خوشبوؤں والی اگربتیاں

صندل، شمامۃ العنبر، عود، المسک، موتیا اور مختلف قسم کی سحر انگیز خوشبوؤں والی اگر بتیاں جن کا استعمال گھروں کو مہکانے اور وظائف وعملیات میں تاثیر پیدا کرنے کیلئے کثرت سے کرنا چاہئے۔ جس سے غیبی مخلوق آپ کی ہمنوا بن جاتی ہے۔

آلۂ یکسوئی

ایسا آلہ جو انسان کی چھپی ہوئی نگاہ کو متحرک کر کے ماورائی دنیا کو سامنے لے آتا ہے۔ اس کے استعمال سے عملیات میں کامیابی مقدر بن جاتی ہے۔

قیمت: **800** روپے

بخور سٹک

اگربتیوں کی طرح دھوپ سٹکس بھی ہوتی ہیں۔ عام اگربتی کی بنسبت دھوپ سٹک کافی دیر جلتی ہے۔ عاملین کے لیے کافی فائدہ مند ہے کیونکہ لمبے دورانیے کے وظائف، اعمال، چلہ کشی یا علاج میں بار بار اگربتیاں جلانا مشکل ہوتا ہے۔

العارفی عطورات

عملیات اور چلہ کشی میں استعمال ہونے والے عربی و دیسی ہندی عطورات کے علاوہ فرنچ عطورات نیز شمامہ، عود، عنبر، گلاب، چنبیلی، موتیا اور مختلف مشہور کمپنیوں کے پیک عطریات براہ راست طلب فرمائیں۔

زعفران

زعفران کو روحانی علاج میں خاص مقام حاصل۔ موکلات کو زعفران بہت پسند ہے، اس لئے زعفرانی سیاہی سے تیار شدہ اعمال پُرتاثیر ہوتے ہیں۔

اصلی ایرانی زعفران قیمت: **3000** روپے فی تولہ

مشک نافہ

مشک نافہ کا استعمال روحانی علاج اور چلہ کشی میں بہت ہوتا ہے۔ مشک نافہ کو زعفرانی سیاہی میں ڈال کر خاص قسم کے تعویذات لکھتے ہیں۔ عموماً ایسے تعویذات فتوحات، ترقی، حفاظت، خاص جادو کا توڑ، فراخی کاروبار اور رزق وغیرہ جیسے اہم معاملات کے لیے ہوتے ہیں۔

روحانی دکان 0334-4312272, 042-35410586
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

ہومیوپیتھک معالجات اور جوابات

ہومیوڈاکٹر علی آفاق (لاہور)

سردگرم کی وجہ سے پٹھوں اور پورے جسم میں تکالیف

سوال محترم ڈاکٹر صاحب! میں دیہاتی آدمی ہوں۔ گاؤں میں زمیندارہ کرتا تھا۔ ایک مرتبہ سخت گرمی کے موسم میں سخت پسینے کی حالت میں گھر آکر غسل خانے میں گھس گیا اور نہانے لگا۔ آج 5 سال گزر چکے ہیں۔ کبھی ایک دن بھی اعصاب اور پٹھوں کے دردوں سے نجات نہیں مل سکی۔ ہزاروں روپے اور دسیوں ڈاکٹروں سے انجکشن اور دوائیاں کھا چکا ہوں مگر شفاء ندارد ہے۔ آپ کوئی ایسی دوا تجویز فرمادیں کہ اللہ تعالیٰ مستقل شفاء عطاء فرمادیں۔ (حافظ ثاقب، فیصل آباد)

جواب محترم حافظ صاحب! یہ طبی اصول ہے کہ سخت گرمی اور پسینے کی حالت میں پنکھے، کولر اور اے سی کے سامنے نہیں بیٹھنا چاہیے۔ اسی طرح فوری طور پر ٹیوب ویل میں نہانے اور غسل کرنے سے پرہیز کرنا چاہیے۔

آپ صرف رہسٹاکس 1M کی ایک خوراک 5 قطرے ایک کپ میں لے لیں اور پھر کوئی دوسری خوراک نہ لیں۔ اور 15 دن کے بعد اپنے مرض کی اطلاع کریں۔

خشک خارش اور اس کی وجہ سے زخموں کا علاج

سوال ڈاکٹر صاحب! میرے سارے جسم پر خارش ہے اور سردی گرمی رہتی ہے۔ کوئی دوا اور لوشن اس پر مستقل اثرات چھوڑنے سے قاصر ہے۔ پہلے پہل تو صرف خارش تھی مگر اب زخم بن چکے ہیں۔ ایک اہم بات یہ ہے کہ ان زخموں کے ساتھ ساتھ میرے ہاتھوں، پیروں میں سے زبردست تپش اور سینک کا ہر وقت احساس رہتا ہے۔ دل چاہتا ہے کہ ہر وقت پاؤں پانی میں رکھوں۔ میرے لئے کوئی اچھی اور مستقل آرام دینے والی دوا تجویز کریں۔

(اشرف علی، لاہور)

جواب اس کے علاج کیلئے آپ کو آسان ہومیوپیتھک نسخہ تجویز کر رہا ہوں۔ آپ صبح نہار منہ سلفر 200 کی ایک خوراک 5 قطرے ایک کپ پانی میں 15 دن استعمال کر کے اطلاع دیں۔ اللہ تعالیٰ شفائے کامل عطا فرمادیں گے۔

خاص سوراٹسز کا مخصوص علاج

سوال ڈاکٹر صاحب! میری بیٹی کو سوراٹسز ہے۔ اس کی عمر 20 سال ہے۔ ناخن خراب ہیں۔ کافی پیچیدہ صورتحال ہے۔ آپ کو تصاویر وٹس ایپ بھی کی ہیں۔ علامات میں یہ ہے کہ تکالیف گرمی سے بڑھ جاتی ہیں۔ براہِ کرم کوئی مستقل علاج تجویز فرمائیں۔ بچی کی شادی بھی کرنی ہے۔ اس بیماری کی وجہ سے پورے جسم پر نشانات اور جلد پر چھلکے محسوس ہوتے ہیں۔ ازراہ کرم اچھی دوا تجویز فرمائیں۔ (شبنم، لاہور)

جواب آپ اپنی بچی کیلئے مندرجہ ذیل دوائیں 3 ماہ جاری رکھیں، درمیان میں فون پر رابطہ رکھیں۔ ایکنیشیا مدر ٹنکچر 15 قطرے صبح دوپہر شام، سیپیا 30 صبح دوپہر شام 5 قطرے ایک کپ پانی میں، کالی برووم 30 صبح دوپہر شام 5 قطرے ایک کپ پانی میں اور تھائی رائی ڈینم 6x صبح دوپہر شام 2 گولی فی خوراک چوس لیں۔ اس کے ساتھ کسی قسم کی کوئی انگریزی دوا وغیرہ زخموں پر مت لگائیں۔

لُو سے بچاؤ کیلئے گرمی کی شدت سے بچاؤ کیلئے

سوال ڈاکٹر صاحب! ایسے لوگ جو براہ راست دھوپ میں کام کرتے ہیں یا پھر ایسی خانسامے یا گھریلو خواتین، جن کا زیادہ تر وقت چولہے کے سامنے گزرتا ہے، ان کے لئے مفید ہومیو دوا تجویز کریں تاکہ گرمی کا احساس زیادہ نہ ہو۔ (انس، لاہور)

جواب ایسے لوگ مرد و خواتین گلونائین 30 کی دن میں 3 مرتبہ 5 قطرے فی خوراک استعمال کریں۔ لُو کی شدت اور آگ کی گرمی سے محفوظ رہیں گے۔

آپ کے سوالات مطب العارف کے جوابات

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر (معاون مدیر خزینۂ روحانیات)

خواتین کا سب سے بڑا مرض "لیکوریا"

سوال محترم حکیم صاحب! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

میرا تعلق ضلع رحیم یار خان سے ہے۔ میں خزینۂ روحانیات کا مستقل قاری ہوں۔ آپ کا رسالہ ہم سب گھر والوں کو بہت پسند ہے۔ دیگر بہت اچھے اچھے مضامین کے ساتھ مطب العارف کا سوال و جواب کا یہ صفحہ عوام الناس میں بہت ہی پسند کیا جا رہا ہے۔ ہم نے گزشتہ رسالے میں دیے گئے نسخوں میں سے ایک نسخہ تیار کیا ہے جو بہت ہی فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو، مطب العارف کو، ماہنامہ خزینۂ روحانیات، ادارہ دارالعمل چشتیہ اور بالخصوص ان تمام شعبوں کے سرپرست حضرت ڈاکٹر خالد مقبول صاحب کو دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ آمین۔

حکیم صاحب! آج کل عورتوں میں مرض لیکوریا بہت پھیلتا جا رہا ہے۔ بعض اوقات عورتیں اسی مرض کا بہانہ لگا کر نماز کی سستی کا بھی شکار ہو جاتی ہیں۔ براہِ کرم اس سلسلے میں ضرور لکھیں۔ اگر مطب العارف کا کوئی لیکوریا کے متعلق کورس ہے تو وہ بھی بتلایئے اور کچھ آسان سے نسخے بھی تحریر فرما دیجئے تاکہ اگر کسی کیلئے مطب العارف سے دوائی منگوانا مشکل ہو تو وہ خود ہی کوئی نسخہ تیار کر لے۔ نسخہ بھی ایسا ہو کہ جس کے کھانے سے کوئی نقصان نہ ہو۔ اللہ آپ کو بہت بہت جزائے خیر عطا فرمائے۔ (محمد عدیل رحیم یار خان)

جواب وعلیکم السلام! بھائی محمد عدیل صاحب۔ آپ کا محبت بھرا تفصیلی خط جو ماشاء اللہ کئی صفحات پر مشتمل تھا، موصول ہوا۔ پڑھ کر بہت خوشی ہوئی کہ آپ حضرات ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے مستقل قاری ہیں۔ بھائی جان! ہماری یہ کوشش ہوتی ہے کہ اچھی سے اچھی چیزیں، اچھے سے اچھے نسخے، اچھے سے اچھے مضامین آپ حضرات کی خدمت میں پیش کرتے رہیں، جن سے مخلوقِ خدا کو زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل ہو۔ آپ کی یہ اخلاقی ذمہ داری بنتی ہے کہ یہ رسالہ، جس سے آپ کو اتنا زیادہ فائدہ حاصل ہو رہا ہے، تو یہ فائدہ کی چیز اپنے دیگر بھائیوں تک بھی پہنچائیں۔ اپنے دوستوں کو گفٹ میں بھی دیں۔ دوسری چیز جو آپ نے پوچھی ہے کہ لیکوریا کا مرض بہت پھیلتا جا رہا ہے۔ دیگر وجوہات کے علاوہ اس کی سب سے بڑی وجہ غذا اور خوراک کی بے اعتدالی، معاشرے کی بے راہ روی اور فلموں، ڈراموں کی کثرت بھی ہے۔ گرم غذائیں، گرم خوراکیں، بالخصوص فارمی مرغی اور اس سے تیار ہونے والی تمام اشیاء چکن برگر، چکن شوارما، باربی کیو، چکن کڑاہی، تیز مرچ مصالے وغیرہ اس مرض کے اسباب ہیں۔ لہٰذا علاج سے پہلے بھی اور دورانِ علاج بھی اور علاج کے بعد بھی حتیٰ الامکان ان چیزوں سے پرہیز اشد ضروری ہے۔ آپ کہیں گے کہ ان چیزوں سے بچنا اور پرہیز ممکن نہیں یا آسان نہیں تو پھر کم از کم سب سے آخری درجہ یہ ہے کہ ان کے ساتھ تازہ سبزیوں، سلاد وغیرہ کا کثرت سے استعمال کیا جائے۔ گوشت میں سبزی کا استعمال مسنون بھی ہے اور حکمت کے لحاظ سے ضروری بھی ہے۔ پودینہ کی چٹنی، کچی سبزیوں کا استعمال مولی، گاجر، شلغم، چقندر، کھیرے وغیرہ کا استعمال ایسی تمام بیماریوں سے حفاظت کیلئے بہت اچھی چیزیں ہیں۔

مطب العارف کا تیار کردہ اکسیر لیکوریا کورس اس مرض لیکوریا کیلئے بہت فائدہ مند ہے اور مطب العارف کی سب سے زیادہ سیل ہونے والی ادویات میں اس کا شمار ہوتا ہے۔ عورتوں کی تمام بیماریوں اور اسباب لیکوریا اور وجوہات لیکوریا کو مدنظر رکھتے ہوئے بہت ہی موثر، قیمتی اجزاء سے تیار کردہ یہ کورس ہر قسم کے لیکوریا کیلئے بہت ہی فائدہ مند ہے۔ کسی بھی اچھے دواخانے کی تیار کردہ سپاری پاک کا اس مرض کیلئے استعمال بھی بہت فائدہ مند ہوتا ہے۔ نسخہ جات کیلئے میرے دوسرے مضمون کا مطالعہ فرمائیں جو اسی شمارے کے صفحہ 53 پر ہیں۔ شکریہ۔

گھریلو ٹوٹکے

انتخاب: ام نارفع

مہندی کے داغ

مہندی ہاتھوں پر بہت اچھی لگتی ہے۔ لیکن یہی مہندی اگر کپڑوں پر لگ جائے تو جان عذاب میں آجاتی ہے۔ ایسے دھبوں کو گرم دودھ میں آدھے گھنٹے کے لئے رہنے دیں۔ لیجئے مہندی کے دھبے غائب۔

دروازے کے قبضے

اگر دوازے کے قبضے پھٹنے لگے ہیں، ان میں دراڑ پیدا ہونے لگی ہے تو ایک معمولی پنسل کو خراب شدہ حصوں پر رگڑ دیں۔ پنسل کا گرینائٹ لبریکینٹ کا کام انجام دے گا۔

داغ دھبے سے بچاؤ

احتیاط کرنے سے کپڑوں پر داغ دھبے پڑنے سے بچایا جاسکتا ہے۔ ذیل میں چند احتیاطی تدابیر درج کی جارہی ہیں۔

اگر گھر میں مرمت کا کام یا پینٹ کررہے ہوں یا کوئی اور ایسا کام کررہے ہوں جس سے کپڑوں پر داغ پڑسکتے ہیں تو ایپرن یا اوورآل پہن لیں۔

ایسا کوئی کام کرتے وقت احتیاط برتیں جس میں آپ کا جسم کسی میلی سطح سے چھوتا ہو مثلاً جسم سے دروازے میں دھکا لگانا یا دیوار سے ٹیک لگانا۔

اگر آپ گھر پر میزبانی کررہے ہوں تو پالتو جانوروں کو دور رکھیے۔

دفتر سے واپس آکر دفتر کے کپڑے اتار کر ہوا میں ٹانگ دیجئے تاکہ پسینہ خشک ہوجائے۔

جہاں تک ہوسکے مختلف رنگوں میں چھپے ہوئے کپڑے خریدیے۔ ہلکے رنگے کپڑوں پر داغ زیادہ نمایاں نظر آتے ہیں

داغ صاف کرنے کے سامان اور محلول دور رکھیے۔

جلدی میں گھر کے کوڑے کرکٹ کی صفائی نہ کیجئے۔ اس سے اکثر کپڑوں پر داغ پڑجاتے ہیں۔

اپنے لباس پر عطر یا خوشبو نہ چھڑکیے۔ الکحل ملی خوشبویات سے کپڑوں پر داغ پڑجاتے ہیں۔

پیٹھ پر اٹھا کر لے جانے والے بیگ یا اور کوئی سامان میلے فرش پر نہ رکھیے ورنہ جب آپ اسے پیٹھ پر رکھیں گے تو کپڑے میلے ہوجائیں گے۔

میلے کپڑوں پر خاص طور سے اگر پسینہ لگا ہو تو استری نہ چلائیں ورنہ پسینے کا داغ مستقل ہوجائے گا۔

تار کے ہینگر یا کپڑوں میں سیفٹی پن کا استعمال نہ کریں۔ اس سے اکثر کپڑوں میں زنگ کا نشان لگ جاتا ہے۔

پوسٹر چپکائیں

دیوار پر پوسٹر چپکانے ہوں تو ٹوتھ پیسٹ استعمال کریں۔ اس سے دیوار پر نشان بالکل نہیں پڑتے۔

مچھر مار میٹ کا دوبارہ استعمال

عموماً مچھر مار میٹ (Mosquito Mat) استعمال کے بعد پھینک دیئے جاتے ہیں لیکن یہ بات بہت کم لوگ جانتے ہیں کہ انہیں دوبارہ قابلِ استعمال حالت میں لایا جاسکتا ہے۔ نیم اور یوکلپٹس آئل (Eucalyptus Oil) کی برابر مقدار لے کر اس میں میٹ کو دو روز کے لئے ڈبو کر رکھ دیں اور پھر دوبارہ استعمال کریں انتہائی کارآمد رہیں گے۔

بھاری بھرکم گھریلو اشیاء کو حرکت دینا

اگر آپ اپنی بھاری بھرکم الماری، ریفریجریٹر یا کسی وزنی صندوق کو کھسکانا چاہتے ہیں یا اس کی جگہ تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو اس شے کے سامنے تھوڑا سا پوڈر فرش پر چھڑک دیں۔ اس طرح آپ کو اس شے کو بآسانی حرکت دینے میں مدد مل جائے گی اور فرش پر رگڑ کے نشانات بھی نہیں بنیں گے۔

(قسط:۵)

مسلمان کو کیسا ہونا چاہیے؟

80۔ مسلمان جانتا ہے کہ اللہ انہی لوگوں کی توبہ قبول کرتا ہے جو جہالت سے بُری حرکت کر بیٹھتے ہیں اور جلد توبہ کر لیتے ہیں۔ ایسے لوگوں کی توبہ اللہ کے ہاں قبول نہیں ہوتی جو بُرے کام کرتے رہتے ہیں اور موت آموجود ہو تو توبہ کرنے بیٹھ جاتے ہیں اور نہ ان کی توبہ قبول ہوتی ہے جو کفر کی حالت میں مریں۔ 4/17-18

81۔ مسلمان اللہ کی بندگی کرتا ہے۔ اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا اور بحکم ربی ماں باپ کے ساتھ نیک برتاؤ کرتا ہے، قرابت داروں، مسکینوں اور یتیموں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آتا ہے اور پڑوسی رشتہ دار سے، اجنبی ہمسایہ سے، پہلو کے ساتھی سے، مسافر سے اور ان لونڈی غلاموں سے، جو اس کے قبضے میں ہوں، احسان کا معاملہ رکھتا ہے۔ 4/36

82۔ مسلمان جانتا ہے کہ ''اللہ کسی ایسے شخص کو پسند نہیں فرماتے۔ جو اپنے پندار میں مغرور ہو اور اپنی بڑائی پر فخر کرنے والا ہو۔'' 4/36

83۔ مسلمان کبھی نہ خود بخل کرتا ہے نہ دوسروں کو بخل کرنے کی ہدایت کرتا ہے اور جو کچھ اللہ نے اسے عطا کیا ہے اسے کبھی نہیں چھپاتا۔ 4/37

84۔ مسلمان کبھی اپنی پاکیزگی نفس کا دعویٰ نہیں کرتا۔ 4/49

85۔ مسلمان ہمیشہ امانتیں، اہلِ امانت کے سپرد کر دیتا ہے اور اگر موقع ملے تو لوگوں کے درمیان ہمیشہ عدل و انصاف سے فیصلہ کرتا ہے۔ 4/58

86۔ مسلمان کو جب کوئی احترام کے ساتھ سلام کرے تو وہ بہتر طریقے سے اس کا جواب دیتا ہے۔ 4/86

87۔ مسلمان کھڑے، بیٹھے، لیٹے اور ہر حال میں اللہ کا ذکر کرتا ہے۔ جانتا ہے کہ صلوٰۃ ایک ایسا فرض ہے جو پابندی وقت کے ساتھ اہل ایمان پر فرض کیا گیا ہے۔ (4/103)

88۔ مسلمان کبھی کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل نہیں کرتا۔ تاکہ اس پر اللہ کا غضب نازل ہو اور اس کا ٹھکانہ جہنم نہ ہو۔ 4/93

89۔ مسلمان جانتا ہے کہ اللہ کو خیانت کار اور گناہ گار پسند نہیں اس لیے کبھی ایسا نہیں بنتا۔ 4/107

90۔ مسلمان کبھی کوئی خطا یا گناہ کر کے اس کا الزام کسی دوسرے پر نہیں تھوپتا۔ کیونکہ وہ جانتا ہے کہ اگر وہ ایسا کرے گا تو وہ ایک بڑے بہتان اور صریح گناہ کا بوجھ اپنے سر پر لے گا۔ 4/112

91م۔ مسلمان ہمیشہ نیک رویہ رکھتے ہوئے اللہ کے آگے سر تسلیم خم کیے رکھتا ہے۔ 4/125

92۔ مسلمان ہمیشہ انصاف کا علم بردار ہوتا ہے اور اللہ کے واسطے گواہ بنتا ہے خواہ اس کے انصاف اور سچی گواہی کی زد اس کے والدین یا رشتہ داروں پر ہی کیوں نہ پڑتی ہو۔ وہ نہ لگی لپٹی بات کہتا ہے اور نہ سچائی سے پہلو بچاتا ہے اور نہ ہی خواہش نفس کی پیروی میں عدل سے باز رہتا ہے۔ 4/135

93۔ مسلمان کبھی وہاں نہیں بیٹھتا جہاں اللہ کی آیات کے خلاف کفر بکا جا رہا ہو یا ان کا مذاق اڑایا جا رہا ہو جب تک لوگ دوسری باتوں میں نہ لگ جائیں۔ تاکہ اسے بھی انہی کی طرح ہی نہ جانا جائے۔ 4/140

94۔ مومن ظاہر و باطن میں صرف بھلائی ہی کیے جاتا ہے یا کم از کم برائی سے درگزر کرتا ہے اور سوائے مظلوم ہونے کے کبھی بدگوئی پر زبان نہیں کھولتا۔ 4/148-149

95۔ مسلمان اپنے عہدوں اور بندشوں کی پوری پابندی کرتا ہے اور اپنے اقراروں کو پورا کرتا ہے۔ 5/1

96۔ مسلمان نیکی اور پرہیز گاری کے کاموں میں تعاون کرتا ہے۔ 5/2

97۔ مسلمان گناہ اور زیادتی کے کاموں میں کبھی تعاون نہیں کرتا۔ 5/2

98۔ مسلمان جانتا ہے کہ اللہ کریم صرف متقیوں کی ہی نذریں قبول کرتے ہیں۔ (یہ ہمارے لئے قابل غور ہے کہ ہم دنیا بھر کی غلط کاریاں کرتے ہیں اور پھر صدقہ یا قربانی دے کر یہ سمجھ بیٹھتے ہیں کہ یہ قبول ہوگی)۔ 5/27

(جاری ہے)

اللہ سے محبت کی دُعائیں

ناہید تسنیم

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ حُبَّكَ وَ حُبَّ مَنۡ یُّحِبُّكَ وَالۡعَمَلَ الَّذِیۡ یُبَلِّغُنِیۡ حُبَّكَ. اَللّٰھُمَّ اجۡعَلۡ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنۡ نَّفۡسِیۡ وَمَالِیۡ وَاَھۡلِیۡ وَمِنَ الۡمَآءِ الۡبَارِدِ. اَللّٰھُمَّ ارۡزُقۡنِیۡ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنۡ یَّنۡفَعُنِیۡ حُبُّهٗ عِنۡدَكَ. اَللّٰھُمَّ مَارَزَقۡتَنِیۡ مِمَّآ اُحِبُّ فَاجۡعَلۡهُ قُوَّةً لِّیۡ فِیۡمَا تُحِبُّ. اَللّٰھُمَّ مَازَوَیۡتَ عَنِّیۡ مِمَّآ اُحِبُّ فَاجۡعَلۡهُ فَرَاغًا لِّیۡ فِیۡمَا تُحِبُّ. (الترمذی)

''اے اللہ! بیشک میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری محبت کا اور اُس کی محبت کا جو تجھ سے محبت کرتا ہے۔ اور وہ عمل جو مجھے آپ کی محبت تک پہنچا دے۔ اے اللہ! بنا دے اپنی محبت کو زیادہ محبوب میری طرف میری جان سے، میرے مال سے اور میرے اہل سے اور ٹھنڈے پانی سے۔ اے اللہ! مجھے اپنی محبت عطا کر اور اُس کی محبت، جس کی محبت مجھے تیرے نزدیک نفع دے۔ اے اللہ! جو تو نے مجھے عطا کیا جس سے میں محبت کرتا ہوں، تو بنا دے اُس کو قوت میرے لئے اُس چیز کی جس سے تو محبت رکھتا ہے۔ اے اللہ! جو لے لیا تو نے مجھ سے جس سے میں محبت کرتا ہوں، تو بنا دے اُس کو فراغت کا سبب اُس کے لئے جس سے تو محبت کرتا ہے۔''

اَللّٰھُمَّ اجۡعَلۡ حُبَّكَ اَحَبَّ الۡاَشۡیَآءِ اِلَیَّ وَاجۡعَلۡ خَشۡیَتَكَ اَخۡوَفَ الۡاَشۡیَآءِ عِنۡدِیۡ وَاقۡطَعۡ عَنِّیۡ حَاجَاتِ الدُّنۡیَا بِالشَّوۡقِ اِلٰی لِقَآئِكَ وَ اِذَآ اَقۡرَرۡتَ اَعۡیُنَ اَهۡلِ الدُّنۡیَا مِنۡ دُنۡیَاهُمۡ فَاَقۡرِرۡ عَیۡنِیۡ مِنۡ عِبَادَتِكَ. (الترمذی)

''اے اللہ! اپنی محبت کو سب چیزوں سے زیادہ محبوب بنا دے میرے لئے اور اپنے خوف کو زیادہ کر دے خوف والی چیزوں سے نزدیک میرے اور کاٹ دے مجھ سے دنیا کی حاجات بدلے شوق کے طرف اپنی ملاقات کے اور جب تو ٹھنڈی کر دے آنکھیں دنیا کے لوگوں کی اُن کی دنیا سے تو میری آنکھوں کو ٹھنڈا کر دے اپنی عبادت سے۔''

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ حُبَّكَ وَ حُبَّ مَنۡ یُّحِبُّكَ وَ حُبَّ عَمَلٍ یُّقَرِّبُنِیۡ اِلٰی حُبِّكَ. (الترمذی)

''اے اللہ! بیشک میں تجھ سے تیری محبت کا سوال کرتا ہوں اور اُس شخص کی محبت کا جو تجھ سے محبت کرتا ہو اور اس کام کی محبت جو مجھے تیری محبت کے قریب کر دے۔''

بقیہ: آنکھوں کی قدر کیجئے اور ہر وقت ان کا خیال رکھیے

کو اس مرض کا مریض رات کو سوتے وقت چینی اور مرچ سیاہ ہم وزن پیس کر کھائے اور اوپر سے پانی نہ پیئے۔ چند دن کے استعمال سے اس مرض سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔

۳..... آنکھوں سے پانی بہتے رہنے کا مرض بہت ہی تیزی سے عام ہوتا جا رہا ہے۔ مطالعہ کرنے سے آنکھوں میں درد اور پانی بہنا شروع ہو جانا یا کسی بھی کام یا کسی بھی وجہ سے اگر آنکھوں سے پانی بہنے کا مرض ہو تو اس کیلئے بہت ہی سہل اور آسان نسخہ ہے۔ رات کو 21 عدد بادام کی گریاں مٹی کے کسی برتن میں پانی ڈال کر بھگو دیں۔ صبح چھیل کر کھا لینے سے پرانے سے پرانے اور شدید سے شدید مسئلہ ختم ہو جاتا ہے۔

۴..... سونف چبانے سے یا دودھ میں ایک چٹکی سونف ملا کر دودھ اچھی طرح ابال کر پینے سے نظر تیز اور آنکھوں کیلئے بہت ہی فائدہ مند اور نفع مند چیز ہے۔

عید قربان کی آمد آمد

دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ کی طرف سے غریبوں کو عید کی خوشیوں میں شامل کرنے کیلئے غریب گھرانوں میں عید قربان کا گوشت تقسیم کیا جائے گا۔ آپ حضرات سے گزارش ہے کہ ادارے میں گائے کی قربانی کا حصہ (9000 روپے) جمع کروائیں تاکہ غریب گھرانوں تک قربانی کا گوشت پہنچایا جا سکے۔ اس کے علاوہ چترال میں بھی گائے کی وقف قربانی کی جا رہی ہے جس میں فی حصہ (5000) روپے ہے۔ اس بار آپ خود بھی اور اپنے جاننے والوں کو بھی اس عظیم قربانی میں شرکت کی دعوت دیں۔

ٹرسٹ: 0312-7772772

کالی بتی

قیمت 4 روپے فی عدد

صرف طلبہ کے لیے

- ہر قسم کے جادو کے مریضوں سے جادو کے اثرات کو ختم کرتی ہے۔
- ہر قسم کے جادو کے مریضوں سے بندش کے اثرات کو ختم کرتی ہے۔
- ہر قسم کے جادو کے مریضوں سے بوجہ جادو ہونیوالی ڈیپریشن ختم کرتی ہے۔
- ہر قسم کے جادو کے مریضوں پر بوجہ جادو جسم پر پڑنے والے بوجھ کو ختم کرتی ہے۔ ● ہر قسم کے جادو کے مریضوں کے جسم بوجہ جادو میں ہونیوالی دردوں کو ختم کرتی ہے۔ ● ہر قسم کے جادو کے مریضوں سے بوجہ جادو رہنے والی بے خوابی کو ختم کرتی ہے۔ ● ہر قسم کے جادو کے مریضوں سے بوجہ جادو پیدا ہونے والے غلط خیالات کو ختم کرتی ہے۔ ● ہر قسم کے جادو کے مریضوں کو آنے والی ڈراؤنی وغلط خوابوں کو ختم کرتی ہے۔ ● ہر قسم کے جادو کے مریضوں سے بوجہ جادو پیدا ہونے والے وساوس کو ختم کرتی ہے۔

روحانی دکان 0334-4312272, 042-35410586
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

نیلی بتی

قیمت 4 روپے فی عدد

کچا سوت سرخ رنگ ڈیڑھ گز لمبا اکیس (۲۱) تار لے کر سورۂ تبت یدا ابی لھب پوری، اکیس (۲۱) بار پڑھ کر گرہ لگاتا اور دم کرتا رہے۔ پھر الٹی طرف سے گرہ پر لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ (الانبیاء ۸۷) رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ (الانبیاء ۸۳) ایک بار دم کر دے۔ پھر سیدھی طرف سے ایک بار ہر گرہ پر وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ (ھود ۴۴) دم کرتا چلا جائے اور بواسیر والے کی کمر پر باندھ دیا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، باذن اللہ، بہت آرام ہو جائے گا۔

ازالہ سحر

سات (۷) پتے بیری کے لے کر ان کو پیسیں اور سات کنوؤں، نلکوں کا پانی لے اور اس میں گھول لیں۔ اس پانی پر اکیس اکیس مرتبہ آیۃ الکرسی، سورۃ الفلق اور سورۃ الناس پڑھ کر دم کر دیں اور اس پانی کے تین گھونٹ مریض کو پلائیں اور بقیہ سے مریض غسل کریں۔ غسل کا پانی ایسی جگہ گھر سے باہر دفن کر دیں، جہاں ناپاکی (پیشاب پاخانہ) نہ گرتے ہوں۔ یہ عمل چودہ (۱۴) دن کیا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مکمل افاقہ ہوگا۔ غسل صبح کو قبل زوال کیا جائے۔

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمہ اللہ

مایوس العلاج مریض اور جپ دق اور ٹھہرے ہوئے بخار کیلئے مفید عمل

نماز عصر کے بعد سورۂ مجادلہ (پارہ ۲۸ کے شروع کی سورت) تین بار پڑھ کر ہر مرتبہ مریض پر پھونکا کریں۔ یہ بھی متواتر چالیس (۴۰) روز تک عمل میں لائیں۔ یہ عمل حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنی کے تجربہ میں رہا ہے اور الحمد للہ متعدد مایوس العلاج حضرات شفایاب ہوئے ہیں۔

رد سحر کا عمل

جاری پانی دریا یا نہر کا یا سات کنوؤں کا پانی ایک مٹکا بھر کر اس پر باوضو مندرجہ ذیل آیات گیارہ گیارہ مرتبہ اور سورۂ فلق اور سورۂ ناس گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور مریض کو اس پانی میں سے تین گھونٹ پلائیں اور باقی ماندہ (بچے ہوئے) پانی سے سر پر پانی ڈال کر نہلائیں۔ بلاناغہ چالیس (۴۰) دن تک یہ عمل کریں۔ آیات یہ ہیں:۔

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ (یونس ۸۱ تا ۸۲)

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۝ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۝ قَالُوْٓا اٰمَنَّا

ادارے کا اسلامی رسالہ "خزینہ علم و عمل" goo.gl/LPpGHe

بِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ رَبِّ مُوْسٰی وَھٰرُوْنَ ۝ (الاعراف ۱۱۷-۱۲۲)
اِنَّمَا صَنَعُوْا کَیْدُ سٰحِرٍ ۔ وَلَا یُفْلِحُ السّٰحِرُ حَیْثُ اَتٰی ۝
(طٰہٰ ۶۹)

نوٹ یہ عمل اتوار کے دن سے شروع کیا جائے۔ جاڑے میں دوپہر کو نہلایا جائے۔

جادو سحر سے شفا کا عمل

کھانے کے نمک کو پیس کر اس پر باوضو مندرجہ ذیل آیات ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ پڑھ کر پھونکئے اور کھانے میں صرف یہی نمک ملا کر دیا کیجئے۔ چالیس (۴۰) دن متواتر ایسا ہی کھانا کھلایا کریں، جس میں یہی نمک ڈالا گیا ہو۔ اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ یا تو اس کا کھانا علیحدہ پکایا جائے اور اس میں یہ نمک ڈالا جایا کرے یا گھر میں جو سالن پکتا ہے، اس میں ابتداء سے نمک نہ ڈالا جائے۔ جب سالن پک جائے تو مریض کے لئے علیحدہ نکال کر پڑھا ہوا نمک ملا دیں اور گھر کے کھانے میں بے پڑھا ہوا نمک حسب عادت ڈالا جائے۔ آیات حسب ذیل ہیں۔

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِیْھَا ۔ وَاللّٰہُ مُخْرِجٌ مَّا کُنْتُمْ تَکْتُمُوْنَ ۝ فَقُلْنَا اضْرِبُوْہُ بِبَعْضِھَا ۔ کَذٰلِکَ یُحْیِ اللّٰہُ الْمَوْتٰی ۔ وَیُرِیْکُمْ اٰیٰتِہٖ لَعَلَّکُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ (البقرۃ ۷۲-۷۳)

عمل برائے دفع سحر

آیات ذیل کو سات کنوؤں کا پانی جمع کر کے اس پر گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھا جائے اور سات کنوؤں کا پانی جمع کرنا مشکل ہو تو ایک ہی، تازہ پانی پر پڑھ لیں۔ اس پانی سے مریض کو غسل دیا جائے گیارہ (۱۱) روز تک یہ عمل بلاناغہ کریں۔ آیات سحر یہ ہیں:

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِہِ ۔ السِّحْرُ ۔ اِنَّ اللّٰہَ سَیُبْطِلُہٗ ۔ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ۝ وَیُحِقُّ اللّٰہُ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ (یونس ۸۱-۸۲)
فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝ فَغُلِبُوْا ھُنَالِکَ
وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِیْنَ ۝ وَاُلْقِیَ السَّحَرَۃُ سٰجِدِیْنَ ۝ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ رَبِّ مُوْسٰی وَھٰرُوْنَ ۝ (الاعراف ۱۱۸-۱۲۲)
اِنَّمَا صَنَعُوْا کَیْدُ سٰحِرٍ ۔ وَلَا یُفْلِحُ السّٰحِرُ حَیْثُ اَتٰی
(طٰہٰ ۶۹)

دشمنی دور کرنے کا عمل

پسے ہوئے نمک پر

وَالْوَالِدٰتُ یُرْضِعْنَ اَوْلَادَھُنَّ حَوْلَیْنِ کَامِلَیْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ یُّتِمَّ الرَّضَاعَۃَ ۔ (البقرۃ ۲۳۳) اور آیت

اِنَّ لَکُمْ فِی الْاَنْعَامِ لَعِبْرَۃً ۔ نُسْقِیْکُمْ مِّمَّا فِیْ بُطُوْنِہٖ مِنْۢ بَیْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِیْنَ ۝ (النحل ۶۶)

باوضو گیارہ گیارہ بار پڑھ کر پھونکیں اور نمک اڑد کی دال میں ڈال کر عورت کو کھلایا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سو فیصد کامیابی ہوگی۔

.....

مولانا محمد یاسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ

(والد ماجد مفتی محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ)

بھائی اصلاح بین الزوجین

آیت وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ ۔ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ ۝ (طٰہٰ ۳۹) سات سو (۷۰۰) مرتبہ پڑھ کر شیرینی پر دم کریں۔ جس کو کھلائیں، ان کے درمیان محبت و اتفاق ہو جائے گا۔

بھائی حاجت براری الرحیم

آیت سَلٰمٌ ۔ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۝ (یٰسٓ ۵۸) کو چند بار پڑھ کر انگشت شہادت پر دم کریں۔ پھر سر کے بالوں سے پیشانی پر برہ بینی تک اس انگلی سے خط کھینچ کر جس کے سامنے جائے، ان شاء اللہ وہ اس کی حاجت پوری کرے گا۔

آسیب یا سحر وغیرہ کے معلوم کرنے کا طریقہ

نیلا دھاگا سوت کا سات (۷) بار مریض کے قد کے برابر لے کر اس پر سات (۷) مرتبہ یہ آیت قبل از مغرب پڑھے:

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ ۝ (النحل ۱۲۷)

یہ نیلا ڈورا رات کو مریض کے سر کے سرہانے یا تکیہ کے نیچے رکھا جائے۔ صبح پھر ناپا جائے۔ اگر بڑھ جائے تو آسیب کی علامت، گھٹ جائے تو سحر کی اور برابر رہے تو عام مرض۔

حضرت مولانا عبدالحق دائمی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

دیا تب دزدی (چور معلوم کرنا)

برگ ترنج لا کر ہر ایک پر اس آیت کو لکھے اور ہر ایک متہم (جس پر چوری کا الزام ہو، تہمت اور شبہ ہو) کا نام آیت کے نیچے لکھے اور آگ میں جلا دے۔ چور کے شکم (پیٹ) میں درد ضرور شروع ہوگا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. وَالسَّارِقُ فَاقْطَعُوْا أَيْدِيَهُمَا جَزَآءً بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ (المائدۃ ۳۸)

نوٹ برگ ترنج سے مراد ترنج کے پتے ہیں۔

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ

(سابق مفتی دالعلوم دیوبند)

حافظہ تیز ہونے کے لئے

سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر پانی پر دم کر کے طلوع آفتاب کے وقت پیئے تو ذہن کھل جائے گا اور حافظہ قوی ہو جائے گا۔

ہیضہ کے لئے

سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پانی پر دم کر کے جس کو پلائے، اس کو گہری محبت ہو جائے (ناجائز کاموں میں استعمال کرے گا تو وبال کا خطرہ ہے)۔

حضرت مولانا عبدالغنی پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ

ناف ٹلنے کا عمل

ناف ٹلنے کا یہ عمل نہایت مجرب ہے۔ الم ترکیف آخر تک دس (۱۰) بار، اول آخر تین تین بار درود شریف کے ساتھ پڑھ کر پہلے ناف پر دم کریں، پھر ہاتھ پر دم کر کے تمام بدن پر مل لیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ناف اپنی جگہ پر آجائے گی۔

حضرت مولانا غلام حبیب صاحب قدس سرہ العزیز

دشمن سے پوشیدہ ہونے کے لئے

دشمن سے حفاظت کے لئے اور پوشیدہ ہونے کے لئے یہ آیت پڑھ کر دشمن کی طرف تصوراً پھونک ماریں۔ ان شاء اللہ دشمن کے سامنے گزرنے سے اس کو پتہ تک نہ ہوگا۔

لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ۝ (الانعام ۱۰۳)

قلعہ کا حصار عظیم

اول آخر ایک ایک مرتبہ درود ابراہیمی، چاروں قل اور سورۂ فاتحہ اور آیۃ الکرسی ایک ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر حصار کیا جائے اور اس طرح

ادارے کی شائع کردہ کتب کی تفصیل goo.gl/qYffZs

ہزاروں میل دور جس چیز کو چاہو حصار کرو، اس طرف دم کرو۔ ان شاء اللہ اگر انسان ہے تو بھی حصار و محفوظ رہے گا۔ اگر گاڑی وغیرہ ہے تو بھی محفوظ و مامون رہے گی۔

حضرت لاہوری کا تیر بہدف عطیہ گردہ وظیفہ

حضرتؒ فرمایا کرتے تھے کہ یہ وظیفہ درحقیقت ایک چیک تھا جو بمنزلہ کیش کے مجھے ملا۔ اس کی برکت سے جو چاہتا مل جاتا اور حج کے موقع پر لاکھوں روپے راہِ خدا پر خرچ فرماتے۔ وظیفہ یہ ہے: ہر نماز کے بعد اول آخر ایک ایک مرتبہ درود شریف اور درمیان میں سات مرتبہ سورۂ قریش پڑھیں۔

خواجہ عثمان دامانی رحمۃ اللہ علیہ

تمام مصیبتوں، سانپ کے زہر اور پاگل کتے کے کاٹے کے اثر سے محفوظ رہنے کیلئے

سورۂ فاتحہ، آیۃ الکرسی، چار قل یعنی قل یا ایھا الکافرون، قل ھواللہ احد، قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب الناس سب پڑھ کر دم کریں۔ تمام زمینی اور آسمانی آفتوں اور بلاؤں کے لئے حد سے زیادہ مفید ہے۔ خصوصاً جادوٹونے اور سانپ کے ڈنگ کے زہر کے اثرات کو زائل کرنے کے لئے بہت مجرب ہے۔

جادوٹونے کے توڑ کے لئے ہر روز تین بار پڑھ کر سارے جسم پر دم کریں اور سانپ کے ڈنگ کے زہر کے اثر کو ختم کرنے کے لئے نمک پر دم کر کے مریض کو کھلائیں اور سانپ کے زخم کی جگہ پر ملیں اور پاگل کتے کے کاٹنے پر آیۃ الکرسی کو بغیر شامل کئے پڑھ کر دم کریں، مجرب ہے۔

یرقان سے شفا کے لئے معمول

اتوار کے روز سبز گھاس کے چند بڑے پتے لیں۔ ان کا ایک سرا یرقان کے مریض کے ہاتھ میں دیں کہ پکڑ رکھے اور دوسرا اپنے ہاتھ سے پکڑیں اور دائیں ہاتھ میں چاقو پکڑ کر ایک بار سورۂ القریش بسم اللہ کے ساتھ پڑھیں اور اس پتے کو کاٹ ڈالیں۔ اسی طرح سات دفعہ کریں لیکن پہلی اور آخری بار (سورۂ القریش کے ساتھ) درود شریف کا اضافہ کریں۔ یہ عمل تین اتوار کریں۔ ان شاء اللہ یرقان ختم ہو جائے گا۔

حضرت مولانا حافظ شاہ عبدالقادر صاحب رائے پوری نور اللہ مرقدہٗ

آیاتِ شفاء

اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر تین مرتبہ سورۃ فاتحہ مع بسم اللہ پڑھ کر یہ آیات شفاء تین دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں، شفاء ہوگی۔

**وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ (یونس ۵۷)

**يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ (النحل ۶۹)

**وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (بنی اسرائیل ۸۲)

**وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝ (الشعراء ۸۰)

**قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ (حٰمٓ السجدۃ ۴۴)

عمل برائے دفع دشمن

بعد نماز عشاء دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ فیل سات (۷) مرتبہ پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد آیت وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ۭ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ۝

(طٰہٰ ۱۱۸ تا ۱۲۲) چالیس (۴۰) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ دشمن چلا جائے گا۔

حضرت مولانا محمد عمر پالن پوری رحمۃ اللہ علیہ

جس بیماری کی ڈاکٹر کو سمجھ نہ آئے

فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝ (القمر ۱۰)

اگر آپ کو کوئی ایسی بیماری ہو جو ڈاکٹر کی سمجھ سے باہر ہو یا کوئی دوا اثر نہ کرتی ہو تو روزانہ تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ مذکورہ آیت پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے پھونکیں اور مریض کو پانی پر دم کر کے پلائیں۔ یہ عمل (۲۱) روز تک کریں۔

گردے اور پتے کی پتھری کے لیے

وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا یَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا یَشَّقَّقُ فَیَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا یَهْبِطُ مِنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ (البقرہ ۷۴)

اگر آپ کو گردے اور پتے کی پتھری ختم کرنی ہو تو اکتالیس (۴۱) بار مذکورہ آیت پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس وقت تک پلائیں، جب تک کامیاب نہ ہو۔

غصہ ختم کرنے کیلئے

وَالْكٰظِمِیْنَ الْغَیْظَ وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ۝ (اٰل عمران ۱۳۴)

اگر آپ کو شدید غصہ آتا ہے اور آپے سے باہر ہو جاتے ہیں تو ایک سو ایک (۱۰۱) دفعہ مذکورہ آیت اکیس (۲۱) دن تک چینی پر پڑھ کر کھالی جائے۔

جادو کا اثر ختم ہو

قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰی ۝ وَاَلْقِ مَا فِیْ یَمِیْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ؕ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَیْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا یُفْلِحُ السّٰحِرُ حَیْثُ اَتٰی ۝ (طٰہٰ ۶۸ تا ۶۹)

حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی نور اللہ مرقدہ

جادو کا توڑ

ایک صاحب کے سوال پر فرمایا کہ کسی اچھے عامل کو دکھا لو تو بہتر ہے۔ میں تو ان عملیات کو جانتا نہیں۔ ایک عمل بتاتا ہوں، وہ کریں، انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ مدد فرمائیں گے۔ مغرب یا عشاء کے بعد گھر کے تمام افراد بیٹھ کر تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ آخری دونوں سورتیں (معوذتین) پڑھ کر دعا کیا کریں۔ اور گھر میں ٹی وی وغیرہ نہ چلائیں۔

شیخ الحدیث حضرت مولانا مشرف علی تھانوی مدظلہ العالی

جملہ امراض و سحر

یہ عمل شیخ و مربی شیخ الحدیث حضرت مولانا مشرف علی تھانوی دامت برکاتہم العالی کا فرمودہ ہے۔ ہر جمعرات کو سورۂ بقرہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس سے سحر زدہ کو نہلایا جائے۔ ایک ٹب میں بیٹھ کر اس پر پانی اس طرح بہایا جائے کہ کسی طرح بھی زمین پر نہ گرے۔ (بہتر ہے کہ کمرے میں دو تین چادر بچھا کر اوپر ٹب رکھ کر یہ عمل کریں۔ نیز برہنہ ہو کر نہیں نہانا۔ خ)

اگر آپ کو شک ہے کہ آپ پر جادو کیا گیا ہے یا علامتیں محسوس ہو رہی ہوں تو جادو کے اثر کو ختم کرنے کیلئے گیارہ (۱۱) دن تک ایک سو (۱۰۰) دفعہ مذکورہ آیات پڑھ کر اپنے اوپر پھونکیں یا اور کسی پر شک ہو تو اس پر پڑھ کر پھونکیں۔ اس دعا کے دوران کوئی دوسرا عمل نہ پڑھیں۔

جملہ قسم کے یرقان کیلئے

اگر کسی کو یرقان ہو گیا ہو تو پہلے "سورۃ الفاتحہ" ایک بار، پھر "سورۃ الحشر" سات (۷) بار اور پھر "سورۃ القریش" ایک بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس وقت تک پلائیں، جب تک فائدہ نہ ہو۔

ڈاکٹر سید محمد مظاہر اشرف الاشرفی الجیلانی کے تجویز کردہ قرآنی عملیات

مرتب: عمر اشرفی سمنانی (لاہور)

دل کی دھڑکن زیادہ ہونے کا علاج

اگر کوئی دل کا مریض ہو اور ہر وقت دھڑکن ہوتی رہتی ہو تو روزانہ صبح و شام "اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝ (الرعد ۲۸)" اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا کریں۔ ان شاء اللہ، فائدہ ہوگا۔

اولاد نرینہ کے لیے

اگر کسی کے بیٹیاں ہو رہی ہوں اور بیٹا نہ ہو تو جب وہ عورت امید سے ہو تو ہر ماہ جو عام ایام کے دن ہوتے ہیں، ان میں ایک سیب پر سات (۷) مرتبہ آیت قطب پڑھ کر دم کر کے صبح نہار منہ کھلا دیا کریں۔ ان شاء اللہ، بیٹا پیدا ہوگا۔ آیت قطب یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۭ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ۭ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ۭ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ۭ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ۭ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ (آل عمران ۱۵۴)

جادو کرانے والے کیلئے

ایک لوہے کی دیسی بنائی ہوئی کیل پر پچاس (۵۰) مرتبہ "اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ (الاخلاص ۲)" پڑھ کر دم کرے اور اس کو کسی درخت میں یہ کہہ کر گاڑ دیں کہ حکام بالا کے کسی بھی آفیسر کی طرف سے میرا تبادلہ موجودہ شہر سے کسی بھی دوسرے شہر میں کیا جانا، کرانا، کرنا بند کرتا ہوں۔ ان شاء اللہ، تبادلہ نہ ہوگا۔

حمل ٹھہر جائے

ایک خاتون کا حمل ضائع ہوا اور اس نے شکایت کی کہ حمل ضائع ہونے کے بعد اس کو کوئی اندرونی بیماری ہو گئی ہے۔ اندرونی بوجھ محسوس ہوتا ہے۔ اس کے علاج کے سلسلے میں حضرت رحمہ اللہ نے فرمایا کہ اصلی لاہوری نمک پیس کر اس پر ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کر کے صبح، دوپہر، شام ..... ناشتہ ہر دو کھانے سے قبل و بعد دو دو انگلی نمک چاٹ لیا کریں۔ مسلسل یہ عمل جاری رکھیں۔ جب حمل قائم ہو جائے تو چھوڑ دیں۔

بانجھ پن کا علاج

روزانہ صبح شام اکیس (۲۱) مرتبہ آیت کریمہ "اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝ (الرعد ۲۸)" پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا کریں۔

بیوی میکے سے واپس آئے

ایک صاحب نے شکایت کی کہ "میری بیوی اچانک بغیر کسی وجہ بتائے اپنے میکے جا بیٹھی ہے اور چھ بچوں کی اماں ہو کر طلاق مانگ رہی ہے۔ میں نہیں چاہتا کہ میرا گھر برباد ہو۔"

اس پر حضرت رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا کہ "آپ روزانہ بعد نماز عشاء، اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر گیارہ (۱۱) مرتبہ سورۃ مزمل شریف پڑھ کر اس تصور کے ساتھ کہ وہ آپ کے سامنے ہاتھ باندھے کھڑی ہے، اس کے گھر کی طرف دم کر دیں۔ ان شاء اللہ، جلد آ جائے گی۔"

نادر کتب عملیات، تعویذات، رمل، جادو، جنات، آسیب اور حاضرات کے اعمال کا نایاب ذخیرہ

عملیات کا نایاب ذخیرہ
مفتاح العملیات
مصنف: حکیم محمد عزیز بن رکن الدین
قیمت: 400 روپے

ایں کتاب لاجواب
تسخیر جنات
مصنف: مولوی سید علی بلگرامی
قیمت: 360 روپے

بیاض عملیات مجربات
بیاض رفاعی
مصنف: غلام قادر الرفاعی
قیمت: 1000 روپے

وظائف وعملیات پیران پیر
تعویذات بے نظیر
مصنف: سید ذوالفقار علی شاہ اجمیری
قیمت: 360 روپے

عجیب وغریب تعویذوں کا مجموعہ
چین اور بنگال کا جادو
مرتبہ: حکیم اظہر صاحب دہلوی
قیمت: 340 روپے

حاضرات خودی سے آزمودہ اعمال
کرشمہ حاضرات
مصنف: ملازم حسین
قیمت: 500 روپے

برائے خواتین
حاضرات آسیب وجنات
مصنف: ملازم حسین
قیمت: 600 روپے

پوشیدہ انسان کی کرامتیں
رموز بمزاد
مصنف: حاجی شمس الدین جھنگوی
قیمت: 280 روپے

بہترین عملیات کا مجموعہ
آزمودہ قلمی ڈائری
مصنف: فقیر خیر محمد خاصخیلی
قیمت: 450 روپے

سریع الاثر عملیات کا خزانہ
کرشمہ عملیات مخفی
مصنف: ملازم حسین (حصہ دوم)
قیمت: 640 روپے

عامل بنانے والی کتاب
خلاصہ عملیات وتعویذات
مصنف: ملازم حسین
قیمت: 640 روپے

لاجواب نقوش وعملیات
بیاض قلندری
مصنف: فیصل حمید
قیمت: 600 روپے

لاجواب کتاب
بے مثال عامل
مصنف: حافظ عبدالرزاق
قیمت: 950 روپے

حاضرات کی لاجواب کتاب
محفل حاضرات ارواح
مصنف: ملازم حسین
قیمت: 510 روپے

جنات کو قابو میں لانے کے آسان طریقے
لوح تسخیر بمزاد
مصنف: ڈاکٹر چشتی پوری
قیمت: 300 روپے

عرف مجربات قادری
عملیات ضروری
عامل زاہد لاہوری
قیمت: 510 روپے

انمول منتر، تعویذات وعملیات
اسرار قلمی ڈائری
مصنف: فقیر اللہ خان قادری
قیمت: 850 روپے

دیگر آزمودہ ومجرب نئے عملیات
بیاض فیصل
مصنف: راجہ فیصل حمید
قیمت: 500 روپے

آسان عملیات کا انمول خزانہ
خزینۂ اعمال
مرتب: روحانی ادارہ
قیمت: 850 روپے

طلسمی خزانہ
تاج خوش خیال
مصنف: حکیم سید شفیق الحسن
قیمت: 450 روپے

عملیات وطب
آزمودہ بیاض عملیات
مصنف: حکیم میاں عبدالمنعم
قیمت: 450 روپے

زبردست عملیات وطب کا مجموعہ
کلید الحوائج
مصنف: حکیم محمد شریف سعیدی پاکپتنی
قیمت: 1200 روپے

اس کتاب کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا
بحر العملیات
مصنف: سید علی مہدی نقوی
قیمت: 850 روپے

تسخیر مہر وقہر
اعمال حزب البحر
مصنف: حضرت خواجہ حسن نظامی
قیمت: 430 روپے

مکتبہ العارف: darulamal.org/bookshop 042-35410586, 0332-4487877

قرآنی عملیات نمبر
darulamal.org/multimedia

مفتیان اور علمائے کرام کے تجویز کردہ قرآنی عملیات

مرتب: اراکین دار العمل چشتیہ، لاہور

شیخ الحدیث حضرت مولانا نصیر الدین غورغشتوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

ہر قسم کی بیماری کے لیے

سورۃ قدر صبح وشام سات (۷) بار، اول آخر تین تین بار درود شریف پڑھ کر مریض پر دم کرنا۔ یہ ہر قسم کی بیماری کے لئے تریاق ہے۔

ملفوظات مولانا عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ

جمع وترتیب: حضرت مولانا حافظ شوکت علی حقانی مدظلہ العالی

زبان کھلنے کا طریقہ

ارشاد فرمایا: ''آپ کے چھوٹے بچے محمد قاسم (فرزند استاد محترم مولانا عبدالقیوم صاحب) کا کیا حال ہے؟'' عرض کیا: ''حضرت دو سال سے زائد ہونے والا ہے اور خوب سمجھدار ہو گیا ہے لیکن ابھی تک بات نہیں کر سکتا۔'' فرمایا: ''زبان کھولنا اور بند کرنا، یہ سب اللہ کی قدرت میں ہے۔ شیرینی لے کر اکتالیس (۴۱) مرتبہ

قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي ﴿٢٥﴾ وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي ﴿٢٦﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي ﴿٢٧﴾ يَفْقَهُوا قَوْلِي ﴿٢٨﴾ (طٰہٰ ۲۰/۲۵-۲۸)

پڑھیں اور شیرینی پر دم کر کے بچے کی زبان کے نیچے رکھ دیا کریں۔ اکتالیس (۴۱) روز تک یہ عمل کریں۔ اللہ پاک اپنے کلام کی برکت سے زبان کھول دے گا۔''

جب چیونٹیاں تنگ کریں

دار العلوم کے ایک طالب علم نے شکایت کی کہ حضرت! ہمارے کمرے میں چیونٹیاں بہت زیادہ ہیں اور ستاتی ہیں۔ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے مٹی منگوائی اور اس پر یہ آیت پڑھ کر دم فرماتے رہے:

يَا أَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوا مَسَاكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمَانُ وَجُنُودُهُ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ﴿١٨﴾ (النمل ۲۷/۱۸)

''یعنی اے چیونٹیو! اپنے سوراخوں میں جا گھسو، کہیں سلیمانؑ اور ان کا لشکر تمہیں روند نہ ڈالے اور انہیں خبر بھی نہ ہو۔''

ارشاد فرمایا: اس مٹی کو چیونٹیوں کے راستے پر بکھیر دو۔ اللہ پاک اپنے کرم سے ان کی اذیت سے محفوظ فرما دے گا۔

فقیہ العصر مفتی اعظم حضرت مولانا محمد فرید رحمہ اللہ

نظر کی تیزی کے لئے

إِنَّمَا أَشْكُو بَثِّي وَحُزْنِي إِلَى اللَّهِ وَأَعْلَمُ مِنَ اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٨٦﴾ (یوسف ۱۲/۸۶)

نماز فجر کے بعد گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کریں اور پھر اس کو آنکھوں پر پھیریں۔

گھٹنوں کے درد کے لئے

وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا مُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ﴿٥٦﴾ (الفرقان ۲۵/۵۶)

تین (۳) مرتبہ گھٹنوں پر پڑھ کر دم کریں۔

دفع اثرات جنات کے لیے

سورۃ مزمل ایک یا تین مرتبہ پڑھ کر مریض کے کان میں زور سے دم کریں۔

پیر طریقت قاری عبدالغفور صاحب مدظلہ

جانور کے دودھ کے اضافے کے لیے

اگر کوئی بھینس گائے وغیرہ دودھ نہ دیتی ہو تو ایک آٹے کے پیڑے پر یہ آیات پڑھ کر دم کر کے جانور کو کھلائیں۔

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۚ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ۝ (النحل ۶۶)

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ (القلم ۵۱، ۵۲)

اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗۤ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ۝ (اٰل عمران ۸۳)

سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ۝

(الزخرف ۱۳)

سحر و آسیب سے حفاظت کا وظیفہ

فجر اور مغرب کی نماز کے بعد درج ذیل آیات پڑھنا سحر و آسیب سے حفاظت کے لیے مجرب ہے۔ پہلے تین (۳) مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر

(۱) آیت الکرسی سات (۷) مرتبہ

(۲) سورۃ الکافرون ایک (۱) مرتبہ

(۳) سورۃ اخلاص تین (۳) مرتبہ

(۴) سورۃ فلق تین (۳) مرتبہ

(۵) سورۃ الناس تین (۳) مرتبہ

پھر تین (۳) مرتبہ درود شریف پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی ہتھیلی پر دم کر کے پورے بدن پر پھیر لیں۔

شیخ الحدیث حضرت مولانا مغفور اللہ باباجی مدظلہ

علاج الغضب

بے جا غصہ کے لیے یہ دعا ارشاد فرماتے ہیں کہ کھانا کھانے کے بعد بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر ایک گھونٹ پانی منہ میں ڈال کر چبانے دے۔ یہ عمل اسی طرح دو مرتبہ کر کے تیسری مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر پانی منہ میں ڈال کر پی لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بے جا غصہ کا اثر جاتا رہے گا۔

وظیفہ برائے سحر و جادو

جو لوگ سحر و جادو کے اثر کی شکایت کرے تو ان کو فرماتے کہ مجھے تو کوئی خاص عمل یاد نہیں لیکن یہ وظیفہ سحر و جادو کے اثر کو زائل کرنے کے لیے مجرب ہے۔ اول و آخر تین (۳) مرتبہ درود شریف پڑھ کر تین (۳) مرتبہ سورۃ اخلاص، اکتالیس (۴۱) مرتبہ سورۃ فلق اور سات (۷) مرتبہ سورۃ ناس پڑھ کر مریض پر دم کر دیں یا پانی پر دم کر کے مریض کو پلاتے رہیں۔

حضرت مولانا محمد یونس پالن پوری مدظلہ

گردے اور پتے کی پتھری کے لیے

وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ۚ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۚ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ (البقرۃ ۷۴)

اگر آپ کو گردے اور پتے کی پتھری ختم کرنی ہو تو (۴۱) بار مذکورہ

آیت پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس وقت تک پلائیں، جب تک کامیابی نہ ہو۔

راست بازی اور ہدایت کیلئے

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ (البقرہ ۵)

اگر کوئی دین سے غافل ہو۔ سیدھے راستے سے بھٹکا ہوا ہو یا برے افعال میں مبتلا ہو تو اس مذکورہ آیت کو پانی پر ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھ کر دم کر کے ۴۱ دن تک پی لے۔

بیماری سے شفا کے لئے

وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ (الانعام ۱۷)

اگر آپ کو ہر قسم کی بیماری سے شفا حاصل کرنی ہو تو سات (۷) یا گیارہ (۱۱) بار مذکورہ آیت کو، جس جگہ تکلیف ہو وہاں ہاتھ رکھ کر پڑھ لو اور تھتھلا دو (تھوتھو کر دو)۔

غصہ ٹھنڈا کرنے کے لئے

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ (اٰل عمران ۱۳۴)

اگر آپ کو غصہ شدید آتا ہے اور آپے سے باہر ہو جاتے ہیں تو ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ مذکورہ آیت کو اکیس (۲۱) دن تک چینی پر پڑھ کر کھا لیں۔

جادو کا اثر ختم

قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ۝ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ۗ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۗ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝ (طٰہٰ ۶۸۔۶۹)

اگر آپ کو شک ہے کہ جادو کیا گیا ہے یا علامتیں محسوس ہو رہی ہوں تو جادو کے اثر کو ختم کرنے کے لیے گیارہ (۱۱) دن تک ایک سو (۱۰۰) بار مذکورہ آیت پڑھ کر اپنے اوپر پھونکیں یا اور کسی پر شک ہو تو اس پر پڑھ کر پھونکیں۔ اس دعا کے دوران کوئی دوسرا عمل نہ پڑھیں۔

خاوند کی بے راہ روی اور حرام کمائی سے نجات کیلئے

قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ (المائدہ ۱۰۰)

اگر کسی کا خاوند دوسری عورت سے ناجائز تعلق رکھتا ہو یا حرام کی کمائی گھر میں لاتا ہو تو اسے باز رکھنے کے لیے گیارہ (۱۱) دن تک ایک سو اکتالیس (۱۴۱) مرتبہ اس مذکورہ آیت کو کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر دم کر کے کھلائیں۔ ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

.....

حضرت مولانا سید محمود صندلی صاحب رحمہ اللہ

جادو (سحر) کا تیر بہدف علاج

قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۗ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ (یونس ۸۱)

اس طاقتور عمل کی زکوٰۃ یہ ہے کہ اتوار یا پیر کی رات چودہ سو (۱۴۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف قادری۔

اس کے بعد درج ذیل طریقوں سے مسحور کا علاج کر سکتے ہیں۔

1. گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھے اور اس کے اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود قادری پڑھ کر مسحور پر دم کرے۔
2. گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھے اور اس کے اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود قادری پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وہ پانی مریض کو پلا دے یا جس گھر میں جادو ہو، اس میں چھڑکے۔
3. مریض پر کپڑا ڈال دے اور دم کیے ہوئے پانی کے چھینٹے اس پر مارے۔
4. چار کونوں پر گیارہ مرتبہ آیت مع اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود قادری

پڑھ کر ان میخوں کو اس گھر یا اس کمرے کے چاروں کونوں میں گاڑ دیں جس پر جادو ہو۔ میخیں لوہے کی استعمال کریں۔

درود قادری درج ذیل ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ عِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

مولانا عبدالرحمن عثمانی

نقص کلام کے مرض کا علاج

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۝ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ ۝ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ۝ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ۝ (طٰہٰ 25-28)

اس آیت کو اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ کر چینی پر دم کریں اور اسی چینی کو چبائیں۔ یہ عمل اکتالیس (۴۱) روز تک کریں۔ ان شاء اللہ نقص کلام کا مرض دور ہو جائے گا۔

زبان کی لکنت کا علاج

اسی آیت کو مغز بادام پر ایک سو (۱۰۰) بار پڑھ کر دم کر کے کھلانا لکنت کے خاتمہ کیلئے مجرب ہے۔

مولانا محمد خبیب نقشبندی مدظلہ

مرگی والے کو ہوش میں لانا

مرگی والے کے کان میں اکتالیس (۴۱) مرتبہ "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" پڑھ کر دم کرنے سے وہ ہوش میں آجاتا ہے۔

درد اور جادو کا علاج

درد اور جادو وغیرہ پر متواتر سات (۷) دن ایک سو (۱۰۰) مرتبہ "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" پڑھنے سے درد اور جادو دور ہو جاتا ہے۔

قیدی کی رہائی

سورۂ فاتحہ ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار بیڑی ہتھکڑی پر دم کرنے سے قیدی جلدی رہائی پائے۔

مولانا مفتی محمد طلحہ نظامی مدظلہ

خاوند کا غصہ دور کرنے کا وظیفہ

جس عورت کے خاوند کو بہت غصہ آتا ہو، وہ جب بھی شوہر کو پینے کے لیے پانی دے تو اس پر تیس (۳۰) مرتبہ "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" پڑھ کر دم کر کے پلا دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ خاوند کا ناجائز غصہ بالکل ختم ہو جائے گا۔

سحر کا خاتمہ

آخری چاروں قل یعنی سورۃ الکافرون، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس اور سورۃ الفاتحہ صبح شام تین تین مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر، اپنے کھانے کی چیزوں پر اور اپنے گھر کے چاروں طرف اور بستر پر پھونک مار دیا کریں۔ سحر کے توڑنے کے لیے یہ مجرب عمل ہے۔

مولانا صوفی عزیز الرحمن پانی پتی رحمہ اللہ

گمشدہ اور عمل اسیر

اگر کسی کو خوابی بواسیر کی شکایت ہو تو اس کو چاہیے کہ کچا سوت سرخ رنگ کا ڈیڑھ گز لمبا لے کر جس کے اکیس (۲۱) تار ڈیڑھ ڈیڑھ گز لمبے ہوں، اس پر اکیس (۲۱) گرہیں لگائے۔ ہر گرہ پر ایک بار پوری سورت پڑھ کر دم

khazina-e-Ruhaniyat
darulamal.org/magazine/ruhani
magazine@darulamal.org

کرتا جائے اور اگر کسی میں ہمت ہو تو ہر گرہ پر سورۂ تبت یدا، پوری اکیس اکیس (۲۱) بار پڑھ کر دم کرتا جائے۔ اسی طرح اکیس (۲۱) گرہیں پوری کرے۔ پھر ان ہی گرہوں پر الٹی طرف سے ہر گرہ پر ایک ایک بار یہ آیۃ شریفہ:

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

(الانبیاء ۸۷)

رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

(الانبیاء ۸۳)

پڑھ پڑھ کر دم کرتا جائے۔ پھر ان ہی گرہوں پر سیدھی طرف سے ہر گرہ پر ایک ایک بار یہ آیۃ شریفہ:

وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ (ھود ۴۴)

پڑھ پڑھ کر دم کرتا جائے اور بواسیر والے کی کمر میں باندھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ خونی بواسیر والے کی شکایت جاتی رہے گی۔

مولانا حافظ اقبال قریشی مدظلہ

مکان کی حفاظت کیلئے

جس مکان میں جن و شیاطین، آسیب، بھوت پریت، چڑیل وغیرہ ارواح خبیثہ کا اثر ہو تو پیر کے دن بدھ یا جمعرات کے دن بساعت مشتری یا زہرہ پوری سورۂ البقرۃ اس مکان میں بیٹھ کر درمیانی آواز سے پڑھے اور ایک گلاس پانی کا بھر کر اپنے قریب رکھ لے اور جب سورہ ختم ہو جائے تو اس پانی پر دم کر کے مکان کی دیواروں پر اس طرح چھڑک دے کہ پانی زمین پر نہ گرے اور ساعت کا حساب سورج نکلنے کے وقت سے لگائے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ کسی قسم کا اثر مکان میں نہ رہے گا۔ مجرب ہے۔

اگر کوئی بے اعمال کا شکار ہو جائے

جو دین سے غافل ہو، سیدھے راستے سے بھٹک جائے یا برے افعال میں مبتلا ہو جائے تو اس کو پانی پر ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھ کر دم کر کے اکتالیس (۴۱) دن تک پلائیں۔

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

(البقرۃ ۵)

مولانا محمد زاہد منصور مدظلہ

بانجھ پن کا علاج

چالیس (۴۰) لونگ لے لیں۔ اور ہر ایک پر سات سات مرتبہ یہ آیت پڑھیں۔ اور جس دن عورت پاکی کا غسل کرے، اس دن سے روزانہ رات کو سوتے وقت ان میں سے ایک لونگ کھاتی رہے، مگر اس پر پانی نہ پیئے اور کبھی کبھی میاں کے اٹھے بیٹھے۔ وہ آیت یہ ہے:

اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ۭ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ۭ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ۭ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۝

(النور ۴۰)

ان شاء اللہ تعالیٰ اولاد ہوگی۔

نافرمان بیوی کے لیے

اگر کسی شخص کی عورت شوخ یا بدنگاہ ہو، گیارہ دن تک ہر روز اس آیت کا پڑھنا، پھر پانی یا عرق وغیرہ، دوا یا کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے اپنی عورت کو کھلانا، غرور اور اس کے اخلاق کو درست کرتا ہے۔ آیت یہ ہے:

فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ۭ

(النساء ۳۴)

جائز کاموں میں بندش لگوانے کی تفصیل goo.gl/kj1ddP

Khanqah-e-Rukhaniyaat
darulamal.org/magazine@gmail.com

حضرت علامہ ارشد حسن ثاقب مدظلہ

بچیوں کی شادی میں رکاوٹ دور ہو

کوئی باوضو شخص سورۂ طٰہٰ کاغذ پر لکھ کر پانی میں ڈال دے۔ ایک گھنٹہ پانی میں رہنے کے بعد اس پانی سے بچی کو غسل کرائیں۔ یہ عمل ہفتے میں ایک بار دہرائیں۔

اس غسل کے ساتھ ساتھ بچی روزانہ کسی بھی وقت سورۂ مریم ایک بار تلاوت کرلیا کرے۔ جب تک سورۃ مکمل نہ ہوجائے تب تک کسی سے بات نہ کرے۔ تلاوت کے بعد دونوں ہاتھوں پر پھونک مار کر ہاتھ پہلے چہرے پر، پھر پورے بدن پر پھیرے۔ اس کے بعد گڑگڑا کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔

ناراض فریق کو منانے کا عمل

اگر میاں ناراض ہوگیا ہے اور اکھڑا اکھڑا سا رہتا ہے یا بیوی ناراض ہو گئی ہے اور ٹھیک سے بات نہیں کرتی تو روٹھے ہوئے کو منانے اور گھر کی محبت بھری فضاء کو چپقلش کی آلودگی سے پاک رکھنے کے لیے اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور درمیان میں یہ آیت مبارکہ گیارہ سو (۱۱۰۰) بار پڑھ کر چینی پر دم کردیں اور مطلوب کو مختلف چیزوں میں وہ چینی ملا کر کھلائیں۔ ان شاء اللہ، اس کی برکت سے اس کی ناراضگی دور ہوجائے گی اور غصہ ختم ہوجائے گا۔ آیت یہ ہے:

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ۭ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (الممتحنۃ ۶۰)

حضرت مولانا مفتی محمد الیاس مدظلہ

بلغمی امراض کے لیے

جس شخص کو بلغمی مرض ہو، وہ سات چھوٹی چھوٹی لاہوری نمک کی کنکریاں لے اور ہر کنکری پر سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کرے اور روزانہ ایک کنکری نہار منہ کھالے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے مکمل شفاء ہوگی۔

بھوک اور پیاس بیماری کی وجہ سے ختم ہوجائے

وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ۝ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝ (الشعراء ۷۹، ۸۰)

جس کی بھوک اور پیاس بند ہوجائے بیماری کی وجہ سے، اس دعا کو پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائیں۔

حضرت مولانا محمد مسعود ازہر مدظلہ

سحر (جادو) کا مجرب علاج

بیری کے سات پتے، جن میں سوراخ نہ ہو، لے کر ان میں سے ہر پتے پر تین (۳) بار یہ آیت پڑھیں اور ہر بار پڑھ کر دم بھی کریں۔

وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰي مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۭ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَي الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ۭ وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ۭ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ۭ وَمَا هُمْ بِضَاۗرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ ۭ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۭ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ ۭ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝ (البقرۃ ۱۰۲)

اس طرح سات (۷) پتوں پر کل اکیس (۲۱) بار یہ آیت پڑھی جائے گی۔ ان پتوں کو پاک ہاتھوں سے توڑ کر پانی میں ڈالیں۔ مریض سات (۷) دن تک پیتا رہے۔ پانی کم ہونے پر اور پانی ملاتے رہیں۔ یہ پانی گھر اور دکان پر بھی چھڑکیں۔ ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ مجرب ہے۔

کیا آپ چاہتے ہیں کہ مصیبتیں آپ سے دور رہیں؟ goo.gl/CP1njK

جادو جنات سے نجات کے قرآنی عملیات

مولانا محمد ذبیح اللہ مہران مدظلہ

سورہ یٰسین کا عمل

اگر جنات کا اثر گھر پر ہو تو گھر کے چاروں کونوں میں ایک ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھیں اور پانی پر دم کرتے جائیں۔ آخر میں وہ پانی گھر کے چاروں کونوں میں چھڑک دیں۔ اکیس (۲۱) دن تک عمل جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ سخت جنات بھی بھاگ جائیں گے۔

آسیب زدہ کیلئے گنڈے کا عمل

اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ (التوبۃ ۱۱۲)

نیلے رنگ کے دھاگے کی سات گرہ لگائیں۔ ہر گرہ پر یہ آیت سات (۷) مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور آسیب زدہ کے گلے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ مریض فوری سکون میں آجائے گا۔

سورہ مزمل کا عمل

سورۂ مزمل (سپارہ نمبر 29) گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھ کر سرسوں کے تیل پر دم کریں اور مریض کو تاکید کریں کہ وہ پورے جسم کی مالش کرتا رہے۔ ان شاء اللہ تین دن میں مکمل آرام ہوگا۔ آسیب دفع ہوگا۔

جنات کو جلانے کا عمل

اگر جنات کسی طریقے سے بھی مریض کی جان نہ چھوڑے تو گیارہ (۱۱) مرتبہ آیۃ الکرسی اور تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ (البقرۃ ۲۵۵) پڑھ کر پانی پر دم کر کے آسیب زدہ پر چھڑکیں۔ آسیب جل جائے گا اور ان شاء اللہ، مریض فوری صحت یاب ہوگا۔

آسیب کا مجرب علاج

پانی پر تین بار منزل پڑھ کر دم کریں اور آسیب زدہ کو پلائیں اور اس پر چھڑکیں اور یہی عمل پڑھ کر سرسوں کے تیل پر دم کریں۔ مریض رات کو اپنے پورے بدن پر تیل لگائے اور صبح اٹھ کر غسل کرے۔ تین رات یہ عمل کرنے سے آسیب کے برے اثرات ٹوٹ جاتے ہیں۔

جادو کے توڑ کیلئے ایک طاقتور عمل

جس پر جادو کے اثرات ہوں اس کو چاہیے کہ روزانہ آخری چار دن قل ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیں اور پانی پر دم کر کے پی لے۔ ان شاء اللہ اکیس (۲۱) یوم کے اندر جادو کے برے اثرات کا خاتمہ ہو جائے گا۔ اس عمل کی برکت سے بہت سارے لوگ شفاء یاب ہو چکے ہیں۔

جادو کے توڑ کا ایک مجرب ترین عمل

جس پر کالے سفلی جادو کے اثرات ہوں یا جادو کے ذریعے آسیب مسلط ہو تو درج ذیل عمل پڑھنے سے کالے سفلی جادو کے برے اثرات کا خاتمہ ہوگا۔ یہ عمل بندہ کا مجرب ہے۔ بہت سے مریضوں کو پڑھنے کیلئے بتایا گیا۔ عجیب فوائد ظاہر ہوتے ہیں۔

عمل یہ ہے سورہ فاتحہ گیارہ مرتبہ، آیۃ الکرسی گیارہ مرتبہ، آیۃ کریمہ گیارہ مرتبہ، سورہ کافرون گیارہ مرتبہ، سورۂ اخلاص گیارہ مرتبہ، سورۂ الفلق گیارہ مرتبہ، سورۂ الناس گیارہ مرتبہ صبح و شام متعین وقت میں پڑھ کر مریض اپنے اوپر دم کرلے اور پانی پر دم کر کے پی لے۔ ان شاء اللہ اکیس (۲۱) روز تک عمل کرنے سے سفلی جادو کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔

نوٹ: یہ عمل جادو و جنات کے علاوہ بیماریوں کے لیے بھی مفید ہے۔

جسمانی کا قرآنی علاج امراض

مولانا عبدالرحمن عثمانی مدظلہ

دل کے درد کا علاج

۱۔ آیت الکرسی پاک صاف برتن پر تین بار لکھیں پھر صاف پانی سے دھو کر پلائیں اور وہ پیتے وقت یوں کہے کہ میں نیت کرتا ہوں کہ اللہ مجھے درد دل سے شفاء بخشے، ان شاء اللہ شفاء پائے گا۔

۲۔ سورۃ الم نشرح کو سیدھا پر دم کرنے سے تنگی اور درد دل کو سکون ہوتا ہے۔

۳۔ اس آیت کو مٹی کے نئے برتن میں زعفران وگلاب سے لکھ کر مریض کو پلائیں، ان شاء اللہ صحت ہو جائے گی۔

وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِم مِّنْ غِلٍّ تَجْرِي مِن تَحْتِهِمُ الْأَنْهَارُ ۚ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي هَدَانَا لِهَٰذَا ۖ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا أَنْ هَدَانَا اللَّهُ ۖ لَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۖ وَنُودُوا أَن تِلْكُمُ الْجَنَّةُ أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٤٣﴾

(الاعراف ۴۳)

شراب نوشی کا علاج

سورۃ المومنون (پ ۱۸) سفید کپڑے پر رات کو لکھ کر شرابی کو پلانے سے شراب کی عادت چھوٹ جائے۔

چیچک کا علاج

سورۃ دخان (پ ۲۵) اس کو لکھ کر پینے سے چیچک ختم ہو جاتی ہے۔

بلڈ پریشر کا علاج

۱۔ سورۃ عم یتسائلون (پ ۳۰) کو شیرہ انگور پر پڑھیں اور مریض اسے پیئے۔ ان شاء اللہ بلڈ پریشر دور ہو جائے گا۔

۲۔ لِكُلِّ نَبَإٍ مُّسْتَقَرٌّ ۚ وَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ﴿٦٧﴾ (الانعام ۶۷)

یہ آیت لکھ کر پانی میں گھول کر پئے۔ ان شاء اللہ صحت نصیب ہوگی۔

۳۔ ہر طرح کے بلڈ پریشر کیلئے مندرجہ ذیل آیتیں ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ بلڈ پریشر کا مرض ختم ہو جائے گا۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۗ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ﴿٢٨﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ﴿٢٩﴾ (الرعد ۲۸، ۲۹)

یہ عمل ایک بہت بڑے شیخ الحدیث رحمۃ اللہ کا آزمودہ مجرب عمل ہے۔

پیٹ میں درد کا علاج

سورۃ المنافقون (پ ۲۸) پانی پر دم کر کے پئیں۔ ان شاء اللہ العزیز شفاء کامل نصیب ہوگی۔

بھوک کی کمی کا علاج

۱۔ اگر بھوک نہ لگتی ہو تو یہ آیت پڑھ کر کھانے پر دم کریں۔

وَفِيْهَا مَا تَشْتَهِيْهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْيُنُ (الزخرف ۷۱)

۲۔ اگر بھوک کم لگتی ہو تو اکتالیس (۴۱) مرتبہ یہ آیت کھانے پر دم کر کے کھلایا جائے۔

وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ﴿٧٩﴾ (الشعراء ۷۹)

۳۔ اگر بھوک بالکل نہ لگتی ہو تو یہ آیت اکیس (۲۱) مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائی جائے۔ ان شاء اللہ بھوک خوب لگے گی۔ یہ عمل مجرب ہے۔

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ﴿١٠﴾ (النور ۱۰)

۴۔ اکتالیس (۴۱) بار یہ آیت پانی پر دم کر کے پلانے سے ان شاء اللہ بھوک خوب لگے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ۭ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿٣٢﴾ (الاعراف ۳۲)

روحانی درسگاہ کا داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ کریں goo.gl/VwtgFS

عملیات مولانا احمد علی پنجگوریؒ

مرتب: محمد علیم

برائے عرق النساء، فالج اور درد کمر

عرق النساء، فالج اور درد کمر کے واسطے الحمد شریف ایک پاک برتن میں لکھے اور روغن بلسان سے اسے دھو کر اور سات (۷) بار اس تیل پر سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرے اور تیل کو تمام بدن اور کمر پر دو تین روز ملا کرے۔ بہت ہی مفید ہے۔

برائے دردِ سر

سورۂ بقرہ روزانہ پڑھ کر یا پڑھوا کر مریض پر دم پھونک ماریں اور پانی پر دم کر کے پلائیں اور کچھ پانی ملا کر غسل کرائیں۔ چالیس (۴۰) ایام تک یہ عمل کیا جائے۔ انشاء اللہ ٹوٹ جائے گا۔

آسیب کے لئے

سورۂ فاتحہ، آیۃ الکرسی، چاروں قل پانی پر دم کر کے تین گھونٹ پی لیا جائے۔ باقی پانی میں اور پانی ملا کر غسل کیا جائے۔ چالیس (۴۰) ایام تک یہ عمل کیا جائے۔

برائے دفع آوارگی و شوقِ تعلیم کے لئے

بچہ آوارہ ہو جائے اور تعلیم چھوڑنے کی شکایت دور کرنے کے لئے سورۂ فاتحہ، آیۃ الکرسی، چاروں قل پانی پر دم کر کے پلایا جائے، جس کی خبر نہ ہو جائے کہ یہ پانی پڑھا ہوا ہے۔

سورۃ الم نشرح تمام جسمانی امراض کے لئے مفید ہے

اور تمام بخار کے لئے خصوصاً فائدہ مند ہے

راقم الحروف نے تو اس کو بسیار استعمال میں لایا۔ الحمد للہ ثم الحمد للہ بفضل الٰہی سو فیصد کامیابی اور کامرانی سے ہمکنار ہوا۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ سورۂ انشراح پڑھتے جائیں۔ ہر کاف پر نو عدد دھاگے کے مجموعہ پر دم کر کے ایک ایک گرہ لگاتے جائیں۔ جیسے الم نشرح لك لك پر دم کر کے گرہ لگائیے۔ صدرك پر گرہ لگائیں۔ ووضعنا عنك وزرك پر گرہ لگائیے۔ الذی انقض ظهرك پر گرہ لگائیے۔ ورفعنا لك پر گرہ لگائیے۔ ذکرك پر گرہ لگائیے۔ فان مع العسر یسرا ان مع العسر یسرا فاذا فرغت فانصب والی ربك فارغب. اب الی ربك پر گرہ لگائیں۔ کل آٹھ کاف ہیں۔ اس کے بعد تین مرتبہ پوری سورت پڑھ کر مجموعہ دھاگہ پر دم پھونک مار کر مریض کو گلے میں ڈالنے کے لئے دیا جائے۔

نوٹ: دھاگہ سیاہ یا سرخ رنگ کا ہونا ضروری ہے۔

مرگی زدہ یا جن زدہ کے لئے

اول آخر سات سات مرتبہ درود شریف، سورۃ الطارق اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۝ تک ایک مرتبہ۔

اسی طرح سورۂ العدیٰت صرف ایک مرتبہ پڑھ کر مریض کو پلایا جائے۔

برائے حصارِ اعظم

ترکیب حصار کی یہ ہے کہ آیت الکرسی ایک دفعہ اور قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ایک ایک دفعہ پڑھ کر اپنے چاروں طرف حصار کرے اور چاقو سے خط کھینچے۔

ہر تکلیف دہ درد کے لئے دم کریں

جب کسی جگہ شدید تکلیف ہو اور پورے بدن میں بے چینی ہو تو ایسے وقت میں اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ ۝ (النمل ۶۲) کو کثرت سے پڑھ کر تکلیف کی جگہ پر دم کرتے جائیے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ افاقہ ہو کر بالکل آرام و سکون ہوگا۔ مجرب المجرب ہے۔

روحانی درسگاہ میں سکھائے جانے والے کورسز goo.gl/a9oJee

Khawaja-e-Rohaniyat darulilmlahore@gmail.com magazine@darulilmlahore.com

دارالعمل چشتیہ کی روحانی لیبارٹری کے ماہرین کے خاص الخاص زیر نگرانی

روحانی تیل کی مختلف ورائٹیز ہر گھر کی اشد ضرورت ہے

روحانی تیل (1) برائے دفع جادو/جنات

قیمت: 120 روپے

☆ جادو جنات کے دورہ والے مریضوں کیلئے پیام شفا ہے۔ ☆ جادو جنات کے اثرات کو جسم سے پل پل کر ختم کرتا ہے۔ ☆ جادو جنات کے اثرات کی وجہ سے جسم میں پیدا ہونے والی بے چینی کو ختم کرتا ہے۔ ☆ جادو جنات کے اثرات کی وجہ سے تھکاوٹ سے چور بدن کو آرام پہنچاتا ہے۔ ☆ جادو جنات کے اثرات کی وجہ سے جسم پر ہونے والی خارش کو ختم کرتا ہے

روحانی تیل (2) برائے سکون

قیمت: 300 روپے

☆ جادو جنات کے اثرات کو دماغ سے نکالتا ہے۔ ☆ جادو جنات کے اثرات کی وجہ سے پیدا ہونے والی بے خوابی کو دور کرتا ہے۔ ☆ جادو جنات کے اثرات کی وجہ سے پیدا ہونے والے ذہنی دباؤ اور ٹینشن کو ختم کرتا ہے۔ ☆ جادو جنات کے اثرات کی وجہ سے ہمیشہ نرم رہنے کو اعتدال پر لاتا ہے۔

روحانی تیل (3) برائے دفع درد ہر قسم

قیمت: 250 روپے

☆ متاثرہ مریضوں کیلئے انتہائی فائدہ مند ہے۔ ☆ جادو جنات سے متاثر جوڑوں کے درد میں مبتلا مریضوں کے لیے اکسیر ہے۔ ☆ جسم کے تمام دردوں کو ختم کرتا ہے ☆ پٹھوں کے درد کو فی الفور آرام دیتا ہے۔ ☆ پسلیوں کے درد دور کرتا ہے۔ ☆ ہر قسم کے دیاتی دردوں میں تریاق کا کام دیتا ہے۔

روحانی تیل (4) برائے تقویت دماغ

قیمت: 300 روپے

☆ جادو جنات کی وجہ سے معدہ میں ہونے والی پرابلم کو دور کرتا ہے۔ ☆ جادو جنات کی وجہ سے ثقل سماعت کو ٹھیک کرتا ہے۔ ☆ جادو جنات کی وجہ سے دماغی کمزوری کو ختم کرتا ہے۔ ☆ جادو جنات کی وجہ سے معدہ میں زخم اور سوزش میں مفید ہے۔ ☆ جادو جنات کی وجہ سے کان میں درد، کان میں آوازیں آنا، کان کے بہنے اور بہرے پن کیلئے اچھا ہے۔ ☆ جادو جنات کے اثرات کی وجہ سے دوران حمل استعمال کروانا بہتر ہے۔ ☆ روحانی تیل نمبر 1، روحانی سکونی تیل (2) اور روحانی روغن بادام (4) میں ملا کر استعمال کرنا انتہائی فائدہ مند ہے۔

روحانی تیل (5) برائے اعصاب

قیمت (بڑی پیکنگ): 450 روپے، (چھوٹی پیکنگ): 300 روپے

☆ جادو جنات سے متاثر اعصابی مریضوں کیلئے انتہائی فائدہ مند ہے۔ ☆ جادو جنات سے متاثر پٹھوں کے مریض پٹھوں کی مالش کریں ☆ جادو جنات کے معالجین کے لیے ایک قیمتی تحفہ ہے۔ ☆ چلہ کشی کی وجہ سے پیدا ہونے والے دردوں کیلئے اکسیر ہے۔ ☆ متاثرہ مریض کو اثرات کی وجہ سے مستقل معذوری سے بچاتا ہے۔ ☆ مستقل ریاضت کی وجہ سے ہونے والی تمام دردوں، تھکاوٹوں کو فی الفور ختم کرتا ہے۔

روحانی تیل (6) برائے آسیبی مریض

قیمت: 120 روپے

آسیبی اثرات کم ہوں یا زیادہ، ان کو جڑ سے ختم کرتا ہے۔ آسیبی اثرات نئے ہوں یا پرانے، ان کیلئے اکسیر ہے۔ آسیبی اثرات کی وجہ سے جسم پر پڑنے والے اثرات ختم کرتا ہے۔ آسیبی اثرات کی وجہ سے جسم پر ہونے والی خارش ختم کرتا ہے۔ آسیبی اثرات کی وجہ سے جسم پر ہونے والی جلن ختم کرتا ہے۔ آسیبی اثرات کی وجہ سے گرنے والے سر کے بالوں کو روکتا ہے۔ آسیبی اثرات کی وجہ سے کانوں میں آنے والی آواز کو ختم کرتا ہے۔

روحانی تیل (7) برائے مرگی، جنون، پاگل پن

قیمت: 300 روپے

دارالعمل چشتیہ کے ماہرین کے خاص الخاص روحانی تیل جو کہ ایک بے مثال روحانی اعتماد رکھتا ہے

مرگی کے مریض کے لئے یہ روحانی تیل بہت ہی موثر و مفید ہے۔
جنونی کیفیت میں مبتلا مریض کے لئے یہ روحانی تیل بہت ہی موثر و مفید ہے۔
پاگل پن میں مبتلا مریض کے لئے یہ روحانی تیل بہت ہی موثر و مفید ہے۔ عجیب و غریب حرکات والے مریض کے لئے یہ روحانی تیل بہت ہی موثر و مفید ہے۔
رجعت کے شکار مریضوں کے لئے یہ روحانی تیل بہت ہی موثر و مفید ہے۔
نفسیاتی مریضوں کے علاج کیساتھ ساتھ یہ روحانی تیل بہت ہی موثر و مفید ہے۔

روحانی دکان 0334-4312272, 042-35410586 darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
قرآنی عملیات نمبر
مفتیان اور علماء کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/ss9ezx

پیر صوفی غلام سرور شباب قادری صاحب کے مرتب کردہ قرآنی عملیات

سجادہ نشین دربار عالیہ حضرت خواجہ بابا پیر صوفی بہادر علی شاہ قادری (اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑا پنجاب پاکستان)

مندرجہ ذیل مضمون ہماری زیر طبع کتاب "فیضان القرآن" حصہ دوم سے ماخوذ ہے۔

بسم اللہ شریف کے فیوض

ظالم ذلیل و خوار ہو

اگر کسی ظالم یا دشمن دین کے سامنے بسم اللہ شریف 50 مرتبہ پڑھی جائے تو اللہ تبارک وتعالیٰ اُسے ذلیل وخوار کردے گا۔

درد کا علاج

اگر کسی درد کی جگہ پر روزانہ ایک سو مرتبہ بسم اللہ شریف تین دن تک پڑھ کر دم کی جائے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے درد ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گا۔

محبت کرنے لگے

اگر بسم اللہ شریف 786 مرتبہ پانی یا کسی مشروب پر پڑھ کر دم کر کے کسی کو پلا دیں تو وہ آپ سے محبت کرنے لگے گا۔

کند ذہن کا علاج

اگر کسی کند ذہن کو روزانہ سورج نکلتے وقت پانی پر 786 مرتبہ پڑھ کر وہ پانی اُسے پلایا جائے تو اُس کا حافظہ تیز ہو جائے گا اور جو کچھ سنے گا یا جو کچھ پڑھے گا اُسے یاد رہے گا۔

سورۃ فاتحہ کے فوائد

دانت درد کا علاج

اگر کسی کو دانت درد ہو تو لکڑی کی ایک تختی پر لوہے کی میخ سے (اب ج د وز ح ط ی) لکھے اور پھر میخ کو حرف (الف) پر ذرا دبا کر رکھے اور درد والے کو کہے کہ وہ درد والے دانت پر اپنی شہادت کی انگلی رکھے اور آپ ایک مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھیں اور دم کریں اور پھر مریض سے پوچھیں کہ درد سے سکون ہوا ہے۔ اگر مریض جواب دے کہ سکون ہو گیا ہے تو پھر میخ کو حرف (با) پر ذرا دبا کر سورہ فاتحہ دو مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور پھر مریض سے پوچھیں۔ اسی طرح ایک حرف پر میخ کو ذرا دبا کر سورہ فاتحہ ایک ایک مرتبہ بڑھا کر پڑھتے جائیں۔ پس جس حرف پر درد ختم ہو جائے اُسی حرف پر میخ گاڑ دیں۔

سورۃ مزمل کے فوائد

میاں بیوی میں محبت زیادہ ہو

جن میاں بیوی میں بے اتفاقی اور لڑائی جھگڑا رہتا ہو یا ایک دوسرے کو ناپسند کرتے ہوں۔ سورہ مزمل (9) مرتبہ کسی کھانے پینے والی چیز پر پڑھ کر دم کے دونوں کو کھلا دیں۔ تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اُن دونوں میں بہت زیادہ محبت ہو جائے گی۔

دشمن کے شر سے محفوظ

اگر کسی کو ظالم دشمن بلاوجہ پریشان کرتا ہو اور اُس کا مقابلہ نہ کر سکتا ہو تو اتوار کے روز پاک زمین پر دشمن کی تصویر بنائے اور پھر چالیس مرتبہ سورہ مزمل پڑھے اور پھر کسی خنجر یا چھری پر دم کرے اور اُس سے دشمن کی تصویر کو دو مرتبہ کاٹے۔ پس وہ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔

ظالم دشمن تباہ و برباد ہو

اگر کسی ظالم دشمن کے گھر کو تباہ و برباد کرنا مطلوب ہو تو اتوار کے روز کسی

خزینہ روحانیات کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/c2zWqd

پرانی قبر سے ایک مٹھی مٹی لے کر اس پر سورہ مزمل سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور پھر اس کو دشمن کے گھر میں پھینک دے۔ پس وہ تباہ و برباد ہو جائے گا۔

جس عورت کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں

جس عورت کے بچے پیدا ہونے کے بعد زندہ نہ رہتے ہوں تو بچے کے قد کے مطابق نیلے رنگ کا دھاگا لے کر اس پر چالیس گرہ لگائیں اور ہر گرہ پر ایک مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر دم کریں۔ اور پھر اس دھاگا کو بطور تعویذ بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ طویل عمر پائے گا۔

سورہ یٰسین کے فوائد

دافع بخار

ایک دھاگہ لے کر سورہ یاسین پوری پڑھنا شروع کریں اور جب تین پر پہنچیں تو ایک گرہ لگائیں۔ یہاں تک کہ دھاگہ پر سات گرہ لگ جائیں۔ یہ دھاگہ بطور تعویذ بخار والے کے گلے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ تندرست ہو جائے گا۔

بلا کی ظالم دشمن کا عمل

جسے ظالم دشمن سے خطرہ جان ہو تو بلا کی اور بربادی دشمن کے لیے ایک اینٹ لے کر اس کو سامنے رکھیں کسی نہر یا حوض کے کنارے اور پھر قبلہ کی طرف رُخ کر کے اس پر سورہ یاسین 41 مرتبہ پڑھیں اور ہر مرتبہ اینٹ پر ایک لکیر کسی چھری سے کھینچ دیں۔ جب اکتالیس مرتبہ کی تعداد پوری ہو جائے تو اسی اینٹ پر دشمن کی تصویر بنائیں اور پھر اسے کفن دے کر نماز جنازہ پڑھیں۔ پھر اس کو نہر یا حوض میں ڈال دیں۔ پس دشمن برباد یا ہلاک ہو جائے گا۔

دشمن کو ہلاک کرنے کا عمل

دشمن کو ہلاک کرنے کا یہ عمل اس طرح ہے کہ کسی قبر سے اکتالیس کنکریاں لائیں اور پھر ہر ایک کنکری پر ایک مرتبہ سورہ یاسین پڑھ کر دم کریں۔ پھر ان کنکریوں کو کفن دیں اور ان پر نماز جنازہ پڑھے اور پھر اس کو قبر میں دفن کر دیں۔ پس جس دشمن کی ہلاکت کے ارادہ سے عمل کریں گے وہ ضرور ہلاک ہو جائے گا۔

وبائی امراض سے حفاظت

اگر کوئی شخص مندرجہ ذیل آیت کو پانچ مرتبہ لکھ کر پاس رکھے اور اسی آیت کو وبا کے دنوں میں روزانہ 28 مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ وبا سے محفوظ رہیں گے۔ آیت یہ ہے۔ "سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ"

محبت کا خاص عمل

جو شخص مندرجہ ذیل آیت کو کسی سعد ساعت میں کھجور یا چینی یا کسی میٹھی چیز پر 72 مرتبہ پڑھ کر دم کر کے جسے کھلا دے گا وہ اس سے محبت کرے گا۔ آیت یہ ہے۔

وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَأْكُلُوْنَ۔

(سورہ یٰسین 72)

ناک کے زخم کے لیے

مندرجہ ذیل آیت کو روغن زیتون پر چالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں پھر روغن کو ناک پر لگائیں۔ ان شاء اللہ صحت کاملہ و عاجلہ نصیب ہوگی۔ آیت یہ ہے۔

مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ. قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ. (سورہ یٰسین 78، 79)

نوٹ یہاں فیضان القرآن حصہ دوم کے عملیات ختم ہوئے۔

شوہر بیوی سے تعلق بوجہ جادو نہ کر سکے کا علاج

سات انڈے لے کر ان کو اُبال لیا جائے۔ پھر ان کا چھلکا اُتار کر پہلے انڈے پر یہ تحریر کریں:

سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۝

خواتین کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/esllKa

دوسرے انڈے پر یہ تحریر کریں:

مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ إِنَّ اللهَ سَيُبْطِلُهُ إِنَّ اللهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ○

تیسرے انڈے پر یہ تحریر کریں:

أَوَلَمْ يَرَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنَاهُمَا.

چوتھے انڈے پر یہ تحریر کریں:

وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُونَ وَيَنْصُرَكَ اللهُ نَصْرًا عَزِيزًا.

پانچویں انڈے پر یہ تحریر کریں:

فَفَتَحْنَا أَبْوَابَ السَّمَاءِ بِمَاءٍ مُنْهَمِرٍ وَفَجَّرْنَا الْأَرْضَ عُيُونًا.

چھٹے انڈے پر یہ تحریر کریں:

كَتَبَ اللهُ لَأَغْلِبَنَّ أَنَا وَرُسُلِي إِنَّ اللهَ قَوِيٌّ عَزِيزٌ

اور ساتویں انڈے پر یہ تحریر کریں:

مَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللهِ فَهُوَ حَسْبُهُ إِنَّ اللهَ بَالِغُ أَمْرِهِ.

پھر ایک ایک کر کے روزانہ نہار منہ مسحور کو کھلا دیں۔ پس اس طرح مربوط کا ربط ختم ہو جائے گا اور وہ اپنی زوجہ سے اجتماع کے قابل ہو جائے گا۔

2- انوکھا علاج

مسحور معقود مرد ہو یا عورت، اُسے اپنے سامنے بٹھا کر اس کی ہتھیلی پر سورہ الم نشرح تحریر کریں۔ پھر اس کی ہتھیلی پر سورہ یٰس شریف کی تلاوت کریں یہاں تک کہ اُس کی مٹھی بند ہو جائے۔ پھر بند مٹھی پر سورۃ واقعہ کی تلاوت کریں یہاں تک کہ مٹھی کھل جائے۔ پڑھتے وقت سندروس، مصطگی اور جاوی کا بخور روشن کریں۔ اگر مسحور کی مٹھی بند نہ ہو تو سمجھ لیں کہ اُس پر جادو کا اثر نہ ہے، جسمانی مرض ہے۔

سحر و جادو کو جلانے کا مجرب عمل

جن لوگوں پر سحر، جادو، ٹونہ اور سفلی اعمال کا اثر ہو یا ان پر کوئی بھی علوی عمل کیا گیا ہو یا کسی بھی علم کے تعویذات ڈالے گئے ہوں، سب کے علاج کے لئے قوی الاثر ہے۔ عمل مختصر مگر کامیاب اور آزمودہ ہے جو میرے روزانہ کے معمولات میں سے ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مریض مسحور کو سحر سے کلی نجات حاصل ہوگی۔

طریقہ علاج

مریض کو ننگے پاؤں زمین پر کھڑا کر دیں اور ایک چاقو یا چھری لے کر مریض کے سر سے پاؤں تک اتار کریں اور تین مرتبہ معوذتین پڑھیں اور چھری اور بدن مسحور پر دم کریں۔ تین تین مرتبہ مسحور کے سیدھے اور الٹے رُخ سے اسی طرح اتار کریں۔ پھر مریض کے پاؤں کی مٹی لے کر اس پر تین تین مرتبہ معوذتین پڑھ کر دم کریں اور مٹی کو جلتی آگ میں ڈال دیں جو پہلے سے آپ کے پاس جل رہی ہو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کیسا ہی سحر، جادو اور ٹونہ ہو، سب کا اثر ختم ہو جائے گا۔

اس عمل کی زکوٰۃ ادا کرنا ضروری ہے تاکہ کلی اثرات پیدا ہوں۔ اعتقادِ قلبی شرط اوّل ہے۔ دم کرتے وقت یہ پختہ تصور کریں کہ مسحور پر اثرات سحر و جادو ٹونہ وغیرہ جو بھی ہیں، سب کے سب جسم سے ہوتے ہوئے پاؤں کی جانب سے زمین میں جذب ہو رہے ہیں۔ گویا علم ہیئت کی رُو سے اس عمل معوذتین کا مطلب یہ ہوگا کہ یہ نورانی اور جلالی آیتیں مل کر انسان کی قوتِ متخیلہ اور قوتِ طبیعہ میں جو زنگ لگ گیا ہے، اس میل اور کثافت کو اسی طرح صاف کر دیں گی جیسے بھٹی میں سونے کو گرم کرنے سے سونے کا میل صاف ہو جاتا ہے اور انسان کی روح اور قوتِ متخیلہ آثارِ شیاطین سے اسی طرح نکھر جائے گی جس طرح سونا بھٹی میں گرم ہونے سے نکھر جاتا ہے۔

جادو کا اثر ختم ہو

ستر (۷۰) مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اس جگہ چھڑک دیں جہاں سحر جادو کا اثر ہو۔ خواہ مکان ہو یا دوکان۔ اگر آدمی پر اثر ہو تو اس کو پلائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سحر جادو کا اثر ختم ہو جائے گا، آیت یہ ہے:

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ إِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ تَنْفُذُوا مِنْ أَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ فَانْفُذُوا لَا تَنْفُذُونَ إِلَّا بِسُلْطٰنٍ

عوام کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/sDzuVf

جادو سے شفا کا عمل

کھانے کا آئیوڈین ملا نمک لے کر اس پر مندرجہ ذیل آیات ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور چالیس یوم تک متواتر مسحور کو کھانے پینے کی چیزوں میں روزانہ معمولی سا دم شدہ نمک کھلایا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جادو سے نجات ملے گی۔ دم کرنے والی آیت یہ ہے:

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ۭ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۝ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ۭ كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى ۙ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ (البقرۃ ۷۲-۷۳)

بچوں کے مسان کے لیے

ایک یا آدھا کلو عمل لے کر ان کو دھلوائیں۔ پھر ان کا تیل نکلوائیں اور ان پر مندرجہ ذیل عمل باوضو پڑھ کر دم کریں۔

سورہ فاتحہ مع بسم اللہ تین مرتبہ، آیۃ الکرسی (پارہ ۳ رکوع ۲) تین مرتبہ، والصافات سے لازب تک (پارہ ۲۳) تین مرتبہ، سورۂ جن شروع سے شططا تک (پارہ ۲۹) تین مرتبہ، چاروں قل (قل یایھا الکفرون. قل ھو اللہ احد. قل اعوذ برب الفلق. قل اعوذ برب الناس) تین تین مرتبہ۔

اس کے بعد بچے کا سر منڈوا کر روزانہ یہ دم شدہ تیل سر سے پاؤں تک تمام جسم پر لگا کر مالش کریں۔ بدن کا کوئی حصہ خالی نہ رہے۔ تیل معمولی مقدار میں لگائیں تاکہ بدن کے مسامات میں جذب ہو جائے۔ چاہیں تو کچھ دیر بعد بچے کو صابن سے نہلا دیں۔ یہ عمل چالیس یوم تک بلا ناغہ کیا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ کو مسان کی مرض سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے نجات مل جائے گی۔

نرینہ اولاد کیلئے

جو لوگ نرینہ اولاد سے محروم ہوں، ان کے لیے یہ عمل بیحد مراد ہے۔ تین انڈے مرغی کے لے کر ابالیں۔ اور تینوں انڈوں کے چھلکے اتار لیں۔ اس کے بعد ایک انڈے پر لکھیں۔

وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ۝ (الذّٰریٰت ۴۷)

اس انڈے کو شوہر کھالے۔

دوسرے انڈے پر لکھیں۔

وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ۝ (الذّٰریٰت ۴۸)

اس کو بیوی کھالے۔

تیسرے انڈے پر لکھیں۔

وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝ (الذّٰریٰت ۴۹)

اس کو کاٹ کر آدھا آدھا دونوں میاں بیوی کھالیں۔ اس کے بعد صحبت کریں۔ یہ عمل ماہواری سے فارغ ہونے پر کیا جائے۔ ان شاء اللہ حمل قرار پائے گا۔

اگر کسی پر جادو کا اثر شدید ہو

مندرجہ ذیل آیات مبارکہ سات کاغذ کے ٹکڑوں پر مع بسم اللہ زعفران وگلاب سے تحریر کر کے مسحور کو دی جائیں تاکہ وہ روزانہ ایک نقش پانی میں گھول کر نہار منہ پی لیا کرے۔ سحر کے بداثرات کلی طور پر ختم ہو جائیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ (یونس ۸۱-۸۲)

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۝ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۝ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝ (الاعراف ۱۱۸-۱۲۲)

اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝ (طٰہٰ ۶۹)

جادو کے بداثرات سے کسی کی صورت بدل گئی ہو

خاص خاص اعمال سیکھنے کیلئے تفصیل goo.gl/UVdyD7

اس سے یہ مراد نہیں کہ مسحور کسی چوپائے یا پرندے کی شکل کا ہو جائے، جادو کی شدید ترین نوعیت سے مسحور کی صورت پر اچانک پھٹکار سی برسنے لگتی ہے۔ چہرہ سیاہ پڑ جاتا ہے۔ آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے بندھ جاتے ہیں۔ چہرے پر ہوائیں نظر آتی ہیں۔ الغرض کہ جس کے چہرے کو دیکھتے ہی زبان بے اختیار استغفر اللہ آ جائے تو اس کا روحانی علاج یہ ہے کہ

سورۃ اعلیٰ (پارہ ۳۰) دس (۱۰) مرتبہ پڑھ کر مسحور کے سر پر دم کی جائے اور اسی سورۃ کو مع بسم اللہ چینی یا شیشے کی سات عدد پلیٹوں پر زعفران سے تحریر کیا جائے۔ لکھتے وقت عود اور جلوتری کا بخور روشن کیا جائے۔ پھر عشبہ، شہد اور عرق گلاب سے روزانہ ایک پلیٹ دھو کر تہارمنہ مسحور کو پلائی جائے۔ ہفتہ عشرہ میں مکمل فائدہ ہو جائے گا۔

اگر کچھ کمی رہ جائے تو اکیس یوم تک مسلسل ایسا ہی کیا جائے۔ ان شاء اللہ مکمل صحت ہو گی۔ سحر جادو کے عملی اثرات بدختم ہوں گے۔ چہرہ پہلے سے خوبصورت ہو جائے گا۔ بدن صحیح اور جسم کے رگ و ریشے معطر ہو جائیں گے۔

اگر کوئی لوگوں کی نظروں میں گر جائے اور عہدہ سے معزول ہو جائے

سحر جادو کے بداثرات یا بدخواہوں کے مذموم عزائم ہوں یا پھر اپنوں کی مہربانیوں کا اثر ہو۔ خواہ عملیات کا الٹا اثر ہوا ہو یا گردش ایام کا کوڑا برسا ہو، کوئی بھی وجہ ہو، جس سے یہ حال ہوا ہو، سب کے لیے یہ عمل بے نظیر ہے۔ اس عمل سے متاثرہ شخص کی ہمت بندھ جائے گی اور وہ ان شاء اللہ کھویا ہوا مقام ضرور پائے گا۔

علاج یہ ہے کہ مندرجہ ذیل عمل کسی سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے تحریر کر کے متاثرہ فرد کو تعویذ بنا کر دیا جائے تاکہ وہ اس تعویذ کو اپنے گلے یا بازو میں پہن لے اور یہ یہی عمل دھو کر پلایا جائے۔

عمل یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ ۔ (فاطر ۱۰)

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۚ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ (البقرہ ۲۵۵)

قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۚ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۚ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ (یونس ۸۱-۸۲)

جادو کو جلانے کا مجرب عمل

جن لوگوں پر سحر، جادو، ٹونہ اور سفلی اعمال کا اثر ہو یا ان پر کوئی بھی علوی عمل کیا گیا ہو یا کسی بھی علم کے تعویذات ڈالے گئے ہوں، سب کے علاج کے لئے قوی الاثر ہے۔ عمل مختصر مگر کامیاب اور آزمودہ ہے جو میرے روزانہ کے معمولات میں سے ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مریض مسحور کو سحر سے کلی نجات حاصل ہو گی۔

طریقہ علاج: مریض کو ننگے پاؤں زمین پر کھڑا کر دیں اور ایک چاقو یا چھری لے کر مریض کے سر سے پاؤں تک اتار کریں اور تین مرتبہ معوذتین پڑھیں اور چھری اور بدن مسحور پر دم کریں۔ تین تین مرتبہ مسحور کے سیدھے اور الٹے رُخ سے اسی طرح اتار کریں۔ پھر مریض کے پاؤں کی مٹی لے کر اس پر تین تین مرتبہ معوذتین پڑھ کر دم کریں اور مٹی کو جلتی آگ میں ڈال دیں جو پہلے سے آپ کے پاس جل رہی ہو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کیسا ہی سحر، جادو اور ٹونہ ہو، سب کا اثر ختم ہو جائے گا۔

اس عمل کی زکات ادا کرنا ضروری ہے تاکہ کلی اثرات پیدا ہوں۔ اعتقاد قلبی شرط اول ہے۔ دم کرتے وقت یہ پختہ تصور کریں کہ مسحور پر اثرات

بامؤکل اعمال سیکھنے کیلئے تفصیل goo.gl/Dci6ZG

سحر و جادو ٹونہ وغیرہ جو بھی ہیں، سب کے سب جسم سے ہوتے ہوئے پاؤں کی جانب سے زمین میں جذب ہو رہے ہیں۔ گویا علم ہیئت کی رُو سے اس عمل معوذتین کا مطلب یہ ہوگا کہ یہ نورانی اور جلالی آیتیں مل کر انسان کی قوت متخیلہ اور قوت طبعیہ میں جو روگ لگ گیا ہے، اس میل اور کثافت کو اسی طرح صاف کر دیں گی جیسے بھٹی میں سونے کو گرم کرنے سے سونے کا میل صاف ہو جاتا ہے اور انسان کی روح اور قوت متخیلہ آثار شیاطین سے اسی طرح نکھر جائے گی جس طرح سونا بھٹی میں گرم ہونے سے نکھر جاتا ہے۔

(جو لوگ معوذتین کا عامل بننا چاہیں، وہ ادارے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ باقاعدہ تین درجوں میں ترکوپ نکلوائی جاتی ہے۔ دوسرے اور تیسرے درجہ کے عامل یہ عمل بآسانی کر سکتے ہیں۔ ع خ)

ہر مرض سے شفاء خاص عمل

حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا "جو شخص بارش کا پانی لے کر اس پر سورۂ فاتحہ 70 مرتبہ اور آیت الکرسی 70 مرتبہ اور سورۂ اخلاص 70 مرتبہ اور معوذتین 70 مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ پھر جو شخص اس پانی کو سات دن تک صبح نہار منہ پیتا رہے تو اس کے جسم سے ہر بیماری نکل جائے گی۔

بلغم دور ہو جائے

جو شخص بلغم کو دور کرنے کا ارادہ کرے تو اس کو چاہیے کہ سفید نمک کے چھوٹے چھوٹے سات ٹکڑے لے کر پھر ہر ایک پر سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کرے۔ پھر سات یوم تک نہار منہ ایک ٹکڑی روزانہ کھائے تو بلغم وغیرہ سب دور ہو جائے گی۔

آسیب کا اثر ختم کرنے کے لیے

اگر کسی پر آسیب وغیرہ کا اثر ہو تو آیت الکرسی اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھ کر آسیب زدہ پر دم کریں۔

حافظہ اور ذہن قوی ہو

جس کو حفظ کرنا مشکل ہو جائے، پس وہ سورۂ الم نشرح لکھ کر، پھر دھو کر پی لے۔ ان شاء اللہ، اسے حفظ کرنا آسان ہو جائے گا اور پڑھا ہوا یاد رہے گا اور ذہن قوی ہو جائے گا۔

مکان میں سنگ باری کروانا

ایک مٹی کے پرانے پیالے پر سورۂ فیل لکھی جائے۔ پھر اس کو جس جگہ گھر یا مکان میں دفن کر دیں گے، وہاں جب تک یہ پیالہ دفن رہے گا، سنگ باری ہوتی رہے گی۔

اناج اور غلہ کی برآفت سے حفاظت

اگر اس سورہ کو چار پیالوں پر لکھ کر جہاں اناج اور غلہ رکھا ہوا ہو، وہاں چاروں گوشوں میں دفن کر دیا جائے تو اناج اور غلہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

خرید و فروخت معطل کرنا

اگر سورۂ عصر کو کسی سیاہ تانبے کی تختی پر بروز ہفتہ ساعت زحل میں کندہ کر کے کسی دکان، حمام یا کاروبار کی جگہ دفن کر دیا جائے تو وہاں خرید و فروخت معطل ہو جائے گی اور کاروبار بند ہو جائے گا۔

کھانے میں برکت

اگر کوئی شخص کھانے پر سورۂ قریش پڑھ کر دم کرے تو اس کھانے میں برکت پیدا ہوگی اور کھانے کے نقصانات سے محفوظ رہے گا۔

زہر کا اثر ختم کرنا

اگر کوئی زہر یا زہریلی چیز کھالے تو سورۂ قریش زعفران و گلاب سے لکھی جائے اور پھر دھو کر پلائی جائے تو زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

لرزے والے بخار کا علاج

اگر کسی کو لرزے کا بخار ہو جاتا ہو یا کسی میں عقل کی کمی ہو یا بھول جانے کا مرض ہو تو اس کے لیے سورۂ قریش زعفران و گلاب سے لکھ کر اسے دھو کر پلائی جائے۔ ان شاء اللہ شفاء پائے گا۔

روحانی دفاعی اعمال سیکھنے کیلئے تفصیل goo.gl/WPJ3Zc

بچھو کاٹے کا علاج

اگر کسی شخص کو بچھو کاٹ لے تو اس پر سورۃ انشقاق پڑھ کر دم کر دیں۔ درد سے فوری طور پر آرام آجائے گا۔

مرگی کا روحانی علاج

اگر کسی کو مرگی کی تکلیف ہو تو اس کے کان میں سورۃ واللیل پڑھ کر دم کریں۔ دورہ ختم ہو جائے گا۔ اگر مجنون کے کان میں پڑھ کر دم کریں تو اسے جنون سے افاقہ ہوگا۔ سورۃ واللیل یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۝ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ۝ اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ۝ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ۝ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۝ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ۝ وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ۝ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۝ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ۝ وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗ اِذَا تَرَدّٰى ۝ اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ۝ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ۝ فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى ۝ لَا يَصْلٰىهَآ اِلَّا الْاَشْقَى ۝ الَّذِيْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝ وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ۝ الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ۝ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓى ۝ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ۝ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ۝ (الیل ۹۲)

حلال جانوروں کا دودھ بڑھانے کے لیے

اگر اونٹ، گائے، بھینس، بھیڑ، بکری وغیرہ کا دودھ بڑھانا چاہیں تو مندرجہ ذیل آیات کسی پاک وصاف برتن پر تحریر کریں۔ پھر اس برتن کو پانی سے دھوئیں اور جانور کے پینے والی پانی میں تھوڑا سا پانی ملا دیں اور جانور کو اس سے پانی پلائیں اور باقی پانی جانور کے چارے پر چھڑک دیں۔ ان شاء اللہ دودھ بڑھ جائے گا۔ آیت یہ ہے:

اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا مِنْهَا وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝ (المومن ۴۰)

تمام دردوں کے لیے

جو کوئی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ کو صبح وشام پڑھے اور اپنے ہاتھوں پر دم کر کے اپنے چہرے اور بدن پر ملے تو وہ تمام دردوں سے محفوظ رہے گا۔ آیت مبارکہ یہ ہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ۚ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ۝ (الانعام ۶)

اگر کوئی حفظ کے بعد بھول جاتا ہو تو

اگر کوئی حفظ کے بعد بھول جاتا ہو تو مندرجہ ذیل عمل زعفران وگلاب سے لکھ کر پھر دھو کر پلایا جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ پڑھا ہوا یاد رہے گا اور کبھی نہیں بھولے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلرَّحْمٰنُ ۝ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۝ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ۝ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۝ (الرحمٰن ۵۵)

اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ۝ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ۝ (القیامۃ ۷۵)

اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۝ (العلق ۹۶)

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۝ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۚ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۝ (الاعلیٰ ۸۷)

اگر آپ کو سکون نہیں مل رہا تو سکون سے نماز پڑھنا شروع کر دیں، سکون خود بخود آپ کے پاس آجائے گا۔

اعمال اولیاء سیکھنے کیلئے تفصیل goo.gl/SyPXCb

عملیات قرآنی

حکیم عبدالرؤف نظامی (ریناخورد)

قرآن اللہ ﷻ کی کتاب ہے۔ قرآن میں جو تعلیمات ہیں، وہ سب کے لئے ہیں۔ قرآن میں 114 سورتیں ہیں۔ ان میں جو باتیں کہی گئی ہیں، ان کا خلاصہ یہ ہے کہ آدمی ایک خدا کو مانے، وہ اسی کے آگے اپنے آپ کو جواب دہ سمجھے، وہ یقین کرے کہ پیغمبر آخر الزمان محمد ﷺ کے ذریعہ جو باتیں خدا نے بتلائی ہیں، وہ سب درست ہیں اور ان کو ماننے پر ہی انسان کی ابدی نجات کا دارومدار ہے۔ فقیر ربع صدی سے روحانی و مخفی علوم سے وابستہ ہے۔ پاکستان بھر سے مخفی علوم پہ شائع ہونے والے رسائل اور بے شمار روحانی نجومی جنتریوں اور کتابوں میں اکثر و بیشتر مضامین عملیات اور نقوش، جو روحانی عاملین ترتیب دیتے اور شرائط اور طریقے تعلیم دیتے ہیں، انہیں دیکھ کر دل کڑھتا ہے۔

اس افراتفری کے دور میں رزق اور دو وقت کے لیے کھانے پینے کے لوازمات کے حصول کے لیے بھاگ دوڑ کرنا ہی اصل مسئلہ بن گیا ہے۔ روحانی عاملوں اور گدی نشینوں نے عوام و خواص کے دل سے روحانی عملیات اور عاملین کاملین کی محبت چھین لی ہے۔ نوجوان کنوارے روحانی عامل حضرات تو درکنار، بارہیش شادی شدہ اور عمر رسیدہ روحانی عاملوں نے عوام کی عزتوں اور جیبوں پر ڈاکے ڈالنے شروع کیے ہوئے ہیں، جن کی وجہ سے شریف النفس غیرت مند دینی عاملوں اور صوفیاء سے بھی لوگ خائف ہیں۔ ان تلخ و ترش الفاظ کے بعد میں اپنے بڑے بھائی اور مرشد پیر سید ابوسعید گلشن شاہ آستانہ غوثیہ قادریہ محبوبیہ دیپالپور کی خصوصی اجازت و دعا سے چند اعمال بیاض نظامی سے قارئین کی نظر کر رہا ہوں۔

ہر مرض کا نورانی دم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ. (آل عمران ۱۷۳) وَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ (الحج ۷۸)

طریقہ: اول آخر ساتھ مرتبہ درود پاک درمیان میں اکیس سو (۲۱۰۰) بار پڑھیں اور اکتالیس (۴۱) دن تک عمل جاری رکھیں، زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

پھر روزانہ اکیس (۲۱) یا ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ عمل کے لیے اور آخری دن نیاز دلا کر بچوں میں بانٹ دیں۔

پرہیز: دوران عمل بڑا گوشت، کچا پیاز، لہسن اور جماع سے مکمل پرہیز کریں۔

تاثیر زبان حاصل کرنے کے لیے روزانہ ایک سو دس (۱۱۰) مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ چلتے پھرتے کھلا ورد کر کے اپنے سینے پر دم کرتے رہیں۔ نگاہوں کی پاکیزگی کے لئے شرعی حرام حلال کی تمیز رکھیں۔ علی الصبح اٹھنا اپنا معمول بنائیں۔ پابندی سے پانچوں وقت کی نماز ادا کریں۔ لقمہ حلال کھانے کی کوشش کریں۔ جھوٹ مکر و فریب سے دامن بچائیں اور خلق خدا کی بھلائی کے لیے ہمہ وقت تیار رہیں۔

دم کا طریقہ: مریض کو اپنے سامنے ممکن ہو تو باوضو بٹھائیں۔ آنکھیں بند کروالیں۔ اپنے نزدیک پانی بھی رکھیں۔ پھر اس عمل مبارکہ کو ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں اور پانی قدرے پلا دیں، باقی سات (۷) دن مریض یہ پانی پیتا رہے۔ اس طرح سات سات دن کے وقفہ سے تین دم کریں۔ ہر قسم کی جسمانی و نفسیاتی امراض سے مریض کو شفاء کامل ہوگی۔

دافع جن و آسیب

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّاۗءُ عَلَي الْكُفَّارِ رُحَمَاۗءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ۡ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ۭ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۚ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ۚ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْــَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰي سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ۭ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا (الفتح ۲۹)

کسی چینی کے ظرف میں لکھ کر اسے تلوں کے تیل سے دھو لیں۔ پہلے تیل آسیب زدہ مریض کے بدن پر ملیں۔ ان شاء اللہ آسیب کا مرض نہ رہے گا۔ مریض شفایاب ہو کر پھر کبھی اس مرض میں مبتلا نہ ہوگا۔

جنات کی اذیت سے اہل خانہ محفوظ رہیں

سورۃ الصافات (پارہ نمبر ۲۳) کو لکھ کر اس کاغذ کو تنگ

ہر قسم کے جادو کے توڑ کیلئے دو خاص قرآنی اعمال

عامل کامل استاد بشیر

ہر قسم کے جادو کے توڑ کے لیے معوذتین کا عمل

اگر آپ کے گھر سے تعویذ نہیں ملتے لیکن دل میں وہم ہے کہ شاید کسی نے تعویذ کیے ہوئے ہیں یا اگر کسی نے واقعی آپ کو نقصان پہنچانے کے لیے تعویذ کیے ہیں اور وہ تعویذ آپ تلاش نہیں کر سکتے تو اس کے لیے ایک آسان علاج تجویز کر رہا ہوں۔ یہ میرا آزمودہ ہے لیکن عامل حضرات اس لیے لوگوں کو نہیں بتاتے کہ اگر سب لوگ خود ہی عمل شروع کر دیں تو ہمارا کاروبار بند ہو جائے گا۔

اس عمل کو کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک برتن میں پانچ (۵) گلاس یا حسب ضرورت پانی ڈال کر اپنے پاس رکھ لیں۔ پاؤ چینی اور پاؤ سونف بھی علیحدہ علیحدہ برتنوں میں ڈال لیں۔

اس عمل کو شروع کرنے سے پہلے باوضو ہو کر اکیس (۲۱) مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے جسم پر دم کرنا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ سات (۷) مرتبہ آیت الکرسی پڑھنے کے بعد اپنے جسم پر پھونک مارنی ہے۔ اس طرح کل تین پھونکیں مارنی ہیں۔ اس کے بعد گیارہ بار درود ابراہیمی (جو نماز میں پڑھتے ہیں) پڑھ کر تینوں چیزوں پانی، چینی، سونف پر پھونکیں مارے۔ پھر تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ سورۃ الفلق پڑھ کر دم کرے اور آخر میں تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ سورۃ الناس پڑھ کر دم کرے۔

پہلے دن یہ عمل کرنے کے بعد خاندان کے تمام افراد کو دم کیا ہوا پانی پلایا جائے۔ باقی پانی سے گھر میں چھینٹے لگائے جائیں۔ اس کے بعد تھوڑی سونف اور چینی بھی تمام افراد کو کھلائی جائے۔ یہ عمل مسلسل اکتالیس (۴۱) دن دہراتا ہے۔ سونف اور چینی وہی رہنے دیں۔ روزانہ دم کریں اور روزانہ تمام افراد کو کھلائیں۔ جب کہ پانی روزانہ نیا لے لیں۔ اہل خانہ کو دم کر کے روزانہ پلائیں لیکن گھر میں چھینٹے دس (۱۰) دن کے وقفے سے لگائیں۔

ان شاء اللہ بفضل خدا، اکتالیس (۴۱) دن کے بعد ہر قسم کے تعویذات کا اثر ختم ہو جائے گا۔ یہ عمل کرنے والے کے لیے ضروری ہے کہ وہ پانچ وقت کا نمازی اور پرہیزگار ہو اور اگر اس میں یہ خوبی نہیں پائی جاتی تو عمل شروع کرنے سے پہلے نماز باجماعت کا اہتمام کرے تاکہ وظیفے کے اثرات زائل نہ ہوں۔ اگر اس عمل کے بعد بھی دل کی تسلی نہ ہو یا مسئلہ جوں کا توں رہے تو دوسرا طریقہ بھی اختیار کیا جا سکتا ہے۔

ہر قسم کے جادو کے لیے سورۂ مزمل والا عمل

یہ عمل شروع کرنے سے پہلے وضو کر کے پہلے عمل میں بتائے گئے طریقہ کے مطابق اپنے آپ کو دم کر لے۔ فجر کی نماز پڑھنے کے بعد اوپر بتائے وظیفے میں درج مقدار کے مطابق پانی، سونف اور چینی اپنے پاس رکھ لے۔ اکیس (۲۱) مرتبہ سورۂ مزمل پڑھنی ہے اور ان تینوں چیزوں پر پھونک مار کر دم کرنا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ جب سورۂ مزمل ایک بار پڑھنی شروع کرے اور ان الفاظ پر پہنچے

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝

تو اس کے بعد اس آیت کو اکیس (۲۱) مرتبہ یہاں درمیان میں پڑھنے کے بعد دوبارہ سورۂ مزمل آخر تک پڑھے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۝

(المؤمنون ۹۷)

یہ عمل اکتالیس (۴۱) روز تک جاری رکھنا ہے۔ روزانہ تینوں چیزیں تمام اہل خانہ کو ساتھ ساتھ تھوڑی تھوڑی مقدار میں کھلایا اور پلایا بھی جائے اور عمل بھی جاری رکھے۔ ان شاء اللہ، ہر قسم کے جادو اور تعویذات کا اثر ختم ہو جائے گا۔ اور اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کرے گا۔

اگر بتیوں کی ورائٹی کی تفصیل goo.gl/Qu6gRp

دارالعمل چشتیہ کی مجرب روحانی اگربتیاں

(1) روحانی اگربتی برائے حصول برکت

(پیکٹ میں پیکٹ 30 اگربتیاں) قیمت 200 روپے

بعض دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ جادو اور جنات کا معاملہ بھی نہیں ہوتا اور نحوست بھی نہیں ہوتی، پھر بھی بے برکتی نظر آتی ہے۔ اسی طرح جو لوگ یہ چاہتے ہیں کہ مزید برکت بڑھے، خاص کر دکان دار اور کاروباری حضرات یہ اگربتی استعمال کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، اس کے استعمال سے بے برکتی دور ہوگی اور برکت بڑھے گی۔ ان اگربتیوں پر ایسے کام کیے گئے ہیں جو حصول برکت کے لیے نہایت مجرب ہیں۔ صبح و شام ایک ایک اگربتی مطلوبہ جگہ پر جلائیں۔

(2) روحانی اگربتی دفع نحوست

(پیکٹ میں پیکٹ 30 اگربتیاں) قیمت 200 روپے

نحوست کسی بھی قسم کی ہو، اس جگہ پر رہنے والوں اور اس جگہ پر کاروبار کرنے والوں کو بری طرح متاثر کرتی ہے۔ جس کی وجہ سے مسلسل پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اسی طرح منحوس اوقات میں کوئی کام کرنا مجبوری ہے تو اس وقت اس اگربتی کو جلا کر وہ کام کریں۔ ان شاء اللہ، منحوس اثرات اس کام پر اثر انداز نہیں ہوں گے۔ ہر طرح کے منحوس اثرات اور نحوست کے خاتمے کے لیے اس اگربتی کا استعمال مفید ہے۔ صبح و شام ایک ایک اگربتی متاثرہ جگہ پر جلائیں۔ ایک پیکٹ میں 30 اگربتیاں ہیں۔

(3) روحانی اگربتی برائے دفع جنات، جادو و ہر قسم بد اثرات

(پیکٹ میں پیکٹ 30 اگربتیاں) قیمت 150 روپے

جادو، جنات، آسیب، شیاطین، نظر بد، حسد، گھر میں بے اتفاقی، لڑائی جھگڑے، گھر کا بھاری پن، گھر میں رہنے والوں میں بے چینی کی کیفیت، گھر سے بھاگنے کو دل کرنا، گھر میں یا جگہ پر تعویذات، انڈے، دال، مٹی، گوشت وغیرہ پڑے ملنا، ڈراؤنے خواب، معاملات میں رکاوٹیں، مسلسل ناکامیاں اور اس طرح کی دیگر کئی علامات کے لیے اس اگربتی کا استعمال بہت مفید ہے۔ روزانہ ایک اگربتی صبح و شام گھر یا جگہ پر جلائی جائے۔ اگر مریض کے لیے بھی استعمال کرنی ہو تو صبح و شام مریض کے پاس جلائیں۔ دیگر تفصیلات اگربتی کے پیکٹ کے ہمراہ دی جائیں گی۔ ایک پیکٹ میں 30 اگربتیاں ہیں۔

روحانی مریضوں کو استعمال کروائی جانے والی خاص بنی بنائی بتیاں

(1) کالی بتی قیمت 4 روپے

ہر قسم کے جادو کے مریضوں سے جادو، بندش، بوجہ جادو ہونے والی ڈیپریشن، بوجھ جادو جسم پر پڑنے والے بوجھ، بوجھ جادو رہنے والی بے خوابی کو ختم کرتی ہے۔

(2) نیلی بتی قیمت 4 روپے

ہر قسم کے جناتی مریضوں سے، جناتی اثرات، بندش، جناتی اثرات رہنے والی ڈیپریشن، بوجھ جناتی اثرات رہنے والے بوجھ کو ختم کرتی ہے۔

(3) سبز بتی قیمت 4 روپے

رہائشی اور کاروباری جگہ سے ہر قسم کے، جناتی اثرات، آسیبی اثرات، جادو کے اثرات، شیطانی اثرات، نحس اثرات، بندشیں اور رکاوٹوں کو ختم کرتی ہے۔

(4) پیلی بتی قیمت 4 روپے

کالے جادو کے اثرات بوجہ گندی جگہ لیٹرین و غسل خانے میں لازمی ہوتے ہیں ان کو ختم کرتی ہے۔ غلط چیزوں، بدروحوں، خبیث چیزوں کو ختم کرتی ہے۔

(5) کالی، نیلی بتی (مکس) قیمت 7 روپے

ہر قسم کے جادو اور جناتی مریضوں سے، جادو و جناتی، بوجہ جادو و جناتی اثرات سے ہونے والی بندش، بوجہ جادو یا جناتی اثرات سے ہونے والی ڈیپریشن کو ختم کرتی ہے۔

(6) حاضری کی خاص بتی قیمت 4 روپے

مریض کو تنگ کرنے والے جن، آسیب، غیر مسلم شدہ، بڑے سے بڑے جن، شیطانی مخلوق، مخلوق جو بڑی مشکل سے حاضر ہوتی فوری حاضر کرنے والی خاص بتی۔

(7) ہر قسم بندش و جادو والی بتی قیمت 4 روپے

اگر آپ بندش کے شکار ہیں۔ بوجہ جادو بندش ہے، بذریعہ جنات بندش لگائی گئی ہے۔ اولاد کی بندش ہے، بے چینی محسوس ہو تو یہ بتی آپ کیلئے انتہائی مفید ہے۔

روحانی دکان 0334-4312272, 042-35410586 darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

قرآنی عملیات نمبر

عاملین کیلئے پرنٹڈ تعویذات کی تفصیل goo.gl/l13kbj

حضرت مولانا حسن الہاشمی صاحب مدظلہ کے مرتب کردہ قرآنی عملیات

سرپرست ہاشمی روحانی مرکز و چیف ایڈیٹر ماہنامہ طلسماتی دنیا (دیوبند)

جادو ٹونے سے نجات کا طریقہ

ایک بار منزل پڑھ کر چاروں قل پڑھیں پھر سورۂ طارق کی آخری تین آیات اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝ (الطارق ۱۵ تا ۱۷)

سات مرتبہ پڑھ کر مریض کے دونوں کانوں پر دم کریں اور یہی عمل ایک بوتل پانی پر دم کر کے مریض کو ایک دن میں پانچ مرتبہ پلائیں۔ ہر نماز کے بعد پلائیں۔ اس عمل کو لگاتار سات روز تک کریں۔ اگر مکمل افاقہ نہ ہو تو مزید سات دن اور جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ جادو ٹونے سے نجات مل جائے گی۔

دشمن جادو کرنے کی ہمت نہ کرے

جس کسی کو یہ خطرہ ہو کہ کوئی اس پر جادو کروے گا تو اسے چاہئے کہ وہ ہر روز نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا خوف دور ہوگا۔ کوئی اس پر جادو کرنے کی ہمت نہ کرے گا۔

(یہ عمل خصوصاً ان مریضوں کے لئے مفید ہے جن کو ہر وقت یہ خوف سوار رہتا ہے کہ دشمن ان پر جادو کر رہا ہے۔ اس عمل کو چالیس دن لگاتار کریں۔ خواتین پاکی کے غسل کے بعد سے اکیس دن لگاتار کریں۔ اس کے بعد سات سات مرتبہ معمول میں رکھیں۔ ان شاء اللہ دشمن کا کوئی عمل نہ چلے گا۔ یقین کامل اور توجہ کامل سے کریں۔ خ)

دفع سحر کے لئے

اگر کوئی شخص سحر کا شکار ہو تو مدینہ کی سات کھجوروں پر سات سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کر کے رکھ لے۔ اور سحر زدہ کو روزانہ ایک کھجور کھلائیں۔ اور اکیس مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر ایک بوتل پانی میں دم کر کے رکھ لیں۔ روزانہ کھجور کھلا کر یہ پانی مریض کو پلائیں۔ یہ بوتل سات دن تک پلائیں۔ ان شاء اللہ سحر باطل ہو جائے گا اور مریض کو صحت عطا ہوگی۔

زبان بندی کے لئے

دشمن کی اور کسی بدزبان کی زبان بند کرنے کے لئے 40 بنولے لے کر ان پر 3 مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھ کر دم کریں اور جس کی زبان بند کرنی ہو، اس کا اور اس کی ماں کا نام لے کر ان بنولوں پر دم کر دیں اور دشمن اور بدزبان کے گھر میں دبا دیں۔ اگر دباتے وقت کوئی نہ دیکھے تو اچھا ہے۔ ان شاء اللہ ایسی زبان بند ہوگی کہ لوگ حیرت کریں گے۔

نکاح کے لیے راضی کرنا

اگر کوئی شخص کسی عورت کو نکاح کے لیے راضی کرنا چاہتا ہو اور وہ نکاح کے لئے راضی نہ ہو تو اس کو راضی کرنے کے لئے یہ عمل کریں کہ کسی خشک میٹھی چیز پر، جس کے خراب ہونے کا اندیشہ نہ ہو جیسے چینی اور شکر وغیرہ، سات دن تک لگاتار روزانہ سات مرتبہ سورہ یٰسین پڑھیں، ۲۱ مرتبہ سورہ جن اور سات مرتبہ سورہ نبا، غم یتساءلون پڑھیں اور مٹھائی پر دم کر دیں اور ایک مرتبہ یہ بھی لکھیں فلاں بنت فلاں فلاں ابن فلاں کے نکاح کے لئے راضی ہو جائے۔ اس عمل کے اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں۔ سات دن کے بعد وہ میٹھی چیز مطلوب کو دو چار مرتبہ کسی طرح کھلا دیں یا شربت وغیرہ میں ڈال کر پلا دیں۔ ان شاء اللہ نکاح کے لئے وہ رضامند ہو جائے گی۔

اس طرح کے عمل جب کرنے چاہئیں جب اپنا ارادہ نیک ہو اور اس

مختلف مقاصد کیلئے مختلف الواح کی تفصیل goo.gl/N5BAsz

عورت سے نکاح کرنا عقلاً ممکن ہو۔

نظر اتارنے کیلئے

اگر کسی بچے یا بڑے کو نظر بد لگی ہوئی ہو تو اس کو اتارنے کی غرض سے باوضو حالت میں تین مرتبہ سورۂ فاتحہ اس طرح پڑھے کہ اول و آخر درود شریف پڑھے اور پڑھ کر دم کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس طرح دم کرنے سے نظر بد ختم ہو جائے گی۔

نظر بد سے بچاؤ

اگر کسی بچے کو نظر لگ جائے تو باوضو ہو کر تین مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کر کے اس بچے پر دم کر دیں۔ ان شاء اللہ فوراً نظر سے نجات مل جائے گی اور اگر کوئی شخص روزانہ اپنے بچوں پر مغرب کی نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کر دیا کرے تو اس کے بچے ہمیشہ نظر بد سے محفوظ رہیں۔

قوت باہ میں اضافے کے لئے

تین دن تک مسلسل روزے رکھے اور نصف شب کے وقت گلاب و زعفران سے اپنے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر یہ آیت لکھے:

يَسْتَجِيبُ الَّذِينَ يَسْمَعُونَ ۘ وَالْمَوْتَىٰ يَبْعَثُهُمُ اللَّهُ ثُمَّ إِلَيْهِ يُرْجَعُونَ ﴿٣٦﴾ (الانعام ۳۶)

اس کے بعد اس کو زبان سے چاٹ لے۔ ان شاء اللہ قوت باہ میں زبردست اضافہ ہوگا۔

جملہ امراض کے شفا

بیساکھ کے اٹھارہ دن کے بعد جب آفتاب برج حمل میں آئے یعنی ۲۱ مارچ سے ۲۱ اپریل کے درمیان اگر بارش ہو تو اس پانی کو محفوظ کر لیں اور سفید کپڑے میں اس کو چھان لیں اور کسی پاک صاف مٹی کے برتن میں رکھ لیں۔ اس کے بعد اس پانی پر ستر (۷۰) مرتبہ سورۂ فاتحہ، ستر (۷۰) مرتبہ چاروں قل پڑھ کر دم کر دیں۔ پھر یہ پانی سات (۷) روز تک مریض کو صبح شام پلائیں۔ ان شاء اللہ کیسا بھی مرض ہوگا، نجات ملے گی۔

جملہ امراض سحر

مذکورہ پانی پر چالیس (۴۰) مرتبہ سورۂ یٰسین، چالیس (۴۰) مرتبہ سورۂ فاتحہ اور چالیس (۴۰) مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر پانی پر دم کر دیں۔ اول و آخر درود شریف بھی پڑھیں۔ اس پانی سے زوال کے وقت سحر زدہ کو زمین میں گڑھا کھود کر نہلائیں اور اس پانی سے لگاتار تین روز تک زوال کے وقت سحر زدہ کو نہلاتے رہیں اور یہی پانی غسل کے بعد پلاتے رہیں۔ ان شاء اللہ سحر سے نجات ملے گی۔

بال لمبے کرنے کے لئے

ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر کسی بھی تیل پر دم کر کے وہ تیل بالوں میں لگائیں۔ ان شاء اللہ اکیس (۲۱) روز یہ تیل لگانے سے بال لمبے ہو جائیں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاءٌ۔ (حم السجدۃ ۴۴)

مرگی سے بے ہوشی کا علاج

اگر کسی شخص کو مرگی کا دورہ پڑ جانے کے بعد بے ہوشی ہو گئی ہو، اس کو ہوش میں لانے کے لئے ایک پیالہ پانی پر ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور ایک مرتبہ قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھ کر مریض کے چہرے پر چھینٹیں دیں۔ ان شاء اللہ چند منٹ میں مریض ہوش میں آجائے گا۔

بری عادتیں چھڑانے کے لئے

جب بری عادتوں والا سو جائے تو سورۂ یٰسین پڑھ کر اس کے دونوں کانوں میں دم کر دیں۔ ان شاء اللہ لگاتار گیارہ (۱۱) دن عمل کرنے سے بری عادتوں سے نجات مل جائے گی۔

بری عادتوں سے نجات کے لئے دوسرا عمل

اگر کوئی شخص بری عادتوں میں مبتلا ہو تو جب وہ سو جائے تو اس کے ایک

باطنی قوت بڑھانے والے آلہ یکسوئی کی تفصیل goo.gl/OFCAix

گز کے فاصلے پر کھڑے ہو کر اس کی طرف دیکھتے ہوئے "اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝" ستر (۷۰) مرتبہ پڑھیں۔ آگے پیچھے گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ ان شاء اللہ بری عادتوں سے نجات مل جائے گی۔ اس عمل کو کرنے کے بعد ایک گلاس پانی پر دم کر لیں اور صبح کو وہ پانی اس شخص کو پلا دیں جس کیلئے عمل کیا گیا ہے۔ اس عمل کو بھی گیارہ (۱۱) دن تک کریں۔

جادو ختم کرنے کا عمل

مریض کے سر سے پیر کے انگوٹھے تک نیلے دھاگے گیارہ (۱۱) عدد لے لیں۔ ان کی چار تہہ کر لیں اور ان دھاگوں پر گیارہ گرہیں لگائیں اور ہر گرہ کے دائرے میں گیارہ گیارہ (۱۱) مرتبہ معوذتین پڑھ کر گرہ لگائیں، اس کے بعد اس ڈورے کو جلتے ہوئے کوئلوں پر ڈال دیں۔ گیارہ (۱۱) دن تک اس عمل کو کریں۔ ان شاء اللہ سحر سے نجات ملے گی۔

گھر سے جادو کے اثرات ختم کرنے کے لئے

اگر کوئی گھر جادو کی لپیٹ میں ہو تو لوبان کو باون دستہ میں کوٹ کر یا کسی بھی طرح باریک کر کے اس پر قل اعوذ برب الفلق ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں۔ اور تین دن تک اس لوبان کو پورے گھر میں جلا کر دھونی دیں۔ ان شاء اللہ جادو سے نجات ملے گی۔

کاروبار میں برکت ختم کرنے کا عمل

کاروبار کی جگہ پر طلوع آفتاب سے پہلے پہنچیں۔ ایک مرتبہ قل اعوذ برب الناس پڑھ کر دکان کے دروازے پر دم کر دیں۔ پھر پانچ قدم پیچھے لوٹ کر دونوں جوتے اتار لیں اور جوتوں کو ہاتھ میں لے کر تین بار اس طرح جھاڑیں کہ دونوں جوتوں کے تلوے ایک دوسرے سے ٹکرائیں۔ اس عمل کو لگاتار سات دن تک کریں۔ ان شاء اللہ بندش سے نجات ملے گی۔

دردِ پسلی

اگر کسی کی پسلی میں درد ہو تو سرسوں کے تیل پر اکتالیس (۴۱) مرتبہ قرآن حکیم کی یہ آیت پڑھ کر دم کر لیں اور رات کو روزانہ اس تیل سے ہلکی ہلکی پسلی پر مالش کریں۔ ان شاء اللہ درد سے نجات ملے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ۚ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝ (المؤمن ۴۰:۴۴)

بانجھ پن دور کرنے کے لئے

اس آیت کو ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ پھر اس پانی کو دن میں تین بار صبح دوپہر شام پابندی کے ساتھ چالیس (۴۰) دن تک پئیں۔ ان شاء اللہ مرض سے نجات مل جائے گی۔

حیا پیدا کرنے کے لئے

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی بے شرم ہو گئی ہو تو ان کے اندر حیا پیدا کرنے کے لئے قرآن حکیم کی اس آیت کو ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے کھلائیں۔ ان شاء اللہ سات دن کھلانے سے بے حیائی سے نجات ملے گی۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم. شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ (آل عمران ۳:۱۸)

اگر بخار شدید ہو

اگر کسی بچے یا بڑے آدمی کو شدید بخار ہو اور کسی طرح کم نہ ہو رہا ہو تو پیپل کے درخت کے پتے پر قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۝ (الانبیاء ۲۱:۶۹) لکھ کر عرق گلاب سے دھو کر مریض کو پلا دیں۔ اس عمل کو ایک دن میں تین بار کر لیں۔ ان شاء اللہ زیادہ سے زیادہ تین دنوں میں بخار سے نجات مل جائے۔

خارش کا علاج

سورۂ قدر سات مرتبہ پانی پر دم کر کے سات دن تک صبح شام پلانے سے خارش بالکل ختم ہو جاتی ہے۔

یرقان کا علاج

اگر کسی کو یرقان "پیلیا" ہو جائے تو ایک بوتل پانی پر سورۂ بینہ (سپارہ

Khazina-e-Ruhaniyat
magazine.org/Nadeem/Nadeem
darulnadeem@gmail.com

۳۰) گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں اور دن میں کئی بار پئیں۔ ان شاء اللہ ایک ہفتے کے اندر یرقان سے نجات مل جائے گی۔

خاوند پر قابو پانے کے لئے

بعض لوگوں کو بذریعہ سحر باندھ دیا جاتا ہے اور وہ اپنی بیوی کے ساتھ خلوت نہیں کر پاتے۔ ایسے لوگوں کے لئے بہترین علاج یہ ہے کہ

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۚ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿۸۱﴾

(بنی اسرائیل ۱۷:۸۱) لکھ کر کمر میں باندھ دیں۔ اور اس کو چاہئے کہ وہ خلوت سے پہلے نو (۹) مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے پھر نو (۹) مرتبہ قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے۔ اس کے بعد خلوت کرے۔ ان شاء اللہ سحر کا اثر باطل ہو جائے گا اور اس مرد کے اندر اہلیت پیدا ہو گی۔ چند بار ایسا کرنے سے پوری طرح بندش سے نجات مل جائے گی۔

اگر بخار اتر جائے

اگر کسی شخص کو بخار ہو اور کسی طرح اترنے کا نام نہ لیتا ہو تو ایک کٹورے میں پانی بھر کر اس پر سورۂ فاتحہ چالیس (۴۰) مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں۔ پھر اس پانی میں سفید رنگ کا کپڑا بھگو کر مریض کی پیشانی پر رکھیں۔ ان شاء اللہ بخار اتر جائے گا۔

ٹی بی اور کینسر کے مریضوں کے لئے

اگر کوئی شخص ٹی بی یا کینسر میں مبتلا ہو تو اس کیلئے یہ عمل کریں کہ نماز فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان ۴۱ مرتبہ سورۂ فاتحہ اس طرح پڑھیں کہ بسم اللہ کے میم کو سورۂ فاتحہ کے لام میں ملا کر پڑھیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العلمین۔ پھر اس گلاس میں پانی پر دم کر کے مریض کو پلا دیں۔ اس عمل کو لگاتار چالیس (۴۰) دن تک جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ حیرتناک فوائد ظاہر ہوں گے اور مریض آہستہ آہستہ مذکورہ امراض سے نجات پالے گا۔

فارش سے نجات کے لئے

اکیس (۲۱) روز تک یہ عمل کریں کہ روزانہ اکیس (۲۱) مرتبہ یہ آیت پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ فارش سے نجات ملے گی۔ آیت یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ۗ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ۗ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۴﴾

(المؤمنون ۲۳:۱۴)

بلڈ پریشر سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص ہائی بلڈ پریشر میں مبتلا ہو تو اس کو چاہئے کہ ہر فرض نماز کے بعد مندرجہ ذیل آیت کو تین مرتبہ پڑھ کر اپنے دل پر دم کر لے۔ ان شاء اللہ چند دنوں میں بلڈ پریشر سے نجات مل جائے گی۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۗ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ﴿۲۸﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ﴿۲۹﴾ (الرعد ۱۳:۲۸،۲۹)

درد پیٹ

اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو تو مندرجہ ذیل آیت کو سات مرتبہ پڑھ کر نمک کی ڈلی پر دم کر کے مریض کو چٹائیں۔ ان شاء اللہ تھوڑی دیر میں درد ٹھیک ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے:

وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ (النحل ۱۶:۷۸)

ہر طرح کے بخار کے لئے

بخار کسی بھی طرح کا ہو اس آیت کو طشتری پر لکھ کر پانی سے دھو کر پلانا چاہئے تین دن تک۔ ان شاء اللہ تین دن میں بخار سے چھٹکارا ملے گا۔ آیت یہ ہے:

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿۶۹﴾

(الانبیاء ۲۱:۶۹)

ادارے کے خاص خاص تعویذات کی تفصیل goo.gl/N7Jqe1

مجرب قرآنی عملیات

شہزادہ منظور علی سمون (ملنگ محمد خان)

ماہنامہ خزینہ روحانیات اکتوبر 2017ء کا خوبصورت و خاص قرآنی عملیات نمبر آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ پیارے قارئین کی خدمت میں چند مجرب قرآنی عملیات حاضر خدمت ہیں۔

برائے بصارت

جس کسی کو بھی آنکھوں کی تکلیف ہو، بصارت کی کمزوری ہو یا کسی بھی قسم کا مرض ہو تو سورۂ نور کو تین (۳) دفعہ روزانہ پڑھ کر آنکھوں پر دم کریں۔

شفاء امراض

سورۂ فاتحہ: ہر قسم کے خطرناک امراض سے نجات پانے کے لیے اس سورۂ مبارکہ کو چالیس (۴۰) دفعہ پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ صحت یابی ہوگی۔

ہر دل عزیز

سورۂ اعراف: اس سورۂ مبارکہ کو روزانہ تین (۳) دفعہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے اپنے چہرہ پر ہاتھ گھما دیں۔ چالیس (۴۰) دن عمل کریں۔ ہر دل عزیز بن جائیں گے۔

مشکلات سے نجات

سورۂ یونس: اس سورۂ مبارکہ کو روزانہ تین (۳) دفعہ پڑھ کر گھر کے چاروں اطراف پھونک مار دیں تو تمام مشکلات، مصائب و غم سے نجات ملے گی۔ گھر میں خوشحالی آئے گی۔ چالیس (۴۰) دن تک عمل کریں۔

برائے بصارت

سورۂ نور: اس سورۂ مبارکہ کو روزانہ فجر کے بعد سورج طلوع ہوتے وقت صرف ایک دفعہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے اپنے ہاتھ چہرہ پر گھما دیں۔ چالیس (۴۰) دن عمل کریں۔ ہر قسم کی آنکھوں کی بیماریاں دفع ہوں گی۔

جیل سے رہائی

سورۂ یونس: صاف پاک مٹی یا پانی پر دس (۱۰) دفعہ پڑھ کر مٹی یا پانی پر دم کر کے وہ جیل میں چھڑک دیں، جلد رہائی پائے گا۔

پیغام نکاح

سورۂ اعراف: اس سورۂ کو روزانہ تین (۳) دفعہ چالیس (۴۰) دن تک پڑھ کر اپنے اوپر پھونک ماردیں تو بہت جلد نکاح یا شادی ہو جائے گی۔

تسخیر خلائق

سورۂ یٰسین: اس سورۂ پاک کو اکیس (۲۱) دفعہ پڑھ کر کسی عطر پر دم کر کے اپنے کپڑوں کو لگائیں تو ہر جگہ بلندی مرتبہ، عزت و توقیر و تسخیر خلائق ہوگی۔

علم و ذہانت

سورۂ طٰہٰ: علم میں ترقی، ذہانت، حافظہ و یادداشت بڑھانے کے لیے اس سورۂ کو سات (۷) دفعہ پانی پر پڑھ کر دم کریں اور کچھ دن تک پیتے رہیں۔

رجعت سے تحفظ

سورۂ یٰسین: روزانہ سات (۷) دفعہ اس سورۂ مبارکہ کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں تو سحر جادو، رجعت، نظر بد، آسیب، جنات سے مکمل تحفظ ملے گا۔

آسانی ولادت

سورۂ انشقاق: اس سورۂ مبارکہ کو سات (۷) دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیتے رہیں، ولادت ہونے کے وقت تک۔ آسانی سے ولادت ہو گی۔ آپریشن سے بچ جائیں گے۔

برائے زراعت

سورۂ روم: اس سورۂ کو چالیس (۴۰) دفعہ مٹی، پانی یا بیجوں پر پڑھ کر دم کر کے وہ فصل والی زمین میں گرا دیں تو اجناس، باغات، کھیتی باڑی میں کسی بھی قسم کا نقصان نہیں ہوگا۔ بہت فائدہ ملے گا۔

تعویذ خیر و برکت کی تفصیل goo.gl/6hsXr7

Khazina-e-Ruhaniyat
magazine@dawateislami.net

دارالعمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ کی خدمات سے فائدہ اٹھائیں

آج کل ہر کوئی کسی نہ کسی درجہ میں پریشان ہے۔ شاید ہی کوئی ایسا انسان ہو جس کو کوئی پریشانی نہ ہو۔ پریشانی کے حل کے لئے ہر کوئی اپنے بس میں جہاں تک ممکن ہو، تدابیر اختیار کرتا ہے۔ ان تدابیر میں روحانی تدابیر بھی ہیں جن سے وہ فائدہ ممکن ہے، جو اکثر اوقات دنیوی تدابیر سے ممکن نہیں ہوتا۔ ذیل میں مختصر تفصیل دی جارہی ہے، جس کو پڑھ کر آپ کو معلوم ہوگا کہ روحانی علاج کن مقاصد میں آپ کے لئے مفید ہوسکتا ہے۔

مالی مسائل: قرض ادا نہ ہونا، قرض وصول نہ ہونا، تنگیٔ رزق، نوکری نہ ملنا یا جلدی چھوٹ جانا، کاروبار نہ چلنا، جو بھی کام کریں اس میں نقصان ہی ہونا، پیسا آنا مگر خرچ ہوجانا، بیرون ملک سفر میں رکاوٹ ہونا۔

تعلیمی مسائل: سبق یاد نہ ہونا، پڑھنے میں دل نہ لگنا، یاد ہونے کے باوجود غلطی کرنا، امتحان میں نتیجہ اچھا نہ آنا یا فیل ہونا۔

شادی کے مسائل: رشتہ نہ آنا، رشتہ آنا مگر طے نہ ہونا، خاص جگہ پر شادی ہونے میں رکاوٹ، منگنی ہوکر یا رشتہ طے ہوکر ٹوٹ جانا وغیرہ۔

ازدواجی مسائل: زبان دراز ہونا، گالیاں دینا، مارنا پیٹنا، خرچہ نہ دینا، باہر عورتوں میں دلچسپی رکھنا، ناجائز تعلقات، طلاق یا خلع تک معاملہ پہنچنا، ساس سسر نند بھاوج وغیرہ کے ناجائز رویے، گھر والوں کا آپس میں لڑنا، گھر والوں کا ایک دوسرے کی عزت نہ کرنا وغیرہ۔

اولاد کے مسائل: نافرمانی، غلط راہ پر چلنا، بچوں کا آپس میں لڑنا وغیرہ۔

دشمن کے مسائل: جان کا دشمن ہوجانا، ناجائز مقدمہ کروینا، جائیداد یا حق پر قبضہ کرلینا، جادو ٹونہ کرواتے رہنا، زبان سے نقصان دینا وغیرہ۔

جادو کی قریب کاریاں: رشتہ، صحت، اولاد، کاروبار، معاش، ترقی، عزت، کسی بھی قسم کی بندش و نقصان کرنا۔

جنات کی اثر پذیریاں: نظر آنا، دباؤ ڈالنا، ڈرانا، آوازیں آنا، چھت پر چلنے پھرنے کی آوازیں آنا، رونے چیخنے کی آوازیں آنا، چیز یا رقم کا چوری ہونا، چیزوں کا اپنی جگہ سے غائب ہوکر دوسری جگہ سے ملنا، خون پانی تیل وغیرہ کی قے پڑنا، گھر میں موجودگی کا احساس ہونا وغیرہ۔

جسمانی امراض: علاج کروانے کے باوجود بیماری کا ٹھیک نہ ہونا، رپورٹس ٹھیک آنے کے باوجود بیماریاں ہونا، ایک بیماری کا ٹھیک ہونا تو دوسری کا لگ جانا، مسلسل گھر میں بیماری کا ڈیرے جمائے رکھنا، بڑی بیماریاں مثلاً کینسر، دل و جگر و دماغ کے امراض وغیرہ۔

خواتین کے نسوانی امراض: اولاد نہ ہونا، حمل کا اسقاط ہونا یا ہوتے رہنا، صرف لڑکیاں ہونا، اولاد نرینہ کا حصول، رحم کے ہر قسم کے امراض

نفسیاتی امراض: غصہ، خوف، مایوسی، شہوت، بے سکونی، دہشت، وہم، وساوس کی کثرت، خیالوں میں کھوئے رہنا وغیرہ۔

اگر درج بالا مسائل میں سے آپ کسی مسئلہ یا مسائل کا شکار ہیں یا کوئی اور جائز خواہش یا دنیوی مقصد ہے تو اعتماد کے ساتھ تفصیل سے خط لکھیں، E-mail کریں، فون کریں یا بالمشافہ ملاقات کرلیں۔ عام ملاقات بروز اتوار شام 4 بجے تا 7 بجے کی جاتی ہے۔

فون نمبر: 0324/0344-8439477 (صبح 11 تا 5 بجے، علاوہ جمعہ) / نائب فون نمبر: 0343-4686217 (صبح 10 تا 5 بجے، علاوہ جمعہ)

روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ، لاہور پاکستان

ruhaniilajgah

+ruhaniilajgah96 ruhaniilajgah

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ: 54570 فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0342-7772772 (دوپہر 2 سے شام 7 بجے، علاوہ جمعہ)

darulamal.org/ruhaniilajgah ruhaniilajgah@gmail.com 0324-7772772

تعویذ حفظ و جان کی تفصیل goo.gl/ckrYvj

قرآنی عملیات سید مصور علی زنجانی

ایڈیٹر ماہنامہ آئینہ قسمت

امراضِ جگر

اگر کسی مرد یا عورت کو جگر کا کوئی مرض ہو تو کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا لیا جائے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ (الکہف ۱۰۹)

1 اس تعویذ کو مرد بازو پر باندھے اور عورت گلے میں پہنے۔ علاوہ ازیں یہی کلمات کاغذ یا چینی کی رکابیوں پر لکھ کر پانی سے دھو کر وہ پانی نہار منہ پیا جائے۔ ان شاء اللہ جلد ہی جگر کے ہر مرض سے شفا نصیب ہوگی۔

2 اگر کسی شخص کے جگر میں درد، زخم، پتھری وغیرہ ہو یا وہ جگر کے کسی اور مرض میں مبتلا ہو تو یہ آیت مبارکہ اکیس (۲۱) بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی اس شخص کو پلایا جائے۔

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ (الرحمٰن ۷۸)

ان شاء اللہ العزیز جگر کے ہر مرض سے شفاء ہوگی۔

مرگی کا علاج

مریض کو باقاعدگی سے سورۃ فاتحہ کا پانی پلائیے۔ سورۃ رحمن کا کیسٹ کمرے میں مستقلاً چلا کر رکھیں۔ سورۃ المومنون کی آخری چار آیتیں روزانہ طاق اعداد میں پڑھ کر مریض کے کان میں پھونکیں۔ یاسین شریف روزانہ بلند آواز میں پڑھیں۔

غصہ دور کرنے کا نسخہ

اگر آپ کا یا آپ کے گھر میں کسی بھی فرد کا غصہ شدید ہے اور آپ سے باہر ہو جاتے ہیں تو سورۃ آل عمران کی درج ذیل آیت کو ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ اکیس (۲۱) دن تک چینی پر پڑھیں اور پھر اس کو چائے یا پانی میں ملا کر غصے والے شخص کو پلا دیں۔ آیت یہ ہے:

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ (آل عمران ۱۳۴)

سر کے درد کو دور کرنے کا طریقہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ تین، سات یا گیارہ بار شہادت کی انگلی سے اپنے ماتھے پر لکھ لیں تو سر کا درد ان شاء اللہ دور ہو جائے گا۔

بصارت کی کمزوری

اگر کسی شخص کی بصارت یعنی بینائی کمزور ہو تو وہ سورۃ ق (سورۃ نمبر 50) تین بار پڑھ کر سرمہ پر دم کر کے اپنی آنکھوں میں ڈالتا رہے۔ اس عمل کی مداومت سے ان شاء اللہ العزیز اس کی بصارت کی کمزوری دور ہو جائے گی اور پھر اس کی آنکھوں کی بینائی میں ضعف نہیں آئے گا۔

چوری اور شیطانی اثرات سے حفاظت

کسی ظالم کے سامنے پچاس مرتبہ بسم اللہ پڑھیں تو اللہ تعالیٰ ظالم کو مغلوب کر کے پڑھنے والے کو غالب کر دیں گے۔ (خواص القرآن الکریم)

طلسماتی دنیا اگست 2017 کا شمارہ منظر عام پر آگیا ہے
خوشخبری قیمت: 200 روپے فوٹو سٹیٹ (امپورٹڈ پیپر)
☆ سورۃ الاحقاف کا جن ☆ عطیش " کس طرح تابع ہوگا ☆ عمل تسخیر ☆ اسم اعظم ☆ دعا کی اہمیت و آداب ☆ روحانی ڈاک ایک قیمتی جذبہ ☆ سلام قولاً من رب الرحیم ☆ کسی بھی ناکامی پر ہوش برقرار رکھنے ☆ رکاوٹوں کی ختم کرنی ☆ تاج الوظائف ☆ تمام مقاصد کیلئے (طریقہ نقوش) ☆ اپنا بنانے کیلئے ☆ استخارہ کیسے ☆ استخارہ حاضر ☆ تشخیص مرض ☆ طلاق طلاق طلاق ☆ بوستان طلسمات: کچھ خاص اعمال ☆ قرآن و قرآن کا مشاہدہ ☆ علم نجوم بچوں کی تعلیم ☆ ناراضگی کا تیر بخی پس منظر ☆ جیون ساتھی کا انتخاب کریں ☆ پیاز: اجزاء ☆ خصوصیات و علاج ☆ بے نظیر فائدے ☆ دبلے افراد اپنا وزن کیسے بڑھا سکتے ہیں ☆ آیت الکرسی کی فضیلت ☆ آیت الکرسی کے فوائد ☆ آیت الکرسی سے مشکلات کا حل ☆ مفلسی دور ہو ☆ عہدہ میں ترقی ☆ کوئی نقصان نہ پہنچا سکے ☆ چور کے بارے میں معلوم کرنا ☆ عکس سلیمانی: خواص سورۃ فاتحہ ☆ خواص سورۃ بقرہ ☆ خواص سورۃ آل عمران ☆ خواص سورۃ نساء ☆ خواص سورۃ مائدہ ☆ خواص سورۃ انعام ☆ خواص سورۃ یوسف
مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877
darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org

قرآنی عملیات صوفی ندیم محمد محمدی

چیف ایڈیٹر ماہنامہ آئینہ کرشمات

مال میں برکت ہو

جب کوئی مال خریدے، سورۃ الم نشرح کو تین (۳) بار پڑھ کر دم کرے، اس مال میں برکت ہوگی۔

سینے میں درد کا علاج

جس شخص کے سینے میں درد ہو، سورۃ الم نشرح کو لکھ کر پانی سے دھو کر سینے پر ملے۔

افسر حاکم مہربان ہو

جب کسی حاکم کے پاس جائے، سورۃ اقرا باسم کو تین (۳) بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے، وہ امیر اس پر بہت مہربانی کرے گا۔

آنکھوں میں درد کا علاج

جس شخص کی آنکھوں میں درد ہو سات (۷) بار سورۃ ہمزہ پڑھ کے دم کرے۔

تسخیر کام، حصول دولت و منصب و عزت کیلئے

جمعرات کو روزہ رکھے اور چھوہارے سے افطار کرے۔ بعد نماز مغرب بسم اللہ شریف ایک سو اکیس (۱۲۱) بار پڑھے۔ بعد اس کے نماز عشاء پڑھ کر سونے کی نیت سے لیٹے اور نیت روزے کی کر کے بسم اللہ پڑھنا شروع کرے، یہاں تک کہ پڑھتے پڑھتے سو رہے۔ جب صبح ہو اور روز جمعہ ہو تو نماز فجر پڑھ کر بسم اللہ شریف کو ایک سو اکیس (۱۲۱) بار پڑھے۔ اور اس طرح سے بسم اللہ کو زعفران اور گلاب وغیرہ سے لکھے۔ ب س م ا ل ل و ا ل ر ح م ا ن ا ل ر ح ی م اور موم جامہ کر کے اپنے بازو پر باندھ لے۔ اس عمل شریف کو جو کوئی کرے گا، لوگوں کی نظروں میں مثل چودھویں رات کے ہوگا اور وقار اس کا سب کے دلوں میں ہوگا۔ چاہیے کہ نقش کی حفاظت اپنی جان سے زیادہ کرے تاکہ ضائع نہ ہو۔

"انسان کا کام تدبیر کرنا ہے نتیجہ مرتب کرنا صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے، اپنا رجوع اللہ کی طرف کیجئے"

شوہر یا بیوی کی بندش: کاروبار نہ چلنا، ملازمت کا نہ ملنا یا مل کر چھوٹ جانا، کاموں کے بنتے بنتے بگڑ جانا، بیرون ملک جانے میں رکاوٹ اور بندش کا سامنا۔

گھریلو مسائل: خاوند، بیوی اور بچوں میں ناچاقی اور طلاق تک نوبت۔

رشتوں کی بندش: جوان اولاد کے رشتے نہ ملنا، پسند نہ آنا یا پسند کے بعد انکار ہو جانا، منگنی کے بعد نکاح یا نکاح کے بعد رخصتی میں رکاوٹ۔

صحت کی بندش: بیماری کا علاج کے باوجود ٹھیک نہ ہونا یا بار بار بیمار ہونا، تمام لیبارٹری ٹیسٹ کے درست ہونے کے باوجود بھی صحت کا بحال نہ ہونا۔

اولاد کی بندش: اولاد کا نہ ہونا یا پیدا ہو کر مر جانا، پیدائشی طور پر بچوں میں مختلف قسم کی بیماریاں پیدا ہونا، صرف لڑکیاں ہی پیدا ہونا، نرینہ اولاد کیلئے۔

اولاد کی مسائل: نافرمانی، بدزبانی، دیگر غلط عادات اور سوسائٹی کے بیکار افراد۔

معاشرتی مسائل: قرض کی ادائیگی، کسی شخص کا جائز کام میں رکاوٹ بننا، قرض واپس نہ کرنا، دشمن ہو جانا، پیسے یا چیزیں مثلاً دکان، مکان پر قبضہ کر لینا وغیرہ۔

تدبیر ہماری تقدیر تمہاری

کشائش رزق، بندش کاروبار، بندش رشتہ و ہر قسم کی بندش اور تمام پریشانیوں کے حل کیلئے اعتماد سے رابطہ فرمائیں۔

نوٹ: ملاقات کیلئے فون پر وقت ضرور طے کر لیں

آپ خود یا صاحب فراش کے ذریعہ مریض سے ملاقات کریں گے۔

طبیب روحانی و جسمانی
مولانا ڈاکٹر علی آفاق
(ڈی۔ایچ۔ایم۔ایس)

خیر و برکت:۔
گھر، دکان، فیکٹری اور دفتر کی خیر و برکت کیلئے

Mobile: 0321-4168008
www.afaqspiritualclinic.com
facebook.com/afaqspiritualclinic
77/C، ماڈل ٹاؤن لاہور۔

khazinailmoamal.blogspot.com

شادی و نکاح کے قرآنی اعمال

نکاح جلد فسخ کرنا

اگر کوئی کسی عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہو اور وہ راضی نہ ہوتی ہو کسی غلط فہمی کی بناء پر، اس کی مخالفت کرتی ہو جب کہ وہ خود نیک اور شریف آدمی ہو اور چاہتا ہو کہ کسی طرح اس عورت کی غلط فہمی دور ہو جائے اور وہ نکاح پر رضا مندی کا اظہار کرے تو اسے چاہیے کہ وہ مٹھائی یا کسی بھی میٹھی چیز پر باوضو حالت میں سات دن تک ہر روز سات بار سورۂ یٰسین اور اکیس بار سورۂ والشمس اور سات مرتبہ عم تیساء لون پڑھ کر دم کرے اور دعا مانگے کہ اللہ تعالیٰ نیک کام میں مدد فرمائے، اپنا اور اپنی والدہ کا نام لے کر مطلوب اور اس کی ماں کا نام لے اور دم کر کے اس عورت کو کھلائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ وہ عورت نکاح پر راضی ہو جائے گی اور بخوشی رضا مندی کا اظہار کرے گی۔

لڑکی کی شادی کے لئے

سینگ کی بنی ہوئی کنگھی یا جو بھی کنگھی یا کنگھا مل جائے، اس پر اول گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دم کرے اور پھر گیارہ بار آیت قطب پڑھ کر دم کرے پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دم کرے اور لڑکی کو دے، وہ ہر روز اس کنگھی سے اپنے سر کے بالوں میں کنگھی کرے، دوسرا کوئی اور اس کنگھی کو استعمال نہ کرے۔ آیت قطب یہ ہے: ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ؕ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ يُخْفُوْنَ فِيْۤ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ؕ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ (آل عمران ۱۵۴)

خزینہ روحانیات کی سابقہ 7 جلدیں

روحانی و مخفی علوم سے بھری یہ جلدیں آپ کو عامل کامل بننے میں مکمل مدد دیں گی۔ روحانی معالجین، مریضوں، بندش میں جکڑے انسانوں کیلئے نوید شفاء۔ آپ کو ہر مسئلے کا حل خزینہ روحانیات کے ہر صفحے پر ملے گا۔ دیر نہ کیجئے، سٹاک محدود ہے۔

جلد#1	قیمت: 430 روپے	رعائتی قیمت: 380 روپے
جلد#2	قیمت: 490 روپے	رعائتی قیمت: 440 روپے
جلد#3	قیمت: 700 روپے	رعائتی قیمت: 560 روپے
جلد#4	قیمت: 600 روپے	رعائتی قیمت: 460 روپے
جلد#5	قیمت: 650 روپے	رعائتی قیمت: 440 روپے
جلد#6	قیمت: 650 روپے	رعائتی قیمت: 440 روپے
جلد#7	قیمت: 650 روپے	رعائتی قیمت: 440 روپے

سات جلدیں اکٹھی خریدنے پر زبردست آفر

7 جلدوں کی قیمت: 4170 روپے رعائتی قیمت: 2800 روپے ملاوہ ڈاک خرچ

شعبہ نشر و اشاعت 042-35410586, 0322-4773786
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com

خوشخبری

ستمبر 2017ء کا شمارہ منظر عام پر آگیا ہے

فوٹو سٹیٹ (امپورٹڈ پیپر)

قیمت: 200 روپے

عملیات بسم اللہ: آنکھوں کی حفاظت اور کمزور نظر ختم ✪ کند ذہنی اور کمزور حافظہ ✪ نکسیر پھوٹ جانے ✪ مکمل شفاء ✪ حاکم سے مطلب پورا کرنا ✪ گھر آفات سے محفوظ رہے ✪ پھوڑوں کی کثرت ہو ✪ درخت پر پھل آئے ✪ لوح شفاء امراض ✪ روحانی ڈاک: اثرات کا علاج ✪ تشخیص کی طلب ✪ درد زہ ماں کی باتیں ✪ عکس سلیمانی ✪ پانی سے علاج ایک قدرتی طریقہ ✪ سورۂ اخلاص کے جن "سلیش" کو بلانے کا عمل: عمل حاضری ✪ مجرب عملیات۔ تعویذات۔ کشائش رزق کے والے ہر مہینے کی ساتویں تاریخ ✪ اچھے برے خواب ✪ گھریلو ٹوٹکوں سے زندگی کو آسان بنائیے ✪ نایاب عمل رزق ✪ عمل برائے حل مشکلات ✪ عمل برائے رزق ✪ عمل برائے حاجت ✪ حاجت برآنے کیلئے ✪ نقش برائے فراخی رزق ✪ نقش برائے رزق و حاجت ✪ علاج بذریعہ غذا: حیوانی غذائیں ✪ قرآن کریم سے فال دیکھنے کا طریقہ

مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877
darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org

حفاظت کے قرآنی اعمال

انتخاب: محمد علیم (رکن مجلس شوریٰ، دارالعمل چشتیہ)

حفاظت حمل

جو عورت بچہ اسقاط کر دیتی ہو تو ایک دھاگہ گم کا رنگا، اس کے قد کے برابر لے اور اس پر نو گرہیں لگا دے۔ اور ہر گرہ پر یہ پڑھے:

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللَّهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ ۝ إِنَّ اللَّهَ مَعَ الَّذِينَ اتَّقَوا وَّالَّذِينَ هُم مُّحْسِنُونَ ۝ (النحل ۱۲۷-۱۲۸)

اور سورۂ کافرون پڑھ کر پھونکے۔

رات کو گھر کی حفاظت کے لئے

اگر کسی کی یہ خواہش ہو کہ رات کو اس کا گھر ہر طرح کے اثرات اور چوری چکاری سے محفوظ رہے تو اس کو چاہیے کہ رات کو سونے سے پہلے کھلے آسمان کے نیچے کھڑے ہو کر ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ، سورۂ بقرہ کی ابتدائی آیات مفلحون تک، ایک بار آیۃ الکرسی، ایک بار سورۂ بقرہ کا آخری رکوع امن الرسول سے شروع کر کے ختم سورۃ تک پڑھ کر تین بار وشک دے۔ ان شاء اللہ، جہاں تک تالیوں کی آواز جائے گی وہاں تک سبھی گھروں کی حفاظت رہے گی۔

عامل کی حفاظت کے لیے حصار

عامل کو چاہیے کہ عمل کرنے سے پہلے وضو کر کے تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھے اور اپنے تمام جسم پر دم کرے۔ پھر چاقو لے کر ایک خط اپنے سامنے کھینچے۔ داہنی جانب سے شروع کرے اور شروع کرتے وقت ایک سانس میں سورۂ قدر پڑھے۔ پھر اپنے داہنی طرف خط کھینچے اور سورۂ کافرون پڑھے۔ پھر بائیں جانب خط کھینچے اور سورۂ فلق ایک سانس میں پڑھے۔ پھر اپنے پیچھے ایک خط کھینچے اور سورۂ ناس ایک سانس میں پڑھے۔

ہر طرح کی آفتوں سے مکان کی حفاظت کے لیے

بعض صالحین سے سنا گیا ہے کہ اگر سوتے وقت آیۃ الکرسی پڑھ کر جس سمت کی طرف دم کرے گا، جتنی دور کی نیت کرے گا، ان شاء اللہ، وہاں تک ہر آفت سے حفاظت رہے گی۔

حمل کی حفاظت کے لیے

سورۂ شمس..... اجوائن اور کالی مرچ پر اکتالیس بار پڑھے اور ہر بار سورۂ شمس کے ساتھ درود شریف اور بسم اللہ پڑھے۔ اور دودھ چھوٹنے تک تھوڑی تھوڑی روزانہ حاملہ کو کھلائے۔

سفر میں حفاظت کے لیے

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ إِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَن تَنفُذُوا مِنْ أَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ فَانفُذُوا ۚ لَا تَنفُذُونَ إِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝ (الرحمٰن ۳۳)

سات مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر میں ایک مرتبہ درود شریف پڑھے اور اپنے سینے پر دم کرے۔ ان شاء اللہ، دوران سفر ہر قسم کے حادثات اور آفات سے حفاظت رہے گی اور ساتھ خیر و عافیت واپسی ہوگی۔

آسیب سے حفاظت کے لیے

اگر کسی ایسی جگہ جانا ہو جہاں آسیب کا خوف ہو تو ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھیں۔ اول و آخر ایک ایک مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اپنے اوپر دم کر لیں۔ ان شاء اللہ، آسیب سے پوری طرح محفوظ رہیں گے۔ اس عمل کا دھیان ان عاملوں کو بھی رکھنا چاہیے جو کسی کا مکان یا دکان چیک کرنے جا رہے ہوں۔

جنات و شیاطین کے شر سے حفاظت

(اس عمل کو بغیر اجازت اور کسی بڑے عامل کی نگرانی کے بغیر کرنے کی غلطی نہ کریں۔ عمل ہمزاد کی تمام شرائط پر عمل کر سکتے ہوں تو قدم بڑھائیں، ورنہ اپنی زندگی کو مصیبتوں اور مشکلات میں نہ ڈالیں۔ خ)

اصلاحِ اخلاق

اگر کسی شخص کی بی بی بدزبان ہو اور بوجہ بدخلقی، مرد کے قابو سے نکل جاتی ہو یا اس طرح کسی عورت کو مرد سے شکایت ہو تو وہ یوں کرے:

اپنے نام کے اعداد بحساب ابجد نکال کر اتنی مرتبہ

وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ۝ (الذّٰریٰت ۴۸)

پاک و صاف زمین پر بیٹھ کر پڑھا کرے۔ اور بعد ختم اس کی طرف تصور سے پھونک مار دیا کرے۔ اوّل و آخر درود شریف تین تین مرتبہ بھی پڑھے اور باوضو ہو۔ ان شاء اللہ، گیارہ دن میں فرمانبرداری پر مطلوب آ جائے گا۔

فضیلۃ الشیخ عبدالباسط شاذلی نقشبندی حفظہ اللہ

(خلیفہ پیر سید نور زمان نقشبندی شاذلی حفظہ اللہ)

شرارتی بچہ/ راہ راست پر لانے کا عمل

جو بچہ شرارتی ہو یا کسی برائی میں مبتلا ہو، اس کی پیشانی کے بال پکڑ کے سات (۷) مرتبہ سورۃ مومنوں کی آخری چار آیات

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ (المومنون ۱۱۵ تا ۱۱۸)

پڑھ کر دم کریں۔ صبح و شام اکیس (۲۱) دن تک۔ اس دوران بچہ صحیح ہو جائے۔ پھر بھی اکیس (۲۱) دن پورے کریں۔

دردِ سر/ دردِ شقیقہ

مریض کا سر پکڑ کر سورۃ الفیل سات سات کے تین دم کریں۔ ہر قسم کا درد کافور ہو جائے۔

دشمن سے بچنا/ پولیس ناکہ سے گزرنا

اگر دشمن کا خوف ہو یا بلاوجہ کا پولیس کا خطرہ ہو، جیسا کہ ناکہ لگا کر عوام سے رشوت کے پیسے بٹور رہے ہوتے ہیں تو ایسے موقع پر سورۃ یٰسین شریف کی آیت مبارکہ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝ (یٰسین ۹) گیارہ (۱۱) مرتبہ

پڑھ کران پر پھونک ماردیں۔ ان شاءاللہ ان کے شر سے محفوظ رہیں گے۔

مدفون/غائب جادو حاضر کرنا

نوچندی جمعرات کو کھیر بنا کر بانٹیں۔ پھر سفید لباس پہن کر علیحدہ کمرے میں سورۃ التکویر چالیس (۴۰) مرتبہ پڑھیں۔ عشاء کے بعد پانی پر دم کریں۔ دعا کریں اور سو جائیں۔ وہ پانی صبح پورے گھر میں چھڑک دیں، پاک کونوں میں۔ تعویذ وغیرہ باہر آجائیں گے۔ نیز جادوگر خواب میں نظر آئے گا۔ عمل کرتے رہیں۔ اکتالیس (۴۱) دن میں سب سامنے آجائے گا، ان شاءاللہ۔

علامہ محمد جاوید

نشہ جات سے چھٹکارا

جو کوئی ہیروئن، افیون، شراب، بیڑی، سگریٹ یا نشے والے پان وغیرہ کا عادی ہو اور باوصف کوشش کے ان نشوں سے چھٹکارا نہ پا سکتا ہو تو اس کے چھٹکارا کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعد از نماز مغرب درود پاک ذیل اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ اور آیت ذیل ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگیں۔ مریض کے اوپر دم بھی کریں اور اس کو اس کا پانی بنا کر پلایا کریں۔

ان شاءاللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکتالیس (۴۱) یوم کے عمل سلسل سے نشہ کی عادت ہمیشہ کے لئے چھوٹ جائے گی اور نشئی آئندہ نشے کے قریب بھی کبھی نہیں پھٹکے گا۔

درود شریف:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الصَّالِحِیْنَ وَ سَیِّدِ الْمُوْقِنِیْنَ وَ سَیِّدِ الزَّاھِدِیْنَ.

آیت مبارک:

سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِیْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِیْلًا ﴿۲۳﴾ وَهُوَ الَّذِیْ كَفَّ اَیْدِیَهُمْ عَنْكُمْ وَاَیْدِیَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَیْهِمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرًا ﴿۲۴﴾ (الفتح ۲۳-۲۴)

پروفیسر رانا عناء اللہ خان

سینہ کے درد کا علاج

سورۃ الم نشرح سینہ کے درد کے لئے مفید ثابت ہوتی ہے۔ تئیس (۲۳) بار پانی پر دم کر کے پڑھی جائے تو ان شاءاللہ شفاء ہوگی۔

یرقان کا علاج

یرقان کیلئے سورۃ بینہ کی تلاوت اکسیر نسخہ ہے۔ تین (۳) دفعہ بعد از عشاء پڑھے اور پانی پر دم کر کے مسلسل تین دن پینے سے اللہ تعالیٰ لازمی شفاء عطا فرمائے گا۔

سحر (جادو) کا علاج

اگر کسی شخص پر سحر کا اثر ہو تو سورۃ ناس کو دو سو ایک (۲۰۱) دفعہ پڑھے اور دم کرے۔ اللہ تعالیٰ اس سورۃ کی برکت سے ہر قسم کے برے اثرات ختم فرما دے گا۔

محمد اسلم نقشبندی

برائے ہزیمت دشمن

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ﴿۱۸﴾ (البقرۃ ۱۸)

دشمن کی ہزیمت و شکست کے لیے دن کے بارہ بجے اس عمل کو ایک سو دس (۱۱۰) بار پڑھے اور ہر دہائی پر دشمن کا تصور کر کے تین تین ضربیں

مارتا جائے اور ہر دہائی پر ضربیں جانماز پر مارنی چاہئیں۔ لیکن آخری دہائی پر روئے دشمن کا تصور کر کے زمین پر ضربیں مارے اور ہاتھ کو زمین پر بار بار ملے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار یہ درود شریف پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَاھِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَآءِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ.

حاسد یا دشمن کے شر سے محفوظ

فجر کی ادا نماز کے بعد یا رات کو سونے سے پہلے اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ (الصف ۱۳)

سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھ کر سینہ پر پھونک ماریں۔ ان شاء اللہ حاسد اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رہیں گے۔

یہ عمل ضرورت کے بغیر پڑھنے کی اجازت نہیں ہے۔ صرف ایسی صورت میں ہماری طرف سے اجازت ہے جب اس بات کی تصدیق ہو جائے کہ کوئی شخص دشمنی کر رہا ہے۔

جس کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ حسب ضرورت کالی مرچ اور اجوائن صاف لیں اور سوموار کے روز ظہر کی نماز کے بعد باوضو چالیس (۴۰) بار سورہ والشمس (پ ۳۰) پڑھیں اور ہر بار اول و آخر درود شریف پر ختم کریں۔ ہر روز حاملہ پانچ عدد کالی مرچ اور تھوڑی سی اجوائن اور کالا نمک میں ملا کر کھائے۔

حمل استقاط نہ ہو

جامن رنگ کا دھاگہ حاملہ کے قد کے برابر لے کر اس پر نو گرہ اس طرح لگائیں کہ ہر گرہ پر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰہِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَیْھِمْ وَلَا تَكُ فِیْ ضَیْقٍ مِّمَّا یَمْكُرُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ ھُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝ (النحل ۱۲۷-۱۲۸) اور سورۂ کافرون پڑھ کر دم کریں اور گرہ لگائیں۔ گرہیں اندازہ کے مطابق لگائیں۔ اسی طرح نو (۹) گرہ نو (۹) بار پڑھ کر لگائیں۔ پھر یہ دھاگہ حاملہ کے گلے میں مالا کی طرح ڈال دیں۔ ان شاء اللہ اسقاط نہ ہوگا۔

پیر محمد شہزاد جیلانی القادری (اوکاڑہ کینٹ)

رسولی، کینسر، جملہ امراض جسمانی و امراض خبیثہ کا کامیاب علاج

1. میرے پاس ایک نوجوان آیا جسے سینے کا کینسر تھا۔ اس کو سورۃ العصر کی پہلی دو آیات وَالْعَصْرِ ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۝ (العصر ۱-۲) زوال ماہ میں منگل کو پہلی ساعت میں اکتالیس (۴۱) بار پڑھ کر سینے پر دم کرنے کو کہا، الحمد للہ شفاء یاب ہو گیا۔
2. ایک زمیندار عورت جو میری بہت عقیدت مند ہے، اس کی بھینس کو کافی بڑی رسولی تھی۔ اس نے بھی مذکورہ طریق پر عمل کیا۔ چالیس (۴۰) یوم میں رسولی خشک ہو کر چنے کے برابر رہ گئی تھی۔ ہم نے اسے اور بھی امراض پر استعمال کیا، خاطر خواہ کامیابی ہوئی۔

طریق زکات

سات ہزار (۷۰۰۰) بار اکیس (۲۱) یوم تک پڑھیں، اول و آخر سات سات بار درود شریف، بسم اللہ ہر گز نہ پڑھیں۔ مداومت ایک سو بار روزانہ۔ نقش اور دم میں تاثیر جاری ہوگی۔

قاری محمد حسن رضوی (لاہور)

لاعلاج بیمار ماں

جو بیماری سمجھ نہ آتی ہو، نیز ڈاکٹر حضرات تنگ آ چکے ہوں، اس کے لیے سورۃ الکافرون کو ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھ کر کڑوے تیل پر دم کریں

جائز کاموں میں بندش لگوانے کی تفصیل goo.gl/LXfXiY

Khazina-e-Ruhaniyat magazine@darulamal.org darulamal.org/magazine/khazina-e-ruhaniyat

اور مریض کے جسم پر مالش کریں۔ ایک ایک قطرہ کان میں بھی ڈالیں۔ تیل کو گرم کر کے مالش کرنا ہے۔ گیارہ (۱۱) دن رات کو ایک ہی کپڑا پہن کے سونا ہے۔ گیارہ (۱۱) دن بعد کپڑے کو آگ لگا دیں۔ ان شاء اللہ بیماری جڑ سے نکل جائے گی۔

عالیا صحق (لاہور)

دفع درد

جس مقام پر درد ہو رہا ہو، اس جگہ کو شہادت کی انگلی اور انگوٹھے کی مدد سے پکڑ لیں۔ پھر تین مرتبہ الحمد شریف اور تین مرتبہ سورۂ فیل پڑھ کر دردوالی جگہ پر مسلسل دم کرتے رہیں۔ معمولی درد تو فوراً ٹھیک ہو جائے گا۔ مزمن مرض کے لیے سات سے اکیس دن تک کریں۔

زمین اور مکان کا قبضہ

زمین مکان کی قبضہ کی حفاظت، اگر یہ خیال ہو کہ کوئی آپ کی زمین، مکان یا جائیداد وغیرہ پر ناحق قابض ہو جائے گا تو درج ذیل عمل کریں۔ اللہ کی مرضی شامل رہی تو حفاظت رہے گی۔

جس جگہ کی حفاظت مطلوب ہو، اسی جگہ سے اتنے پتھر اکٹھے کرو جتنے زمین یا مکان کے کونے بنتے ہوں۔ پھر ان پتھروں پر درج ذیل تلاوت کر کے ان کو زمین کے تمام کونوں میں دفن کر دو۔ یعنی ہر کونے میں ایک پتھر دفن کر دو۔ ان شاء اللہ، کوئی فرد ناجائز قبضہ نہ کر سکے گا۔ جو عمل پڑھا جائے گا، وہ یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم ..... تین (۳) بار

سورۂ فاتحہ ..... تین (۳) بار

سورۂ ناس ..... تین (۳) بار

آیت الکرسی ..... تین (۳) بار

یٰسین ..... تین (۳) بار

سورۂ کوثر ..... تین (۳) بار

خیال رہے یہ پتھر کونے میں دفن کرے۔ پتھر سخت قسم کے ہوں، مٹی کے نہ ہوں۔ اور ان کو کچھ مٹی کھود کر پھر دفن کریں۔

ملازم حسین (اسلام آباد)

برائے دفع سحر و آسیب

بروز جمعہ سورہ یٰسین شریف کو سات بار پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر چینی اور الائچی پر دم کر کے مریض کو دیں کہ وہ چینی چائے میں ملا کر پیے۔ جب طبیعت خراب ہو تو الائچی منہ میں رکھ لیا کرے۔ اسی طرح لگاتار اس عمل کو تین جمعہ تک کریں۔ یہ عمل حضرت خواجہ غریب نواز قطب جیلانی سے منسوب ہے۔ (یعنی تین ہفتہ تک مریض یہی چینی استعمال کرے گا۔ اگر چائے کے علاوہ بھی کوئی میٹھی چیز کھانی ہو تو اسی چینی کی بنائیں یا چینی میں تھوڑی سی دم کی ہوئی چینی ملا کر دیں۔ خ)

رشتوں کی بندش

وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ۝ (الشعرآء ۱۳۰)

اچھی قسم کی اگربتی کا پیکٹ لیں۔ ہر ایک اگربتی پر علیحدہ علیحدہ درج بالا آیت مبارکہ سات (۷) بار پڑھ کر دم کریں۔ اسی طرح تین مرتبہ کریں۔ یعنی کل اکیس بار۔ ہر روز ایک اگربتی اس وقت جلائیں، جب غروب آفتاب میں تقریباً پندرہ منٹ رہ جائیں۔ اسی طرح سات دم تک بلاناغہ یہی عمل کریں۔ ان شاء اللہ سات روز کے اندر ہی بندش ٹوٹ جائے گی۔

سید وصل حسین شاہ (لاہور)

دردِ زہ (بچہ کی آسانی ولادت کیلئے)

تین ڈلی گڑ کی لے کر باوضو تین تین مرتبہ یہ آیۃ شریفہ دم کر کے کھلا دی

کیا آپ چاہتے ہیں کہ مصیبتیں آپ سے دور رہیں؟ goo.gl/itzSJ7

جائے۔ ان شاء اللہ، بچہ جلد اور بآسانی پیدا ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۝ يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ۝ (الطارق ۲۲۵)

استحاضہ اور کثرتِ حیض

سورۂ دھر (پ ۲۹) سالم سورت کو سات (۷) یوم تک روزانہ پانی پر دم کر کے پلائے۔

مولانا گلفام علی حسینی شاہ (لاہور)

ملیریا یا بخار کا علاج

اگر کوئی ملیریا کے بخار میں مبتلا ہو اور کسی طرح بھی آرام نہ آتا ہو تو ایسی حالت میں آیت کریمہ کا ورد سات (۷) مرتبہ بعد از نماز فجر، پانی پر دم کر کے پلائیں۔ یہ عمل مسلسل سات روز کریں۔ ان شاء اللہ، اس عمل سے ملیریا بخار جاتا رہے گا اور شفائے کامل نصیب ہوگی۔ آیت کریمہ کا نقش بھی لکھ کر گلے میں لٹکائیں۔

یاد ظہراب

نشے کا قرآنی علاج

نشہ کرنے والا جب سو جائے تو اس کے قریب کھڑے ہو کر یہ آیت اکتالیس (۴۱) بار پڑھیں اور اکتالیس (۴۱) بار دم کر کے اکتالیس (۴۱) دن پلائیں۔ ان شاء اللہ، ہدایت ملے گی۔ آیت مبارکہ یہ ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ (المائدہ ۹۰)

عمل سورۂ فلق ..... حاسد کے حسد سے بچنے کے لیے

سورۂ فلق تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں اور دکان میں چھڑکیں۔ اگر اس قدر نہ ہو سکے تو دو سو چالیس (۲۴۰) مرتبہ پڑھیں۔ یہ بھی نہ ہو سکے تو ایک سو بیس (۱۲۰) مرتبہ پڑھیں۔ متعدد لوگ مل کر پڑھ سکتے ہیں۔ تین قسطوں میں بھی پڑھ سکتے ہیں۔

مولانا محمد یعقوب خان

جادو کا قرآنی علاج

قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ (یونس ۸۱)

اس آیت مبارکہ کو اتوار یا پیر کی رات چودہ سو (۱۴۰۰) مرتبہ پڑھیں اور جادو زدہ کو دم کریں یا پانی پر دم کر کے پلائیں تو ہر قسم کے جادو کا اثر ختم ہو جائے گا۔

جنات کو بھگانے اور گمراہ کو راہ راست پر لانے کیلئے

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ (المؤمنون ۱۱۵ تا ۱۱۸)

جس شخص پر جنات کا اثر ہو تو ان آیات مبارکہ کو تین سو تینتیس (۳۳۳) مرتبہ پڑھ کر اس کے دونوں کانوں میں پھونکا جائے تو جنات کا اثر ختم ہو جائے گا۔

اگر ان آیات کو اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کیا جائے اور وہ پانی کسی گمراہ کو پلایا جائے تو جلد از جلد راہ راست پر آئے گا۔

قرآنی عملیات

احمد مصطفےٰ صدیقی

چوری کی پہچان کے لئے

دو شخص ایک دوسرے کے سامنے بیٹھیں اور ایک مٹی کا لوٹا اپنے درمیان کلمہ کی دو انگلیوں سے اٹھائے رہیں اور جس پر چوری کا شک ہو ایک شخص اس کا نام لوٹے میں لکھے اور سورۂ یٰسین کو من المکرمین تک پڑھے۔ اگر وہی شخص چور ہوگا تو لوٹا گھوم جائے گا۔ ورنہ اس کا نام مٹا کر دوسرے مشتبہ کا نام لکھے اور وہیں تک پڑھے۔ اسی طرح ہر متہم کا نام لکھتا اور پڑھتا رہے جب تک لوٹا گھوم نہ جائے۔ (یہ عمل صرف اتباع قرآنی کا ایک طریقہ ہے۔ ورنہ غیب کا حال تو خدا ہی جانتا ہے)

جاذب کے لئے

❶ ..... جس کا شوہر ناراض ہو اس آیت کو شیرینی پر پڑھ کر کھلائے۔ ان شاء اللہ مہربان ہو جائے گا۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ۝ (البقرہ ۱۶۵)

❷ ..... اس آیت کو شیرینی پر دم کر کے کھلائے تو موجب محبت ہو۔

يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ ۙ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ (المائدہ ۵۴)

❸ ..... يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ۚ وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ ۚ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ۝ وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِيْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ۚ اِنَّا لَنَرٰىهَا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ (یوسف ۲۹، ۳۰)

آیات حب میں سے ہے (بطریق صدر عمل کرے)۔

❹ ..... اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ۝ (مریم ۹۶)

آیات حب میں سے ہے۔ حسب ہدایات صدر عمل کرے۔

نوٹ درج بالا چاروں اعمال میں مطلوب کا نام مع والدہ اور طالب کا نام مع والدہ کے اعداد کے برابر پڑھا جائے۔ چاروں ناموں کے جتنے حروف ہوں، اتنے دن روزانہ پڑھا جائے۔ اوّل و آخر درود شریف لازمی پڑھا جائے۔ پڑھتے وقت منہ میں کچھ میٹھا رکھے اور خوشبو جلائیں۔ ع

باندی یا غلام کی تسخیر کے لئے

جس کی لونڈی یا غلام سرکش ہو، اس کی پیشانی کے بال پکڑ کر تین (۳) مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کرے، ان شاء اللہ تابعدار اور مسخر ہو جائے گا۔

اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ ؕ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ (ھود ۵۶)

تسخیر کے لئے

بادشاہ سے فقیر تک کو مسخر کرنے کے لئے مجرب ہے۔ چاہئے کہ مرد کی تسخیر کے لئے ایک نر بکرے کا دل اور عورت کی تسخیر کے لئے مادہ بکری کا ثابت دل، جو کہیں سے کٹا ہوا یا چاک شدہ نہ ہو، مہیا کرے اور اس دل میں یکشنبہ یا سہ شنبہ کے روز مطلوب کا نام لکھ کر رکھ دے۔ پھر اس کو ایسی جگہ دفن کرے جہاں عورت کا گزر نہ ہو، حتیٰ کہ عورت کا سایہ تک نہ پڑتا ہو۔ اور اس جگہ چالیس (۴۰) یوم تک اس قدر آگ روشن رکھے، جو کسی وقت بجھی نہ رہے اور عامل ہر روز صبح الصباح بعد نماز فجر، قبلہ رُو بیٹھ کر، اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ ایک بار سورۂ یٰسین پڑھے اور ہر تین پر سوائے عدو مبین اور خصیم مبین کے، اپنا مطلب ضرور کہے۔ ان شاء اللہ ایک چلہ کے اندر مطلوب حاضر ہو جائے گا۔ خواہ وہ پانچ سو کوس کے فاصلہ پر کیوں نہ ہو اور بادشاہ رحیم ہو جائے گا۔ خواہ وہ کتنا ہی جابر و قاہر کیوں نہ ہو۔

روحانی درسگاہ کا داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ کریں goo.gl/a5cjvz

مجرب قرآنی عملیات

قاری ذیشان نظامی (جہلم)

میاں بیوی میں اختلاف ہو تو

اگر میاں بیوی میں اختلاف ہے، آپس میں پیار و محبت نہیں ہے تو اس آیت کو ننانوے (۹۹) مرتبہ کسی مٹھاس پر تین (۳) دن پڑھ کر دم کریں اور دونوں کھائیں۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖۤ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْۤا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ (الروم ۲۱)

کند ذہن بچے کا نالائق ہو جائے

اگر کند ذہن بچے یا طالب علم کو ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ پانی پر دم کر کے روزانہ پلائیں تو ان شاء اللہ العزیز، اس کی برکت سے عالم فاضل ہو جائے گا۔

وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ۝ (النساء ۱۱۳)

بھٹکے ہوئے کو راستے پر لانے کا عمل

اگر کوئی شخص سیدھی راہ سے بھٹک جائے، اسے اچھائی برائی کی کوئی تمیز نہ رہے تو اس کو تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پانی پر دم کر کے اس وقت تک پلائیں، جب تک اس کی حالت سدھر نہ جائے۔

وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ (الصّٰفّٰت ۱۱۸)

معذور کیلئے عمل

اگر کوئی ہاتھ، کان، آنکھ یا ٹانگ سے معذور ہو تو اس آیت کو کثرت سے پڑھ کر مریض پر دم کر کے پلائیں۔

اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَاۤ اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ بِهَاۤ اَمْ لَهُمْ اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَاۤ اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ؕ (الاعراف ۱۹۵)

بیماری اور ظالم سے بچاؤ کیلئے

اگر کسی شخص کو کوئی بیماری ہو اور ڈاکٹری سمجھ سے باہر ہو یا کوئی دوا اثر نہ کرتی ہو یا کوئی شخص مظلوم ہو اور ظالم کا ظلم انتہا تک پہنچ چکا ہو تو روزانہ تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے پھونکیں اور مریض کو پانی پر دم کر کے پلائیں۔ یہ عمل اکیس (۲۱) روز تک کریں۔

فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝ (القمر ۱۰)

یرقان سے بچاؤ کیلئے

اگر کسی شخص کو یرقان ہو گیا ہو تو وہ پہلے سورۃ الفاتحہ ایک مرتبہ، پھر سورۃ الحشر سات (۷) مرتبہ اور پھر ایک مرتبہ سورۃ القریش پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس وقت تک پلائیں، جب تک فائدہ نہ ہو۔

دفع نظر بد

دفع نظر بد کے لئے سورۃ الفاتحہ یا بسم اللہ دس مرتبہ پڑھ کر دم کرنا بے حد مجرب ہے۔

واپسی مفرور

واپسی مفرور کیلئے سورۃ یٰسین کو من المکرمین تک باوضو سات (۷) بار پڑھ کر قفل پر دم کر دیں۔ پھر مفرور کا نام لے کر بند کر کے دریا میں ڈال دیں۔ مفرور سرگرداں ہو کر واپس آئے گا۔

دیوانگی

دیوانگی کو رفع کرنے کیلئے متواتر تین دن صبح و شام سورۃ الفاتحہ یعنی الحمد شریف کثرت سے پڑھ کر دیوانے پر دم کرے۔ ان شاء اللہ دیوانگی رفع ہو جائے گی۔

روحانی درسگاہ میں سکھائے جانے والے کورسز goo.gl/3Z7fyS

مفید قرآنی عملیات

حضرت مولانا محمد سلام نقشبندی مجددی

ہر مرض اور ہر درد کی دوا

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۭ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ (بنی اسرائیل ۱۰۵)

مقام مرض پر یا مقام درد پر ہاتھ رکھ کر اس آیت کو تین (۳) بار پڑھ کر دم کر دے۔ دن میں دو (۲) بار دم کر دیا جائے۔ اللہ تعالیٰ مرض کو جلد از جلد شفا عطا فرمائے گا۔ صرف ایک آیت اول کی پڑھیں گے غضب کی تسخیر ہوگی۔

جنات کا اُتار دینا اور مکان کی حفاظت

سورۂ جن پوری ایک بار پڑھ کر جس پر آسیب کا خلل ہو، دم کر دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اُتر جائے گا۔

پھر سورۂ یٰسین شریف ایک ایک بار پڑھ کر چاروں طرف کونوں کے پھونک دیں، ہمیشہ کے واسطے مکان محفوظ ہو جائے گا۔

کسی کی جانب سے برائی نہ دیکھنا

ہر نماز کے بعد جبکہ فرض ختم ہوں اور دعا مانگنے سے پہلے اپنے سجدہ کے سامنے دائیں ہاتھ کی پانچوں انگلیوں کو زمین پر رگڑیے اور پھر ایک بار آیت الکرسی پڑھ کر پھونک کر تالی بجا دے۔

نظر بد سے حفاظت

اگر بچہ کو نظر لگ جائے، سورۂ مزمل شریف پوری پڑھ کر تین (۳) بار دم کریں۔ ان شاء اللہ نظر زائل ہوگی۔

چیچک سے بچہ کی حفاظت

چیت کے مہینہ میں اکثر بچوں کے چیچک نکلتی ہے۔ عمل یہ ہے کہ ایک نیلا دھاگہ لیا جائے اور سورۂ رحمٰن پڑھنا شروع کریں۔ جب فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ آئے تو دھاگے میں گرہ لگا دیں۔ اسی طرح جتنی بار فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ آئے، برابر گرہ لگاتے جائیں۔ بعد ختم گلے میں ڈالیں۔ چیچک سے بچہ محفوظ رہے گا۔

دافع آسیب جن پری و نظر بد وغیرہ

جس مرد یا عورت کو یہ شکایت ہو، سورۂ جن سات بار پڑھ کر دم کریں، غائب ہو جائے گا۔

لاعلاج مرض کا علاج

سورۂ فاتحہ، کسی قسم کا لاعلاج مرض ہو، روزانہ سات مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے شفاء عاجل ہوگی۔

آسیب زدہ کا علاج

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ (المؤمنون ۱۱۵ تا ۱۱۸)

خلوص نیت اور یقین و صدق دل کے ساتھ اگر آسیب زدہ پر پھونک دیں، آسیب دفع ہو۔

محبوب خلائق، فریفتۂ محبت ..... سرمہ تسخیر

سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝ (یٰسین ۵۸)

اعداد اس کے آٹھ سو اٹھارہ (۸۱۸) ہیں۔ روزانہ اول بہ نیت زکوٰۃ اکیس (۲۱) یوم پڑھے۔ پھر ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھ کر سرمہ پر دم کر کے رکھ لے۔ روزانہ لگایا کرے۔ منظور نظر رہے گا اور اگر ایک ہزار بار روزانہ یعنی طالب و مطلوب کے نام معہ والدہ وغیرہ کے اسم کے ہر بار پڑھتا جائے اور لوبان برابر ساگاتا رہے، اکیس دن میں ان شاء اللہ مطلوب حاضر ہو کر حسب دلخواہ حکم بجا لائے گا۔

مفتیان اور علماء کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/QnhCbH

دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ کیا آپ چاہتے ہیں کہ مصائب، بلیات، آفات اور پریشانیوں سے محفوظ رہیں

پریشانیوں سے محفوظ رہنے کے لئے رسول اکرم ﷺ کا ارشاد ہے: "ترجمہ: "مصیبت آنے سے پہلے صدقہ دے دو کیونکہ (صدقہ دیوار کی طرح آڑے آجاتا ہے اور) مصیبت اس کو پھاند کر نہیں آسکتی"۔ (مشکوٰۃ ص 167)

دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ کے اہداف

مختلف دینی مدارس میں مقیم غریب طلبہ کی کفالت یا ان کے اخراجات میں تعاون ❁ ختم نبوت کے مختلف پروجیکٹس میں مالی امداد بھیجنے اور شفاعت نبی کریم ﷺ کے حق دار بننے ❁ نابینا افراد کی مالی امداد کر کے ان کے مستقبل کو سنوارنے اور ان کی تعلیمی سرگرمیوں میں معاونت بھیجنے ❁ بیواؤں، یتیموں کی پرورش کے لیے ماہانہ امداد کرنا ❁ جنگ، زلزلہ، سیلاب یا آسمانی آفات کی صورت میں متاثرین کی امداد کرنا۔

دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ درج ذیل شعبہ جات میں مستحق مسلمان، بہنوں اور بھائیوں کی مدد کیلئے آپ کے تعاون کا طلبگار ہے

❁ ایسے طلباء و طالبات جو تعلیم جاری رکھنا چاہتے ہیں لیکن وسائل نہ ہونے کی بناء پر مشکلات کا شکار ہیں ان کو فیس، درسی کتب وغیرہ فراہم کرنا۔

❁ ایسے خواتین و حضرات جو بیمار ہیں اور مالی مشکلات کی وجہ سے اپنا علاج معالجہ نہیں کروا سکتے۔ ان کو علاج معالجہ کیلئے وسائل مہیا کرنا۔

❁ ہمارے بہت سے ایسے بہن بھائی ہیں، جو پہننے کے لئے کپڑے نہیں بنا سکتے۔ ایسے بہن بھائیوں کو نیا یا استعمال شدہ لباس فراہم کرنا۔

❁ اس مہنگائی کے دور میں جن غریب گھرانوں میں اشیائے خورد و نوش کی قلت ہے، ان گھرانوں میں غذائی اجناس فراہم کرنا۔

❁ زلزلہ زدگان کی امداد ❁ متاثرین سیلاب کے ساتھ تعاون ☆ مساجد کی تعمیر میں حصہ ☆ مدارس کے اخراجات میں تعاون

حج فنڈ: ایسے مخیر حضرات جن کے والدین حج نہ کر سکے ہوں وہ حج بدل کروانے کیلئے رابطہ فرمائیں۔ ادارے میں ایسے بہت سے افراد ہیں جو حج کرنے کی تمنا رکھتے ہیں۔ آپ علماء و قراء کرام سے بھی حج بدل کروا سکتے ہیں۔

عمرہ فنڈ: جو حضرات عمرہ پر جانے کے خواہش مند ہیں ان کے سفری اخراجات کا بندوبست کرنا۔

جہیز فنڈ: یتیم بچے بچیوں کی شادی کیلئے جہیز اور ضروری استعمال کا سامان مہیا کرنا۔

جنگ زدہ علاقوں میں امدادی کاروائیاں: بے سہارا شامی مہاجرین کی دادرسی کریں اور اپنی مالی حیثیت کے مطابق مالی تعاون پیش کیجئے۔

سحر و افطار فنڈ: رمضان المبارک کی مبارک ساعتوں میں غریب، کمزور، مفلوک الحال لوگوں کی سحری و افطاری کا خصوصی انتظام کیا جاتا ہے۔

مخیر صاحبان ثروت سے مخلصانہ اپیل: وہ لوگ جن کے دل میں انسانیت کا درد ہے، جو انسانیت کی فلاح و بہبود کے لیے کچھ کرنا چاہتے ہیں، جن کو دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ کے اغراض و مقاصد کے ساتھ اتفاق ہے، وہ آگے بڑھیں اور ان تمام خیر کے کاموں میں ہمارا ساتھ دیجئے۔

ان تمام صدقات جاریہ میں شرکت کے لئے زکوٰۃ، صدقات، فطرہ، عطیات دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ کو عنایت فرمائیے۔

مہربانی فرما کر عطیہ دیتے وقت یہ تحریر فرمائیں کہ آپ کس مد (یعنی زکوٰۃ، صدقہ، خیرات یا کوئی اور) میں عطیہ دے رہے ہیں۔ طلب کرنے پر مستحق افراد کا نام و پتہ دیا جاتا ہے۔ نقد عطیات (صدقات، زکوٰۃ، خیرات، فطرانہ، فدیہ، کفارہ، قربانی کی رقم وغیرہ) بذریعہ منی آرڈر یا خود دفتر آ کر جمع کروا سکتے ہیں۔

مزید تفصیلات کے لئے صفحہ نمبر 2 ملاحظہ فرمائیں: **042-35410586, 0312-7772772**

بہت سی دعاؤں کے ساتھ منتظر علی مقبول حفظہ اللہ

خزینہ روحانیات کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/FECLQz

Khazina-e-Ruhaniyat.com
Darulamalchishtia.com
Mega Online Forums

روحانی درسگاہ سے بغیر فیس عملیات سیکھیں

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ 1997ء سے روحانی علوم سکھانے میں مصروف ہے۔ فیس اور بغیر فیس کے کئی اعمال سکھائے جا رہے ہیں۔ درسگاہ میں پانچ قسم کے افراد کو بغیر فیس اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ بغیر فیس اعمال کے لیے رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے بھیجنا ضروری ہے۔ مزید شرائط اور نئے اضافہ شدہ اعمال کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔ نئے اعمال کا اضافہ وقتاً فوقتاً ہوتا رہتا ہے۔ تمام اعمال میں بنیادی درجہ کا عامل بنایا جاتا ہے۔

(۱).....عوام کے لیے

درج ذیل اعمال ہر کوئی سیکھ سکتا ہے:

۱ آیت الکرسی (درجہ اول) ۲ بنیادی حصار ۳ معوذتین (درجہ اول) ۴ نظر بد ختم کرنے کا عمل (درجہ اول) ۵ سورۂ فاتحہ ۶ عمل حفاظت "یا حافظ یا حفیظ" ۷ "فراخی رزق" کا مجرب عمل ۸ درود ابراہیمی ۹ درود گنجینہ ۱۰ بسم اللہ الرحمن الرحیم کا بنیادی عمل ۱۱ سلام قولاً من رب رحیم کا بنیادی عمل ۱۲ لاعلاج امراض سے شفاء کا خاص قرآنی عمل

(۲).....ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران کے لیے

ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں۔ ممبر شپ ختم ہونے پر یہ اعمال نہیں سکھائے جائیں گے:

۱ آیت شفاء ۲ "حصار" کا خاص عمل ۳ دعائے حزب البحر ۴ دعائے حزب النصر ۵ لاحول ولاقوۃ الا باللہ کا عمل ۶ "منزل" (درجہ اول) ۷ سورۃ الناس کا عمل ۸ "تسخیر" کا خاص عمل ۹ درود خضری کا عمل ۱۰ سورۂ یٰسین کا عمل ۱۱ "سورۃ واقعہ" کا خاص عمل برائے فراخی رزق ۱۲ ہاتھ سے تشخیص والا عمل ۱۳ آیت کریمہ (درجہ اول) ۱۴ حسبنا اللہ ونعم الوکیل ۱۵ کینسر سے نجات کا خاص عمل

(۳).....علمائے کرام کے لیے

علمائے کرام درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں:

۱ "منزل" (درجہ اول و دوم) ۲ دعائے حزب البحر ۳ دعائے حزب النصر ۴ آیت الکرسی (درجہ دوم) ۵ معوذتین (درجہ دوم) ۶ قصیدہ طوطی ۷ قصیدہ حسنی ۸ اسم ذات کا عمل ۹ عمل تہدیدی نامہ مبارک ۱۰ "جادو اور جنات کے توڑ اور حفاظت" کا خاص عمل ۱۱ نظر بد ختم کرنے کا عمل (درجہ دوم)

(۴).....خواتین کے لیے

خواتین درج ذیل اعمال سیکھ سکتی ہیں۔ کسی پرہیز اور ڈر و خوف کے بغیر عمل کریں:

۱ آیت الکرسی ۲ بنیادی حصار ۳ معوذتین ۴ نظر بد ختم کرنے کا عمل ۵ سورۂ فاتحہ ۶ عمل حفاظت "یا حافظ یا حفیظ" ۷ عمل محبت "یا لطیف یا ودود" ۸ عمل زبان بندی

(۵).....روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے لیے

روحانی درسگاہ کے طالب علم سے مراد یہ ہے کہ جس شخص نے داخلہ لیا ہو اور کوئی کورس یا بڑا عمل سیکھ رہا ہو۔ صرف داخلہ فارم جمع کروانے والوں کو شامل نہیں کیا جائے گا۔ درج ذیل اعمال سیکھے جا سکتے ہیں:

۱ ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا عمل ۲ آیت کریمہ کا خاص عمل ۳ شیطان و آسیب کو کمزور کرنے کا خاص عمل ۴ شیطان و آسیب کو بھگانے کا خاص عمل ۵ سورۂ منزل کا خاص عمل ۶ محبت کی عظیم آیت کا عمل ۷ دشمن کیلئے عظیم دعا کا عمل

نوٹ جو بھی درج بالا اعمال میں سے کوئی عمل کرنا چاہے، پہلے یہ تسلی کر لیں کہ وہ اس زمرے میں آتے ہوں، ورنہ ہماری طرف سے معذرت ہے۔ ویب سائٹ پر تمام شرائط دی گئی ہیں، وہاں پڑھ لی جائیں۔

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ، لاہور پاکستان
ruhanidarsgah
خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570
فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0320-4661681 (صبح 10 سے شام 5 بجے، بجز اتوار و جمعہ)
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com ruhanidarsgah.wordpress.com
ruhanidarsgah.blogspot.com ruhanidarsgah +ruhanidarsgah97 darulamalchishtia

خواتین کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/9GxhYy

قرآنی اعمال

قیصر احمد بی۔اے۔ (کراچی)

تمام عمر اعضاء درست سلامت رہنے کا عمل

جو شخص یہ چاہے کہ مرتے دم تک اس کے تمام اعضاء درست رہیں اور وہ تندرست رہے تو روزانہ سات (۷) مرتبہ یہ دعا پڑھ کر اپنے اوپر پھونکیں۔ اس کے علاوہ بخار کی تیزی اور بخار کو ختم کرنے کیلئے پڑھ کر مریض پر دم کریں اور غصہ اور ضد کو ختم کرنے کیلئے بھی اس دعا کا استعمال بہت مفید ہے۔

دعا یہ ہے:

يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۝ (الانبیاء ۶۹)

پاگل پن سے نجات

اگر کوئی شخص پاگل، سودائی یا مجنوں ہو تو سورہ الحاقۃ پارہ نمبر 29 آیت نمبر 7 پڑھ کر دم کریں یا دم کر کے پانی پلائیں اور آیت لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ ان شاء اللہ اس کا پاگل پن ختم ہو جائے گا اور اس کی عقل اور ذکاوت واپس آجائے گی اور پھر ہمیشہ اپنے ہوش و حواس میں رہے گا۔

آیت یہ ہے:

سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ ۙ حُسُوْمًا فَتَرَى الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ۝ (الحاقۃ ۷)

امراض مرض زنانہ

جو مریض ٹھیک نہ ہوتا ہو تازہ وضو کر کے دو رکعت نماز نفل ادا کریں۔ پہلی اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ سورۂ کوثر پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد سورۂ کافرون ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھیں اور یا بدیع السموات والارض ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔ مریض خود پڑھے یا کوئی دوسرا شخص یہ عمل کرے۔ مریض پر دم (پھونک) کرے اور صاف پانی پر دم کر کے مریض کو پلاتے رہیں۔

تجربہ استخارہ

یہ استخارہ ہر کام و مشکل کیلئے تیر بہدف ہے۔ چوری، گمشدہ اشیاء، چور کو خواب میں دیکھنا، کسی موذی بیماری کا معلوم کرنا، امتحان میں پاس یا فیل کا معلوم کرنا..... غرض ہر مقصد میں تیر کی طرح کام کرتا ہے۔

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝

(یٰسین ۸۲)

اپنے نام کے اعداد کے مطابق یا تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پڑھ کر سو جائیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ ان شاء اللہ پہلی ہی رات میں سب کچھ نظر آئے گا۔

حصار برائے ہر بلا مصیبت آفت و جنگ وغیرہ

طریقہ پہلے سات دفعہ آیت الکرسی اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی۔ درمیان میں یہ آیت تین مرتبہ پڑھے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۖ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ۭ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ۭ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ (الاعراف ۵۴)

تین دفعہ اس کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور ہاتھوں پر پھونک مار کر اپنے تمام جسم پر ہاتھ پھیرے اور شہادت کی انگلی پر پھونک مار کر پہلے اپنا حصار کرے۔ 24 گھنٹے تک ہر قسم کی بلا، آفت، تلوار، بندوق، توپ، بم وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔ 24 گھنٹے کے بعد پھر یہی حصار کرے۔ دوران جنگ اگر صبح و شام کرے تو زیادہ بہتر ہے۔

قرضدار قرضہ ادا کرے

اگر تو سے (۹۰) مرتبہ حرف م (میم) پڑھ کر قرض دار کا تصور کر کے یا فلاں بن فلاں قرضہ مجھے واپس کر کے آسمان کی طرف منہ کر کے پھونک مارے اور پندرہ (۱۵) دن یہ عمل کرے۔ ان شاء اللہ قرض دار، قرضہ ادا

عوام کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/82Wc5m

کردے گا۔

اہل مجلس کو کھانا ہضم ہو جائے

کھانے پر صرف تین مرتبہ سورۃ القریش (پ 30) پڑھ کر دم کریں اور کھانے کو اوپر سے ڈھانپ دیں۔ ضرورت کے مطابق لیتے جائیں۔ ان شاء اللہ کھانا تمام مہمانوں کو پورا ہو جائے گا۔

(جامع الدعا کا تحفہ)

عادت بد چھڑانا

سورۃ تبت یدا ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھ کر یہ کہیں کہ "فلاں بن فلاں کی یہ عادت چھوٹ جائے" پھر سورۃ تبت یدا ایک سو (۱۰۰) مرتبہ چاقو پر پڑھ کر دم کرے۔ مٹی پر نام معہ والدہ لکھے اور کاٹ دے۔ اس طرح سو (۱۰۰) مرتبہ کرے۔ ایک ہفتہ برابر کرے۔ ان شاء اللہ عادت بد چھوٹ جائے گی۔

عادت بد چھڑانا

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۝

(الانبیاء ۶۹)

یہ آیت ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پانی پر دم کر کے چالیس (۴۰) یوم پلائیں اور کہیں کہ فلاں بن فلاں کی یہ عادت ختم ہو جائے اور اسی آیت کو لکھ کر گلے یا تکیہ میں رکھے۔ ان شاء اللہ چالیس (۴۰) یوم کے اندر اندر عادتیں بد ختم ہو جائیں گی۔

اسلام سے ہر بیماری کا علاج

۱۔ سَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى ۝ (النمل ۵۹)

۲۔ سَلٰمٌ ۢ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝ (یٰس ۵۸)

۳۔ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِى الْعٰلَمِيْنَ ۝ (الصّٰفّٰت ۷۹)

۴۔ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۝ (الصّٰفّٰت ۱۰۹)

۵۔ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝ (الصّٰفّٰت ۱۲۰)

۶۔ سَلٰمٌ عَلٰٓى اٰلِ يَاسِيْنَ ۝ (الصّٰفّٰت ۱۳۰)

۷۔ سَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۝ (الصّٰفّٰت ۱۸۱)

۸۔ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ۝ (الزمر ۷۳)

۹۔ سَلٰمٌ ۢ هِىَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝ (القدر ۵)

مرد اور عورت کی ہر بیماری یا لاعلاج مریض کیلئے صبح و شام گیارہ گیارہ (۱۱) بار پانی پر دم کر کے پلائیں۔ یا انہیں لکھ کر پانی میں گھول کر مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مریض کلی شفاء پائے گا۔

ان سلاموں کو زعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر خواہ کسی بھی مرض میں مبتلا ہو، مریض کو خصوصاً زچہ کو دھو کر پلائیں تو تمام بیماریوں سے نجات حاصل ہو اور تمام فاسد مواد نہایت آسانی سے خارج ہو کر مریض صحت پائے۔ عورتوں کی تمام پوشیدہ بیماریوں کا علاج خصوصی طور پر ان ہی سلاموں سے کیا جاتا ہے۔

بازو میں تکلیف

اگر بازو میں تکلیف ہو تو سورۃ طارق دو تین مرتبہ پڑھ کر تل کے تیل پر دم کریں اور مالش کریں تو ان شاء اللہ ہاتھ کا درد ختم ہو جائے گا۔

آسیب کا علاج

اگر کسی کو آسیب کا خلل ہو اور کسی طرح پر موقوف نہ ہو تو چاہیے کہ اس آیت شریفہ کو لکھ کر اس کو پلائے۔ مگر ہر روز پلائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہو جائے گا۔ آیت شریفہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ. نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ.

یرقان

ذکریہ ہے شب قدر یعنی رمضان المبارک کی ۲۷ ویں شب میں سورۃ قریش چوہتر (۷۴) بار جو شخص پڑھ لے تو یہ یرقان کے علاج کی زکوٰۃ ادا ہو گئی۔ جب کوئی یرقان کا مریض آئے تو صرف تین (۳) بار سورۃ قریش پڑھ کر

خاص خاص اعمال سیکھنے کیلئے تفصیل goo.gl/so200A

Khazina-e-Ruhaniyat
darulamal.org/magazines/ruhani-magazine-e-darulamal.org

مریض پر دم کرنے سے ان شاء اللہ تعالیٰ یرقان جاتا رہے گا۔ تین دن تک یہ عمل جاری رہے گا۔

یرقان ـــــ نزلہ یرقان

نیم کی ٹہنی لے کر اس کی تمام سینکیں مع پتوں کے توڑ کر ایک جگہ کر لیا جائے۔ ان سینکوں کو جھاڑو بنا کر یرقان کے مریض کی آنکھوں کو جھاڑتا جائے۔ اوّل و آخر تین تین (۳) بار درود شفاء، پھر سورۂ قریش پانچ (۵) بار پڑھ کر دم کرے۔ مریض کی آنکھوں کو کھلا رکھے۔ پھر نو (۹) بار پڑھ کر دم کرے، آخر میں تین تین (۳) بار درود شریف پڑھ لے۔ اسی طرح تازہ نیم کی سینکوں سے سات (۷) دن مسلسل یرقان جھاڑے۔ ان شاء اللہ یرقان ٹھیک ہو جائے گا۔

دشمن کی تباہی کیلئے

آخر ماہ میں جمعہ کے دن پچاس تنکے مسجد کی جھاڑو یا کوڑے سے لے کر اور کچھ مٹی اجاڑ جگہ کی اور کچھ مٹی کسی اجاڑ مسجد کی اور کچھ مٹی کسی اجاڑ مکان کی لا کر ہر تنکے پر پچاس پچاس (۵۰) بار بغیر بسم اللہ کے الم ترکیف پڑھ کر دم کرے اور سب کو جلا دے اور راکھ دشمن کے مکان میں ڈال دے۔ مکان برباد ہو جائے گا۔ غیر شرعی نہ کریں ورنہ آخرت کا خود ذمہ دار ہوگا۔

آسیب زدہ مریض

الٓمّٓصٓ کٓهٰیٰعٓصٓ طٰهٰ طٰسٓمٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ ن وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ

مع بسم اللہ پڑھ کر آسیب زدہ پر دم کرے تو فوراً اچھا ہو جائے اور پھر کبھی بھی آسیب کا خلل نہ ہو۔

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک قصہ نقل کیا ہے کہ کسی بزرگ کی ایک لونڈی رات کو پیشاب کرنے بیٹھی اور آسیب کے اثر سے بیہوش ہو گئی۔ ان بزرگ نے اٹھ کر مندرجہ بالا کلمات پڑھے تو وہ لونڈی اسی وقت اچھی ہو گئی۔ یہ عمل احقر کے مجربات میں سے ہے۔ مرگی میں بھی فائدہ مند ہے۔

کرامات جفر قرآنی عملیات

محمد اسد اللہ سلیمانی (جھنگ)

بیماریوں سے بچنے کا خاص قرآنی عمل

آج کے دور میں بیماریاں عام ہو گئی ہیں۔ اس سے بچنے کیلئے خاص قرآنی عمل پیش کرتا ہوں تا کہ خطرناک بیماریوں سے محفوظ ہو سکیں۔ جو بھی خطرناک مرض میں گرفتار ہے، وہ یہ کرے کہ نماز عشاء کے بعد مندرجہ ذیل قرآنی عمل کو روزانہ تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پڑھیں اور پانی پر دم کر دیں۔ اس کو روزانہ پینا ہے اور دوائی پر بھی دم کر دیں تا کہ زیادہ سے زیادہ اثر ہو۔ اور اس قرآنی عمل کا نقش مبارکہ بنا کر پاس رکھ لیں۔ ان شاء اللہ اکتالیس (۴۱) روز میں واضح فرق معلوم ہو جائے گا۔ اکتالیسویں روز کے بعد تعداد عمل قرآنی کی ایک سو ایک (۱۰۱) بار کر لیں اور ہر جمعرات کو گوشت کا صدقہ ضرور دیتے رہیں۔ ان شاء اللہ بیماریوں سے نجات ملنی شروع ہو جائے گی۔

خاص قرآنی عمل یہ ہے:

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ

(بنی اسرائیل ۱۷ : ۸۲)

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ﴿۴﴾ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۙ﴿۶﴾ (الناس ۱۱۴ : ۱-۶)

اہم اعلان

ماہنامہ خزینہ روحانیات کی نئی ممبر شپ نومبر 2017 سے اپریل 2018 تک جاری کی جائے گی جس کی رقم 330 روپے (عام ڈاک)، 510 روپے (رجسٹرڈ ڈاک) اور 750 روپے (کوریئر) سے ہوگی۔

مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب کے مواعظ و مفت منگوائیں۔ ڈاک خرچ کیلئے 0322-4773786 پر 30 یا 60 لوڈ کروائیں اور sms کریں۔

باموکل اعمال سیکھنے کیلئے تفصیل goo.gl/QmTvhZ

علوم فیض قرآنی

الحمد والے شاہ جی (کراچی)

سخت جادو سحر سے نجات

سخت سے سخت سفلی عمل سے متاثرہ شخص کیلئے تیر بہدف عمل ہے۔ شرط یہی ہے کہ ساعت اور چاند کی تاریخ اور رجال الغیب کا پورا خیال رکھا جائے۔

بارش کا پانی اتنی مقدار میں لینا چاہیے کہ کسی کو نہلایا جا سکے۔ جمعہ کے دن ایسے سات درختوں کے پتے لئے جائیں، جن کا پھل کھایا نہ جاتا ہو۔ ان سات پتوں کے اوپر کالی روشنائی اور قلم سے یہ آیت لکھیں۔

پارہ نمبر 11 سورۃ یونس کی آیت نمبر 82-81-80۔ یہ پتے اس بارش کے پانی میں ڈال دیں اور مسحور کو اس پانی سے نہلا دیں۔ ان شاء اللہ سخت سے سخت جادو، سحر جاتا رہے گا۔ ہر عمل کا طریقہ ہوتا ہے..... توجہ ہو، خلوص ہو، یقین پختہ ہو تو کامیابی بھی ضرور ملے گی۔ ان شاء اللہ

بدگو اور زبان دراز کیلئے

بہت سارے لوگ عادتاً ایسے ہوتے ہیں کہ دوسروں کی دل آزاری کرنا اور ہر شخص کے کردار میں نقص نکالنا ان کی عادت بن جاتی ہے۔ ایسے لوگوں کی زبان بندی کیلئے سرکہ یا انگور کا تھوڑا سا رس لے کر اس پر پارہ نمبر 18 سورۃ النور کی آیت نمبر 16-17-18 دم کر کے اس شخص کو پلا دیا جائے۔ ان شاء اللہ اس کی بدگوئی بند ہو جائے گی۔

بانجھ عورت کیلئے

اللہ تبارک وتعالیٰ کے حکم سے بانجھ عورت بھی صاحب اولاد ہو جاتی ہیں۔ اس عمل کو کامل یقین اور بھروسہ کے ساتھ کیجئے اور مولا پنجتن پاک کے صدقہ ان شاء اللہ مراد ضرور پوری ہوگی۔ چالیس عدد لونگ لے کر ہر لونگ کے اوپر سات بار پارہ نمبر 18 سورۃ النور کی آیت نمبر 40 پڑھ کر یہ تمام لونگ اپنے پاس محفوظ کر لیں۔ حیض سے غسل کے بعد روزانہ ایک لونگ رات کو کھائیں بغیر پانی کے۔ آٹھ دن مسلسل کھائیں۔ اللہ پاک خوشخبری عطا فرمائے گا۔ وگرنہ اگلے ماہ پاک ہونے پر پھر آٹھ دن تک مسلسل کھائیں۔ اس طرح چالیس لونگ پانچ ماہ کا علاج ہے لیکن کبھی بھی پورے چالیس لونگ کھانے کی نوبت نہیں آتی۔ پروردگار، اولاد کی نعمت سے نواز دیتا ہے۔ (ان شاء اللہ)

بچوں کی نظر بد

بچے پھول ہوتے ہیں۔ پیارے نازک پھول۔ ان کو بہت جلد نظر لگ جاتی ہے۔ بچہ دودھ نہیں پیتا۔ مسلسل روتا رہتا ہے۔ نیند نہیں کرتا۔

یاد رکھیں! بچہ اگر روتے وقت آنکھیں بند کر دیتا ہے تو اس کے پیٹ میں کوئی تکلیف ہوگی۔ اگر روتے وقت آنکھیں کھلی رکھتا ہے تو نظر بد ہے۔ بچہ ڈرتا ہے۔ الحمد شریف، آیت الکرسی، چاروں قل اور سورۃ الکوثر سب ایک ایک بار پڑھ کر بچے کے چہرے پہ دم کر دیجئے۔ تین اذانوں کے وقت لازمی کرنا ہے۔ ان شاء اللہ نظر بد دور ہوگی۔

ظالموں کے ظلم سے نجات کیلئے

یاد رکھیں کہ اگر کوئی ظالم ظلم کرنے سے باز نہ آئے۔ اہل محلہ یا عزیز و اقارب اس کے ظلم سے تنگ ہوں تو یہ عمل کریں مگر اتنا یاد رکھنا چاہیے سزائے شرعی سے تجاوز ہرگز جائز نہیں۔ یہ معاملہ آپ کے اور خدا کے درمیان ہے۔ وہ دلوں کا حال بہتر جانتا ہے۔

قبرستان کی مٹی لے کر اس پر عمل کرنا ہے۔ اس مٹی میں پانی ملا کر چھوٹی سی تختی مربع شکل میں طلوع آفتاب سے قبل بروز بدھ تیار کریں۔ اس کو سایہ میں خشک ہونے دیں۔ اگلے بدھ اس پر یہ آیت کالی روشنائی اور قلم سے لکھیں پارہ نمبر 13 سورۃ ابراہیم کی آیت نمبر 26۔ اس تختی کو باریک پیس کر ظالم کے راستے میں چھڑک دیں۔ وہ ظلم کرنا ترک کر دے گا۔ آیت یہ ہے:

وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْأَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ۝

روحانی دفائی اعمال سیکھنے کیلئے تفصیل goo.gl/AOCI6Q

قرآنی عملیات

ڈاکٹر محمد اکمل جاوید (لاہور)

چور پکڑنے کا طریقہ

مذکورہ طریقے کے مطابق روزانہ دو (۲) مرتبہ یٰسین شریف کو چالیس (۴۰) دن تک باوضو پڑھنے سے آپ اس کے عامل ہو جائیں گے۔ بوقتِ ضرورت جن لوگوں پر چوری کا شبہ ہو، ان میں سے ایک کا نام لکھ کر قرآن پاک میں رکھیں اور یٰسین شریف پڑھنا شروع کر دیں۔ اگر قرآن پاک دائیں طرف گھومے تو یہی شخص چور ہے، جس کا نام قرآن پاک میں لکھ کر رکھا گیا تھا۔ اگر قرآن پاک بائیں طرف گھومے تو مذکورہ شخص چور نہیں۔ اس طریقے سے باری باری تمام لوگوں کو چیک کیا جا سکتا ہے جن پر چوری کا شبہ ہو۔ اس عمل میں یٰسین شریف کو پڑھنا شروع کرتے ہیں۔ قرآن پاک گھوم جاتا ہے۔ زیادہ انتظار نہیں کرنا پڑتا۔

شیطان گھر کے قریب نہ آئے

حدیث: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان کو پیدا کرنے سے دو ہزار سال پہلے ایک کتاب لکھی۔ پھر اس میں سے سورۂ بقرہ کی آخری دو آیتیں نازل فرمائی۔ جس گھر میں تین راتیں ان دو آیتوں کو پڑھ لیا جائے گا، شیطان اس گھر کے قریب نہ آئے گا۔''

(ترمذی شریف، ج 4، ص 404، دار الفکر، بیروت)

پڑھنے کا طریقہ: گھر کے دائیں کونے میں کھڑے ہو کر اوّل و آخر درود و سلام کے ساتھ کم از کم گیارہ مرتبہ دونوں آیات پڑھ کر پھونک ماریں۔ اسی طرح یہ عمل گھر کے باقی تین کونوں پر کریں۔ مسلسل تین دن تک یہ عمل پڑھیں۔ ان شاء اللہ عزوجل شیطان اس گھر میں داخل نہ ہو سکے گا۔ یہ عمل خاص کر وہ لوگ کریں جن کا گھر آسیب زدہ ہو۔ یہ عمل ایک طرح کا حصار ہے جس کی برکت سے جنات اس گھر میں داخل نہیں ہو سکیں گے۔

ہر قسم کے بخار دور کرنے کا طریقہ

ہر قسم کے بخار کو ختم کرنے کے لئے تین کالے دھاگے ایک ہی سائز کے لے کر ایک گرہ بنائیں لیکن گرہ کو بند نہ کریں۔ اب سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر گرہ کے دائرے میں پھونک مارتے ہوئے گرہ کو بند کر دیں۔ اسی طرح دوسری گرہ پر چار مرتبہ سورۂ الکافرون پڑھ کر گرہ کو بند کر دیں۔ تیسری گرہ پر چار مرتبہ سورۂ اخلاص، چوتھی گرہ پر چار مرتبہ سورۂ فلق اور پانچویں پر چار مرتبہ سورۂ الناس پڑھ کر گرہیں بند کریں۔ یہ پانچ گرہوں والا دھاگہ بخار والے شخص کو پہنا دیں۔ ان شاء اللہ عزوجل بخار ختم ہو گا۔

بقیہ: عملیات قرآنی

دشمن شیشے کے ظرف میں رکھیں اور کسی صندوق میں لٹکا دیں کہ جن فوج در فوج چلے آتے ہیں اور چلے جاتے ہیں مگر اہل خانہ کو کوئی اذیت نہیں دیتے۔

مکان کی جنات سے حفاظت

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝ (الطارق، ۸۶)

لوہے کے چار کیل لے کر ہر کیل پر پچیس (۲۵) مرتبہ یہ آیت مبارکہ دم کر کے اس مکان کے ہر کونے میں ایک کیل گاڑ دیں۔

جادو سے نجات

ان آیات کو لکھ کر گلے میں ڈالیں یا طشتری پر لکھ کر پلائیں۔

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ (یونس، ۱۰)

درج شدہ عملیات کی راقم کی طرف سے نیک نیتی سے کلی اجازت ہے لیکن اگر کسی بھی عمل کے اگر کوئی بد اثرات یا رجعت واقع پذیر ہوں تو اس کے لیے عامل خود ذمہ دار ہو گا نہ کہ راقم اور ادارہ۔ اس لیے ضروری ہے کہ کسی کامل طریقت سے علاج معالجہ کے لیے رابطہ کر کے عمل کیا جائے۔

اعمال اولیاء سیکھنے کیلئے تفصیل goo.gl/q3Ltqj

جنات سے نجات کے قرآنی عملیات

آسیب سے نجات

آسیب کا اثر دور کرنے کے لئے یہ آیت مبارکہ سات (۷) بار پڑھ کر مریض کے بائیں کان میں پھونک دیں۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۝ (ص ۳۴)

آسیب سے نجات

سورۂ مومنون کی آخری آیات ذیل پڑھ کر آسیب زدہ کے کان میں پھونک ماریں۔ عام طور پر تین بار پڑھ کر دم کرنا کافی ہے۔ اس طرح تین بار کریں۔ پہلے بائیں کان میں دم کریں۔ پھر دائیں کان میں دم کریں۔ اگر مسئلہ زیادہ ہو تو تین کی جگہ سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ آیات یہ ہیں:

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ (المؤمنون ۱۱۵ تا ۱۱۸)

آسیب سے نجات

سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص، معوذتین (آخری دو سورتیں)، آیت الکرسی، سورۂ طارق اور سورۂ حشر کی آخری تین آیات ذیل پڑھ کر آسیب زدہ پر پھونک ماریں، ان شاء اللہ صحت یاب ہو جائے گا۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۚ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ (الحشر ۲۲ تا ۲۴)

آسیب سے نجات کی دھونی

آسیب کے آنے پر اجوائن، ہلدی، سیاہ مرچ کی دھونی دے۔ پہلے ان تینوں چیزوں پر باوضو سورۂ ناس سات مرتبہ پڑھ کر پھونکے اور دم کرے۔ کوئلے کی آگ تیار کر کے ان تینوں چیزوں کو آگ پر ڈال دے۔ جو دھواں نکلے، اسے مریض کے بدن اور ناک میں پہنچائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہوگا۔

گھر میں تنگ کرنے والے جنات سے نجات

جس گھر میں جنات ہوں اور تنگ کرتے ہوں تو چار کیل لوہے کی لے لیں۔ ہر کیل پر اکتالیس (۴۱) بار یہ آیات دم کر کے مکان کے چاروں کونوں میں گاڑ دیں۔ آیت یہ ہے:

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ (الطارق ۱۵ تا ۱۶)

گھر میں رہنے والے جنات سے نجات

کسی مکان میں دخل جنات کا ہو اور تکلیف پہنچ رہی ہو تو کسی برتن میں پانی لے کر اول اس پر درود شریف ایک بار، پھر سورۂ فاتحہ دو بار، پھر آیۃ الکرسی تین بار، پھر سورۂ جن کی پہلی پانچ آیات ایک بار پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ اور اس مکان کے اندر ہر طرف چھڑک دیں۔ اور آیۃ الکرسی اکثر و بیشتر خاندان کے افراد تلاوت کرتے رہیں۔

جنات کا اثر دور کرنا

جس پر جنات کا اثر ہو اس پر سورۂ مزمل درج ذیل طریقے پر پڑھ کر صبح و شام مسلسل دم کرتے رہیں۔ پوری سورت پڑھتے ہوئے ان الفاظ کا تین بار تکرار کریں۔ چند روز میں بفضلہٖ تعالیٰ شفاء ہو جائے گی۔

(۱) رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝

(۲) وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۭ

(۳) وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

جادو سے نجات کے قرآنی عملیات

برائے دفع سحر

آیات ذیل لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں اور پانی پڑھ کر اس کو پلا دیں۔ اگر نہلانا نقصان نہ کرتا ہو تو ان ہی آیات کو پانی پر پڑھ کر اس سے مریض کو نہلا دیں۔ آیات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

(یونس ۸۱۔۸۲)

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

سفلی سحر و جادو سے نجات

اگر کسی مرد، عورت، بچے پر کسی نے سفلی، جادو، سحر کر دیا ہو جس کے سبب وہ دیوانہ، بیمار، بے روزگار، پریشان اور راتوں کو جاگتا ہو اور گھر سے نکل نکل کر بھاگتا ہو یا اپنے کام پر نہ جاتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل انتہائی مجرب علاج ہے۔

روزانہ خود یا گھر کا کوئی فرد یا کسی بھی دوسرے آدمی سے سورۂ بقرہ بلند آواز سے پڑھ کر ایک پانی بھرے ہوئے برتن میں دم کرے اور یہ پانی مریض کو تھوڑا سا پلا دیا جائے اور بقیہ پانی میں دوسرا پانی ملا کر مریض کو غسل کرائیں۔ یہ عمل چالیس دن بلاناغہ کریں۔ ان شاء اللہ سفلی، جادو، سحر کا خاتمہ ہوگا اور مریض صحیح اور تندرست ہو کر اپنا کام کرنے لگے گا۔

آسیب اور جادو کا علاج

سوا پاؤ کچی گھانی کے سرسوں کا تیل کسی تانبے کے برتن میں ڈال کر چودہ (۱۴) دفعہ آیت قطب پڑھ کر تیل پر اس طرح دم کرے کہ ہر بار پڑھے اور زور کے ساتھ تیل پر پھونکے۔ پھر دم کیا ہوا تیل آسیب زدہ یا جادو کئے ہوئے کے سارے بدن پر اس طرح ملے کہ بال برابر بھی خالی نہ چھوٹے۔ اس بات کی بھی احتیاط رہے کہ پڑھے ہوئے تیل کی ایک بوند تک زمین پر نہ گرنے پائے۔ اور نہ اس میں کسی اور کا ہاتھ پڑنے پائے۔ اور بدن پر جو پہلے روز مالش کرے، وہی روز مرہ کرتا رہے۔ نیز جو وقت اول دن مقرر کرے، اس سے منٹ بھر کا فرق نہ کرے۔ اللہ نے چاہا تو بھوت پریت جادو سب رفع ہو جائے گا۔ آیت قطب یہ ہے:

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَاۗىِٕفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَاۗىِٕفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۭ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ۭ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ۭ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ۭ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ۭ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

(آل عمران ۱۵۴)

سورۂ مزمل سے جادو کا علاج

گیارہ (۱۱) مرتبہ سورۃ المزمل (پ ۲۹) پانی پر دم کر کے صبح نہار منہ چالیس (۴۰) دن پلائیں۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف۔ اگر دور کا مریض ہو تو ایک ہی بار دم کر کے دے دیں اور اگر قریب کا ہو تو بہتر ہے کہ ہر دس دن بعد دم کریں۔ اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ بار پڑھیں۔ نہار منہ کے علاوہ دن میں کم از کم تین سے پانچ بار ضرور پلانا ہے اور رات کو سوتے وقت بستر پر بھی چھڑکوانا ہے۔

اگر بتیوں کی ورائٹی کی تفصیل goo.gl/fhC51q

Khanqah-e-Rukniya Qadriya Siddiqiya Chishtiya Nizamiya Darul Irfan Lahore
darulirfan@gmail.com
http://magazine.darulirfan.org/

محبت اور اس کے قرآنی عملیات

حافظ جمیل احمد سکندر پوری رحمہ اللہ

عمل اول

اس آیہ شریفہ کی پہلے زکوۃ اس طرح ادا کرے کہ پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ روز، تین (۳) روز تک آدھی رات کے وقت پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ مرتبہ۔ زکوۃ ادا ہوگی۔ بوقت ضرورت اکیس (۲۱) مرتبہ شیرینی پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔ ان شاء اللہ مطلوب تابعدار و مسخر ہوگا۔ مجرب ہے۔ وہ آیت یہ ہے:

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (آل عمران ۳۱)

عمل دوم

پہلے اس کی زکوۃ اس طریقے سے ادا کرے کہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ روز، سات (۷) روز تک پڑھے۔ اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ مرتبہ پڑھے۔ ساتویں روز زکوۃ پوری ہوگی۔ بچوں کو شیرینی تقسیم کریں۔ پھر بوقت ضرورت اگر مطلوب دور ہے، بلانا مقصود ہے تو سات (۷) روز تک سات (۷) مرتبہ سر برہنہ ہو کر صحن یا چھت پر بیٹھ کر پڑھیں اور شیرینی پر دم کرتے رہیں۔ مطلوب سات روز میں حاضر ہوگا، تب مٹھائی کھلائیں۔ سخت سے سخت دل مطلوب بھی مطیع، تابعدار اور مسخر و مہربان ہوگا۔ مجرب ہے۔

عمل سوم

سورۃ یٰسین شریف کا عمل بہت ہی آسان ہے۔ جمعرات کو یا جمعہ کو پرانی قبر کی مٹی لا کر مطلوب کے گھر سے پانی منگا کر مٹی کا گارہ بنائیں اور سورۃ یٰسین شریف آدھی رات کو پڑھ کر مٹی پر دم کریں اور مطلوب کے مکان کی پشت پر ماریں یعنی چپکا دیں۔ پھر قدرت خداوندی کا تماشہ دیکھیں کہ کس طرح مطلوب طالب کی محبت میں بے چین و بے قرار ہوتا ہے۔ آزمودہ ہے۔

عمل چہارم

بہت آسان طریقہ ہے۔ وہ اس طرح کہ سات (۷) دانے سیاہ مرچ کے لے کر ہر دانے پر سات (۷) مرتبہ قل ھو اللہ شریف مع نام چہار کس پڑھ کر دم کرے اور آگ میں جلا دے، سات (۷) روز تک۔ ان شاء اللہ سخت سے سخت دل انسان بھی طالب کی طرف رجوع کرے گا اور تابعدار ہوگا۔ مجرب ہے۔

عمل پنجم

اگر کوئی شخص کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا چاہے تو ایک مکمل لوہے کی چھری لاوے اور اس پر سات (۷) مرتبہ سورۃ الم نشرح مع نام چہار کس پڑھ کر دم کرے اور زمین میں گاڑے۔ گاڑنے اور پڑھنے کے وقت ساعت قمر ہونی چاہیے۔ ان شاء اللہ سخت سے سخت مطلوب بھی دیوانہ ہوگا۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

عمل ششم

آیت شریفہ کی پہلے اس طریقے سے زکوۃ ادا کرے کہ عروج ماہ میں بروز یکشنبہ کو شروع کرے۔ بعد نماز عشاء، ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ روز پڑھیں، اول و آخر درود شریف ۷۔۷ بار پڑھیں، چالیس روز تک۔ چالیسویں روز ختم شریف چشتیہ پڑھے اور شیرینی تقسیم کرے۔ بعد زکوۃ کے میٹھی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔ مطلوب، طالب کی محبت میں بے قرار ہو جائے گا۔ اگر کھلانے کا موقعہ نہ ہو تو تین روز یا سات روز بعد نماز عشاء، ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ پڑھ کر کسی شیرینی پر دم کریں اور تصور میں مطلوب پر بھی دم کریں اور دم کرنے کے بعد تصور کریں کہ مطلوب آ رہا ہے اور آپ تک پہنچ گیا ہے۔ ان شاء اللہ مطلوب عاشق ہو کر حاضر ہوگا۔ جب مطلوب آ جائے تو اس کو دم شدہ شیرینی کھلائیں۔ مجرب ہے۔ وہ آیت یہ ہے:

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ

(البقرۃ ۱۶۵)

عاملین کیلئے پرنٹڈ تعویذات کی تفصیل goo.gl/A3kguJ

تسخیر کے قرآنی عملیات

تسخیر افسر دلنواز آوری

سورۂ مزمل اول رکوع اکیس (۲۱) بار اور دوسرا رکوع گیارہ (۱۱) بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے منہ پر ملے اور پی لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ افسر مہربان ہوگا اور مقصد میں بآسانی کامیابی حاصل ہوگی۔

مطلوب مسخر و مہربان ہو

اِنْ اَبْطَأَتْ غَارَۃُ الْاَرْحَامِ وَابْتَعَدَتْ فَاَقْرَبُ الشَّیْءِ یَا غَارَۃَ اللّٰہِ یَا غَارَۃَ اللّٰہِ جِدِّیْ السَّیْرَ مُسْرِعَۃً فِیْ حَلِّ عُقْدَتِنَا یَا غَارَۃَ اللّٰہِ عَدَتِ الْعَادُوْنَ وَجَارُوْا وَ رَجَوْنَا اللّٰہَ مُجِیْرًا وَ کَفٰی بِاللّٰہِ وَلِیًّا وَ کَفٰی بِاللّٰہِ نَصِیْرًا وَحَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ. اِسْتَجِبْ لَنَا اٰمِیْنَ

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ

نوٹ دعائے حزب النصر کچھ مختلف الفاظ کے ساتھ بھی ہوتی ہے۔ جس کو جس کی اجازت ہو وہ پڑھ لے۔ ع

دعائے حزب النصر (اردو)

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ اے اللہ! تیری قوت وعظمت وکبریائی کے اور فریاد کرنے والوں کا تیرا فوری مدد کرنے کے اور تیری مقدس چیزوں کو پامال کرنے پر جوش میں آنے والی تیری غیرت کے اور تیرا اپنے در پر آنے والوں کی حمایت کرنے کے واسطے سے، ہم تجھ سے سوال کرتے ہیں۔ اے اللہ، اے بہت سننے والے، اے قریب، اے دعاؤں کو قبول کرنے والے، اے جلد مدد کو پہنچنے والے، اے انتقام لینے والے، اے بڑے زبردست، اے سخت پکڑ والے، اے زبردست، اے وہ جس کو زور آوروں کا زور نہیں دبا سکتا اور سرکش بادشاہوں کو ہلاک کرنا جس کے لیے کوئی مشکل نہیں۔ جو میرے ساتھ کوئی چال چلے تو اس کو اپنی ہی چال میں پھنسا دے۔ جو میرے ساتھ دھوکہ کرے، تو اس کا دھوکہ اس کی طرف لوٹا دے۔ جو میرے لیے گڑھا کھودے، تو اسی کو اس میں گرا دے۔ جو میرے لیے دھوکے کا جال بچھائے، تو اسی کو اس میں پھنسا دے۔ اے میرے آقا! تو اسی کو اس میں ڈال دے۔ اس کا شکار و اسیر بنا دے۔ اے اللہ! تجھے کھیعص کا واسطہ، تو ہمیں دشمنوں کی طرف سے کافی ہو اور انہیں سزا دے اور انہیں ہمارے ہر پیارے کے بدلے قربانی بنا دے۔ اور ان پر آج کل میں فوری آنے والا عذاب مسلط کر دے۔ اے اللہ! ان سب کو پارہ پارہ کر دے۔ اے اللہ! ان کی جمعیت کو تقسیم کر دے۔ اے اللہ! ان میں پھوٹ ڈال دے۔ اے اللہ! ان کی تعداد کو گھٹا دے۔ اے اللہ! ان کی سازشیں انہی پر لوٹا دے۔ اے اللہ! عذاب کو ان تک پہنچا دے۔ اے اللہ! انہیں اپنے تحمل اور لطف و مہربانی کے دائرے سے نکال دے اور ان کو مہلت نہ دے۔ ان کے ہاتھوں اور پاؤں کو جکڑ دے۔ ان کے دلوں کو باندھ دے اور ان کی آرزوئیں پوری نہ کر۔ اے اللہ! ان کو اسی طرح ٹکڑے ٹکڑے کر دے جس طرح تو نے اپنے نبیوں، رسولوں اور اولیاء کی مدد کے لئے اپنے دشمنوں کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیے۔ اے اللہ! تو ہماری اسی طرح مدد فرما جس طرح تو نے اپنے دشمنوں کے خلاف اپنے پیاروں کی مدد کی۔ اے اللہ! تو ہمارے دشمنوں کو ہم پر قدرت نہ عطا فرما۔ ہمارے گناہوں کی وجہ سے ہم پر ایسے لوگوں کو مسلط نہ کر جو ہم پر رحم نہ کریں۔ حٰمٓ۔ معاملہ گرم ہو گیا اور مدد آ گئی۔ اور ہمارے خلاف ان کی مدد نہیں کی جائے گی۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ کے واسطے سے ہماری حمایت فرما اس سے، جس سے ہم ڈرتے ہیں۔ اے اللہ! ہمیں برے لوگوں کے شر سے محفوظ فرما اور ہمیں آزمائش کا تختہ نہ بنا۔ اے اللہ! ہماری امیدیں پوری فرما۔ اور ہمیں امید سے بڑھ کر دے۔ اے وہ ذات جس کے فضل کے طفیل اس کا فضل مانگا جاتا ہے۔ اے ہمارے پروردگار! جلدی کر، جلدی کر، جلدی کر، قبول فرما لے، قبول فرما لے۔ اے وہ ذات جس نے حضرت نوح علیہ السلام کی دعا ان کی قوم کے بارے میں قبول فرمائی۔ اے وہ ذات جس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ان کے دشمنوں کے خلاف مدد کی۔ اے وہ ذات جس نے حضرت یعقوب علیہ السلام کو یوسف علیہ السلام لوٹا دیا۔ اے وہ ذات کہ جس نے حضرت ایوب علیہ السلام کی مصیبت دور کی۔ اے وہ ذات جس نے حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا قبول فرمائی۔ اے وہ ذات جس نے یونس علیہ السلام بن متی کی تسبیح قبول فرمائی۔ اے اللہ! ہم ان دعاؤں کے بھیدوں کے واسطے سے تجھ سے سوال کرتے ہیں کہ جو کچھ ہم نے تجھ سے مانگا ہے تو اسے قبول فرما، جو ہم نے تجھ سے سوال کیا ہے وہ ہم کو عطا کر دے۔ ہمارے ساتھ اپنا وہ وعدہ پورا فرما جو تو نے اپنے مومن بندوں کے ساتھ فرمایا ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تیری ذات پاک ہے۔ بے شک میں زیادتی کرنے والا ہوں۔ تیری عزت کی قسم، ہماری امیدیں تیرے سوا سب سے کٹ گئیں۔ اور تیرے حق کی قسم، ہماری آرزوئیں تیرے سوا سے ناکام ہو گئیں۔ اور بے شک رشتہ داروں کی مدد ماند اور دور ہو گئی ہے، تو اسے قدرے قریب فرما دے۔ اے اللہ کی مدد، اے اللہ کی مدد، ہماری گرہ کھولنے کے لئے فاصلہ جلدی طے کر۔ اے اللہ کی مدد، دشمنوں نے دشمنی کی اور ظلم کیا اور ہم پناہ دینے والے اللہ کے ہاں پناہ گیر ہوئے اور اللہ کافی ہے سرپرست اور اللہ کافی ہے مددگار۔ ہمیں اللہ کافی ہے اور بہترین کارساز ہے اور نہ طاقت نہ قوت سوائے اللہ بزرگ و برتر کے۔ اے اللہ! ہماری دعا قبول فرما۔ ظالموں کی کمر توڑ دی گئی اور تمام تعریف اللہ کی جو تمام جہانوں کا رب ہے اور رحمت کاملہ نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی آل و اصحاب پر۔

آلو بخارا... انتہائی مفید پھل

حکیم شجاع احمد طاہر (ڈیرہ غازی خان)

آلو بخارا ایک مشہور عام درخت کا پھل ہے۔ عام طور پر بستانی اور باغی دو طرح کا ہوتا ہے۔ کشمیر جیسے پرفضا مقام اس کا جائے پیدائش ہے۔ مئی کے آخر، جون، جولائی میں سرخ سیاہی مائل رنگت لئے ہر پھل فروش پر اپنی بہار دکھاتا ہے۔ عام طور پر آلو بخارا سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے۔ کچا زرد رنگ لئے ہوتا ہے۔ ذائقے کے لحاظ سے پکا، سرخی مائل، شیریں، کھٹ میٹھا اور زرد عموماً کھٹا ہوتا ہے۔ آلو بخارا بغیر دانی تازہ اور مکمل پکا ہوا کھانا چاہئے۔ اطباء کرام کے مطابق آلو بخارا دوسرے درجے میں سرد تر ہے۔ ایک وقت میں بالغ شخص دس دانے سے تیس دانے تک کھا سکتا ہے۔ آلو بخارے میں بے پناہ طبی فوائد ہیں۔ انتہائی خوبصورتی اور نرمی سے آنتوں میں پھسلن پیدا کر کے قبض ختم کرتا ہے۔ صفراء کی زیادتی سے ہونے والے بخاروں میں مفید ہے۔ خون کے جوش کو ختم کر کے بدن کی کھجلی اور الرجی ختم کرتا ہے۔ لو لگنے سے دردسر اور سر سام کی وجہ سے دماغی عوارض کا خاتمہ کرتا ہے۔ گرمی کی شدت ختم اور پیاس کی زیادتی کو تسکین دیتا ہے۔ انتہائی مفرح اور مقوی قلب ہے۔ بیماری کے دوران گھبراہٹ بے چینی ختم کرتا ہے۔ طبی بیماریوں میں ایلوپیتھک ادویہ کھا کھا کر نظام ہضم خراب ہو جاتا ہے۔ منہ کا ذائقہ گندا اور بدبودار محسوس ہوتا ہے۔ ایسے میں آلو بخارا انتہائی اہم اور مفید ہے۔ موسم گرما کی قے، متلی ہو یا حاملہ کی، آلو بخارا فائدہ بخشتا ہے۔ پیشاب کی جلن دور کر کے مثانہ کو طاقت دیتا ہے۔

آلو بخارا ہمیشہ کھانا کھانے سے قبل استعمال کرنا چاہئے، اس طرح یہ جزو بدن بن کر اپنا مکمل کام کرتا ہے۔ ایک صفت جو آلو بخارے میں اہم ہے کہ کھانسی کے مریض ترش پھل استعمال نہیں کر سکتے۔ آلو بخارا اگر ترش بھی ہو گا تو اس کی ترشی کھانسی کو نقصان نہیں دیتی۔ اس لئے وہ شخص جو کھانس کھانس کر بے حال ہو۔ وہ آلو بخارا کھا سکتا ہے۔ گاڑھے بلغم کو بآسانی خارج کرنے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ کھٹ میٹھا آلو بخارا صفراء ختم کرتا ہے۔ اس لئے یرقان (پیلیا نکس) کے مریض کھٹ میٹھا آلو بخارا ضرور کھائیں۔ ایسے مریض جو پہلے یرقان میں مبتلا رہ چکے ہوں وہ کثرت سے آلو بخارا کھاتے رہیں تاکہ یرقان کے حملہ سے محفوظ رہ سکیں۔

کچھ پھل اللہ تعالیٰ نے ایسے پیدا کیے ہیں۔ جو خشک ہو کر اپنا مکمل وجود رکھتے ہیں اور فوائد بھی۔ ایسے پھلوں میں آلو بخارا سرفہرست ہے۔ خشک آلو بخارا پورے سال پنساریوں کے ہاں دستیاب رہتا ہے۔ سوکھا ہوا آلو بخارا دست کم لاتا ہے مگر غذائیت زیادہ پیدا کرتا ہے۔ خشک آلو بخارا 5 دانے، املی 30 گرام رات کو 250 گرام پانی میں بھگو دیں۔ صبح معمولی سا مل کر چھانیں اور چینی برف ملا کر پئیں۔ یرقان کو ختم کرتا ہے۔ قے، متلی دور کر کے بھوک بڑھاتا اور حدت کو کم کرتا ہے۔ زیادتی پیاس کو دور کرتا ہے۔ اس کا انتہائی مفرح اور ذائقے دار تازہ مشروب بنتا ہے۔ آلو بخارا کی چٹنی بھی بنا کر محفوظ رکھی جا سکتی ہے۔ فوائد میں یکساں ہے۔ شربت آلو بخارا بنانے کے لئے کچا زرد ترش آلو بخارا 5 کلو صاف کر کے 2 کلو پانی میں ڈال کر چولہے پر رکھیں۔ جب آلو بخارا نرم ہو کر پھٹ جائے یعنی ایک دو ابال دیں۔ نیچے اتار کر چھان لیں۔ صاف ستھرے ہوئے پانی میں چینی 5 کلو ملا کر دوبارہ چولہے پر رکھیں۔ جب گاڑھا ہو کر قوام مانند شہد ہو جائے، اتار کر ٹھنڈا ہونے پر خشک اور صاف بوتلوں میں محفوظ رکھیں۔ انتہائی خوش رنگ اور لذیذ شربت تیار ہے۔ 50 گرام شربت ایک گلاس ٹھنڈا پانی ملا کر صبح سویرے پئیں یا بوقت ضرورت استعمال کریں۔ آلو بخارا کے تمام فوائد حاصل ہوں گے۔

یرقان، قے، متلی، بھوک کی کمی، گرمی کے اثرات دور کرنے کے لئے انتہائی قابل اعتماد شربت آلو بخارا تیار ہے۔

ہپناٹزم کیا ہے؟ (قسط:۱)

حافظ حاج محمد (فیصل آباد)

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ محترم قارئین کرام السلام علیکم۔

بہت سے لوگوں کی اکثریت ہپناٹزم کے نام سے واقف اور شائق ہے۔ اس کے اثرات کے قائل بھی ہیں۔ بہت سے دوست ہپناٹزم سیکھنے کا شوق بھی رکھتے ہوں گے مگر مناسب راہنمائی نہ ہونے کی وجہ سے ابھی تک تشنہ لب ہی ہوں گے۔

میری کوشش ہوگی کہ آپ تک وہی باتیں پہنچاؤں جو میرے ذاتی تجربات اور مشاہدات میں سے ہیں تاکہ اگر کوئی یہ علم سیکھنا بھی چاہے تو اسے کسی قسم کی پریشانی یا ناکامی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ بلکہ اس تحریر میں درج مشقوں کی مدد سے بغیر کسی نقصان کے کوئی بھی شخص اس علم کو سیکھ سکتا ہے اور کسی کی محنت بھی رائیگاں نہیں جائے گی، ان شاءاللہ کیونکہ یہ ذہن کی ورزش بھی ہے۔ ان ورزشوں سے انسان میں بہت سی ذہنی بیماریوں اور پریشانیوں کا مقابلہ کرنے کی طاقت پیدا ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ بھی اس کے بے شمار فوائد ہیں۔

لفظ ہپناٹزم مغرب والوں کی ایجاد ہے۔ ہپناٹزم کے لفظی معنی غنودگی کے ہیں یعنی نیند جیسی حالت کیونکہ جب کسی کو ہپناٹائز کیا جاتا ہے تو اس شخص پر مصنوعی نیند طاری کر کے اپنے پیغام کو اس شخص کے دل و دماغ تک پہنچایا جاتا ہے۔ جس شخص کو ہپناٹائز کیا جاتا ہے، وہ شخص ہپناٹسٹ کے پیغام کے مطابق عمل کرنے پر مجبور ہوتا ہے۔

ہپناٹائز شدہ شخص کو جو بھی پیغام غنودگی کی حالت میں دیا جاتا ہے، عام حالت میں آ کر ہپناٹائز شدہ شخص نے جو پیغام دوران غنودگی حاصل کیا ہو، اس پر عمل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ یہ پیغام کسی بھی نوعیت کا ہو، ہپناٹائز شدہ شخص ہپناٹسٹ کے پیغام پر ہر صورت عمل کرے گا اور مزے کی بات یہ کہ ہپناٹائز شدہ شخص کو بالکل بھی احساس نہیں ہوتا کہ وہ کیونکر یہ کام کر رہا ہے۔ اس علم سے انسان اپنی اور دوسروں کی اصلاح بھی کر سکتا ہے بے شمار بیماریوں کا علاج بھی ہپناٹائز سے ممکن ہے۔

مغرب والوں نے اس علم پر بہت کام کیا اور وہاں تو ہپناٹزم سیکھنے کے باقاعدہ ادارے بنے ہوئے ہیں اور مغرب والے اس علم پر اعتماد بھی کرتے ہیں۔ بہت سے لوگوں کا خیال ہے کہ یہ علم مغرب والوں نے ایجاد کیا مگر میرے نزدیک ہپناٹزم اسلامی روحانی تعلیمات کے تناور درخت مراقبہ کی ایک ادنیٰ سی شاخ ہے۔ مغرب والوں نے صرف اس کو مذہب سے الگ کر کے ایک سائنسی رنگ دیا ہے۔

مگر میں مذہب اور ہپناٹزم کو ساتھ ساتھ رکھوں گا تاکہ اس علم کو سیکھنے والا قاری مخصوص طریقے سے اسماالحسنیٰ کا ورد کرتا رہے تاکہ اس طریقے سے دنیاوی کامیابی کے ساتھ ساتھ آخرت بھی سنور جائے اور دل و دماغ بھی پر سکون رہے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ”بے شک دلوں کا اطمینان اللہ کے ذکر میں ہے۔“

ہپناٹزم سیکھنے کے لیے دلی اطمینان اور ذہنی سکون کی اشد ضرورت ہوتی ہے جو اللہ تعالیٰ کے ذکر سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ ہپناٹزم سیکھنے کی بنیاد تین چیزوں پر ہے۔

اول: قوت ارادی دوم: قوت خیال سوم: قوت تصور

اگر کوئی بھی انسان ان تین چیزوں پر تصرف حاصل کر لے تو اس انسان سے ایسے ایسے محیر العقول واقعات رونما ہوتے ہیں کہ دیکھنے والا انگشت بدنداں رہ جاتا ہے۔ اس کے برعکس اگر کسی انسان میں ان تین چیزوں کا فقدان ہے تو ایسا شخص ماورائی علوم تو ایک طرف بلکہ عملی زندگی میں بھی کوئی خاص کامیابی حاصل نہیں کر پاتا۔

قوت ارادی، قوت خیال اور قوت تصور کیا ہے؟ اور یہ قوتیں کیسے اور کس طرح حاصل کی جا سکتی ہیں؟ اور انسان اپنی اندرونی طاقتوں کو کیسے بروئے کار لا سکتا ہے؟ اور ان سے کن کن کاموں میں اور کیسے مدد لی جا سکتی ہے؟ ان شاءاللہ آئندہ مضمون میں تحریر میں لانے کی کوشش کروں گا۔

مطب العارف کی موثر، مجرب ادویات جن کے استعمال سے ایک مرد کی جھولیوں میں وہ تمام خوشیاں آ جاتی ہیں جن کا وہ متلاشی ہے

(۱) حبوب ذکاوتِ حس

جنسی اشتعال، نیٹ کی دنیا، فحاشی و عریانی کی کثرت، گناہوں کے بڑھتے ہوئے ماحول، ہر طرف بے حیائی کے ڈیرے، معاشرے کی بے راہ روی کی وجہ سے نوجوانوں کی جوانی، طاقت، پوت اپنے وقت سے پہلے ہی ختم ہو رہی ہے۔ جریان، احتلام اور سرعت انزال کی بیماری دن بدن بڑھتی جا رہی ہے۔ ذرا سا خیال آنے پر تحریک پیدا ہو کر جوہر حیات ضائع اور ہر وقت کپڑوں کی ناپاکی کے مسئلے سے چھٹکارے کا بہترین حل۔ حبوب ذکاوت حس گولیاں۔

نوٹ: طلاء خاص الخاص نمبر 2 برائے ذکاوت حس کا استعمال حبوب ذکاوت حس کے ساتھ بہت ہی فائدہ مند ہے۔ قیمت: 450 پتے

(۲) طلاء خاص الخاص نمبر 1

کثیر الفوائد یادگار تحفہ

برائے عضو خاص میں اضافہ ☆ عضو خاص میں موٹائی ☆ زبردست انتشار ☆ آبلہ پتی ☆ فوری رزلٹ ☆ فوری طاقت

خاص: مطب العارف نے طویل ریسرچ اور انتھک تحقیق کے بعد نادر و نایاب روغنیات اور حیوانی اجزاء سے ایک بہترین مرکب تیار کیا ہے۔ ایک ایسا مرکب، ایک ایسا طلاء کہ جس کی جستجو مریض کافی عرصے سے کر رہے تھے۔ مارکیٹ میں بے حساب، ان گنت طلاء بھی موجود ہیں اور ان کے بنانے والوں کے بلند و بانگ دعوے بھی لیکن سوائے پیسہ اور وقت ضائع کرنے کے کچھ بھی نہیں۔ مطب العارف کا تیار کردہ یہ بے مثال تحفہ واقعی یادگار ہے۔

نوٹ: اندرونی کمزوری کے خاتمے کیلئے طلاء خاص الخاص نمبر 1 کے ساتھ پیغام جوانی کیپسول کا استعمال آپ کو دوبارہ سے بھرپور جوان بنا دے گا۔

قیمت: 500 پتے

(۳) طلاء خاص الخاص نمبر 2

بے مثال لاجواب تحفہ

برائے ذکاوت حس ☆ سرعت انزال ☆ ٹائمنگ میں اضافہ ☆ حرارت کی زیادتی ☆ انتشار کی کمی ☆ فوری فراغت سے بچاؤ

مزاج کی گرمی، حرارت کی زیادتی اور کثرت مباشرت کی وجہ سے سرعت انزال، فوری فراغت، تھوڑا سا خیال آنے یا عورت کے قریب جاتے ہی اگر کپڑے خراب ہو جاتے ہوں تو ایسے مریضوں کیلئے طلاء خاص الخاص نمبر 2 اسپیشل تیار کیا گیا ہے۔ جس سے ایسی تمام شرمندہ کر دینے والی علامات سے ہمیشہ کیلئے جان چھوٹ جاتی ہے۔

نوٹ: اندرونی خرابیوں کی اصلاح کیلئے حبوب ذکاوت حس کا استعمال طلاء خاص الخاص نمبر 2 کے ساتھ آپ کو ایک بارعب اور ہیبت ناک مرد بنائے گا۔

قیمت: 500 پتے

(۴) لبوب کبیر خاص الخاص

طب اسلامی کا مسلمہ مقوی اعصاب و مقوی باہ تحفہ۔

اعضائے رئیسہ کو دے زبردست طاقت قوت اور طاقت کا خاتمہ میں مارتا سمندر۔

ہر قسم کی تھکاوٹ و سستی کا دشمن۔ جسم بھر میں پیدا کرے چستی و توانائی۔

ہر طرح کی کمزوریوں کو ختم کرنے والا لاجواب ٹانک۔

جسمانی، اعصابی، پٹھوں کی کمزوری کا کرے خاتمہ۔

مردانہ طاقتوں کو کرے از سر نو بحال۔

موسم سرما کا ایک لاجواب طبی تحفہ

مطب العارف کا پیش کردہ لبوب کبیر جس نے بھی کھایا خوب پایا، دوبارہ منگوایا اور دوستوں کو متعارف کروایا۔

قیمت: 1350 پتے

تمام ادویات بذریعہ VPP کے ملک بھر میں منگوانے کی سہولت موجود ہے۔

مطب العارف 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور رابطہ نمبر 0307-5525103

بچوں کو سردی سے کیسے بچایا جائے

حکیم ضیاء الرحمٰن سندھو

بدلتے موسم کے ساتھ ساتھ سردی کے اثرات بھی شروع ہو چکے ہیں۔ اس سردی کے موسم میں بچوں کیلئے خصوصی حفاظتی اقدامات پر عملدرآمد یقینی بنانا اشد ضروری ہوتا ہے کیونکہ والدین کی ذرا سی بھی غفلت بچوں کیلئے بیماری اور ان کیلئے پریشانی کا موجب بن سکتی ہے۔

اس موسم میں نزلہ، زکام، بخار، نمونیہ، گلے کی خراش وغیرہ معمول کی بات ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اکثر سردیوں کے موسم میں ڈاکٹروں کے پاس ننھے منے بچوں کی قطاریں نظر آ رہی ہوتی ہیں۔ ایسے بچے جو اپنی عمر میں پہلی بار سردی کا موسم دیکھ رہے ہوتے ہیں، ماحول اور آب و ہوا کی تبدیلی سے متاثر ہو جاتے ہیں کیونکہ ایسے بچے اپنی ناتواں قوت مدافعت کے باعث موسم کی سختی برداشت نہیں کر پاتے ہیں۔

اکثر بچوں کو سردی کی وجہ سے نزلہ، زکام اور گلے میں خراش کی شکایت ہو جاتی ہے۔ نزلہ زکام بظاہر تو بہت معمولی نظر آتا ہے مگر اس کی وجہ سے بچوں کے ناک میں ورم کے باعث سانس لینے میں دشواری ہوتی ہے۔ زکام میں ننھے بچوں کو گرم پانی پلانا بہت مفید ہے۔

شیر خوار بچوں کو سردی کے زکام سے بچانے کی چند احتیاطی تدابیر

1. دودھ میں 2 عدد پیپل کے پتے، 2 عدد چھوہارے یا پھر 4 کھجوروں میں سے کوئی ایک چیز دودھ میں اُبال کر پلائیں۔
2. ادرک کے رس کو شہد میں ملا کر چٹائیں۔
3. گاجر، پالک یا پھر مولی کا جوس پلائیں۔
4. اُبلے ہوئے چنوں کا پانی پلائیں۔
5. پانی میں سونٹھ اور گڑ ڈال کر اُبال لیں اور وقفے وقفے سے پلائیں۔
6. جائفل کو پانی میں گھس کر شہد میں ملائیں اور اسے صبح و شام بچے کو چٹائیں۔
7. بچوں کو آملے کا مربہ بنا کر دیں۔
8. ٹھوس غذا کھانے والے بچوں کو زکام میں گڑ اور سیاہ تل کے لڈو کھلائیں۔
9. منقیٰ، امرود اور کچی پیاز کھانے سے بھی زکام ٹھیک ہو جاتا ہے۔

ان تمام احتیاطی تدابیر سے بچوں میں زکام وغیرہ کی شکایات دور ہو جائیں گی۔

غذائی احتیاط

حکیم سجاد احمد

ایک ہی قسم کے کھانے بار بار کھانے سے اور ایک ہی ذائقہ متواتر استعمال کرنے سے جسم میں نقصان پیدا ہوتا ہے۔ مثلاً ترش غذاؤں کے بکثرت اور مسلسل استعمال سے بڑھاپا جلد آ جاتا ہے۔ نزلہ زکام اکثر رہتا ہے۔ اعضاء میں خشکی پیدا ہو جاتی ہے۔ اعصاب کمزور ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح نمکین چیزیں بدن کو لاغر اور دل میں ضعف پیدا کرتی ہیں۔ میٹھی چیزیں بھوک کو ضعیف اور بدن کو لاغر کرتی ہیں۔ ان کی مضرت کو ترش غذا سے اور ترش غذا کی مضرت کو نمکین غذا سے دفع کرنا چاہیے۔ پھیکا اکثر کھانے سے بھوک جاتی رہتی ہے اور بدن میں سستی پیدا ہو جاتی ہے۔ اس لئے اس کی مضرت کو چٹپٹی چیزوں کے استعمال سے دور کرنا چاہیے۔

جسم خوبصورت اور موٹا اور جریان دور کرنے کا نسخہ

اس نسخے کے دو فائدے ہیں۔ ❶ جسم کو موٹا اور خوبصورت بنائے۔ ❷ جریان ختم کرے اور منی کو مکھن جیسا بنائے۔

نسخہ چار عدد پکے کیلے اور آدھا کلو دہی کو گرائنڈر یا کونڈی میں ڈنڈے سے کوٹ کر نہار منہ صبح کو پی لیں۔ دس دن میں فرق نظر آئے گا۔ مکمل تیس دن کریں۔ اتنے دن جنسی فعل سے پرہیز لازم ہے۔ (بقیہ صفحہ 58)

لیموں کے وہ دلچسپ استعمالات جن سے ہم اب تک لاعلم تھے

چوہدری شاہ نواز

لیموں جسے عام زبان میں "نیبو" بھی کہتے ہیں، ہر باورچی خانے کا لازمی حصہ ہے جسے کھانوں کو خوش ذائقہ بنانے سے لے کر مشروبات کی تیاری تک میں عام استعمال کیا جاتا ہے لیکن لیموں اس سے بھی کہیں زیادہ مفید ہے۔ وہ کیسے؟ ملاحظہ کیجئے:

دمے کا علاج

روزانہ کھانے سے پہلے اگر صرف دو کھانے کے چمچے جتنا لیموں کا رس پی لیا جائے تو اس سے دمے کی شدت میں خاصی کمی لائی جاسکتی ہے۔ دمے کے مریضوں کے لئے رات کو سونے سے پہلے اتنی ہی مقدار میں لیموں کا رس پینا زیادہ مفید رہتا ہے۔

داغ دھبوں سے چھٹکارا

داغ دھبوں کی صفائی میں لیموں اپنا ثانی نہیں رکھتا اور یہی وجہ ہے کہ آج کپڑے اور برتن دھونے والی کئی مصنوعات میں بہتر صفائی کے لئے لیموں کے اجزاء شامل کئے جاتے ہیں۔ اگر کپڑے پر دھبہ لگ جائے تو دھبے پر آدھا لیموں اچھی طرح رگڑیئے اور رات بھر کے لئے چھوڑ دیجئے۔ صبح جب آپ اسے دھوئیں گے تو وہ دھبہ غائب ہو چکا ہوگا۔

مضر صحت مواد کا خاتمہ

بازار میں ملنے والے پھلوں اور سبزیوں کو زیادہ دیر تک محفوظ بنانے کے لئے ان پر کچھ خاص لیکن مضر صحت کیمیائی مادوں کا چھڑکاؤ کیا جاتا ہے جو صرف پانی سے دھونے پر ختم نہیں ہوتے۔ انہیں صاف کرنے کے لئے ایک کھانے کا چمچہ لیموں کا رس لے کر اسے پھلوں/سبزیوں پر لگا کر کچھ دیر چھوڑ دیجئے۔ اس کے بعد جب انہیں پانی سے دھوئیں گے تو یہ نقصان دہ کیمیائی مادے بھی صاف ہو جائیں گے۔

باورچی خانے کا محافظ

کچن کاؤنٹر اور کٹنگ بورڈ وغیرہ کی دھلائی سے پہلے ان پر کٹا ہوا لیموں رگڑ لیا جائے تو وہ ان پر موجود جراثیم کو ختم کر دے گا۔ یعنی صرف صفائی نہیں بلکہ جراثیم کا خاتمہ بھی لیموں کے ذریعے ممکن ہوگا۔

تازگی کی واپسی

اگر ریفریجریٹر میں رکھے ہوئے سلاد کے پتے یا پتوں والی دوسری سبزیاں نرم پڑنے لگیں تو ایک پیالہ ٹھنڈے پانی میں آدھے لیموں کا رس نچوڑ کر حل کر لیجئے۔ اس محلول میں نرم پڑتے ہوئے پتوں کو اچھی طرح بھگو کر ریفریجریٹر میں ایک گھنٹے کے لئے دوبارہ رکھ دیجئے۔ ان کی تازگی بحال ہو جائے گی۔ انہیں جب بھی استعمال کرنا ہو تو ریفریجریٹر سے نکالئے اور صاف پانی سے دھونے کے بعد کچھ دیر خشک ہونے دیجئے، ذائقے اور خوشبو میں تازگی آپ خود محسوس کریں گے۔

بدبو سے پاک ریفریجریٹر

اکثر خواتین کو ریفریجریٹر میں ناگوار بدبو کی شکایت ہوتی ہے۔ یہاں بھی لیموں آپ کا مددگار ہے۔ وہ اس طرح کہ لیموں کے چھلکوں کو پوری رات کے لئے ریفریجریٹر میں رکھ کر چھوڑ دیجئے۔ اگر آپ چاہتی ہیں ریفریجریٹر میں بدبو ہونے ہی نہ پائے تو کٹے ہوئے لیموں اس میں ہر وقت رکھئے اور ہر ایک ہفتے یا دس دن میں پرانے لیموں کی جگہ نئے لیموں کاٹ کر رکھتی رہئے۔

کیڑے مکوڑے بھی دور

لیموں کی خوشبو کیڑے مکوڑوں کو دور بھگانے کا کام بھی کرتی ہے۔ گھر میں چیونٹیوں، لال بیگ اور دوسرے کیڑے مکوڑوں کا راستہ روکنے

کے لئے کٹے ہوئے لیموؤں کو دروازوں، کھڑکیوں، دیوار کی دراڑوں، درزوں اور ہر اس مقام پر رکھئے جہاں سے کیڑے مکوڑے گھر میں داخل ہو سکتے ہوں۔

پیتل اور تانبے میں چمک

لیموں کی مدد سے پیتل اور تانبے کے برتنوں کو چمکانا بہت پرانا ٹوٹکا ہے۔ لیموں کا رس نہ صرف پیتل اور تانبے پر جمے ہوئے میل کچیل کو صاف کرتا ہے بلکہ ان کی قدرتی چمک بھی واپس لاتا ہے۔

سبزیوں میں نکھری سفیدی

اگر آپ چاہتی ہیں کہ سفید رنگ والی سبزیوں (مثلاً شلجم اور مولی) کی رنگت بھی پکاتے دوران نکھری ہوئی سفید ہی رہے تو انہیں پکانے سے پہلے (ٹھنڈی حالت میں) ان پر ایک چائے کا چمچہ لیموں کا رس چھڑک دیجئے۔

ضدی داغوں کو خیرباد

پریشر ککر یا چائے کی دھاتی کیتلی میں اندر کی طرف لگ جانے والے ضدی داغوں کی صفائی بہت پریشان کرتی ہے۔ ان داغوں کو صاف کرنے کے لئے سب سے پہلے کیتلی/ پریشر ککر میں پانی بھر لیجئے اور لیموں کے باریک چھلکے (اچھی خاصی مقدار میں) ڈال کر اتنا گرم کیجئے کہ پانی اُبلنے لگے۔ تھوڑی دیر تک اُبال آنے کے بعد کیتلی/ پریشر ککر کو چولہے پر سے اُتار لیجئے اور ٹھنڈا ہونے دیجئے۔ اب لیموں کے چھلکوں والا پانی بہا دیجئے اور برتن کو سادہ پانی سے دھو لیجئے۔ یہ بالکل نئے جیسا چمک دار ہو جائے گا۔

بقیہ : ایک دانا کی انٹرنیٹ سے متعلق اپنے بیٹے کو نصیحت

سوائے ان کے جن پر اللہ کریم کی رحمت ہو۔ برخوردار! تمہارا شمار بھی انہی میں ہونا چاہیئے۔

پیارے بیٹے!

فرضی نام (فیک آئی ڈیز) رکھنے والوں سے بھی دور رہو۔ ایسے لوگ اعتماد سے عاری ہوتے ہیں، سو اس شخص پر کیونکر اعتماد کیا جائے جسے خود پر ہی اعتماد نہ ہو اور تم بھی فرضی نام اختیار مت کرنا، کیونکہ اللہ ہمارے لمحہ لمحہ کے ہر راز سے واقف ہے۔

میرے عزیز بیٹے!

جو تیرے ساتھ نامناسب رویہ اختیار کرے اس کے ساتھ ویسا ہی رویہ اختیار مت کرنا، تمہارا رویہ تمہاری اپنی شخصیت کا ہے اور اس کا کردار اپنی شخصیت کا آئینہ دار ہے۔ سو تم اپنے اخلاق کی نمائندگی کرو، اس کے اخلاق کی نہیں۔ ظاہر ہے برتن سے وہی کچھ چھلکے گا جو اس کے اندر ہے۔

پیارے بیٹے!

کوئی چیز لکھنے سے پہلے ہزار بار سوچو، تم جب لکھتے ہو تو تمہارے فرشتے بھی لکھ رہے ہوتے ہیں اور اس سارے عمل کی نگرانی براہ راست اللہ تعالیٰ کرتے ہیں۔

پیارے بیٹے!

انٹرنیٹ کے بحر ظلمات میں جس چیز کا مجھے سب سے زیادہ خطرہ ہے وہ نظر کا غلط استعمال ہے یعنی ایسی تصویریں اور ویڈیو کلپس دیکھنا جن میں فسق و فجور اور اللہ کی نافرمانی ہو۔ اگر تو اپنے نفس کو ان محرمات سے دور رکھ سکے تو انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا سے بھرپور استفادہ کرنا اور اس سے دین کی نشر و اشاعت کا کام لینا، لیکن اللہ نہ کرے، اللہ محفوظ رکھے اگر تمہارا نفس ان محرمات کے شکنجے میں پھنسا ہوا ہے تو انٹرنیٹ کی دنیا سے ایسے دور بھاگنا جیسے انسان وحشی درندے سے بھاگتا ہے ورنہ روز محشر تیرا سامنا اللہ سے ہوگا اور دوزخ تیرا ٹھکانہ بنے گی۔

پیارے بیٹے!

انٹرنیٹ غفلت اور شہوت کا ایک بڑا باعث ہے اور انہی دو چیزوں کے ذریعے شیطان نفس پر حاوی ہوتا ہے۔ دھیان رہے کہ انٹرنیٹ تمہارے فائدے کے لیے ہے، اس سے فائدہ اٹھاؤ، یہ غفلت کے لیے نہیں کہ اسی کے ہو کر رہ جاؤ، اس سے تعمیر شخصیت کا کام لو تخریب کا نہیں، نیز قیامت کے دن اسے اپنے حق میں گواہ بناؤ نہ کہ اپنے خلاف۔

مسلمان کو کیسا ہونا چاہیے؟ (قسط:۶)

99۔ اللہ پر ایمان لانے والا کبھی ان اہل کتاب کو جنہوں نے دین اسلام کو مذاق اور تفریح کا سامان بنالیا ہو یا دوسرے کافروں کو اپنا دوست اور رفیق نہیں بناتا۔ 5/57

100۔ مسلمان شراب (یا ہر وہ چیز جو اس کے حواس کو مختل کردے) جوا اور پانسے ان سب کو بحکم ربی ناپاک اور شیطان کے اعمال سمجھتا ہے اور ان سے اجتناب کرتا ہے۔ کیونکہ وہ جانتا ہے کہ شیطان چاہتا ہے کہ جوئے اور شراب کے ذریعے مسلمانوں میں رنجش اور دشمنی ڈلوادے تاکہ انہیں خدا کی یاد اور نماز سے روک دے۔ 5/90

101۔ مسلمان جانتا ہے کہ پاک اور ناپاک بہرحال یکساں نہیں ہیں۔ چاہے ناپاک کی بہتات اسے کتنا ہی فریفتہ کرنے والی کیوں نہ ہو۔ وہ اللہ کی نافرمانی سے بچتا رہتا ہے۔ 5/100

102۔ مسلمان ہمیشہ تقویٰ اختیار کرتے ہوئے اللہ کے قرب کا ذریعہ تلاش کرتا رہتا ہے اور اللہ کی راہ میں جدوجہد کرتا رہتا ہے۔ 5/35

103۔ مسلمان اپنے باپ دادا کی تقلید نہیں۔ صرف اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی ہی اطاعت کرتا ہے۔ 5/104

104۔ ایمان لانے والا جانتا ہے کہ اسے اپنی فکر کرنی ہے۔ کسی کی گمراہی سے اس کا کچھ نہیں بگڑتا جب کہ وہ بذات خود راہ راست پر ہوگا۔ وہ جانتا ہے کہ اللہ کی طرف ہی سب کو لوٹ کر جانا ہے اور اللہ انہیں بتلادے گا کہ جو کچھ وہ یہاں کرتے رہتے ہیں۔ 5/105

105۔ مسلمان جانتا ہے کہ اگر اللہ اسے کوئی سختی پہنچائیں تو اللہ کے سوا کوئی اسے دور کرنے والا نہیں۔ اور اگر اللہ کوئی نعمت و رحمت عطا کرے تو کوئی اس کو روکنے والا نہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ 6/17

106۔ مسلمان قرآن کے بارے میں ہونے والی فضول گفتگو میں کبھی نہیں بیٹھتا اور اگر شیطان اسے یہ بات بھلادے تو یاد آنے پر وہ ان ظالم لوگوں کے ساتھ نہیں بیٹھتا۔ 6/68

107۔ جن لوگوں نے اپنے دین کو کھیل تماشا بنا رکھا ہے اور جنہیں دنیا کی زندگی نے دھوکے میں ڈال رکھا ہے مسلمان ان سے کوئی کام نہیں رکھتا سوائے قرآن کے ذریعے نصیحت کرنے کے۔ 6/70

108۔ مسلمان اپنا رخ ہمیشہ اس زمین و آسمان کے خالق اور پیدا کرنے والے کی طرف رکھتا ہے۔ 6/79

109۔ مسلمان مشرکوں سے کنارہ کرتا ہے اور احکام اللہ کی پیروی کرتا ہے۔ 6/106

110۔ جن لوگوں کو مشرک، اللہ کے سوا پکارتے ہیں مسلمان ان کو بھی برا نہیں کہتا تاکہ بے ادبی سے اور بے سمجھے کہیں وہ اللہ کو برا نہ کہہ بیٹھیں۔ 6/108

111۔ مسلمان ظاہری اور پوشیدہ ہر طرح کا گناہ ترک کردیتا ہے۔ 6/120

112۔ مسلمان کبھی ایسی چیز نہیں کھاتا جس پر اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو۔ کیوں کہ بحکم ربی یہ گناہ ہے۔ 6/121

113۔ مسلمان مال کو کبھی بے جا نہیں اڑاتا کیوں کہ اسے علم ہے کہ اللہ فضول خرچوں کو پسند نہیں کرتا۔ 6/141

114۔ مسلمان اللہ کے حکم کو مانتا ہے اور کبھی شیطان کے قدموں پر نہیں چلتا۔ 6/142

115۔ مسلمان کسی چیز کو اللہ کا شریک نہیں بناتا۔ 6/515

116۔ مسلمان ماں باپ سے احسان کا سلوک کرتا ہے۔ کبھی بدسلوکی نہیں کرتا۔ 6/151

117۔ مسلمان غربت کے اندیشے سے اپنی اولاد کو قتل نہیں کرتا۔ کیوں کہ اللہ ہی اسے بھی رزق دیتے ہیں اور اس کی اولاد کو بھی۔ 6/151

118۔ مسلمان فحاشی اور بے حیائی کے کام خواہ وہ ظاہر ہوں یا پوشیدہ ان کے پاس بھی نہیں پھٹکتا۔ 6/151

(جاری ہے)

ایک دانا کی انٹرنیٹ سے متعلق اپنے بیٹے کو نصیحت

(انتساب: سید عارف)

انٹرنیٹ کے استعمال کے حوالے سے عربی میں ایک قیمتی نصیحت، افادہ عام کیلئے اس کا مفہوم اردو میں پیش کیا جارہا ہے۔ اللہ عمل کی توفیق بخشے۔

پیارے بیٹے!

گوگل، فیس بک، ٹویٹر، واٹس ایپ اور باہمی رابطوں کے دیگر تمام ذرائع درحقیقت ایک گہرا سمندر ہیں جس میں لوگ اپنے اخلاق کو کھو رہے ہیں اور دماغی صلاحیتیں کھپا رہے ہیں۔ ان میں بوڑھے بھی ہیں اور جوان بھی۔ اس سمندر کی بے رحم موجیں نہ صرف ایک خلق کثیر کو ہلاک کر چکی ہیں بلکہ ہماری عورتوں کی حیا بھی نگل چکی ہیں۔

اس میں انہماک سے بچو۔

اس میں انہماک سے بچو۔

اس میں انہماک سے بچو۔

انٹرنیٹ پر تمہارا رویہ شہد کی مکھی کی طرح ہونا چاہیے، صرف عمدہ باتوں پر توجہ مرکوز کرو، خود بھی استفادہ کرو اور دوسروں کو بھی فائدہ پہنچاؤ۔ عام مکھی کی طرح ہر گندی اور صاف چیز پر مت بیٹھو، مبادا دوسروں تک بیماری کے جراثیم منتقل کرنے لگو اور تمہیں اس کا احساس ہی نہ ہو۔

پیارے بیٹے!

انٹرنیٹ ایک بڑی مارکیٹ ہے، یہاں کوئی بھی اپنی چیز مفت لے کر نہیں بیٹھا، ہر شخص اپنا سودا کسی نہ کسی عوض پر دینے کا خواہشمند ہے۔ کوئی اپنی چیز کا سودا اخلاق کی قیمت پر کرنا چاہتا ہے تو کسی کو فکری انتشار کی تجارت پسند ہے۔ بعض کا مقصد شہرت اور حب جاہ ہے اور ایسے بھی ہیں جو اپنے تئیں خیر خواہی کا جذبہ رکھتے ہیں۔ اس لیئے خریداری سے پہلے سامان کی خوب جانچ پڑتال کرو۔

پیارے بیٹے!

تعلقات قائم کرنے میں بھی احتیاط سے کام لو، بعض تعلقات شکاری کے جال کے مانند ہیں، بعض برائی کا سرچشمہ ہیں، کچھ بے حیائی اور فسق وفجور پر مبنی ہیں اور کچھ کا انجام تباہی اور بربادی ہے۔

پیارے بیٹے!

نشر واشاعت میں بھی محتاط رہو، جن باتوں سے شریعت نے منع کیا ہے انہیں کاپی پیسٹ کرنے سے گریز کرو۔ یہ نیکیوں اور گناہوں کی تجارت ہے۔ تم کیا سودا بیچ رہے ہو اس پر تمہاری گہری نظر رہنی چاہیے۔

پیارے بیٹے!

کسی تحریر پر کمنٹ یا اسے شیئر کرنے سے پہلے خوب اچھی طرح بار بار سوچ لیا کرو کہ یہ اللہ کی خوشنودی کا باعث ہے یا ناراضی کا۔

پیارے برخوردار!

ایسے شخص کی دوستی پر بھروسہ مت کرو جسے تم نے اپنی آنکھوں سے نہ دیکھا ہو، لوگوں کی تحریروں سے انہیں سمجھنے کی کوشش مت کرو۔ یہ دوست کے بھیس میں اجنبی ہیں، ان کی تصویروں میں ڈبنگ (جعلسازی) ہے، ان کا اخلاق وکردار فنی ہے، ان کی گفتگو میں ملمع سازی ہے، ان کے چہروں پر ماسک (خول) ہیں، یہ جھوٹ بھی ایسے بولتے ہیں کہ سچائی کا گمان ہوتا ہے۔ بہت سے متفکر دکھائی دینے والے درحقیقت بڑی حماقت میں مبتلا ہیں۔

کتنے خوبصورت ایسے ہیں جو حقیقت میں بدصورت ترین ہیں۔

بہت سے غنی نظر آنے والے ایسے ہیں جن کا شمار کنجوس ترین لوگوں میں ہوتا ہے۔

بے شمار ایسے ہیں جو شجاعت کے وصف سے شہرت رکھتے ہیں مگر پرلے درجے کے بزدل ہیں۔ (باقی ص 59)

دارالعمل چشتیہ کی ملاقات گاہ کے عاملین کے خاص الخاص روحانی تیل کی مختلف اقسام ہر گھر کی ضرورت ہے

روحانی تیل (1) برائے دفع جادو/جنات

قیمت: 120 روپے

☆ جادو جنات کے دورہ والے مریضوں کیلئے پیام شفا ہے۔ ☆ جادو جنات کے اثرات کو جسم سے پل پل کر ختم کرتا ہے۔ ☆ جادو جنات کے اثرات کی وجہ سے جسم میں پیدا ہونے والی بے چینی کو ختم کرتا ہے۔ ☆ جادو جنات کے اثرات کی وجہ سے تھکاوٹ سے چور بدن کو آرام پہنچاتا ہے۔ ☆ جادو جنات کے اثرات کی وجہ سے جسم پر ہونے والی خارش کو ختم کرتا ہے

روحانی تیل (2) برائے سکون

قیمت: 300 روپے

☆ جادو جنات کے اثرات کو دماغ سے نکالتا ہے۔ ☆ جادو جنات کے اثرات کی وجہ سے پیدا ہونے والی بے خوابی کو دور کرتا ہے۔ ☆ جادو جنات کے اثرات کی وجہ سے پیدا ہونے والے ذہنی دباؤ اور ڈیپریشن کو ختم کرتا ہے۔ ☆ جادو جنات کے اثرات کی وجہ سے ہمیشہ سر گرم رہنے کو اعتدال پر لاتا ہے۔

روحانی تیل (3) برائے دفع درد ہر قسم

قیمت: 250 روپے

☆ متاثرہ مریضوں کیلئے انتہائی فائدہ مند ہے۔ ☆ جادو جنات سے متاثر جوڑوں کے درد میں مبتلا مریضوں کے لیے اکسیر ہے۔ ☆ جسم کے تمام دردوں کو ختم کرتا ہے ☆ پٹھوں کے درد کو فی الفور آرام دیتا ہے۔ ☆ پسلیوں کے درد کو دور کرتا ہے۔ ☆ ہر قسم کے باقی دردوں میں تریاق کا کام دیتا ہے۔

روحانی تیل (4) برائے تقویت دماغ

قیمت: 300 روپے

☆ جادو جنات کی وجہ سے معدہ میں ہونے والی پرابلم کو دور کرتا ہے۔ ☆ جادو جنات کی وجہ سے نقل سماعت کو ٹھیک کرتا ہے۔ ☆ جادو جنات کی وجہ سے دماغی کمزوری کو ختم کرتا ہے۔ ☆ جادو جنات کی وجہ سے معدہ میں زخم اور سوزش میں مفید ہے۔ ☆ جادو جنات کی وجہ سے کان میں درد، کان میں آوازیں آنا، کان کے بہنے اور بہرے پن کیلئے اچھا ہے۔ ☆ جادو جنات کے اثرات کی وجہ سے دوران حمل استعمال کروانا بہتر ہے۔ ☆ روحانی تیل نمبر 1، روحانی سکونی تیل (2) اور روحانی روغن بادام (4) میں ملا کر استعمال کرنا انتہائی فائدہ مند ہے۔

روحانی تیل (5) برائے اعصاب

قیمت (بڑی پیکنگ): 450 روپے، (چھوٹی پیکنگ): 300 روپے

☆ جادو جنات سے متاثر اعصابی مریضوں کیلئے انتہائی فائدہ مند ہے۔ ☆ جادو جنات سے متاثر پٹھوں کے مریض پٹھوں کی مالش کریں ☆ جادو جنات کے معالجین کے لیے ایک قیمتی تحفہ ہے۔ ☆ چلہ کشی کی وجہ سے پیدا ہونے والے دردوں کیلئے اکسیر ہے۔ ☆ متاثرہ مریض کو اثرات کی وجہ سے مستقل معذوری سے بچاتا ہے۔ ☆ مستقل ریاضت کی وجہ سے ہونے والی تمام دردوں، تھکاوٹوں کو فی الفور ختم کرتا ہے۔

روحانی تیل (6) برائے آسیبی مریض

قیمت: 120 روپے

آسیبی اثرات کم ہوں یا زیادہ، ان کو جڑ سے ختم کرتا ہے۔ آسیبی اثرات نئے ہوں یا پرانے، ان کیلئے اکسیر ہے۔ آسیبی اثرات کی وجہ سے جسم پر پڑنے والے اثرات ختم کرتا ہے۔ آسیبی اثرات کی وجہ سے جسم پر ہونے والی خارش ختم کرتا ہے۔ آسیبی اثرات کی وجہ سے جسم پر ہونے والی جلن ختم کرتا ہے۔ آسیبی اثرات کی وجہ سے گرنے والے سر کے بالوں کو روکتا ہے۔ آسیبی اثرات کی وجہ سے کانوں میں آنے والی آواز کو ختم کرتا ہے۔

روحانی تیل (7) برائے مرگی، جنون، پاگل پن

قیمت: 300 روپے

دارالعمل چشتیہ کے عاملین کے خاص الخاص روحانی تیل تیار کیا گیا ہے جو ہر روحانی معمول کر سکتا ہے

مرگی کے مریض کے لئے یہ روحانی تیل بہت ہی موثر و مفید ہے۔

جنونی کیفیت میں مبتلا مریض کے لئے یہ روحانی تیل بہت ہی موثر و مفید ہے۔

پاگل پن میں مبتلا مریض کے لئے یہ روحانی تیل بہت ہی موثر و مفید ہے۔ عجیب و غریب حرکات والے مریض کے لئے یہ روحانی تیل بہت ہی موثر و مفید ہے۔

رجعت کے شکار مریضوں کے لئے یہ روحانی تیل بہت ہی موثر و مفید ہے۔

نفسیاتی مریضوں کے علاج کیساتھ ساتھ یہ روحانی تیل بہت ہی موثر و مفید ہے۔

روحانی دکان 0334-4312272, 042-35410586 darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

معروف روحانی سکالر علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری صاحب کی اب تک شائع ہونے والی کتب کی تفصیل

نمبر شمار	نام کتاب	موضوع کتاب	قیمت
1	دم کر حصہ اول (اردو ترجمہ و شرح)	کسی بھی روحانی، جسمانی، مالی، علمی اور تعویذات کے بد اثرات کو ختم کرنے کے مستند طریقہ عملیات پر مبنی اردو زبان میں پہلی تصنیف	350
2	دم کر حصہ دوم	ہر قسم کے علمی، عملی، مالی، جسمانی اور بیماریوں کی وجہ سے گھر، انسان کے بد اثرات کو جڑ سے ختم کر دینے والے قوی اثر اعمال پر مشتمل پہلی تصنیف	125
3	دم کر حصہ سوم	گھروں کے اندر موجود مسموم و منفی اثرات کے لیے ایک مژدہ جانفزا ثابت ہونے کے علاوہ مستند ترین تعویذات پر مشتمل اردو زبان میں پہلی تصنیف۔ ہر قسم کے علمی، عملی، مالی، جسمانی بیماریوں اور تعویذات کے بد اثرات کو جڑ سے ختم کرنے کے لیے ایک خوب تر کتاب	250
4	آسمانی قوتوں سے نجات (اردو ترجمہ و شرح)	ارواح خبیثہ، جنات، آسیب زدگی کی مختلف شکلوں سے نجات اور تمام تر آسیبی امراض کے شافی و کافی علاج پر لاجواب و بے مثال ضخیم و اکلوتی تصنیف	400
5	تسخیر الجن	ہر وہ سلسلہ عامل ہونے والے حضرات کے مرشد اور اساتذہ کا انکشاف۔ مجرب مطلوب کو مسخر کرنے والے اور سونے کے معمولی ٹکڑے کو چوبیس گھنٹے میں خالص سونا بنانے کے	300
6	تفسیر القرآن	تسخیر خلائق، اثبات، اخراج امراض، قضائے حاجات، تسخیر ارواح، حل مشکلات، طلب، دشمن، عزت، ترقی، روزگار اور کامیابی و کامرانی کے مجرب قرآنی اعمال و نقوش پر لاجواب و بے مثال تصنیف	300
7	مصباح الارواح	مشاہدات و تجربات حضرت الارواح تسخیر، سکاکہ، جنات، ملائکہ، ارواح، شیاطین، تسخیر ہوا، ارواح خبیثہ، مطلوب، تسخیر، عشق، محبت، سحر، جادو کی مختلف اقسام کے مستند اعمال پر لاجواب و بے مثال اردو زبان میں پہلی تصنیف	200
8	رموز الخطوط	عاملین و طالبین کرام کے خاص الخاص عملیات، تجربات اور تحریرات کو گھنٹوں جاگ کر محنت سے اپنے خاص احباب کو بتا رہا ہوں	225
9	عمس لوح المحفوظ	عوامل مخلوقات کو اپنی مرضی کے مطابق بنانے، تسخیر، تحریر، تعویذ، عوامل ارواح سے محفوظ رہنے کے مستند طریق، شرف کواکب اور مختلف پیچیدہ زندگی کے مسائل کے حل سے متعلق مختلف اعمال و نقوش، تجربات اور علم الاعداد کے گہرے رازوں پر مشتمل بے مثال و لاجواب تصنیف	300
10	لقمان الحروف	عوامل ارواح سے کام لینے کے لیے تمام اسماء کی حقیقت، تاثیر، خواص، اعمال، تراجم، جداول، مربعات اور طلسمات، اعمال، نقوش اور ارواح پر پہلی اردو زبان میں اردو تصنیف	350
11	روحانی کورس	کائناتی فضا میں موجود "تسخیر" کا آسان، روحانی، قابل اور کلیات امراض کے لیے پہلی اردو زبان میں جامع مساوی ہے۔ یہ کتاب پڑھ کر اردو میں پہلی بے مثال روحانی تصنیف	200
12	پیراسائل علوم کا خلاصہ	پیراسائیکولوجی پر مکمل تعریفی، تاریخی، تکنیک تعریفی، سائنٹیفک اور پیرا سائیکالوجی اور دیگر مادی و روحانی علوم پر مستند تحقیقی مضامین پر مبنی اردو میں پہلی تصنیف	250
13	معراج معرفت	طالب حقیقی، سالک، معرفت، طالب مولیٰ اور فکر کے مسافر خاص طریقت کے حامل ہونے والے مبتدی حضرات کے لیے مکمل راہنما و فکر افروز کامل کا درجہ رکھنے والی اردو زبان میں پہلی تصنیف لطیف	200
14	شاہراہ طریقت	اکابر اولیاء کرام کی تعلیمات پر مبنی بصیرت افروز مرشد کامل طریقت کے لیے بے مثال کا درجہ رکھنے والی تصنیف	250
15	بوستان تصوف	تصوف کی دنیا میں ایک گراں قدر اضافہ، تصوف کی دنیا میں ایک نادر تحفہ، تصوف کے اصول و قوانین کا ایک خوبصورت گلدستہ جس کی خوشبو ہر صوفی و سالک کی روح کو معطر کرتی ہے	300
16	کلید رموز الٰہی	زائچہ قسم کی جبرائی، عبرانی اور عربی زبان میں مکمل مشتمل، مجرب، مستند، علمی، اصول، مجرب، تسخیر، مسمریزم، مسمریزم، قرآنی، روحانی، مجرب اور مؤثر، مطلوب اور تسخیر مطلوب کے اعمال، اسمائے حسنیٰ اور مجرب مسمریزی گرفت، قرب و مضاعفت اور ان کے مؤثر ترین اعمال، اسمائے حسنیٰ، تسخیر ارواح کے مسمریزی اعمال اور طلسمات، ابن عربی اور ان کی بیوی کی روحانی ایک ایسی تحقیق جسے آج تک کسی نے نہیں چھیڑا، روحانی علوم اور ان کے روحانی تجربے جن کی مثال تاریخ روحانیت میں کہیں سے نہیں ملتی۔	500
17	مکاشفات اسرار	علوم مصریہ، بابلیہ، یونانی اور عربی کے تاریخی اسرار، الحروف، ارواح، الجفر، تعویذ، اوفاق، طلسمات، اعمال، نقوش، مجربات اور روحانیت پر مبنی جامع انسائیکلوپیڈیا کتاب (مصنف: شیخ علامہ رسول مالی کنگلوی رحمۃ اللہ علیہ)	360
18	رموز خاتم سلیمانی	اکثر مشہور و معروف خاتم سلیمانی کی مکمل تشریح، اعمال، مجربات اور اسرار و رموز پر مشتمل ایک مختصر لیکن جامع تصنیف	400
	مکمل سیٹ 18 کتب		5260

بذریعہ ڈاک کتب منگوانے پر ڈاک خرچہ الگ ہے

خیر اندیش علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری

ادارہ فیضان روحانیات پاکستان، اسلام نگر جوئیہ کالونی ضلع اوکاڑہ، پنجاب

0333-6974734, 0300-4967412

مندرہ کبیر

ھدیہ 7100 روپے

جنات، جادو، آسیب، دشمن، جادوگر، شیاطین کے خلاف ایک انتہائی مضبوط روحانی ہتھیار ہے۔ جس عامل کے پاس یہ عمل ہوتا ہے، اس پر آسانی سے جادو اور جنات کا حملہ نہیں ہوتا۔ اس عمل کے پیچھے جو مخلوق ہے، وہ لڑنے کی ماہر ہے اور دشمن کو اچھا سبق سکھانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ چھوٹے درجے کے جنات و جادو صرف اس کے دم سے ہی ختم ہو جاتے ہیں یا بھاگ جاتے ہیں۔ آج کل کے ماحول کے لحاظ سے ایک بہترین عمل ہے۔ اس عمل کا کم از کم ایک چلہ کرنا ضروری ہے۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان
ہاٹ لائن: 0346-4661681 واٹس ایپ، ہاٹ لائن: 0345-4661681
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
0320-4661681, 042-35410586

نورانی مندرہ

ھدیہ 7100 روپے

ہر طرح کے جادو اور جنات سے نجات اور ہر طرح کے عمل کو واپس کرنے کا خاص عمل۔ یہ وہ واحد عمل ہے جو ہر قسم کے مندروں کا بھی توڑ ہے۔ اس کے عامل پر آسانی سے جنات اور جادو کا حملہ نہیں ہوتا۔ اور چھوٹے جنات و شیاطین تو اس کے عامل سے مقابلہ ہی نہیں کرتے، بھاگ جاتے ہیں۔

جادو، جنات کے اثرات کے علاوہ پیچیدہ قسم کی بیماریوں کے لیے بھی مجرب ہے۔ خاص کر وہ بیماریاں، جو جادو اور جنات کی وجہ سے بنی ہوں۔ اس عمل کا بھی چلہ کرنا ضروری ہے۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان
ہاٹ لائن: 0346-4661681 واٹس ایپ، ہاٹ لائن: 0345-4661681
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
0320-4661681, 042-35410586

ہر قسم جادو، نظرِ بد، جنات سے نجات و حفاظت کا عمل

"عمل باندھ جادو" ایک ایسا عمل ہے جس سے ہر طرح کی نظرِ بد..... غیبی مخلوق جیسے جن، پری، بھوت، ڈائن، چھبیث، شیطان، ابلیس وغیرہ..... ہر قسم کا جادو ٹونہ جو مختلف طریقوں سے کیا ہوا جیسے گڈا (پتلہ) بنایا ہو، مسان کا عمل کیا ہو، تعویذ کیے ہوں، کھلایا پلایا ہو، کہیں عمل کر کے دبایا ہو، آگ پر رکھا ہو، گرہوں پر پڑھ کر پھونکا ہو یا کسی بھی قسم کا عمل کیا ہو..... ان سب کو باندھا اور علاج کیا جا سکتا ہے۔ اس عمل کے عامل پر جادو کا وار بہت مشکل سے چلتا ہے۔ دو چلوں کے بعد اس عمل کا عامل بنا جا سکتا ہے۔ تیسرا چلہ مزید ترقی کیلیے ہے۔

عمل کی فیس: 1600 روپے

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان
ہاٹ لائن: 0346-4661681 واٹس ایپ، ہاٹ لائن: 0345-4661681
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
0320-4661681, 042-35410586

عمل عصائے کلیم اللہ

ھدیہ 1100 روپے

سخت جادو کی کاٹ کا ایک خاص عمل۔ یہ عمل بھی مندرے کی طرح کام کرتا ہے، مگر تاثیر میں مندرے سے کافی کم ہے۔ مریض کو دم کرنے سے فوری فرق پڑتا ہے اور مسلسل دم کرنے سے جادو بہت جلد کٹ جاتا ہے۔

ایک آسان عمل ہے، جو آج کل کے ماحول کے لحاظ سے خوب کام کرتا ہے۔ اس عمل کا چلہ کرنا ہوتا ہے۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان
ہاٹ لائن: 0346-4661681 واٹس ایپ، ہاٹ لائن: 0345-4661681
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
0320-4661681, 042-35410586

قرآنی اعمال سیکھنے والوں کیلئے خوشخبری

روحانی درسگاہ 1997ء سے مختلف روحانی علوم عوام و خواص کو سکھانے میں اپنی خدمات ادا کر رہی ہے۔ بہت سے افراد کی مسلسل خواہش تھی کہ قرآنی سورتوں کے جو اعمال ہیں، ان کو باقاعدہ سکھایا جائے۔ بہت سے ساتھیوں کو مختلف سورتوں کے اعمال کروائے لیکن باقاعدہ درسگاہ کی طرف سے ان اعمال کا اشتہار نہیں دیا گیا۔ اب انتظامیہ نے فیصلہ کیا ہے کہ آغاز میں چند سورتوں کے اعمال باقاعدہ سکھائے جائیں۔

ان تمام اعمال میں چلہ کشی کرنا ہوگی۔ جو لوگ بنیادی ریاضتوں کے بعد بڑے درجے کی ریاضتیں کرنا چاہیں گے، ان کو بڑے درجے کی ریاضتیں بھی کروائی جائیں گی تاکہ وہ آگے سکھانا چاہیں تو سکھا سکیں۔

ان شاء اللہ، جلد ہی ان سورتوں کے بارے میں ماہنامہ خزینۂ روحانیات میں اشتہار شائع کیا جائے گا۔

کوپن برائے بغیر فیس اعمال
نومبر 2017ء

نام _____ والد _____

والدہ _____ مکمل پتہ _____

_____

موبائل نمبر _____

Email (اگر ہو) _____

مطلوبہ اعمال _____

نوٹ رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جا سکتی ہے۔ مزید شرائط و تفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

فون: 042-35410586 0320-4661681

اجتماع میں شرکت کی شرائط

1. یکم صفر المظفر تک ادارے کو مطلع فرمائیں۔
2. موسم کے مطابق بستر ہمراہ لائیں۔
3. 3 سفید چادر برائے خیمہ (بڑے اعمال کیلئے)۔
4. 2 عدد پاسپورٹ سائز فوٹو لائیں۔
5. اصل شناختی کارڈ اور 2 شناختی کارڈ کی کاپی لائیں۔
6. مسواک، خوشبو، تسبیح، تسبیح کاؤنٹر وغیرہ ہمراہ لائیں۔
7. 3 دن کے لنگر اور آخری دن بکرا صدقہ کیلئے فی کس اندازاً -/3000 روپے (کمی بیشی بعد میں)۔
8. اجتماع والے دن ہر حال میں عصر کی نماز تک اجتماع کی جگہ پہنچنا۔
9. کاپی، قلم وغیرہ لازمی ہمراہ لائیں۔
10. تین دن کے اجتماع میں شریک ہونے والے تمام شرکاء سے گذارش ہے کہ وہ اجتماع میں شریک کسی بھی فرد سے مالی یا کوئی بھی معاملہ اپنی ذمہ داری پر کریں۔ ادارہ کسی بھی قسم کے معاملے کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔
11. مختلف بیانات خاص کر جناب خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کے بیان میں تصویر کھینچنا سخت منع ہے۔ (ویڈیو ہر حال میں منع ہے)
12. اپنے اعمال کا کسی بھی ساتھی سے ذکر نہ کریں۔

نوٹ ادارے کو اختیار ہے کہ شرکت کی درخواست کو بغیر وجہ بتائے رد کر دے۔ (ادارہ)

العارفی شہد کے نایاب اور شفاء بخش شہد کی اقسام

100% خالص

قدرتی توانائی کا انمول خزانہ۔۔۔۔شہد کی دنیا میں اعتماد کا نام۔۔۔۔شہد کھائیں دھوکہ نہ کھائیں

العارفی شہد سے خالص شہد کی مختلف ورائٹیز گھر بیٹھے منگوائیں اور ہر بیماری سے یقینی شفاء پائیں

❶ پلوسہ کا شہد قیمت: 650 روپے کلو ❷ مالٹے کے باغات کا قدرتی شہد قیمت: 700، 800 روپے کلو ❸ اجوائن کا شہد قیمت: 800 روپے کلو ❹ شیشم کا شہد قیمت: 600 روپے کلو ❺ دھنی (جنگلی) شہد قیمت: 1000 روپے کلو ❻ گرشہ کا شہد قیمت: 800 روپے کلو ❼ چینی مکسی کا پہاڑی شہد (ایکسپورٹ کوالٹی) گولڈن رنگ، خوشبو لاجواب اور ذائقہ بے مثال۔ سب سے قیمتی شہد۔ قیمت: 2200 روپے کلو ❽ شفاء القلب دل کی بند شریانیں کھولتا ہے، بڑھے ہوئے کولیسٹرول کو کم کرتا ہے، ہائی بلڈ پریشر کیلئے بہت مفید ہے۔ قیمت: 700 روپے کلو ❾ ایرانی جنگلی شہد قیمت: 650 روپے کلو ❿ سرخ مکسی کا شہد قیمت: 700 روپے کلو ⓫ برسیم کا شہد (ایکسپورٹ کوالٹی) قیمت: 800 روپے کلو ⓬ جڑی بوٹیوں کا پہاڑی شہد قیمت: 2000 روپے کلو ⓭ چرائی شہد قیمت: 1200 روپے کلو ⓮ دھنیاں (اعلیٰ کوالٹی) قیمت: 1600 روپے کلو ⓯ بیری کا ایکسپورٹ کوالٹی شہد بیری کے شہد کو دنیا بھر میں پیدا ہونیوالے شہد کی اقسام میں سب سے طاقتور اور مفید ترین مانا جاتا ہے۔ قیمت: 2000,1800,1600,1000 روپے کلو ⓰ جنگلی بیری کا شہد قیمت: 1600 روپے کلو

اس کے علاوہ ☆ شفائین پلوسہ ☆ عجوہ پیٹ ☆ عجوہ کھجور ☆ ایرانی کھجوریں ☆ عجوہ کھجور کی گٹھلی کا پاؤڈر ☆ ڈرائی فروٹ ☆ سبز چائے بھی دستیاب ہے

شہد کلو اور آدھا کلو کی خوبصورت پیکنگ میں بھی دستیاب ہے

حکماء، ڈاکٹرز، روحانی و جسمانی معالجین، دواخانے و مطب، میڈیکل سٹور و جنرل سٹور اور نیوز ایجنسیز ہول سیل ریٹ شہد پر حاصل کریں

خوشخبری کم از کم ایک کلو شہد کی خریداری پر ملک بھر میں کہیں ڈاک خرچ فری

مطب العارف 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ darulamal.org/matabalaarif 042-35410586, 0307-5525103

Monthly
Khazina-e-Ruhaniyaat CPL # 288
ماہنامہ خزینۂ روحانیات

ہمارے ہاں فیروزہ، لاجورد، یاقوت، درِ نجف، نیلم، پکھراج، عقیق، زرقون، سلیمانی عقیق، عقیق، سنگ مریم، گومیدک اور بہت سی اقسام کے نگینے دستیاب ہیں۔



روحانی چلہ کشی کے دوران کمرے کو مہکانے کے لیے اعلیٰ عربی خوشبوؤں کے ایئر فریشنر (روم سپرے) جن کو دوران چلہ کشی استعمال کرنا بہت مفید ہے اور اس سے بہت سے روحانی فائدے حاصل ہوتے ہیں۔ آنے والی روحانی مخلوق خوش ہوتی ہے۔



روحانی چلہ کشی کے دوران استعمال کرنے کے لیے اعلیٰ عربی خوشبوؤں کے باڈی سپرے جن کو دوران چلہ کشی استعمال کرنا بہت مفید ہے اور اس سے بہت سے روحانی فائدے حاصل ہوتے ہیں۔ آنے والی روحانی مخلوق خوش ہوتی ہے۔



Web: darulamal.org/ruhanishop
E-mail: ruhanishop@gmail.com
Ph: 042-35410586 دارالعمل چشتیہ
Cell: 0334-4312272 لاہور، پاکستان
روحانی دکان

روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل خزینہ روحانیات

ماہنامہ

خزینہ روحانیات لاہور

DECEMBER'17

Rs.50

جلد نمبر 8 شمارہ نمبر 8



حضرت الحاج ڈاکٹر پیر سید محمد مظاہر اشرف الاشرفی الجیلانی رحمۃ اللہ علیہ



حاضرات کے خاص اعمال

آسیب کو جلانے اور قتل کرنے کا فلیتہ

تعریف وستائش میں کنجوسی نہ کریں

عاملین اپنے اہل وعیال پر رحم کریں

اسمائے شمخیتیہ سریانیہ کی چند صفات اور خصوصیات

میتھی کے اتنے فوائد کہ سونے کے بدلے میں بھی خریدنے سے گریز نہ کیا جائے

توجہ فرمائیں: رہبر نیوز ایجنسی (کراچی) منسوخ کردی گئی ہے۔ لہٰذا ماہنامہ خزینہ روحانیات کیلئے آئندہ گلستان نیوز ایجنسی (کراچی) 0300-2680248 سے رابطہ فرمائیں

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

ماہنامہ

لاہور

خزینۂ روحانیات

جلد 8 ربیع الاول/ربیع الثانی ۱۴۳۹ھ.....دسمبر 2017ء شمارہ 8

مدیر اعلیٰ خالد مقبول عارف حفظہ اللہ

مدیر مولانا حافظ علی آفاق صاحب

معاون مدیر مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

مجلس مشاورت

- غلام سرور شباب صاحب (حویلی لکھا)
- ابوانس صاحب (لاہور)
- مولانا قاری ابوبکر صاحب (اسلام آباد)
- محمد علیم صاحب (لاہور)
- مولانا قاری ممتاز صاحب (لاہور)
- محمد زبیر انجم صاحب (لاہور)

سرکولیشن، اشتہارات وشکایات 0322-4773786

خط وکتابت کا پتہ پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔54570

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

بیرون ملک +92-322-7772772

مشیر قانونی چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Blog: khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
Facebook: facebook.com/khazinaeruhaniyat
Facebook: facebook.com/khazina.ruhaniyaat
Twitter: twitter.com/khazinaruhanyat
Email: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

قیمت 50 روپے

سالانہ ممبرشپ عام ڈاک 650 روپے

سالانہ ممبرشپ رجسٹرڈ ڈاک 1000 روپے

بذریعہ کوریئر 1500 روپے

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1 منی آرڈر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

2 شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی: Easy Paisa Cash (موبی لنک)۔ ایزی پیسہ (ٹیلی نار)۔ اومنی (یو بی ایل) کے ذریعہ 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں اور 0307-5525103 پر کوڈ SMS کریں۔

3 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔

ٹیلی نار 03437772772..... یو بی ایل اومنی 03437772772

Easy Paisa Cash 03028401977

4 بینک ڈپازٹ: میزان بینک میں بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736 میں جمع کروائیں۔

نوٹ رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد بذریعہ SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ تمام مالی معاملات میں صرف یہ موبائل نمبر استعمال کریں: 0322-4773786

ادائیگی کی تفصیلات کیلئے: darulamal.org/payment

خالد مقبول صاحب پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر ادارہ دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

دسمبر ۲۰۱۷ء

ربیع الاوّل ۱۴۳۸ھ

اداریہ (مولانا علی آفاق)	5
مولانا جلال الدین رومیؒ (آزاد دائرۃ المعارف، ویکیپیڈیا)	6
فَبِأَيِّ آلاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (مرتب: محمد عمر اشرفی سمنانی)	8
مخفی خزانہ (صوفی غلام سرور شباب صاحب مدظلہ)	11
یَا وَارِثُ یَا رَشِیْدُ کے خواص اور اثرات (مولانا انظر شاہؒ)	13
قرآنی وظائف (صوفی محمد ندیم محمدی، لاہور)	15
سورۂ ملک کی تلاوت کا ثواب (مولانا مفتی امداد اللہ انور)	16
روحانی عملیات (ڈاکٹر حشمت جاہ)	17
عام اجازت والے اعمال (مرتب: مولانا قاری ممتاز)	18
چند کام کی باتیں جو مریضوں اور عاملین کے لئے مفید ہیں	19
آسیب کو جلانے اور قتل کرنے کا فلیتہ (ابوحامد)	21
تسخیر موہنی دیوی کا مکمل عمل (قیصر احمد بی۔اے۔)	22
سوچ اور یکسوئی فکر کی طاقت (قیصر احمد بی۔اے۔)	22
حاضرات اسماء النبی ﷺ (خضر عباس بیاسی، راجن پور)	23
حاضرات کے خاص اعمال (ابوالکاشف کشفی قلندریؒ)	24
روحانی مسائل اور ان کا حل (خالد مقبول حفظہ اللہ)	25
تربیت العاملین (خالد مقبول حفظہ اللہ)	27
عاملین کے مسائل اور ان کا حل (خالد مقبول حفظہ اللہ)	28
عاملین اپنے اہل وعیال پر رحم کریں (خالد مقبول حفظہ اللہ)	29
ماہ کے خاص خاص اوقات (ادارہ)	30
شرف قمر میں "خواتین اور اولاد" سے متعلق عملیات (خالد مقبول)	31
دارالعمل چشتیہ کا 11واں سالانہ اجتماع اور اس کے مقاصد	36
اسمائے شمخیشیہ سریانیہ کی چند صفات اور خصوصیات	41
نورانی وظائف وعملیات (قیصر بی اے، کراچی)	43
عامل حضرات کے لیے حصار (ملازم حسین، اسلام آباد)	44
برائے حمل واولادِ نرینہ (حضرت مولانا امان اللہ نقشبندیؒ)	44
تین خاص اعمال (علامہ ارشد حسن ثاقب مدظلہ)	45
گھر میں آسیبی خلل، جناتی اثرات یا؟ (شیخ عبدالخالق، کراچی)	47
آسیب اور جنات کے اثرات کتنی حقیقت کتنا فسانہ؟ (منظیر)	49
تعریف وستائش میں کنجوسی نہ کریں (سید عمران)	51
ہپناٹزم کیا ہے؟ (قسط:۲) (حافظ تاج محمد، فیصل آباد)	52
"اخروٹ" غذائی وادویاتی خصوصیات (قیصر احمد بی۔اے۔)	54
ہومیوپیتھک سوالات اور جوابات (ہومیو ڈاکٹر علی آفاق)	57
امرود قدرت کا ایک بہترین تحفہ ہے (مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر)	58
گھریلو ٹوٹکے (انتخاب: ام نافع)	59
مسلمان کو کیسا ہونا چاہیے؟ (قسط:۷)	60
ملیتھی کے اتنے فوائد کہ سونے کے بدلے میں بھی خریدنے سے گریز نہ کیا جائے (مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر)	61

خوشخبری

روحانی علاج گاہ میں علاج کروانے کے لیے آنے والے حضرات وخواتین اب ہفتہ تا جمعرات شام 3 سے 6 بجے تشریف لا سکتے ہیں۔ اتوار کو وقت لینا ضروری نہیں۔ باقی دنوں میں صرف درج ذیل موبائل نمبرز پر دوپہر 2 سے شام 6 بجے کال کر کے وقت لے کر تشریف لائیں۔ جمعہ کو ادارہ بند ہوتا ہے۔ بغیر فون کیے آنے والے حضرات وخواتین سے پیشگی معذرت۔

روحانی علاج گاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور

فون: 042-35410586 0324-7772772

حمدِ باری تعالیٰ

تیرے نام سے ابتدا ہے خدایا
ازل اور ابد تو نے خود ہے بنایا

میری سوچوں سے ماورا تیری ہستی
میرے علم سے تو بلند ہے خدایا

تیری حمد کیسے بیاں کر سکوں میں
تو ذرے میں پنہاں تو ہر جا سمایا

میری التجا ہے تیری بارگاہ میں
مسلمان کی پھر سے پلٹ دے تو کایا

شاہینوں کے مسکن میں گدھ ہیں حکمراں
تیرے دیں پر پھر عجب وقت آیا

تو قادر ہے مولا کرم ہم پہ کر دے
غم مصطفیٰ ﷺ ہم نے دل میں سمایا

(محمد اسلم شاہ)

جبین آسماں خم اس لئے روئے زمیں پر ہے

جبین آسماں خم اس لئے روئے زمیں پر ہے
شہ لولاک کا گھر بھی یہیں، جنت یہیں پر ہے

کھڑا ہوں گنبد خضرا کے نیچے تھام کر جالی
قدم میرا زمیں پر ہے کہ اب عرش بریں پر ہے

حیات دو جہاں کی نبض ہے سرکار کے ہاتھوں
ثبات دو جہاں موقوف شاہ مرسلیں پر ہے

جو دیکھے آپ کا تلوا نہ دیکھے چاند کا چہرا
جمال و نور کی توقیر سب اس مہ جبیں پر ہے

قیامت تک نبی اب دوسرا آ ہی نہیں سکتا
نبوت کا تسلسل ختم، ختم المرسلیں پر ہے

ارے او منکرِ تعظیم کچھ سوچا بھی ہے تو نے
کہ لعنت کس سبب سے اب بھی ابلیس لعیں پر ہے

میں عاصی ہوں مگر محشر کا غم مجھ کو نہیں کیوں کہ
گنہگاروں کی بخشش رحمت للعالمیں پر ہے

(ڈاکٹر محرم علی برہانپ گڑھی)

اہم اعلان

ماہنامہ خزینہ روحانیات کی نئی ممبر شپ جنوری 2018 سے اپریل 2019 تک جاری کی جائے گی جس کی رقم 880 روپے (عام ڈاک)، 1350 روپے (رجسٹرڈ ڈاک) اور 2000 روپے (کوریئر) سے ہوگی۔

خوشخبری

نئی روحانی و اسلامی کتب، نئی مجرب طبی ادویات، نئے launch ہونے والے خاص الخاص اعمال، نئی دم شدہ تیار اشیاء، کی Updates حاصل کرنے کیلئے Updates اور اپنا نام مع شہر لکھ کر 0332-4487877 پر sms کیجئے۔ شکریہ

مکتبہ العارف کی پرانی اور فوٹو کاپی کتب کی فہرست کی PDF منگوائیں اور اپنا آرڈر بک کروائیں۔ PDF منگوانے کیلئے 0332-4487877 پر رابطہ کریں۔ شکریہ

اہم گذارش

بعض کسٹمرز اپنے سامان کا ٹوٹل بل معلوم کئے بغیر منی آرڈر، موبائل اکاؤنٹ یا بینک میں رقم جمع کرا دیتے ہیں۔ بل ٹوٹل کرنے پر بعض دفعہ رقم کم پڑ جاتی ہے تو زائد رقم منگوانے کیلئے لوڈیا دوبارہ رقم منگانی پڑتی ہے اور بعض دفعہ رقم زیادہ بھیجی جاتی ہے تو ایسے کسٹمرز جن کی بل سے زائد رقم موصول ہوگی تو انھیں بغیر بتائے دیگر کوئی سامان ڈال کر رقم پوری کر دی جائے گی۔ رقم امانت نہیں رکھی جائے گی۔ اس سلسلے میں صرف 3 دن انتظار کیا جائے گا۔ 3 دن کے بعد سامان روانہ کر دیا جائے گا۔

رابطہ: 0322-4773786

facebook.com/darulamalchishtia

اداریہ

مولانا علی آفاق

